اسلام میں والدین کی تربیتی ذمہ داریاں

مشہور اخوانی عالم ڈاکٹر عبداللہ ناصح علوان مرحوم کی
معرکۃ الآراء کتاب تربیۃ الأولاد فی الإسلام کا اردو ترجمہ

ترجمہ:
ڈاکٹر حبیب اللہ مختار شہیدؒ

ملنے کا پتہ: نعمانی کتب خانہ
حق سٹریٹ اردو بازار لاہور

Marfat.com

اسلام میں والدین کی تربیتی ذمہ داریاں

مشہور اسلامی عالم ڈاکٹر عبداللہ ناصح علوان مرحوم کی

معرکۃ الآراء کتاب تربیۃ الاولاد فی الاسلام کا اردو ترجمہ

ترجمہ

ڈاکٹر حبیب اللہ مختار شہیدؒ

ناشر: مسلمان کمپنی سوہدرہ

ملنے کا پتہ: نعمانی کتب خانہ حق سٹریٹ اردو بازار لاہور

Marfat.com

DATA ENTERED

حملہ حقوق محفوظ

تاریخ اشاعت

جنوری 2001ء

نام کتاب: اسلام میں والدین کی تربیتی ذمہ داریاں

مؤلف: عبداللہ ناصح علوانؒ ترجمہ حبیب اللہ مختار

مطابع: موڑوے پرنٹرز لاہور طابع محمود احمد

ملنے کا پتہ

النعمانی کتب خانہ حق سٹریٹ اردو بازار لاہور

Marfat.com

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
	فصل اول	
۱۔	عرض ناشر	۱۳
۲۔	مقدمہ	۱۴
۳۔	ایمانی تربیت کی ذمہ داری	۱۹
۴۔	بچہ کو سب سے پہلے کلمہ لا الٰہ الا اللہ سکھانے کا حکم	۲۰
۵۔	بچہ پر عقل و شعور آنے پر سب سے پہلے اسے حلال و حرام کے احکامات سکھانے چاہئے	۲۰
۶۔	سات سال کی عمر ہونے پر بچے کو عبادات کا حکم دینا	۲۱
۷۔	بچے کو رسول اللہ ﷺ اور آپ کے اہل بیت کی محبت اور قرآن کریم کی تلاوت کا عادی بنانا	۲۱
۸۔	اس ذمہ داری اور مسئولیت کی حدود	۲۶
۹۔	بچوں میں یہ کیفیت پیدا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کے تمام تصرفات و حالات میں انہیں دیکھ رہا ہے	۳۲
	فصل ثانی اولاد کی تربیت	۱۴۵
۱۰۔	اخلاقی تربیت کی ذمہ داری	۴۰
۱۱۔	بچوں میں پائی جانے والی چار بری عادتیں	۴۶

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
۱۲۔	جھوٹ بولنے کی عادت	۴۶
۱۳۔	چوری کی عادت	۴۹
۱۴۔	گالم گلوچ کی عادت	۵۱
۱۵۔	بے راہ روی و آزادی کی عادت	۵۴
	☆ اخلاق و شخصیت کے محفوظ رکھنے کے بنیادی اصول	
۱۶۔	اندھی تقلید اور دوسروں کی مشابہت سے بچانا	۵۵
۱۷۔	عیش و عشرت میں پڑنے کی ممانعت	۵۷
۱۸۔	موسیقی، باجے اور فحش گانے سننے کی ممانعت	۵۷
۱۹۔	ہیجڑہ پن اور عورتوں سے مشابہت کی ممانعت	۶۰
۲۰۔	بے پردگی، بن سنور کر نکلنے اور مرد و زن کا اختلاط اور اجنبی عورتوں کی طرف دیکھنے کی ممانعت	۶۱
۲۱۔	پردہ کا حکم قرآن کریم احادیث نبویہ و اقوال ائمہ کی روشنی میں	۶۳
۲۲۔	مرد و زن کے اختلاط کی ممانعت کے دلائل	۶۷
۲۳۔	اجنبی عورتوں کی طرف دیکھنے کی حرمت کے دلائل	۶۸

Marfat.com

۲۴۔	بچوں کے اخلاقی انحراف کے اسباب	۷۲	۳۵۔	الف۔صحت اور نفسیات سے متعلق نقصانات	۸۸
	فصل ثالث		۳۶۔	ب۔مالی نقصانات	۸۹
۲۵۔	جسمانی تربیت کی ذمہ داری	۷۷	۳۷۔	سگریٹ نوشی کے بارے میں شریعت کا حکم	۹۰
۲۶۔	بیوی بچوں کے خرچ و اخراجات کا واجب ہونا	۷۷	۳۸۔	مذکورہ بیماری کا علاج	۹۲
۲۷۔	کھانے' پینے اور سونے میں طبی قواعد اور صحت کے لئے ضروری باتوں کا خیال رکھنا	۷۸	۳۹۔	مشت زنی کی لعنت ☆☆☆☆☆	۹۳
۲۸۔	متعدی اور سرایت کرنے والے امراض سے بچنا	۸۰	۴۰۔	الف۔جسمانی نقصانات	۹۴
۲۹۔	مرض و بیماری کا علاج اور دوادارو کرنا	۸۰	۴۱۔	ب۔جنسی نقصانات	۹۴
۳۰۔	نہ نقصان پہنچاؤ اور نہ نقصان اٹھاؤ کے اصول کو نافذ کرنا	۸۱	۴۲۔	ج۔نفسیاتی اور عقلی نقصانات	۹۴
۳۱۔	بچوں کو ریاضت' ورزش اور شہسواری وغیرہ کا عادی بنانا	۸۲	۴۳۔	مشت زنی کا شرعی حکم	۹۵
۳۲۔	بچے کو سادگی اور عیش و عشرت میں نہ پڑنے کا عادی بنانا	۸۴	۴۴۔	ایک قابل توجہ سوال	۹۶
۳۳۔	بچے کو حقیقت پسندانہ اور مردانہ زندگی گزارنے کا عادی بنانا اور اس کو لاابالی پن سستی اور آزادی و بے راہ روی کی زندگی سے بچانا	۸۵		☆اس عادت کے خاتمہ کے لیے کامیاب اور مفید ترین علاج	
	☆بچوں میں عام پائے جانے والے عیوب و امراض		۴۵۔	ابتدائی جوانی کی عمر میں شادی کر دینا	۹۷
۳۴۔	سگریٹ نوشی کی عادت	۸۷	۴۶۔	افضل روزے	۹۷

Marfat.com

۴۷۔	جنسی جذبات بھڑکانے والی چیزوں سے دوری اختیار کرنا	۹۷	۶۵۔	ب۔معاشرتی اخلاقی اور نفسیاتی نقصانات	۱۰۹
۴۸۔	فراغت کو نفع بخش امور میں صرف کرنا	۹۸	۶۶۔	زنا اور لواطت کے بارے میں اسلام کا فیصلہ اور حکم	۱۱۰
۴۹۔	اچھے ساتھی	۹۹	۶۷۔	زنا کی سزا	۱۱۲
۵۰۔	طبی تعلیمات پر عمل کرنا	۱۰۰	۶۸۔	لواطت کی سزا	۱۱۳
۵۱۔	اللہ تبارک وتعالیٰ کے خوف کو محسوس کرتے رہنا	۱۰۰	۶۹۔	اسلام کی روشنی میں اس کا علاج اور احتیاطی تدابیر واسباب	۱۱۵
۵۲۔	نشہ آور اور مخدرات استعمال کرنے کی وبا	۱۰۱	۷۰۔	حادثات کی علت بیان کرنے کے سلسلے میں بعض عملی اقدامات	۱۱۶
۵۳۔	نشہ آور اشیاء کے استعمال کے نقصانات	۱۰۱		**فصل رابع**	
۵۴۔	الف۔صحت وعقل سے متعلق نقصانات	۱۰۱	۷۱۔	دینی اور عقلی تربیت کی ذمہ داری	۱۲۰
۵۵۔	ب۔اقتصادی نقصانات۔	۱۰۲	۷۲۔	تعلیمی ذمہ داری ومسئولیت	۱۲۱
۵۶۔	نفسیاتی اخلاقی اور معاشرتی نقصانات	۱۰۲	۷۳۔	ترقی وثقافت میں آگے بڑھنے کا راز	۱۲۴
۵۷۔	نشہ آور اشیاء کے استعمال کے بارے میں شرعی حکم	۱۰۳	۷۴۔	دین اسلام نے تعلیم کو لازمی اور جبری بنایا ہے	۱۲۶
۵۸۔	الف۔لعنت کا مفید اور حقیقی علاج	۱۰۵	۷۵۔	اسلام تعلیم کو ہر شعبے میں مفت اور بلاعوض قرار دیتا ہے	۱۲۷
۵۹۔	زنا اور لواطت کی لعنت	۱۰۷	۷۶۔	عورت کے لئے علوم حاصل کرنا اور شریعت میں اس کا حکم	۱۳۶
۶۰۔	**☆زنا اور لواطت کی وجہ سے وجود میں آنے والے نقصانات**		۷۷۔	عورت کی ملازمت وغیرہ کے بارے میں اہل مغرب کے اقوال	۱۳۸
۶۱۔	االف۔صحت اور جسم کو پہنچنے والے نقصانات	۱۰۸	۷۸۔	اسلام لڑکیوں کی تعلیم وتربیت کی طرف بھی توجہ دیتا ہے اور اس کا حکم بھی	۱۴۱
۶۲۔	آتشک کی بیماری	۱۰۸	۷۹۔	۲۔فکری ذہن سازی کی ذمہ داری	
۶۳۔	سیلان یا سوزاک	۱۰۸	۸۰۔	فکری پختگی پیدا کرنے کے سلسلہ میں سلف صالحین کے چند فرمودات وصایا	۱۵۳
۶۴۔	متعدی امراض کا پھیل جانا	۱۰۹	۸۱۔	پختگی اور سمجھ بوجھ پیدا کرنے کا طریقہ	۱۵۵

Marfat.com

۸۲۔	ذہنی صحت وتندرستی	۱۶۳	۹۴۔	ضرورت سے زیادہ ناز ونخرے برداشت کرنا	۱۸۷
۸۳۔	بچوں کی عقل درست رکھنے کے سلسلہ میں والدین اور مربیوں کی ذمہ داری	۱۶۳	۹۵۔	اس مرض کے کم کرنے کے لئے اسلام کا پیش کردہ علاج	۱۸۸
	فصل خامس		۹۶۔	بچوں میں مساوات وبرابری نہ کرنا اور ایک کو دوسرے پر فوقیت دینا	۱۹۳
۸۴۔	نفسیاتی تربیت کی ذمہ داریاں	۱۶۶	۹۷۔	جسم کے کسی عضو کا نہ ہونا یا ماؤف ہونا	۱۹۵
	☆ بچے میں نفسیاتی عادات وامراض		۹۸۔	بچے کا یتیم ہونا	۱۹۸
۸۵۔	شرمیلا پن اور جھینپنے کا مرض	۱۶۷	۹۹۔	فقر وغربت کا علاج	۲۰۰
۸۶۔	شرم وجھجک اور حیاء میں فرق	۱۷۲	۱۰۰۔	اسلام میں فقر وفاقہ کا علاج	۲۰۱
۸۷۔	خوف ڈر	۱۷۳	۱۰۱۔	بغض وحسد کی بیماری	۲۰۵
	☆ بچوں میں خوف وڈر بڑھانے کے اہم اسباب وعوامل			☆ حسد کی بیماری کے علاج کے لیے بنیادی اصول تربیت	
۸۸۔	بچوں کے اس مرض کا علاج	۱۷۴	۱۰۲۔	بچے کو محبت محسوس کرانا	۲۰۶
۸۹۔	احساس کمتری کی بیماری	۱۸۱	۱۰۳۔	بچوں میں برابری اور عدل وانصاف کرنا	۲۰۸
	☆ اس بیماری کے پیدا ہونے کے عوامل واسباب		۱۰۴۔	ان اسباب کا ازالہ جو حسد کا ذریعہ بنتے ہیں۔	۲۰۹
۹۰۔	تحقیر واہانت آمیز سلوک	۱۸۲	۱۰۵۔	غصہ کی بیماری	۲۱۰
۹۱۔	اگر بچے سے کوئی غلطی یا لغزش ہو جائے تو اس کی اصلاح کا طریقہ	۱۸۴	۱۰۶۔	بچے کے غصہ کا کامیاب علاج اور اسکی تسکین کا نبوی طریقہ	۲۱۵
۹۲۔	رسول اللہ ﷺ کی نرمی اور حسن معاملہ کے چند نمونے	۱۸۴		امت پر اجتماعی اور معاشرتی تربیت کی ذمہ داری	
۹۳۔	نرمی اور رفق کے سلسلہ میں آپ ﷺ کی بعض وصیتیں	۱۸۶	۱۰۷۔	نفسیاتی اصولوں کی تخم ریزی	۲۱۹

Marfat.com

۱۰۸۔	تقویٰ	۲۱۹	۱۲۷۔	چھینک، آنا	۲۷۴
۱۰۹۔	اخوت	۲۲۱	۱۲۸۔	ملاقات برائے خوشنودی	۲۷۴
۱۱۰۔	رحمت	۲۲۴	۱۲۹۔	سختی اور پریشانی کے وقت مدد	۲۷۵
۱۱۱۔	اسلامی معاشرے میں رحمت وشفقت	۲۲۵	۱۳۰۔	مسلمان کی دعوت قبول کرنا	۲۷۵
۱۱۲۔	ایثار	۲۲۶		مبارکباد اور داد دہش	
۱۱۳۔	ایثار کے مظاہر	۲۲۷	۱۳۱۔	بڑوں کا حق اور احترام	۲۷۸
۱۱۴۔	عفو ودرگذر	۲۲۸	۱۳۲۔	حیاء	۲۸۲
۱۱۵۔	نمونے اور واقعات	۲۲۹	۱۳۳۔	آنے والے کا استقبال	۲۸۳
۱۱۶۔	جرات وبہادری	۲۳۲	۱۳۴۔	عمومی معاشرتی آداب	۲۸۷
۱۱۷۔	یادگار مثالیں	۲۳۵	۱۳۵۔	کھانے کے آداب	۲۸۸
	دوسروں کے حقوق کی پاسبانی		۱۳۶۔	پینے کے آداب	۲۹۱
۱۱۸۔	والدین کے حقوق	۲۳۹	۱۳۷۔	سلام کے آداب	۲۹۳
۱۱۹۔	والدین کے ساتھ نیکی جہاد سے مقدم ہے	۲۴۰	۱۳۸۔	اجازت مانگنے کے آداب	۲۹۷
۱۲۰۔	نافرمانی وعقوق سے ڈرانا	۲۴۷	۱۳۹۔	آداب مجلس	۳۰۱
۱۲۱۔	رشتہ داروں کا حق	۲۵۰	۱۴۰۔	بات چیت کے آداب	۳۰۷
۱۲۲۔	پڑوسی کا حق	۲۵۵	۱۴۱۔	مذاق کے آداب	۳۱۰
۱۲۳۔	پڑوسی کے ساتھ حسن سلوک	۲۵۸	۱۴۲۔	مبارکباد دینے کے آداب اور مواقع	۳۱۴
۱۲۴۔	استاد کا حق	۲۶۳	۱۴۳۔	عیادت کے آداب	۳۲۰
۱۲۵۔	استاد کا حق	۲۶۳	۱۴۴۔	تعزیت کے آداب	۳۲۵
	ملاقات کے آداب		۱۴۵۔	چھینک اور جمائی کے آداب	۳۲۹
۱۲۶۔	بیمار پرسی	۲۷۴	۱۴۶۔	نگرانی اور معاشرتی تنقید	۳۳۵

۱۴۷۔	رائے عامہ کی حفاظت	۳۳۵		ضرورت ومجبوری کے حالات	
۱۴۸۔	برائی سے روکنے کے آداب	۳۳۹	۱۶۴۔	شادی کی نیت سے دیکھنا	۲۷۷
۱۴۹۔	نرمی کی کچھ مثالیں	۳۴۳	۱۶۵۔	تعلیم کی غرض سے دیکھنا	۲۷۷
۱۵۰۔	تکلیفوں پر صبر وضبط	۳۴۵	۱۶۶۔	علاج کی غرض سے دیکھنا	۲۷۷
۱۵۱۔	سلف صالحین کے قصے	۳۴۸	۱۶۷۔	شہادت یا قانونی فیصلہ کے لئے دیکھنا	۲۷۸
	جنسی تربیت کا مفہوم اور ذمہ داریاں			بچہ کو جنسی جذبات سے دور رکھنا	
۱۵۲۔	متعین اوقات میں اجازت طلبی کے آداب	۳۵۸	۱۶۸۔	داخلی طور پر نگرانی	۳۸۲
۱۵۳۔	دیکھنے کے آداب	۳۶۰	۱۶۹۔	بیرونی اور خارجی دیکھ بھال	۳۸۴
۱۵۴۔	محارم کی طرف دیکھنے کے آداب	۳۶۰	۱۷۰۔	سینما اور تھیٹر کی برائیاں	۳۸۴
۱۵۵۔	منگیتر کی طرف دیکھنے کے آداب	۳۶۲	۱۷۱۔	عورتوں کے شرمناک لباس کا فتنہ	۳۸۴
۱۵۶۔	بیوی کی طرف دیکھنے کے آداب	۳۶۴	۱۷۲۔	قحبہ خانوں کا فساد	۳۸۶
۱۵۷۔	اجنبی عورت کی طرف دیکھنے کے آداب	۳۶۴	۱۷۳۔	معاشرہ میں فحش مناظر کا فساد	۳۸۹
۱۵۸۔	مرد کے مرد کی طرف دیکھنے کے آداب	۳۶۸	۱۷۴۔	بری صحبت کے نقصانات	۳۹۰
۱۵۹۔	عورت کے عورت کی طرف دیکھنے کے آداب	۳۷۱	۱۷۵۔	مردوں کے اختلاط کا فساد	۳۹۱
۱۶۰۔	کافر عورت کے مسلمان عورت کی طرف دیکھنے کے آداب	۳۷۲		بچہ کے اخلاق درست کرنے والے وسائل	
۱۶۱۔	لڑکوں کی طرف دیکھنے کے آداب	۳۷۳	۱۷۶۔	ذہن سازی	۳۹۲
۱۶۲۔	عورت کے اجنبی مرد کی طرف دیکھنے کے آداب	۳۷۴	۱۷۷۔	یہود وماسونیت	۳۹۲
۱۶۳۔	چھوٹے بچوں کی طرف دیکھنے کے آداب	۳۷۶	۱۷۸۔	شادی اور جنسی تعلیم	۴۱۲

Marfat.com

۱۷۹۔	کمیونزم	۳۹۳	۱۸۷۔	جنس سے متعلق اسلام کی رائے	۴۱۲
۱۸۰۔	ڈرانا اور متنبہ کرنا	۳۹۴	۱۸۸۔	شادی کی مشروعیت	۴۱۸
	زنا کے خطرناک اثرات		۱۸۹۔	میاں بیوی کے لئے ممنوع چیزیں	۴۲۶
۱۸۱۔	نفسیاتی اور اخلاقی نقصانات	۳۹۵	۱۹۰۔	حیض ونفاس کے حالات	۴۲۸
۱۸۲۔	معاشرتی اثرات	۳۹۶	۱۹۱۔	غیر شادی شدہ لوگوں کے لیے	۴۳۱
۱۸۳۔	اقتصادی نقصانات	۳۹۹	۱۹۲۔	نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں سے سرگوشی	۴۴۴
۱۸۴۔	دینی اور اخروی نقصانات	۴۰۰	۱۹۳۔	بچوں کی جنسی تربیت	۴۴۵
۱۸۵۔	بچہ کو بالغ ہونے سے پہلے اور بعد کے احکام کی تعلیم	۴۰۴	۱۹۴۔	تربیت کرنے والوں کی ذمہ داریاں	۴۵۰
۱۸۶۔	نصرانیت	۳۹۳		اختتام	

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

عرض ناشر

الحمدُ اللہ نعمانی کتب خانہ اسلاف کی قرآن وسنت پر مبنی تصانیف کا نہ صرف ناشر ہے بلکہ ان کی تصنیفی خدمات کو پوری دیانت داری کے ساتھ منفرد انداز میں پیش کرنے میں معاون اور کوشاں ہے یعنی اسلاف کی تابندہ و درخشندہ روایت کا امین ہے۔

ہمیں خوشی ہے کہ ہم کو اسلامی تعلیمات پر مشتمل بہت سی نایاب کتب شائع کرنے کا اعزاز حاصل ہے۔

ہم اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دست دُعا دراز کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اپنے دین کی خدمت کرنے کی مذید توفیق عنایت فرمائے آمین۔

زیرِ نظر تصنیف ''والدین کی تربیتی ذمہ داریاں'' اپنے موضوع پر ایک امتیازی خصوصیات کی حامل کتاب ہے اس موضوع پر اتنی مبسوط وضخیم کتاب نظر سے نہیں گزری۔

کتاب ھذا کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ نے مولف کو ایک خاص طرزِ تحریر سے نوازا ہے۔

مولف نے منتخب موضوع پر قرآن واحادیث سلف صالحین کے اقوال وآثار نیز حکمت ودانائی کی باتوں کا اس قدر ذخیرہ کیا ہے کہ کتاب معلومات کا بیش بہا خزینہ معلوم ہوتی ہے۔غرض کے موصوف نے اپنے موضوع کے متعلقہ کسی گوشہ کو تشنہ نہیں چھوڑا۔

ہم پورے وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ والدین حضرات اپنی اولاد کے بارے میں چاہے کسی نوعیت کی پریشانی میں مبتلا ہوں ان کو اپنی اس پریشانی کا حل کتاب میں ضرور ملے گا۔

اولاد کی دینی ودنیاوی تربیت ایک مسلمان پر قرآنی فریضہ ہے لہٰذا اس فریضہ سے سبکدوش ہونے کے لئے اس کتاب کا مطالعہ ضرور فرمائیں اور پھر آپ اپنی ذمہ داریوں کو بخیر وخوبی ادا کر سکیں گے۔

والسلام

الناشر

Marfat.com

Marfat.com

مقدمہ

عالم کبیر فضیلۃ الشیخ وہبی سلیمان غاوجی البانی

۱۔ جناب شیخ عبداللہ علوان سے میرا تعارف ان کے پہلے رسالہ "الی ورثۃ الانبیاء" کے ذریعہ ہوا اور پھر مزید شناسائی ان کی دیگر کتب و رسائل وغیرہ سے ہوئی جن میں درج ذیل کتابیں و رسائل شامل ہیں۔ "التکافل الاجتماعی فی الاسلام" اور "حتی یعلم الشباب" اور "صلاح الدین الایوبی" وغیرہ، جیسا کہ ان کو میں ایک عرصہ سے تربیت و تعلیم کے میدان میں ایک ساتھ کام کرنے کی وجہ سے پہنچانتا تھا، میں نے ان کو مذکورہ بالا واسطوں سے بھی پہچانا اور ان کے تذکرے بھی سنے، اور اگر مجھ سے یہ سوال کیا جائے کہ شیخ عبداللہ علوان کا مختصر الفاظ میں تعارف کرائیں تو میں یہ کہوں گا کہ: وہ سچے مؤمن اور عالم ہیں۔ وہ زندگی کے لمحات اس طرح گزارتے ہیں کہ ان کی آنکھوں کے سامنے اور ان کے پہلو میں، دل و دماغ اور رگ و پے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانِ مبارک سرایت کر گیا ہے کہ: جس شخص نے اس حالت میں صبح کی کہ اس نے مسلمانوں کی حالت کی فکر و خیال نہ کیا تو وہ ان میں سے نہیں ہے۔

اسی لئے کبھی تو آپ ان کو علماء کرام سے یہ خطاب کرتے دیکھیں گے کہ وہ اپنے فرضِ منصبی دعوت و ارشاد کے فریضہ کو خوش اسلوبی سے ادا کریں، اور اسلام کی دعوت و حکمت کے ساتھ لوگوں میں پیش کریں، چنانچہ وہ علماء سے اپنی کتاب "الی ورثۃ الانبیاء" کے ذریعہ مخاطب ہوتے ہیں، اور کبھی عوام سے مخاطب ہوتے ہیں اور انہیں ٹیلیویژن وغیرہ کے فتنہ سے آگاہ کرتے ہیں۔ اور اس کے گندے اور خطرناک اثرات سے اپنے رسالہ "حکم الاسلام فی التلفزیون" کے ذریعہ سے متنبہ کرتے ہیں اور اسی مضمون کو مزید تفصیل سے اپنی کتاب "حکم الاسلام فی وسائل الاعلام" میں بیان کرتے ہیں، اور کبھی اپنا روئے سخن طلباء کی طرف پھیر دیتے ہیں اور ان کی رہنمائی اور تثقیف کے لئے کتاب "شبہات و ردود" لکھتے ہیں، اور کبھی نوجوان نسل سے اپنی کتاب "حتی یعلم الشباب" کے ذریعہ مخاطب ہوتے ہیں۔

اور کبھی معاشرہ کی اصلاح و دیکھ بھال کے ذمہ دار حضرات سے اپنی کتاب "التکافل الاجتماعی فی الاسلام" کے ذریعہ خطاب فرماتے ہیں، اور کبھی تاریخ کے زرین ابواب ہمارے سامنے پیش کر کے سلفِ صالحین اور گزرے ہوئے مجاہدین کے کارنامے ذکر کر کے ہماری سابقہ تاریخ دہرا کر اس کی عظمت و شان و شوکت یاد دلاتے ہیں۔ اور اس کے لئے کتاب "صلاح الدین الایوبی" تحریر کرتے ہیں۔

Marfat.com

اور کبھی علم و فقہ کے راستہ سے مسلمانوں سے ہم کلام ہوتے ہیں اور ان کی رہنمائی کے لئے "احکام الصیام" اور "احکام الزکاۃ" ... وغیرہ لکھتے ہیں، اور کبھی یہ واضح کرتے ہیں کہ وہ کون سا طریقہ ہے جس کے ذریعہ سے معاشرہ کو راسمالیۃ (سرمایہ دارانہ نظام) کے نقصانات وضرر سے بچایا جاسکے چنانچہ اس سلسلہ میں کتاب "احکام التأمین" لکھتے ہیں اور اس کے نقصانات اور ضرر کو بیان کرتے ہیں، اور اس کے مقابلہ پر اس کے نعم البدل اسلام کے امداد باہمی کے نظام کو بیان کرتے ہیں.

اور اب ہم دیکھ رہے ہیں کہ ان کے قلم سے ان سب حضرات کے لئے قیمتی کتاب "تربیۃ الأولاد فی الإسلام" وجود میں آرہی ہے. اللہ تعالیٰ ان کو جزاء خیر عطا فرمائے اور مزید توفیق دے اور ان کے علم وعمل اور عمر میں برکت دے.

۲۔ صاحب کتاب نے اپنی یہ کتاب چار اجزاء میں تقسیم کی ہے. اور اس موضوع پر انہوں نے درمیانے سائز کے ۱۳۷۶ صفحات تحریر کئے ہیں جو علم و دانائی اور معرفت کی باتوں کے علاوہ اس بات کی کھلی دلیل ہے کہ موصوف کو مستقبل کے معاشرہ کی تربیت کا بہت زیادہ فکر ہے اور اس کی طرف انہوں نے پوری توجہ مبذول کر رکھی ہے.

★ میرے علم کے مطابق کسی شخص نے اب تک اسلامی نقطۂ نظر سے بچوں کی تربیت کے سلسلہ میں اتنے مبسوط طریقے سے ایسا قیمتی اور پُر از حقائق مجموعہ تحریر نہیں کیا جیسا کہ استاذ عبداللہ علوان نے تحریر کیا ہے.

★ میرے علم میں کوئی ایسا صاحب قلم نہیں ہے جس نے اس موضوع سے متعلق آیات قرآنیہ واحادیث مبارکہ اور سلف صالحین کے آثار واقوال کا وہ ذخیرہ جو اس سلسلہ کے احکام وآداب اور وصایا پر مشتمل ہو اس تفصیل سے یکجا کیا ہو جس تفصیل سے استاذ عبداللہ علوان نے یکجا کیا ہے.

★ میرے علم میں سوائے شیخ عبداللہ علوان کے کوئی ایسا مؤلف نہیں جس نے تربیت و اصلاح سے متعلق اتنی اہم مباحث میں صرف مسلمانوں کی بنیادی تحریرات پر اکتفا کیا ہو اور ان کے علاوہ دوسرے اہل قلم کے اقوال کو سوائے ضرورت شدیدہ اور اضطرار کے یا ایسے مواقع پر جہاں کسی خاص وجہ سے ان کے اقوال کا بیان کرنا ضروری ہو اور کسی جگہ ذکر نہیں کیا اور اسکی وجہ صاف ظاہر ہے اور وہ یہ کہ موصوف نے یہ کتاب مسلمانوں کے لئے مسلمانوں کی رہنمائی کے سلسلہ میں لکھی ہے چنانچہ وہ آسان اور مختصر راستہ کو اختیار کرتے ہیں اور اس لئے بھی کہ وہ اسلامی ثقافت جس کا مدار اسلام کے بنیادی اصولوں اور گزرے ہوئے سلف صالحین اور موجودہ اکابر کے تجربہ پر ہے اس میں دوسروں کے اقوال ورہنمائی کی قطعاً ضرورت نہیں رہتی.

★ میرے علم میں کوئی ایسا مصنف نہیں جس نے تربیت اولاد کے موضوع پر استاذ شیخ عبداللہ سے زیادہ سوز درد اور جذبہ وجوش اور پختگی سے قلم اٹھایا ہو.

۳۔ میرا تو یہ ارادہ تھا کہ اس قیمتی کتاب کے بعض اہم مباحث وعنوانات اور اس کے مفید اور اہم نقاط کی ایک جھلک پیش کروں جو اس میں بکثرت پائے جاتے ہیں. تاکہ نمونہ آپ کے سامنے آجائے اور اس کتاب کی حقیقت اور اہمیت کا اظہار ہوسکے، لیکن اس خیال سے کہ قارئین کے لئے پڑھنا تطویل کا ذریعہ بنے گا یہ ارادہ ترک کردیا تاکہ پڑھنے

Marfat.com

والے اپنے مطالعہ سے اس حقیقت کا ادراک کرلیں اور اس کی گہرائی تک پہنچیں۔ بلکہ میں جو لکھنا چاہتا تھا اس سے بھی آگے تک پہنچ جائیں۔

البتہ میں شیخ عبداللہ کے اس کلام کو یہاں نقل کئے دیتا ہوں جو انہوں نے اس کتاب کے اخیر میں "تربیت کے سلسلہ میں ضروری تجاویز" کے عنوان کے تحت تحریر کیا ہے۔

مؤلف کے خیال میں وہ تجاویز مندرجہ ذیل امور میں منحصر ہیں۔

بچہ کو اچھے پیشہ کی رغبت دلانا، بچہ کی فطری صلاحیتوں کا خیال کرنا۔ بچہ کو کھیل وکود کے لئے موقعہ دینا، گھر مسجد اور مدرسہ میں آپس میں باہمی ہم آہنگی وتعاون پیدا کرنا۔ بچہ اور مربی کے درمیان تعلق کو مضبوط کرنا، شب وروز تربیتی نظام کے مطابق گزارنا۔ بچہ کے لئے ثقافتی وسائل مہیا کرنا، بچہ کو مستقل مطالعہ کا شوقین بنانا۔ بچہ کو اسلام کی ذمہ داریوں اور مسئولیات کا ہمیشہ احساس دلانا۔ بچہ میں جہاد کی روح کو پھونک دینا۔ مؤلف نے ان تجاویز کی شرح میں ایک سو ستر صفحات تحریر کئے ہیں۔ اب آپ ہی بتلایئے کہ کیا فاضل مؤلف نے تربیت اولاد کے سلسلہ میں تربیت کرنے والوں اور اس سلسلہ میں رہنمائی کے طالب حضرات کے لئے مزید کچھ لکھنے کی گنجائش چھوڑی ہے؟

لہٰذا والدین، تربیت کرنے والوں اور تربیت کے میدان میں سرگرم عمل حضرات کے لئے نہایت ضروری ہے کہ وہ اس کتاب "تربیۃ الأولاد فی الإسلام" کا مطالعہ کریں۔ اور تربیت کے سلسلہ میں اس کتاب سے بھرپور فائدہ اٹھا کر ان لوگوں کی تربیت میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کریں جن کی تربیت ان کے ذمہ ہے اس لئے کہ جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ یہ بہت بڑا گناہ ہے کہ انسان جن کا ذمہ دار ورکھوالا ہے انہیں ضائع کردے ان کی تربیت نہ کرے، امام مسلمؒ نے اسے روایت کیا ہے۔

بھلا اس سے بڑھ کر ضائع کرنا اور کیا ہوگا، اور اس سے زیادہ خطرے اور نقصان کی بات کیا ہوگی کہ ان کے دلوں میں انحراف اور زیغ وضلال پیدا ہوجائے اور وہ سیدھے راستہ سے ہٹ جائیں، یا ان کی طرف توجہ اور فکر نہ کرنے کی وجہ سے وہ یونہی بھٹکتے پھریں؟

اس سے بڑھ کر اور کیا بربادی ہوگی کہ وہ اسلام کی مخالفت شروع کردیں اور اس کے احکامات کو ادھورا سمجھنے لگیں؟

اس سے بڑھ کر ضائع کرنا اور کیا ہوگا کہ بچوں کے دل اور عقلیں اور اخلاق تباہ وبرباد ہوجائیں اور ان کا جسم محض ایک لاشہ بن کر رہ جائے۔ اور ایک بے جان لکڑی کی طرح زندگی گزاریں نہ ان کا کوئی عقیدہ وایمان ہو اور نہ کوئی منزل ومقصود؟

اللہ تعالیٰ شیخ عبداللہ کو خوش وخرم رکھے اور ان حضرات کو بھی جو ان جیسے کارنامے انجام دیتے ہیں، تاکہ ایک ایسا معاشرہ اور قوم وجود میں آئے جسے مثالی قوم کہا جاسکے، اور وہ روئے زمین پر ویسی زندگی گزاریں جیسی زندگی روئے زمین پر پہلے مثالی معاشرہ وقوم کے افراد نے گزاری تھی، اور اللہ تعالیٰ ان کو بھی ویسی ہی توفیق عطا فرمائے جیسی توفیق ان کو دی تھی، وہ مثالی قوم

Marfat.com

جس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیار کیا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مخلص، برگزیدہ متقی وپارسا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی جماعت، تاکہ اللہ تعالیٰ ان کو بھی اپنا خلیفہ بنا لے اور اپنے محبوب و پسندیدہ دین کو پھیلانے کی توفیق دے۔ اور ان کے خوف و ڈر کو امن و امان سے بدل دے اور اسلام کے جھنڈے کو ہر حکومت و ملک پر لہرا دے اور ہر جگہ اللہ کے دین کا بول بالا ہو، اور یہ اللہ تعالیٰ پر کچھ بھی مشکل نہیں، اور وہ دن واقعی مسلمانوں کی خوشی کا ہوگا:

"وَيَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ بِنَصْرِ اللَّهِ يَنْصُرُ مَنْ يَشَاءُ وَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ" (الروم: ۴، ۵)

اور اس دن مسلمان خوش ہوں گے اللہ کی مدد سے (اللہ) مدد کرتا ہے جس کی چاہتا ہے اور وہی زبردست رحم والا ہے۔

وہبی سلیمان البانی

Marfat.com

اسلام میں

والدین کی تربیتی ذمہ داریاں

یہ کتاب مضامین کے اعتبار سے ۷ فصلوں پر
مشتمل ہے۔

۱۔ ایمانی تربیت
۲۔ اخلاقی تربیت
۳۔ جسمانی تربیت
۴۔ عقلی تربیت
۵۔ نفسیاتی تربیت
۶۔ اجتماعی اور سماجی تربیت
۷۔ جنسی تربیت

Marfat.com

۲۸

پہلی فصل

۱۔ ایمانی تربیت کی ذمہ داری

ایمانی تربیت سے مقصود یہ ہے کہ جب سے بچے میں شعور اور سمجھ پیدا ہو اسی وقت سے اس کو ایمان کی بنیادی باتیں اور اصول سمجھائے جائیں، اور سمجھ دار ہونے پر اسے ارکانِ اسلام کا عادی بنایا جائے۔ اور جب تھوڑا اور بڑا ہو جائے تو اسے شریعتِ مطہرہ کے بنیادی اصولوں کی تعلیم دی جائے۔

اصولِ ایمان سے ہماری مراد وہ ایمانی حقائق اور غیبی امور ہیں جو صحیح اور سچی نصوص کے ذریعہ ثابت ہوں جیسے کہ اللہ تعالیٰ سبحانہ پر ایمان لانا، اور فرشتوں پر ایمان لانا، اور آسمانی کتابوں پر ایمان لانا، اور تمام رسولوں پر ایمان لانا، فرشتوں کے سوال جواب پر ایمان، اور عذابِ قبر اور مرنے کے بعد دوبارہ اٹھائے جانے اور حساب کتاب اور جنت اور دوزخ اور دیگر تمام غیبی امور پر ایمان لانا۔

اور ارکان اسلام سے ہماری مراد تمام بدنی اور مالی عبادات ہیں جو یہ ہیں: نماز اور روزہ اور زکوٰۃ اور جو طاقت رکھتا ہو اس کے لیے حج۔

اور شریعت کی بنیادی باتوں سے ہماری مراد ہر وہ چیز ہے جو ربانی نظام اور طرز اور اسلامی تعلیمات سے اتصال رکھتی ہو۔ خواہ وہ عقیدہ سے متعلق ہو یا عبادت اور اخلاق اور تشریع و قانون اور نظام اور احکام سے۔

لہٰذا مربی کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ شروع ہی سے ایمانی تربیت کے ان مفہوموں اور اسلامی تعلیمات کی ان بنیادوں پر بچے کی تربیت کرے، تاکہ وہ عقیدہ و عبادت اور منہاج اور نظام کے لحاظ سے اسلام سے مرتبط رہے۔ اور اس تربیت اور رہنمائی کے بعد اسلام کے علاوہ کسی مذہب کو دین اور قرآن کے علاوہ کسی کتاب کو امام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی کو قائد و مقتدیٰ و رہنما نہ جانے۔

ایمانی تربیت کے مفہوموں کا یہ عام و محیط ہونا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان ارشادات اور وصایا سے حاصل کیا گیا ہے جو بچے کو ایمان کے اصول اور اسلام کے ارکان اور شریعت کے احکام تلقین کرنے کے سلسلہ میں وارد ہوئے ہیں۔

Marfat.com

اس سلسلہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہم ارشادات اور وصایا ذیل میں پیش کیے جاتے ہیں:

۱ــــ بچہ کو سب سے پہلے کلمہ لاإلہ إلا اللہ سکھلانے کا حکم

حاکم حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

« افتحوا علی صبیانکم أول کلمۃ بلا إلہ إلا اللہ ». اپنے بچوں کو سب سے پہلے کلمہ لاإلہ الا اللہ سکھلاؤ۔

اس حکم کا راز یہ ہے کہ کلمۂ توحید اور اسلام میں داخل ہونے کا شعار اور ذریعہ سب سے پہلے اس بچے کے کان میں پڑے۔ اور سب سے پہلے اس کی زبان سے یہی کلمہ جاری ہو، اور سب سے پہلے جن کلمات اور الفاظ کو یہ بچہ سمجھے و سیکھے وہ یہی کلمہ ہو۔

اس سے قبل نومولود بچے کے احکام کے سلسلہ میں قائم کردہ فصل میں ہم یہ ذکر کر چکے ہیں کہ نومولود بچے کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہنا مستحب ہے، اور اس عمل سے بچہ کو عقیدہ کی تلقین اور توحید و ایمان کی بنیاد بتلانے کا جو اثر پڑتا ہے وہ کوئی مخفی بات نہیں ہے۔

۲ــــ بچہ میں عقل و شعور آنے پر سب سے پہلے اسے حلال و حرام کے احکامات سکھلانا چاہیے

ابن جریر اور ابن منذر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: اللہ کی اطاعت کرو اور اللہ کی نافرمانی سے بچو اور اپنی اولاد کو احکامات پر عمل کرنے اور جن چیزوں سے روکا گیا ہے ان سے بچنے کا حکم کرو۔ اس لیے کہ یہ تمہارے اور ان کے آگ سے بچنے کا ذریعہ ہے۔

اور اس میں راز یہ ہے کہ جب سے بچے کی آنکھ کھلے وہ اللہ کے احکامات پر عمل کرنے والا ہو اور ان کی بجاآوری کا اپنے آپ کو عادی بنائے، اور جن چیزوں سے روکا گیا ہے ان سے بچے، اور ان سے دور رہنے کی مشق کرے۔ اور بچہ عقل و شعور کے پیدا ہوتے ہی جب حلال و حرام کے احکامات کو سمجھنے لگے گا اور بچپن ہی سے شریعت کے احکام سے اس کا ربط ہوگا تو وہ اسلام کے علاوہ کسی اور دین و مذہب کو شریعت اور منہاج کو نہیں سمجھے گا۔

Marfat.com

۳ــــ سات سال کی عمر ہونے پر بچے کو عبادات کا حکم دینا

اس لیے کہ حاکم اور ابوداؤد حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«مروا أولادكم بالصلاة وهم أبناء سبع سنين واضربوهم عليها وهم أبناء عشر، وفرقوا بينهم في المضاجع».

اپنی اولاد کو سات سال کا ہونے پر نماز کا حکم کرو اور نماز نہ پڑھنے پر ان کو مارو جب وہ دس سال کے ہو جائیں، اور ان کے بچھونے جدا جدا کر دو۔

روزہ کو بھی نماز پر قیاس کیا جائے گا۔ لہٰذا جب بچہ روزہ رکھنے کے قابل ہو جائے تو عادت ڈلوانے کے لیے اسے روزہ بھی رکھوانا چاہیے۔ اور اگر باپ کے پاس گنجائش ہو تو بچے کو حج کا بھی عادی بنانا چاہیے۔

اور اس میں حکمت یہ ہے کہ بچہ شروع ہی سے ان عبادات کے احکام سیکھ لے۔ اور نوعمری ہی سے ان کو ادا کرنے اور ان کے حق پورا کرنے کا عادی بن جائے۔ اور اسی طرح اللہ کی اطاعت، اس کے حق کو پورا کرنے، اس کا شکریہ ادا کرنے، اور اس کی طرف متوجہ ہونے، اور اس سے التجا کرنے، اور اس کی ذات پر بھروسہ کرنے، اور اس پر کامل اعتماد کرنے، اور ہر پریشانی اور تکلیف کے وقت اسی کی طرف متوجہ ہونے، اور اس کے حکم پر گردن جھکانے کا عادی بن جائے۔ اور ان عبادات سے اسے اپنی روح کی پاکیزگی اور جسم کے لیے ستھرا اخلاق کے لیے صفائی اور اقوال و افعال کی اصلاح معلوم ہونے لگ جائے۔

۴ــــ بچے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اہلِ بیت کی محبت اور قرآنِ کریم کی تلاوت کا عادی بنانا

اس لیے کہ طبرانی حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

«أدبوا أولادكم على ثلاث خصال، حب نبيكم، وحب آل بيته وتلاوة القرآن، فإن حملة القرآن في ظل عرش الله يوم لا ظل إلا ظله مع أنبيائه

اپنے بچوں کو تین باتیں سکھلاؤ اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت، اور ان کے اہلِ بیت کی محبت، اور قرآنِ کریم کی تلاوت، اس لیے کہ قرآن کریم یاد کرنے والے اللہ کے عرش کے سایہ میں نبیاء اور منتخب لوگوں کے ساتھ اس روز ہوں گے جس دن

Marfat.com

وأصفيائه)).

اسکے سلیے کے علاوہ اور کوئی سایہ نہ ہوگا.

اور اس پر یہ بات بھی متفرع ہوتی ہے کہ بچوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات (جنگوں) اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سیرت، اور عظیم مسلمان قائدوں کی سوانح، اور تاریخ میں رقم طراز بہادری کے عظیم کارناموں کی بھی تعلیم دی جائے۔

اور اس کا راز یہ ہے تاکہ بچہ پہلے زمانے کے لوگوں کی پیروی کرے، ان کی جد وجہد و بہادری و جہاد کے کارناموں میں ان کے نقشِ قدم پر چلے، اور شعور اور عزت و افتخار کے اعتبار سے ان بچوں کا اپنی اس تاریخ سے تعلق ہو اور روح و منہاج اور طور طریقے اور تلاوت کے اعتبار سے قرآنِ کریم سے مرتبط رہیں.

مسلمان علماءِ تربیت نے بچوں کو قرآن کریم کی تلاوت، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کی تعلیم، اور مسلمانوں کے عظیم قائدوں کے کارنامے بتلانے اور سکھلانے کے ضروری ہونے کے سلسلہ میں جو کچھ کہا ہے اس کے چند نمونے پیشِ خدمت ہیں:

✿ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: ہم اپنے بچوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات اور جنگیں اسی طرح یاد کرایا کرتے تھے جس طرح انہیں قرآنِ کریم کی سورتیں یاد کراتے تھے.

✿ امام غزالی نے "احیاء العلوم" میں یہ وصیت کی ہے کہ بچے کو قرآنِ کریم اور احادیثِ نبویہ اور نیک لوگوں کے واقعات اور دینی احکام کی تعلیم دی جائے۔

✿ علامہ ابن خلدون نے "مقدمہ ابن خلدون" میں بچوں کو قرآنِ کریم کی تعلیم دینے اور یاد کرانے کی اہمیت کی جانب اشارہ کیا ہے، اور یہ بتایا ہے کہ مختلف اسلامی ملکوں میں تمام تدریسی طریقوں اور نظاموں میں قرآنِ کریم کی تعلیم ہی اساس اور بنیاد ہے، اس لیے کہ قرآنِ کریم دین کے شعائر میں سے ہے۔ جس سے عقیدہ مضبوط اور ایمان راسخ ہوتا ہے.

✿ ابن سینا نے "کتاب السیاسۃ" میں یہ نصیحت لکھی ہے کہ جیسے ہی بچہ جسمانی اور عقلی طور سے تعلیم و تعلم کے لائق ہو جائے تو اس کی تعلیم کی ابتداء قرآنِ کریم سے کرنا چاہیے تاکہ اصل لغت اس کی گھٹی میں پڑے، اور ایمان اور اس کی صفات اس کے نفس میں راسخ ہو جائیں.

✿ تاریخ اور ادب کی کتابوں میں لکھا ہے کہ ایک مرتبہ فضل بن زید نے ایک دیہاتی عورت کے بچے کو دیکھا اور بہت متعجب ہوئے۔ اس عورت سے اس بچے کے بارے میں سوال کیا۔ تو اس عورت نے کہا: جب اس بچے کی عمر پانچ سال ہوگئی تو میں نے اسے استاذ کے حوالہ کر دیا، اور اس نے قرآنِ کریم یاد کر لیا، اور تلاوت و تجوید سیکھ لی پھر اسے عمدہ اشعار یاد کرائے اور سکھائے اور اپنی قوم کے قابلِ فخر کارناموں کی تعلیم دی گئی، اور

۱۱۷۳۷

A1631 2-1793
7 31526
5118916

اس کے آباء واجداد کے کارنامے بتلائے گئے۔ جب وہ بلوغ کی عمر کو پہنچ گیا تو میں نے اسے گھوڑوں پر سوار کرایا اور وہ بہترین مشاق شہسوار بن گیا۔ اور ہتھیار سے لیس ہو کر محلہ کے گھروں کا محافظ بن گیا اور مدد کے لیئے پکارنے والوں کی آواز کی جانب متوجہ رہنے لگا۔

اور جہاں ہم نے یہ تذکرہ کیا تھا کہ پہلے زمانے کے لوگ اپنے بچوں کی تربیت کا نہایت اہتمام کیا کرتے تھے اور اپنے بچوں کو جب اساتذہ کے حوالے کرتے اور ان حضرات کو سب سے پہلے جو مشورہ دیتے اور جس بات کی انہیں نصیحت کرتے وہ یہ تھی کہ ان بچوں کو سب سے پہلے قرآنِ کریم کی تعلیم دیں، اس کی تلاوت سکھائیں اور اسے انہیں یاد کرائیں، تاکہ ان کی زبان درست ہو۔ اور ان کی ارواح میں پاکیزگی و بلندی اور دلوں میں خشوع وخضوع پیدا ہو اور آنکھوں میں آنسو آئیں۔ اور ان کی نفوس میں ایمان اور یقین راسخ ہو جائے۔

ہم نے جو کچھ بیان کیا ہے اس کا خلاصہ یہ نکلتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کا بہت اہتمام کیا ہے کہ بچے کو شروع سے ہی ایمان کے اصول اور بنیادی باتیں بتلائی جائیں اور ارکان اسلام اور شریعت کے احکام سکھلائے جائیں، اور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، اور آپ کے اہلِ بیت، اور آپ کے صحابہ اور قائدینِ اسلام اور ملکوں کے فتح کرنے والوں، اور قرآنِ کریم کی تلاوت کی محبت اس کے دل میں پیدا کی جائے تاکہ بچہ کامل ایمان اور مضبوط وراسخ عقیدہ اور اپنے ابتدائی عظیم بہادر قائدوں کے ہراول دستے کی محبت سے سرشار ہو کر بڑھے پلے، اور جب وہ بڑا ہو تو ملحدین کے الحادی دجل ومکر وفریب اور اہلِ ضلال اور گمراہوں اور کافروں کے پروپیگنڈے سے متأثر نہ ہو۔

اس لیے یہ بہت ضروری ہے کہ تربیت کرنے والے حضرات ان بنیادوں کے مطابق اپنے بچوں کی تربیت کریں۔ اور ان مذکورہ بالا وسائل کو اختیار کریں تاکہ بچوں کے عقیدہ کو زیغ وضلال اور الحاد وانحراف سے بچانے کی ضمانت وگارنٹی مل سکے۔

علماءِ تربیت واخلاق کے یہاں یہ مسلم امور میں سے ہے کہ بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو فطرۃً توحید اور ایمان باللہ پر پیدا ہوتا ہے اور اصل کے اعتبار سے اس میں طہارت وپاکیزگی اور برائیوں سے دوری ہوتی ہے، اور اس کے بعد اس کو اگر گھر میں اچھی اور عمدہ تربیت، اور معاشرہ میں اچھے نیک ساتھی اور صحیح اسلامی تعلیمی ماحول میسر آجائے تو وہ بلاشبہ راسخ الایمان ہوتا ہے اور اعلیٰ اخلاق اور بہترین تربیت میں بڑھتا پلتا ہے۔

یہ حقیقت دراصل وہ ایمانی فطرت ہے جسے قرآنِ کریم نے مقرر کیا ہے اور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تاکید کی ہے اور علماءِ تربیت واخلاق نے اس کی تائید کی ہے:

قرآنِ کریم نے اسے اس طرح سے مقرر فرمایا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

((فِطْرَتَ اللهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا، لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللهِ)).

(الروم - ۳۰)

اللہ کی اس فطرت کا اتباع کرو جس پر اس نے انسان کو پیدا کیا ہے اللہ کی بنائی ہوئی فطرت میں کوئی تبدیلی نہیں۔

رہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس کی تاکید کرنا تو وہ اس طرح سے ہے کہ امام بخاری حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ:

((كل مولود يولد على الفطرة، فأبواه يهودانه أو ينصرانه أو يمجسانه)).

ہر بچہ فطرتِ سلیمہ پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے والدین یا اسے یہودی بناتے ہیں یا نصرانی بناتے ہیں یا مجوسی بناتے ہیں۔

رہا اس سلسلہ میں علماء تربیت و اخلاق نے جو کچھ تحریر کیا ہے تو ہم عنقریب اسے وہاں ذکر کریں گے جہاں ہم ایمانی تربیت کی اہمیت اور افراد کے کردار اور قوموں و معاشروں کی خامیاں و کجی دور کرنے اور ان کی اصلاح پر اس کے اثر کے سلسلہ میں مغرب و مشرق کے علماء کے اقوال کو استشہاد کے طور پر پیش کریں گے اس موقعہ پر ہم صرف اس پر اکتفا کرتے ہیں۔ جیسے امام غزالی نے بچے کو اچھی باتوں یا شر و برائی کی طرف اس کی اپنی قابلیت اور فطرت کے اعتبار سے عادی بنانے کے سلسلہ میں لکھا ہے چنانچہ اس سلسلہ میں انہوں نے جو کچھ فرمایا ہے اس میں سے یہ بھی ہے کہ "بچہ اپنے والدین کے پاس ایک امانت ہوتا ہے، اور اس کا پاکیزہ دل ایک نفیس جوہر اور موتی کی طرح ہے، چنانچہ اگر اسے خیر کا عادی بنایا جائے اور بھلے کام سکھائے جائیں تو انہیں سیکھتا ہوا بڑھتا پلتا ہے اور دنیا و آخرت دونوں میں خوش نصیب رہتا ہے۔ اور اگر اسے برے کاموں کا عادی بنایا جائے اور جانوروں کی طرح مہمل چھوڑ دیا جائے تو بدبخت بن جاتا ہے اور ہلاک ہو جاتا ہے، اور اس کی حفاظت کا طریقہ یہ ہے کہ اسے علم و ادب سکھایا جائے، مہذب بنایا جائے اور اسے اچھے اخلاق سکھائے جائیں"۔

اور کسی شاعر کا یہ کتنا عمدہ شعر ہے:

وينشأ ناشئ الفتيان منا ... على ما كان عوده أبوه

ہم میں سے نیا نیا جوان انہیں عادات و اخلاق پر بڑھتا پلتا ہے جنکا اسکے والدین اسے عادی بناتے ہیں

وما دان الفتى بحجى ولكن ... يعوده التدين أقربوه

اور عقل کے ذریعہ سے کوئی نوجوان بھی دیندار نہیں بنتا دینداری کا عادی تو اسے اس کے رشتہ دار ہی بناتے ہیں

فطرت کی اس اہمیت اور اثر کو دیکھتے ہوئے ہم اس بات کو خوب اچھی طرح سے جانتے ہیں کہ بچہ اگر انحراف

Marfat.com

گھرانے میں پلے بڑھے گا، اور گمراہ ماحول میں تعلیم حاصل کرے گا، اور برے لوگوں کے ساتھ اٹھے بیٹھے گا، تو بلاشبہ فساد اس کی گھٹی میں پڑے گا۔ اور برے اخلاق اس میں جڑ پکڑیں گے: اور کفر اور گمراہی کے مبادی اور اصولوں کو سیکھے گا: اور پھر جلد ہی نیک بختی سے بدبختی اور ایمان سے الحاد کی طرف اور پھر اسلام سے کفر کی طرف منتقل ہو جائے گا۔ اور پھر اس کا حق ایمان اور ہدایت کی جانب واپس لوٹانا بہت مشکل ہو جائے گا۔

محترم مربی! اس مناسبت سے یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ میں آپ کے سامنے اپنے معاشرہ کی کچھ حقیقی اور واقعی مثالیں اور گندے اور آزاد ماحول کی کچھ تصویر کشی کر دوں تاکہ آپ کو ان عوامل کا پتہ چل جائے جو بچے کے عقیدہ و اخلاق میں انحراف کا ذریعہ بنتے ہیں۔ اور ساتھ ہی آپ کو یہ بھی معلوم ہو جائے کہ اگر والدین اور سرپرستوں نے اپنی اولاد کی تربیت میں تساہل سے کام لیا تو عام طور سے ایسا ہوتا ہے کہ بچے کجی اور گمراہی کی طرف مائل ہو جاتے ہیں اور کفر و الحاد کی بنیادی باتوں کو اپنا لیتے ہیں۔

◎ جو والدین اپنے بچوں کو غیر مسلموں کے اسکولوں اور مشنری تعلیم گاہوں میں تعلیم حاصل کرنے بھیجتے ہیں۔ جہاں بچے عیسائی استاذوں سے تعلیم و تربیت حاصل کرتے ہیں تو اس کا لازمی اثر یہ ہوتا ہے کہ بچہ کجی اور گمراہی پر بڑھتا پلتا ہے۔ اور کفر و الحاد کی جانب آہستہ آہستہ راغب ہو جاتا ہے، بلکہ اس کے دل میں اسلام کی طرف سے نفرت اور دین اسلام سے بغض راسخ ہو جاتا ہے۔

◎ جو باپ اپنے بچے کی باگ ڈور ایسے ملحد اساتذہ اور گندے مربیوں کے ہاتھ میں دے دیتے ہیں جو ان بچوں کو کفر کی باتیں سکھاتے ہیں۔ اور ان کے دل میں گمراہی کے بیج بو دیتے ہیں، تو ظاہر بات ہے کہ بچہ الحادی تربیت اور خطرناک لادینی نظریات میں نشو و نما پائے گا۔

◎ جو باپ اپنے بیٹے کو یہ اجازت دیتا ہے کہ وہ جن ملحدوں اور مادہ پرستوں کی کتابوں کا چاہے مطالعہ کرلے۔ اور عیسائیوں اور استعمار پسندوں نے اسلام پر جو اعتراضات کیے ہیں ان میں سے جس کا چاہے مطالعہ کرے تو ظاہر ہے کہ ایسا بچہ اپنے دین و عقیدہ کے بارے میں شک میں پڑ جائے گا، اور اپنی تاریخ اور بزرگوں کا مذاق اڑائے گا اور اسلام کے بنیادی اصولوں کے خلاف جنگ کرے گا۔

◎ جو باپ بھی اپنے بیٹے کو کھلی چھٹی دے دے گا۔ اور اسے بالکل آزاد چھوڑ دے گا تاکہ وہ جس گمراہ اور کج رو اور باطل پرست سے چاہے میل جول رکھے، اور گمراہ خیالات اور درآمد شدہ غیر اسلامی افکار میں سے جس رائے اور خیال کو چاہے اپنائے۔ تو ظاہر بات ہے کہ بچہ لازمی طور سے تمام دینی اقدار اور ان اخلاقی بنیادی قواعد کا مذاق اڑائے گا جنہیں دینِ اسلام اور شریعتوں نے پیش کیا ہے۔

◎ جو باپ اپنے بیٹے کو یہ موقع فراہم کرے گا کہ وہ جن ملحدانہ و کافرانہ ذہن رکھنے والی جماعتوں اور لادینی علمانی

Marfat.com

تنظیموں کے ساتھ منسلک ہونا چاہے ہوجائے. اور ایسی جماعتوں سے وابستہ ہوجائے جن کا اسلام سے عقیدہ وافکار اور تاریخ کسی لحاظ سے بھی جوڑ نہیں ہے. تو بلاشبہ بچہ گمراہ کن عقائد اور کافرانہ وملحدانہ باتوں میں بڑھے پلے گا بلکہ وہ درحقیقت ادیان ومذاہب اور دینی واخلاقی اقدار اور مقدسات کا کھلا دشمن ہوگا۔

ولیس النبت ینبت فی جنان	کمثل النبت ینبت فی الفلاۃ
اور نہیں ہے وہ گھاس جو کہ باغوں میں اگتی ہے	اس گھاس کی طرح جو کہ جنگلوں میں اگا کرتی ہے
وھل یرجی لأطفال کمال	إذا ارتضعوا ثدی الناقصات
اور کیا ان بچوں سے کسی کمال کی توقع رکھی جاسکتی ہے	جنہوں نے ناقص عورتوں کا دودھ پیا ہو

اور جب تربیت کرنے والے حضرات کے ذمہ عمومی طور سے اور والدین پر خصوصی طور سے یہ بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ بچے کی نشوونما ایمانی عقیدہ وماحول میں کریں اور اُن کا فریضہ یہ ہے کہ ان کو اسلام کی بنیادی باتوں کی تعلیم دیں. تو مناسب یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہم اس ذمہ داری کی حدود اور اس فریضہ کے ہر گوشے کو اچھی طرح سے سمجھ لیں، تاکہ ہر وہ شخص جس پر تربیت ورہنمائی کی ذمہ آتی ہے وہ اس فریضہ کی اہمیت کو جان لے اور بچے کو اعلیٰ ترین کامل و مکمل ایمانی تربیت دینے کے سلسلہ میں اس پر جو ذمہ داری ہے اسے سمجھ لے۔

اس ذمہ داری اور مسئولیت کی حدود ترتیب وار اس طرح سے ہیں:

۱- بچوں کی ایمان باللہ اور اس کی حیران ومعجز کن قدرت اور عجیب وشاندار انداز سے ایجاد اور پیدا کرنے کی جانب اس طرح سے رہنمائی کریں کہ وہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں غور وفکر کرنے لگ جائیں اور وہ اس طرح سے کہ بچہ جب شعور اور سمجھ کی حدود کو پہنچ جائے تو تدریجاً محسوس اشیاء سے عقلی اشیاء اور جزئی سے کلی اشیاء اور بسیط سے مرکب چیزوں کی طرف اس کی رہنمائی کریں، تاکہ اس کا نتیجہ یہ نکلے کہ وہ بچے حجت و دلیل اور اطمینان ویقین کے ساتھ ایمان رکھتے ہوں. اور جب بچہ شروع سے ہی صحیح ایمان پرور باتیں سیکھے گا اور توحید پر دلالت کرنے والے مضبوط دلائل اس کے ذہن میں موجود ہوں گے تو پھر اس کے پرنور وآباد دل کو تباہی کی کدالیں ویران نہ کرسکیں گی. اور مفسد اور گمراہ لوگوں کو اس کی پختہ عقل پر اثر انداز ہونے کا موقعہ نہ ملے گا. اور کوئی شخص بھی اس کی سچی پکی مؤمن نفس میں شک وشبہ پیدا نہ کرسکے گا. جس کی وجہ صرف یہ ہوگی کہ ایمان اس کے دل میں جگہ پکڑ چکا اور یقین راسخ ہوچکا ہوگا اور وہ دین کے ہر پہلو سے مطمئن ہوگا۔

ادنیٰ سے اعلیٰ اور محسوس سے غیر محسوس عقلی اشیاء کی طرف رہنمائی کا یہ تدریجی طریقہ جس سے انسان کسی چیز کی

حقیقت تک پہنچے یہ قرآنِ کریم کا بتلایا ہوا طریقہ ہے۔ چنانچہ قرآنِ کریم کی روشن آیات میں سے چند آیات آپ کی خدمت میں پیش کی جاتی ہیں:

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ⑩ يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ⑪ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ⑫ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ⑬ وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ⑭ وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ⑮ وَعَلٰمٰتٍ ۭ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ⑯ اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ⑰

النحل - ۱۰ تا ۱۷

وہی ہے جس نے اُتارا تمہارے لئے آسمان سے پانی اس سے پیتے ہو اور اسی سے درخت ہوتے ہیں جس میں چراتے ہو اگاتا ہے تمہارے واسطے اس سے کھیتی اور زیتون اور کھجوریں اور انگور اور ہر قسم کے میوے اس میں البتہ نشانی ہے ان لوگوں کے لیے جو غور کرتے ہیں اور تمہارے کام میں لگا دیا رات اور دن اور سورج اور چاند کو اور ستارے اس کے حکم سے کام میں لگے ہیں۔ اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو سمجھ رکھتے ہیں۔ اور جو رنگ برنگی چیزیں تمہارے واسطے زمین میں پھیلائیں اس میں ان لوگوں کے واسطے نشانی ہے جو سوچتے ہیں۔ اور وہی ہے جس نے کام میں لگا دیا دریا کو کہ کھاؤ اس میں سے تازہ گوشت اور نکالو اس میں سے زیور جو پہنتے ہو۔ اور دیکھتا ہے تو کشتیوں کو اس میں پانی پھاڑ کر چلتی ہیں اور اس واسطے کہ تلاش کرو اس کے فضل سے اور تاکہ تم احسان مانو' اور رکھ دیئے زمین پر بوجھ کہ کبھی جھک پڑے تم کو لے کر اور بنائیں ندیاں اور راستے تاکہ تم راہ پاؤ' اور بنائیں علامتیں اور ستاروں سے لوگ راہ پاتے ہیں۔ بھلا جو پیدا کرے برابر ہے اس کے جو کچھ پیدا نہ کرے کیا تم سوچتے نہیں۔

اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ

بے شک آسمان اور زمین کے پیدا کرنے میں اور رات اور دن کے بدلتے رہنے میں اور کشتیوں میں جو کہ لے کر چلتی ہیں دریا میں لوگوں کے کام کی

Marfat.com

اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۖ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝)).

چیزیں اور پانی میں جس کو کہ اتارا اللہ نے آسمان سے پھر جلایا اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد اور پھیلائے اس میں سب قسم کے جانور اور ہواؤں کے بدلنے میں اور بادل میں جو کہ تابعدار ہے اس کے حکم کا درمیان آسمان و زمین کے بے شک ان سب چیزوں میں نشانیاں ہیں عقل مندوں کے لیے۔

البقرہ۔ ۱۶۴

((فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝ يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝ اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۝ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۝)).

سو انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے۔ وہ ایک اچھلتے پانی سے پیدا کیا گیا ہے جو پشت اور پسلیوں کے درمیان سے نکلتا ہے۔ وہ (اللہ) اس کے دوبارہ پیدا کرنے پر یقیناً قادر ہے (سو) جس روز (سب) راز فاش ہو جائیں گے تو انسان کو نہ خود قوت ہوگی اور نہ کوئی (اس کا) مددگار ہوگا۔

الطارق۔ ۵ تا ۱۰

((فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ۝ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ۝ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ۝ فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ۝ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ۝ وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ۝ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ۝ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ۝ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ۝)).

سو انسان ذرا دیکھے تو اپنے کھانے کی طرف ہم نے خوب پانی برسایا، پھر ہم نے زمین کو خوب پھاڑا پھر ہم نے اگایا اس میں غلہ اور انگور اور ترکاری اور زیتون اور کھجور اور گنجان باغ اور میوے اور چارے تمہارے اور تمہارے مویشیوں کے فائدہ کے لیے۔

عبس۔ ۲۴ تا ۳۲

((اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ، وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ ۝ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ، اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا اِنَّ

کیا تو نے اس پر نظر نہیں کی کہ اللہ نے آسمان سے پانی اتارا پھر ہم نے اس کے ذریعہ سے مختلف رنگوں کے پھل نکالے اور پہاڑوں میں بھی گھاٹیاں ہیں کوئی سفید اور کوئی سرخ ان کے رنگ مختلف ہیں۔ اور کوئی بہت گہرے سیاہ اور اسی طرح آدمیوں اور جانوروں اور چوپایوں میں بھی ایسے ہیں کہ ان کے رنگ مختلف

Marfat.com

اللّٰہَ عَزِیۡزٌ غَفُوۡرٌ ...

——— ہیں. اور اللہ سے ڈرتے تو بس وہی بندے ہیں جو علم والے ہیں بے شک اللہ زبردست ہے بڑا مغفرت والا ہے.

الفاطر - ۲۷ و ۲۸

﴿ اَفَلَمۡ یَنۡظُرُوۡۤا اِلَی السَّمَآءِ فَوۡقَہُمۡ کَیۡفَ بَنَیۡنٰہَا وَزَیَّنّٰہَا وَمَا لَہَا مِنۡ فُرُوۡجٍ ۝ وَ الۡاَرۡضَ مَدَدۡنٰہَا وَ اَلۡقَیۡنَا فِیۡہَا رَوَاسِیَ وَ اَنۡۢبَتۡنَا فِیۡہَا مِنۡ کُلِّ زَوۡجٍۭ بَہِیۡجٍ ۝ تَبۡصِرَۃً وَّ ذِکۡرٰی لِکُلِّ عَبۡدٍ مُّنِیۡبٍ ۝ ...

کیا انہوں نے اپنے اوپر آسمان کی طرف نہیں دیکھا کہ ہم نے اسے کیسا بنایا ہے اور ہم نے اسے آراستہ کیا اور اس میں کوئی رخنہ (تک) نہیں اور زمین کو ہم نے پھیلایا اور اس میں پہاڑوں کو جما دیا اور اس میں ہر قسم کی خوشنما چیزیں اگائیں جو ذریعہ ہے بینائی اور دانائی کا ہر رجوع ہونے والے بندے کے لیے.

ق - ۶ تا ۸

اس کے علاوہ بے شمار وہ آیات جو اس موضوع پر دلالت کرتی ہیں.

۲ - بچوں کی نفوس میں خشوع و خضوع اور تقویٰ اور اللہ رب العالمین کی عبودیت و غلامی کی روح پیدا کرنا:

اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ ان کی آنکھوں کے سامنے اللہ تعالیٰ کی معجز قدرت کھول کر بیان کی جائے اور اس کی ایسی حکومت کو جو نہایت عظیم اور بڑی ہے اور ہر چیز کو محیط ہے اسے واضح کیا جائے اس کی حکومت ایسی ہے جو ہر چھوٹی بڑی اور زندہ اور جامد کو محیط ہے اس کی قدرت کے مظاہر ملاحظہ کرائے جائیں خواہ اگنے والے پودوں کی شکل میں ہوں یا پیدا ہونے والا درخت یا حسین و جمیل خوشبودار کھلنے والے پھولوں کے رنگ میں. اس طرح کی دیگر کروڑوں اربوں عجیب و غریب طرح طرح کی وہ مخلوقات جس کو اللہ تعالیٰ نے نہایت عجیب و غریب اور حیران کن طریقے سے وجود بخشا ہے، یہ چیزیں مشاہدہ کر کے دل اللہ کے سامنے خشوع و خضوع اختیار کرے گا. اور اس کی عظمت و بڑائی کے سامنے لرزنے لگے گا. اور ان چیزوں کو دیکھ کر نفس اللہ سے خوف کھائے گا اور پورے طور سے دل کی گہرائیوں سے طاعت میں لذت اور اللہ تعالیٰ کی عبادت میں حلاوت محسوس کرنے لگے گا.

اور بچے میں خشوع و خضوع پیدا کرنے اور اس میں تقویٰ راسخ کرنے والے وسائل میں سے یہ بھی ہے کہ جب وہ سن شعور کو پہنچ جائے تو اسے نماز میں خشوع کا عادی بنایا جائے اور قرآنِ کریم سن کر رونے اور غمگین ہونے کی عادت ڈلوائی جائے، اس لیے کہ یہ عارفین کی صفت اور اللہ کے نیک بندوں کا شعار اور سچے مؤمنوں کی خصوصیت ہے. آئیے قرآنِ کریم سنیے دیکھیے اس میں خشوع و خضوع اختیار کرنے والوں کی عظمت اور اللہ کی طرف رجوع

Marfat.com

کرنے والے متقیوں کی تعریف کس طرح کی گئی ہے:

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝))۔ المؤمنون۔۱و۲

((اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ))۔

الزمر۔۲۳

((وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ))۔ الحج۔۳۴و۳۵

((اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ۝))۔

مریم۔۵۸

((اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ)).

الحدید۔۱۶

یقیناً (وہ) مومنین فلاح پاگئے جو اپنی نماز میں خشوع رکھنے والے ہیں۔

اللہ نے بہترین کلام نازل کیا ہے ایک کتاب باہم ملتی جلتی اور بار بار دہرائی ہوئی، اس سے ان لوگوں کی جلد جو اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں کانپ اٹھتی ہے، پھر ان کی جلد اور ان کے قلب اللہ کے ذکر کے لیے نرم ہو جاتے ہیں۔ یہ اللہ کی طرف سے آئی ہوئی) ہدایت ہے وہ جسے چاہتا ہے اس کے ذریعہ سے ہدایت کر دیتا ہے اور آپ خوشخبری سنا دیجیے گردن جھکانے والوں کو جن کے دل ڈر جاتے ہیں جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے۔ اور جب ان کے سامنے خدائے رحمٰن کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو (زمین پر) گر پڑتے تھے سجدہ کرتے ہوئے اور روتے ہوئے۔

کیا ایمان والوں کے لیے وقت نہیں آیا کہ ان کے دل اللہ کی نصیحت اور جو دینِ حق نازل ہوا ہے اس کے آگے جھک جائیں۔

خشوع وخضوع اور اللہ کی طرف توجہ ورغبت اور غم ودرد کی یہ وہ کیفیت تھی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین اور سلفِ صالحین اور عارفین میں نمایاں طور سے پائی جاتی ہے، چنانچہ امام بخاری ومسلم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ مجھ سے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((اقرأ عليَّ القرآن)).

مجھے قرآن کریم پڑھ کر سناؤ۔

میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول! کیا میں آپ کو پڑھ کر سناؤں حالاں کہ قرآنِ کریم آپ ہی پر تو نازل ہوا ہے؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا:

((إني أحب أن أسمعه من غيري)).

میں یہ چاہتا ہوں کہ اسے کسی دوسرے کی زبانی سنوں۔

Marfat.com

چنانچہ میں نے آپ کو سورۂ نساء پڑھ کر سنائی اور جب مندرجہ ذیل آیت پر پہنچا:

« فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِن كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ شَهِيدًا ۝ ».

النساء۔۴۱

پھر کیا حال ہوگا جب بلائیں گے ہر ہر امت میں سے احوال کہنے والا اور بلائیں گے آپ کو ان لوگوں پر احوال بتلانے والا۔

تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((حسبك الآن))

بس اب اتنا کافی ہے۔

جب میں نے آپ کی طرف دیکھا تو کیا دیکھتا ہوں کہ آپ کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری ہیں۔

حضرت ابوصالح کہتے ہیں کہ اہلِ یمن کے کچھ حضرات حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور قرآنِ کریم پڑھ کر رونے لگے، تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہماری بھی یہی حالت تھی لیکن پھر ہمارے دل سخت ہو گئے۔

سلفِ صالحین پر نماز کی حالت میں خشوع وخضوع اور رونے دھونے کی جو کیفیت طاری ہوتی تھی اور قرآنِ کریم کی تلاوت سن کر ان پر جو گریہ اور آہ وزاری کا دور دورہ ہوتا تھا اس کے واقعات اتنے ہیں جنہیں شمار نہیں کیا جاسکتا، اور اس سلسلہ میں ان حضرات کے عجیب وغریب مشہور ومعروف قصے اخلاق وتربیت کی کتابوں میں کثرت سے نقل کیے گئے ہیں۔

ہو سکتا ہے کہ شروع شروع اور تعلیم وتربیت کے ابتدائی ایام میں مربی حضرات کو بچے میں خشوع وخضوع اور رونے دھونے اور آہ وزاری کی کیفیت پیدا کرنے میں کچھ مشکلات اور دشواری پیش آئے۔ لیکن کبھی تنبیہ اور کبھی بار بار ٹوکنے اور مشق کرانے اور کبھی دیکھا دیکھی یہ عمل دہرانے سے بچے میں خشوع وخضوع اور درد وغم فطری طور سے سما جائے گا اور یہ اس کی عادت وفطرت میں سے شاندار عادت بن جائے گا۔

کسی شاعر نے کیا اچھا شعر کہا ہے:

قد ينفع الأدب الأولاد في صغر
ولیس ینفعهم من بعده أدب

بچپن میں کبھی کبھی ادب سکھانا بچے کو فائدہ پہنچا دیتا ہے
اور یہ عمر گزرنے کے بعد انہیں کسی قسم کا ادب فائدہ نہیں پہنچاتا

إن الغصون إذا عدلتها اعتدلت
ولا تلين ولو لينته الخشب

ٹہنیوں کو اگر آپ سیدھا کرنا چاہیں تو سیدھی ہو جاتی ہیں؛
لیکن جب لکڑی بن جائیں تو اس کو نرم کرنا بھی نرم ولچکدار نہیں بنا سکتا

اس خشوع وخضوع اور آہ وزاری کا عادی بنانے کی اولیاء کے یہاں جو مشق کی جاتی ہے اور ان کے یہاں جو چیز اس کی باعث ہے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ فرمانِ مبارک ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

((اقرءوا القرآن وابكوا فإن لم

قرآن کریم پڑھو اور رویا کرو اور اگر رونا نہ آئے تو

Marfat.com

تبکوا فتباکوا)). طبرانی رونے کی صورت بنالیا کرو۔

بچوں میں یہ کیفیت پیدا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کے تمام تصرفات وحالات میں انہیں دیکھ رہا ہے

اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ بچے کو اس بات کی مشق کرائی جائے کہ اللہ تعالےٰ اس کو ہر وقت دیکھ رہا اور اس کی نگرانی کر رہا ہے۔ اور اس کے ظاہر اور باطن دونوں کو جانتا ہے۔ اور اس کو انسان کی آنکھوں کی خیانت اور دلوں میں چھپی ہوئی باتیں بھی معلوم ہیں۔ بچہ میں یہ کیفیت پیدا کرنا کہ اللہ تعالیٰ اسے دیکھ رہا ہے یہ مربی کی سب سے بڑی کوشش اور مقصد اصلی اور بنیادی فکر ہونا چاہیے اور یہ صورت حال اسی وقت پیدا ہوسکتی ہے جب بچے کو اس کی ہر حالت وکیفیت میں مشق کرائی جائے۔ وہ جب کوئی کام کر رہا ہو اس وقت بھی اور جب وہ سوچ وبچار میں لگا ہوا اور جب وہ احساس وشعور کی دنیا میں گم ہو اس وقت بھی۔

کام کاج کے وقت اس کو اللہ کے دیکھنے کی مراقبہ کی مشق اس لیے کرائی جائے تاکہ وہ اپنے تمام اقوال وافعال واعمال اور تمام تصرفات میں محض اللہ کی رضا کے لیے اخلاص کے ساتھ کام کرنے والا بنے۔ اور ہر وہ کام جس کا مدار نیت پر ہو اسے کرنے سے پہلے وہ اپنی نیت درست کر کے محض اللہ کی رضا کو اپنا مقصد بنالے، چنانچہ پھر وہ محض اللہ کے لیے ہی ہر کام کرنے والا مخلص بندہ بن جائے گا۔ اور ان لوگوں میں شامل ہوگا جن کو قرآن کریم نے اس آیت میں بیان کیا ہے:

((وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۝))

البینۃ - ۵

حالاں کہ انہیں یہی حکم ہوا تھا کہ اللہ کی عبادت اس طرح کریں کہ دین کو اسی کے لیے خالص رکھیں یکسو ہو کر اور نماز کی پابندی رکھیں اور زکوٰۃ دیا کریں یہ ہے راہ مضبوط لوگوں کی۔

اسی طرح مربی کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ وہ بچے کو یہ باور کرادے کہ اللہ تعالےٰ سبحانہ اس کا صرف وہی عمل قبول فرمائیں گے جو اس نے صرف اللہ تعالےٰ کے لئے کیا ہو اور جس کام سے اس کا مقصد محض اللہ کی رضا ہو۔ اس لیے کہ ابو داؤد اور نسائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((إن الله عزوجل لا يقبل من العمل إلا ما كان خالصًا

اللہ تعالےٰ اعمال میں سے صرف وہی عمل قبول کرتے ہیں جو صرف اس کی ذات کے لیے کیا گیا

Marfat.com

وابتغی به وجهه)). ہو اور اس سے اسی کی رضا مقصود ہو۔

اور اس لیے کہ امام بخاری و مسلم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مندرجہ ذیل حدیث روایت کرتے ہیں کہ:

((إنما الأعمال بالنيات وإنما لكل امرئ ما نوى)). تمام اعمال کا نیت پر مدار ہے اور ہر شخص کو وہی ملے گا جو اس نے نیت کی ہو۔

غور و فکر کی صورت میں بچے کو اللہ کے مراقبہ اور دیکھنے کا اس لیے عادی بنایا جائے گا تاکہ وہ ان افکار کو سمجھ اور سیکھ لے جو اسے خالقِ عظیم سے قریب کرنے والی ہیں۔ اور جن سے خود اسے بھی نفع پہنچے گا اور دوسرے تمام لوگوں کو بھی، بلکہ یہ نہایت ضروری ہے کہ اسے اس بات کی مشق کرائی جائے کہ اس کی عقل و سمجھ اور دل اور خواہشات سب کے سب ان تعلیمات کے تابع ہوں جنہیں رسولِ اکرم خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم لے کر آئے ہیں۔ اسی طرح مربی پر یہ بھی لازم ہے کہ بچے میں محاسبہ کی عادت پیدا کرے، اور اس کو ایسا بنا دے کہ وہ اپنا محاسبہ ان برے خیالات اور بے سر و پا افکار پر بھی کرے جو اس کے دل میں کبھی کبھار آتے ہوں اور مربی کو چاہیے کہ بچے کو سورۂ بقرہ کی آخری آیات[1] یاد کرا دے اور ساتھ ہی ان آیات میں جو ارشادات اور دعائیں ہیں جن میں اللہ کی طرف توجہ اور اس کی نگرانی کو ملحوظ رکھنے، اور نفس کے محاسبہ، اور آسمانوں اور زمین کے خالق کی طرف متوجہ ہونے، اور اس سے سرگوشی و مناجات کرنے، اور اس سے دعا مانگنے کی جانب جو راہنمائی کی گئی ہے اس کو اس کے سامنے کھول کر واضح طور سے بیان کرے۔

احساس و شعور کی کیفیت میں اللہ کے مراقبہ کا عادی اس لیے بنایا جائے گا تاکہ وہ ہر لطیف احساس کو سیکھ لے، اور ہر پاکیزہ شعور و احساس کو پیدا کر لے، لہٰذا وہ نہ حسد کرے نہ بغض، نہ چغل خوری، اور نہ گندے مال و متاع سے فائدہ اٹھائے، اور نہ ناجائز و حرام خواہشات کو دل میں جگہ دے، اور جب بھی اسے شیطانی وسوسہ یا نفسِ امارہ کی طرف سے اس طرح کی برائی کا کوئی خیال آئے تو فوراً اس بات کو یاد کر لے کہ اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ہے اس کی باتیں بھی سن رہا ہے اور اسے دیکھ بھی رہا ہے، لہٰذا یہ یاد کرتے ہی اسے عقل و سمجھ آجائے گی اور بصیرت و فراست سے کام لینے لگے گا، تربیت اور مراقبہ کے اس اسلوب کی جانب مربی اول نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے اس سائل کی رہنمائی کی تھی جس نے آپ سے احسان و اخلاص کے بارے میں سوال کیا تھا تو آپ نے فرمایا:

لا أن تعبد الله كأنك تراه فإن لم تكن تراه فإنه يراك)). تم اللہ کی عبادت اس طرح سے کرو کہ گویا تم اسے دیکھ رہے ہو۔ اور اگر تم یہ تصور نہیں قائم کر سکتے تو یہ سمجھ لو کہ وہ تو تم کو دیکھ رہا ہے ہی۔

صحیح بخاری

---

[1] وہ آیات: للہ ما فی السماوات والأرض وإن تبدوا ما فی أنفسکم سے شروع ہو کر سورت کے خاتمہ پر ختم ہوتی ہیں۔

Marfat.com

اور قرآن کریم نے اس جانب اس آیت کریمہ کے ذریعہ اشارہ کیا ہے:

« وَإِمَّا يَنزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۚ إِنَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ اتَّقَوْا إِذَا مَسَّهُمْ طَائِفٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ تَذَكَّرُوا فَإِذَا هُم مُّبْصِرُونَ ۝ ». الاعراف ۲۰۰ و ۲۰۱

اور اگر ابھارے تجھ کو شیطان کی چھیڑ تو پناہ مانگ اللہ سے وہی ہے سننے والا جاننے والا، جن کے دل میں ڈر ہے جہاں پڑ گیا ان پر شیطان کا گزر چونک گئے پھر اسی وقت ان کو سوجھ آجاتی ہے۔

تعلیم اور مشق کا یہ طریقہ سلفِ صالحین کا طریقہ ہے جس کی وہ اپنی اولاد کو مشق کرایا کرتے تھے اور ان کو اس کا عادی بناتے تھے، لیجیے امام غزالی نے احیاء العلوم میں ایک قصہ لکھا ہے وہ آپ کو سنائے دیتے ہیں:

حضرت سہل بن عبداللہ تستری فرماتے ہیں: کہ جب میں تین سال کا تھا تو رات کو اٹھ جایا کرتا تھا، اور اپنے ماموں حضرت محمد بن سوار کی نماز دیکھا کرتا تھا، ایک روز انہوں نے مجھ سے فرمایا، کیا تم اس اللہ کو یاد نہیں کرتے جس نے تمہیں پیدا کیا ہے؛ میں نے پوچھا کہ میں اس ذات کو کس طرح یاد کروں؛ تو انہوں نے فرمایا، جب تم اپنے بستر پر لیٹتے ہو تو زبان ہلائے بغیر تین مرتبہ یہ کہا کرو: اللہ معی (اللہ میرے ساتھ ہے) اللہ ناظرٌ إلیّ (اللہ مجھے دیکھ رہا ہے) اللہ شاہدی (اللہ میرے پاس موجود ہے) چند رات میں نے اس پر عمل کیا اور پھر ان سے یہ بات ذکر کردی. تو انہوں نے فرمایا: اب ہر رات کو سات مرتبہ اسے پڑھا کرو.

میں نے اس پر عمل شروع کر دیا اور پھر انہیں بتلایا تو انہوں نے فرمایا: یہی کلمات ہر رات کو گیارہ مرتبہ کہا کرو چنانچہ میں نے اسی مقدار میں پڑھنا شروع کر دیے، اور ان کلمات کی حلاوت و شیرینی میرے دل میں گھر کر گئی ایک سال کے بعد مجھ سے میرے ماموں نے کہا: میں نے جو کلمات تمہیں سکھلائے تھے انہیں یاد رکھنا اور اس وقت تک ہمیشہ ہمیشہ پڑھتے رہنا جب تک کہ قبر میں نہ چلے جاؤ. اس لیے کہ ان سے تمہیں دنیا و آخرت دونوں میں فائدہ ہوگا. کئی سالوں تک میں ان کو پڑھتا رہا اور پھر میں نے ان کی حلاوت اپنے باطن میں محسوس کی، پھر ایک روز میرے ماموں نے مجھ سے کہا: اے سہل بتلاؤ جس شخص کے ساتھ اللہ ہو اور اللہ اس کی طرف دیکھ رہا ہو اور اس کے ساتھ موجود ہو تو کیا وہ شخص اس اللہ کی نافرمانی کر سکتا ہے؛ اس لیے تم نافرمانی سے بچنا.

اس بہترین و شاندار رہنمائی اور مستقل ریاضت اور صحیح ایمانی تربیت کے سبب حضرت سہل رحمہ اللہ کبار عارفین اور نیک و صالح حضرات کے امام بن گئے تھے جس کا تمام تر سہرا ان کے ان ماموں کے سر پر ہے جنہوں نے انہیں تربیت دی تعلیم دی اور ان پر یہ حقیقت آشکارا کی، اور بچپن سے ہی ایمان اور اللہ کے حضور اور مراقبہ کا تصور ان کے دل میں پیدا کیا اور ان کو مکارمِ اخلاق کا عادی بنا دیا۔

بچوں کی تربیت کے سلسلہ میں تربیت کرنے والے حضرات جب اس طریقے کو اختیار کریں گے، اور جب ماں باپ بچوں کو ان قواعد اور اصولوں کے مطابق چلائیں گے تو وہ تھوڑی سی مدت میں ایک ایسی قوم کو تشکیل دینے میں کامیاب ہو جائیں گے جو اللہ پر ایمان رکھتی ہو۔ اور اپنے دین کو مضبوطی سے تھامے ہوئے ہو۔ اور اپنی اور اپنے بزرگوں کی تاریخ پر فخر کرتی ہو، اور اسی طرح وہ اس قابل ہو جائیں گے کہ ایک ایسے معاشرہ کو تشکیل دیں جو الحاد اور اخلاقی خرابیوں سے پاک صاف ہو جس میں حقد و حسد اور جرائم نام کو نہ ہوں۔

یہ ایمانی تربیت جسے ہم نے تفصیل سے بیان کیا اور اس پر روشنی ڈالی یہ وہ تربیت ہے جس کے لیے مغرب کے علماءِ تربیت و اخلاق نہایت شدت سے کوشاں ہیں۔ تاکہ اپنے معاشرہ کو بددینی و جرائم اور گندے اخلاق و بے حیائی کے کاموں سے نجات دلا سکیں، لیجیے ان کے کچھ اقوال ذیل میں پیش کیے دیتے ہیں:

✿ مغرب کے سب سے بڑے قصہ نویس "دستوفسکی" نے یہ واضح کرنا چاہا ہے کہ انسان جب اللہ کو چھوڑ بیٹھتا ہے تو پھر وہ کس طرح سے شیطان کے ہتھے چڑھ جاتا ہے۔[1]

✿ مشہور فرانسیسی ادیب و رلیٹر مادہ پرست شک میں ڈالنے والے ملحدوں کا مذاق اڑاتے ہوئے کہتے ہیں:

تم لوگ اللہ کے وجود میں کیوں شک کرتے ہو اگر اللہ نہ ہوتا تو میری بیوی میرے ساتھ خیانت کرتی اور میرا خادم میرا مال چرا لیتا۔

✿ امریکہ کے نفسیاتی طبیب ڈاکٹر ہنری لنک اپنی کتاب "عودۃ الایمان" میں لکھتے ہیں:

جو والدین یہ پوچھتے ہیں کہ وہ اپنی اولاد کی اخلاقی تربیت کس طرح کریں اور ان کو کس طرح شائستہ بنائیں۔ جبکہ خود ان میں وہ دینی اثرات موجود نہیں ہیں جنہوں نے اس سے قبل ان کے اخلاق کو سنوارا تھا۔ یہ لوگ درحقیقت ایک ایسی مشکل میں پھنس گئے ہیں جس کا کوئی حل نہیں ہے اور اس کے بدلے ان کو کوئی دوسرا ایسا کامل و مکمل نعم البدل نہیں مل سکا جو اس عظیم قوت کی جگہ لے سکے جسے خالق پر ایمان لانا اور لوگوں کے دلوں میں رکھی گئی فطری صلاحیت پیدا کرتا ہے۔

✿ مکہ سے شائع ہونے والے رسالے "مجلۃ الحج" اپنے تیئسویں سال کے تیسرے شمارے میں اسلام کی بیٹی سوتیلانا کی زبانی لکھا ہے:

اس کے وطن اور اولاد چھوڑنے کا اصلی سبب دین ہے، اس لیے کہ وہ ایک ایسے گھر میں بڑھی پلی تھی جس کے افراد اللہ سے قطعاً بے بہرہ تھے اور اس کا نام ان کی زبان پر نہ قصداً آتا تھا نہ بھولے سے۔ اور جب وہ سن شعور کو پہنچی اور بڑی ہوئی (تو بغیر کسی خارجی عامل کے) اس نے اپنے اندر ایک قوی احساس یہ پایا کہ اللہ پر ایمان لائے

[1] ملاحظہ ہو کتاب "مباحث الفلسفۃ" مصنفہ ول دیورانت (۲-۲۷۶)۔

بغیر دنیا کی زندگی کوئی معنی نہیں رکھتی، جیسے کہ اللہ پر ایمان لائے بغیر لوگوں میں عدل و انصاف قائم کرنا ناممکن ہے اور اس نے نہایت ٹھنڈے دل سے یہ محسوس کیا کہ انسان کو ایمان کی بالکل اسی طرح ضرورت ہے جس طرح پانی اور ہوا کی ضرورت ہوتی ہے۔

★ فلسفی کینٹ نے یہ اعلان کیا کہ تین قسم کے اعتقاد پیدا کیے بغیر اخلاق وجود میں نہیں آسکتے:

خدا کا وجود، روح کے ہمیشہ ہمیشہ رہنے اور مرنے کے بعد حساب کتاب کا یقین رکھنا۔

مذکورہ بالا تصریحات کے بعد خلاصہ یہ نکلتا ہے کہ بچے کی اصلاح اور اس کی اخلاقی و نفسیاتی تربیت کی بنیاد وجود اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا ہے۔

قارئین کرام! دنیا بھر کے علماء تربیت و اخلاق کے مندرجہ بالا بعض اقوال سے آپ نے یہ اندازہ لگا لیا ہوگا کہ ایمان اور اخلاق کے درمیان کتنا گہرا اور مضبوط تعلق ہے اور عقیدہ اور عمل کے درمیان کتنا قوی و مضبوط رابطہ ہے۔ اخلاقی تربیت کی مسئولیت کی بحث میں جہاں ہم اس کا علاج پیش کریں گے وہاں ہم اس موضوع پر تفصیل سے روشنی ڈالیں گے کہ بچے کے کردار کے درست کرنے اور اس کے اخلاق کو سنوارنے اور اس کی کجی کو دور کرنے میں ایمان کا کتنا عظیم اثر ہوتا ہے، اور حقیقت یہ ہے کہ اللہ ہی سیدھا راستہ دکھانے والا ہے اور ہم اسی سے مدد اور توفیق مانگتے اور حاصل کرتے ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ والدین اور تربیت کرنے والوں پر ایمانی تربیت کی ذمہ داری ایک بہت بڑی اور اہم ذمہ داری ہے۔ اس لیے کہ یہی ایمانی تربیت اچھائیوں اور فضائل کا منبع اور کمالات کا باعث اور ذریعہ ہے۔ بلکہ بچے کے ایمان میں داخل ہونے کے لیے یہ بنیادی چیز اور اسلام کا ایک پل ہے۔ اور اس تربیت کے بغیر نہ بچہ کسی ذمہ داری کو پورا کر سکتا ہے اور نہ امانت و دیانت سے متصف ہو سکتا ہے اور نہ کسی مقصد و منزل کو پہچان سکتا ہے، اور نہ شریف و باکمال انسانیت کے معنی پیدا کر سکتا ہے اور نہ وہ شاندار کارنامے انجام دے سکتا ہے اور نہ کسی عظیم مقصد تک پہنچ سکتا ہے۔ بلکہ اس کی زندگی حیوانوں کی سی زندگی ہوگی جس کا مقصد صرف اپنا پیٹ بھرنا اور حیوانی خواہشات اور تقاضوں کو پورا کرنا اور دنیاوی لذتوں اور شہوتوں کے پیچھے سرگرداں رہنا ہوگا۔ اور ایسا شخص مجرموں اور گندے قسم کے لوگوں کے ساتھ اٹھے بیٹھے گا۔ اور پھر بالآخر وہ اس کافر جماعت اور اباحیت پسند گمراہ گروہ میں شامل ہو جائے گا جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب قرآن مجید میں درج ذیل ارشاد فرمایا ہے:

﴿وَالَّذِينَ كَفَرُوا يَتَمَتَّعُونَ وَيَأْكُلُونَ كَمَا تَأْكُلُ الْأَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ﴾

اور جو کافر ہیں وہ عیش کر رہے ہیں اور کھا (پی) رہے ہیں جس طرح چوپائے کھاتے (پیتے) ہیں آگ ہی ان کا ٹھکانا ہے۔

محمد-۱۲

لہٰذا باپ اور مربی کو چاہیے کہ ہر لمحہ اور ہر دقیقہ میں اسے ان دلیلوں اور براہین سے آشنا کرائے جو اللہ کی وحدانیت پر دلالت کرتی ہوں، اور اس کی ایسی رہنمائی کرے جو ایمان کو مضبوط کرے، اور اس کی ایسے گوشوں کی جانب توجہ پھیرتا رہے جو اس میں عقیدہ کے پہلو کو مضبوط کریں۔ ایمان کے سلسلہ میں نصیحت کے لیے مختلف مناسبات اور موقعوں سے فائدہ اٹھانے کا یہ انداز و طریقہ مربی اول نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ ہے۔ چنانچہ آپ ہمیشہ یہ کوشش فرماتے تھے کہ بچوں کی ہر اس چیز کی طرف رہنمائی کی جائے جو ان کا مرتبہ اور شان بلند کرے اور ان کے دل کی گہرائیوں میں ایمان و یقین راسخ کر دے، محترم قارئین کرام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس رہنمائی اور تربیت کے سلسلہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسلوب کو واضح کرنے کے لیے ذیل میں آپ کے سامنے ہم کچھ نمونے پیش کرتے ہیں:

امام ترمذی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ایک روز میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے سوار تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا:

«يا غلام إني أعلمك كلمات: احفظ الله يحفظك، احفظ الله تجده تجاهك، إذا سألت فاسأل الله، وإذا استعنت فاستعن بالله واعلم أن الأمة لو اجتمعت على أن ينفعوك بشيئ لم ينفعوك إلا بشيئ قد كتبه الله لك، وإن اجتمعوا على أن يضروك بشيئ لم يضروك إلا بشيئ قد كتبه الله عليك، رفعت الأقلام وجفت الصحف».

صاحبزادے میں تمہیں چند باتیں بتلاتا ہوں، تم اللہ کے حقوق کی حفاظت کرو اللہ تمہاری حفاظت کرے گا، تم حقوق اللہ کا خیال رکھو اللہ کو اپنے سامنے پاؤ گے، اور جب مانگو تو صرف اللہ ہی سے مانگنا، اور جب مدد طلب کرو تو اللہ سے ہی مدد طلب کرو، اور اس بات کو جان لو کہ اگر تمام مخلوق بھی تمہیں کچھ فائدہ پہنچانا چاہے تو تمہیں صرف وہی فائدہ پہنچا سکتی ہے جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دیا ہے، اور اگر سب مل کر بھی تمہیں کچھ نقصان پہنچانا چاہیں تو تمہیں اتنا ہی نقصان پہنچا سکتے ہیں جتنا اللہ نے تمہارے لیے لکھ دیا ہے قلم اٹھا لیے گئے اور صحیفے خشک ہو گئے۔

ترمذی کے علاوہ ایک اور روایت میں آتا ہے کہ:

«احفظ الله تجده أمامك، تعرّف إلى الله في الرخاء يعرفك في الشدة واعلم أن ما أخطأك لم يكن

اللہ کے حقوق کا خیال رکھو خدا کو اپنے سامنے پاؤ گے۔ خوشحالی میں خدا کو یاد رکھو۔ خدا تمہیں تنگی و پریشانی میں یاد رکھے گا۔ اور تم یہ جان لو کہ جو چیز تم تک نہیں پہنچی

Marfat.com

ليصيبك، وما أصابك لم يكن ليخطئك، واعلم أن النصر مع الصبر، وأن الفرج مع الكرب، وأن مع العسر يسرًا)).

وہ ہرگز بھی تم تک نہیں پہنچ سکتی۔ اور جو تمہیں پہنچ گئی تم اس سے قطعاً بچ نہیں سکتے تھے، اور تم جان لو کہ کامیابی صبر کے ساتھ ہوتی ہے، اور فراخی وکشادگی تکلیف وکرب کے بعد ہوتی ہے۔ اور تنگی کے ساتھ آسانی ہوا کرتی ہے۔

اور اخیر میں تربیت کرنے والوں اور معلمین اور والدین کے لیے میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ وہ اپنے شاگردوں اور اولاد کے لیے بہترین کتابوں کا انتخاب کریں جو ان بچوں کو سنِ شعور کو پہنچتے ہی عقیدۂ توحید سکھائیں، اور میرا خیال یہ ہے کہ یہ تعلیم مختلف مراحل میں ہونا چاہیے۔ جن میں سے ہر مرحلہ بچہ کی عمر اور سمجھ اور پختگی کی مناسبت سے ہونا چاہیے۔

پہلے مرحلہ کے اسباق یہ ہوں

یہ دس سے پندرہ سال تک کی عمر والوں کے لیے ہے:

۱۔ کتاب المعرفۃ مصنفہ عالم ربانی شیخ عبدالکریم رفاعی رحمہ اللہ۔

۲۔ کتاب العقائد للشیخ البنا رحمہ اللہ۔

۳۔ کتاب الجواہر الکلامیۃ مصنفہ شیخ طاہر الجزائری۔

دُوسرے مرحلہ کے اسباق

بلوغ کی عمر سے بیس سال کی عمر تک کا عرصہ:

۱۔ اصول العقائد مصنفہ جناب عبداللہ عروانی۔

۲۔ کتاب الوجود الحق مصنفہ ڈاکٹر حسن ھویدی۔

۳۔ کتاب شبہات وردود مصنفہ صاحبِ کتاب ہٰذا۔

تیسرے مرحلہ کے اسباق!

بیس سال کی عمر کے بعد کا زمانہ:

۱۔ کتاب کبری الیقینیات الکونیۃ مصنفہ ڈاکٹر محمد سعید رمضان البوطی۔

۲۔ کتاب اللہ جل جلالہ مصنفہ جناب سعید حوّی۔

۲۔ کتاب قصۃ الإیمان مصنفہ جناب ندیم الجسر۔

دوسرے اور تیسرے مرحلہ کی کتابوں کے ساتھ وہ کتابیں بھی شامل کرلینا چاہیے جو عقیدہ اور افکار سے تعلق رکھتی ہیں۔ لہٰذا ہر نوجوان کے لیے یہ ضروری ہے کہ ان کتابوں کو خریدے اور ان کو پڑھے اور خوب غور سے ان کا مطالعہ کرے۔ اس لیے کہ یہ عقیدہ کو راسخ اور ایمان کو مضبوط کرتی ہیں اور ان کتابوں میں سے اہم یہ ہیں :

الدین فی مواجہۃ العلم مصنفہ جناب شیخ وحیدالدین خان
الاسلام یتحدی 〃 〃 〃
اللہ یتجلی فی عصر العلم مصنفہ علماءِ مغرب کی ایک جماعت
العلم یدعوالی الایمان مصنفہ کریسی مورلیسون
اللہ والعلم الحدیث مصنفہ عبدالرزاق نوفل
الطب فی محراب الإیمان مصنفہ ڈاکٹر خالص کنجو

وغیرہ وغیرہ وہ کتابیں جو ایمان کو قوی اور عقیدہ و اسلام کو راسخ کرتی ہیں۔

یہ اس وقت ہے جب بچہ تعلیم کے میدان میں مشغول ہو اور اپنی تعلیم جاری رکھتے ہوئے جامعہ تک پہنچ جائے لیکن اگر بچہ صرف پرائمری تک تعلیم حاصل کرکے عملی زندگی میں کمانے کے لیے قدم رکھے تو اس کے والد کو چاہیے کہ اس کو فارغ اوقات میں سمجھدار باصلاحیت اساتذہ کے ذریعہ عقیدۂ توحید سکھانے کی بھرپور کوشش کرے تاکہ اسے ایمان کی ابتدائی اور بنیادی باتیں معلوم ہوں۔ اور یہ معلمین و اساتذہ اس بچے کے دل میں توحیدِ خالص کے بیج بودیں تاکہ اس بچے کو یہ بخوبی معلوم ہوجائے کہ اللہ کی طرف ـــ کس چیز کی نسبت واجب ہے اور کس کی جائز اور کونسے امر کی نسبت اللہ کی طرف کرنا محال و ناممکن ہے، اور ایسی صورت میں بچہ خالص ایمانی تربیت میں بڑھے پلے گا۔ اور کسی قسم کے شبہہ سے نہ اس کے قدم ڈگمگائیں گے اور نہ کسی فتنہ اور لالچ کے دام میں گرفتار ہوگا۔

Marfat.com

فصلِ ثانی

۲- اخلاقی تربیت کی ذمہ داری

اخلاقی تربیت سے ہماری مراد تمام اخلاقی بنیادی باتوں اور کردار و وجدان سے متعلق فضائل کا وہ مجموعہ ہے۔ جنہیں حاصل کرنا اور سیکھنا اور اپنے اندر پیدا کرنا بچہ کے لیے ضروری ہے، اور بچپن اور سنِ شعور سے ہی ان کا عادی بنانا لازمی ہے۔ تاکہ جب وہ مکلف ہو اور جوان بنے اور زندگی کے گہرے سمندر میں قدم رکھے تو یہ تمام فضائل و کمالات اس میں موجود ہوں۔

اس میں نہ کوئی شک و شبہ ہے اور نہ اس میں کسی کا اختلاف ہے کہ اخلاق اور کردار سے متعلق فضائل یہ درحقیقت راسخ ایمان اور صحیح دینی تربیت کے ثمرات میں سے ایک ثمرہ ہے۔

چنانچہ بچے میں جب نوعمری ہی سے ایمان باللہ پیدا ہوگا اور اللہ کے خوف اور اس کے مراقبہ کی اس کو عادت ہوگی اور اسی پر بھروسہ کرنے اور اسی سے مدد مانگنے اور تمام حالات میں اس کے سامنے گردن جھکانے کا جب وہ عادی ہوگا تو ہر فضیلت اور اچھے کام کو قبول کرنے اور ہر اچھے اعلیٰ اور شریفانہ اخلاق کو اختیار کرنے کا اس میں فطری ملکہ اور وجدانی احساس و شعور پیدا ہوگا۔ اس لیے کہ جو دینی روک ٹوک اس کے ضمیر میں جاگزین ہوگئی ہے اور اللہ کا حاضر و ناظر ہونا جو اس کے وجدان میں راسخ ہوگیا ہے، اور جو نفسیاتی محاسبہ اس کے تمام تفکرات و احساسات پر غالب آچکا ہے یہ سب کا سب اس بچے اور ان گندی صفات اور رذیل قسم کی عادات اور گناہوں اور جاہلانہ فاسد رسم و رواج کے درمیان حائل بن جائے گا بلکہ خیر کی جانب متوجہ ہونا اس کی طبیعت اور عادت بن جائے گا۔ اور اچھائیوں اور نیکیوں سے محبت اس کی فطرت اور عادت اور اس کا ممتاز وصف بن جائے گا۔

اس بات کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ بہت سے دیندار والدین اور بہت سے مرشدوں و پیروں اور تربیت کرنے والوں کا اپنے شاگردوں، مریدوں اور اولاد کے سلسلہ میں یہ عملی تجربہ نہایت کامیاب رہا ہے، چنانچہ یہ تجربہ سلف کی سیرت اور حقیقت و واقع کی دنیا میں صحیح ثابت ہوچکا ہے۔ اور اس سے پہلے ہم حضرت محمد بن سوار کا وہ موقف ذکر کرچکے ہیں جو انہوں نے اپنے بھانجے سہل تستری کی صحیح ایمانی تربیت اور ان کی اصلاحِ نفس کے لیے

Marfat.com

اختیار کیا تھا۔ اور پھر سب نے دیکھ لیا کہ ان کی تربیت کی بدولت ان کے بھانجے کس طرح سے اللہ کے حضور میں حاضر رہتے اور ہمیشہ مراقبہ کی کیفیت میں رہتے اور اللہ کا خوف ان پر غالب رہتا۔ اور ہمیشہ اسی ذات باری پر اعتماد و بھروسہ کرتے تھے، اور اس کی وجہ یہ تھی کہ انہوں نے حضرت سہل کو بار بار اس کی ترغیب دی تھی کہ وہ ظاہری طور سے بھی اور مخفی طور پر بھی اور کھلم کھلا بھی اور چپکے سے بھی اور تنہائی میں بھی اور مجمعوں میں بھی اللہ معی (اللہ میرے ساتھ ہے) اللہ ناظرِ الیّ (اللہ مجھے دیکھ رہا ہے) اور اللہ شاہدی (اللہ میرا مشاہدہ کر رہا ہے) کا ورد جاری رکھیں۔

اور جب بچے کی تربیت اسلامی عقیدہ سے بعید اور دینی توجیہات سے عاری ہوگی اور اللہ سے تعلق نہ ہوگا تو بلاشبہ بچہ فسق و فجور اور آزادی میں پروان چڑھے گا، اور الحاد و گمراہی میں بڑھے پلے گا، بلکہ اپنی نفس کو خواہشات کا تابع بنا دے گا۔ اور اپنے مزاج و خواہشات اور گندے شوق کے مطابق نفسِ امارہ کی خواہشات اور شیطان کے وساوس کے پیچھے چلے گا۔

پھر اگر اس کا مزاج پر سکون اور صلح پسند و صلح جو قسم سے ہے تو وہ دنیاوی زندگی میں بے وقوفوں اور غافلوں کیطرح رہے گا۔ زندہ ہوگا لیکن مردہ کی طرح، اور موجود ہوگا لیکن غیر موجود کی طرح۔ کسی کو نہ اس کی زندگی کی خبر ہوگی اور نہ ہی اس کے مرنے سے کوئی خلا پیدا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ شاعر کا بھلا کرے وہ کہتے ہیں:

فذاك الذی إن عاش لم ینتفع به — وإن مات لا تبکی علیه أقاربه

وہ ایسا شخص ہے کہ اگر وہ زندہ ہے تو اس سے فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا — اور اگر وہ مر جائے تو اس پر اس کے عزیز و رشتہ دار بھی نہ روئیں

اور اگر اس پر بہیمیت کا پہلو غالب ہوگا تو شہوات و خواہشات اور لذتوں کے پیچھے پیچھے مارا پھرے گا۔ ان کو حاصل کرنے کے لیے ہر ناجائز و ممنوع جگہ میں گھس جائے گا۔ اور اس کی خاطر ہر راستہ اختیار کر لے گا۔ نہ حیا اس کو روکے گی اور نہ ضمیر اس کی سرکوبی کرے گا اور نہ عقل اس کے لیے مانع بنے گی۔ اور وہ وہی بات کہے گا۔ جو شاعر ابو نواس نے کہی تھی۔

إنما الدنیا طعام — وشراب و ندام

دنیا کھانے پینے — اور شراب اور مے نوشی کی مجلسوں کا نام ہے

فإذا فاتك هذا — فعلی الدنیا سلام

لہٰذا اگر تمہیں یہ چیزیں نہ ملیں — تو پھر دنیا کو سلام ہے

اور اگر اس کا مزاج جذباتی قسم کا ہے تو اس کا مقصد دنیا میں غلبہ اور طاقت حاصل کرنا اور لوگوں پر بڑائی جتلانا اور حکم چلانا اور اپنی فوقیت کا اظہار کرنا اور اپنی زبان سے فخر و مباہاۃ کرنا اور اپنے کارناموں پر اترانا ہوگا۔

Marfat.com

اوراس سلسلہ میں اسے اس کی بھی پرواہ نہیں ہوگی کہ وہ اس مقصد کے حصول لیے لوگوں کی کھوپڑیوں سے محل بنائے، اور پاک وبری لوگوں کے خون سے اسے منقش وآراستہ کرے۔ اور اس کا شعار وہ ہوگا جو زمانۂ جاہلیت کے شاعر نے کہا تھا:

لنا الدنیا ومن أمسی علیها — ونبطش حین نبطش قادرینا
دنیا اور جو کچھ اس میں ہے وہ سب کا سب ہمارا ہے — اور جب قدرت پاکر ہم گرفت کرتے ہیں تو ایسی حالت میں گرفت کرتے ہیں

بغاۃ ظالمین وما ظلمنا — ولکنا سنبدأ ظالمینا
کہ ہم ظلم وبغاوت کرتے ہیں حالانکہ ہم پر ظلم نہیں کیا گیا — بلکہ ہم خود ظلم کی ابتداء کرتے ہیں

إذا بلغ الرضیع لنا فطاما — تخرّ له الجبابر ساجدینا
ہمارا بچہ جب دودھ چھڑانے کی عمر کو پہنچتا ہے — تو بڑے بڑے سرکش وجابر اسکے سامنے سجدہ میں گر جاتے ہیں

اور اگر اس پر شیطانی پہلو غالب ہوگا تو وہ مکاریاں کرتا اور تدبیریں سوچتا رہے گا اور دوستوں میں تفریق کرے گا، اور وہ ہلاک کرنے کے لیے بارودی سرنگیں بچھادے گا اور قتل کرنے کے لیے کنوؤں میں زہر گھول دے گا۔ اور شکار کے لیے پانی کو گدلا کردے گا اور گناہوں کو آراستہ کردے گا اور برائیوں پر ابھارے گا اور لوگوں میں عداوت وبغض پیدا کرے گا اور زبانِ حال سے شاعر کا یہ شعر دہرائے گا:

إذا أنت لم تنفع فضرّ فإنما — یرجّی الفتی کیما یضرّ وینفعا
اگر تم نفع نہ پہنچا سکو تو نقصان ہی پہنچاؤ اس لئے کہ — نوجوان سے امیدیں وابستہ کی جاتی ہیں تاکہ وہ نفع اور نقصان پہنچائے

اور اس طرح سے ان جیسا ہر شخص اپنی نفسِ امارہ کے ساتھ ساتھ پھرتا رہتا ہے۔ جہاں اس کا نفس اس کو لیجاتا ہے وہاں اس کے ساتھ چلا جاتا ہے۔ اور جہاں اس کی منحرف اور کج طبیعت اور مزاج اس کو ہانک کر لے جاتا ہے وہاں پہنچ جاتا ہے، اور اپنی خواہشات کا غلام بن جاتا ہے۔ اور خواہشات وعشق ومحبت انسان کو اندھا اور بہرہ کردیتی ہے، اور یہ ایسی چیز ہے جو خدا اور معبود بن بیٹھتی ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿ وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوَاهُ بِغَيْرِ هُدًى مِنَ اللَّهِ ﴾ — اور اس سے زیادہ گمراہ کون ہوگا جو شخص محض اپنی نفسانی خواہش پر چلے بغیر اللہ کی طرف سے کسی ہدایت کے۔ — القصص ۵۰

ہم نے جو کچھ بیان کیا ہے اس کا خلاصہ یہ نکلتا ہے کہ ایمانی تربیت ہی ایسی چیز ہے جو منحرف قسم کے مزاج کے مالک لوگوں کی اصلاح کرتی ہے اور فاسد وکج قسم کے لوگوں کو سیدھا اور درست کرتی ہے۔ اور نفسِ انسانی کی اصلاح کرتی ہے۔ اور اس کے بغیر نہ کسی قسم کی اصلاح ممکن ہے اور نہ استقرار وسکون اور نہ اخلاق کی درستگی واصلاح۔

لہ ملاحظہ ہو استاذ قرضاوی کی کتاب "الایمان والحیاۃ" کا صفحہ (۲۱۰) کچھ تھوڑے سے تغیر کے ساتھ۔

ایمان واخلاق کے درمیان اسی مضبوط ربط وتعلق اور عقیدہ اور عمل کے درمیان اسی عظیم ومستحکم رابطہ کی وجہ سے مغرب کے علماء تربیت اور ذمہ دارانِ اصلاحِ معاشرہ اوران کے علاوہ دوسری بہت سی قوموں کے مصلحین اس جانب متوجہ ومتنبہ ہوگئے ہیں۔ اوراس سلسلہ میں انہوں نے رہنمائی کرنا شروع کردی ہے اورانہوں نے اپنا نقطۂ نظراور رائے یہ ظاہر کی ہے کہ دین کے بغیر نہ تو کامل ومکمل استقرار پایا جاسکتا ہے اور نہ ایمان کے بغیر اصلاح متحقق ہوسکتی ہے اور نہ اخلاق درست ہوسکتے ہیں۔

ان حضرات کی آراء اور تجاویز میں سے بعض ذیل میں پیش کی جاتی ہیں

✿ جرمنی فلسفی فیختہ کہتے ہیں کہ دین کے بغیر اخلاق عبث وبے کار چیز ہے۔

✿ ہندوستان کے مشہور لیڈر گاندھی کہتے ہیں کہ دین اور اچھے اخلاق یہ دونوں ایک ہی چیز ہیں اور یہ انفصال اور جدائی کو قبول نہیں کرتے۔ اوران میں سے کوئی بھی ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوسکتا، یہ دونوں ایسی وحدت واتحاد ہیں جس میں تجزی نہیں ہوسکتی۔ دین اخلاق کے لیے روح کی مانند ہے اور اخلاق روح کے لیے فضا کی طرح ہے۔ بالفاظِ دیگر دین اخلاق کو اس طرح غذا بہم پہنچاتا اور اس کی نشوونما کرتا ہے جیسے کہ پانی کھیتی کو غذا پہنچاتا اور نشوونما کرتا ہے۔

✿ برطانوی جج مسٹر ڈیننگ ایک سابق برطانوی وزیر کے گندے کرتوتوں اور بداخلاقیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے اخلاقی رپورٹ میں لکھتے ہیں: دین کے بغیر اخلاق کا وجود ناممکن ہے اور اخلاق کے بغیر کسی قانون کا پایا جانا ناممکن ہے!! اس لیے کہ دین ایک ایسا منفرد، یکتا اور پاک صاف معصوم مرکز ہے جس سے اچھے اور برے اخلاق کو پہچانا جاتا ہے، اور دین ہی وہ چیز ہے جو ان اعلیٰ کارناموں سے انسان کا رابطہ قائم کردیتی ہے جس کی طرف ٹکٹکی باندھ کر دیکھا جاتا ہے اور جس کے لیے جدوجہد کی جاتی ہے۔ اور دین ہی وہ چیز ہے جو افراد کی انانیت کو لگام دیتی ہے اور ان کے خیالات وافکار کو سرکشی سے روکتی اور رسم ورواج کے غلبہ سے بچاتی ہے۔ اور انسان کو اپنے اغراض ومقاصد اور شاندار کارناموں کے سامنے دین ہی جھکاتا ہے۔ اور انسان میں ایک ایسا زندہ وروشن ضمیر تربیت دیتا ہے جس کی بنیاد پر اخلاق کا محل تعمیر ہوتا ہے۔

✿ اس سے پہلے ہم فلسفی "کینٹ" کا قول ذکر کرچکے ہیں کہ تین قسم کے اعتقاد کے پائے جائے بغیر اخلاق کا وجود نہیں پایا جاسکتا، خدا کے وجود، روح کے ہمیشہ رہنے، اور مرنے کے بعد حساب کتاب

Marfat.com

کا اعتقاد رکھنا۔

جو کچھ ہم ذکر کر چکے ہیں اس کو پڑھ کر اس میں کوئی تعجب نہیں ہوتا کہ ہم شریعتِ اسلامیہ کو اخلاقی اعتبار سے بچوں کی تربیت کا زبردست اہتمام کرتے ہوئے دیکھیں۔ اور یہ مشاہدہ کریں کہ بچے میں مکارم اخلاق اور فضائل پیدا کرنے اور بہترین اخلاق اور اچھی عادات کا عادی بنانے کے سلسلے میں اسلام کی قیمتی رہنمائی و توجیہات بے شمار ہیں۔

اخلاق و کردار کے لحاظ سے بچّے کی تربیت کے سلسلہ میں اہم نصیحتیں اور تجاویز و توجیہات کو ذیل میں پیش کیا جاتا ہے۔

امام ترمذی ایوب بن موسیٰ سے اور وہ اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«ما نحل والد ولداً من نحل أفضل من أدب حسن».

کسی باپ نے اپنے بیٹے کو عمدہ اور بہترین ادب سے زیادہ اچھا ہدیہ نہیں دیا۔

اور ابن ماجہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«أكرموا أولادكم وأحسنوا أدبهم».

اپنے بچوں کا اکرام کرو اور انہیں اچھی تربیت دو۔

اور عبدالرزاق اور سعید بن منصور وغیرہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں:

«علموا أولادكم وأهليكم الخير وأدبوهم».

اپنی اولاد اور گھر والوں کو خیر و بھلائی کی باتیں سکھاؤ اور ان کی اچھی تربیت کرو۔

بیہقی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«من حق الولد على الوالد أن يحسن أدبه ويحسن اسمه».

بچہ کا باپ پر یہ حق ہے کہ وہ اس کو اچھی تربیت دے اور اس کا اچھا سا نام رکھے۔

ابن حبان حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«الغلام يعقّ عنه يوم السابع

بچے کا ساتویں دن عقیقہ کیا جائے گا اور اس کا نام

Marfat.com

وليمي ويماط عنه الأذى، فإذا بلغ ست سنين أدب ، وإذا بلغ تسع سنين عزل عن فراشه، فإذا بلغ ثلاث عشرة سنة ضرب على الصلاة والصوم، فإذا بلغ ست عشرة زوجه أبوه، ثم أخذ بيده وقال: قد أدبتك وعلمتك وأنكحتك أعوذ بالله من فتنتك في الدنيا وعذابك في الآخرة)).

رکھا جائے گا اور اس کے بال وغیرہ دور کر دیے جائیں گے اور پھر جب چھ سال کا ہو جائے تو اس کی تربیت کی جائے، اور جب نو سال کی عمر کو پہنچ جائے تو بستر کا بچھونا الگ کر دیا جائے گا۔ اور پھر جب تیرہ سال کا ہو جائے تو نماز اور روزہ کے لیے اسے مارا جائے گا۔ اور پھر جب سولہ سال کا ہو جائے تو اس کا باپ اس کی شادی کرا دے اور پھر اس کا ہاتھ پکڑ کر کہے کہ میں نے تمہیں تعلیم دی اور ادب سکھایا، اور تمہارا نکاح کر دیا۔ میں اللہ کے ذریعہ سے دنیا میں تمہارے فتنہ و آزمائش سے اور آخرت میں عذاب سے پناہ مانگتا ہوں۔

تربیت سے متعلق ان احادیث کے مجموعہ سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ تربیت کرنے والوں اور خصوصاً والدین پر بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اولاد کو خیر سکھائیں اور اخلاق کی بنیادی باتیں ان کی گھٹی میں ڈال دیں۔

اس سلسلہ میں ان حضرات کی مسئولیت و ذمہ داری ہر اس چیز کو شامل ہے جو ان کی نفوس کی اصلاح اور کجی کی درستگی سے متعلق ہو۔ اور جو انہیں بری باتوں اور غلط کاموں سے دور رکھے اور دوسروں کے ساتھ حسنِ معاملہ پر آمادہ کرے۔

چنانچہ یہ مربی و ذمہ دار حضرات اس امر کے مسئول ہیں کہ بچپن سے ہی بچوں میں سچائی، امانت، استقامت ایثار، پریشانیوں اور مصیبت زدہ لوگوں کی فریاد رسی، بڑوں کے احترام، مہمانوں کے اکرام، پڑوسیوں کے ساتھ احسان اور دوسروں کے ساتھ محبت سے پیش آنے کا عادی بنائیں۔

اور یہ حضرات اس کے بھی مسئول ہیں کہ ان کی زبان کو گالم گلوچ، برا بھلا کہنے، گندے کلمات منہ سے نکالنے، اور ان تمام چیزوں سے دور رکھیں جو اخلاق کی خرابی اور بری تربیت پر دلالت کرتی ہیں۔

اور اس کے بھی مسئول ہیں کہ انہیں گندے اور برے کاموں اور خراب عادتوں اور برے اخلاق اور ان تمام حرکات سے بچائیں جو مروت، شرافت اور عفت کو بٹہ لگانے والی اور ان کی منزلت کو کم کرنیوالی ہیں۔

اور وہ اس بات کے مسئول بھی ہیں کہ ان کو اعلیٰ انسانی احساسات اور بہترین اعلیٰ شعور و جذبات کا عادی بنائیں مثلاً یتیموں کے ساتھ احسان کرنا، فقراء کے ساتھ حسنِ سلوک، بیواؤں اور مسکینوں پر شفقت اور ان سے ہمدردی کرنا، اور اس کے علاوہ دوسری بڑی بڑی وہ مسئولیات و ذمہ داریاں جو تہذیب سے تعلق رکھتی ہیں

Marfat.com

اور اخلاق سے مرتبط ہیں۔

بچوں میں پائی جانے والی چار بُری عادتیں:

اسلام کی نظر میں چونکہ بہترین تربیت کا سب سے زیادہ مدار دیکھ بھال اور نگرانی پر ہے۔ اس لیے ماں باپ اور معلموں اور ان تمام حضرات کو جو تربیت و اخلاق کے کام کا اہتمام کرتے ہیں۔ اولاد میں چار باتوں کا خاص خیال رکھنا چاہیئے۔ اور ان کو اس طرف اپنی پوری توجہ مرکوز رکھنا چاہیئے۔ اس لیے یہ چاروں باتیں بہت بری اور اخلاق سے گری ہوئی اور بدترین اوصاف میں سے ہیں۔ اور یہ چاروں باتیں ترتیب وار درج ذیل ہیں:

۱۔ جھوٹ کی عادت۔
۲۔ چوری کی عادت۔
۳۔ گالم گلوچ اور بدزبانی کی عادت۔
۴۔ بے راہ روی و آزادی کی عادت۔

۱۔ جھوٹ بولنے کی عادت

اسلام کی نظر میں جھوٹ سب سے بری خصلت ہے اس لیے تمام تربیت کے ذمہ داروں کو چاہیے کہ اس کا بہت زیادہ خیال رکھیں اور اس سلسلہ میں خوب محنت کریں، تاکہ بچوں کو اس سے باز رکھ سکیں، اور اس کی نفرت ان کے دلوں میں راسخ کر دیں، اور جھوٹ اور نفاق کی گندی عادتوں سے دور رہیں۔

جھوٹ کی برائی اور قباحت کے لیے اتنا کافی ہے کہ اسلام نے اسے نفاق کی خصلتوں میں شمار کیا ہے، چنانچہ امام بخاری و مسلم وغیرہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

«أربع من كنّ فيه كان منافقًا خالصًا، ومن كان فيه خصلة منهن كان فيه خصلة من النفاق حتى يدعها: إذا اؤتمن خان، وإذا حدث كذب، وإذا عاهد غدر، وإذا خاصم فجر».

جس شخص میں چار باتیں ہوں گی وہ خالص منافق ہوگا اور جس میں ان میں سے ایک بات ہوگی اس میں نفاق کی ایک خصلت ہوگی۔ جب تک کہ وہ اسے چھوڑ نہ دے: جب اس کے پاس امانت رکھائی جائے تو اس میں خیانت کرے۔ اور جب گفتگو کرے تو جھوٹ بولے۔ اور جب وعدہ کرے تو اس کی خلاف ورزی کرے اور جب جھگڑے تو فحش گوئی کرے۔

اور اس کی قباحت و شناعت اور برائی کے لیے اتنی بات کافی ہے کہ اس کا مرتکب اور جھوٹ بولنے والا اللہ کی ناراضگی اور عذاب میں گرفتار رہتا ہے، چنانچہ امام مسلم وغیرہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے

Marfat.com

ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((ثلاثة لا يكلمهم الله يوم القيامة ولا يزكيهم ولا ينظر إليهم ولهم عذاب أليم: شيخ زان ، وملك كذاب، وعائل متكبر)).

تین آدمی ایسے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ قیامت کے روز نہ گفتگو فرمائیں گے اور نہ ان کا تزکیہ کریں گے اور نہ ان کی طرف دیکھیں گے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہوگا: بوڑھا زانی، اور جھوٹ بولنے والا بادشاہ، اور متکبر فقیر و ضرورت مند۔

اور اس کی برائی اور شناعت کے لیے یہ کافی ہے کہ جو شخص جھوٹ کا عادی بن جائے وہ اللہ تعالیٰ کے یہاں جھوٹوں میں لکھ دیا جاتا ہے، چنانچہ امام بخاری و مسلم وغیرہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((إياكم والكذب فإن الكذب يهدي إلى الفجور، وإن الفجور يهدي إلى النار، وما يزال العبد يكذب ويتحرى الكذب حتى يكتب عند الله كذابا)).

تم جھوٹ سے بچو اس لیے کہ جھوٹ برائیوں کی طرف لے جاتا ہے اور برائیاں جہنم کی آگ تک لے جاتی ہیں. اور انسان جھوٹ بولتا رہتا اور جھوٹ بولنے کی کوشش کرتا رہتا ہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں جھوٹا لکھ دیا جاتا ہے۔

اور جھوٹ کی قباحت و شناعت کے اتنی بات ہی کافی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بڑی خیانت شمار کیا ہے. چنانچہ ابوداؤد حضرت سفیان بن اُسید حضرمی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ:

((كبرت خيانة أن تحدث أخاك حديثا هو لك مصدق وأنت له به كاذب)).

یہ بہت بڑی خیانت ہے کہ تم اپنے بھائی سے کوئی بات کرو اور وہ اس میں تمہیں سچا سمجھ رہا ہو اور تم اس سے جھوٹ بول رہے ہو۔

لہٰذا جب جھوٹ اور جھوٹ بولنے والوں کی یہ حالت ہے تو پھر تربیت کرنے والوں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی اولاد کو جھوٹ سے متنفر کریں. اس سے روکیں اور انکو اس کے برے انجام سے ڈرائیں. اور اس کے نقصانات و مضر اثرات ان کے سامنے بیان کریں، تاکہ وہ اس کے دام میں گرفتار نہ ہوں: اور اس کی دلدل میں نہ پھنسیں اور اس کے بیابان میں حیران و پریشان ہو کر ٹھوکریں نہ کھائیں.

چونکہ مربیوں کی نظر میں بہترین تربیت کا مدار بہترین مقتدیٰ اور اچھے نیکوکار لوگوں پر ہوتا ہے اس لیے ہر

Marfat.com

مربی اور مسئول کے لیے یہ ضروری ہے کہ بچوں کو رونے سے چپ کرنے یا کسی کام کی رغبت دلانے یا ان کا غصہ ٹھنڈا کرنے کے لیے ان سے جھوٹ نہ بولیں، اس لیے کہ اگر وہ خود ایسا کریں گے تو پھر تو اپنے بچوں کو جھوٹ کا عادی بنا دیں گے اور وہ اس طرح سے کہ وہ بچے ان کی نقل اور اقتدا میں اور ان کی غلط تربیت کی وجہ سے اس گندی عادت اور بدترین اخلاق یعنی جھوٹ جیسی برائی کے دلدادہ ہو جائیں گے. اور اس کے ساتھ ساتھ ان بچوں کو اپنے بڑوں کی بات پر اعتماد و بھروسہ بھی نہیں رہے گا، اور ان کی وعظ و نصیحت سے متاثر بھی نہیں ہوں گے۔

اسی لیے ہم دیکھتے ہیں کہ مربی اول مرشد کامل حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے اولیاء و تربیت کرنے والوں کو اپنے بچوں کے سامنے مذاق میں یا کسی چیز کی رغبت دلانے یا یونہی جھوٹ بولنے سے بھی ڈرایا ہے تاکہ خدا کے یہاں یہ مذاق بھی جھوٹ نہ لکھ دیا جائے چنانچہ ابو داؤد و بیہقی حضرت عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک روز میری والدہ نے مجھے پکارا، اس وقت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے گھر میں تشریف فرما تھے، تو میری والدہ نے کہا: آؤ میں تمہیں یہ دے دوں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا:

«ما أردت أن تعطيه؟».

تم نے اس کو کیا دینا چاہا تھا؟

انہوں نے کہا کہ میں ان کو کھجور دینا چاہتی تھی. تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا:

«أما أنك لو لم تعطيه شيئاً كتبت عليك كذبة».

سن لو اگر تم اسے کچھ بھی نہ دیتی تو تمہارے لیے ایک جھوٹ لکھ دیا جاتا۔

اور امام احمد اور ابن ابی الدنیا حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«من قال لصبي: هاك ثم لم يعطه فهي كذبة».

جس شخص نے بچے سے یہ کہا کہ آجاؤ لے لو اور پھر اس کو کچھ نہ دیا تو یہ بھی جھوٹ ہے۔

سلفِ صالحین اپنے بچوں کو سچ بولنے کا عادی بنایا کرتے تھے اور اس سلسلہ میں ان پر کڑی نظر رکھتے تھے اس ضمن میں جو عجیب و غریب قصے منقول ہیں ان میں سے درج ذیل قصہ بھی ہے:

۱۔ عالمِ ربانی شیخ عبدالقادر گیلانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے بچپن سے ہی اپنے تمام معاملات کی بنیاد سچ پر ہی رکھی اور وہ اس طرح سے کہ میں علم حاصل کرنے کے لیے مکہ مکرمہ سے بغداد کے ارادہ سے نکلا. میری والدہ نے مجھے اخراجات کے لیے چالیس دینار دے دیے اور مجھ سے یہ عہد لیا کہ میں ہمیشہ سچ بولوں گا، جب ہم ہمدان کی سرزمین میں پہنچے تو چوروں کی ایک جماعت نے ہم پر حملہ کر دیا اور قافلہ والوں کو روک لیا، ان چوروں میں سے ایک چور میرے پاس آیا اور اس نے مجھ سے کہا: تمہارے پاس کیا چیز ہے؟ میں نے کہا: چالیس دینار، وہ یہ سمجھا کہ

Marfat.com

میں اس سے مذاق کر رہا ہوں چنانچہ وہ مجھے چھوڑ کر آگے بڑھ گیا، ان میں سے ایک دوسرے آدمی نے مجھے دیکھا تو مجھ سے پوچھا کہ تمہارے پاس کیا ہے تو میرے پاس جو کچھ تھا وہ میں نے اسے بتا دیا، چنانچہ وہ مجھے پکڑ کر اپنے سردار کے پاس لے گیا اور اس نے مجھ سے یہی بات پوچھی تو میں نے اسے بھی وہی بات بتلا دی۔

اس سردار نے مجھ سے پوچھا کہ تمہیں سچ بولنے پر کس چیز نے مجبور کر دیا؟ تو میں نے کہا کہ میں نے اپنی والدہ سے سچ بولنے کا عہد کیا تھا، اس لیے مجھے ڈر تھا کہ میں عہد کی خلاف ورزی نہ کر بیٹھوں، یہ سن کر چوروں کے سردار پر خوف طاری ہو گیا اور وہ چیخنے لگا اور اس نے اپنے کپڑے پھاڑ ڈالے اور کہا کہ تم تو اپنی والدہ سے کیے ہوئے عہد کو توڑنا نہیں چاہتے اور میں اللہ سے کیے ہوئے عہد میں خیانت کرنے سے بھی نہیں ڈرتا؟!! : اور پھر اس نے قافلہ کا لوٹا ہوا تمام مال واپس کرنے کا حکم دے دیا اور کہا: میں آپ کے ہاتھ پر اللہ سے توبہ کرتا ہوں۔ تو پھر اس کے ساتھیوں نے کہا: چوری کرنے اور ڈاکہ ڈالنے میں آپ ہمارے سردار تھے اور آج توبہ کرنے میں بھی آپ ہمارے سردار ہیں، چنانچہ اس سچ کی برکت سے سب کے سب نے توبہ کر لی۔

۲ - چوری کی عادت

چوری کی عادت بھی جھوٹ کی عادت سے کچھ کم خطرناک نہیں ہے۔ اور چوری کی عادت ان پست ماندہ علاقوں میں زیادہ عام ہے جنہوں نے اپنے آپ کو اسلامی اخلاق سے آراستہ نہیں کیا ہے اور جو ایمانی تربیت سے صحیح فیض یاب نہیں ہوئے ہیں۔

اور یہ ایک بدیہی سی بات ہے کہ اگر بچپن سے ہی بچے میں خدا کا خوف اور اس کے حاضر و ناظر ہونے کا یقین پیدا نہ ہو۔ اور امانت داری اور حقوق ادا کرنے کا عادی نہ بنے، تو بلاشبہ بچہ آہستہ آہستہ دھوکہ بازی، چوری اور خیانت اور دوسروں کا مال ناحق کھانے کا عادی بن جائے گا، بلکہ وہ ایسا بدبخت اور مجرم ہوگا کہ جس سے معاشرہ والے پناہ مانگیں گے اور اس کے برے کاموں سے لوگ امان چاہیں گے۔

اس لیے والدین اور تربیت کرنے والے حضرات پر یہ فرض ہے کہ وہ بچوں کی دل میں اللہ کے حاضر ناظر ہونے کا تصور پیدا کریں اور یہ عقیدہ ان کے نفوس میں راسخ کریں، اور ان میں خدا کا خوف پیدا کریں، اور چوری کے بُرے نتائج اور دھوکہ بازی اور خیانت کے بُرے انجام سے انہیں آگاہ کریں۔ اور ان کو صاف صاف کھول کھول کر یہ بتلا دیں کہ اللہ تعالیٰ نے مجرموں، بدکرداروں راہِ راست سے ہٹنے والوں کے لیے قیامت میں کیا بدترین انجام اور دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

یہ بات نہایت تکلیف دہ اور افسوس ناک ہے کہ بہت سے ماں باپ اپنے بچوں کے پاس جو ساز و سامان اور دیگر اشیاء اور روپیہ پیسہ دیکھتے ہیں اس کے سلسلہ میں ان کی صحیح نگرانی اور دیکھ بھال نہیں کرتے، اور اولاد کے

Marfat.com

صرف یہ کہنے سے کہ انہیں راستہ میں پڑا مل گیا یا انہیں کسی ساتھی یا دوست نے ہدیۃً دیا ہے ان کی بات تسلیم کر لیتے ہیں اور ان کی جھوٹی بات مان لیتے ہیں اور تحقیق و تدقیق کی ذمہ داری پوری کرنے کی اپنے آپ کو بالکل بھی تکلیف نہیں دیتے حالاں کہ یہ ایک طبیعی اور فطری بات ہے کہ بچہ اپنی چوری چھپانے کے لیے اس طرح کے جھوٹے دعوے ہی کرے گا تاکہ اس پر الزام نہ آئے اور وہ رسوائی سے بچ جائے۔ اور یہ بھی فطری بات ہے کہ جب بچہ یہ دیکھے گا کہ اس کا نگران اور مربی باریک بینی اور تحقیق سے کام نہیں لیتا اور اس کے سلسلہ میں پورا اہتمام نہیں کر رہا ہے تو بچہ مجرمانہ زندگی میں اور زیادہ منہمک ہو جائے گا۔

اور اس سے بھی زیادہ بری بات یہ ہے کہ بچہ اپنے والدین میں سے کسی ایک کو چوری پر آمادہ کرتا یا اس پر جبری کرتا ہوا پائے اس صورت میں بلاشبہ وہ بچہ جرم میں پکا ہو جائے گا اور چوری اور مجرمانہ زندگی میں اور زیادہ مستغرق ہو جائے گا۔

وهل يرجى لأطفال كمال ... إذا ارتضعوا ثدي الناقصات

کیا ان بچوں سے کسی فضل و کمال کی امید رکھی جا سکتی ہے ... جنہوں نے ناقص عورتوں کے سینہ سے دودھ پیا ہو

ایک شرعی عدالت نے ایک چور پر چوری کی سزا نافذ کرنے کا حکم دے دیا، اور پھر جب سزا پر عمل درآمد کا وقت آگیا تو اس چور نے لوگوں سے بآواز بلند کہا: میرا ہاتھ کاٹنے سے پہلے میری والدہ کی زبان کاٹ دو، اس لیے کہ میں نے زندگی میں پہلی مرتبہ اپنے پڑوسی کے یہاں سے ایک انڈے کی چوری کی تھی تو میری والدہ نے مجھے نہ تنبیہ کی اور نہ مجھے یہ حکم دیا کہ میں وہ انڈا پڑوسی کو واپس کر دوں، بلکہ وہ چھپانے لگیں اور اس نے کہا: خدا کا شکر ہے کہ اب میرا بیٹا پورا آدمی بن گیا ہے۔ اگر میری ماں کے پاس جرم پر چھپانے والی زبان نہ ہوتی تو آج میں معاشرہ میں چور نہ بنتا۔[1]

یہ صحیح تربیت کے کچھ نمونے والدین (ماں باپ) کے لیے پیش کیے جاتے ہیں تاکہ انہیں معلوم ہو کہ سلف صالحین نے اپنے بچوں کی اصلاح کرنے اور انہیں حقوق کی ادائیگی کا پابند بنانے اور امانت کے وصف کو لازم پکڑنے اور اٹھتے بیٹھتے اور ظاہراً و باطناً اللہ کا مراقبہ اور اس کے حاضر و ناظر ہونے کے عقیدہ کو مضبوط کرنے کی ان پر کس طرح سے محنت کی تھی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دودھ میں پانی ملانے سے روکنے کے لیے ایک آرڈر جاری کیا، لیکن کیا قانون کی کوئی ایسی آنکھ ہوتی ہے جو ہر خلاف ورزی کرنے والے کو دیکھ سکے اور ہر خائن اور دھوکہ باز و ملاوٹ کرنیوالے کے ہاتھ کو پکڑ سکے؟

قانون اس سے قطعاً عاجز ہے، اللہ تعالیٰ پر ایمان اور اس کے حاضر و ناظر ہونے کا یقین ہی اس میدان میں

---

[1] ملاحظہ ہو ڈاکٹر مصطفےٰ سباعی رحمہ اللہ کی کتاب "اخلاقنا الاجتماعیۃ" (ص-۱۶۲)۔

Marfat.com

اپنا کام دکھاتا ہے، اسی مناسبت سے ماں بیٹی کا وہ مشہور قصہ ذکر کیا جاتا ہے جس میں ماں یہ چاہتی تھی کہ نفع کو بڑھانے کے لیے دودھ میں پانی ملا دیا جائے۔ لیکن سچی مؤمن لڑکی اپنی ماں کو امیر المؤمنین کے اس حکم اور ممانعت کو یاد دلا رہی تھی اور پھر بیٹی ماں کو خاموش کرنے والا یہ جواب دیتی ہے کہ: اگر امیر المؤمنین ہمیں نہیں دیکھ رہے ہیں تو امیر المؤمنین کا رب تو ہمیں دیکھ رہا ہے !!

حضرت عبداللہ بن دینار کہتے ہیں کہ میں حضرت عمر بن الخطابؓ کے ساتھ مکہ مکرمہ کی جانب روانہ ہوا۔ ایک چرواہا پہاڑ سے اتر کر ہماری جانب آیا حضرت عمرؓ نے اس کا امتحان لینے کی خاطر فرمایا: اے چرواہے ان بکریوں میں سے ایک بکری میرے ہاتھ بیچ دو۔ اس چرواہے نے کہا کہ میں تو غلام ہوں، حضرت عمر نے اس سے کہا کہ تم اپنے آقا سے یہ کہہ دینا کہ اس بکری کو بھیڑیا کھا گیا ہے۔ چرواہے نے جواب دیا کہ پھر اللہ کو کیا جواب دوں گا وہ تو دیکھ رہا ہے وہ کہاں جائے گا۔ یہ سن کر حضرت عمر رونے لگے اور پھر اس غلام کے ساتھ اس کے آقا کے پاس گئے اور اس کو خرید کر آزاد کر دیا، اور اس سے کہا: تمہیں دنیا میں اس بات نے آزاد کر دیا اور مجھے امید ہے کہ یہی بات تمہیں آخرت میں بھی عذاب سے بچا لے گی۔

۳۔ گالم گلوچ اور بدزبانی کی عادت

رہی گالم گلوچ و فحش گوئی کی عادت تو یہ بھی ان قبیح ترین عادات میں سے ہے جو بچوں میں عام ہے اور جو معاشرے اور ماحول قرآنِ کریم کی ہدایت اور اسلام کی تربیت سے دور ہیں ان میں یہ مرض بہت عام ہے اور اس کا اصل سبب دو بنیادی باتیں ہیں:

۱۔ بُرا نمونہ چنانچہ جب بچہ اپنے ماں باپ کی زبان سے گالم گلوچ سنے گا، اور گندے گندے کلمات اور گالیاں اس کے کان میں پڑیں گی تو لازمی طور سے بچہ بھی ان کلمات کی نقل اتارے گا اور بار بار انہی کلمات کو دہرائے گا اور آخر کار گندے کلمات اور بری باتیں اور جھوٹ ہی اس کے منہ سے نکلے گا۔

۲۔ بُری صحبت چنانچہ جو بچہ سڑکوں اور گلیوں میں آزاد چھوڑ دیا جائے گا اور برے ساتھیوں کے ساتھ رہے گا اور گندے لوگوں کے ساتھ اسے اٹھنے بیٹھنے دیا جائے گا تو ظاہر بات ہے کہ ایسا بچہ ان غلط قسم کے لوگوں سے لعن طعن، گالم گلوچ اور گندی زبان ہی سیکھے گا۔ اور یہ فطری بات ہے کہ بچہ ان جیسے لوگوں سے گندے الفاظ اور قبیح و بدترین عادات و اخلاق ہی سیکھے گا۔ اور بدترین تربیت ہی حاصل کرے گا اور خراب اخلاق اپنے اندر پیدا کرے گا۔

اس لیے ماں باپ اور تربیت کرنے والوں سب پر یہ لازم ہے کہ اولاد کے لیے نہایت پیار بھرا میٹھا انداز، شائستہ زبان اور پیارے اور اچھے الفاظ اور تعبیر سے بہترین نمونہ پیش کریں۔ اور ساتھ ساتھ ان حضرات پر یہ بھی لازم ہے

Marfat.com

کہ انہیں گلیوں اور سڑکوں پر کھیلنے اور گندے لوگوں کی صحبت اور بدترین ساتھیوں کی رفاقت سے بچائیں۔ تاکہ وہ ا
لوگوں کی کجی انحراف سے متأثر نہ ہوں، اور ان کی عادات اپنے اندر پیدا نہ کرلیں، اور ان حضرات کا یہ بھی فریضہ ہے
بچوں کو زبان کی آفات واثرات ونتائج اور بے ہودہ پن اور فحش گوئی سے جو انسانی شخصیت کو نقصان پہنچتا اور وقا
مجروح ہوتا ہے اور معاشرہ کے افراد میں جو بغض وعداوت اور کینہ وحسد پیدا ہوتا ہے اسے ان کے سامنے
کھول کر بیان کریں۔

اخیر میں تربیت کرنے والوں پر یہ بھی ضروری ہے کہ وہ اپنے بچوں کو وہ احادیث بتلائیں اور سکھائیں جو
گالم گلوچ اور فحش گوئی سے منع کرتی ہیں اور فحش گوؤں، گالم گلوچ اور لعن طعن کرنے والوں کیلئے اللہ تعالیٰ نے
جو سخت سزا اور دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے وہ بیان کرتی ہیں۔ تاکہ بچے ان بری عادتوں سے بچیں اور ان احادیث
کی رہنمائیوں سے متأثر ہوں اور ان کے وعظ ونصیحت سے سبق حاصل کریں۔

لیجیے آپ کے سامنے چند وہ احادیث پیش کی جاتی ہیں جو گالم گلوچ سے روکتی اور برا بھلا کہنے سے منع کرتی ہیں

«سباب المسلم فسوق وقتاله كفر». بخاری ومسلم

مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس سے لڑنا کفر ہے۔

«إن من أكبر الكبائر أن يلعن الرجل والديه، قيل: يا رسول الله! كيف يلعن الرجل والديه؟ قال: يسب الرجل أبا الرجل فيسب أباه ويسب أمه فيسب أمه». بخاری ومسند احمد

کبیرہ گناہوں میں سب سے بڑا گناہ یہ ہے۔ کہ انسان اپنے والدین پر لعنت بھیجے، پوچھا گیا اے اللہ کے رسول کوئی شخص اپنے والدین پر لعنت کس طرح بھیج سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا کہ ایک شخص کسی کے والد کو گالی دیتا ہے اور پھر وہ اس کے والد کو گالی دے اور ایک شخص کسی کی ماں کو گالی دے اور پھر وہ اس کی ماں کو گالی دے۔

«إن العبد ليتكلم بالكلمة من سخط الله لا يلقي لها بالا يهوي بها في جهنم». صحیح بخاری

انسان اللہ کو ناراض کرنے والی ایک بات کہہ دیتا ہے اور اس کی پرواہ بھی نہیں کرتا اور اس کی وجہ سے جہنم میں گر جاتا ہے۔

«وهل يكبُّ الناس في النار على وجوههم إلا حصائد ألسنتهم» سنن اربعہ ومسند احمد

اور نہیں گراتی لوگوں کو جہنم میں چہرے کے بل مگر وہ باتیں جو وہ اپنی زبان سے نکالتے ہیں۔

«ليس المؤمن بالطعان ولا اللعان ولا الفاحش ولا البذيء». جامع ترمذی

مؤمن نہ طعنہ دینے والا ہوتا ہے اور نہ لعن طعن کرنے والا اور نہ فحش گو اور نہ گندی و بے ہودہ باتیں کرنے والا۔

بچہ جب پیارے اور اچھے الفاظ بولتا ہے تو کتنا پیارا لگتا ہے۔ اور اگر اسے صاف ستھرے بہترین انداز سے بات چیت کرنے کا عادی بنا دیا جائے تو وہ کتنا بھلا معلوم ہوگا۔ اور جب وہ لعن طعن گالم گلوچ اور بے ہودہ بات سن کر اس سے تنگ دل ہو اور نفرت کرے تو یہ اس کے لیے بڑی خیر کی بات ہوتی ہے۔ اور ایسی صورت میں ایسا بچہ بلاشبہ گھر کا ایک پھول اور لوگوں میں ممتاز حیثیت کا مالک ہوگا۔

سلفِ صالحین کی اولاد کتنے باادب طریقے سے گفتگو اور کتنے اچھے طریقے سے بات چیت اور پیارے انداز سے کلام کیا کرتی تھی اس کا ایک نمونہ آپ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے تاکہ والدین کو یہ معلوم ہو جائے کہ گذشتہ ادوار میں بچے کس طرح گفتگو اور بات چیت کیا کرتے تھے۔

خلیفہ ہشام بن عبدالملک کے دور میں دیہاتوں میں قحط پڑ گیا چنانچہ مختلف قبائل والے خلیفہ ہشام کے پاس آئے اور ان کے دربار میں حاضری دی، ان حاضری دینے والوں میں درواس بن حبیب بھی تھے جن کی عمر اس وقت صرف چودہ برس تھی لوگ بات کرنے سے رک گئے اور ہشام کا رعب ان پر چھا گیا، ہشام نے جب درواس کو دیکھا تو انہیں چھوٹا اور معمولی سا آدمی سمجھا، اور اپنے دربان سے کہا: جو بھی میرے پاس آنا چاہتا ہے آجاتا ہے حتّٰی کہ بچے بھی... آجاتے ہیں؟

درواس فوراً سمجھ گئے کہ خلیفہ کا اشارہ ان کی طرف ہے۔ چنانچہ وہ فوراً گویا ہوئے اور کہا: اے امیرالمؤمنین! میرے آپ کے پاس آنے سے آپ کی شان میں تو کوئی فرق نہیں پڑا البتہ مجھے اس سے آپ کی ملاقات کا شرف حاصل ہو گیا۔ اور یہ لوگ آپ کے پاس ایک بات کرنے آئے تھے اور اب اس کو ظاہر کرنے سے درماندہ ہو گئے ہیں۔ اور حقیقت یہ ہے کہ بات بیان کرنے سے ہی معلوم ہوتی ہے اور خاموشی کے ذریعہ اسے لپیٹ دیا جاتا ہے صحیح بات اسی وقت معلوم ہوتی ہے جب اسے بیان کیا جائے۔

ہشام یہ سن کر کہنے لگے، کہ پھر تم ہی اسے بیان کر دو نا تمہارا بھلا ہو۔ ہشام اس لڑکے کی بات سے بہت متعجب ہو چکے تھے۔ تو اس لڑکے نے کہا: اے امیرالمؤمنین ہمیں تین سال سے قحط سالی کا سامنا ہے۔ ایک سال کی قحط سالی نے چربی پگھلا ڈالی، اور دوسرے سال کی قحط سالی نے گوشت ختم کر دیا، اور تیسرے سال کی قحط سالی نے ہڈی کا گودہ تک ختم کر ڈالا، اور آپ حضرات کے پاس فالتو مال ہے، اگر یہ مال اللہ کا ہے تو اسے اللہ کے مستحق بندوں

Marfat.com

پر تقسیم کردیں۔ اور اگر اللہ کے بندوں کا ہے تو پھر آپ لوگ اس کو ان لوگوں سے کیوں روکے ہوئے ہیں؟ اور اگر یہ مال دولت آپ حضرات کا اپنا ذاتی ہے تو آپ ان لوگوں پر صدقہ کر دیں اللہ تعالیٰ صدقہ کرنے والوں کو بہت ثواب دیتا ہے اور احسان کرنے والوں کے اجر کو ضائع نہیں کرتا۔ اور اے امیر المؤمنین آپ اس بات کو یاد رکھیں کہ والی و حاکم کا رعایا سے ایسا تعلق ہوتا ہے جیسا روح کا جسم سے کہ بغیر روح کے جسم زندہ نہیں رہ سکتا۔

ہشام نے کہا: اس لڑکے نے تینوں میں سے کسی باب میں بھی کوئی عذر باقی نہیں چھوڑا، اور پھر حکم دیا کہ اس کے گاؤں میں ایک لاکھ درہم تقسیم کر دیے جائیں۔ اور درواس کے لیے بھی ایک لاکھ درہم کا حکم دے دیا۔ تو درواس نے کہا اے امیر المؤمنین: جو انعام و مال آپ نے مجھے دیا ہے وہ بھی میری قوم کے مال کی طرف لوٹا دیں اور اس میں شامل کر دیں۔ اس لیے کہ مجھے یہ پسند نہیں ہے کہ امیر المؤمنین نے انہیں جو کچھ دینے کا حکم دیا ہے وہ ان کے لیے کافی نہ ہو۔ ہشام نے کہا: تو پھر اپنی ذات کے لیے کیا چاہتے ہو؟ درواس نے کہا: مجھے عوام الناس اور لوگوں کی حاجت پوری کرنے کے علاوہ اپنی ذاتی کوئی حاجت نہیں ہے۔

۴۔ بے راہ روی و آزادی کی عادت

اس بیسویں صدی میں جو بدترین چیز مسلمان لڑکوں اور لڑکیوں میں بہت زیادہ پھیل گئی ہے وہ بے حیائی اور آزادی ہے چنانچہ آپ جہاں بھی نگاہ ڈالیں گے آپ بہت سے قریب البلوغ اور نوجوان لڑکوں ـــــ ـــــ اور لڑکیوں کو دیکھیں گے کہ وہ اندھی تقلید کے پیچھے بری طریقے سے پڑے ہوئے ہیں، اور گمراہی اور بے حیائی اور آزادی اور بے لگامی کے سیلاب میں بہے چلے جا رہے ہیں۔ ان کے لئے کوئی دین کی طرف سے رکاوٹ ہے اور نہ ضمیر کی طرف سے کوئی روک ٹوک ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ زندگی ان لوگوں کی نظر میں ایک ختم ہونیوالی عیش و عشرت اور حیوانی شہوت و خواہشات اور حرام و ناجائز لذت سے عبارت ہے چنانچہ اگر انہیں یہ چیزیں نہ ملیں تو پھر ان کی طرف سے دنیا کو سلام ہے۔

بعض کم عقلوں نے یہ سمجھ لیا کہ ترقی کی علامت یہ ہے کہ بیہودہ رقص کیے جائیں اور آزادانہ بے حجابانہ اختلاط ترقی کی نشانی ہے اور اندھی تقلید تجدد پسندی کا معیار ہے۔ اور یہ لوگ جہاد اور مقابلہ کے میدان میں شکست کھانے سے قبل خود اپنے آپ اور اپنی شخصیت و ارادہ سے شکست کھا گئے ہیں۔

چنانچہ آپ ان جیسے لوگوں کو دیکھیں گے کہ ان کا مقصدِ حیات ہی صرف یہ ہے کہ وہ ظاہر کے لحاظ سے ہپی بن جائیں۔ ان کی چال میں لڑکھڑاہٹ اور گفتگو میں فحش گوئی اور بے حجابی چھلکتی ہوگی اور وہ کسی ایسی آزاد اور گری پڑی لڑکی کی تلاش میں سرگرداں ہوں گے جس کے قدموں پر اپنی مردانگی ذبح کر ڈالیں اور اس کی دوستی حاصل کرنے میں اپنی شخصیت کو قتل کر دیں۔ اور اس طرح سے ایک فساد سے دوسرے فساد کی جانب اور ایک بے حیائی

Marfat.com

وآزادی سے دوسری بے حیائی کی طرف چلتے رہتے ہیں اور آخر کار ایسے گڑھے میں گر جاتے ہیں جو ان کی تباہی وہلاکت کا ذریعہ بن جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ مندرجہ ذیل شعر کہنے والے پر رحم فرمائے ؎

كل من أهل ذاتيته ... فهو أولى الناس لمرًا بالفناء

جو شخص اپنی ذات کو مہمل بنا دے ... تو وہ فنا و تباہ ہونے کا اور تمام لوگوں سے زیادہ مستحق ہے

لن يرى في الدهر شخصيته ... كل من قلد عيش الغرباء

زمانے میں وہ شخص اپنی شخصیت کو نہیں دیکھتا ... جو مسافروں کی سی زندگی کا عادی بن جائے

اور اس میں کوئی شک نہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے والدین اولیاء وسرپرستوں اور تربیت کرنیوالوں کے لیے ایک عملی نظام ومنہج اور بچوں کی صحیح اخلاقی تربیت اور دوسروں سے ممتاز اسلامی شخصیت بنانے کے لیے صحیح بنیادی اصول مقرر کیے ہیں۔ اس نظام ومنہج کی اہم دفعات اور ان بنیادی اصولوں میں سے ممتاز بنیادی اصول درج ذیل ہیں:

۱۔ اندھی تقلید اور دوسروں کی مشابہت سے بچانا

امام بخاری ومسلم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

((خالفوا المشركين حفوا الشارب واعفوا عن اللحى)).

مشرکوں کی مخالفت کرو مونچھیں کاٹو اور داڑھی بڑھاؤ۔

اور ایک روایت میں ہے:

((جزوا الشارب ، وأرخوا اللحى، وخالفوا المجوس)).

مونچھیں کاٹو اور ڈاڑھی بڑھاؤ اور مجوسیوں کی مخالفت کرو۔

اور امام ترمذی نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں کہ:

((ليس منا من تشبه بغيرنا لا تشبهوا باليهود ولا بالنصارى)).

وہ شخص ہم میں سے نہیں جو دوسروں کی مشابہت اختیار کرے۔ یہود اور نصاریٰ کے ساتھ مشابہت اختیار نہ کرو۔

ابو داؤد کی روایت میں ہے:

((من تشبه بقوم

جو شخص کسی قوم کی مشابہت اختیار کرتا ہے تو وہ

Marfat.com

فهو منهم)).

انہی میں سے ہے۔

اور امام ترمذی نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں:

((لا یکن أحدکم إمّعة یقول: أنا مع الناس إن أحسن الناس أحسنت وإن أساءوا أسأت، ولکن وطّنوا أنفسکم إن أحسن الناس أن تحسنوا۔ وإن أساءوا أن تجتنبوا إساءتهم)).

تم میں سے کوئی شخص ابن الوقت نہ بنے کہ یہ کہے میں لوگوں کے ساتھ ہوں اگر لوگ احسان کریں گے تو میں بھی اچھا کروں گا اور اگر وہ برا کریں گے تو میں بھی برا کروں گا، بلکہ اپنے آپ کو سنبھالو اگر لوگ اچھا کریں تو تم بھی اچھا کرو اور اگر وہ برا کریں تو تم ان کے ساتھ برائی کرنے سے بچو۔

محترم قارئینِ کرام! غیر مسلموں کے جو طور طریقے اور عادات واطوار ہم لیتے یا چھوڑتے ہیں اس میں آپ کو دو باتوں میں فرق کرنا چاہیے:

پہلی بات۔ جواز: اور یہ ہے مفید علم کا حاصل کرنا، اور نفع بخش جدید ترقی سے فائدہ اٹھانا جیسے کہ علم طب، کیمیا، انجینئرنگ، فیزیاء اور جنگی وسائل اور مادہ سے متعلق حقائق، اور ایٹم اور ذرہ سے متعلق اسرار ورموز، اور اس کے علاوہ ترقی یافتہ دور کی دوسری چیزیں اور نافع علوم، اس لیے کہ یہ سب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمانِ مبارک کے ذیل میں داخل ہیں جسے امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے:

((طلب العلم فریضة علی کل مسلم)).

علم کا طلب کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

اسی طرح یہ تمام اشیاء نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمانِ مبارک کے مضمون میں داخل ہیں جسے امام ترمذی اور عسکری اور قضاعی نے نقل کیا ہے کہ:

((الحکمة ضالة کل حکیم، فإذا وجدها فهو أحق بها)).

حکمت و دانائی کی باتیں ہر حکیم کی گم کردہ چیز ہے چنانچہ جب وہ اسے پالے تو وہی اس کا زیادہ مستحق ہے۔

اور اللہ تعالیٰ کے مندرجہ ذیل فرمانِ مبارک کے عموم میں یہ اشیاء داخل ہیں:

﴿ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ ﴾۔

الانفال۔٦٠

اور تیار کرو ان کی لڑائی کے واسطے جو کچھ قوت سے جمع کر سکو۔

دوسری بات۔ حرمت: اور یہ حکم ان کے طور طریقوں اور نقشِ قدم پر چلنے کے بارے میں ہے، چنانچہ ان کے اخلاق وعادات اور رسم ورواج اور دیگر تمام وہ مظاہر جو ہمارے دین سے جدا ہیں اور وہ شکلیں اور کیفیتیں جو ہماری امت وقوم کی خصوصیات اور اخلاق کے منافی ہیں، اس لیے کہ ان چیزوں سے ذات گم اور ختم اور شخصیت فنا ہو جاتی

ہے اور روح اور ارادہ شکست کھا جاتا ہے اور اخلاق و شرافت کا جنازہ نکل جاتا ہے۔

۲— عیش و عشرت میں پڑنے کی ممانعت

صحیح بخاری و مسلم میں حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فارس میں رہنے والے مسلمانوں کو لکھا تھا کہ تم لوگ عیش و عشرت میں پڑنے اور مشرکوں کا سا لباس پہننے سے بچو۔ اور مسندِ احمد کی ایک روایت میں ہے کہ عیش و عشرت اور عجمیوں کے لباس کو چھوڑ دو۔

امام احمد اور ابو نعیم حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

((إياكم والتنعُّم فإن عباد الله ليسوا بالمتنعمين)).

تم لوگ ناز و نعمت و عیش و عشرت میں پڑنے سے بچو اس لیے کہ اللہ کے بندے ناز و نعمت میں نہیں پڑتے۔

ناز و نعمت سے مراد یہ ہے کہ انسان ضرورت سے زیادہ لذتوں اور طیبات میں منہمک ہو جائے اور عیش و عشرت اور ناز و نخرے میں پڑا رہے، اور یہ ظاہر بات ہے کہ ہمیشہ راحت میں پڑے رہنے کی عادت سے انسان دعوت و ارشاد اور جہاد کے فریضہ سے پیچھے رہ جائے گا، اور آزادی و بے راہ روی کی وادیوں میں پھسلتا رہے گا اور یہ چیز بیماریوں اور امراض کے پھیلنے کا ذریعہ بھی ہے۔

۳— موسیقی باجے اور فحش گانے کے سُننے کی ممانعت

امام احمد بن حنبل اور احمد بن منیع اور الحارث بن أبی أسامۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((إن الله عزوجل بعثني رحمة وهدى للعالمين، وأمرني أن أمحق المزامير والمعازف والخمور والأوثان التي تعبد في الجاهلية)).

اللہ تعالیٰ نے مجھے دونوں جہان کے لیے رحمت اور ہدایت بنا کر بھیجا ہے اور مجھے یہ حکم دیا ہے کہ میں بانسریوں گانے بجانے کے آلات، شراب اور ان بتوں کو ختم کر ڈالوں جن کی زمانۂ جاہلیت میں پوجا ہوا کرتی تھی۔

* * *

امام بخاری و احمد و ابن ماجہ وغیرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

Marfat.com

«لیکونن فی أمتی أقوام یستحلون الحر والحریر والخمر والمعازف».

میری امت میں ایسی قومیں آئیں گی جو شرمگاہ (زنا) کو اور ریشم کو اور شراب کو اور گانے باجے کو حلال قرار دے دیں گی۔

ابن عساکر اپنی تاریخ میں اور ابن صصری اپنے امالی میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ جو شخص گانے والی کا گانا سننے بیٹھتا ہے اللہ تعالےٰ قیامت کے روز اس کے کانوں میں سیسہ پگھلا کر ڈالیں گے۔

اور امام ترمذی حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«من استمع إلی صوت غناء لم یؤذن له أن یستمع إلی صوت الروحانیتین فی الجنة».

جو شخص گانے کی آواز سنتا ہے اسے اس بات کی اجازت نہیں دی جائے گی کہ جنت میں روحانیین کی آواز سنے۔

اور کسی بھی عقلمند اور صاحب بصیرت پر یہ بات مخفی نہیں ہے کہ ان حرام چیزوں کا سننا بچے کے اخلاق پر اثر انداز ہوتا ہے اور اس کو ڈھیلے پن، برائی گندگی اور منکرات کی طرف لیجاتا ہے اور اس کو شہوات و حیوانی لذتوں کے سمندر میں ڈھکیل دیتا ہے۔

اس مناسبت سے یہ بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ٹیلی ویژن رکھنے کے بارے میں شرعی حکم اور کچھ تفصیل بھی لکھ دیں تاکہ اس سلسلہ میں والدین کو صحیح رہنمائی حاصل ہو اور اس کی حلت یا حرمت کے بارے میں باخبر رہیں:

اس میں کوئی شک نہیں کہ اس طرح کے خبر پہنچانے کے وسائل کا ایجاد کرنا خواہ وہ ریڈیو ہو یا ٹیلی ویژن یا ٹیپ ریکارڈر وغیرہ یہ وہ اعلیٰ ترین کارنامے شمار ہوتے ہیں جن تک اس جدید زمانے کی عقلِ انسانی نے رسائی حاصل کی ہے۔ بلکہ موجودہ دور میں مادی ترقی نے جو سب سے بڑی چیزیں ایجاد کی ہے یہ ان میں سے ہیں۔ اور یہ دو دھاری ہتھیار ہے جو خیر و بھلائی کے لیے بھی استعمال ہو سکتا ہے اور شر و برائی کے لیے بھی۔ اور کوئی بھی دو آدمی اس میں اختلاف نہیں کر سکتے کہ یہ مذکورہ بالا ایجادات اگر خیر کے لیے استعمال کی جائیں اور ان کو علم کے پھیلانے اور عقیدہ اسلامیہ کو مضبوط کرنے اور بہترین اخلاق کو پھیلانے اور قوت پہنچانے اور موجودہ قوم کو ان کے بزرگوں اور ان کی تاریخ کے ساتھ مرتبط کرنے اور امت کی ان امور کی جانب رہنمائی کے لیے استعمال کیا جائے جو اس کے دین و دنیا کے امور کی اصلاح کرے تو ایسی صورت میں اس کے رکھنے اور استعمال کرنے اور اس سے فائدہ اٹھانے اور اس کے سننے کے جائز ہونے کا کوئی بھی انکار نہیں کر سکتا۔ لیکن اگر اس کو فساد کی جڑوں کو مضبوط کرنے اور انحراف و کجی کے رائج

کرنے اور بے حیائی اور بے راہ روی و آزادی کے پھیلانے اور موجودہ قوم کو غیر اسلامی راستے کی جانب پھیرنے کے لیے استعمال کیا جائے تو کوئی بھی عقلمند انصاف پسند اللہ اور قیامت پر ایمان رکھنے والا ان کے استعمال کے حرام ہونے اور اس کے رکھنے کے ناجائز ہونے اور اس کے سننے والے کے گناہگار ہونے میں شک نہیں کر سکتا۔

اور اگر ہم اپنے ملک کے ٹیلی ویژن کے پروگراموں کا موازنہ کریں تو ہمیں یہ معلوم ہو جائے گا کہ ان میں سے اکثر پروگرام ہیں جن کا مقصد شرافت کا خاتمہ کرنا اور زنا اور بے حیائی کی طرف متوجہ کرنا اور بے پردگی اختلاط اور آزادی اور معاشرتی خرابیوں پر ابھارنا ہے اور بہت کم ایسے پروگرام ہوتے ہیں جن کا مقصد علم ہو اور وہ خیر کی طرف رہنمائی کرنے والے ہوں۔ لہٰذا جب صورتِ حال یہ ہے تو ٹیلیویژن کا رکھنا، اس کا دیکھنا اور اس کے موجودہ پروگراموں کا سننا بہت بڑا گناہ اور سخت حرام ہے۔

اور اس کی حرمت کے دلائل یہ ہیں

الف : علماء اور ائمہ مجتہدین کا ہر زمانے میں اس بات پر اجماع رہا ہے کہ اسلامی شریعت کے مقاصد پانچ ہیں : دین کی حفاظت، اور عقل کی حفاظت اور نسب کی حفاظت، اور نفس کی حفاظت ——— اور مال کی حفاظت۔ اور یہ حضرات یہ فرماتے ہیں کہ شریعتِ اسلامیہ میں جو قرآنی آیات اور احادیثِ نبویہ ہیں وہ سب کی سب ان پانچوں بنیادی چیزوں کی حفاظت کی دعوت دیتی ہیں۔ اور اس اعتبار سے کہ آج کل ٹیلی ویژن کے اکثر پروگرام فحش گانوں، گندے و بے حیائی سے پُر ڈراموں، اور بھڑکانے والے پروپیگنڈوں اور گندی فلموں پر مشتمل ہوتے ہیں جن کا مقصد شرافت کو ختم کرنا، عزت و آبرو کو تباہ کرنا اور زنا و بے حیائی پر ابھارنا ہے اس لیے شریعت کی نگاہ میں عزت و آبرو اور نسب کی حفاظت کی خاطر اس کا دیکھنا اور سننا حرام ہے۔ اور اسی لیے اس کا رکھنا بھی ناجائز ہے اس لیے کہ یہ ان کے دیکھنے اور سننے کا ذریعہ اور وسیلہ ہے۔

ب : امام مالک اور ابن ماجہ اور دار قطنی حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((لا ضرر ولا ضرار)). نہ نقصان اٹھاؤ نہ نقصان پہنچاؤ۔

اور اس لحاظ سے کہ ٹیلیویژن اپنے پروگراموں میں بے حیائی اور آزادی پھیلاتا اور معاشرہ کے مخفی شہوانی اور جنسی جذبات کو بھڑکاتا ہے (جیسا کہ اس کا مشاہدہ عام ہے) اس لیے مسلمان کا اس کو خریدنا اپنے گھر لے جانا حرام ہے تاکہ خاندان کے عقیدے، اخلاق اور صحت کو محفوظ رکھ سکے، اور اس سے جو برائیاں وجود میں آتی ہیں ان کی بیخ کنی ہو اور حدیث "لاضرر ولا ضرار" پر عمل ہو سکے۔

Marfat.com

ج : اکثر وہ تفریحی پروگرام جو ٹیلیویژن کی اسکرین پر پیش کیے جاتے ہیں ان کے ساتھ ساز و باجا اور بے ہودہ گانے اور فحش عریاں ڈانس و رقص ہوتے ہیں۔ اور چوں کہ یہ امور حرام ہیں (جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں) تو ان ادلہ کی روشنی میں یہ بات کھل کر سامنے آتی ہے کہ ٹیلی ویژن کا رکھنا حرام ہے، اس لیے کہ اس میں پیش کردہ تفریحی پروگراموں میں ساز و آواز اور موسیقی اور بے ہودہ گندے گانے اور عریاں و گندے فحش رقص ہوتے ہیں۔ اس لیے ان پروگراموں کا دیکھنا بھی حرام ہے اس لیے کہ ان کی وجہ سے تربیت و اخلاق کے ستونوں کے گرنے کا بہت زبردست خطرہ ہے۔[1]

۴ — ہیجڑہ پن اور عورتوں سے مشابہت کی ممانعت

بخاری و مسلم میں حضرت سعید بن المسیب سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت معاویہ مدینہ منورہ آئے اور ہم سے خطاب کیا اور بالوں کا ایک جوڑا[2] (وگ) نکالا اور فرمایا: میں نہیں سمجھتا کہ اسے یہود کے سوا کوئی شخص استعمال کرے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع ملی تھی تو آپ نے اسے جھوٹ کا نام دیا، مسلم میں یوں ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے ایک دن فرمایا: تم لوگوں نے برائی کا پہناوا ایجاد کر لیا ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جھوٹ سے منع فرمایا ہے۔

امام بخاری و ابوداؤد اور ترمذی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((لعن الله المخنثين من الرجال والمترجلات من النساء)).

اللہ نے ان مردوں پر لعنت بھیجی ہے جو ہیجڑے بنتے ہیں اور ان عورتوں پر بھی جو مرد بنتی ہیں (یعنی مردوں سے مشابہت اختیار کرتی ہیں)۔

اور مسند احمد اور ابوداؤد اور ابن ماجہ میں یہ الفاظ ہیں:

((لعن الله المتشبهات من النساء بالرجال والمتشبهين من الرجال بالنساء)).

اللہ کی لعنت ہو ان عورتوں پر جو مردوں سے مشابہت اختیار کرتی ہیں، اور ان مردوں پر جو عورتوں سے مشابہت اختیار کرتے ہیں۔

اور ابوداؤد اسنادِ حسن کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا میں نے

---

[1] علماء کی طرف سے ایک مضمون شائع ہوا تھا جس کا عنوان تھا "ٹیلیویژن رکھنے کے بارے میں اسلام کا حکم" یہ حصہ وہیں سے لیا گیا ہے۔ اور جو صاحب اس موضوع پر اس سے زیادہ تفصیل چاہیں تو وہ ہماری کتاب "حکم الاسلام فی وسائل الاعلام" کا مطالعہ کریں۔ اس میں ان شاء اللہ بہت کافی و شافی تفصیل ملے گی۔

[2] بالوں کو باہم ملا کر بعض مرد اور عورتیں اپنے سر پر لگا لیتے ہیں۔

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے ریشم کا ایک ٹکڑا اٹھایا اور اپنے دائیں ہاتھ میں تھام لیا اور سونا اٹھا کر بائیں ہاتھ میں پکڑ لیا اور فرمایا،

«إن هٰذين حرام على ذكور أمتي». یہ دونوں چیزیں میری امت کے مردوں پر حرام ہیں۔

اور امام ترمذی حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«حرم لباس الحرير والذهب على ذكور أمتي وأحل لإناثهم». ریشم کا لباس اور سونا میری امت کے مردوں پر حرام کر دیا گیا ہے اور عورتوں کے لیے حلال کر دیا گیا ہے۔

لہٰذا وگ یعنی مصنوعی بال یا دوسرے کے بال لگانا اور مردوں کے لیے سونا اور ریشم اور عورتوں کا مردوں سے مشابہت اختیار کرنا اور مردوں کا عورتوں سے مشابہت اختیار کرنا اور عورتوں کا ایسا لباس پہننا جسے پہننے کے باوجود وہ عریاں نظر آتی ہوں تو یہ سب کے سب ہیجڑے پن اور بے حیائی کے مظاہر ہیں اور مردانگی کے ختم کرنے والے اور شخصیت کو رسوا و ذلیل کرنے والے، اور شرافت و اخلاق کے لیے گہرا زخم ہیں، بلکہ اس کے ذریعہ سے امت کو گندی آزادی اور ناپسندیدہ اختلاط و میل جول اور نابالغوں اور نوجوانوں کو برائی اور بے حیائی اور بداخلاقی کی طرف ڈھکیلنا ہے۔

۵ — بے پردگی، بن سنور کر نکلنے اور مرد و زن کا اختلاط اور اجنبی عورتوں کی طرف دیکھنے کی ممانعت

اللہ تبارک و تعالیٰ سورۂ احزاب (آیت-۵۹) میں فرماتے ہیں:

«يٰأيها النبي قل لأزواجك وبناتك ونساء المؤمنين يدنين عليهن من جلابيبهن ذٰلك أدنىٰ أن يعرفن فلا يؤذين وكان الله غفورًا رحيمًا ۝». اے نبی آپ کہہ دیجیے اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور (عام) ایمان والوں کی عورتوں سے کہ اپنے اوپر نیچی کر لیا کریں اپنی چادریں تھوڑی سی، اس سے وہ جلد پہچان لی جایا کریں گی اور اس لیے انہیں ستایا نہ جائے گا اور اللہ تو بڑا مغفرت والا ہے بڑا رحمت والا ہے۔

الاحزاب - ۵۹

اور سورۂ نور (آیت ۳۰ و ۳۱) میں فرماتے ہیں:

Marfat.com

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝٣٠ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ص وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ

آپ ایمان والوں سے کہہ دیجئے کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں یہ ان کے حق میں زیادہ صفائی کی بات ہے بے شک اللہ کو سب کچھ خبر ہے جو کچھ لوگ کیا کرتے ہیں اور آپ کہہ دیجئے ایمان والیوں سے کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت رکھیں اور اپنا سنگار ظاہر نہ ہونے دیں مگر ہاں جو اس میں سے کھلا ہی رہتا ہے اور اپنے ڈوپٹے اپنے سینوں پر ڈالے رہا کریں اور اپنی زینت ظاہر نہ ہونے دیں مگر ہاں اپنے شوہر اور اپنے باپ پر

سورۂ نور - ۳۰ و ۳۱

لیکن کیا شرعاً عورت کو یہ حکم ہے کہ وہ اپنے چہرے کو ڈھانپے ؟

اس کے لیے پہلے ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور سلف صالحین میں سے علما تفسیر کے وہ اقوال سُننا چاہیے جو ان سے مندرجہ ذیل آیت کی تفسیر کے ضمن میں منقول ہیں:

((يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ)).

اے نبی آپ کہہ دیجئے اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور (عام) ایمان والوں کی عورتوں سے کہ اپنے اوپر نیچی کرلیا کریں اپنی چادر تھوڑی سی

سورۃ الاحزاب - ۵۹

ابن جریر طبری حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ان کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ:
اللہ تعالیٰ نے مؤمن عورتوں کو یہ حکم دیا ہے کہ جب وہ کسی کام یا ضرورت سے گھر سے نکلیں تو اپنے چہروں کو چادر کے اوپر سے ڈھانپ لیا کریں اور صرف ایک آنکھ کھولیں۔

اور ابن جریر علامہ ابن سیرین سے ان کا یہ قول روایت کرتے ہیں کہ: میں نے عبیدۃ بن الحارث حضرمی سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان: ((يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ)) کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے اپنے کپڑے سے اس کا عملی مظاہرہ کر کے دکھلایا۔ اور وہ اس طرح کہ انہوں نے اپنا سر اور چہرہ چھپالیا اور ایک آنکھ پر سے کپڑا ہٹا دیا۔

علامہ ابن جریر طبری مندرجہ ذیل آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ط سورۃ الاحزاب - ۵۹

اے نبی آپ کہہ دیجیے اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور (عام) ایمان والوں کی عورتوں سے کہ اپنے اوپر نیچی کر لیا کریں اپنی چادر تھوڑی سی۔

لباس میں ان باندیوں سے مشابہت اختیار نہ کرو جو گھروں سے کام کاج کے لیے اپنے بال اور چہرے کو کھول کر نکلتی ہیں بلکہ انہیں چاہیے کہ چادر اوڑھ لیا کریں تاکہ اگر کوئی فاسق انہیں دیکھے تو یہ سمجھ لے کہ یہ آزاد و شریف عورتیں ہیں اور ان سے کسی قسم کی بات وغیرہ نہ کرے۔

اور علامہ ابوبکر جصاص لکھتے ہیں کہ اس آیت میں اس بات پر دلالت پائی جاتی ہے کہ اجنبی مردوں سے جوان عورت کو اپنا چہرہ چھپانے، اور باہر نکلنے کے وقت پردہ کرنے اور پاکدامن رہنے کا حکم دیا گیا ہے تاکہ فاسق و بدکردار ان کے سلسلہ میں کسی خوش فہمی میں مبتلا نہ رہیں۔

اور قاضی بیضاوی اللہ تعالیٰ کے فرمانِ مبارک ((يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ)) کی تفسیر میں لکھتے ہیں: یعنی اگر کسی ضرورت سے باہر نکلیں تو اپنے چہرے اور جسم کو چادر سے ڈھانک لیں۔

اور علامہ نیسابوری آیت ((يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ)) کے تحت لکھتے ہیں:

ابتداءِ اسلام میں عورتیں اپنی زمانۂ جاہلیت کی عادت کے مطابق عام کپڑوں میں رہتی تھیں، اور قمیض اور اوڑھنی پہن کر باہر چلی جاتی تھیں خواہ باندی ہو یا آزاد عورت، پھر انہیں چادر کے اوڑھنے اور سر اور چہرے کے ڈھانپنے کا حکم دے دیا گیا۔

ان اقوال سے یہ بات واضح ہو گئی کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم (جو سب کے سب اہلِ علم و اہلِ تفسیر تھے) سب اس بات پر متفق ہیں کہ مسلمان عورت کو آیت ((يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ)) کے مطابق یہ حکم دیا گیا ہے کہ چادر اوڑھے اور اجنبی مردوں سے اپنے چہرے کو چھپائے۔

اور آیئے دوسرے نمبر پر مسلمان عورت کے چہرے کے چھپانے کے سلسلے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو صحیح احادیث اور صحابیات رضی اللہ عنہن سے جو اقوال مروی ہیں انہیں سنتے ہیں:

ابو داؤد اور ترمذی اور مؤطا امام مالک میں آتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کرنے والی عورت کو حالتِ احرام میں یہ حکم دیا کہ وہ نہ نقاب ڈالے اور نہ دستانے پہنے، ابوداؤد روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو حالتِ احرام میں دستانے پہننے اور نقاب ڈالنے سے منع کیا ہے۔

اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ عہدِ نبوت میں عورتیں چہرہ ڈھانپنے اور دستانے پہننے کی عادی تھیں، اسی لیے حالتِ احرام میں انہیں اس سے روکا گیا ہے۔ لیکن یہ حکم علی الاطلاق نہیں ہے جیسا کہ آئندہ آنے والی وہ احادیث جنہیں ہم ابھی ذکر کریں گے وہ خود اس بات پر دلالت کر رہی ہیں۔

چنانچہ سنن ابی داؤد میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے وہ فرماتی ہیں کہ قافلے ہمارے پاس سے

گزرتے تھے اور ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حالتِ احرام میں ہوتے تھے، چنانچہ جب وہ ہمارے پاس سے گزرتے تو ہم میں سے ہر عورت اپنی چادر کو اپنے چہرے پر ڈال لیتی اور جب وہ ہم سے آگے بڑھ جاتے تو ہم چہرہ کھول لیا کرتے تھے.

موطأ امام مالک میں حضرت فاطمۃ بنت المنذر رضی اللہ عنہا سے مروی ہے وہ فرماتی ہیں کہ ہم حالتِ احرام میں اپنے چہرے کو چھپایا کرتے تھے اور ہم حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا کے ساتھ تھے لیکن چہرہ چھپانے پر وہ ہم پر کوئی اعتراض نہیں کرتی تھیں.

فتح الباری میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ عورت اپنی چادر سر کے اوپر سے اپنے چہرے پر لٹکائے گی.

صحیح احادیث میں آتا ہے کہ ایک مسلمان باپردہ عورت کسی کام سے بنی قینقاع کے بازار گئیں. ایک یہودی نے ان سے چھیڑ چھاڑ کی اور اس بدبخت نے یہ چاہا کہ انہیں چہرہ کھولنے پر مجبور کر دے، لیکن انہوں نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا اور مدد کے لیے لوگوں کو پکارنا شروع کر دیا، چنانچہ ایک مسلمان نے اس یہودی پر حملہ کر کے اسے اس کے کرتوت کی سزا کے طور پر قتل کر ڈالا.

ان صحیح احادیث سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات اور دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم کی بیویاں کسی کام سے اگر باہر نکلتی تھیں تو منہ کو چھپایا کرتی تھیں خواہ حالتِ احرام میں کیوں نہ ہوں اور وہ یہ سمجھتی تھیں کہ پردہ فرض ہے اور شریعتِ مطہرہ نے اس کا حکم دیا ہے.

اور تیسرے نمبر پر عورت کے چہرہ کھولنے کے موضوع پر ائمۂ مجتہدین کے اقوال سنتے ہیں:

جمہور ائمہ مجتہدین جن میں امام شافعی و احمد و مالک شامل ہیں یہ حضرات فرماتے ہیں کہ عورت کا چہرہ بھی عورت ہے اور اس کا چھپانا واجب ——— اور اس کا کھولنا حرام ہے، اور ان حضرات کا مستدل وہ ہے جو صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اور سلفِ صالحین سے آیت «يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ» کے سلسلہ میں ثابت ہے اس آیت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ چہرہ چھپانا ضروری ہے، اور اس کی مزید تاکید ان صحابیات رضی اللہ عنہن کے فعل سے ہوتی ہے جو بعض ضروریات کے لیے چہرہ ڈھانک کر نکلا کرتی تھیں، نقاب ان کے چہرے پر پڑا ہوتا تھا، اور اس طرح ان صحابہ اور تابعین کے اقوال سے بھی ہوتی ہے جو آیت «يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ» کے ذیل میں ابھی گزر چکے ہیں. اور اس کا تذکرہ تفصیلی ادلۂ قطعیہ کے ساتھ ہو چکا ہے.

Marfat.com

ائمۂ حنفیہ اوران کے متبعین کا مذہب یہ ہے کہ عورت کا چہرہ عورت نہیں ہے، اور اگر چہرہ کھولنے سے کوئی فتنہ مرتب ہو تو اس کا کھولنا جائز ہے لیکن اگر کسی فتنہ کا احتمال ہو تو فتنہ کے سدِباب اور فساد کو دُور کرنے کے لیے اس کا کھولنا حرام ہو جائے گا۔

ان حضرات نے اپنے مذہب کی تائید میں جو ادلہ پیش کیے ہیں ان میں سے زیادہ واضح ظاہر یہ ہیں:

حضرت فضلِ بن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث جو حجۃ الوداع میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک ہی سواری میں سوار تھے اور ان کے قریب سے کچھ عورتیں احرام کی حالت میں گزریں حضرت فضل ان کی طرف دیکھنے لگے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دستِ مبارک حضرت فضل کے چہرے پر رکھ دیا اور پھر حضرت فضل نے اپنا چہرہ دوسری طرف پھیر لیا۔

یہ صحیح حدیث ہے جس کو مسلم ابوداؤد اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے، اور اس سے استدلال اس طرح سے ہے کہ اگر عورت کو چہرہ چھپانے کا حکم ہوتا اور اس کا چہرہ عورت ہوتا تو عورتیں اپنا چہرہ نہ کھولتیں اور حضرت فضل ان کی طرف نہ دیکھتے۔

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا کی حدیث، ولید سعید بن بشیر سے اور وہ قتادہ سے اور وہ خالد بن دریک سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئیں اور انہوں نے باریک کپڑے پہنے ہوئے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی طرف سے منہ موڑ لیا اور یہ فرمایا کہ:

((یا أسماء إن المرأة إذا بلغت المحیض لم یصلح أن یری منها إلا هذا وهذا وأشار علیه الصلاة والسلام إلی وجهه وکفیه)).

اے اسماء عورت جب بالغ ہونے کے قریب ہو تو یہ درست نہیں ہے کہ اس کے جسم کا کوئی حصہ ظاہر ہو سوائے اِس کے اور اِس کے۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چہرے اور ہاتھوں کی طرف اشارہ کیا۔

لیکن جمہور فقہاء ان مذکورہ بالا دونوں حدیثوں کا یہ جواب دیتے ہیں:

١۔ حضرت فضلِ بن عباس کی حدیث میں اس بات کی دلالت نہیں پائی جاتی کہ عورت کے لیے اجنبیوں کے سامنے چہرہ کھولنا جائز ہے، اس لئے کہ وہ عورتیں جن کی طرف حضرت فضل نے دیکھا تھا وہ حج کا احرام باندھے ہوئے تھیں، اور محرم عورت کے لیے چہرہ کھولنا جائز ہے اگر چہرہ کھولنے سے فتنہ کا احتمال نہ ہو۔ اس لیے کہ عورت کا احرام یہ ہے کہ وہ اپنے ہاتھ اور چہرہ کو کھلا رکھے، اس لیے کہ حدیث مذکورہ بالا میں یہی حکم دیا گیا ہے فرمایا:

((لاتنتقب المرأة ولا تلبس القفازين)). (محرم) عورت نہ نقاب ڈالے گی اور نہ دستانے پہنے گی۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر احرام کی حالت نہ ہو تو عورت نقاب ڈالے گی اور دستانے پہنے گی۔

۲- حضرت اسماء کی جس حدیث سے چہرے کھولنے پر استدلال کیا گیا ہے وہ حدیث مرسل ہے یعنی اس کی سند میں انقطاع ہے، حافظ ابن کثیر اپنی تفسیر (۳، ۲۸۳) میں لکھتے ہیں: ابوداؤد اور ابوحاتم رازی کہتے ہیں کہ وہ (یعنی حضرت اسماء کی حدیث) مرسل ہے، اس لیے کہ خالد بن دریک کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سننا ثابت نہیں ہے۔

اکثر اہلِ علم حدیث مرسل پر ضعیف ہونے کا حکم لگاتے ہیں، اور اگر حدیث ضعیف ہو تو اس سے استدلال نہیں کیا جاسکتا اور نہ استنباطِ احکام کے سلسلہ میں اس کا اعتبار ہوگا۔

ائمہ مجتہدین نے جو کچھ فرمایا ہے اس سے یہ صاف واضح ہو گیا کہ عورت کا چہرہ بھی ستر کے حکم میں ہے اور اس کا چھپانا واجب اور کھولنا حرام ہے۔ حتیٰ کہ فقہاءِ حنفیہ جو چہرہ کھولنے کے جواز کے قائل ہیں وہ بھی اس کی اجازت اس وقت دیتے ہیں جب فتنہ کا خوف نہ ہو۔

آج ہمارے اس معاشرے میں ہم حیوانوں کی طرح رہ رہے اور زندگی گزار رہے ہیں کیا اس میں کوئی شخص فتنہ و فساد کے پھیلنے سے انکار کر سکتا ہے؟ لہٰذا جب صورت حال یہ ہے تو غیرت مند باپ کو چاہیے کہ اپنی بیوی اور بچیوں کو چہرے پر نقاب ڈالنے کا حکم دے۔ اور اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی بجا آوری اور پاکباز و پاک دامن صحابیات رضی اللہ عنہن کی پیروی اور محترم ائمہ مجتہدین کے فیصلہ کی اتباع کے لیے ان کو منہ چھپانے کا حکم دے۔

اے تربیت کرنے والو! مسلمان اگر قیامت میں ان لوگوں کی رفاقت چاہتا ہے جن پر اللہ نے انعام کیا ہے جو انبیاء، صدیقین، شہداء، صالحین ہیں، جن کی رفاقت بہت اچھی ہے تو اسے چاہیے کہ اپنے دین اور عزت و آبرو کا خیال رکھے، اس سلسلہ میں محتاط رہے اور ہمیشہ تقویٰ اور ورع کے پہلو پر عمل کرے۔

بناؤ سنگھار اور عورتوں کے محاسن ظاہر نہ کرنے کے حکم کے سلسلہ میں جو آیات و احادیث وارد ہیں وہ یہ ہیں:

امام مسلم اپنی صحیح میں حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((صنفان من أهل النار لم أرهما: قوم معهم سياط كأذناب | دو زخ والوں کی دو قسمیں ایسی ہیں جنہیں میں نے نہیں دیکھا، ایک وہ لوگ جن کے ساتھ گائے کی دم کی طرح

Marfat.com

البقر يضربون بها الناس، ونساء كاسيات عاريات مائلات مميلات، رءوسهن كأسنمة البخت، لا يدخلن الجنة ولا يجدن ريحها وإن ريحها ليوجد من مسيرة خمسمائة عام)).

کے کوڑے ہوں گے جن سے وہ لوگوں کو مارتے ہوں گے، اور دوسری وہ عورتیں جو لباس پہن کر بھی ننگی ہوں گی، ناز و نخرے سے مٹک مٹک کر چلنے والیاں اپنے ناز و انداز سے مردوں کو اپنی طرف مائل کرنیوالیاں ان کے سر ایسے ہوں گے جیسے بختی اونٹ کے کوہان (یعنی سر پر بالوں کا جوڑا بنا کر رکھیں گی اور وہ اونچا ہو کر کوہان کی طرح معلوم ہوگا) ایسی عورتیں نہ جنت میں داخل ہوں گی اور نہ اس کی خوشبو سونگھیں گی حالاں کہ اس کی خوشبو پانچ سو سال کے فاصلے سے محسوس ہوتی ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

((وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَىٰ)). الاحزاب-٣٣

اور قرار پکڑو اپنے گھروں میں اور دکھلاتی نہ پھرو جیسا کہ دستور تھا پہلے جہالت کے وقت میں۔

اور اللہ تعالیٰ سبحانہ ارشاد فرماتے ہیں:

((وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَاءِ اللَّاتِي لَا يَرْجُونَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ أَنْ يَضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجَاتٍ بِزِينَةٍ ۖ وَأَنْ يَسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَهُنَّ ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝)).

النور-٦٠

اور جو گھروں میں بیٹھ رہی ہیں تمہاری عورتوں میں سے جن کو نکاح کی توقع نہیں رہی ان پر گناہ نہیں کہ اتار رکھیں اپنے کپڑے یہ نہیں کہ دکھاتی پھریں اپنا سنگھار اور اس سے بھی بچیں تو ان کے لیے بہتر ہے۔ اور اللہ سب باتیں سنتا اور جانتا ہے۔

مرد و زن کا اختلاط ممنوع ہونے کے سلسلہ میں مندرجہ ذیل ادلہ وارد ہوئے ہیں:

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

((قُلْ لِلْمُؤْمِنِينَ يَغُضُّوا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ ۚ ذَٰلِكَ أَزْكَىٰ لَهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا يَصْنَعُونَ ۝ وَقُلْ لِلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ أَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوجَهُنَّ)). النور ٣٠ و ٣١

کہہ دیجیے ایمان والوں کو نیچی رکھیں ذرا اپنی آنکھیں اور اپنے ستر کی حفاظت کریں یہ انکے حق میں زیادہ صفائی کی بات ہے بیشک اللہ کو سب کچھ خبر ہے جو کچھ لوگ کیا کرتے ہیں اور کہہ دیجیے ایمان والیوں کو نیچی رکھیں ذرا اپنی آنکھیں اور تھامتی رہیں اپنے ستر کو۔

Marfat.com

بھلا بتائیے کہ اگر ایک جگہ مرد وزن اکٹھے ہوں تو وہاں نگاہ نیچی رکھنے کا تصور کیا جا سکتا ہے؟ اس لیے اس آیت کے مدلول سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کے ذریعہ مرد وزن کے اختلاط کی ممانعت کی گئی ہے اور اسے حرام کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ایک اور آیت میں ارشاد فرماتے ہیں:

«وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَسْئَلُوهُنَّ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ ذَٰلِكُمْ أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ»

اور جب مانگنے جاؤ بیبیوں سے کچھ کام کی چیز تو پردہ کے باہر سے مانگ لو اس میں خوب ستھرائی ہے تمہارے دل اور ان کے دل کو۔

الاحزاب۔۵۳

اور امام ترمذی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

«لا يخلون رجل وامرأة إلا كان الشيطان ثالثهما».

کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ خلوت و تنہائی اختیار نہیں کرتا مگر یہ کہ شیطان ان کے ساتھ ان کا تیسرا (ساتھی) ہوتا ہے۔

اور بخاری و مسلم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا:

«إياكم والدخول على النساء فقال رجل: يا رسول الله! أفرأيت الحمو؟ (أي قريب الزوج) قال: الحمو الموت».

تم عورتوں کے پاس جانے سے بچو، تو ایک صاحب نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول جیٹھ و دیور (شوہر کی طرف سے عورت کے رشتہ دار) کا کیا حکم ہے؟ تو آپ نے فرمایا دیور تو موت (کی طرح نقصان دہ) ہے۔

بخاری و مسلم ہی میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

«لا يخلون أحدكم بامرأة إلا مع ذي محرم».

تم میں سے کوئی شخص بھی کسی عورت کے ساتھ تنہائی میں کبھی نہ ہو سوائے اس رشتہ دار کے جو محرم (جس سے نکاح کرنا حرام) ہو۔

اجنبی عورتوں کی طرف دیکھنے کی حرمت پر دلالت کرنے والی نصوص درج ذیل ہیں:

سورۂ نور میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

«قُلْ لِلْمُؤْمِنِينَ يَغُضُّوا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ».

کہہ دیجیے ایمان والوں کو نیچی رکھیں ذرا اپنی آنکھیں اور اپنے ستر کی حفاظت کریں۔

اور سورۂ اسراء میں فرماتے ہیں:

Marfat.com

« إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ أُولَٰئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُولًا ۝ ». الاسراء - ٣٦

بے شک کان اور آنکھ اور دل ان سب کی اس سے پوچھ ہوگی۔

اور امام مسلم حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے اچانک پڑ جانے والی نگاہ کے بارے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

« اصرف بصرك ».

اپنی نگاہ کو پھیر لو (ہٹا لو)۔

اور ابو داؤد اور ترمذی حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں اور حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے کہ حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ آ گئے، اور یہ واقعہ پردہ کا حکم نازل ہونے کے بعد کا ہے۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا:

« احتجبا منه ».

ان سے پردہ کر لو۔

تو ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول کیا یہ نابینا نہیں ہیں؛ یہ تو نہ ہمیں دیکھ سکتے ہیں اور نہ پہچان سکتے ہیں؛ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

« أفعمياوان أنتما ، ألستما تبصرانه ؟! ».

تو کیا تم دونوں بھی نابینا ہو، کیا تم دونوں ان کو دیکھ نہیں سکتی ہو؛

اور امام بخاری و مسلم حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

« إياكم والجلوس في الطرقات ».

تم لوگ راستہ میں بیٹھنے سے بچو۔

لوگوں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول! مجلسوں میں بیٹھنے کے علاوہ ہمارے پاس اور کوئی چارۂ کار نہیں، وہاں بیٹھ کر ہم آپس میں باتیں کرتے ہیں۔ تو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

« فإذا أبيتم إلا المجلس فأعطوا الطريق حقه ».

پھر جب تم انکار کرتے ہو اور بیٹھنا ہی چاہتے تو تم راستہ کا حق ادا کرو۔

لوگوں نے پوچھا کہ اے اللہ کے رسول راستہ کا کیا حق ہے؛ آپ نے فرمایا:

« غض البصر وكف الأذى ورد السلام والأمر بالمعروف والنهي عن المنكر ».

نگاہ کا پست رکھنا۔ اور دوسروں کو تکلیف پہنچانے سے بچنا، اور سلام کا جواب دینا، اور اچھی باتوں کا حکم دینا اور بری باتوں سے روکنا۔

چنانچہ یہ بات بداہۃً معلوم ہے کہ اگر تمام معاشرے اور سب قومیں خواہ وہ بوڑھے ہوں یا نوجوان، مرد ہوں یا

Marfat.com

عورتیں، حکام ہو یا محکومین، اگر سب کے سب ان لازوال بنیادی احکامات پر عمل کریں. اور ان شاندار رہنمائیوں کے مطابق چلیں، اور ان تمام چیزوں سے دور رہیں جو عزت و شرافت اور اخلاق کو بٹہ لگانے والی ہیں. مثلاً بے پردگی بناؤ سنگھار اور زیب و زینت کا اظہار، اور اختلاطِ مرد و زن، اور اجنبی عورتوں کی طرف دیکھنا، تو اس میں کوئی شک نہیں کہ ایسے معاشرے اور قومیں پاکیزگی اور شرافت و عزت کے باغوں میں شان سے اکڑ کر چلیں گی، اور امن و استقرار کے سایہ میں مزے کریں گی، اور عزت و بزرگی اور فضل و کمال کی چوٹی پر پہنچ جائیں گی. اس لیے کہ وہ اس راستے پر چلے جو اللہ نے ان کے لیے مقرر کر دیا تھا، اور انہوں نے اس نظام کو نافذ کیا جو اسلام نے ان کے لیے طے کیا تھا. اللہ جل شانہ بالکل درست فرماتے ہیں:

لا وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِیْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِیْلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ الانعام ۱۵۳

اور حکم کیا کہ یہ میری سیدھی راہ ہے سو اس پر چلو اور اور راستوں پر مت چلو کہ وہ تم کو اللہ کے راستہ سے جدا کر دیں گے یہ حکم کر دیا ہے تم کو تاکہ تم بچتے رہو۔

گذشتہ صدیوں میں امت مسلمہ کو یہ سب کچھ ہر دور میں حاصل رہا. جس کی وجہ صرف یہ تھی کہ انہوں نے ان قرآنی تعلیمات پر عمل کیا جن کو اللہ تعالیٰ نے تمام دنیا کے لیے بشارت دینے اور ڈرانے والا، اور آئندہ آنے والے تمام معاشروں اور قوموں کے لیے ہدایت اور نور بنا کر بھیجا تھا۔

اور اللہ تعالیٰ نے اپنے نازل کردہ عظیم کلام پاک میں بالکل بجا فرمایا ہے:

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ یَهْدِیْ لِلَّتِیْ هِیَ اَقْوَمُ وَ یُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِیْنَ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِیْرًا ۙ﴿۹﴾ الاسراء ۹

یہ قرآن وہ راہ بتلاتا ہے جو سب سے سیدھی ہے اور ان ایمان والوں کو خوشخبری سناتا ہے جو اچھے عمل کرتے ہیں کہ ان کے لیے بڑا ثواب ہے۔

اے والدین اور مربیو! یہ اہم تربیتی قواعد اور وہ عملی نظام ہے جو اسلام نے بچے کے اخلاق کی حفاظت، اور اس کی شخصیت ممتاز بنانے، اور اس کو حقیقت اور مردانگی اور مکارمِ اخلاق کا عادی بنانے کے لیے مقرر کیا ہے اس لیے آپ لوگوں کی یہ ذمہ داری ہے کہ آپ لوگ اپنے بچوں کی تربیت ان کے مطابق کریں اور اس کی رہنمائی اور نظام پر عمل کریں، تاکہ بچے اخلاق و فضائل اور ذاتی مکارم اور معاشرتی آداب حاصل کرتے ہوئے نشو و نما پائیں، اور لوگوں میں یکتا و منفرد شخصیت کے حامل ہوں، اور کیا اسلام کے مقرر کردہ اصولوں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بتلائے ہوئے طریقوں کے علاوہ تربیت کے کوئی بنیادی ایسے اصول پائے جاتے ہیں جو بچے کی صحیح شخصیت سازی کر سکیں اور زندگی میں اس پر جو ذمہ داریاں عائد ہونے والی ہیں ان کے لیے اسے تیار کر سکیں؟

Marfat.com

کون یہ کہتا ہے کہ عیش وعشرت میں مستغرق ہونا اور خوشحالی میں غرق ہونا بچے کی شخصیت کو نقصان نہیں پہنچاتا؟
اور یہ کون کہتا ہے کہ شہوات ولذات کے پیچھے پیچھے چلنا بچے کی شخصیت کے لیے نقصان دہ نہیں؟
اور کون یہ کہتا ہے کہ گندے وفحش گانے سننا اور بھڑکانے والی موسیقی ورقص وسرود بچے کی شخصیت کو مضرت نہیں پہنچاتا؟
اور کون یہ کہتا ہے کہ بے پردگی زیب وزینت کی نمائش اور اختلاطِ مرد وزن بچے کی شخصیت کو نقصان نہیں پہنچاتا ہے؟
اور کون یہ کہتا ہے کہ ہیجڑا پن اور عورتوں سے مشابہت اختیار کرنا اور فحش گوئی بچے کی شخصیت کو نقصان نہیں پہنچاتا؟
تربیت کے ماہرین اور علماءِ نفس واخلاق قریب قریب سب کے سب اس پر متفق ہیں کہ یہ چیزیں حافظہ کو کمزور کرنے، اور شخصیت کو ختم کرنے، اور اخلاق کو بگاڑنے، اور مردانگی کا جنازہ نکالنے، اور بیماریوں کے پھیلانے اور عزت وشرافت وپاک دامنی کے ختم کرنے کے لیے خطرناک ترین وباؤں میں سے ہیں
ڈاکٹر الکس کارلیل اپنی کتاب "الإنسان ذلك المجهول" میں لکھتے ہیں کہ:
انسان میں جب جنسی داعیہ حرکت کرتا ہے تو اس کے ساتھ ایک ایسا مادہ جدا ہوجاتا ہے جو خون کے ساتھ مل کر دماغ تک پہنچتا ہے اور اسے مدہوش کر دیتا ہے، اور پھر انسان صحیح سوچنے پر قادر نہیں رہتا۔
چارج بالوشی اپنی کتاب "الثورة الجنسية" میں لکھتے ہیں:
۱۹۶۲ء میں کینیڈی نے صراحۃً کہا کہ امریکہ کا مستقبل سخت خطرے میں ہے، اس لیے کہ وہاں کے نوجوان بے راہ روی کا شکار ہوگئے ہیں۔ اور شہوات میں ایسے مستغرق اور ڈوبے ہوئے ہیں کہ وہ ان ذمہ داریوں کو پورا کرنے پر قادر ہی نہیں رہے جن کا بوجھ ان کے کاندھوں پر ہے۔ اور فوج میں بھرتی کے لیے پیش ہونے والے سات نوجوانوں میں سے چھ بھرتی کے نااہل ہوتے ہیں، اس لیے کہ جن غلط حرکتوں میں وہ گرفتار رہے ہیں انہوں نے انکی نفسیاتی اور جسمانی صلاحیت کو خراب کرکے رکھ دیا ہے۔
لبنانی اخبار "الأحد" اپنے شمارہ نمبر ۶۵۰ میں معاشرے کی تربیت کرنے والی مارگریٹ سمتھ کی مندرجہ ذیل گفتگو لکھتا ہے:
اسکول یا کالج کی لڑکی کو صرف اپنی خواہشات اور ان اسباب ووسائل کی فکر ہوتی ہے جو اس کے خیالات وخواہشات میں مددگار ثابت ہوں، ساٹھ فیصد سے زیادہ طالبات امتحان میں ناکام ہوگئیں، اور ناکامی کا اصل سبب یہ تھا کہ وہ تعلیم اور اسباق حتیٰ کہ خود اپنے مستقبل سے بھی زیادہ جنسیات اور جنس کے چکر میں پڑی رہتی تھیں۔

Marfat.com

اس لیے تربیت کرنے والے حضرات اور والدین وغیرہ مسئولین کا یہ فریضہ ہے کہ وہ اپنی اولاد کو بے راہ روی اور آزادی کے مظاہر و مواقع سے بچائیں اور یہ کوشش کریں کہ ان کی نفوس میں عزت و کرامت اور شخصیت کی اہمیت اور عظیم اخلاق کی حقیقت اور روح جاگزین ہو۔

اخیر میں ہماری یہ ذمہ داری بھی ہے کہ ہم بچے کے اخلاق کی درستگی اور اس کی اصلاح اور شخصیت کے نکھار کے لیے دقیق نگرانی اور اپنی عظیم مسئولیت کے فریضہ سے قطعاً غافل نہ ہوں۔

اور اگر ہم ان اسباب کی تفتیش کرنا چاہیں جو بچے میں اخلاقی بے راہ روی اور کردار میں انحراف پیدا کر دیتے ہیں تو ہمیں یہ معلوم ہوگا کہ اس کا اصل سبب والدین کا بچوں کی نگرانی میں غفلت برتنا اور انکی تربیت و رہنمائی سے دور رہنا اور اس میں کوتاہی برتنا ہے۔

بچوں کے اخلاقی انحراف اور کردار میں آزادی و بے راہ روی کے کچھ اسباب درج ذیل ہیں :

✿ جو باپ اپنے بچوں کو برے ساتھیوں اور بدکرداروں سے ملنے کی کھلی چھٹی دے دے گا کہ وہ جب چاہیں اور جہاں چاہیں ان سے ملیں، اور وہ ان سے نہ باز پرس کرے، اور نہ کوئی نگرانی، تو اس کا لازمی اثر یہ ہوگا کہ بچے ان کی صحبت سے متاثر ہوں گے اور ان کی کجی و انحراف اور برے اخلاق ان بچوں میں بھی پیدا ہوں گے۔

✿ جو باپ اپنے بچوں کو ایسی عشقیہ فلموں کے دیکھنے کی اجازت دے گا جو آوارگی و بے حیائی و آزادی کی طرف لے جاتی اور ان کا ذریعہ بنتی ہیں یا مار دھاڑ پر مشتمل ایسی فلمیں جو جرم اور انحراف پر ابھارتی ہیں اور بچوں کو تو کیا بڑوں تک کو خراب کر دیتی ہیں تو اس میں کوئی شک نہیں کہ ایسا باپ چاہے محسوس کرے یا محسوس نہ کرے لیکن وہ اپنی اولاد کو ایک گہرے گڑھے میں دھکیل رہا ہے جو لازمی طور سے ان بچوں کو یقینی ہلاکت اور لازمی تباہی تک پہنچا دے گا۔

✿ جو باپ اپنی اولاد کو یہ موقعہ فراہم کرے گا کہ وہ ٹیلی ویژن کی اسکرین پر بھڑکانے والے مناظر اور گندے ڈرامے اور بے ہودہ عریاں اشتہارات دیکھیں تو بلاشبہ ایسی صورت میں بچے آوارگی و بے حیائی میں نشو و نما پائیں گے اور آہستہ آہستہ آوارہ و آزاد بنیں گے اور مردانگی اور عظمت اور بہترین اسلامی آداب ان میں ختم ہوتے چلے جائیں گے۔

✿ جو باپ اپنے بچوں کو فحش رسالوں کے خریدنے اور عشقیہ کہانیوں کے پڑھنے اور ننگی تصاویر جمع کرنے کی اجازت دے گا تو لازمی طور سے اولاد بے حیائی اور گناہ کے راستہ پر چلے گی اور گندی و آزاد زندگی اور فحش و ناجائز جنسی تعلقات کا سبق حاصل کرے گی۔

Marfat.com

✿ جو باپ اپنی بیوی اور لڑکیوں کو پردہ کرانے کے سلسلہ میں تساہل برتے گا اور ان کی بے پردگی اور زیب وزینت کی نمائش پر چشم پوشی کرے گا اور ان کی دوستیوں اور آزادانہ اختلاط سے تغافل برتے گا اور انہیں یہ موقعہ فراہم کریگا کہ وہ بھڑکیلا لباس پہن کر اور اپنے جسم کو عریاں کر کے باہر نکلیں تو ظاہر بات ہے کہ ایسی لڑکیاں گناہ اور بے حیائی کی زندگی کی عادی بنیں گی، اور تباہی وگمراہی اور فسق وفجور کے جال میں گرفتار ہوں گی، اور بسا اوقات ایسا بھی ہوگا کہ آخر کار وہ عزت وآبرو بھی گنوا بیٹھیں گی، اور شرافت وعزت کو بٹہ لگالیں گی، اور پاک دامنی کے دامن کو تار تار کر دیں گی لیکن اس وقت ندامت کا فائدہ ہوگا اور نہ رونے پیٹنے سے کچھ حاصل:

أتبكي على لبنى وأنت قتلتها ... لقد ذهبت لبنى فما أنت صانع؛

کیا تم لبنی کے لیے روتے ہو حالانکہ تم نے خود ہی اسے قتل کیا ہے ... لبنی تو چلی گئی بتلاؤ اب تم کیا کروگے؟

✿ جو باپ اپنے لڑکوں اور لڑکیوں کے اسکول جانے آنے کی نگرانی نہیں کرتا تو ظاہر ہے کہ اس عدم توجہی کی وجہ سے بچے یہ فائدہ اٹھائیں گے کہ اسکول کے نام سے خراب وبے کار اور گناہ کی جگہوں میں وقت گزاریں گے، اور ہم نے کتنی ہی ایسی لڑکیوں کے بارے میں سنا ہے کہ وہ بے حیائی اور زنا کے جال میں پھنس گئیں، اور ان کی شرافت اور نام ونمود کو بٹہ لگا، لیکن ان کے خاندان والوں کو صورت حال اس وقت معلوم ہوئی جب رسوائی ہو چکی اور جرم وگناہ کی نشانیاں وآثار کھل کر سامنے آگئے؟!

✿ جو باپ اپنے بچوں کی کتابوں کی الماریوں اور بستروں کی طرف توجہ نہیں کرے گا، اور ان کو منہمک ومستغرق دیکھنے کے باوجود ان کی نگرانی نہیں کرے گا تو بلاشبہ ایسی صورت میں اگر اولاد انحراف وکجی کے راستہ پر چل رہی ہوگی تو وہ اپنے اندر یہ داعیہ پائیں گے کہ وہ پسندیدہ ننگی تصویریں خریدیں، اور فحش وگندے رسالے پڑھیں، اور اپنی محبوباؤں کو جس طرح کے خطوط چاہیں لکھیں اور نہ کوئی ان کی دیکھ بھال کرنے والا ہوگا اور نہ سرپرستوں میں کوئی محاسبہ کرنے والا۔

ایسی صورت حال میں ظاہر ہے کہ اولاد تدریجاً آزادی بے راہ روی کی طرف گامزن ہوگی اور نہ ان کے لیے کوئی دینی مانع ورکاوٹ ہوگی اور نہ ان کا ضمیر ان کا حساب کتاب کرے گا، ایسی صورت میں ان کو راہ راست پر لانا ان کی اصلاح اور علاج کرنا مشکل ہو جائے گا۔

وہ بنیادی اخلاقی باتیں جن کا والدین اور تربیت کرنے والے حضرات کو خوب اہتمام کرنا چاہیئے اور ان کا بہت خیال رکھنا چاہیئے اور اپنے بچوں میں وہ پیدا کرنے کی کوشش کرنا چاہیئے وہ یہ ہیں کہ انہیں حسن اخلاق، نرم مزاجی اور لوگوں کے ساتھ اچھا معاملہ کرنے کا عادی بنائیں۔

والدین اور سرپرستوں کے سامنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی چند وہ احادیث پیش کی جاتی ہیں جو مکارم اخلاق اور

خوش خلقی اور اچھے برتاؤ کی طرف رہنمائی کرتی ہیں:

امام احمد اور حاکم اور بیہقی حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«إنما بعثت لأتمم مكارم الأخلاق».

مجھے مکارم اخلاق کی تکمیل کے لیے بھیجا گیا ہے۔

اور ابن مردویہ سندِ حسن سے روایت کرتے ہیں کہ ایک صاحب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حسنِ اخلاق کے بارے میں دریافت کیا تو آپؐ نے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمانِ مبارک تلاوت فرمایا:

«خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ۝». الاعراف - ۱۹۹

درگزر کی عادت بنائیے اور نیک کام کا حکم دیجئے اور جاہلوں سے اعراض کیجیے۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«هو أن تصل من قطعك وتعطي من حرمك و تعفو عمن ظلمك».

وہ یہ ہے کہ تم اس شخص کے ساتھ صلہ رحمی کرو جس نے تمہارے ساتھ قطع رحمی کی، اور تم اس شخص کو دو جس نے تمہیں محروم کیا اور اس سے درگزر کرو جس نے تم پر ظلم کیا ہو

اور ابوداؤد اور ترمذی حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«أثقل ما يوضع في الميزان يوم القيامة تقوى الله وحسن الخلق».

سب سے بھاری وہ چیز جو قیامت کے روز میزان (ترازو) میں رکھی جائے گی وہ اللہ کا خوف و ڈر اور حسنِ اخلاق ہے۔

اور امام ترمذی حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک صاحب نے عرض کیا کہ مجھے کچھ وصیت فرما دیجیے تو آپ نے ارشاد فرمایا:

«اتق الله حيثما كنت».

تم جہاں بھی ہو اللہ سے ڈرتے رہو۔

انہوں نے کہا کچھ اور نصیحت فرما دیجیے تو آپ نے فرمایا:

«أتبع السيئة بالحسنة تمحها».

برائی کے بعد اچھائی کر لیا کرو جس سے تم اس (برائی) کو مٹا دو گے۔

انہوں نے عرض کیا اور نصیحت فرما دیجیے، تو آپؐ نے ارشاد فرمایا:

«خالق الناس بخلق حسن».

لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آؤ۔

اور ابوداؤد اور ترمذی وغیرہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

« أكمل المؤمنين إيمانًا أحسنهم أخلاقاً ». مؤمنوں میں کامل اخلاق والا وہ شخص ہے جو ان میں بہترین اخلاق کا مالک ہو۔

اور محمد بن نصر مروزی ذکر کرتے ہیں کہ ایک صاحب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے حاضر ہوئے اور عرض کیا اے اللہ کے رسول: دین کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: حسنِ اخلاق، وہ صاحب پھر آپ کی دائیں جانب سے آئے اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول دین کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: حسنِ اخلاق، وہ صاحب پھر آپ کی بائیں جانب سے حاضر ہوئے اور پوچھا کہ دین کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا: حسنِ اخلاق، پھر وہ صاحب پیچھے کی جانب سے آئے اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول دین کیا ہے؟ تو آپ ان کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: کیا تم سمجھتے نہیں ہو، دین یہ ہے کہ تم غصہ اور ناراض نہ ہو۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے ساتھ نرمی سے پیش آنے اور حقوق کا خیال رکھنے اور چال چلن کی درستگی اور حسنِ اخلاق و حسنِ معاملہ کے سلسلہ میں جو رہنمائی کی ہے اور ارشادات بیان فرمائے ہیں اس کے ذخیرہ میں سے یہ چند نمونے ہیں۔

اس لیے والدین اور تربیت کرنے والوں کا یہ فریضہ ہے کہ وہ اپنے اندر یہ اوصاف پیدا کریں۔ اور اپنے آپ کو ان پر قائم رکھیں تاکہ بچوں کے لیے بہترین نمونہ پیش کر سکیں۔ اور جو اہل و عیال بیوی بچے وغیرہ ان کے ساتھ رہتے ہیں ان کے لیے بہترین مقتدیٰ بنیں۔ اور ساتھ ہی اپنی اولاد کو چال چلن کے اسلامی آداب اور حسنِ اخلاق کی تربیت دیں، تاکہ وہ ظلم کرنے والوں سے درگزر سے کام لیں اور قطع تعلق کرنے والوں سے صلہ رحمی کریں، اور جو انہیں نہ دے یا اسے دیں۔ اور جو ان کے ساتھ برا سلوک کرے یا اس کے ساتھ اچھا سلوک کریں تاکہ لوگوں میں بے نظیر اور دریکتا بنیں، اور یہ زمین پر چلنے والے فرشتے بن جائیں، اور یہ اسی وقت ہو سکتا ہے جب اللہ تعالیٰ کے مندرجہ ذیل مبارک فرامین کو نافذ کیا جائے۔

« خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ۝ ». الاعراف - ۱۹۹ درگزر کی عادت ڈالیے اور نیک کام کرنے کا حکم کیجیے اور جاہلوں سے اعراض کیجیے۔

اور فرمایا:

« وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ادْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ۝ ». الم سجدہ - ۳۴ اور برابر نہیں نیکی اور نہ بدی جواب میں وہ کہیے جو اس سے بہتر ہو پھر آپ دیکھ لیں گے کہ جس میں اور آپ میں دشمنی تھی گویا وہ دوست ہے قرابت والا۔

Marfat.com

﴿ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ، وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ ﴾ آل عمران ۱۳۴

اور دبا لیتے ہیں غصے کو اور لوگوں کو معاف کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے نیکی کرنے والوں کو۔

اور ہم جہاں نفسیاتی اور معاشرتی تربیت کے موضوع پر بحث کریں گے وہاں ہم ان شاء اللہ ان نفسیاتی اور اخلاقی فضائل پر تفصیل سے روشنی ڈالیں گے جن کا بچے میں پیدا ہونا ضروری ہے اور وہاں قراءِ کرام کو تشفی بخش شافی وکافی بحث ملے گی۔

اس لیے اے والدین اور سرپرستو اور مربیو ؛ بچوں کی اخلاقی لحاظ سے تربیت کرنے کے سلسلہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اہتمام کیا ہے اسے پڑھنے کے بعد۔

اور یہ جان لینے کے بعد کہ آپ کے بچوں کی کجی کی اصلاح کیلیے اخلاق ایمان راسخ کے ثمرات میں سے ایک ثمرہ ہے۔

اور آپ نے ابھی جو خراب اور گندی عادات پڑھی ہیں جن سے اپنے جگر گوشوں کو دور رکھنا ضروری ہے۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسنِ اخلاق اور عمدہ معاملہ کرنے کے سلسلہ میں جو وصیتیں کی ہیں انہیں سن لینے کے بعد۔

اس سب کے بعد آپ لوگوں کے سامنے اس کے سوا اور کوئی راستہ نہیں ہے کہ آپ لوگ عزم مصمم کریں اور ہمت سے کام لیں تاکہ تربیت، تعلیم اور دیکھ بھال کا جو فریضہ آپ پر ہے اسے آپ لوگ مکمل طریقہ سے ادا کر سکیں۔

اور آپ لوگ یہ خوب سمجھ لیں کہ اگر آپ نے اپنی اولاد اور شاگردوں کے حق میں اخلاقی جہت سے کوتاہی کی تو یاد رکھیے کہ جن کا آپ پر حق تربیت ہے وہ بلاشک وشبہ آزادی وبے راہ روی اور بے حیائی میں نشوونما پائیں گے۔ اور فساد اور بداخلاقی کی تربیت پائیں گے۔

اور پھر امن واستقرار کے لیے خطرہ کی گھنٹی اور معاشرہ کی عمارت کے گرانے اور ڈھانے کا ذریعہ بنیں گے بلکہ قوم کے افراد ان کے مجرمانہ اعمال اور اخلاقی اور معاشرتی برائیوں سے پناہ مانگیں گے۔

اس لیے اپنی اولاد کی نگرانی کیجیے اور خدا نے تربیت کی جو ذمہ داری آپ کو سونپی ہے اسے پورا کیجیے، اور اپنے فریضہ کو بحسن وخوبی ادا کیجیے، اور جتنی کوشش اور جدوجہد کر سکتے ہوں اسے بروئے کار لائیے، اور اپنی مفوضہ مسئولیت کو اچھی طرح سے پورا کیجیے، اس لیے کہ اگر آپ حضرات نے صحیح طریقے سے امانت ادا کر دی تو آپ اپنے بچوں کو گھر میں خوشبو دار مہکتا ہوا پھول اور معاشرہ میں پرنور وروشن چاند اور ایسے فرشتے پائیں گے جو پرسکون وآرام سے زمین پر چلتے ہوں گے۔

﴿ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ﴾ التوبہ - ۱۰۵

اور آپ کہہ دیجیے کہ عمل کیے جاؤ پھر آگے دیکھ لے گا اللہ تمہارے کام کو اور اس کا رسول اور مسلمان۔

Marfat.com

فصلِ ثالث

۳ــ جسمانی تربیت کی ذمہ داری

وہ بڑی ذمہ داریاں جو اسلام نے تربیت کرنے والے والدین اور اساتذہ کو سونپی ہیں ان میں سے جسمانی تربیت کی ذمہ داری بھی ہے تاکہ بچے بہترین جسمانی قوت، سلامتی، چستی و نشاط اور تندرستی و صحت کے مالک ہوں۔

اے مربی حضرات! آپ حضرات کے سامنے وہ عملی طریقہ کار پیش کیا جاتا ہے جو بچوں کی جسمانی تربیت کے سلسلہ میں اسلام نے مقرر کیا ہے۔ تاکہ آپ لوگوں کو اُس امانت کی عظمت و اہمیت معلوم ہو جائے جو آپ کے کاندھوں پر ڈالی گئی ہے۔ اور آپ اس مسئولیت و ذمہ داری کے بنیادی و اہم نقاط کو سمجھ لیں جو اسلام نے آپ پر فرض کی ہے:

۱ــ بیوی بچوں کے خرچ و اخراجات کا واجب ہونا

اس لیے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتے ہیں:

((وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ)). البقرہ-۲۳۳

اور لڑکے والے یعنی باپ پر کھانا اور کپڑا ہے ان عورتوں کا دستور کے موافق۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اُس فرمانِ مبارک کی وجہ سے جسے امام مسلم نے روایت کیا ہے:

((دينار أنفقته في سبيل الله ودينار أنفقته في رقبة ودينار تصدقت به على مسكين ودينار أنفقته على أهلك، أعظمها أجرًا الذي أنفقته

ایک دینار وہ ہے جسے تم نے اللہ کے راستے میں خرچ کیا اور ایک دینار وہ ہے جسے تم نے کسی غلام کے آزاد کرنے کے لیے خرچ کیا۔ اور ایک دینار وہ ہے جس کے ذریعہ تم نے کسی غریب پر صدقہ کیا اور ایک دینار وہ ہے جسے تم نے اپنے گھر والوں پر خرچ کیا۔ ان سب میں زیادہ اجر و ثواب والا وہ دینار

Marfat.com

علی أهلك)).

ہے جسے تم نے اپنے گھر والوں پر خرچ کیا ہو۔

اور جس طرح باپ کو اہل وعیال پر خرچ کرنے اور ان پر وسعت وفراخی کرنے پر اجر وثواب ملتا ہے۔ اسی طرح اگر وہ ان پر خرچ نہ کرے یا باوجود قدرت کے اہل وعیال پر تنگی کرے تو اسے گناہ بھی ہوگا۔ وہ لوگ جو اپنے اہل وعیال کی حق تلفی کرتے ہیں اور انہیں لاوارث چھوڑ دیتے ہیں۔ اور اپنے اہل وعیال پر خرچ نہیں کرتے، ان کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ فرمایا ہے وہ سنیے۔ ابوداؤد وغیرہ اس درجِ ذیل حدیث کے راوی ہیں:

((كفى بالمرء إثما أن يضيع من يقوت)).

انسان کے گناہگار ہونے کے لیے اتنی بات کافی ہے کہ وہ ان لوگوں کو ضائع کر دے جن کی نان نفقہ کی ذمہ داری اس پر ہو۔

اور مسلم کی روایت میں آتا ہے:

((كفى بالمرء إثما أن يحبس عمن يملك قوته)).

انسان کے گناہگار ہونے کے لیے اتنی بات کافی ہے کہ وہ ان لوگوں پر خرچہ کرنے سے رک جائے جن کے خرچ کا وہ مالک ہے۔

اہل وعیال پر نفقہ وخرچ واخراجات میں یہ بھی شامل ہے کہ باپ اپنی بیوی بچوں کے لیے صحیح غذا اور قابلِ رہائش مکان اور قابلِ استعمال لباس مہیا کرے، تاکہ وہ لوگ بیمار نہ پڑ جائیں اور ان کے جسم وباؤں اور بیماریوں کا نشانہ نہ بنیں۔

۲۔ کھانے پینے اور سونے میں طبّی قواعد اور صحت کے لیے ضروری باتوں کا خیال رکھنا

تاکہ یہ چیزیں بچوں کی عادت اور فطرت بن جائیں، کھانے کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رہنمائی یہ ہے کہ پیٹ بھرنے سے بچا جائے اور ضرورت سے زیادہ کھانے پینے سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔ امام احمد وترمذی وغیرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((ما ملأ آدمي وعاءً شرًّا من بطنه، بحسب ابن آدم لقيمات يقمن صلبه، فإن كان لا بدّ فاعلاً فثلث لطعامه، وثلث لشرابه،

کسی آدمی نے اپنے پیٹ سے زیادہ برا برتن نہیں بھرا آدمی کے لیے وہ چند لقمے کافی ہیں جو اس کی کمر سیدھی رکھ سکیں پس اگر انسان زیادہ کھانا ہی چاہے تو یہ کرلے کہ ایک تہائی حصہ کھانے کے لیے رکھے اور ایک تہائی

Marfat.com

وثلث لنفسه)).

پانی کے لیے اور ایک تہائی حصہ سانس لینے کے لیے خالی رکھے۔

پانی کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ رہنمائی فرمائی ہے کہ تین سانس یا دو میں پانی پینا چاہیئے اور برتن میں سانس نہیں لینا چاہیئے، اور کھڑے ہو کر پانی نہیں پینا چاہیئے۔

امام ترمذی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

((لا تشربوا واحداً كشرب البعير ولكن اشربوا مثنى وثلاث ، وسموا إذا أنتم شربتم، واحمدوا إذا أنتم رفعتم)).

اونٹ کی طرح ایک سانس میں نہ پیو بلکہ دو یا تین سانسوں میں پانی پیو، اور جب پانی پیو تو اللہ کا نام لیا کرو (بسم اللہ پڑھ کر پیو) اور جب پی چکو تو اللہ کی حمد وتعریف بیان کرو (الحمد للہ کہو)۔

اور بخاری و مسلم میں حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے برتن میں سانس لینے سے منع فرمایا ہے۔

اور ترمذی کی روایت میں ہے کہ: برتن میں سانس لینے یا اس میں پھونکنے سے منع فرمایا ہے۔

اور امام مسلم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

((لا يشربن أحدكم قائماً ، فمن نسي فليستقئ)).

تم میں سے کوئی شخص کھڑے ہو کر ہرگز پانی نہ پیئے، اور جو بھول کر کھڑے ہو کر پی لے تو اسے چاہیئے کہ قی کرے۔

سونے کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رہنمائی یہ ہے کہ انسان دائیں کروٹ پر لیٹے، اس لیے کہ بائیں کروٹ پر لیٹنا دل کو نقصان پہنچاتا اور تنفس کو روکتا ہے، امام بخاری و مسلم حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ——— رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ:

((إذا أتيت مضجعك فتوضأ وضوءك للصلاة ، ثم اضطجع على شقك الأيمن وقل: اللهم أسلمت نفسي إليك ، ووجهت وجهي إليك ، وفوضت أمري إليك وألجأت ظهري إليك ، رغبة ورهبة إليك ،

جب تم اپنے بستر پر آؤ تو پہلے نماز والا وضو کر لو اور پھر اپنی دائیں کروٹ پر لیٹ جاؤ ۔ اور یہ دعا پڑھو: اے اللہ میں نے اپنی نفس وجان آپ کے سپرد کر دی، اور اپنا چہرہ آپ کی طرف پھیر دیا۔ اور اپنا معاملہ آپ کے سپرد کر دیا۔ اور اپنی پشت آپ کی طرف جھکا دی۔ آپ

Marfat.com

لاملجأ ولامنجأ إلا إليك، آمنت بكتابك الذی أنزلت، ونبيك الذی أرسلت واجعلهن آخر ما تقول)).

سے اُمید ورغبت اور آپ کے خوف وڈر کے ساتھ نہ کوئی پناہ گاہ ہے اور نہ کوئی نجات کہ جگہ سوائے آپ کے میں آپ کی اس کتاب پر ایمان لایا جسے آپ نے نازل کیا اور اُن نبی پر جنہیں آپ نے بھیجا اور ان کلمات کو تم اپنی آخری گفتگو بنالو

۳۔ متعدی اور سرایت کرنے والے امراض سے بچنا

اس لئے کہ مندرجہ ذیل احادیث اس پر دلالت کرتی ہیں:

امام مسلم وابن ماجہ وغیرہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ ثقیف کے وفد میں ایک صاحب جذام کے مرض میں گرفتار تھے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے پاس یہ پیغام بھیجا کہ

"ارجع فقد بايعناك — تم واپس چلے جاؤ اس لئے کہ ہم نے تمہیں بیعت کرلیا ہے۔

اور امام بخاری اپنی صحیح میں روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((لا يورد ممرض على مصح)). — کوئی بیمار آدمی تندرست آدمی کے پاس نہ جائے۔

اور بخاری ومسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فر من المجذوم فرارك من الاسد — تم جذامی سے ایسے دور بھاگو جیسا تم شیر سے دور بھاگتے ہو۔

اس لئے مربیوں اور خصوصاً ماؤں کو چاہیے کہ اگر ان کی اولاد میں سے کوئی بچہ کسی متعدی مرض میں مبتلا ہو جائے تو اسے دوسرے بچوں سے الگ تھلگ اور دور رکھیں، تاکہ مرض نہ پھیلے اور وبا نہ پھوٹ پڑے، دیکھئے بدن کی نشوونما اور صحت کے حفاظت کے سلسلہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ رہنمائی کتنی عظیم ہے۔

۴۔ مرض وبیماری کا علاج اور دوا دارو

اس لئے کہ بیماری کو دور کرنے اور شفا حاصل کرنے میں دوا کا بہت اثر ہوتا ہے اور بہت سی احادیث میں علاج ودوا ادارو کا حکم دیا گیا ہے جن میں سے ہم مندرجہ ذیل پر اکتفا کرتے ہیں:

امام مسلم واحمد وغیرہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے

ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

«لکل داء دواء، فإذا أصاب الدواء الداء برأ بإذن الله عز وجل».

ہر بیماری کی ایک دوا ہوتی ہے چنانچہ بیماری کے مطابق دوا پہنچتی ہے تو اللہ کے حکم سے شفا حاصل ہو جاتی ہے۔

مسند احمد اور نسائی وغیرہ میں حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا کچھ دیہاتی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول کیا ہم علاج کیا کریں؛ آپ نے ارشاد فرمایا:

«نعم یا عباد الله تداووا فإن الله عز وجل لم یضع داءً إلا وضع له شفاءً غیر داء واحد، قالوا: وما هو؟ قال: الهرم».

ہاں اے اللہ کے بندوں دوا کیا کرو، اس لیے کہ اللہ جل شانہٗ نے کوئی بیماری نہیں پیدا کی مگر یہ کہ اس کے لیے دوا بھی اتاری ہے سوائے ایک بیماری کے، لوگوں نے پوچھا: وہ بیماری کون سی ہے؟ آپ نے فرمایا: بڑھاپا۔

اور امام احمد و ترمذی وغیرہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول: بتلائیے کیا وہ منتر جو ہم پڑھتے ہیں۔ اور وہ دوا جس سے ہم علاج کرتے ہیں، اور احتیاطی تدابیر جن کے ذریعہ ہم بچاؤ اختیار کرتے ہیں۔ کیا یہ چیزیں کسی ایسی چیز سے بچا سکتی ہیں جس کا اللہ نے فیصلہ کر دیا ہو؛ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«هی من قدر الله».

یہ چیزیں بھی اللہ کی طرف سے مقرر کردہ ہی ہیں۔

اس لیے والدین اور مربیوں کو چاہیے کہ بچوں کی بیماری کی صورت میں ان کے علاج معالجہ کا خیال رکھیں اور کسی آفت و بیماری میں گرفتار ہونے پر اس کے تدارک کا اہتمام کریں، اور اس سلسلہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رہنمائیوں اور ارشادات کے مطابق عمل کریں، اس لیے کہ اسباب اور مسببات کا اختیار کرنا فطری تقاضوں اور اسلام کے بنیادی اصولوں میں سے ہے۔

۵ــــ نہ نقصان پہنچاؤ اور نہ نقصان اٹھاؤ کے اصول کو نافذ کرنا

اس لیے کہ امام مالک اور ابن ماجہ اور دار قطنی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«لا ضرر ولا ضرار».

نہ نقصان اٹھاؤ اور نہ دوسرے کو نقصان پہنچاؤ۔

Marfat.com

اس حدیث شریف کو فقہا اور اہل اصول نے ایک شرعی قاعدہ بنالیا ہے جو ان اہم قاعدوں میں سے ایک ہے جسے اسلام نے مقرر کیا ہے۔ اور افراد اور معاشرے کی حفاظت اور لوگوں سے ضرر و تکالیف دور کرنے کے سلسلہ میں اس پر بہت سے امور متفرع ہوتے ہیں۔

اس قاعدہ کی رو سے مربیوں اور خصوصاً ماؤں پر یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے بچوں کو ان طبی تعلیمات اور ہدایات کا پابند بنائیں جو صحت کے لیے ضروری ہیں۔ اور وہ حفاظتی تدابیر سکھائیں جو بچوں کی صحت کی حفاظت کی ضمانت اور جسمانی نشوونما کی گارنٹی ہوں۔ اسی طرح ان کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ بیماریوں اور متعدی امراض سے محفوظ رکھنے کے لیے جن اسپیشل وخصوصی معالجین کی مدد درکار ہو ان سے مدد لیں۔

چونکہ کچے پھل کا کھانا جسم کو نقصان پہنچاتا ہے اور بیماری کا سبب ہے اس لیے مربیوں کا فریضہ ہے کہ وہ بچوں کو اس بات کا عادی بنائیں کہ وہ پکے ہوئے پھل کھائیں۔

اور چونکہ پھلوں اور سبزیوں کو دھوئے بغیر کھانا بیماری کا ذریعہ بنتا ہو اس لیے تربیت کرنے والوں کا فریضہ ہے کہ وہ بچوں کی اس جانب رہنمائی کریں کہ وہ پھل وسبزیاں دھوکر کھایا کریں۔

اور کھانے پر کھانا کھانا (بھرے پیٹ پر کھانا) امراضِ معدہ کا سبب بنتا ہے اور تنفس کے نظام اور نظامِ ہضم کو خراب کردیتا ہے اس لیے مربیوں کو چاہیے کہ وہ اولاد کو اس بات کا عادی بنائیں کہ وہ صرف مخصوص اوقات ہی میں کھانا کھایا کریں۔

اور چونکہ ہاتھ دھوئے بغیر کھانا کھانا مرض پھیلانے کا ذریعہ بنتا ہے۔ اس لیے مربیوں کو چاہیے کہ وہ بچوں کو یہ بتلائیں کہ وہ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونے کے اسلامی طریقے پر عمل کریں۔

اور چونکہ برتن یا چمچہ میں گرم کھانے کو پھونک کر ٹھنڈا کرنا جسمانی تکالیف کا سبب بنتا ہے، اس لیے مربیوں کو چاہیئے کہ وہ اپنے بچوں کو اس مضر ونقصان دہ عادت سے روکیں۔

اور اس طرح سے جب مربی ان طبی تعلیمات ورہنمائیوں پر عمل کریں گے، اور صحت سے متعلق ان ارشادات کا بچوں کو پابند بنائیں گے، تو بلاشک وشبہ اولاد تندرست وتوانا، صحیح وسالم، طاقتور بدن کی مالک اور چست وچالاک اور مستعد پلے بڑھے گی۔

۶ــــ بچوں کو ریاضت، ورزش اور شہسواری وغیرہ کا عادی بنانا

تاکہ اللہ تعالیٰ کے مندرجہ ذیل فرمانِ مبارک پر عمل ہو:

«وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ» انفال۔۶۰ اور تیار کرو ان سے لڑائی کے لیے جو کچھ جمع کرسکو قوت سے

Marfat.com

اور تاکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حکم کو نافذ کیا جا سکے جسے امام مسلم نے روایت کیا ہے کہ:

«المؤمن القوی خیر و أحب إلی اللہ من المؤمن الضعیف»۔

طاقتور مؤمن بہتر اور اللہ کو زیادہ محبوب ہے اس مؤمن کی بنسبت جو کمزور ہو۔

اسی لیے اسلام نے تیرنے اور تیر اندازی اور گھڑ سواری سیکھنے کی دعوت دی ہے اور وہ مندرجہ ذیل ارشادات بویہ مبارکہ ہیں:

امام طبرانی سندِ جید کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

«کل شئ لیس من ذکر اللہ فھو لھو أو سھو إلا أربع خصال، مشی الرجل بین الغرضین وتأدیبہ فرسہ، وملاعبتہ أھلہ، وتعلیمہ السباحۃ»۔

ہر وہ چیز جو اللہ کے ذکر میں سے نہیں ہے وہ کھیل کود یا غفلت ہے سوائے چار چیزوں کے، (تیر اندازی کے لیے) انسان کا دونوں نشانوں کے درمیان چلنا۔ اور گھوڑے کو سدھانا، اور اپنی بیوی کے ساتھ دل لگی کرنا اور تیرنا سیکھنا۔

اور امام مسلم اپنی صحیح میں روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمانِ مبارک تلاوت کیا:

«(وَأَعِدُّوا لَهُم مَّا اسْتَطَعْتُم مِّن قُوَّةٍ) ثم قال، ألا إن القوۃ الرمی ألا إن القوۃ الرمی، ألا إن القوۃ الرمی»۔

اور تم تیار کرو ان سے لڑائی کے جو کچھ جمع کر سکو قوت سے، اور پھر آپ نے فرمایا: سن لو قوت تیر اندازی ہے سن لو قوت تیر اندازی ہے سن لو قوت تیر اندازی ہے۔

اور بزار و طبرانی سند جید کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

«علیکم بالرمی فإنہ من خیر لھوکم»۔

تم تیر اندازی سیکھو اس لیے کہ یہ تمہارے کھیل کود میں سے بہترین کھیل ہے۔

اور امام بخاری اپنی صحیح میں روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے تیر اندازی کے حلقوں کے پاس سے گزر رہے تھے تو آپ نے انہیں مزید ابھارا اور فرمایا:

«ارموا وأنا معکم کلکم»۔

تم لوگ تیر اندازی کرتے رہو میں تم سب کے ساتھ ہوں۔

اور بخاری و مسلم میں آتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ حبشہ کو یہ اجازت دی کہ وہ آپ کی مسجد مبارک میں اپنے نیزوں کے ساتھ کھیلیں اور حضرت عائشہ کو یہ اجازت دی کہ وہ ان کے کھیل کو دیکھیں، اور آپ ان حبشیوں سے یہ کہہ رہے تھے:

«دونکم یا بنی أرفدۃ[1]»۔

اے بنو ارفدہ لے لو۔

---

[1] ارفدہ کنیت ہے جس کے ذریعہ سے اہلِ حبشہ کو پکارا کرتے تھے۔

ابھی یہ اہلِ حبشہ مسجد میں اپنے نیزوں کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھیل ہی رہے تھے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے اور کنکر اُٹھا کر ان کو مارنے لگے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«دعهم ياعمر[1]». اے عمر ان کو چھوڑ دو۔

اصحابِ سنن (ابوداؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ) اور امام احمد نبی کریم اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں

«لا سبق إلا في خف أو حافر أو نصل». ریس اور مسابقت و مقابلہ سوائے اونٹوں اور گھوڑوں اور تیر اندازی کے کسی اور میں جائز نہیں۔

اس لیے کہ اس مقابلہ[2] کا جنگ اور جہاد کی تیاری میں بڑا اثر پڑتا ہے۔

۷۔ بچے کو سادگی اور عیش و عشرت میں نہ پڑنے کا عادی بنانا

تاکہ جب بالغ ہو اور بڑا ہو جائے تو فریضۂ جہاد کو ادا کر سکے اور دین کی دعوت خوبی اور عمدگی سے دے سکے اور سادگی اور موٹا جھوٹا پہننے کی ترغیب بہت سی احادیث میں وارد ہوئی ہے:

امام احمد اور ابونعیم حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مرفوع حدیث روایت کرتے ہیں کہ:

«إياكم والتنعم فإن عباد الله ليسوا بالمتنعمين». تم ناز و نعمت میں پڑنے سے بچو اس لیے کہ اللہ کے بندے ناز و نعمت میں نہیں پڑتے۔

اور طبرانی اور ابن شاہین اور ابونعیم حضرت قعقاع بن ابی حدرد سے مرفوع حدیث روایت کرتے ہیں:

«تمعددوا[3] واخشوشنوا وامتضلوا». اپنے جد امجد معد بن عدنان کی نسبت پیدا کرو (سادگی و فصاحت و بلاغت میں) اور سادگی اور معمولی زندگی اختیار کرو اور تیر اندازی اختیار کرو۔

---

[1] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ کریمانہ فراخ دلی تھی کہ آپ نے اپنی مسجد مبارک میں اس جیسی مشق کرنے کے اجازت دی تاکہ ہر شخص کو معلوم ہو جائے کہ اسلام کے نقطہ نظر سے مسجد عبادت اور جہاد دونوں کی تیاری کے لئے ہے۔ اور مسجد میں افراد کی تربیت اور اسلام کی مصلحت دونوں کے لیے کام ہوتا ہے۔

[2] وہ مقابلہ اور مسابقت و ریس جائز ہے جس میں انعام یا شرکائے ریس کے علاوہ کسی اور کی طرف سے ہو یا دونوں ریس لگانے والوں میں سے صرف ایک کی طرف سے ہو لیکن اگر گھوڑ دوڑ میں دونوں شرکاء کی طرف سے انعام مقرر کیا ہو تو وہ ناجائز اور قمار اور جوئے میں داخل ہے اور اس کی صورت یہ ہے کہ بالفرض گھوڑ دوڑ میں دونوں مقابلہ کرنے والے میں سے ایک دوسرے سے کہے کہ اگر تم مجھ سے سبقت لے گئے تو میں تمہیں اتنا مال یا انعام دوں گا۔ اور اگر میں تم سے آگے نکل جاؤں تو تم مجھے اتنا روپیہ یا انعام دینا بصورت ناجائز ہے۔

[3] اپنے جد امجد سعد بن عدنان جیسی سادہ زندگی اختیار کرنے والے اور فصیح و بلیغ بنے کی کوشش کرے۔

Marfat.com

سادہ زندگی اختیار کرنے اور معمولی لباس استعمال کرنے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے لیے بہترین نمونہ واعلیٰ ترین مقتدیٰ ہیں۔ آپ نے کھانے پینے لباس اور رہائش سب میں سادگی کو اختیار کیا، تاکہ مسلم معاشرہ اور امت آپ کی اقتدا کرے، اور آپ کی سنت اور طریقہ پر چلے اور ان تمام حوادث کے لیے جو ان کے راستے میں پیش آنے والے ہیں یا ان کے اوپر جو مصیبتیں نازل ہونے والی ہیں ہمیشہ مکمل تیار اور مستعد اور چاق وچوبند رہیں

یہ بات صاف مشاہدہ ہے کہ جب امتِ مسلمہ نعمتوں میں مست اور کھانے پینے میں مستغرق ہو جائے گی۔ اور ریشم اور دیباج پر سوئے گی۔ تو مادی ترقی و تمدن اپنی چمک دمک اور ظاہری آب وتاب سے اسے دھوکہ میں ڈال دے گا۔ اور پھر وہ بہت جلد اپنے مقام سے گر جائے گی اور دشمن کے سامنے گردن جھکا دے گی، اور اس کے نوجوانوں کے دلوں سے صبر اور جہاد فی سبیل اللہ اور اس کے لیے مصائب برداشت کرنے کی روح ماند پڑ جائے گی۔ اور سقوطِ اندلس کا جو واقعہ تاریخ کے صفحات میں مذکور ہے یہ کوئی زیادہ دور کی بات نہیں ہے۔

۸ــــ بچے کو حقیقت پسندانہ اور مردانہ زندگی گزارنے کا عادی بنانا اور اس کو لاابالی پن، سستی اور آزادی و بے راہ روی کی زندگی سے بچانا

اس لیے کہ مندرجہ ذیل فرامینِ نبویہ اس کی جانب رہنمائی کرتے ہیں؛

امام مسلم اپنی صحیح میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((احرص علی ما ینفعك واستعن باللہ ولا تعجز)).

ایسی چیزوں کے حریص بنو جو تمہیں فائدہ پہنچانے والی ہو اور اللہ سے مدد مانگتے رہو اور عاجز و درماندہ نہ بنو۔

طبرانی سندِ جید کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((کل شئ لیس من ذکر اللہ فھو لھو أو سھو إلا أربع خصال: مشی الرجل بین الغرضین وتأدیبه فرسه، وملاعبته أھله وتعلیمه السباحة)).

ہر وہ چیز جو اللہ کے ذکر میں سے نہ ہو وہ کھیل کود یا غفلت ہے سوائے چار چیزوں کے: انسان کا (تیر اندازی کے) دو نشانوں کے درمیان چلنا، اور گھوڑے کو سدھانا اور اپنی بیوی سے دل لگی کرنا، اور تیرنا سیکھنا۔

اور امام بخاری و مسلم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((لا یزنی الزانی حین یزنی وھو مؤمن ولا یسرق السارق حین یسرق وھو مؤمن، ولا یشرب الخمر حین یشربھا وھو مؤمن)).

زنا کرنے والا ایمان کی حالت میں زنا نہیں کرتا اور چور ایمان کی حالت میں چوری نہیں کرتا اور شرابی ایمان کی حالت میں شراب نہیں پیتا۔

Marfat.com

امام نسائی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ بھی بڑھائے ہیں :

فإذا فعل ذلك فقد خلع ربقة الإسلام من عنقه)).

جب وہ ایسا کر لیتا ہے تو اس نے اسلام کا طوق اپنی گردن سے نکال پھینکا۔

اور امام مسلم وغیرہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

((صنفان من أهل النار لم أرهما ، قوم معهم سياط كأذناب البقر يضربون بها الناس ، ونساء كاسيات عاريات ، مميلات مائلات ، رؤوسهن كأسنمة البخت المائلة ، لا يدخلن الجنة ولا يجدن ريحها وإن ريحها ليوجد من مسيرة كذا وكذا)).

دوزخیوں کی دو قسمیں ایسی ہیں جن کو میں نے نہیں دیکھا : ایک وہ قوم جن کے پاس گائے کی دم کی طرح کے کوڑے ہوں گے جن سے وہ لوگوں کو مارتے ہوں گے۔ دوسری وہ عورتیں جو کپڑے پہننے کے باوجود ننگی ہوں گی (مردوں کو) اپنی طرف مائل کرنے والی (اور خود مردوں کی طرف) مائل ہونے والی ہوں گی۔ ان کے سر ایسے ہوں گے جیسے (خراسانی) بختی اونٹوں کے کوہان نہ وہ جنت میں داخل ہوں گی اور نہ اس کی خوشبو سونگھیں گی حالاں کہ اس کی خوشبو اتنے اتنے فاصلہ سے آتی ہوگی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جن چیزوں کی جانب رہنمائی کی ہے اس کے سمندر ناپیدا کنار سے یہ چند قطرے ہیں اور جیسا کہ آپ نے دیکھا یہ نہایت قیمتی رہنمائی و اعلیٰ توجیہات ہیں جو انسان کو مردانہ اور پُر حقیقت زندگی اپنانے کی دعوت دیتی ہیں۔ اور بے راہ روی و آزادی سے ڈراتی ہیں۔ اور یہ بات بداہۃً معلوم ہے کہ بچہ اگر آزادی و بے راہ روی کی زندگی میں نشو و نما پائے گا اور گناہوں اور فسق و فجور میں تربیت پائے گا اور لاپرواہی کا شکار اور کھیل میں پڑنے کا عادی ہوگا تو اس کی شخصیت تباہ ہو جائے گی اور اس کی نفس الجھ کر رہ جائے گی اور اس کا جسم خطرناک امراض اور بیماریوں کا نشانہ بن جائیگا

ان تمام باتوں کی وجہ سے مربیوں اور خاص طور سے ماؤں پر لازم ہے کہ وہ بچپن سے ہی بچوں کی دیکھ بھال رکھیں۔ اور ان کی نفوس میں مردانگی اور سادگی اور خودداری اور رفعت اور عظیم اخلاق کی برتری اور اہمیت پیدا کر دیں

اسی طرح ان کی یہ ذمہ داری بھی ہے کہ وہ بچوں کو ہر اس چیز سے دور رکھیں جو ان کی مردانگی اور شخصیت کو تباہ اور اخلاق و شرافت کو برباد اور عقل و جسم کو کمزور کر دے، اس لیے کہ اس طرح سے ان کی تفکیر و سوچ درست و صحیح اور

Marfat.com

جسم طاقتور اور اخلاق ٹھیک رہیں گے اور ارواح میں بلندی اور مطلوب و مراد کے حاصل کرنے کا ان میں قوی داعیہ ہوگا۔

اے مربیو یہ وہ اہم بنیادی باتیں ہیں جنہیں دین اسلام نے بچوں کی جسمانی تربیت کے سلسلہ میں متعین و بیان کیا ہے۔

اگر آپ لوگوں نے ان کو اہمیت دی اور ان کی طرف پوری توجہ کی تو جس معاشرہ اور قوم کی تربیت و رہنمائی کا کام آپ انجام دے رہے ہیں وہ قوت و صحت نشاط اور زندگی سے مستفید ہوگی، اور اس کے ساتھ ساتھ آپ اس امانت کے حق کو بھی پورا کر دیں گے جو آپ کے ذمہ ہے۔ اور اس مسئولیت کو ادا کر دیں گے جو اللہ نے آپ کے ذمہ لگائی ہے۔ اور قیامت میں آپ لوگ اللہ سے سرخروئی کے ساتھ انبیاء، صدیقین، شہداء، صالحین کے مجمع میں مل سکیں گے اور حقیقت یہ ہے کہ ان حضرات کی رفاقت بہت ہی اعلیٰ و عمدہ ہے۔

ہمیں بہت سی خطرناک عادتیں بچوں بڑوں اور جوانوں اور قریب البلوغ لڑکوں میں نظر آتی ہیں۔ جن کی طرف مربیوں اور خصوصاً والدین کو توجہ کرنا چاہیئے، اور اس کے نقصانات اور خطرناکی کا احساس کرنا چاہیئے۔ اور جن کی تربیت کے یہ مسئول ہیں انہیں ان کی قباحت، ضرر اور نقصانات بتلانا چاہیئے تاکہ وہ ان کے دام میں گرفتار نہ ہوں، اور ان کی آگ میں نہ جلیں اور اس کی دلدل اور وادیوں میں سرگرداں و پریشان نہ ہوں۔

میرے اندازے کے مطابق بچوں قریب البلوغ لڑکوں اور نوجوانوں میں پائی جانے والی یہ عادات بالعموم مندرجہ ذیل امور میں منحصر ہیں:

۱۔ سگریٹ نوشی کی عادت۔
۲۔ مشت زنی کی عادت۔
۳۔ منشیات اور نشہ آور چیزوں کا استعمال۔
۴۔ زنا اور لواطت کی عادت۔

خدا نے چاہا تو میں ان چاروں میں سے ہر عادت پر تفصیل سے روشنی ڈالوں گا۔

۱۔ سگریٹ نوشی کی عادت

ہمارے موجودہ پر آشوب معاشرہ میں جو چیز وبائی شکل میں بہت زیادہ مشاہدہ میں آتی ہے وہ سگریٹ نوشی کی عادت ہے جو اور تمام عادات سے زیادہ عام اور چھوٹوں بڑوں میں پھیلی ہوئی ہے، چنانچہ انسان جہاں بھی نظر ڈالتا ہے اس مذموم عادت کو معاشرے کے افراد میں باوجود تفاوتِ مراتب کے تمام طبقات میں چھوٹوں بڑوں مردوں عورتوں جوانوں بوڑھوں میں انتہائی عام اور منتشر پاتا

Marfat.com

ہے، اور اس لعنت سے صرف وہی شخص محفوظ رہا ہے جس نے خواہشات پر قوتِ ارادہ کو، اور جذبات پر عقل کو اور فساد پر اصلاح کو فوقیت و ترجیح دی ہے. اور ایسے لوگ بہت کم ہیں۔

اس لعنت پر مکمل روشنی ڈالنے اور اس کے تمام پہلوؤں پر تفصیل سے کلام کرنے کے لیے بہتر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہم اس کے تین نقاط پر گفتگو کریں:

۱ - سگریٹ نوشی سے پیدا ہونے والے نقصانات.
۲ - سگریٹ نوشی کے بارے میں شریعت کا حکم.
۳ - سگریٹ نوشی کا علاج۔

سگریٹ نوشی سے جو نقصانات پیدا ہوتے ہیں ان کو ہم دو اہم چیزوں میں محدود کر سکتے ہیں:

الف۔ صحت اور نفسیات سے متعلق نقصانات | اطباء کے فیصلہ کے مطابق یہ بات یقینی اور قطعی طور سے ثابت ہو چکی ہے جس میں ذرہ برابر بھی شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہے کہ سگریٹ نوشی مورثِ سل ہے اور پھیپھڑوں میں سرطان پیدا کرتی ہے، حافظہ کو کمزور کرتی اور اشتہا کو کم کرتی ہے، اور چہرہ اور دانتوں کو زرد کرتی اور ضیقِ تنفس کی موجب ہے. اور اعصاب میں ہیجان پیدا کرتی ہے. اور جسم میں عمومی انحطاط کا ذریعہ ہے. اخلاق کو بگاڑتی اور قوتِ ارادی کو کمزور کرتی ہے اور سستی اور کاہلی پیدا کرنے کا ذریعہ ہے.

سگریٹ نوشی کے صحت پر جو نقصانات مرتب ہوتے ہیں. ان کے سلسلہ میں اس فن کے ماہر و خصوصی اطباء کی رپورٹیں درج ذیل ہیں:

جرمنی کا مجلہ "الشبیگل" لکھتا ہے کہ امریکہ کے دس اسپیشلسٹ ماری لینڈ امریکہ کے شہر "بالٹیمور" کے ادارۂ تحقیقات میں جمع ہوئے، اور تمباکو نوشی کے جو اثرات لوگوں کی صحت پر پڑتے ہیں. اس پر بحث مباحثہ کیا، اور متفقہ طور سے مندرجہ ذیل نقصانات پر سب نے اتفاق کیا:

۱ - جو مرد سگریٹ نوشی کرتے ہیں ان میں ان لوگوں کی بنسبت جو سگریٹ نوشی نہیں کرتے شرحِ اموات اڑسٹھ فیصد زیادہ ہے.

۲ - جو لوگ تمباکو نوشی کے مرتکب ہیں ان میں مندرجہ ذیل امراض سے مرنے کی تعداد ان لوگوں کی بنسبت زیادہ ہے جو تمباکو نوشی نہیں کرتے: پھیپھڑوں کا سرطان (۸ر۱۰) گنا زیادہ، ناک، گلے اور سانس کی نالی میں التہاب اور سوزش اور ان جگہوں کا متورم ہونا اور پھول جانا (۱ر۶) گنا زیادہ، گلے کا سرطان (۴ر۵) گنا زیادہ، منہ کے اندر سرطان (۱ر۴) گنا زیادہ غذا کی نالی کا سرطان (۴ر۳) گنا زیادہ، معدے کے امراض (۴ر۲) گنا زیادہ، دوسرے باری والے امراض (۶ر۲) گنا زیادہ، دل پر چربی وغیرہ کے امراض (۷ر۱) گنا زیادہ۔

۳۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کان اور دل پر چربی چھا جانے کا مرض جو ولایاتِ متحدہ امریکہ میں عام طور سے موت کا سبب بن جاتا ہے) تمباکو نوشوں میں بنسبت غیر تمباکو نوشوں کے ستر فیصد زیادہ ہے، اور تھوک کی نالی کی جلی اور تنفس کے نظام میں سوزش والتہاب پانچ سو فیصد زیادہ ہے، رہا پھیپھڑوں کا سرطان جو سرطان کی دوسری تمام اقسام سے زیادہ منتشر ہونے والا اور عام ہے تو اس کا شکار ہونے کا احتمال تمباکو نوشوں میں بنسبت غیر تمباکو نوشوں کے ہزار فی صد زیادہ ہے[1]

سل کے تدارک اور روک تھام کے سلسلہ میں قائم شدہ ملک شام کی ایک کمیٹی نے ایک بیان جاری کیا ہے جس میں لکھا ہے کہ:

سالوں کی تحقیق اور علمی بحث ومباحثہ سے مندرجہ ذیل باتیں ثابت ہوئی ہیں کہ جب کوئی شخص سگریٹ پیتا ہے تو وہ دھنویں کو نگلتا ہے اور اسی سے نوے فی صد اس دھویں کو اپنے اندر محفوظ کر لیتا ہے۔ جیسا کہ تمباکو کے جلنے سے جو سیاہی اور کالک بنتی ہے وہ بھی سانس کی نالیوں میں جم جاتی ہے، اور یہ سیاہی کیمیاوی قسم کے مجموعۂ مرکبات کی ایک قسم ہے جن میں سے بعض اقسام سرطان پیدا کرنے کا ذریعہ بنتی ہیں۔ جب کہ دوسرے باقی ماندہ عناصر واجزاء خراش پیدا کر دیتے ہیں، اور پھیپھڑے کو سل اور دوسرے خطرناک، مہلک جراثیم کے حملہ کے لیے بہترین جگہ بنا دیتے ہیں۔

وہ لوگ جو سگریٹ نوشی کرتے ہیں وہ سل اور سرطان کا ان لوگوں کی بنسبت زیادہ نشانہ بنتے ہیں جو سگریٹ نوشی نہیں کرتے، اور ساتھ ہی سگریٹ نوشی کی عادت کی وجہ سے پھیپھڑوں میں دوسرے لاعلاج قسم کے امراض پیدا ہو جاتے ہیں مثلاً حلق کی نالی میں التہاب وسوزش اور پھیپھڑوں کا پھول جانا اور سانس لینا دشوار ہو جانا۔ اور دق وسل، سگریٹ نوشی امراضِ قلب کا راستہ ہموار کر دیتی ہے اس لیے کہ نکوٹین دل کی دھڑکن کو بڑھاتی ہے اور خون کی نالیوں کو نقصان پہنچاتی ہے، چنانچہ بہت سے سگریٹ نوش اپنی زندگی کے خاتمہ کے لیے بہت بڑی قیمت ادا کرتے ہیں۔ اس لیے آپکو سگریٹ نوشی سے بچنا چاہیے، اور اپنی صحت کی حفاظت کے لیے اس سے بچنا نہایت ضروری ہے[2]۔

اور اس کے علاوہ دوسرے اور بہت سے بڑے بڑے نقصانات اور خطرناک امراض جو سگریٹ نوشی کی وجہ سے پیدا ہوا کرتے ہیں۔

ب۔ مالی نقصانات: یہ یقینی بات ہے کہ ایک محدود آمدنی والا شخص روزانہ سگریٹ نوشی پر اپنی تنخواہ کا چوتھائی حصہ یا

---

[1] ماخوذ از مجلہ "الحضارۃ" بارہویں سال کا عدد۔ ۳ و ۴ (ص ۱۵۸-)۔

[2] مذکورہ مضمون جو "تعاونوا للقضاء علی مرض البسل" کے عنوان سے شائع ہوا تھا اس کا صفحہ نمبر ۱۵ و ۱۶ (ماخوذ)۔

Marfat.com

اس سے بھی زیادہ خرچ کر ڈالتا ہے. اور اس طرح سے مال کا جو ضیاع اور گھر بار کا نقصان اور خاندانوں میں اختلاف ہوتا ہے وہ کوئی مخفی چیز نہیں ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ مستقل سگریٹ نوش اپنی اور اپنے بیوی بچوں کی خوراک سے پیسے بچاتا ہے تاکہ سگریٹ نوشی کر سکے، اور بسا اوقات وہ راہ راست سے بھی ہٹ جاتا ہے مثلاً سگریٹ کے لیے پیسے اکٹھا کرنے اور اسے خریدنے کے لیے وہ رشوت خوری یا چوری جیسی لعنت میں گرفتار ہو جاتا ہے. ایسی صورت میں کیا صحت اخلاق اور معاشرہ کے لیے سگریٹ نوشی کی لعنت سے بڑھ کر بھی کوئی زیادہ نقصان دہ چیز پائی جاتی ہے. لیکن نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اکثر لوگ اس بات کو نہیں سمجھتے.

✿✿✿✿✿✿✿✿✿✿✿

سگریٹ نوشی کے بارے میں شریعت کے حکم کے سلسلہ میں خلاصہ کے طور پر یہ ذکر کر دینا کافی ہے کہ

الف : فقہاء وائمہ مجتہدین کے یہاں یہ بات متفق علیہ ہے کہ ہر وہ چیز جو تباہی تک پہنچائے اور ہلاکت میں ڈال دے اس سے بچنا واجب اور اس کو اختیار کرنا حرام ہے. اس لیے کہ امام احمد اور ابن ماجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

((لا ضرر ولا ضرار)). نہ خود نقصان اٹھاؤ اور نہ دوسروں کو نقصان پہنچاؤ۔

اور اللہ تعالیٰ کے مندرجہ ذیل عمومی فرمانِ مبارک کی وجہ سے کہ:

((وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ)). البقرہ- ۱۹۵ اور اپنی جان کو ہلاکت میں مت ڈالو.

اور فرمایا:

((وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ۝)). النساء- ۲۹ اور آپس میں خون نہ کرو بے شک اللہ تعالیٰ تم پر مہربان ہے.

اور اس لحاظ سے کہ سگریٹ نوشی کا جسمانی لحاظ سے نقصان دہ ہونا ثابت اور صحت کے لیے خطرناک ہونا متحقق ہو چکا ہے (جیسا کہ ابھی گزرا ہے اسلیے اس سے بچنا واجب اور اس کا استعمال کرنا حرام ہے.

ب : صحیح عقل وسمجھ اور ذوقِ سلیم کے مالک حضرات کے یہاں یہ بات مسلم اور طے شدہ ہے کہ سگریٹ خبیث اور گندی چیزوں کے زمرہ میں شامل ہے اس لیے کہ وہ جسم کے لیے مضر ہے اور منہ میں گندی بدبو پیدا کرتی ہے، اور اللہ تعالیٰ نے انسان کے لیے پاکیزہ اور اچھی چیزوں کو حلال کیا ہے، اور اس پر خبیث اور گندی چیزوں کو حرام کیا ہے تاکہ اس کے جسم کی حفاظت ہو. اور اخلاق وقوت تفکیر محفوظ رہے، اور معاشرہ میں انسان پسندیدہ اور اچھی شکل وصورت میں جا سکے

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

«وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيثَ بِالطَّيِّبِ». النساء۔۲

اور بدل نہ لو برے مال کو اچھے مال سے۔

نیز فرمایا:

«وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ». الاعراف۔۱۵۷

اور حلال کرتا ہے ان کے لیے سب پاک چیزیں اور حرام کرتا ہے ان پر ناپاک چیزیں۔

اور فرمایا:

«قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ». المائدہ۔۱۰۰

آپ کہہ دیجیے کہ ناپاک اور پاک برابر نہیں اگرچہ آپ کو ناپاک کی کثرت بھا ئے

ج: اس کے ساتھ ساتھ تمباکو نوشی عقل میں خلل اور جسم میں فتور پیدا کرتی ہے۔ اور یہ ایک ایسی کھلی ہوئی ظاہر چیز ہے جسے اس کے پینے کا اقدام کرنے والا اور اس کا پینا شروع کرنے والا اور تدریجاً اس کا عادی بننے والا اور خصوصاً اگر زیادہ افراد سے سگریٹ نوشی کرے تو اسے بہت نمایاں محسوس کرتا ہے۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر فتور پیدا کرنے والی چیز کے استعمال سے منع کیا ہے۔ جیسا کہ ہر نشہ آور اور مخدر سے بھی روکا ہے، چنانچہ امام احمد اپنی مسند میں اور ابو داؤد اپنی سنن میں سندِ صحیح کے ساتھ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نشہ آور اور فتور پیدا کرنیوالی مخدرات سے منع کیا ہے۔

یہ تمام نصوص اپنے مدلول اور منطوق و مفہوم کے لحاظ سے اس بات کی تاکید کرتی ہیں کہ سگریٹ نوشی حرام ہے اور اس سے بچنا واجب ہے۔ اس لیے کہ اس کا نقصان بہت زیادہ اور اس کی گندگی و خباثت کھلی ہوئی ہے یہ اس کے علاوہ ہے کہ سگریٹ نوشی مال کے ضیاع کا سبب بنتی ہے جس کا اثر افراد خاندان اور معاشرہ سب پر پڑتا ہے، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مال کو ضائع کرنے سے منع فرمایا ہے جیسا کہ صحیح بخاری میں مذکور ہے۔

گذشتہ ادوار میں جن فقہاء نے سگریٹ نوشی کی اباحت یا کراہت کا فتویٰ دیا تھا ان کے لیے یہ بات کچھ عذر بن سکتی ہے کہ اس وقت تک طبی لحاظ سے اس کے مضر و نقصان دہ اثرات ان کے سامنے نہ آئے تھے، اس لیے انہوں نے اس قاعدہ پر مدار رکھ کر کہ ہر چیز میں اصل اباحت ہے اس کے مباح ہونے کا حکم دے دیا، لیکن جب علم طب نے اس کے جسمانی اور نفسیاتی نقصانات کھول کر بیان کر دیئے اور خصوصی و اسپیشلسٹ اطباء نے وہ مضر اثرات صاف صاف بتلا دیے جو اس کی وجہ سے افراد اور معاشرے پر پڑتے ہیں، تو پھر اب اس کی حرمت یا اباحت میں تردد کی کوئی گنجائش نہیں رہی، بلکہ اس کے استعمال کا حرام ہونا ظاہر ہے اور اس کے عادی بننے پر گناہگار ہونا یقینی ہے۔"

Marfat.com

مذکورہ بیماری کا علاج :

اس بیماری کا علاج پہلے درجہ میں حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اور وہ اس طرح کہ اخبارات اور رسالوں اور ریڈیو اور ٹیلی ویژن میں غرضیکہ ہر جگہ اس کے خلاف جنگ کی جائے۔ اور اس کے نقصانات کو نشر کیا جائے، اور سگریٹ نوشی سے ڈرایا جائے۔ اور امت کے افراد اور نوجوانوں کے سامنے مستقل طور سے اس کے عظیم نقصان اور بڑے خطرے کو بیان کیا جائے۔ اور اس سلسلہ میں اس فن کے ماہرین اور اربابِ اختصاص اور مفکرین اور اصحابِ قلم سے مدد لی جائے اسی طرح حکومت کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ اس پر ٹیکس زیادہ کر دے، اور اس کی قیمت بڑھا دے، اور عمومی مقامات اور پر ہجوم جگہوں میں اس سے حتمی طور پر روک دیا جائے۔

یہ اقدامات گویا ابتدائی و تدریجی قدم کے طور پر صرف اس لیے ہیں کہ مستقبل میں اس سے بالکل روکا جا سکے جیسا کہ آج کل امریکہ و یورپ وغیرہ وغیرہ بڑے بڑے ملکوں میں ہو رہا ہے۔

جو بڑے حضرات سگریٹ نوشی کے عادی ہیں انہیں چاہیئے کہ وہ اللہ کے سامنے جانے اور پیش ہونے کا خیال کریں اور یہ ذہن میں رکھیں کہ اللہ حاضر ناظر ہے اور انہیں دیکھ رہا ہے۔ اور ان میں اتنا خوفِ الٰہی پیدا ہونا چاہیئے جو انہیں محرمات کے استعمال کرنے سے روک دے جن میں سگریٹ نوشی بھی داخل ہے، اور اسی طرح ان میں اتنی قوتِ ارادی اور ایسا عزمِ مصمم ہونا چاہیے جس کے ذریعہ وہ نفس و خواہشات پر غالب آسکیں، اور ان میں اتنی عقل و سمجھ اور حکمت و تدبیر ہونا چاہیے جو انہیں اس بات پر آمادہ کرے کہ وہ ایسے سیدھے راستے پر چلیں جس میں نہ کسی قسم کی کجی ہو نہ موڑ توڑ، اور یہ ایک حقیقت ہے کہ انسان جب ایسے ایمان سے آراستہ ہو جو اسے ممنوع چیزوں سے روکے اور ایسے ارادہ کا مالک ہو جو دوسری چیزوں پر غالب آسکے اور ایسی عقل رکھتا ہو جو اس کی رہنمائی کرے تو لامحالہ ایسا شخص کمال سے متصف ہوگا۔ اور انتہائی پرسکون اور عمدہ زندگی گزارے گا۔

رہے وہ بچے جو اپنے والدین و مربیوں کی غفلت کی وجہ سے سگریٹ نوشی کی گندی عادت کے شکار ہو گئے ہیں ان کے معاملہ میں غفلت بہت خطرناک ہے، اور اگر ان کو اسی حالت پر چھوڑ دیا گیا تو معاشرہ پر ان کا بہت برا اور خطرناک اثر پڑے گا،

اس لیے والدین اور تربیت کرنے والوں کو چاہیے کہ اپنی اولاد کے حالات پر پوری نظر رکھیں، اور ان کے چال و چلن اور نشست و برخاست پر مطلع رہیں۔ اور ان کی کجی و انحراف کا علاج کریں، تاکہ انہیں راہِ راست پر لا سکیں اور سلامتی و عافیت کے کنارہ تک پہنچا دیں۔

کوئی بھی دو آدمی اس میں اختلاف نہیں کر سکتے کہ اگر بچہ شروع ہی سے سگریٹ نوشی کا عادی بن جائے گا تو تدریجاً

Marfat.com

آہستہ آہستہ وہ اس سے زیادہ قبیح چیز کا بھی ارتکاب کرے گا، جو زیادہ فساد اور انحراف کا سبب بنے گی اس لیے سگریٹ نوشی ذلت و رذالت کی قاصد اور برائیوں اور فواحش کا راستہ ہے۔ اس لیے عقلمندوں کو سمجھ لینا چاہیئے۔

۲۔ مُشت زَنی کی لعنت

یہ لعنت قریب البلوغ لڑکوں اور نوجوانوں میں بہت عام اور منتشر ہے۔ اور اس کے پھیلنے اور عام ہونے کا اصل سبب سڑکوں بازاروں تفریح گاہوں اور ہر جگہ عورتوں کا فتنہ انگیز بھڑکیلا چست و عُریاں لباس اور بے ہودہ چال ڈھال اور ہیجان خیز زیب و زینت و حشر سامانی کے ساتھ مردوں کے سامنے بے دھڑک نکلنا اور گھومنا پھرنا ہے اور جوانوں کو دعوتِ نظارہ دینا ہے۔

یہ تو عام معاشرہ کے حد تک ہے لیکن اس سے زیادہ آگے بڑھ کر جو چیز سونے پر سہاگے کا کام کرتی ہے وہ ان نوجوانوں کا ڈراموں اور فلموں میں مختلف ہیجان خیز مناظر کا دیکھنا ہے جو اور زیادہ مہلک اور خطرناک بنتا ہے... آپ کو معلوم ہے وہ کیا کچھ دیکھتے ہیں؛ وہ اپنی کھلی آنکھوں سے ہر وہ چیز دیکھتے ہیں جو جنسی شہوت کو بھڑکائے اور پاک دامنی اور عزت و شرافت کو ختم کر ڈالے اور غیرت نخوت اور حمیت کا جنازہ نکال دے۔

اس کے علاوہ کتابوں اور مجلات میں جو عشقیہ مضامین اور جنسی خواہش بڑھانے والے واقعات پڑھتے ہیں وہ ان نوجوانوں کی نفسیات اور اخلاق اور عقل پر اثر انداز ہونے کا سب سے بڑا ذریعہ ہیں۔

جذبات و شہوانی خیالات کو بھڑکانے والے صرف یہ اسباب ہی نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کو تدریجاً زنا اور بے حیائی کے راستہ پر چلانے اور فساد اور ذلت کے بیابانوں میں سرگرداں پھرانے کے لیے بہت کافی ہیں۔

قریب البلوغ نوجوان شخص میں اگر اللہ کے دیکھنے اور حاظر و ناظر ہونے کا وہ تصور نہ پایا جائے جو اسے گناہوں سے روک دے اور اس میں اللہ تعالیٰ کا وہ خوف نہ ہو جو اسے گناہوں سے بچائے، اور انجام اور نتیجہ کے بارے میں وہ اندازہ اور سوچ و تفکیر نہ ہو جو اسے مفاسد سے دور رکھے تو ظاہر بات ہے کہ وہ دو باتوں میں سے کسی ایک میں ضرور گرفتار ہوگا۔

یا تو وہ حرام کاری کے ذریعہ اپنی جنسی بھوک مٹائے گا۔

یا وہ مشت زنی کے ذریعہ سے اپنی اس بھوک کی شدت کو کچھ کم کرے گا۔

دونوں باتوں میں سے جو اخف اور کم تر ہے اس کا نقصان بھی بہت اور یقینی ہے۔ اس کا اثر جسم، نسل، عقل اور نفسیاتی صحت پر بہت برا پڑتا ہے۔

اس لعنت کے سلسلہ میں بھرپور بحث اور جامع ترین مضمون لکھنے کے لیے بہتر یہ ہے کہ اس کو تین امور پر تقسیم کر کے پھر اس کے سلسلہ میں کلام کیا جائے:

۱۔ وہ نقصانات جو اس مشت زنی کی لعنت کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔

۲ : اس کے بارے میں شریعت کا حکم.
۳ : اس کا علاج اور اس کے ختم کرنے کا طریقہ.

اس گندی عادت کی وجہ سے جو نقصانات وجود میں آتے ہیں انہیں مندرجہ ذیل امور میں منحصر کر لیتے ہیں:

الف ۔ جسمانی نقصانات

طبی نقطۂ نظر سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ جو شخص اس عادت میں گرفتار ہو جاتا ہے وہ مندرجہ ذیل امراض کا شکار ہو جاتا ہے.

طاقت و قوی کا کمزور ہونا، جسم کی لاغری، اعضاء میں ارتعاش و کپکپی، دل کی دھڑکن، نگاہ اور حافظہ کی کمزوری، نظامِ ہضم کی خرابی، پھیپھڑوں میں التہاب و سوزش کا پیدا ہونا جو بالعموم دق و سل کا ذریعہ بنتا ہے اور اخیر کار دورانِ خون پر اثر پڑتا ہے اور خون کی کمی کی شکایت ہو جاتی ہے.

ب ۔ جنسی نقصانات

ان نقصانات میں سے اہم ترین نقصان نامردی کا مرض ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ نوجوان آدمی شادی کے قابل نہیں رہتا. اور ظاہر ہے کہ ایسے بیمار شخص سے عورت نفرت ہی کرے گی، اور ایسی صورت حال میں جب مرد عورت پر قادر ہی نہ ہو تو ازدواجی سلسلہ برقرار نہیں رہ سکتا.

اور اس کا ایک نقصان یہ بھی ہے کہ مرد و زن دونوں میں سے ہر جنس دوسرے سے بیزار رہے گی، اس لیے کہ مرد اس گندی ناجائز و قبیح عادت کے ذریعہ اپنی جنسی شہوت پورا کرنے کا عادی ہو گا. جس کا مطلب یہ ہو گا کہ شادی کے بعد مرد سے جو پاک دامنی عورت حاصل کرتی ہے وہ اس بیمار شخص سے حاصل نہ کر سکے گی، اور نتیجہ یہ ہو گا کہ یا تو جدائی ہو جائے گی یا عورت اپنی خواہشات پوری کرنے کے لیے در پردہ دوسرے مردوں سے دوستیاں پیدا کر لے گی.

ج ۔ نفسیاتی اور عقلی نقصانات

نفسیات کے علماء نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اس عادت میں مبتلا شخص بہت سے نفسیاتی اور خطرناک عقلی و دماغی امراض کا شکار ہو جاتا ہے جن کی ترتیب حسب ذیل ہے:

ذہول اور نسیان، قوتِ ارادی کی کمزوری، حافظہ کی کمزوری، تنہائی اور گوشہ نشینی کی طرف میلان، حیا و شرم کا غلبہ، خوف و سستی کا احساس، غم و اندوہ کی کیفیت کا اظہار، جرائم اور خودکشی کے ارتکاب کے بارے میں سوچنا وغیرہ وغیرہ وہ نقصانات جو فکر و سمجھ کو شل اور ارادہ کو ڈانوا ڈول اور شخصیت کو تباہ کر دیتے ہیں. اور اس موضوع پر اہلِ اختصاص نے نہایت وافی شافی بحث کی ہے.

اس کے ارتکاب کا شرعی حکم یہ ہے کہ ایسا کرنا حرام اور موجبِ گناہ ہے، اور اس کے ادلہ یہ ہیں:

الف : اللہ تعالیٰ سورۂ مومنین میں فرماتے ہیں:

((وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ ۝ إِلَّا عَلَىٰ أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ ۝ فَمَنِ ابْتَغَىٰ وَرَاءَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْعَادُونَ ۝)). المؤمنون - ۵ تا ۷

اور جو لوگ اپنی شہوت کی جگہ کو تھامتے ہیں مگر اپنی عورتوں پر یا اپنے ہاتھ کے مال باندیوں پر سو ان پر کچھ الزام نہیں، پھر جو کوئی اس کے سوا ڈھونڈے سو وہی حد سے بڑھنے والے ہیں۔

اس آیت ((فَمَنِ ابْتَغَىٰ وَرَاءَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْعَادُونَ)) کے عموم میں شہوت رانی کے تمام وہ طریقے داخل ہیں جو نکاح وشادی اور باندی کے استعمال کے علاوہ ہیں جیسے کہ زنا، لواطت اور مشت زنی۔

حضرت عطاء (جو کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے اصحاب میں سے ہیں) ان سے یہ ثابت ہے کہ انہوں نے فرمایا: میں نے سنا ہے کہ ایک قوم کو میدانِ حشر میں ایسی حالت میں جمع کیا جائے گا کہ ان کے ہاتھ حاملہ ہوں گے میرا یہ خیال ہے کہ اس سے یہی لوگ مراد ہیں یعنی وہ لوگ جو استمناء بالید اور مشت زنی کرتے ہیں، اور حضرت سعید بن جبیر جو تابعین میں سے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ایک امت کو اس لیے عذاب دیا کہ وہ لوگ اپنے اعضاء تناسل سے کھیلتے تھے، اس طرح یہ بھی آتا ہے کہ سات آدمی ایسے ہیں جن کی طرف (اللہ تعالیٰ) نظرِ رحمت نہیں فرمائیں گے، اور ان میں اس شخص کو بھی شمار کیا جو مشت زنی کرتا ہو[1] یہ تمام نصوص اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ اس عادت کا اختیار کرنا حرام وناجائز ہے۔

ب : سگریٹ نوشی کے بارے میں شرعی حکم کی بحث میں ہم یہ پہلے ذکر کر چکے ہیں کہ جو چیز ضرر ونقصان کیطرف لے جائے اور ہلاکت میں ڈال دے اس سے بچنا واجب اور اس کا کرنا حرام ہے۔ اس لیے کہ اس سے پہلے گزری ہوئی حدیث کے عموم سے یہی معلوم ہوتا ہے اور وہ یہ ہے:

((لا ضرر ولا ضرار)). نہ نقصان اٹھانا جائز ہے اور نہ نقصان پہنچانا۔

اور یہی اللہ تعالیٰ کے مندرجہ ذیل فرمانِ مبارک کے عموم سے معلوم ہوتا ہے:

((وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ)). اور اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو

اور چونکہ مشت زنی کے ارتکاب سے جسمانی، جنسی، نفسیاتی اور عقلی نقصانات مترتب ہوتے ہیں اس لیے یہ حدیث

---

[1] یہ تمام نصوص کتاب "ردود علی أباطیل" مصنفہ مرحوم شیخ محمد الحامد (ص - ۴۰) سے نقل کی گئی ہیں۔

Marfat.com

((لا ضرر ولا ضرار)) اور آیت ((ولا تلقوا بأیدیکم إلی التهلکة)) کی وجہ سے حرام ہے۔

ایک قابلِ توجہ سوال اگر استمناء بالید و مشت زنی حرام ہے تو شریعت ایسے شخص کے بارے میں کیا کہتی ہے جس پر شہوت کا غلبہ اور جنسی بھوک کی حکومت ہو اور جو یہ سمجھتا ہو کہ وہ عنقریب بدکرداری اور زنا میں واقع ہو جائے گا؟

اس میں کوئی شک نہیں کہ انسان جب مفاسد کے درمیان موازنہ اور مقارنہ کرتا ہے اور اگر مجبور ہو جائے تو ان میں سے جس میں ضرر کم اور جس کا شر معمولی ہو اسے اس اصولی قاعدہ کے مطابق اختیار کر لیتا ہے جس میں یہ طے کیا گیا ہے کہ:

یختار أخف الضررین و أهون الشرین۔ دو ضرروں میں سے کم ضرر والا اور دو شروں میں سے کم شر والے کا انتخاب کرے گا۔

یہ کھلی ہوئی بات ہے کہ مشت زنی بری چیز ہے لیکن زنا اور لواطت میں اس سے زیادہ برائی اور شر پایا جاتا ہے، اس لیے کہ زنا سے عزت و شرافت کی عمارت گر جاتی ہے، اور پاک دامنی اور شرافت کا جنازہ نکل جاتا ہے۔ اور اس کے ساتھ ہی اس سے نسب میں اختلاط اور خونریزی اور بغض و حسد جیسے مفاسد وجود میں آتے ہیں۔ اس لیے ایسی صورت میں زنا کے بجائے مشت زنی کو ہی اختیار کرنا چاہیئے۔ اس لیے کہ وہ دونوں ضرروں میں سے اخف اور دونوں شروں میں سے اہون ہے۔

اسی لیے فقہاء کرام لکھتے ہیں کہ اگر طبیعت پر سکون ہو اور استمناء بالید اور مشت زنی شہوت رانی یا شہوت کو بھڑکانے کے لیے ہو تو یہ حرام ہے لیکن اگر شہوت اس قدر غالب ہو کہ انسان کو پریشان کر دے اور ہر وقت دل اسی میں مشغول رہے اور طبیعت پریشان ہو جائے اور نفس برائی کے دروازے پر کھڑا کر دے، تو اس کی تسکین کے لیے مشت زنی ہی کو اختیار کیا جائے گا، اس لیے کہ یہ معاملہ فی نفسہ جائز بن جائے گا اور اس میں ایک کی تلافی دوسرے سے ہو جاتی ہے۔ اور ایسا کرنے والا برابر سرابر چھٹکارا پالے گا، یعنی نہ اسے ثواب ملے گا اور نہ اسے گناہ ہوگا نہ اجر ملے گا اور نہ عقاب و سزا۔[1]

اس عادت کے خاتمہ کے لیے کامیاب اور مفید ترین علاج مندرجہ ذیل وسائل اختیار کرنا ہے:

---

[1] یہ فقہی عبارت کتاب "مردود علی أباطیل" مصنفہ علامہ محمد الحامد (ص۔ ۴۲) سے لی گئی ہے۔

Marfat.com

۱۔ ابتدائی جوانی کی عمر میں شادی کر دینا

اس لیے کہ شادی اس خطرناک عادت کی بیخ کنی کرنے کا کامیاب و مفید ترین طریقہ ہے، بلکہ شہوت کے اس بے لگام حملے کو پسپا کرنے کا یہی ایک واحد طبیعی راستہ ہے، اور ساتھ ہی اس شادی سے دیگر اخلاقی معاشرتی نفسیاتی اور صحت سے متعلق ایسے فوائد حاصل ہوں گے جن کے یہاں ذکر کرنے کی گنجائش نہیں ہے[1]

۲۔ نفل روزے

اور اگر کہیں ایسے سخت ناسازگار حالات پائے جاتے ہوں جن کی وجہ سے نوعمری میں شادی نہ ہو سکے تو اسلام نے ایسے لوگوں کی روزے کی جانب رہنمائی کی ہے. جو نکاح نہیں کر سکتے اس لیے کہ روزہ شہوت کی زیادتی کو کم کرتا اور جنسی بھوک کی حدت کو توڑ دیتا ہے، اور روزہ سے اللہ کے مراقبہ و حضور اور خوف و خشیت میں قوت پیدا ہوتی ہے، یہ رہنمائی اس حدیثِ نبوی سے ملتی ہے جسے اصحاب صحاح ستہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((یا معشر الشباب من استطاع منکم الباءۃ فلیتزوج، فإنه أغض للبصر وأحصن للفرج، ومن لم یستطع فعلیه بالصوم فإنه له وجاء)).

اے نوجوانوں کی جماعت تم میں سے جو شخص نکاح کے اخراج کو برداشت کر سکتا ہو تو اسے چاہیے کہ شادی کرلے اس لیے کہ شادی نگاہ کو پست اور فرج کو محفوظ رکھنے والی ہے۔ اور جو شخص نکاح کے اخراجات کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اسے چاہیے کہ روزے رکھے اس لیے کہ روزہ اس کے لیے وجار یعنی شہوت کو ختم کرنے والا ہے۔

شریعتِ مطہرہ نے کئی قسم کے نفل روزوں کی ترغیب دی ہے جن میں سے مثال کے طور پر ہم چند کو ذکر کرتے ہیں: حضرت داؤد کے روزے جو ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن افطار کرتے تھے، اور پیر اور جمعرات کا روزہ، اور شوال کے مہینے میں چھ روزے، اور محرم کی دسویں تاریخ کا روزہ، اور اسی قبیل سے وہ روزے ہیں جنہیں شہوت کو تسکین پہنچانے کے لیے رکھا جائے، اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((ومن لم یستطع فعلیه بالصوم)).

اور جو اس (شادی) کی قوت نہ رکھے تو اسے چاہیے کہ روزے رکھے۔

۳۔ جنسی جذبات بھڑکانے والی چیزوں سے دوری اختیار کرنا

کوئی بھی دو آدمی اس میں اختلاف نہیں کر سکتے کہ وہ معاشرہ جس میں ہم رہ رہے ہیں

[1] ملاحظہ ہو ہماری کتاب "عقبات الزواج" جہاں آپ کو کافی شافی بحث ملے گی۔

Marfat.com

وہ مفاسد اور بھڑکانے والی چیزوں سے بھرا پڑا ہے۔ اور آزادی وفسق وفجور میں الٹے سیدھے ہاتھ پاؤں مار رہا ہے۔ اور اس میں شک نہیں کہ جب نوجوان ان بھڑکیلی اور فتنہ انگیز چیزوں کے پیچھے چلے گا اور رذیل کاموں اور فواحش کی کیچڑ میں پھنسے گا تو بلاشبہ وہ اخلاقی طور پر متاثر اور چال چلن کے اعتبار سے منحرف اور غلط راستہ پر پڑ جائے گا اور وہ شہوت کے پیچھے چلنے میں بے زبان جانوروں کی طرح بن جائے گا۔

اس لیے مربیوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ نصیحت کے فریضہ کو ادا کریں اور تنبیہ کریں اور ان لوگوں کو ڈراتے اور متنبہ کرتے رہیں جن کی رہنمائی اور تربیت ان کے ذمہ ہے۔ اور یہ بات ان کے کان میں ڈالتے رہیں کہ ایسی عورتوں کی طرف دیکھنا جو لباس پہن کر بھی ننگی ہوتی ہیں اور اپنے محاسن وجمال کی نمائش کرتی، اور عشقیہ قصے کہانیوں اور ان فحش مجلات ورسائل کا پڑھنا جن کو عزت وآبرو اور شہوات وجذبات سے کھیلنے والے تاجر رواج دیتے ہیں۔ اور ان بے ہودہ فحش گانوں کا سننا جو ریڈیو کے مختلف بینڈ پر ہر جگہ نشر کیے جاتے ہیں۔

یہ سب کچھ غیرت کو مدہوش، اور شرافت کو ملوث، اور اخلاق کو خراب اور عزت کرامت کو ختم اور جسم کو کمزور اور عقل وسمجھ کو معطل اور حافظہ کو کمزور کر دیتا ہے، اور جنسی جذبات کو ابھارتا اور شخصیت کو ختم کرتا ہے۔ اور مروت وشرافت اور اخلاق کو دفن کر دیتا ہے، مربیوں کو نوجوانوں کے کان میں یہ آواز ڈالتے رہنا چاہیئے ہو سکتا ہے کہ ہمارا نوجوان طبقہ یہ نصیحت سن لے، اور ان نتائج کا پورا حساب کتاب کر لے، اور اس وعظ ونصیحت تنبیہ اور یاددہانی کے بعد ان کے پاس سوائے اس کے اور کوئی چارہ کار نہ ہو کہ وہ اپنی قوت ارادی کو متوازن رکھیں اور نفسیاتی اور اخلاقی دائرہ کو سنبھالیں اور عقلی وجسمانی صحت کی حفاظت کریں اور پھر پاکباز صالحین اور نیک مؤمنوں کے زمرے میں شامل ہو جائیں۔

۴۔ فراغت کو نفع بخش امور میں صرف کرنا

علماء نفس وتربیت لکھتے ہیں کہ اگر بچہ خالی اوقات میں تنہائی میں بیٹھے گا تو اس کے ذہن میں مختلف قسم کے خیالات اور افکار اور برانگیختہ کرنے والے جنسی تخیلات پیدا ہوں گے۔ پھر اگر وہ بچہ قریب البلوغ ہے یا بالغ ہے تو وہ اپنے جنسی جذبات کو متحرک اور ان افکار وخیالات اور تخیلات کی وجہ سے اپنی شہوت اور جنسی خیالات میں ہیجان پائے گا، اور ایسی صورت میں وہ اس کے سوا کوئی اور چارہ کار نہیں پائے گا کہ شہوت کے جوش اور جنسی بھوک کو مٹانے کے لیے اس گندی عادت کی طرف متوجہ ہو۔ اس لیے یہ سوچنا چاہیئے کہ ان پراگندہ خیالات اور منتشر افکار سے بچنے کا علاج اور طریقہ کیا ہے تاکہ اس برے نتیجہ اور دردناک انجام میں گرفتار نہ ہو۔

علاج علاج یہ ہے کہ ہم قریب البلوغ لڑکوں کو یہ سمجھائیں کہ وہ اپنا وقت کس طرح گزاریں، اور وقت کس طرح پاس کریں وقت گزارنے اور فراغت کو پر کرنے کے بہت سے طریقے اور مختلف میدان ہیں۔ اور وہ یہ کہ یا تو انسان جسمانی ریاضت میں لگ جائے جس سے جسم کو قوت حاصل ہو، یا ایسی پاکیزہ سیر وتفریح میں مشغول ہو جس میں قابل اعتماد ساتھی

Marfat.com

ساتھ ہوں، اور اس طرح سے دماغی بوجھ ہلکا کرے، یا کسی ایسے مطالعہ میں منہمک ہو جائے جو اسے علمی میدان میں فائدہ پہنچائے، یا کسی دست کاری وغیرہ میں مشغول ہو کر اپنے رجحانات کو جلا بخشے، یا کسی دینی درس میں شریک ہو جائے جس سے اس کے اخلاق درست ہوں، یا کسی ثقافتی و علمی مقابلہ میں شریک ہو جس سے عقل میں تیزی آئے، یا تیر اندازی وغیرہ دوسرے وسائل جہاد وغیرہ کی مشق کرے تاکہ جہاد کی تیاری کر سکے، اور اس کے علاوہ دوسرے اور وہ فائدہ بخش میدان اور وسائل جو فکر کو غذا پہنچائیں اور روح کو بالیدگی اور جسم کو قوت اور اخلاق کو رفعت و بلندی۔

۵۔ اچھے ساتھی

قریب البلوغ نوجوانوں کی تربیت کے سلسلہ میں مربی کو جس چیز کا سب سے زیادہ خیال رکھنا چاہیئے وہ یہ ہے کہ ان کے لیے نیک صالح قابلِ اعتماد ایسے ساتھیوں کا انتخاب کرے کہ اگر وہ بھول جائے تو یہ اسے یاد دلائیں، اور اگر اس میں انحراف و کجی آئے تو وہ اس کے ساتھ خیر خواہی کریں۔ اور اگر راہِ راست پر چلتا رہے تو اس کی امداد کریں اور اگر اسے کوئی آفت و پریشانی پیش آگئی ہے تو اس کے ساتھ غم خواری و ہمدردی کریں۔

اور کہا جاتا ہے کہ ایسے مطلوبہ رفقاء بہت کم ہوتے ہیں خاص طور سے ہمارے اس زمانے میں جس میں مخلص دوست اور قابلِ اعتماد ساتھی کا ملنا مشکل ہو گیا ہے۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ ایسے ساتھی کم ہیں لیکن ایسے لوگ پھر بھی ہر جگہ کثرت سے موجود ہیں جو اپنے چہرے و پیشانی پر سجدے کے نشانات سے پہچانے جاتے ہیں۔ اور اپنے بلند اخلاق اور راہِ راست پر چلنے کی وجہ سے ممتاز ہیں، اس لیے نوجوانوں کو چاہیئے کہ ایسے لوگوں کو تلاش کریں، اور جب ایسے لوگ مل جائیں تو ان کے دامن کو مضبوطی سے تھام لیں تاکہ پریشانی کے وقت وہ اس کے معاون اور زندگی میں درپیش مسائل اور فتنوں میں مددگار ہوں اور ایسے منتخب جگری دوست ہوں جن پر بھروسہ کیا جا سکے اور ان کی طرف رجوع اور ان پر اعتماد کیا جا سکے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ انسان اپنے دوست کا ہم مذہب ہوتا ہے اور ساتھی ساتھی ہی کی اقتدا کرتا ہے، اور پرندے اپنے ساتھیوں کے پاس ہی اترتے ہیں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واقعی بالکل سچ فرمایا ہے جسے امام ترمذی روایت کرتے ہیں:

« المرء على دين خليله فلينظر أحدكم من يخالل ».

انسان اپنے دوست کے مذہب پر ہوتا ہے اس لیے تم میں سے ہر شخص کو چاہیئے کہ وہ دیکھ لے کہ کس سے دوستی کر رہا ہے۔

اور اتنی بات یقینی طور سے معلوم ہے کہ جو شخص گناہگاروں فاسقوں فاجروں اور برے کام کرنے والوں کے ساتھ اٹھتا بیٹھتا ہے تو وہ اس کو لازمی طور سے گمراہی ہی کی طرف لے جائیں گے، اور فسق و فجور کی طرف ہی ڈھکیلیں گے۔ اور شخصی منافع اور دنیوی اغراض کی وجہ سے ہی اس کی دوستی اختیار کریں گے۔

Marfat.com

اس لیے اگر ہمارے نوجوان یہ چاہیں کہ ان کا ایمان مضبوط اور راسخ ہو اور ان کے اخلاق پاکیزہ و بلند ہوں اور ان کا جسم صحیح سالم و طاقتور ہو تو ان کو چاہیئے کہ وہ برے ساتھیوں اور گندے دوستوں سے بچیں۔

انہیں چاہیئے کہ نیک ساتھیوں اور مؤمن جماعت کو تلاش کریں، تاکہ دونوں جہان کی سعادت حاصل ہو۔ دنیا میں عزت و شرافت اور آخرت میں نجات حاصل ہو۔ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں بالکل سچ فرماتے ہیں:

﴿اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ۝﴾ الزخرف - ۶۷

جتنے دوست ہیں اس دن ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے مگر جو لوگ ڈرنے والے ہیں۔

۶- طبی تعلیمات پر عمل کرنا

علماءِ طب و صحت شہوانی خیالات کی روک تھام اور جنسی طغیانی اور سرکشی کی تیزی کم کرنے کے لیے مندرجہ ذیل امور کی نصیحت کیا کرتے ہیں:

۱ : گرمی کے موسم میں ٹھنڈے حماموں میں جانا اور دوسرے موسم میں عضو تناسل پر ٹھنڈا پانی ڈالنا۔

۲ : ریاضت، کھیل کود اور جسمانی ورزشیں کثرت سے اختیار کرنا۔

۳ : ایسے کھانوں سے بچنا جو گرم مصالحوں وغیرہ پر مشتمل ہوں اس لیے کہ یہ چیزیں جذبات ابھارنے اور برانگیختہ کرنے والی ہوتی ہیں۔

۴ : ان چیزوں کو کم استعمال کرنا جو پٹھوں میں حرکت و چستی پیدا کرتی ہیں جیسے کافی اور چائے۔

۵ : گوشت اور انڈے کا کم استعمال کرنا۔

۶ : چت یا اوندھے منہ نہ سونا بلکہ سنت یہ ہے کہ انسان دائیں کروٹ پر قبلہ کی طرف منہ کر کے لیٹے۔

۷- اللہ تبارک و تعالیٰ کے خوف کو محسوس کرتے رہنا

یہ بالکل مسلم بات ہے کہ نوجوان آدمی جب اپنے دل کی گہرائیوں سے یہ محسوس کرے گا کہ اللہ تعالیٰ اس کو دیکھ رہا اور اس کی نگرانی کر رہا ہے، اور اس کے ظاہر و باطن سے واقف ہے، اور آنکھوں کی خیانت اور دلوں کے بھید تک کو جانتا ہے، اور اگر اس نے کوتاہی یا زیادتی کی تو اللہ تعالیٰ اس کا حساب لے گا، اور اگر انحراف اختیار کیا یا راہ راست سے ہٹ گیا تو اللہ تعالیٰ سزا دے گا۔ ظاہر ہے اگر یہ سب کچھ محسوس کر لیا تو مہلک چیزوں گناہوں اور برے کاموں سے رک جائے گا اور منکرات و فواحش سے دور رہے گا۔

یہ بات بالکل یقینی ہے کہ علم و ذکر کی مجالس میں حاضر ہونا۔ اور فرض و نفل نماز پر مداومت کرنا، اور قرآنِ کریم کی تلاوت پر مواظبت اختیار کرنا، اور جب سب لوگ رات کو سوئے ہوئے ہوں تو اس وقت تہجد پڑھنا، اور مندوب و نفل روزوں پر مداومت اختیار کرنا، اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم و صالحین رحمہم اللہ کے واقعات سننا، اور نیک لوگوں کی رفاقت اختیار کرنا، اور مؤمن جماعتوں کے ساتھ تعلقات رکھنا، اور موت اور موت کے بعد جو کچھ پیش آئے گا اسے یاد کرنا مؤمن میں اللہ کی

خشیت کے پہلو اور اس کے مراقبہ اور اس کی عظمت کے احساس کو تقویت بخشتا ہے۔

اس لیے مسلمان نوجوانوں کو چاہیے کہ ان وسائل کو اختیار کریں جو ان کی نفوس میں اللہ تعالیٰ کے حاضر و ناظر ہونے اور اس کے تقویٰ و خشیت کے عقیدہ کو قوی کریں، تاکہ جذبات برانگیختہ کرنے والی چیزیں اسے اپنی طرف مائل نہ کر سکیں اور دنیاوی زندگی کی فتنہ سامانیاں اسے امتحان میں نہ ڈالیں، اور وہ کسی ممنوع یا حرام میں گرفتار نہ ہو جائے، اور ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمانِ مبارک کو اپنے سامنے رکھنا چاہیئے:

((فَأَمَّا مَنْ طَغَىٰ ۝ وَآثَرَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا ۝ فَإِنَّ الْجَحِيمَ هِيَ الْمَأْوَىٰ ۝ وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوَىٰ ۝ فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوَىٰ ۝))۔

النازعات ۔ ۳۷ تا ۴۱

سو جس نے شرارت کی ہو اور سمجھا ہو دنیا کا جینا سو دوزخ ہی اس کا ٹھکانا ہے اور جو کوئی ڈرا ہو اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے اور روکا ہو اس نے نفس کو خواہش سے سو بہشت ہی اس کا ٹھکانا ہے۔

۳: نشہ آور اور مخدرات استعمال کرنے کی وبا:

یہ ایک نہایت خطرناک اور تکلیف دہ وبا ہے جو ان معاشروں میں عام ہے جن میں اچھے اخلاق کی کوئی قدر و قیمت اور اسلامی تربیت کا کوئی احترام نہیں ہے۔

یہ وبا عام طور سے ہم ان بچوں میں کثرت سے پاتے ہیں جو در بدر پھرتے اور ان کا کوئی سرپرست اور اس کی تربیت و رہنمائی کرنے والا نہیں ہوتا، یا وہ بچے جو والدین و سرپرستوں کی غفلت اور عدم توجہی کی وجہ سے بے راہ روی کا شکار ہو جاتے اور برے راستہ پر چل پڑتے ہیں۔ اور گندے لوگوں کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے اور بدکرداروں کی صحبت اختیار کرتے ہیں، اور ان کی رفاقت کی وجہ سے ہر برائی اور گندے کام کو اپنا لیتے ہیں

اس بیماری پر پوری طرح سے بحث کرنے کے لیے تین امور پر گفتگو کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے:

۱۔ اس کی وجہ سے جو نقصانات پیدا ہوتے ہیں ان کا بیان۔

۲۔ اس کے بارے میں اسلام کا حکم۔

۳۔ اس کی بیخ کنی اور خاتمے کے لیے مؤثر علاج۔

نشہ آور اشیاء اور مخدرات کے استعمال سے جو نقصانات وجود میں آتے ہیں وہ یہ ہیں:

الف: صحت و عقل سے متعلق نقصانات

اطباء اور علماءِ صحت کے یہاں یہ بات طے شدہ ہے کہ نشہ آور اور مخدرات کا استعمال کرنا جنون، حافظہ کی کمزوری کا سبب بنتا ہے، اور بہت سے دوسرے اعصابی اور معدے اور آنتوں کے امراض پیدا کرتا ہے اور فکر و ذہن کی تیزی کو شل کر دیتا ہے اور نظامِ ہضم میں

خرابی پیدا کرتا اور کھانے کی خواہش کو ختم کر دیتا ہے اور بھوک نہ لگنے کمزوری لاغری اور جنسی ضعف کا ذریعہ ہے اور رگوں اور پٹھوں کو سخت کر دیتا ہے اور اس کے علاوہ اور بہت سے خطرناک امراض بھی پیدا ہو جاتے ہیں.

اس وبا کے نقصانات کے سلسلے میں ہمارے لیے اتنا جان لینا کافی ہے کہ فرانس کے قومی اعداد و شمار کے ادارہ نے یہ لکھا ہے کہ شراب سے ہلاک ہونے والے فرانسیسیوں کی تعداد ان سے زیادہ ہے جو دق و سل کی بیماری کی وجہ سے ہلاک ہوئے ہیں، اس لیے کہ ۱۹۵۵ء میں شراب نوشی کی وجہ سے سترہ ہزار فرانسیسی لقمۂ اجل بنے جب کہ اسی سال دق و سل کے مرض سے صرف بارہ ہزار آدمی ہلاک ہوئے۔

ب : اقتصادی نقصانات یہ بات سب کو معلوم ہے کہ جو شخص شراب اور نشہ آور چیزیں استعمال کرتا ہے وہ ان گندی چیزوں کے لیے اپنے مال کو بلا حساب کتاب بلا دریغ آسانی سے ضائع کر دیتا ہے۔ اور اس طرح پیسہ خرچ کر کے مال کا جو ضیاع اور خاندان کی بربادی اور فقر و فاقہ کو دعوت دیجاتی ہے۔ وہ کوئی مخفی بات نہیں۔ ساتھ ساتھ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ان چیزوں کا عادی پیداواری صلاحیت میں کمزور اور اقتصادی حالت میں ڈھیلا ڈھالا اور ترقی کے میدان میں پیچھے رہ جاتا ہے اس لیے کہ شراب نوشی اور مخدرات کے استعمال کی وجہ سے وہ شخص کمزوری گمنامی اور دوسرے جسمانی اور نفسیاتی امراض کا شکار ہو جاتا ہے۔

قاہرہ سے نکلنے والا اخبار "الاہرام" اپنے ۳/۵/۱۹۶۵ء کے شمارے میں لکھتا ہے کہ:

بہتر ملین امریکی شراب نوشی کرتے ہیں، جن میں سے بیس ملین وہ امریکی ہیں جو حکومت کو ہر سال دو بلین ڈالر کا نقصان پہنچاتے ہیں اس لیے کہ وہ اپنے کام و ڈیوٹی سے غائب رہتے ہیں.

ج : نفسیاتی، اخلاقی اور معاشرتی نقصانات نشہ آور اور مخدرات استعمال کرنے والا شخص بہت سی گندی صفات سے متصف ہوتا ہے، اور بہت سی قبیح اور بری عادتوں کا عادی بن جاتا ہے جیسے کہ جھوٹ اور بزدلی اور اخلاقی اقدار اعلیٰ کارناموں کو معمولی و حقیر سمجھنا، اور ایسا شخص جرائم کا ارتکاب کرنے لگ جاتا ہے مثلاً چوری و بے حیائی کے کام اور دوسروں پر ظلم و زیادتی کرنا اور اخلاق کے بگڑنے، ارادہ کے کمزور ہونے اور فرض کے احساس نہ کرنے کا شکار ہو جاتا ہے۔

یہ نقصان اس کے علاوہ ہے جو وہ اپنے وقت کو بدقماش ساتھیوں اور بدکردار دوستوں کے ساتھ مل کر برائی کے اڈوں میں تباہ کن گناہوں اور حرام کاری وغیرہ میں مشغول ہو کر اپنی آخرت خراب کرتا ہے۔

یہ ایک واقعی بات ہے کہ استعماری حکومتیں نشہ آور اور مخدر اشیاء کو رائج کر کے دوسری قوموں کی شان و شوکت ختم کرنے اور امت کے اخلاق بگاڑنے اور جہاد اور مقابلہ و مدافعت کی روح کو ختم کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں اور منصر اب تک برابر مخدرات اور نشہ آور اشیاء کی اس جنگ کو جھیل رہا ہے جو وہاں پھیلا دی گئی تھی۔ اور برطانوی استعمار نے اس

Marfat.com

کے بیج گذشتہ ربع صدی میں بوئے تھے، جیسے کہ انگلینڈ نے اس چین پر حملہ کیا تھا جس نے افیم کی تجارت پر پابندی لگا دی تھی اور اسے افیم کی جنگ کہا جاتا ہے۔

رہا نشہ آور اشیاء اور مخدرات کے استعمال کے بارے میں شرعی حکم تو وہ یہ ہے کہ اسلام اسے بالاجماع ناجائز و حرام قرار دیتا ہے اور وہ مندرجہ ذیل ادلہ کی وجہ سے:

اللہ تبارک وتعالیٰ شراب کی حرمت کے بارے میں فرماتے ہیں:

« يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝ إِنَّمَا يُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَنْ يُوقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ وَعَنِ الصَّلَاةِ فَهَلْ أَنْتُمْ مُنْتَهُونَ ۝ »[1] المائدہ ۹۰ و ۹۱

اے ایمان والو یہ جوا شراب اور بت اور پانسے سب شیطان کے گندے کام ہیں۔ سو ان سے بچتے رہو تاکہ تم نجات پاؤ شیطان تو یہی چاہتا ہے کہ تم میں دشمنی اور بیر ڈالے شراب اور جوئے کے ذریعہ، اور تم کو روکے اللہ کی یاد سے اور نماز سے سو تم اب بھی باز آؤ۔

اس کی حرمت کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان مبارک کو ابوداؤد اس طرح روایت کرتے ہیں:

«لعن الله الخمر وشاربها وساقيها و مبتاعها وبائعها وعاصرها ومعتصرها وحاملها والمحمولة إليه».

اللہ کی لعنت ہو شراب پر اور اس کے پینے والے اور پلانے والے اور خریدنے والے اور بیچنے والے اور نچوڑنے والے اور نچوڑوانے والے اور اس کے اٹھانے والے پر اور اس پر جس کے لیے اسے اٹھا کر لے جایا جا رہا ہے۔

---

[1] بعض مریض القلب لوگ یہ کہتے ہیں کہ لفظ " فاجتنبوہ " میں حرام ہونے پر دلالت نہیں پائی جاتی اور اگر بالفرض شراب حرام ہوتی تو قرآن کریم میں یوں آتا: " فحرموہ " حالانکہ یہ لوگ یہ نہیں جانتے کہ شراب کی حرمت پر دلالت کرنے والے سات ادلہ یہاں موجود ہیں ۱۔ شراب کو جوے اور بتوں اور فال کے تیروں کے ساتھ ملایا گیا ہے۔ ۲: شراب کو رجس و گندگی قرار دیا گیا۔ ۳۔ شراب کو عمل شیطان سے تعبیر کیا گیا۔ ۴۔ فاجتنبوہ امر کا صیغہ ہے جو رکنے کے وجوب پر دلالت کرتا ہے۔ ۵۔ شراب عداوت اور بغض میں گرفتار کرتی ہے' ۶۔ شراب اللہ کے ذکر اور نماز سے روکتی ہے۔ ۷۔ اللہ تعالیٰ کے فرمان مبارک « فهل أنتم منتهون » میں استفہام انکاری کا صیغہ لایا گیا۔ لہٰذا حرام ہونے پر کیا اس سے زیادہ بھی کوئی قطعی ادلہ ہو سکتے ہیں۔ لیکن بات یہ ہے کہ ظالم نشہ کی آیات کی تکذیب کرتے ہیں۔

Marfat.com

فتور پیدا کرنے والی اور نشہ آور اشیاء کی حرمت پر بے شمار ادلہ دلالت کرتے ہیں، جن میں چند آپ کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں

الف۔ ان چیزوں کا اللہ تعالیٰ کے اس فرمانِ مبارک کے عموم میں شامل ہونا:

« وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ ». الاعراف۔ ۱۵۷

اور حلال کرتا ہے ان کے لیے سب پاک چیزیں اور حرام کرتا ہے ان پر ناپاک چیزیں۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان:

«لاضرر ولاضرار». مسند احمد وابن ماجہ

نہ نقصان اٹھانا ہے اور نہ نقصان پہنچانا۔

ب۔ یہ چیزیں اس نہی کے ضمن میں داخل ہیں جسے امام احمد اپنی مسند اور ابو داؤد اپنی سنن میں سندِ صحیح سے ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نشہ آور اور فتور پیدا کرنے والی چیز سے منع فرمایا ہے، اور مخدرات بھی اس نہی کے تحت داخل ہیں اس لیے کہ وہ بھی فتور پیدا کرنیوالی ہیں۔

ج۔ یہ چیزیں بھی شراب کی حرمت پر دلالت کرنے والا، ادلہ کے ضمن میں داخل ہیں۔ اس لیے کہ یہ بھی عقل پر پردہ ڈال دیتی ہیں۔ اور اس کو اس کی طبیعتِ اصلیہ جس میں ادراک اور حکومت کی شان ہوتی ہے اس سے نکال دیتی ہیں چنانچہ امام بخاری و مسلم روایت کرتے ہیں کہ امیر المؤمنین حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر پر لوگوں کے سامنے یہ اعلان فرمایا کہ: الخمر ما خامر العقل شراب وہ ہے جو عقل کو مدہوش کردے، یہ جملہ شراب کے مفہوم کو متعین کرتا ہے تاکہ اشتباہ میں پڑنے والوں کے سوالات زیادہ نہ ہوں، چنانچہ ہر وہ چیز جو عقل میں فتور پیدا کرے اور اس کو اس کی اس طبیعت سے نکال دے جو ادراک اور حکومت کی اسے دی گئی ہے تو وہ چیز قیامت تک کے لیے حرام اور شراب میں داخل ہوگی۔

انہی میں سے وہ چیزیں بھی ہیں جو مخدرات کے نام سے پہچانی جاتی ہیں جیسے کہ حشیش کونین اور افیم وغیرہ اس لیے کہ یہ چیزیں عقل پر بہت زیادہ اثر کرتی ہیں اور ان کا استعمال کرنے والے دور کو قریب اور قریب کو دور محسوس کرنے لگتا ہے، اور جو چیز واقعۃً نہیں ہوتی اسے اپنے خیال میں یہ سمجھتا ہے کہ وہ واقع ہوگئی ہے، اور خیالات اور توہمات کے سمندر میں غوطے لگانے لگتا اور خیالات کی وادی میں گھومنے لگتا ہے، اور اپنے آپ کو اور دین و دنیا کو بھول جاتا ہے۔ اور قرافی اور ابن تیمیہ نے حشیش (بھنگ) کے حرام ہونے پر اجماع نقل کیا ہے، اور حافظ ابن تیمیہ فرماتے ہیں کہ: جس نے اس حشیش کو حلال سمجھا وہ کافر ہوگیا۔

یہاں ایک پہلو تشنہ رہ گیا ہے جس کے بارے میں بعض لوگ کبھی سوال کرتے ہیں اور وہ ہے دوا کے طور پر شراب کا

Marfat.com

استعمال کرنا؛ اور اس کا جواب وہی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں دیا تھا جسے امام مسلم واحمد وغیرہ نے روایت کیا ہے کہ آپ سے ایک صاحب نے شراب کے بارے میں پوچھا تو آپ نے ان کو اس سے روک دیا تو ان صاحب نے کہا کہ میں تو اسے دوا استعمال کرتا ہوں تو نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے ان سے فرمایا:

«إنه ليس بدواء ولكنه داء» — یہ دوا نہیں ہے بلکہ یہ تو بیماری ہے۔

اور ابوداؤد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

«إن الله أنزل الداء والدواء وجعل لكل داء دواء فتداووا ولا تداووا بحرام». — اللہ تعالیٰ نے بیماری اور دوا دونوں نازل فرمائی ہیں۔ اور ہر بیماری کے لیے دوا مقرر کی ہے اس لیے علاج کرو لیکن حرام چیز سے علاج نہ کرنا۔

اور امام بخاری حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے نشہ آور چیز کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

«إن الله لم يجعل شفاءكم فيما حرم عليكم». — اللہ تعالیٰ نے تمہاری شفاء ان چیزوں میں نہیں رکھی جو تم پر حرام کر دی گئی ہیں۔

یہ تمام نصوص اس بات پر قطعی دلالت کرتی ہیں کہ دوا کے طور پر صرف تنہا شراب کا استعمال کرنا ناجائز و حرام ہے اس کا پینے والا گناہگار ہوگا۔

لیکن بعض دواؤں میں ایک مقرر مقدار میں ضرورت کی وجہ سے جو الکحل ملایا جاتا ہے تاکہ مثلاً اسے خراب ہونے سے بچایا جا سکے، تو اگر یہ معلوم ہو کہ شفایابی کے لیے اسی دوا کا استعمال ضروری ہے اور اس دوا کا تجویز کرنے والا طبیب مسلمان اور ماہر ہو اور اللہ سے ظاہراً و باطناً ڈرتا ہو تو اس دوا کا استعمال کرنا درست ہے، اس لیے کہ شریعت کے بنیادی احکامات کا مدار یسر و آسانی پر رکھا گیا ہے اور تکلیف و مشقت سے بچایا گیا اور لوگوں کے مصالح کو محقق و آسان بنایا گیا ہے اور اس سلسلہ میں اصل بنیاد اللہ تبارک وتعالیٰ کا مندرجہ ذیل فرمانِ مبارک ہے:

﴿فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ﴾ البقرة ۱۷۳ — پھر جو کوئی بے اختیار ہو جائے نہ تو نافرمانی کرے اور نہ زیادتی تو اس پر کچھ گناہ نہیں۔

★ — اس لعنت کا مفید و حقیقی علاج مندرجہ ذیل وسائل کے استعمال میں ہے:

الف - اچھی و نیک تربیت۔

Marfat.com

(ب ۔ ان کے اسباب کی روک تھام۔
ج ۔ اس کا ارتکاب کرنے والوں کو سزا دینا۔)

الف۔ نیک و اچھی تربیت اس طرح سے ہوتی ہے کہ شروع ہی سے بچے کی صحیح تربیت کی جائے، اور اس میں اللہ تعالیٰ پر ایمان، اس کا خوف و خشیت، اور ظاہراً و باطناً اس کے دیکھنے اور حاضر و ناظر ہونے کے عقیدہ کو مضبوط کیا جائے، اس لیے کہ اس کے ضمیر کے سنوارنے اور نفس کی اصلاح اور اخلاق کی بلندی میں اچھی تربیت کا بڑا اثر پڑے گا۔ اور تاریخی اعتبار سے یہ بات معروف ہے کہ جب اہل عرب نے اسلام کو پالیا اور ایمان قبول کرلیا اور اس میں داخل ہوگئے اور ان کی ضمیر نے اللہ کے مراقبہ کی تربیت حاصل کرلی، اور ان کی نفوس میں اللہ کا خوف بیٹھ گیا، اور اسی سے مدد مانگنے اور اس پر اعتماد کرنے ــــ لگے تو انہوں نے تمام وہ گندی عادتیں چھوڑ دیں جن میں زمانۂ جاہلیت میں بخوشی و رضا مشغول تھے۔

چنانچہ مثال کے طور پر ہم اسلام لانے سے قبل عرب کے جاہلوں کے شراب سے تعلق ہی کو لے لیں کہ وہ اس کے کیسے گرویدہ اور مداح تھے، اور کس طرح مختلف انداز میں اس کی توصیف بیان کرتے تھے، دیکھیے شراب سے تعلق کو ان کا ایک شاعر کس انداز سے بیان کرتا ہے:

إذا مت فادفنّي إلى جنب كرمة ... تروّي عظامي بعد موتي عروقها

جب میں مرجاؤں تو مجھے انگور کے درخت کے پہلو میں دفن کردینا ... جس کی جڑیں میرے مرنے کے بعد میری ہڈیوں کو سیراب کرتی رہیں گی

اور انہوں نے شراب کے کتنے نام اور لقب گھڑ رکھے تھے انہیں سنیئے: مدامۃ، سلافۃ، راح، صہباء، ابنۃ العنقود ابنۃ الکرم، بنت الدنان، بنت الحان ... وغیرہ وغیرہ وہ نام اور لقب جن کی تعداد سو سے زیادہ ہے۔

لیکن اس سب کے باوجود جب ان کو یہ اطلاع ملی کہ شراب حرام قرار دے دی گئی ہے تو ان سب نے بیک زبان کہا: اے ہمارے رب ہم اس سے رک گئے۔ اور ان کے پاس مٹکوں میں جو بھی شراب کا ذخیرہ تھا اسے مدینہ منورہ کی سڑکوں اور گلیوں میں بہادیا، ایمان کا نور اور بشاشت جب دل میں داخل ہوجائے اور اس کی جڑیں ضمیر و نفس میں مضبوط ہوجائیں تو ایمان اسی طرح کے عجائبات پیش کرتا ہے۔ بلکہ اصلاح و تہذیب کے سلسلہ میں ایسا بڑا کارنامہ انجام دیتا ہے جو حکومتیں بھی انجام نہیں دے سکتیں، اور اس کو وجود میں لانے میں عظیم بیڑے بھی ناکام ہوجاتے ہیں۔ اس لیے آپ سوچ لیجیے کہ انسانی معاشرے سے اس جیسے ایمان اور اس جیسی اچھی تربیت کے کس قدر محتاج ہیں۔

ب۔ رہا اس لعنت کے اسباب کی روک تھام کرنا تو وہ ان لوگوں کے ہاتھ میں ہے جو حکومت کے مالک اور اور نفاذ کی طاقت رکھتے ہیں۔ لہٰذا اگر حکومت بازاروں اور تمام جگہوں میں شراب اور اس کی تمام انواع و اقسام پر پابندی لگادے، اور اس کی بیخ کنی کرنے اور ختم کرنے کے لیے تمام اسباب کو بروئے کار لائے تو پھر اس کے

Marfat.com

دلدادہ اور پینے والوں پر اس کے دروازے بند ہو جائیں گے۔ اور اسے کوئی نوجوان بھی نہیں پی سکے گا اور نہ کوئی فاسق وفاجر کسی طریقے سے اس کو حاصل کر سکے گا۔

ج۔ اسے استعمال کرنے والوں کی سزا: اسلام نے ہر اس شخص کے لیے شدید سزا مقرر کی ہے جو اسے استعمال کرتا ہے۔ اس سزا کی مقدار چالیس سے اسی کوڑوں تک ہے[1]۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ جو لوگ اسے فروخت کرتے ہیں اس کا کاروبار کرتے ہیں یا اسے ادھر ادھر پہنچاتے ہیں انکو اس کے علاوہ کوئی تعزیری سزا قید جرمانہ یا ملک بدری وغیرہ نہیں دی جا سکتی۔

اگر حکومتیں واقعی ان برائیوں کا سدباب کرنا چاہیں تو ان کو چاہیے کہ وہ سزا دینے کے لیے ادارے وجود میں لائیں جو نشاط اخلاص اور تدبر وحزم اور استقامت میں معروف ہوں تاکہ وہ اپنا کام بہترین طریقے سے انجام دے سکیں جس کی بدولت ممکن ہے کہ معاشرہ شراب کی تباہی اور مخدرات کے مضر اثرات ونقصانات سے بچ جائے۔

◉◉◉◉◉◉◉◉

۴۔ زنا اور لواطت کی لعنت

قریب البلوغ لڑکوں اور نوجوانوں میں پائی جانے والی یہ نہایت خطرناک معاشرتی بیماری ہے۔ ہمیں کتنے ہی ایسے لڑکوں کے بارے میں اطلاعات ملی ہیں جو اب تک بالغ بھی نہیں ہوئے لیکن اپنے والدین اور رشتہ داروں کی غفلت کی وجہ سے برائی اور گندگی کے راستہ پر چل پڑے، اور نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ اخلاقی بے راہ روی اور بے حیائی کی دلدل میں پھنس گئے اور ہلاکت وتباہی کے گڑھوں میں دفن ہو گئے۔

والدین اور سرپرستوں کے لیے یہ بات نہایت تکلیف دہ ہوتی ہے کہ وہ یہ دیکھیں کہ ان بچوں اور جن کے وہ کفیل ہیں ان کی فطرت مسخ ہو گئی اور اخلاق پست ہو گئے اور رذالت اور بے حیائی کی دلدل میں پھنس گئے ہیں لیکن جب والدین و مربی اپنے جگر گوشوں اور دل کے ٹکڑوں کو برائیوں کی دلدل میں پھنسا ہوا اور فساد و بے حیائی کے تالابوں میں ڈوبتا ہوا دیکھ لیں تو کیا اسی وقت ان کو آہوں یا حسرت کے اظہار سے کوئی فائدہ حاصل ہوگا۔؟!

اگر یہ لوگ ان کو اچھے اخلاق سکھاتے، اور ان کے چال چلن اور اٹھنے بیٹھنے اور حرکات وسکنات کی مکمل نگرانی کرتے، اور ان کے دوستوں اور اٹھنے بیٹھنے والوں کو پہچان لیتے تو ان کے بچے اس تکلیف دہ صورت حال اور اس رسوا کن انجام تک ہرگز نہ پہنچتے۔

بچوں کے اخلاقی بگاڑ اور معاشرتی انحراف کا والدین اور سرپرستوں کے علاوہ اور کون مسئول اول اور حقیقی ذمہ دار ہوگا؟

---

[1] حنفیہ کے یہاں شراب نوشی کی سزا اسی کوڑے مقرر ہیں۔

ان کے کرتوتوں اور تصرفات وحرکات وسکنات پر والدین وسرپرستوں کے علاوہ کون نظر رکھ سکتا ہے؟
والدین اور سرپرستوں کے علاوہ کون شخص ہے جو ان بچوں کی مکارم اخلاق اور شرافت وفضیلت کے بنیادی اصولوں کی طرف رہنمائی کرسکتا ہے، اور کون ان کے سامنے برائیوں اور منکرات کی قباحت بیان کرسکتا ہے؟
اس لیے باپ اور ماں ہی بچے کی تربیت کے پہلے اور آخری مسئول اور ذمہ دار ہیں۔ پھر ان کے بعد یہ ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے اور پھر اس کے بعد یہ معاشرہ کی مسئولیت ہے۔
اس توجیہی نوٹ کے بعد اب ہم اس لعنت کے سلسلہ میں تین امور پر بحث کرتے ہیں:
۱۔ اس لعنت سے جو نقصانات وجود میں آتے ہیں ان کا بیان۔
۲۔ اس کے بارے میں اسلام کا فیصلہ۔
۳۔ اس کی بیخ کنی اور خاتمہ کے لیے مؤثر علاج۔

وہ نقصانات جو زنا اور لواطت کی بیماری کی وجہ سے وجود میں آتے ہیں وہ بہت خطرناک ہیں جو ترتیب وار درج ذیل ہیں

الف۔ صحت اور جسم کو پہنچنے والے نقصانات:

زنا اور لواطت کی وجہ سے مندرجہ ذیل امراض پیدا ہوتے ہیں:

۱۔ آتشک کی بیماری جس کی علامت یہ ہوتی ہے کہ اعضاء تناسل یا ہونٹ یا زبان یا پپوٹوں پر زخم یا ورم آجائے، اور جسم کے مختلف حصوں پر سفید داغ پڑ جاتے ہیں۔ اور اس بیماری کی وجہ سے خطرناک مرض شل ہونا اور اندھے پن اور رگوں وشرایین میں سختی، اور سینے میں درد اور جسمانی بناوٹ میں خرابی اور زبان کا سرطان اور بعض اوقات دق وسل کی بیماری پیدا ہو جاتی ہے اور کبھی کبھی یہ بیماری بیوی یا بچوں میں بھی سرایت کر جاتی ہے اور یہ بیماری متعدی بیماریوں میں سے ہے۔ اور جسم کے لمس اور لعاب دہن کے ذریعہ بھی سرایت کر جاتی ہے۔

۲۔ سیلان یا سوزاک اس بیماری کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ پیشاب کے وقت درد یا سخت جلن ہونا اور مردوں کو پیشاب کے راستہ سے پیپ آنا اور عورتوں کو رحم اور پیشاب کی نالی سے پیپ آنا یا درد محسوس ہونا۔ اور سیلان کی وجہ سے مردوں کے خصیتین اور مثانہ میں سوزش ہو جاتی ہے۔ اور پیشاب کی نالی کا تنگ ہو جانا اور عورتوں کے رحم اور بیضتین اور گردوں میں سوزش ودرد اور جلن ہوتی ہے۔ اور سوزاک کی بیماری کی وجہ سے کبھی کبھی مرد وعورت بانجھ بھی ہو جاتے ہیں اور مرد کی پیشاب کی نالی میں زخم ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے عام طور سے پیشاب بند ہو جاتا ہے، اور اس پیشاب کے رکنے سے کبھی کبھی جان بھی نکل جاتی ہے۔

۳۔ متعدی امراض کا پھیل جانا

زنا اور لواطت کی وجہ سے جو بیماریاں پیدا ہوتی ہیں ان میں سے بہت سے خطرناک متعدی امراض کا پیدا ہونا بھی ہے اس لیے کہ مہلک جراثیم مریض سے تندرست کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں اور جماع کے دوران جو گندگی وجود میں آتی ہے وہ بھی اس کا باعث بنتی ہے۔

اس قسم کے متعدی امراض بہت زیادہ ہیں جو نہایت خوفناک شکل اختیار کر گئے ہیں۔ اور جن معاشروں میں زنا و لواطت عام ہے اور جس سرزمین میں بے حیائی اور اخلاق سوز حرکتیں کثرت سے پائی جاتی ہیں وہاں یہ خطرناک صورت اختیار کر گئے ہیں۔

صادق و مصدوق نبی اکرم محمد بن عبداللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یہ تبلایا تھا کہ جب کسی قوم میں زنا عام ہو جائے تو اللہ تعالیٰ ان کو ایسی بیماریوں اور امراض میں مبتلا کر دیتے جو ان سے پہلے گزرے ہوئے لوگوں میں نہیں پائے جاتے تھے واقعی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت کتنی سچی اور درست بات فرمائی تھی، چنانچہ ابن ماجہ اور بزار اور بیہقی روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ وسلم نے ارشاد فرمایا،

«یا معشر المهاجرین! خمس خصال إذا ابتلیتم بهن وأعوذ بالله أن تدرکوهن عدد منها:... ولم تظهر الفاحشة قط یعمل بها علانیة إلا فشا فیهم الطاعون والأوجاع التی لم تکن فی أسلافهم...».

اے مہاجرین کی جماعت! پانچ چیزیں ایسی ہیں کہ اگر تم ان میں مبتلا ہو گئے اور میں خدا کی پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ تم ان میں مبتلا ہو اور پھر آپ نے انہیں شمار کرایا، اور نہیں ظاہر ہوتی فاحشہ (بے حیائی کا کام زنا وغیرہ) کسی قوم میں کہ اسے کھلم کھلا کیا جائے مگر یہ کہ ان میں طاعون اور ایسی بیماریاں پھیل جاتی ہیں جو ان کے اسلاف میں نہیں پائی جاتیں۔

اس لیے سمجھداروں اور عقلمندوں کو سمجھ لینا چاہیئے۔

ب۔ معاشرتی، اخلاقی اور نفسیاتی نقصانات

اس لعنت کے نقصان دہ اور خطرناک ہونے کیلیے اتنی بات ہی کافی ہے کہ اس سے نسب میں اختلاط اور نسل کا ضیاع اور عزت و آبرو کی پائمالی اور شہامت و مروت کا جنازہ نکل جاتا ہے اور معاشرہ ٹوٹ پھوٹ جاتا ہے۔ اور مرد و زن تعلقات خراب ہوتے ہیں۔ اور خاندان کی وحدت پارہ پارہ ہو جاتی ہے اور آدمی بے حیائی اور گندگی کی دلدل میں پھنس کر جاتا ہے۔ اور مردانگی اور عزت و کرامت کھو بیٹھتا ہے۔

اور اس کی قباحت شر اور برائی و فساد کے اظہار کے لیے یہی بات کافی ہے کہ اس کی وجہ سے معاشرہ میں ایسے بچوں کی بہتات ہو جاتی ہے جن کا نہ کوئی نسب ہوتا ہے نہ عزت و کرامت، اور آزادی و بے راہ روی کا سیلاب قوم کے جوانوں

Marfat.com

اور عورتوں سب کو بہا کر لے جاتا ہے۔ اور جب یہ صورت حال ہو تو ظاہر ہے کہ نہ اخلاق کی کوئی قدر ہوگی اور نہ عزت و شرافت کی کوئی قیمت و اعتبار۔

آپ ہی بتائیں کہ اس معاشرہ کی کیا حیثیت ہوگی جس کے اخلاق تباہ، حیا ختم۔ اور وحدت و تشخص پارہ پارہ ہو گیا ہو ایسے معاشرہ کی کیا قیمت ہوگی جس کے بچے آزاد بے سر و سامان ہوں اور عورتیں آبرو باختہ اور مرد بدکردار ہوں ایسے معاشرہ کی کیا قیمت ہوگی جس پر شہوات رانی اور جنسی جذبات کی حکومت اور شہوانی خیالات کا غلبہ ہو اور وہ سوائے جنس اور حرام کاری کے کوئی اور کام نہ جانتا ہو، اور جنسی خواہش اور شہوت رانی کے علاوہ اس کا کوئی مقصود نہ ہو۔

ظاہر بات ہے کہ ایسا معاشرہ ڈھیلا ڈھالا، بے کار، ٹکڑے ٹکڑے اور ہر لمحہ زوال و تباہی کا نشانہ بنا رہے گا اور اللہ تعالیٰ نے اپنے قرآنِ کریم میں بالکل سچ فرمایا ہے:

((وَإِذَآ أَرَدْنَآ أَن نُّهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيهَا فَفَسَقُوا۟ فِيهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا ٱلْقَوْلُ فَدَمَّرْنَٰهَا تَدْمِيرًا ۝)). الإسراء - ۱۶

اور جب ہم نے چاہا کہ غارت کریں کسی بستی کو حکم بھیج دیا اس کے عیش کرنے والوں کو پھر انہوں نے اس میں نافرمانی کی تب ثابت ہو گئی ان پر بات پھر اکھاڑ مارا ہم نے ان کو اکھاڑ کر۔

رہا زنا اور لواطت کے بارے میں اسلام کا فیصلہ اور حکم، تو وہ باتفاق فقہاء و مجتہدین قطعی طور سے حرام ہے جسکی دلیلیں درج ذیل ہیں:

زنا اس لیے حرام ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

((وَلَا تَقْرَبُوا۟ ٱلزِّنَىٰٓ إِنَّهُۥ كَانَ فَٰحِشَةً وَسَآءَ سَبِيلًا)). الإسراء - ۳۲

اور زنا کے پاس نہ جاؤ وہ بے حیائی اور بری راہ ہے۔

اور فرمایا:

((وَٱلَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ ٱللَّهِ إِلَٰهًا ءَاخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ ٱلنَّفْسَ ٱلَّتِى حَرَّمَ ٱللَّهُ إِلَّا بِٱلْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ ۚ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ يَلْقَ أَثَامًا ۝ يُضَٰعَفْ لَهُ ٱلْعَذَابُ يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيهِۦ مُهَانًا)) الفرقان - ۶۸ و ۶۹

اور وہ لوگ کہ نہیں پکارتے اللہ کے ساتھ دوسرے حاکم کو اور نہیں خون کرتے جان کا جو اللہ نے منع کر دی مگر جہاں چاہیے اور بدکاری نہیں کرتے، اور جو کوئی یہ کام کرے وہ جا پڑا گناہ میں، دگنا ہوگا اس کو عذاب قیامت کے دن اور پڑا رہے گا اس میں خوار ہو کر۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس حدیث میں جسے امام بخاری و مسلم وغیرہ نے روایت کیا ہے فرماتے ہیں:

Marfat.com

«لا یزنی الزانی حین یزنی وھو مؤمن...»۔ نہیں زنا کرتا زانی جب کہ وہ زنا کر رہا ہو اور پھر مؤمن بھی ہو۔

اور طبرانی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

«إن الزناۃ تشتعل وجوھھم ناراً»۔ زنا کاروں کے چہروں پر آگ بھڑک رہی ہوگی۔

اور حاکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

إذا ظھر الزنی والربا فی قریۃ فقد أحلوا بأنفسھم عذاب اللہ»۔ جب کسی بستی میں زنا اور ربا عام ہو جائے تو اس بستی والوں نے اپنی اوپر اللہ کا عذاب نازل کر لیا۔

اور ابن ابی الدنیا اور خرائطی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

«الزانی بحلیلۃ جارہ لا ینظر اللہ إلیہ یوم القیامۃ ولا یزکیہ ویقول: ادخل النار مع الداخلین»۔ اپنے پڑوسی کی بیوی کے ساتھ زنا کرنے والے کی طرف اللہ تعالیٰ قیامت میں نہ نظر فرمائیں گے نہ اس کو پاک صاف کریں گے اور فرمائیں گے: دوزخ میں داخل ہونے والوں کے ساتھ دوزخ میں داخل ہو جا۔

* * *

رہا لواطت کا حرام ہونا تو اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

«أَتَأْتُونَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِينَ ۝ وَتَذَرُونَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ ۚ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُونَ ۝»۔

الشعراء۔ ۱۶۵ و ۱۶۶

تمام دنیا جہان والوں میں سے تم (یہ حرکت کرتے ہو کہ) مردوں سے یہ فعل کرتے ہو اور تمہارے پروردگار نے تمہارے لیے بیویاں پیدا کی ہیں انہیں چھوڑے رہتے ہو بات یہ ہے کہ تم حد سے گزر جانے والے ہی لوگ ہو۔

اور فرمایا:

«وَلُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ إِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ أَحَدٍ مِنَ الْعٰلَمِينَ ۝ أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُونَ السَّبِيلَ ۙ وَتَأْتُونَ فِي نَادِيكُمُ الْمُنْكَرَ ۖ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللَّهِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِينَ ۝»۔

العنکبوت۔ ۲۸ و ۲۹

اور لوط کو (بھی ہم نے پیامبر بنا کر بھیجا) جب کہ انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ بے شک تم تو ایسی بے حیائی کا کام کرتے ہو جو تم سے پہلے دنیا جہان والوں میں کسی نے نہیں کیا۔ ارے تم تو مردوں سے فعل کرتے ہو اور تم رہزنی کرتے ہو اور تم بھری مجلس میں منہیات کا ارتکاب کرتے ہو۔ سو ان کی قوم کا (آخری) جواب بس یہی تھا کہ ہم پر عذاب لے آ اگر تم سچے ہو۔

اور نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام اس حدیث میں جسے حاکم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے

Marfat.com

فرماتے ہیں:

«ملعون من عمل عمل قوم لوط، ملعون من عمل عمل قوم لوط، ملعون من عمل عمل قوم لوط..».

ملعون ہے وہ شخص جو قوم لوط والی حرکت کرے، ملعون ہے وہ شخص جو قوم لوط والا کام کرے، ملعون ہے وہ شخص جو قوم لوط والا کام کرے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ جملہ تین مرتبہ فرمایا، اور ابن ماجہ اور ترمذی نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں:

«أخوف ما أخاف على أمتي من عمل عمل قوم لوط».

مجھے اپنی امت پر جس چیز کا سب سے زیادہ خوف ہے وہ وہ شخص ہے جو قوم لوط والا کام کرے۔

اور طبرانی و بیہقی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

«أربعة يصبحون في غضب الله ويمسون في سخط الله».

چار آدمی ایسے ہیں جو اللہ کے غضب میں صبح کرتے ہیں اور اس کی ناراضگی میں شام کرتے ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ اے اللہ کے رسول! وہ کون لوگ ہیں؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا:

«المتشبهون من الرجال بالنساء، والمتشبهات من النساء بالرجال، والذي يأتي البهيمة والذي يأتي الرجال».

وہ مرد جو عورتوں سے مشابہت اختیار کرتے ہیں۔ اور وہ عورتیں جو مردوں سے مشابہت اختیار کرتی ہیں، اور وہ شخص جو چوپایے کے ساتھ بدفعلی کرتا ہے، اور وہ شخص جو مردوں کے ساتھ بدفعلی کرتا ہے۔

* * *

شریعت نے زنا اور لواطت میں سے ہر ایک کیلئے مندرجہ ذیل سزا مقرر کی ہے

۱۔ زنا کی سزا:

شریعت نے زنا کی دو سزائیں مقرر کی ہیں:

الف: کوڑے مارنا اور شہر بدر کرنے کی سزا۔

ب: رجم و سنگسار کرنے کی سزا۔

کوڑوں اور شہر بدر کرنے کی سزا اس زانی کو دی جائے گی جو غیر شادی شدہ ہو، چاہے زنا کرنے والا مرد ہو یا عورت، لہٰذا اس کو سو کوڑے لگائے جائیں گے اس لیے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں:

«اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِي فَاجْلِدُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا

زنا کار عورت اور زنا کار مرد سو دونوں کا حکم یہ ہے کہ ان میں سے

مِائَةَ جَلْدَةٍ ۖ وَلَا تَأْخُذْكُمْ بِهِمَا رَأْفَةٌ فِي دِينِ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۖ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَائِفَةٌ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝))۔

النور - ۲

ہر ایک کے سو سو درے مارو، اور تم لوگوں کو ان دونوں پر اللہ کے معاملہ میں ذرا رحم نہ آنے پائے اگر تم اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو۔ اور چاہیے کہ دونوں کی سزا کے وقت مسلمانوں کی ایک جماعت حاضر رہے۔

شہر بدر کرنے کی سزا حنفیہ کے یہاں تعزیر کے باب سے ہے۔ لہٰذا اگر امام کو اس میں فائدہ محسوس ہو تو اس کو شہر بدر کر دے گا، اور باقی ائمہ کے یہاں کوڑے لگانے کے بعد زانی کو شہر بدر کیا جائے گا اور اس کو اتنی دور بھیجا جائے گا جس میں نماز قصر نہ ہوتی ہو، اور شہر بدر کرنے کا فیصلہ خلفاء راشدین نے بھی کیا تھا۔ اور یہی بہت سے صحابہ رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں۔

۲۔ رجم کی سزا اس زانی کے لیے ہے جو شادی شدہ ہو اس لیئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس حدیث میں جسے امام بخاری و مسلم وغیرہ نے روایت کیا ہے فرماتے ہیں کہ:

((لا يحل دم امرئ مسلم يشهد أن لا إله إلا الله وأني رسول الله إلا بإحدى ثلاث: الثيب الزاني والنفس بالنفس والتارك لدينه المفارق للجماعة)).

جو مسلمان یہ گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور میں اللہ کا رسول ہوں اس کا خون بہانا سوائے تین باتوں میں سے ایک بات کے کسی صورت میں حلال نہیں۔ ایسا زانی جو کہ شادی شدہ ہو۔ اور قتل کے بدلے قتل کیا جائے گا۔ اور وہ شخص جو دین بدل دے اور جماعتِ مسلمین سے الگ ہو جائے۔

* * * * *

اور صحیح احادیث سے ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ اور غامدیہ عورت کے رجم کا حکم دیا تھا، اس لیے کہ ان دونوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے زنا کا اعتراف کر لیا تھا اور وہ دونوں شادی شدہ تھے۔

۲۔ لواطت کی سزا علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ لواطت زنا کے حکم میں ہے لیکن اختلاف اس میں ہے کہ سزا کیا دی جائے گی؟ علامہ بغوی لکھتے ہیں کہ: لواطت کرنے والے کی سزا کے بارے میں اہلِ علم کا اختلاف ہے۔ کچھ حضرات یہ کہتے ہیں کہ لواطت کرنے والے کی سزا وہی ہے جو زنا کی سزا ہے اگر وہ شادی شدہ ہے تو اسے رجم کر دیا جائے گا اور اگر غیر شادی شدہ ہے تو سو کوڑے لگائے جائیں گے، اور یہی ــــ امام شافعی رحمہ اللہ کے دونوں قولوں میں سے مشہور قول ہے، اور بعض حضرات یہ کہتے ہیں کہ لواطت کرنے والے کو رجم کیا جائے گا چاہے شادی شدہ ہو یا غیر شادی شدہ، اور امام مالک اور امام احمد یہی فرماتے ہیں۔ امام شافعی کا دوسرا قول یہ ہے

کہ ایسا کرنے والے اور کروانے والے دونوں کو قتل کر دیا جائے گا۔[1] حنفیہ کا مذہب یہ ہے کہ ایسے مجرم کو روکنے اور سزا دینے کے لیے امام اور حاکم جو سزا مناسب سمجھے وہ دے، اور اگر کوئی شخص یہ حرکت بار بار کرے اور اس سے باز نہ آئے تو سزا کے طور پر اس کی گردن اڑا دی جائے گی۔

ذیل میں وہ نصوص پیش کی جاتی ہیں جو اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ ایسا کرنے والے اور کروانے والے دونوں کو قتل کر دیا جائے گا جیسا کہ جمہور فقہاء و مجتہدین کا مذہب ہے

امام ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«من وجدتموه يعمل عمل قوم لوط فاقتلوا الفاعل والمفعول به».

جس شخص کو تم قوم لوط والا کام کرتے ہوئے پاؤ تو اس کام کے کرنے والے اور کروانے والے دونوں کو قتل کر دو۔

* * *

اور بیہقی وغیرہ مفضل بن فضالۃ سے روایت کرتے ہیں اور وہ ابن جریج سے وہ عکرمہ سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا:

«اقتلوا الفاعل والمفعول به والذی يأتي البهيمة».

ایسا کرنے والے اور کروانے والے اور اس شخص کو جو چوپایے سے بدفعلی کرے قتل کر ڈالو۔

اس لعنت کی بیخ کنی کا طریقہ اور علاج بالکل وہی ہے جو مشت زنی کی بیخ کنی کے سلسلہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ اس لیے کہ ان دونوں بیماریوں اور ان کے علاج کی حالت ایک دوسرے سے بالکل مشابہ ہے لہٰذا اس سلسلہ میں دوبارہ لکھنے اور کلام دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔

محترم قارئین کرام! میں آپ کو ایک علاج اور بتائے دیتا ہوں! اور وہ یہ کہ اس امت کے آخر والوں کی بھی انہیں چیزوں سے اصلاح ہوگی جس سے ان کے پہلوں کی ہوئی ہے۔ چنانچہ جیسے گذشتہ ادوار میں ہماری امت کی اصلاح اسلام کے نظام اور شریعت مطہرہ سے ہوئی ہے اور اسے قبول کر کے امت مسلمہ نے عزت و قوت اور شان و شوکت حاصل کی اور اس کے قوانین و احکام پر چل کر ترقی حاصل کی۔ اس طرح آج ہماری امت کی اصلاح بھی اس سے ہی ہوگی، اگر ہم نے اسے اپنا لیا تو اس امت مسلمہ کی چھینی ہوئی عزت اور شان و شوکت اور بے نظیر قوت اور مضبوط حکومت اور قابل ذکر استقرار و استحکام واپس لوٹ آئے گا اور یہ امت پھر سے

[1] یہ عبارت کتاب الترغیب والترہیب (۴- ۳۲۵) باب الترہیب من اللواط سے لی گئی ہے۔

پہلے کی طرح وہی بہترین امت بن جائے گی جس کو لوگوں کے لیے ہادی ومقتدیٰ اور مرکزِ جود وسخا اور قوت وطاقت کا مرکز بنایا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ راضی ہو خلیفۂ راشد حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے جو یہ فرماتے ہیں کہ: ہم ایک ایسی قوم ہیں جسے اللہ نے اسلام کی بدولت عزت بخشی ہے۔ لہٰذا جب بھی ہم اس کو چھوڑ کر جس کے ذریعہ اللہ نے ہمیں عزت دی ہے کسی اور سے عزت چاہیں گے تو اللہ تعالیٰ ہمیں ذلیل کر دے گا۔[1]

اور اللہ رحم کرے علامہ اقبال پر وہ فرماتے ہیں:

إذا الإيمان ضاع فلا أمان	ولا دنيا لمن لم يحي دينا
جب ایمان ضائع ہو جائے تو امن وامان نہیں رہتا	اور جو دین کے احیاء کیلئے کوشش نہ کرے اس کا جینا ہی کیا جینا ہے
ومن رضي الحياة بغير دين	فقد جعل الفناء له قرينا
جو بغیر دین کے زندگی پسند کرتا ہے	اس نے فناء کو اپنا ساتھی بنا لیا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "لا ضرر ولا ضرار" کا جو بنیادی قانون مقرر فرمایا ہے اس کی روشنی اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے مندرجہ ذیل فرمانِ مبارک:

((وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ))۔ اور اپنے آپ کو ہلاکت میں مت ڈالو۔

کی تعمیل ارشاد اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی فرض کردہ اس مسئولیت پر عمل کرنے کے لیے مربیوں اور خاص طور سے والدین کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے بچوں کی حفاظت کے لیے ضروری اسباب اختیار کریں، اور اپنے جگر گوشوں کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کریں تاکہ وہ ان مصائب کا نشانہ نہ بنیں جو ان کو چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہیں، اور نہ ان دردناک حوادث کا جو ان پر اچانک حملہ آور ہوتے ہیں، اور عام طور سے انہیں موت یا شکل وصورت کے بگڑنے یا بیماری یا زخمی ہونے تک پہنچا دیتے ہیں۔

اے مربی حضرات آپ کے سامنے وہ اہم احتیاطی تدابیر واسباب پیش کیے جاتے ہیں جو حوادث کو کم کرتے اور ان سے بچاتے ہیں:

ڈاکٹر نبیہ الغبرۃ کی کتاب المشکلات السلوکیۃ (ص ۱۷۷) سے کچھ تصرف کے ساتھ خلاصۃً پیش خدمت ہے:

اپنے بچوں کے لیے معتدل متناسب جوڑ کھانے والا جو منطقی نظام ہم مقرر کرتے ہیں وہ ان کی سلامتی کیلئے بہت ضروری ہے جیسا کہ اس کا وجود اس لیے بھی ضروری ہے تاکہ وہ اطمینان وسکون محسوس کریں۔ بچے کی عمر کے پہلے

[1] مستدرک حاکم۔

Marfat.com

سال اس حفاظت کی ذمہ داری ساری کی ساری اس کے اہلِ خانہ۔ پر ہے۔ اور اس میں کسی قسم کی کوتاہی کی صورت میں وہ اس کے مسئول ہیں، دوسرے سال میں بچوں کو خطرناک چیزوں سے بچنے کی تعلیم دینا چاہیئے، اور وہ اس طرح کہ اسے نہایت لطیف طریقے سے سمجھا دیا جائے۔ تاکہ چولھے ہیٹر آگ یا گرم برتن کو چھو کر وہ زخمی نہ ہو جائے یا اس میں گر کر جل نہ جائے۔ اس لیے بہتر یہ ہے کہ یا تو ہم اس سے کہہ دیں یا اس کو متنبہ کر دیں کہ یہ گرم چیز ہے جو چھونے سے تکلیف دیتی ہے بلکہ خطرناک ہے۔ اور ہم اس کو آہستہ سے اس طرح سے چھونے کا موقعہ دے دیں جس سے اسے اذیت و تکلیف نہ پہنچے اور اس طرح سے وہ اس سے ڈرنے اور بچنے لگے گا۔

اور جب ہم بچے کو کرسی سے گرنے کے قریب دیکھیں اور اس کے ہاتھ میں کوئی ایسی چیز نہ ہو جو اسے ایذاء پہنچائے اور زمین پر بھی کوئی ایسی چیز نہ پڑی ہو جس پر گرنے سے بچے کو تکلیف کا اندیشہ ہو تو ایسے موقعہ پر بچے کو احتیاط کے ساتھ گرنے دینا چاہیے۔ اور اس موقعہ سے یہ فائدہ اٹھایا جائے کہ اسے اس سے بچنے کی تعلیم دی جائے بہر حال تعلیم اور حفاظت دونوں میں توازن رہنا چاہیے۔ اور گھر والوں کو چاہیے کہ وہ ان چیزوں پر نظر رکھیں جن سے کھیل کود کے دوران بچے کو نقصان پہنچ سکتا ہو اور اس سلسلہ میں لازمی احتیاطی تدابیر ضرور اختیار کرنا چاہییں

ڈاکٹر غبرہ کے بیان کے مطابق بعض عملی اقدامات ذیل میں ذکر کیے جا رہے ہیں جن کے اختیار کرنے سے تکلیفوں اور پیش آنے والے

حوادثات کو کم کیا جا سکتا ہے:

۱۔ زہریلی چیزوں کو بند الماری میں رکھنا چاہیئے اور اس کی چابی کسی محفوظ جگہ میں رکھی جائے، اور ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ شیشی پر اس زہریلی چیز کا نام واضح طور سے لکھ دیا جائے اور جہاں کھانے پینے کی چیزیں رکھی ہوں وہاں اس شیشی کو ہرگز نہ رکھا جائے، یہ زہریلی چیزیں مختلف کاموں کے لیے مختلف طریقوں سے استعمال میں آیا کرتی ہیں جن میں سے سب سے اہم کیڑے مکوڑے اور حشرات الارض کو مارنے والے زہریلے مواد اور تیزاب ہے۔

۲۔ جو دوائیں ضرورت سے زائد ہوں انہیں پھینک دینا چاہیے اور ان کو بچوں کی دسترس سے دور رکھنا چاہیئے اور جب ان دواؤں کو استعمال کیا جائے تو اچھا یہ ہے کہ اس جگہ بچے موجود نہ ہوں، اس لیے کہ بچے نقل اتارنے اور پیروی کرنے کے شوقین ہوتے ہیں، اور اس طرح کی زہریلی چیزوں سے بچوں کے ہلاک ہونے کے حادثات بہت پیش آتے رہتے ہیں۔ اس لیے جب کسی بچے کو ہم کوئی اس طرح کی چیز دیں تو اسے سمجھا دینا چاہیئے کہ یہ دوا ہے پینے کی چیز نہیں ہے

Marfat.com

لیکن بہتر یہ ہے کہ اگر بچوں پر بھروسہ نہ ہو تو اس کو کسی ایسی جگہ رکھا جائے جو ان کی دسترس سے باہر ہو۔

۳۔ چولہے وغیرہ جلانے والے آلات اور گرم برتنوں اور کھانے پکانے کے سامان اور کرچھے وغیرہ کے پاس اگر گھٹنوں چلنے والے یا چلنے پھرنے والے بچے کے پہنچنے کا احتمال ہو تو اس کو بچوں کی دسترس سے دور رکھنا چاہیے۔ ورنہ حادثات پیش آسکتے ہیں، کتنی مرتبہ ایسا ہوا ہے کہ بچے چولہوں اور پانی گرم کرنے کے آلات وغیرہ سے جل چکے ہیں

اسی طرح بچوں کو بھڑکنے والی چیزوں مثلاً ماچس کی تیلی وغیرہ سے کھیلنے کی اجازت نہیں دینا چاہیئے۔ بلکہ ہمارا فرض یہ ہے کہ ہم انہیں ایسی اونچی جگہ پر رکھیں جہاں بچوں کا ہاتھ نہ پہنچ سکے۔

چائے دانیاں یا کھانا پکانے کے برتن بھی ان گرم چیزوں کی وجہ سے جو ان میں موجود ہوتی ہیں، بچوں کے لیے خطرے کا سامان بن جاتے ہیں۔ چنانچہ کتنی ہی مرتبہ ایسا ہوا ہے کہ ناسمجھ ماں کی غفلت کی وجہ سے کھانے پکانے یا بھوننے اور تلنے والے برتنوں میں کھولتے ہوئے گھی یا تیل وغیرہ میں ان کا جگر گوشہ گر کر شدید زخمی ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بدشکل اور بدمنظر ہو جاتا ہے۔

اور کتنی ہی احمق مائیں میز کے کنارے یا زمین یا کرسی پر چائے دانی رکھ دیتی ہیں بچہ اس چائے دانی پر گر جاتا ہے یا چائے دانی اس پر گر جاتی ہے، جس سے سخت نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔

مختلف موسموں اور مناسبتوں میں آتش بازی وغیرہ سے بھی بچنا چاہیئے تاکہ اس سے نقصان نہ اٹھانا پڑ جائے۔

اس طرح بجلی کے سامان اور تاروں سے بھی دور رکھنا چاہیئے تاکہ پریشانی نہ اٹھانا پڑے۔

۴۔ دھار دار آلات مثلاً قینچیاں، چھریاں، بلیڈ، پن اور شیشے کے برتن بھی بچوں کی پہنچ سے دور رکھنا چاہیئے۔

۵۔ بچوں کو ایسے کھیل کود کی اجازت نہیں دینا چاہیئے جو خطرے کا سبب بن سکتے ہوں جیسے کہ رسی سے کھیلنا اور اس کو گردن کے ارد گرد لپیٹنا یا پلاسٹک کی تھیلی سے کھیلنا اور اسے سر اور منہ پر چڑھا لینا اس لیے کہ اس سے کبھی دم بھی گھٹ سکتا ہے، اسی طرح بچے کو منہ میں کھانے کی چیز رکھ کر دوڑنے اور نمکین اشیاء مثلاً بھنے چنے اور پستے وغیرہ ہوا میں اچھال کر منہ میں لینے سے بھی روکنا چاہیئے۔ تاکہ ایسا نہ ہو کہ کھانا یا یہ چیزیں ہوا کی نالی میں چلی جائیں اور دم گھٹ جائے۔

۶۔ ماں کو چاہیئے کہ بچے کو اپنے پلنگ پر اپنے ساتھ نہ سلائے۔ اس لیے کہ ایسی صورت میں اس کے دم گھٹنے کا ڈر ہوتا ہے اس قسم کے کتنے ہی واقعات ہمارے سننے میں آئے ہیں کہ ماں سو گئی اور بچہ بھی پستان (چھاتی) منہ میں لیے لیے سو گیا اور پھر ماں جیسے ہی ذرا سی بچے کی طرف جھکی بچے کا دم گھٹ گیا۔

۷۔ اوپر کی منزلوں کے مکانات کی کھڑکیوں کے صحیح سالم ہونے کا یقین کر لینا بھی ضروری ہے، اور کھڑکیاں ایسی ہونا چاہیے کہ جنہیں بچہ پھلانگ کر باہر نہ نکل سکے، اور منزل کے اوپری حصے میں اس طرح کی رکاوٹیں کھڑی کرنا چاہیئے کہ جن سے بچہ نیچے کا منظر تو دیکھ سکے لیکن وہاں سے پھسل نہ سکے، یا کم از کم اتنا ہو کہ اگر وہاں سے پھسل بھی جائے تو

Marfat.com

اس کے گرنے کا ڈر نہ ہو۔ ورنہ کتنے ہی ایسے دردناک واقعات پیش آئے ہیں جن میں احتیاط نہ کرنے اور تغافل کی وجہ سے اچھی عمر کے بچے جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔

۸۔ مشینری اور میکانیکی آلات اور بجلی کا سامان استعمال کرتے وقت ہوشیار رہنا چاہیے خصوصاً کپڑے دھونے اور قیمہ پیسنے اور کباب بنانے والی مشین وغیرہ کے استعمال کرتے وقت، اس لیے کہ کپڑے دھونے کی مشین میں بچوں کے ہاتھ آجانے یا قیمہ وغیرہ کی مشین سے انگلیاں کٹنے کے واقعات کچھ کم نہیں ہیں۔

۹۔ گھر کے بیرونی دروازے کے بارے میں خیال رکھنا چاہیئے کہ وہ کھلا نہ رہے کہیں ایسا نہ ہو کہ دروازہ کھلا رہ جائے اور بچہ چپکے سے نکل جائے اور ماں باپ کو پتہ بھی نہ چلے اور باہر کوئی حادثہ پیش آجائے۔

۱۰۔ دروازہ بند کرتے وقت بھی بہت خیال رکھنا چاہیے تاکہ ایسا نہ ہو کہ بچے نے انگلیاں رکھی ہوئی ہوں اور دروازہ بند کرنے سے اس کی انگلیاں دب جائیں اور تکلیف و پریشانی کا سبب بنے۔ اور اس کے علاوہ دوسری وہ احتیاطی تدابیر جو کسی بھی ذی عقل وصاحب بصیرت پر مخفی نہیں ہیں۔

بچوں کی جسمانی تربیت کے سلسلہ میں یہ وہ اہم وسائل ہیں جنہیں اسلام نے مقرر کیا ہے اور جیسا کہ آپ نے دیکھ لیا کہ یہ وسائل لازمی وضروری ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر ہیں۔ اور اگر مربیوں نے ان تعلیمات پر عمل کیا اور والدین واساتذہ اس طریقے کے مطابق چلے تو ہم دیکھیں گے کہ اس قوم کے بچے صحت کے وسیع میدانوں میں دوڑتے ہوں گے اور قوت کی نعمت سے مالا مال ہوں گے اور امن وامان اور استقرار وسکون کی زندگی گزارتے ہوں گے۔

یہ یقینی بات ہے کہ امتِ مسلمہ اگر عقلِ سلیم اور طاقتور جسم اور مضبوط ارادہ اور قوی عزم اور اعلیٰ ترین شجاعت اور کامل سوجھ بوجھ کی مالک ہو تو وہ ترقی وپیداوار کے ہر میدان میں سبقت لے جانے والی اور عظمت وفتح کے اسباب کو بروئے کار لانے والی ہوگی۔ اور اسلام اور مسلمانوں کے لیے دائمی عزت وغلبہ دلانے کے لیے کوشش و محنت کرنے والی ہوگی۔ اور اس دن مومن اللہ کی نصرت ومدد پر خوش ہوں گے، اللہ جس کی چاہتا ہے مدد کرتا ہے اور وہی بڑا غلبہ والا اور حکمتوں والا ہے۔

اس لیے اے مربیوں ماؤں اور باپوں اور اساتذہ ...

صرف یہی حیاتِ دنیا دی کا کامیاب طریقہ ہے — صرف یہی قوت وطاقت کے حصول کا راستہ ہے

صرفِ یہی مجد وبزرگی کا زینہ ہے ... — صرف یہی ایک طریقہ ہے ہمیشگی اور دوام کے حاصل کرنے کا

آج کا معاشرہ اور قوم آپ کے پاس ایک امانتِ خداوندی ہے وہ ان بلند وبالا تعلیمات کی تطبیق اور اپنے جسم کو تندرست وتوانا رکھنے والے زندۂ جاوید بنیادی اصولوں اور اپنی صحت ونفسیات کی اصلاح کی بہت زیادہ محتاج

Marfat.com

ہے، تاکہ اپنے اندر ذمہ اٹھانے کی قوت پیدا کر سکے اور عالم میں اسلام کے پیغام کو پہنچانے کی ذمہ داری کو اسی طرح عمدگی سے ادا کر سکے جس طرح اس سے قبل صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین اور تابعین اور ان کے بعد میں آنے والے ادوار کے لوگوں نے اس ذمہ داری کو بخیر و خوبی اور عمدگی سے انجام دیا تھا۔

ممکن ہے اس طریق سے آج کا ہمارا معاشرہ الحاد آزادی اور جاہلیت کی تاریکیوں سے ایمان کے نور اور مکارم اخلاق اور اسلام کی ہدایت کی طرف منتقل ہو سکے !! اور یہ کام اللہ تعالیٰ کے لیے کچھ مشکل بھی نہیں ہے۔

Marfat.com

فصلِ رابع

۴۔ ذہنی اور عقلی تربیت کی ذمہ داری

ذہنی وعقلی تربیت سے مراد یہ ہے کہ علوم شرعیہ اور علمی اور عصری تہذیب وثقافت اور فکری ونفسیاتی سوجھ بوجھ پر مبنی ایسی نفع بخش چیزوں سے بچے کے ذہن کو آراستہ کیا جائے جو بچے کے افکار میں پختگی پیدا کردیں اور اسے علمی وثقافتی لحاظ سے کامل ومکمل بنادیں۔

اہمیت کے لحاظ سے یہ ذمہ داری بھی ان ایمانی اخلاقی اور جسمانی تربیت کی ذمہ داریوں سے کچھ کم اہمیت کی حامل نہیں ہے جو پہلے گزر چکی ہیں۔ اس لیے کہ ایمانی تربیت بنیاد رکھنے کے قائم مقام ہے، اور جسمانی تربیت اس کو بنانا اور تیار کرنا ہے، اور اخلاقی تربیت عادی بنانا اور اس پر ڈھالنا ہے، اور عقلی تربیت کے ذریعے اس کو سمجھدار ترقی یافتہ اور تعلیم یافتہ بنانا ہے۔

یہ چاروں ذمہ داریاں اور فرائض اور اس کے علاوہ دوسری وہ ذمہ داریاں جن کا بعد میں تذکرہ آئے گا یہ سب کی سب بچے کی شخصیت کی تکمیل اور اس کو فرائض وواجبات ادا کرنے کے قابل بنانے اور اپنے مفوضہ پیغام کو ادا کرنے اور مسئولیت کا بوجھ اٹھانے کے لیے صحیح انسان بنانے میں ایک دوسرے سے متصل مربوط اور ایک دوسرے کا سہارا ہیں ایمان اس وقت کتنی اعلیٰ وعمدہ چیز ہوتی ہے جب فکر کے ساتھ اس کا جوڑ پیدا ہو جائے۔

اور اخلاق کتنی عمدہ چیز ہے جب کہ صحت سے اس کا ارتباط پیدا ہو جائے اور ایسا بچہ کتنا عظیم ہوتا ہے جو عملی زندگی میں جب قدم رکھتا ہے۔ تو ایسی حالت میں کہ اس کے مربیوں نے ہر پہلو سے اس کی دیکھ بھال کی ہوئی ہوتی ہے۔ اور ہر گوشہ سے اس کی رہنمائی تربیت اور تکمیل کی ہوئی ہوتی ہے۔

بچوں کے سلسلہ میں مربیوں پر جو ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں ان کے مختلف مراحل کو بیان کرنا ضروری ہے تاکہ تربیت کرنے والے ان پر مرحلہ وار چلتے رہیں اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ عقلی تربیت کے سلسلہ میں ان کی مسئولیت مندرجہ ذیل امور میں منحصر ہے:

۱۔ تعلیمی ذمہ داری۔
۲۔ فکری سوجھ بوجھ پیدا کرنا۔
۳۔ ذہنی تندرستی۔

Marfat.com

★★★★★★★

تعلیمی ذمہ داری و مسئولیت

اس میں کوئی شک نہیں کہ اسلام کی نظر میں یہ مسئولیت نہایت اہم اور نازک ہے۔ اس لیے کہ اسلام نے والدین اور مربیوں پر بچوں کی تعلیم ــ علم و ثقافت کے چشمہ سے ان کو سیراب ہونے کے قابل بنانے اور ان کے اذہان کو صحیح سوچ سمجھ اور معرفت و ادراک اور علمی محاکمہ و موازنہ اور صحیح ادراک کے قابل بنانے کے سلسلہ میں بڑی ذمہ داری ڈالی ہے، اور اس سے خداداد صلاحیتیں اجاگر ہوتی ہیں۔ اور فضل و کمال میں اضافہ اور عقل میں پختگی پیدا ہوتی ہے اور کمال ظاہر ہوتا ہے۔ تاریخی اعتبار سے یہ بات ہر شخص کو معلوم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سب سے پہلے جو آیات نازل ہوئی تھیں وہ درج ذیل ہیں:

﴿اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ۝﴾۔

علق۔ ۱ تا ۵

آپ پڑھیے اپنے پروردگار کے نام کے ساتھ جس نے سب کو پیدا کیا۔ جس نے انسان کو خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا ہے آپ (قرآن) پڑھا کیجیے اور آپ کا پروردگار بڑا کریم ہے جس نے قلم کے ذریعہ سے تعلیم دی ہے (جس نے) انسان کو ان چیزوں کی تعلیم دے دی جنہیں وہ نہیں جانتے تھے۔

اور یہ اس لیے تاکہ علم اور پڑھنے پڑھانے کی حقیقت اور عظمت و بڑائی کا اظہار ہو۔ اور یہ بتلا دیا جائے کہ فکر و عقل کا مرتبہ بہت بلند ہے۔ اور ساتھ ہی علم و ثقافت کے دروازے کو مکمل طور سے کھولنا بھی مقصود تھا۔

اگر ہم ان قرآنی آیات اور نبوی احادیث کو پیش کرنا چاہیں جو علم پر ابھارتی اور علماء کی قدر و منزلت کی بلندی کو بیان کرتی ہیں۔ تو وہ ہمیں بہت کثرت سے ملیں گی جنہیں چھوٹے بڑے سب نے ہی یاد کیا ہوا ہے۔ اور جنہیں عالم و طالبِ علم دونوں ہی بیان کرتے ہیں۔

ان آیاتِ قرآنیہ میں سے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمانِ مبارک ہے:

ــــ ﴿قُلْ هَلْ یَسْتَوِی الَّذِیْنَ یَعْلَمُوْنَ وَالَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ﴾۔ الزمر۔ ۹

آپ کہیے کہ کیا علم والے اور بے علم کہیں برابر بھی ہوتے ہیں۔

اور ارشاد ہے:

Marfat.com

«وَقُلْ رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا ۝». طٰہٰ-۱۱۴

آپ کہیے کہ اے میرے پروردگار میرے علم کو بڑھا دیجیے۔

اور فرمایا:

«يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِينَ اٰمَنُوا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِينَ اُوتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ۭ». المجادلہ-۱۱

اللہ تعالیٰ تم میں ایمان والوں کے اور ان کے جنہیں علم عطا ہوا ہے درجے بلند کرے گا۔

اور فرمایا:

«نٓ ۚ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝ۙ». القلم-۱

نون، قسم ہے قلم کی اور اس کی جو وہ (فرشتے) لکھتے ہیں۔

اور ان احادیثِ نبویہ میں سے چند احادیث یہ ہیں:

امام مسلم اپنی صحیح میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«... ومن سلك طريقاً يلتمس فيه علماً سهّل الله له طريقاً إلى الجنة».

... اور جو شخص کسی ایسے راستہ پر چلے جس میں علم کو تلاش کر رہا ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت کا راستہ آسان فرما دیتے ہیں۔

* * *

اور امام ترمذی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«الدنيا ملعونة ملعون ما فيها إلا ذكر الله تعالىٰ، وما والاه، وعالماً أو متعلماً».

دنیا ملعون ہے اور جو کچھ اس میں ہے وہ سب ملعون ہے سوائے اللہ تعالیٰ کے ذکر کے، اور ہر وہ چیز جس کا اللہ سے تعلق ہو اور عالم اور متعلم۔

* * *

اور امام ترمذی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«من خرج في طلب العلم فهو في سبيل الله حتى يرجع».

جو شخص طلبِ علم کے لیے نکلتا ہے۔ وہ اللہ کے راستہ میں اس وقت تک رہتا ہے جب تک واپس نہ آجائے۔

اور امام ترمذی حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«فضل العالم على العابد كفضلي على أدناكم.. إن الله وملائكته وأهل السماوات والأرض حتى النملة في جحرها، وحتى الحوت ليصلون على معلمي الناس الخير».

عالم کی فضیلت عابد پر ایسی ہے جیسی میری تم میں سے معمولی آدمی پر.. بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے اور آسمانوں اور زمین والے حتیٰ کہ چیونٹیاں اپنے بلوں میں اور مچھلیاں لوگوں کو خیر سکھانے والے کے لیے دعا کرتی ہیں۔

Marfat.com

اور امام مسلم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا :

«إذا مات ابن آدم انقطع عمله إلا من ثلاث : صدقة جارية ، أو علم ينتفع به ، أو ولد صالح يدعو له».

جب انسان مرجاتا ہے تو اس کا عمل منقطع ہوجاتا ہے سوائے تین چیزوں کے : صدقہ جاریہ ، یا وہ علم جس سے نفع اٹھایا جاتا ہو یا نیک لڑکا جو اس کے لیے دعا کرتا ہو۔

قرآنِ کریم کی اس رہنمائی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان ارشادات کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں اور آپ کے بعد والے زمانوں میں مسلمان حضرات علوم کونیہ کے پڑھنے اور ان سے عبرت حاصل کرنے میں لگ گئے۔ اور انہوں نے ہر علم نافع کے سیکھنے کو فرض یا واجب قرار دیا۔ اور عالم میں موجود دوسری قوموں کے تمدن وثقافت سے فائدہ اٹھایا اور اس میں جدت پیدا کی ، اور اس کو اپنا تابع بنا کر اس کو اسلام کے ممتاز اسلامی سانچے میں ڈھال لیا ، اور پھر ایک طویل عرصہ اور صدیوں تک سارا جہاں ان کے علوم سے خوشہ چینی کرتا اور ان کی ثقافت سے مستفید ہوتا رہا اور مشرق ومغرب میں مادی ترقی کو جو اس جدید دور میں چمک دمک وشان وشوکت نصیب ہوئی ہے وہ صرف اس وجہ سے کہ انہوں نے صقلیہ اور اندلس اور دیگر صلیبی جنگوں کی بدولت مسلمانوں کے علوم اور ان کی ثقافت سے فائدہ اٹھایا اور گم کردہ راہ عالم اور پریشان انسانیت کے لیے اسلامی سلطنت بجا طور پر ایک استاذ ومعلم اور امام ورہنما بنی۔

تاریخ کے ایک طویل عرصے میں مسلمانوں نے جو علمی وثقافتی عظمت وبلندی حاصل کی اس کے ثبوت کے لیے ذیل میں اہلِ مغرب کے انصاف پسند فلاسفہ کی شہادت پیش کی جاتی ہے۔

فنِ اسلامی کے سلسلہ میں گفتگو کرتے ہوئے شریستی کہتے ہیں : ایک ہزار سال تک یورپ فنِ اسلامی کی طرف اس طرح دیکھتا رہا گویا کہ وہ زمانے کے عجائبات میں سے کوئی اعجوبہ ہو۔

ہالینڈ کے مستشرق دوزی کہتے ہیں کہ : پورے اندلس میں ایک بھی اَن پڑھ شخص موجود نہ تھا۔ جب کہ یورپ میں ابتدائی لکھنا پڑھنا بھی سوائے اعلیٰ درجہ کے پوپوں میں سے بعض کے اور کوئی نہیں جانتا تھا۔

اور لین پول اپنی کتاب "العرب واسبانیا" میں لکھتے ہیں ، ان پڑھ پسماندہ یورپ میں جہالت اور محرومی ٹھاٹھیں مار رہی تھی جب کہ اندلس علم میں امام اور ثقافت کا علمبردار تھا۔

اور بری ودلٹ اپنی کتاب "تکوین الإنسانیۃ" میں لکھتے ہیں کہ : علم سب سے بڑی وہ چیز ہے جسے عربی تہذیب وتمدن نے جدید عالم کے لیے پیش کیا ہے ، اور باوجود اس بات کے کہ یورپی ترقی کے کسی بھی شعبہ میں کوئی ایسا گوشہ نظر نہیں آتا جس میں فعال اسلامی ثقافت کا اثر نہ ہو۔ مگر پھر بھی اسلام کا سب سے بڑا اور خطرناک اثر یہ ہوتا ہے کہ وہ انسان میں ایک ایسی قوت پیدا کر دیتا ہے جو اسے جدید عالم میں ایک ممتاز ابدی مؤثر عامل بنا دیتی ہے ، اور اس کی کامیابی کے لیے ایک عظیم

Marfat.com

يُوقِنُونَ ۝)) المائدہ-۵۰ کے واسطے۔

اور اسلام کے افتخار و ابدی ہونے کے لیے اتنی بات ہی کافی ہے کہ اس کی عظمت اور اس کے قوانین کے زندہ و فعال ہونے کی مغرب کے بڑے بڑے اہل علم گواہی دیں، لیجیے انگریز فلسفی برناڈ شا کا جملہ پڑھیے: محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا دین نہایت عظیم اور بلند مرتبے کا مالک ہے اس لئے کہ اس میں حیران کن قوت پائی جاتی ہے اور اسلام ہی ایک ایسا منفرد دین ہے جس میں زندگی کے مختلف اطوار و حالات کو ہضم کرنے کی صلاحیت اور ملکہ ہے اور میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو انسانیت کے نجات دہندہ کے نام سے پکارا جائے اور اگر ان جیسا کوئی آدمی موجودہ دور کی سربراہی کا بیڑہ اٹھالے تو وہ آجکل کی تمام مشکلات حل کرنے میں کامیاب ہو جائے گا۔

اور ڈاکٹر ایز کو انسا باٹو کہتے ہیں کہ: اسلامی شریعت اپنی بہت سی ابحاث میں یورپی قانون پر فوقیت رکھتی ہے، بلکہ شریعتِ اسلامیہ ایک ایسی شریعت ہے جو تمام عالم کو مضبوط و پائیدار ترین قانون عطا کرتی ہے۔

اور دنیا یونیورسٹی کے کلیۃ الحقوق کے عمید علامہ شبرل سنہ ۱۹۲۷م کی حقوق کانفرنس میں کہتے ہیں کہ: انسانیت اس بات پر فخر کرتی ہے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جیسی ہستی اس سے منسوب ہیں۔ اس لیے کہ وہ باوجود ظاہری پڑھے لکھے نہ ہونے کے دس سے کچھ زیادہ صدی قبل اس بات پر قادر ہو گئے کہ ایک ایسا قانون اور ایسی شریعت پیش کریں کہ اگر ہم یورپین دو ہزار سال کے بعد بھی اس کی چوٹی تک پہنچ سکیں تو ہم خوش بخت ترین انسان ہوں گے۔

جاء النبیون بالآیات فانصرمت — وجئتنا بجدید غیر منصرم
انبیاء کرام علیہم السلام نشانیاں اور معجزات لے کر آئے اور پھر وہ معجزات ختم ہو گئے — اور آپ ہمارے پاس ایسی نئی نشانی لائے جو کبھی ختم ہونیوالی نہیں ہے

آیاته کلما طال المدی جدد — یزینهن جمال العتق والقدم
زمانہ خواہ کتنا بھی طویل ہو جائے ان کے معجزے ہمیشہ نئے رہیں گے — جنہیں قدامت اور جدت کا جمال زینت بخش رہا ہے

۵۔ اور اس لیے کہ اسلام ایک ایسا منفرد دین ہے جس نے بچپن سے ہی تعلیم کو لازمی اور مفت بنایا ہے جس میں نہ علوم شریعت کا امتیاز ہے اور نہ علوم کونیہ کا، ہاں البتہ حاجت، کفایت اور اختصاص کو ضرور مدنظر رکھا جائے گا۔

دینِ اسلام نے تعلیم کو لازمی اور جبری بنایا ہے جس کی دلیل مندرجہ ذیل احادیث ہیں:

ابن ماجہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((طلب العلم فریضة علی کل مسلم)) علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

اس حدیث میں "مسلم" کا لفظ عام ہے جو عورتوں اور مردوں دونوں کو برابر سے شامل ہے۔

طبرانی "معجم کبیر" میں علقمہ سے وہ اپنے والد کے واسطے سے دادا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تقریر کی اور مسلمانوں کی مختلف جماعتوں کی تعریف کی اور پھر فرمایا:

((مابال أقوام لا يفقهون جيرانهم ولا يعلمونهم ولا يعظونهم ولا يأمرونهم ولا ينهونهم وما بال أقوام لا يتعلمون من جيرانهم ولا يتفقهون ولا يتعظون، وأالله ليعلمن قوم جيرانهم ويفقهونهم ويعظونهم ويأمرونهم وينهونهم، وليتعلمن قوم من جيرانهم ويتفقهون ويتعظون أو لأعاجلنهم بالعقوبة)).

ان قوموں کو کیا ہوگیا ہے جو اپنے پڑوسیوں کو سمجھ کی باتیں نہیں سکھاتیں نہ تعلیم دیتی ہیں اور نہ ان کو نصیحت کرتی ہیں اور نہ روکتی ہیں۔ اور کیا ہوگیا ہے ان قوموں کو جو اپنے پڑوسیوں سے تعلیم حاصل نہیں کرتیں۔ نہ ان سے سمجھ کی باتیں اخذ کرتی ہیں اور نہ نصیحت حاصل کرتی ہیں۔ خدا کی قسم لوگ اپنے پڑوسیوں کو تعلیم دیں اور سمجھ کی باتیں بتلائیں۔ اور ان کو نصیحت کریں اور حکم کریں اور روکیں، اور لوگوں کو چاہیے کہ وہ اپنے پڑوسیوں سے علم حاصل کریں سمجھ حاصل کریں نصیحت پکڑیں ورنہ میں ان پر جلدی عذاب نازل کردوں گا اور سزا دوں گا۔

* * *

اور ابن ماجہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

((من كتم علمًا مما ينفع الله به الناس في أمر الدين ألجمه الله يوم القيامة بلجام من نار)).

جو شخص کسی ایسے علم کو چھپائے گا جس سے اللہ تعالیٰ لوگوں کو دین کے معاملہ میں نفع پہنچاتے ہوں تو قیامت کے روز اس کو آگ کی لگام پہنائی جائے گی۔

* * *

لہٰذا جب اسلام کی نظر میں طلب علم ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے۔ اور علم کے سیکھنے سکھانے سے اعراض کرنے والے کو شریعت نے سخت تنبیہ و تہدید کی ہے اور عذاب سے ڈرایا ہے۔ اور علم نافع کے چھپانے والے کو قیامت کے روز آگ کی لگام پہنائی جائے گی تو کیا یہ سب باتیں اس بات پر دلالت نہیں کرتیں کہ اسلام ایک ایسا دین ہے جو علم کے سیکھنے سکھانے کو لازمی اور فرض قرار دیتا ہے؟!

رہا یہ کہ اسلام ایک ایسا دین ہے جو تعلیم کو ہر شعبے میں مفت اور بلاعوض قرار دیتا ہے تو وہ اس وجہ سے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلیم کے تمام مراحل میں تعلیم کو بلاعوض اور مفت رکھا اور اپنے صحابہ کو تعلیم دینے پر اجرت لینے سے سختی کے ساتھ منع کیا۔

چنانچہ تاریخی اعتبار سے یہ بات ثابت ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام دعوت وتعلیم کے سلسلہ میں کسی شخص سے اجر ومعاوضہ نہیں لیا کرتے تھے۔ اور آپ کا اور آپ سے پہلے گزرے ہوئے تمام انبیاءِ کرام علیہم السلام کا بنیادی قول اللہ تعالیٰ کا فرمان مبارک ذیل تھا:

«قُلْ لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا». الأنعام-۹۱ آپ کہہ دیجیے کہ میں تم سے اس پر کچھ اجر نہیں مانگتا۔

نیز فرمایا:

«إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى اللَّهِ». یونس-۷۲ میری مزدوری اللہ پر ہے۔

اس طرح تاریخی طور سے یہ بات بھی ثابت ہے کہ وہ حضرت مصعب بن عمیر جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے داعی اور معلم بنا کر مدینہ منورہ بھیجا تھا۔ اور وہ حضرت معاذ جنہیں آپ نے یمن بھیجا تھا۔ اور وہ حضرت جعفر بن أبی طالب جنہیں آپ نے حبشہ بھیجا تھا، اور ان کے علاوہ دوسرے دیسوں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین ان میں سے کوئی بھی شخص کسی سے بھی معاوضہ نہیں لیا کرتا تھا۔

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اجرت اور عوض لینے سے ڈرایا کرتے تھے اس سلسلہ میں ابو داؤد ابو شیبۃ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اہلِ صفہ کے کچھ آدمیوں کو لکھنا اور قرآنِ کریم پڑھنا سکھایا، تو ان میں سے ایک صاحب نے مجھے ایک کمان دے دی۔ میں نے اسے یہ سوچ کر قبول کر لیا کہ یہ تو مال نہیں ہے۔ اس سے اللہ کے راستہ میں تیر اندازی کروں گا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کے بارے میں دریافت کر لوں گا، چنانچہ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ایک صاحب کو میں لکھنا پڑھنا سکھاتا اور قرآنِ کریم پڑھایا کرتا تھا انہوں نے مجھے ایک کمان ہدیہ کی ہے جو کہ مال نہیں ہے اور میں اس سے اللہ کے راستہ میں تیر اندازی کیا کروں گا، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«إن كنت تحب أن تكون طوقًا من النار فاقبلها». اگر تم یہ پسند کرتے ہو کہ وہ تمہارے لیے آگ کا ایک طوق بنے تو تم اس کو قبول کر لو۔

اور یہ بات تاریخی طور سے ثابت ہے کہ مسلمانوں کی وہ اولادیں جو مساجد یا مدارس کا تعلیم وتعلم کے لیے رخ کیا کرتے تھے وہ علم کے حصول کے لیے کچھ مال ودولت خرچ نہیں کیا کرتے تھے بلکہ بعض ادوار میں حکومت کے خرچ پر تعلیم حاصل کیا کرتے تھے، اور علماءِ سلف اس شخص کو جو پڑھائے اور دعوت وارشاد کے کام میں لگے تعلیم کے سلسلہ میں اجرت ومعاوضہ لینے سے منع کیا کرتے اور ڈراتے تھے۔ امام غزالی رحمہ اللہ لکھتے ہیں: معلم واستاذ کو چاہیے کہ صاحبِ شریعت نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اقتدا کرے اور علم سکھانے پر کوئی معاوضہ نہ لے، اور نہ اس سے بدلہ واجرت حاصل کرنا یا شکریہ ادا کرانا مقصد ہو بلکہ صرف اللہ کی رضا اور اس کے قرب کو حاصل کرنے کے لیے تعلیم دے، اللہ تعالیٰ اپنے انبیاء

میں سے ایک نبی کی زبانی فرماتے ہیں:

«وَ یٰقَوْمِ لَآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْہِ مَالًا، اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ»۔ ہود۔ ۲۹

اور اے میری قوم میں تم سے اس پر کچھ مال نہیں مانگتا میری مزدوری نہیں ہے مگر اللہ پر۔

اس سب کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اسلام نے تعلیم کے مفت و بلامعاوضہ ہونے کا رواج ڈالا ہے چاہے وہ تعلیم حکومت کی سطح پر ہو یا افراد کی سطح پر، اس لیے کہ تعلیم کے خواہشمندوں کا مقصد بھی اللہ کی رضا اور اس کا قرب حاصل کرنا ہوتا ہے، جس کا یہ نتیجہ نکلا کہ لوگوں نے تعلیم و تعلم کی جانب اس طرح توجہ کی جس کی نظیر انسانی تاریخ میں نہیں ملتی، ایک مفکر کہتے ہیں:

اسلامی حکومت اس بات میں تمام عالم پر سبقت لے گئی ہے کہ اس نے تمام شہریوں کے لیے بلا کسی امتیاز و رعایت کے تعلیم کو مفت رائج کیا، چنانچہ تمام شہریوں کے لیے مدارس مکمل طور سے کھلے ہوئے تھے مساجد میں بھی اور معبدوں اور مدرسوں میں بھی اور عام جگہوں میں بھی، اور اسلام نے یہ طریقۂ کار تمام ان علاقوں میں اختیار کیا جہاں اسلام داخل ہوا۔ اور اس آزاد مفت تعلیم کے باقیات صالحات میں سے جامع ازہر اور کلیۃ دار العلوم اور دوسرے تمام دینی شرعی مدارس ہیں جہاں طلبہ کو دینی غذا مہیا کرنے کے لیے طلبہ کو مالی امداد دی جاتی ہے اور اب حکومت اس کو ملک کے تمام اطراف میں عام کرنے کی کوشش میں ہے[1]۔

یہاں ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر کوئی استاذ اپنے آپ کو تعلیم و تدریس کے لیے فارغ کر دے اور اس کے پاس کمائی و آمدنی کا اور کوئی ذریعہ نہ ہو تو کیا اس کو تعلیم دینے پر اجرت لینا جائز ہے؟

بلاشبہ اگر معلم و استاذ علم و تعلیم کے لیے اپنے آپ کو فارغ کر دے اور اس کے پاس ضروریاتِ زندگی کے حصول کے لیے اور کوئی اسباب نہ ہو۔ اور حکومت تساہل و غفلت سے کام لے، یا معاشرہ اس کی ضروریات پوری کرنے اور کفالت کرنے میں تساہل سے کام لے، تو ایسی صورت میں معلم کے لیے پڑھانے اور تعلیم پر اُجرت لینا درست ہے جس سے اس کی کرامتِ نفس باقی رہے اور ضروریاتِ زندگی پوری ہو سکیں۔ اسی جانب امام غزالی رحمہ اللہ اپنی کتاب احیاء العلوم میں اشارہ کرتے ہیں فرماتے ہیں: اسی طرح مدرس کے لیے یہ بھی جائز ہے کہ وہ اتنا مال و معاوضہ لے لے جو اس کی کفالت کر سکے تاکہ وہ اپنے قلب کو کمائی کے دھندوں سے فارغ کر کے علم کے پھیلانے کے لیے یکسو ہو جائے، اور اس کا مطمحِ نظر صرف نشرِ علم اور آخرت کا ثواب ہو۔ اور معاوضہ وہ اتنا لے جو اس کی کفایت کر سکے اور ضروریات پوری ہو جائیں۔

قابسی روایت کرتے ہیں کہ ابو الحسن نے فرمایا: میں نے ایک حکایت پڑھی ہے جو ابن وہب کی طرف منسوب ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں امام مالک کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ان کے پاس ایک مدرسے کے معلم آئے اور

---

[1] ملاحظہ ہو مجلہ تمدنِ اسلامی میں استاذ محمود مہدی استنبولی کا مقالہ بعنوان "التربیۃ الاسلامیۃ" (ص۔ ۴۲۲)۔

انہوں نے امام مالک سے کہا: اے ابو عبداللہ! میں بچوں کو پڑھاتا ہوں اور مجھے ایسی روایت پہنچی ہے جس کی وجہ سے میں اجرت طے کرنے کو برا سمجھتا ہوں، اور لوگ بخیل ہو گئے ہیں جتنا پہلے دیا کرتے تھے اب اتنا نہیں دیتے، اور میں اپنے اہل وعیال کی وجہ سے مجبور ہوں، اور میں سوائے پڑھانے کے اور کوئی کام نہیں کر سکتا۔ تو امام مالک نے ان سے کہا: جاؤ پہلے سے طے کر لیا کرو۔ وہ صاحب چلے گئے تو امام مالک سے ان کے بعض حاضرین نے کہا: اے ابو عبداللہ آپ نے انہیں یہ حکم دیا ہے کہ تعلیم کے سلسلہ میں اجرت طے کر لیں؟! تو امام مالک نے ان سے فرمایا: جی ہاں، ورنہ پھر ہمارے بچوں کی اصلاح کون کرے گا؟ انہیں تعلیم کون دے گا؟ اگر معلمین واساتذہ نہ ہوتے تو آج ہم نہ معلوم کیا چیز ہوتے؟

اور اس کی اہمیت اس لیے اور بڑھ جاتی ہے کہ ہم ایک ایسے زمانے میں ہیں جس میں برائی اور شر بہت زیادہ عام ہے۔ اور استعماری منصوبے اور سازشیں اسلام کے اثرات وامتیازات کو مٹانے کی کوشش میں لگی ہوئی ہیں۔ اس لیے والدین اور مربیوں کا فریضہ ہے کہ وہ اپنے بچوں کی تعلیم کی خوب کوشش کریں خاص طور سے علم توحید وعقیدہ اور تلاوتِ قرآن اور دیگر تمام علوم شرعیہ، اس لیے کہ جس چیز کے بغیر فرض پورا نہ ہو سکتا ہو وہ بھی فرض ہوتی ہے۔ اگر اپنی اولاد کے لیے معلمین (خواہ وہ معاوضہ پر ہی کیوں نہ ہوں) کا انتخاب نہ کیا تو اولاد الحاد، جہالت اور آزادی اور بے راہ روی میں نشو ونما پائے گی۔

اور حضرت عبداللہ بن مسعود پہلے ہی فرما چکے ہیں (جیسا کہ ابن سمنون سفیانِ ثوری سے روایت کرتے ہیں) کہ: لوگوں کے لیے تین چیزوں کا ہونا لازمی اور ضروری ہے: ایسا امیر جو ان کے درمیان فیصلہ کرے ورنہ اگر ایسا نہ ہو تو لوگ ایک دوسرے کو کھا جائیں گے، اور لوگوں کے لیے قرآنِ کریم کا خریدنا اور بیچنا ضروری ہے ورنہ اگر ایسا نہ ہو تو اللہ کی کتاب ختم ہو جائے گی اور لوگوں کے لیے ایسا معلم بھی ہونا چاہیے جو ان کے بچوں کو تعلیم دے اور اس پر اجرت لے ورنہ اگر ایسا نہ ہو تو لوگ ان پڑھ بن جائیں گے۔

جس معاشرے میں ہم رہ رہے ہیں اس کی مناسبت سے ہم ایک اور چیز کا اضافہ بھی کر دیتے ہیں۔ اور وہ یہ کہ لوگوں کے لیے ایسے معلم واستاذ کا وجود بھی بہت ضروری ہے جو ان کی اولاد کو عقیدہ کے مسائل اور اخلاق کی بنیادی باتیں اور تاریخی واقعات اور قرآنِ کریم کی تلاوت سکھلائے خواہ معاوضہ اور تنخواہ لے کر یا بلا تنخواہ واجرت کے۔ اور اگر ایسا نہ ہوا تو اولاد ملحد و گمراہ بن جائے گی۔

اجرت ومعاوضہ لینے کے جواز کے سلسلہ میں ہم اس واقعہ سے استشہاد کرتے ہیں جو ایک صحابی کے ساتھ ایک سفر میں پیش آیا تھا۔ ہوا یوں کہ یہ حضرات سفر کر رہے تھے کہ عرب کے کسی قبیلہ کے یہاں اترے اور ان سے مہمان بننے کی درخواست کی لیکن انہوں نے ان کی میزبانی سے انکار کر دیا، قبیلہ کے سردار کو سانپ نے ڈس لیا انہوں نے اس سردار کا ہر قسم کا علاج کیا لیکن اسے کسی چیز سے فائدہ نہ ہوا تو ان میں سے کسی شخص نے کہا: اگر تم ان لوگوں کے پاس جاؤ جو تمہارے یہاں آکر ٹھہرے ہیں اور ان سے ذکر کرو تو ہو سکتا ہے کہ ان میں سے کسی کے پاس اس کا علاج ہو۔

چنانچہ وہ لوگ ان حضراتِ صحابہ کے پاس آئے اور ان سے کہا: اے جماعت والو! ہمارے سردار کو سانپ نے ڈس لیا ہے اور ہم نے اس کا ہر طرح سے علاج کر لیا لیکن اسے کسی چیز سے فائدہ نہیں ہو رہا ہے، تو کیا آپ میں سے کسی کے پاس کوئی علاج ہے؟ تو ان میں سے کسی نے کہا: جی ہاں میں بخدا اس کے لیے دم کیا کرتا ہوں، لیکن بات یہ ہے کہ ہم نے تمہارا مہمان بننا چاہا تو تم نے ہماری میزبانی قبول نہ کی اس لیے میں اب اس وقت تک تمہارے لیے دم نہ کروں گا، جب تک ہمیں اس کا معاوضہ نہ دو چنانچہ بکریوں کے ایک ریوڑ پر صلح ہو گئی۔ اور وہ صاحب گئے اور سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس پر دم کرنے لگے، اور پھر دم کے بعد ایسا معلوم ہوا گویا کہ اس مریض کو رسیوں سے آزاد کر دیا گیا اور وہ چلنے پھرنے لگا اور اس پر بیماری کا ذرہ برابر بھی اثر باقی نہ رہا، وہ کہتے ہیں کہ پھر انہوں نے وہ مال ان کے حوالے کر دیا جس پر صلح و اتفاق ہوا تھا۔ ان کے ساتھیوں میں سے بعض حضرات نے کہا: اس کو تقسیم کر لو۔ جس نے دم کیا اور پڑھ کر پھونکا تھا اس نے کہا: ایسا اس وقت تک نہ کرنا جب تک ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچ کر آپ سے اس کا تذکرہ نہ کر دیں اور یہ نہ دیکھ لیں کہ آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں۔

چنانچہ یہ حضرات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے تذکرہ کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا:

«وما يدريك أنها رقية». — تمہیں یہ کیسے معلوم ہوا کہ یہ اس کا علاج ہے۔

پھر آپ نے ارشاد فرمایا کہ تم نے ٹھیک کیا، اس مال کو آپس میں تقسیم کر لو اور اپنے ساتھ ساتھ میرا حصہ بھی لگا دینا، اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرانے لگے، امام بخاری کہتے ہیں کہ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«أحق ما أخذتم عليه أجرا كتاب الله». — سب سے زیادہ احق ترین وہ چیز جس پر تم اجر لو وہ اللہ کی کتاب ہے۔

صحیح بخاری

اس حدیث سے اجرت لینے کا جو جواز معلوم ہوتا ہے اس کی متعدد وجوہ ہیں:

۱۔ اس سفر میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھوک کا شکار تھے اور کھانے کے محتاج تھے جس پر ان کا اس عرب قبیلے سے میزبان بننے کی درخواست کرنا دلالت کرتا ہے جسے اس قبیلہ والوں نے منظور نہیں کیا۔

۲۔ حدیث کا سیاق اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ عرب قبیلہ مسلمان نہیں تھا، اس لیے کہ ان لوگوں نے ان حضرات کی میزبانی نہیں کی، اور دار الحرب کے احکام دار الاسلام کے احکام سے مختلف ہوتے ہیں[1]

۳۔ جس اجرت پر صحابہ نے صلح کی تھی وہ اجرت اس قبیلہ والوں نے اپنے سردار کے علاج اور شفاء کے سلسلہ میں طے

---

[1] اس لیے کہ دار الحرب میں کفار کا مال ان کی رضامندی سے جس ذریعہ سے بھی ہو لینا جائز ہے۔

Marfat.com

کی تھی تو صحابہ نے یہ اجرت علاج کی لی نہ کہ تعلیمِ قرآن کی۔

ان تمام وجوہات کی وجہ سے رسول اللہ علیہ وسلم نے ان کے لیے اجرت لینے کو جائز قرار دیا بلکہ ان کے اعزاز اور شفقت کے لیے یہ بھی فرمایا:

«أحق ما أخذتم عليه أجرا كتاب الله»۔

سب سے زیادہ احق ترین وہ چیز جس پر تم اجرت لو وہ اللہ کی کتاب ہے

یعنی اس مارگزیدہ شخص کے علاج ودم کرنے کے سلسلہ میں تم نے جو اللہ کے کلام سے دم کیا اس علاج معالجہ پر اجرت لینا درست ہے۔

گذشتہ بحث سے خلاصہ یہ نکلتا ہے کہ شریعتِ اسلامیہ اصولی طور سے تعلیم پر اجرت لینے کو جائز قرار نہیں دیتی ہے الا یہ کہ کوئی ایسی وجہ اور عذر ہو جس کی وجہ سے اجرت لینا درست ہو جائے جیسے کہ استاذ علم کے لیے وقف ہیں اور تعلیم کے سوا اس کا کوئی ذریعہ آمدنی نہ ہو، یا بچوں کی حالت کا تقاضہ یہ ہو کہ ان بچوں کے سرپرست ان کے لیے ایسے اساتذہ کو فارغ کر دیں جو ان کے بچوں کی الحاد و کفریہ عقائد سے حفاظت کریں، اور اسلام کے بنیادی اصولوں اور عمدہ و اعلیٰ تربیت میں ان کی پرورش کریں ان وجوہات وغیرہ کی وجہ سے شریعت نے تعلیم پر اجرت لینے کو جائز قرار دیا ہے خواہ تعلیم شرعی ہو یا دنیاوی اور کائنات سے متعلق ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔

اور اس لیے کہ اسلام ایک ایسا دین ہے جو فریضۂ تعلیم کو فرضِ عین اور فرضِ کفائی کی جانب تقسیم کرتا ہے۔ اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ:

اگر تحصیلِ علم کا تعلق مسلم فرد کی روحانی، عقلی اور جسمانی و اخلاقی شخصیت سازی سے ہو تو ایسا علم بقدرِ ضرورت و حاجت فرض ہے۔ اور اتنا علم حاصل کرنا سب پر فرض ہے چاہے مرد ہو یا عورت، بچہ ہو یا بڑا، ملازم ہو یا مزدور، غرضیکہ امتِ مسلمہ کے ہر طبقہ پر فرض ہے۔

اور اس اعتبار سے تلاوتِ قرآنِ کریم کا سیکھنا اور عبادات کے احکام اور بلند بنیادی اخلاق کے اصول و بنیادی باتیں اور حرام و حلال کے مسائل اور عمومی صحت سے متعلق قواعد اور تمام وہ چیزیں جن کی ضرورت ایک مسلمان کو اپنے دین و دنیا کے معاملات کے لیے پڑتی ہے دنیاوی زندگی میں ان سب کا سیکھنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرضِ عین ہے۔

اور اگر اس علم کا تعلق زراعت، صناعت، تجارت، طب، انجینئرنگ، بجلی، ایٹم، اور دفاع سے متعلق وغیرہ دیگر علوم نافعہ سے ہو تو ایسا علم فرضِ کفایہ ہے اگر بعض آدمی اس کو حاصل کر لیں تو سب سے گناہ ساقط ہو جائے گا اور اگر اسلامی معاشرہ میں سے کوئی شخص بھی اسے حاصل نہ کرے تو سب کے سب گناہگار اور اس سلسلہ

Marfat.com

میں مسئول ہوں گے

ثقافتی اور علمی ترقی اور انسانی ثقافت کی تعمیر کا یہ راز ہے جو اسلام کی عظمت کی علامت ہے، اور اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اسلام زمانہ کی روح اور ترقی میں برابر کا مقابلہ کرتا ہے۔ اور اس کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ ابدیت تجدد اور استمرار کے اسباب مہیا کرتا ہے۔

لیکن ہم آج جو علمی کمزوری اور ثقافتی میدان میں پسپائی دیکھ رہے ہیں اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ مسلمان اس عظیم الشان اسلام کی حقیقت سے ناآشنا ہیں۔ اور اس کا سبب یہ ہے کہ اسلام کو زندگی کے تمام پہلوؤں میں اپنا نظام نافذ کرنے سے دور کر دیا گیا ہے۔ اور اعداء اسلام نے اسلام کی ترقی اور اس کی خوبیوں پر پردہ ڈالنے کے لیے سازشوں کا جال بچھا رکھا ہے، اور دین کو حکومت سے دور کر دیا ہے اور اسلامی نظام کو صرف عبادت سے متعلق امور اور اخلاقی مسائل میں محصور کر دیا ہے۔

لیکن مسلمان جس روز بھی اسلام کی حقیقت کو سمجھ لیں گے اور جس دن بھی زندگی کے تمام پہلوؤں کو محیط اسلامی نظام کو زندگی کے تمام شعبوں میں نافذ کر دیں گے، اور جس دن بھی ان سازشوں کو سمجھ لیں گے جن کا جال اعداءِ اسلام اور ان کے کارندے بچھاتے ہیں، اسی دن مسلمان دن دہاڑے اپنی کھوئی ہوئی عزت و دبدبہ دوبارہ حاصل کر لیں گے اور لوگوں کے لیے ہادی و رہنما بلکہ وہ بہترین امت بن جائیں گے جسے لوگوں کے لیے بھیجا گیا ہے۔

«وَأَنَّ هٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيلِهِ ذٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝» الانعام ۱۵۳

اور حکم کیا کہ یہ میری سیدھی راہ ہے سو اس پر چلو، اور اور راستوں پر مت چلو کہ وہ تم کو اللہ کے راستہ سے جدا کر دیں گے۔ یہ تم کو حکم کر دیا ہے تاکہ تم بچتے رہو۔

مربیوں معلموں اور والدین پر جو تعلیمی ذمہ داری اور فریضہ عائد ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ انہیں چاہیے کہ بچے جب سنِ شعور کو پہنچیں تو بنیادی طور پر ان کو قرآنِ کریم پڑھنے اور سیرتِ نبویہ اور دوسرے علوم شرعیہ اور ادبی قصائد اور عرب کی ضرب الامثال کی تعلیم دینا چاہیے، تاکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حکم پر عمل ہو جائے جسے طبرانی نے روایت کیا ہے:

«أدبوا أولادكم على ثلاث خصال: حب نبيكم وحب آل بيته، وتلاوة القرآن، فإن حملة القرآن في ظل عرش الله يوم لا ظل

اپنے بچوں کو تین چیزیں سکھاؤ: اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت، اور ان کے اہل بیت کی محبت، اور قرآنِ کریم کی تلاوت، اس لیے کہ قرآن کریم کے حاملین اللہ کے عرش

«الا ظله»۔

(کے سایہ میں اس دن ہوں گے جس روز اس عرش کے سایہ کے سوا اور کوئی سایہ نہ ہوگا۔

اس امرِ نبوی کی تعمیل میں تاریخ کے ہر دور میں مسلمانوں نے اپنے بچوں کو ان بنیادی علوم اور ضروری فنون کی تعلیم دینے کی بہت کوشش کی۔

ان حضرات کی اس حرص اور توجہ پر دلالت کرنے والے ان حضرات کے چند اقوال اور نمونے آپ کے سامنے ذیل میں پیش کیے جاتے ہیں،

عتبہ بن ابی سفیان نے اپنے لڑکے کے استاذ عبدالصمد کو یہ وصیت کی کہ وہ اس کو اللہ کی کتاب کی تعلیم دیں۔ اور پاکیزہ اشعار یاد کرائیں اور عمدہ احادیث و باتیں سکھلائیں۔

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے اپنے گورنروں کو مندرجہ ذیل فرمان جاری کیا:

حمد و ثناء کے بعد آپ لوگوں کو چاہیے کہ اپنے بچوں کو تیرنے اور شہسواری کی تعلیم دیں، اور ان کو مشہور ضرب الامثال اور بہترین و عمدہ اشعار یاد کرائیں۔

ایک مرتبہ المفضل بن زید نے ایک مسلمان دیہاتی عورت کے بچے کو دیکھا، تو وہ انہیں بہت اچھا معلوم ہوا۔ انہوں نے اس عورت سے اس بچے کے بارے میں دریافت کیا تو اس نے کہا: جب یہ بچہ پانچ سال کا ہوگیا تو میں نے اسے معلم کے حوالہ کر دیا جنہوں نے اسے قرآنِ کریم پڑھایا اور یاد کرایا، اور شعر سکھائے اور پڑھائے اور اس کو قوم کے قابلِ فخر کارناموں کے اختیار کرنے کی رغبت دلائی۔ اور اپنے آباء و اجداد کے کارنامے اپنے اندر پیدا کرنے کا اس سے مطالبہ کیا پھر جب وہ بالغ ہوگیا تو میں نے اسے گھوڑے پر سوار کرایا اور اس کی مشق کرائی چنانچہ وہ ماہر شہسوار بن گیا اور ہتھیار استعمال کرنا سیکھ لیے، اور جوان مردوں کی طرح قبیلہ میں چلنے پھرنے لگا، اور امداد کے لیے پکارنے والے کی آواز پر اس نے اپنے کان لگا لیے۔

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ: جو شخص قرآنِ کریم سیکھ لیتا ہے اس کی قیمت بڑھ جاتی ہے۔ اور جو فقہ میں غور و خوض کرتا ہے۔ اس کی قدر و منزلت بلند ہو جاتی ہے۔ اور جو احادیث لکھتا ہے اس کی قوتِ دلیل مستحکم ہو جاتی ہے۔ اور جو شخص لغت کا مطالعہ کرتا ہے اس کی طبیعت میں لطافت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور جو حساب میں محنت کرتا ہے اس کی رائے میں وسعت پیدا ہو جاتی ہے۔

امام غزالی رحمہ اللہ نے احیاء العلوم میں یہ وصیت کی ہے کہ بچوں کو قرآنِ کریم اور احادیث و واقعات اور نیک لوگوں کی سیرت و حالات و کہانیاں سکھائی و پڑھائی جائیں اور پھر بعض دینی احکام اور ایسے اشعار پڑھائے اور یاد کرائے جائیں جن میں عاشق و معشوق کا تذکرہ نہ ہو۔

Marfat.com

ابن سینا نے کتاب السیاسۃ میں بچوں کی تربیت سے متعلق بڑے قیمتی مشورے دیے ہیں اور یہ نصیحت کی ہے کہ جیسے ہی بچے میں جسمانی اور عقل کے لحاظ سے پڑھنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے تو اسے قرآن کریم کی تعلیم دینا چاہیے۔ اور ساتھ ساتھ وہ حروف تہجی اور لکھنا پڑھنا بھی سیکھتا رہے اور دین کی بنیادی باتیں پڑھتا رہے پھر اشعار پڑھے اور اشعار میں رجزیہ اشعار پڑھے پھر قصائد کا مطالعہ کرے۔

علامہ ابن خلدون نے بچوں کو قرآن کریم حفظ کرانے کی اہمیت بیان کی ہے۔ اور یہ واضح کیا ہے کہ تمام مختلف اسلامی ملکوں میں قرآن کریم کی تعلیم ہی تمام تعلیمی نظاموں میں تعلیم کی بنیاد ہے۔ اس لیے کہ قرآن دین کے شعائر میں سے ایک ایسا شعار ہے جو ایمان کے رسوخ تک پہنچاتا ہے۔

اور عجیب واقعات میں سے وہ واقعہ ہے جسے ابن قتیبہ اپنی کتاب "عیون الاخبار" میں لکھتے ہیں کہ: قبیلۂ ثقیف کا ایک آدمی ولید بن عبدالملک کے پاس گیا تو ولید نے اس سے پوچھا: کیا تم نے قرآن کریم پڑھا ہے؟

اس اعرابی نے جواب دیا کہ: نہیں اے امیر المؤمنین مجھے اس سے بہت سے امور اور اسباب نے روکے رکھا۔

ولید نے پوچھا: کیا تم فقہ جانتے ہو؟

اعرابی نے کہا: جی نہیں۔

ولید نے پوچھا: کیا اشعار میں سے کچھ اشعار پڑھے ہیں؟

اعرابی نے کہا: جی نہیں۔

تو ولید نے اس اعرابی کی طرف سے منہ پھیر لیا، تو حاضرین میں سے ایک صاحب (عبداللہ بن معاویہ) نے کہا: اے امیر المومنین، اور انہوں نے اس شخص کی طرف اشارہ کیا)۔

ولید نے کہا: خاموش ہو جاؤ اس لیے کہ ہمارے پاس کوئی موجود نہیں ہے۔[1]

ولید نے جو یہ کہا کہ خاموش ہو جاؤ ہمارے پاس کوئی شخص نہیں ہے۔ اس سے ان کی مراد یہ تھی کہ جس شخص نے قرآن کریم نہ پڑھا ہو اور جو فقہ کو نہ جانتا ہو اور جسے اشعار یاد نہ ہوں اور جس نے دین نہ پڑھا ہو تو ایسا شخص نہ ہونے کے برابر ہے۔ نہ اس کے موجود ہونے سے کوئی فرق پڑتا ہے اور نہ اس کا کوئی اعتبار ہے خواہ وہ بذات خود اپنے جسم کے ساتھ وہاں موجود کیوں نہ ہو۔

بچے کی تعلیم کے سلسلہ میں جو قواعد اسلام نے وضع کیے ہیں ان میں سے یہ بھی ہے کہ اس کے زمانۂ طفولیت کی ابتدا ہی سے اس کی تعلیم کی ابتدا ہو جانا چاہیے۔ اس لیے کہ اس وقت بچے کا ذہن نہایت صاف ستھرا اور حافظہ بہت قوی اور تعلیم میں خوب نشاط ہوتا ہے۔

---

[1] قصہ مختصر کر کے کچھ تصرف کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔

Marfat.com

اسی جانب معلمِ اول نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس فرمانِ مبارک میں اشارہ فرمایا ہے جسے بیہقی اور طبرانی "معجم اوسط" میں حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں:

«العلم فی الصغر کالنقش فی الحجر». بچپن میں علم حاصل کرنا ایسا ہے جیسے کہ پتھر پر نقش کر دینا۔

اس بات کی جدید علمِ تربیت نے بھی تائید و تاکید کی ہے۔ اور بعض حضرات نے اس سلسلہ میں درجِ ذیل بڑے عمدہ اشعار کہے ہیں:

أرانی أنسی ما تعلمت فی الکبر — ولست بناس ما تعلمت فی الصغر

میں اپنے آپکو دیکھتا ہوں کہ میں ان چیزوں کو بھول جاتا ہوں جو میں نے بڑی عمر میں پڑھی ہیں — لیکن جو چیزیں بچپن میں پڑھی ہیں انہیں ہرگز نہیں بھولتا

وما العلم إلا بالتعلم فی الصبا — وما الحلم إلا بالتحلم فی الکبر

اور علم حاصل نہیں ہوتا مگر بچپن میں سیکھنے سے — اور حلم و بردباری نہیں شمار ہوتی مگر جب کہ بڑی عمر میں بردباری کیجائے

ولو فلق القلب المعلّم فی الصبا — لأصبح فیه العلم کالنقش علی الحجر

اگر بچپن میں علم حاصل کرنے والا دل چیر کر دیکھا جائے — تو اس میں علم اس طرح کھدا ہوا ہوگا جیسے کہ پتھر پر نقش و نگار

وما العلم بعد الشیب إلا تعسف — إذا کل قلب المرء والسمع والبصر

بڑھاپے کے بعد علم حاصل کرنا بڑی مشقت کا کام ہے — جبکہ انسان کا دل کان اور آنکھیں سب کے سب تھک چکے ہوتے ہیں

وما المرأ إلا اثنان عقل ومنطق — فمن فاته هذا وهذا فقد دمر

انسان دو چیزوں سے عبارت ہے ایک عقل اور ایک گویائی — جسکی یہ دونوں چیزیں ختم ہوجائیں تو وہ تو ہلاک ہوگیا

ان علوم کے حاصل کرنے میں عورت کا کیا حصہ اور حکم ہے؟

متقدمین اور متأخرین دونوں علماء و فقہاء کرام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جتنا علم حاصل کرنا فرض کے درجہ میں ہے اس میں مرد و عورت دونوں برابر ہیں۔ ان علوم کے حاصل کرنے کا عورت کو بھی بالکل اسی طرح حکم ہے جس طرح مرد کو اور اس کے دو سبب ہیں۔

۱۔ شرعی اور دینی احکامات میں عورت مرد کی طرح ہے۔

۲۔ آخرت میں جزاء و سزا کے اعتبار سے عورت مرد کی طرح ہے۔

رہی یہ بات کہ شرعی احکام و فرائض میں عورت مرد کی طرح ہے تو وہ اس لیے کہ اسلام نے عورت پر تمام وہ فرائض لازم کیے ہیں جو مرد پر لازم کیے ہیں اور مرد کی طرح عورت کو بھی اُن کا مکلف بنایا ہے جیسے نماز، روزہ، حج، زکاۃ، اور

نیکی وطاعت اور عدل وانصاف اور حسنِ سلوک واحسان اور خرید وفروخت اور رہن اور وکیل بنانا بنانا، اور اچھی باتوں کا حکم دینا اور بری باتوں سے روکنا، اوران کے علاوہ اور دوسری ذمہ داریاں اور فرائض، لیکن بعض خصوصی حالات میں اسلام نے عورت سے وہ فرائض اٹھالیے ہیں:

یا تو اس خوف سے کہ عورت مشقت وتکلیف میں گرفتار نہ ہوجائے یا اس کی صحت کی خرابی کے ڈر سے مثلاً حالتِ حیض ونفاس میں عورت سے نماز وروزہ معاف کرنا۔

اور یا اس وجہ سے کہ وہ کام اور ذمہ داریاں عورت کی جسمانی وضع اور نسوانی طبیعت سے جوڑ نہیں کھاتیں مثلاً یہ کہ وہ میدانِ جنگ میں قتل وغارت میں شریک ہو یا یہ کہ وہ معماری یا لوہار کا کام کرے۔

اور یا اس لیے کہ جو کام وہ کر رہی ہے وہ اس کی فطری اوران پیدائشی ذمہ داریوں سے متعارض ہو جس کے لیے اسے پیدا کیا گیا ہے۔ مثلاً یہ کہ وہ کام اسے خاندان کی ذمہ داریاں پوری کرنے سے روکنے کا ذریعہ بنے یا بچوں کی تربیت اور گھر کی دیکھ بھال میں رکاوٹ بنتا ہو۔

اور یا کوئی ایسا کام ہو جس کے کرنے سے کوئی خطرناک معاشرتی فساد مرتب ہوتا ہو مثلاً اس کا کسی ایسے کام یا ملازمت کو اختیار کرنا جہاں مرد وزن میں باہمی اختلاط ہوتا ہو۔

لیکن اس کے علاوہ اور کام کاج اور ذمہ داریاں اور فرائض تو ان میں عورت مرد کے بالکل مساوی ہے۔

اور میری نظر اور اصحابِ بصیرت وعقل وسمجھ رکھنے والوں کے خیال میں ان کاموں سے عورت کو دور رکھنا اور اس سے یہ ذمہ داریاں اٹھالینا درحقیقت عورت کی عزت اور اس کی قدر ومنزلت وکرامت کو بڑھانا ہے۔

ورنہ آپ ہی بتلائیے کہ کون یہ پسند کرتا ہے کہ عورت کو ایسے کاموں میں پھنسا دے جو کام اسے اس کی ان ذمہ داریوں سے روک دیں جو اس کے شوہر اور گھر اور اس کے بچوں کے سلسلہ میں اس پر لاگو ہوتی ہیں؛ اور اللہ تعالیٰ رحم کرے شوقی پر کیا ہی خوب کہا ہے:

لیس الیتیم من انتهی أبواه من ... هم الحیاة وخلفاه ذلیلا ؛ ؛ ؛ !

وہ شخص یتیم نہیں ہے جس کے والدین زندگی کے غم سے آزاد ہوگئے ہوں اور انہوں نے اسے بے یار ومددگار چھوڑ دیا

إن الیتیم هو الذی تلقی له ... أماً تخلت أو أباً مشغولا ؛ ؛ !

بلکہ یتیم تو وہ ہے جسے ایسی ماں ملے جو اس سے دور رہے یا ایسا باپ ملے جو مشغول رہتا ہو!

اور ہم میں سے کون یہ پسند کرے گا کہ عورت کو ایسے تکلیف دہ اور سخت کاموں میں لگا دے جو اس کے جسم کو مشقت میں ڈال دیں اور اس کی نسوانیت کو ختم کردیں اور اس کو مختلف امراض وتکالیف میں ڈال دیں؛ اور ہم میں سے کون شخص ہے جو یہ پسند کرے گا کہ عورت کو ایسی مخلوط ملازمت میں لگا دے جو اس کی عزت

Marfat.com

وآبرو کے برباد ہونے اور عزت وشرافت کو بٹہ لگنے کا ذریعہ ہو؟

اور کیا عورت کے لیے عزت وآبرو سے بڑھ کر اور کوئی چیز قیمتی ہو سکتی ہے؛ اور بتلائیے کہ اگر عورت برائی کے راستہ پر چلنے لگے اور گندے راستہ کو اختیار کرلے تو پھر بچوں کی تربیت کس طرح ہو سکتی ہے۔ اللہ رحم کرے اس شاعر پر جس نے درجِ ذیل شعر کہے ہیں:

ولیس النبت ینبت فی جنان
وہ گھاس جو باغ میں اگتی ہے وہ!

کمثل النبت ینبت فی الفلاۃ
اس گھاس کیطرح ہرگز نہیں ہو سکتی جو جنگل وبیابان میں اگتی ہے

وھل یرجی لأطفال کمال!
اور کیا ان بچوں سے کمال کو پہنچنے کی امید اس وقت رکھی جا سکتی ہے

إذا ارتضعوا ثدی الناقصات
جب کہ انہیں ناقص عورتوں کے پستان سے دودھ پلایا گیا ہو

عورت کے گھر سے نکلنے اور گھر سے باہر کام کرنے اور ملازمت اختیار کرنے کے سلسلے میں اہلِ مغرب کے فلاسفہ کے کلام کو ذیل میں پیش کیا جاتا ہے:

انگریز عالم سموئیل سمایلس اپنی کتاب "الاخلاق" میں لکھتے ہیں:

وہ نظام جو یہ فیصلہ کرتا ہے کہ عورت کارخانوں اور دکانوں میں کام کاج کرے اس سے خواہ کتنی ہی دولت حاصل ہو جائے لیکن اس کا نتیجہ گھریلو زندگی کو تباہ کرنے کی شکل میں نکلتا ہے اس لیے کہ اس نظام کا گھر کے نظام سے ٹکراؤ ہوتا ہے۔ اور اس کی وجہ سے خاندان کے ارکان ٹوٹ پھوٹ جاتے ہیں۔ اور معاشرتی روابط پاش پاش ہو جاتے ہیں جس کی وجہ یہ ہے کہ عورت کی حقیقی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ گھر کی ذمہ داری پوری کرے اور اس کو سنبھالے، مثلاً گھر کو ترتیب دینا، بچوں کی تربیت کرنا، اور معیشت کے وسائل میں درمیانہ روی اختیار کرنا، اور ساتھ ساتھ عائلی وخاندانی ذمہ داریوں کو پورا کرنا، لیکن کارخانوں وغیرہ نے عورت کو ان تمام ذمہ داریوں سے دُور کر دیا ہے۔ اور نتیجہ یہ نکلا ہے کہ گھر گھر نہ رہے، اور بچے صحیح تربیت میں نشوونما نہیں پاتے۔ اس لیے کہ ان کی طرف سے بے توجہی برتی جاتی ہے، اور ان کارخانوں کی وجہ سے میاں بیوی کی محبت اجڑ گئی، اور عورت سمجھدار وعقلمند اور شوہر سے محبت کرنے والی بیوی ہونے کے بجائے کام کاج اور کمائی کی ذمہ داری میں اس کی ساتھی بن گئی ہے۔ اور وہ ان چیزوں کا نشانہ بن گئی جو عام طور سے اس کی فکری اور اخلاقی ان صفات کو نیست ونابود کر دیتی ہیں جن پر عزت وآبرو کی حفاظت کا دارومدار ہوتا ہے۔

"شَجَرَۃُ الدُّرِّ" نامی ماہنامے کے پہلے سال کے چھٹے پرچے میں انگریز مقالہ نگار مس انی رود لکھتی ہیں:

ہماری بیٹیاں گھروں میں خادمائیں یا خادماؤں کی طرح بن کر رہیں یہ اس سے بہتر اور کم نقصان دہ ہے کہ وہ کارخانوں میں ملازمت اختیار کریں۔ جہاں جا کر لڑکی ایسے گندو خرابی میں ملوث ہو جاتی ہے جو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اس کی زندگی کی رونق

کو ختم کر دیتا ہے، اور کاش کہ ہمارے شہر اور ملک بھی مسلمانوں کے ان ملکوں اور شہروں کی طرح بن جاتے جہاں حشمت، پاک دامنی اور عفت پائی جاتی ہے، جہاں عورت نہایت عمدہ و خوش گوار زندگی گزارتی ہے اور اس کی عزت و آبرو بھی محفوظ رہتی ہے...

جی ہاں انگریزوں اور یورپی ملکوں کے لیے یہ بڑے عار کی بات ہے کہ وہ اپنی لڑکیوں کو مردوں کے ساتھ کثرتِ اختلاط و میل جول کے ذریعہ بے حیائی اور برائیوں کے لیے نمونہ و مثال بنا دیں۔ ہمیں کیا ہو گیا ہے کہ ہم وہ راستہ کیوں نہیں اختیار کرتے جو ہماری لڑکیوں کو اس طرح ڈھال دے کہ جس کی وجہ سے وہ اپنی فطری طبیعت کے مطابق کام کرنے لگیں (جیسا کہ آسمانی مذاہب نے بھی یہی فیصلہ کیا ہوا ہے) اور وہ ہے عورت کا گھر میں رہنا اور مردوں کے کاموں کو مردوں کے لیے چھوڑ دینا، اور اس میں عورت کی عزت و شرافت محفوظ رہتی ہے۔

رہی یہ بات کہ اخروی جزاء و سزا میں عورت مرد کی طرح ہے، تو اس سلسلہ میں ہمارے لیے یہ کافی ہے کہ ہم قرآن کریم کا مطالعہ کریں تاکہ ہم ان بے شمار آیات کا مشاہدہ کر سکیں جو اجر و ثواب کے حاصل کرنے میں عورت کو مرد کے مساوی قرار دیتی ہیں، لیجیے ان آیات میں سے چند ملاحظہ فرمائیے:

﴿فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّي لَا أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنكُم مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ، بَعْضُكُم مِّن بَعْضٍ، فَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَأُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِمْ وَأُوذُوا فِي سَبِيلِي وَقَاتَلُوا وَقُتِلُوا لَأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَأُدْخِلَنَّهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ثَوَابًا مِّنْ عِندِ اللَّهِ، وَاللَّهُ عِندَهُ حُسْنُ الثَّوَابِ ۝﴾. آل عمران ۱۹۵

پھر ان کے رب نے ان کی دعا قبول کی کہ میں ضائع نہیں کرتا تم میں سے کسی محنت کرنے والے کی محنت کو مرد ہو یا عورت تم آپس میں ایک ہو۔ پھر وہ لوگ کہ ہجرت کی انہوں نے اور اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میری راہ میں ستائے گئے اور لڑے اور مارے گئے البتہ میں ان سے دور کر دوں گا ان کی برائیاں، اور ان کو داخل کروں گا ان باغوں میں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ یہ اللہ کے یہاں سے بدلہ ہے اور اللہ کے یہاں اچھا بدلہ ہے۔

﴿وَمَن يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ مِن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولَٰئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُونَ نَقِيرًا ۝﴾. النساء ۱۲۴

اور جو کوئی اچھے کام کرے مرد ہو یا عورت اور وہ ایمان رکھتا ہو سو وہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور تل بھر ان کا حق ضائع نہ ہوگا۔

﴿إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْقَانِتِينَ وَالْقَانِتَاتِ وَالصَّادِقِينَ

بے شک اسلام والے اور اسلام والیاں اور ایمان والے اور ایمان والیاں اور فرمانبردار مرد اور فرمانبردار

Marfat.com

وَالصّٰدِقٰتِ وَ الصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَ
الْخٰشِعِيْنَ وَ الْخٰشِعٰتِ وَ الْمُتَصَدِّقِيْنَ وَ
الْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ
فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّ
الذّٰكِرٰتِ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ».

الأحزاب - ۳۵

عورتیں اور سچے مرد اور سچی عورتیں اور صابر مرد اور صابر عورتیں
اور خشوع والے اور خشوع والیاں اور صدقہ کرنے والے
اور صدقہ کرنے والیاں اور روزہ رکھنے والے اور روزہ
رکھنے والیاں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے
والے اور حفاظت کرنے والیاں اور اللہ کو بکثرت
یاد کرنے والے اور یاد کرنے والیاں ان (سب) کے
لیے اللہ نے مغفرت اور اجرِ عظیم تیار کر رکھا ہے۔

اجر و ثواب کے حاصل کرنے میں بلا کسی امتیاز عورت کے مرد کے برابر ہونے پر وہ روایت بھی دلالت کرتی ہے جسے ابن عبدالبر نے اپنی کتاب "الاستیعاب" میں اور امام مسلم نے "صحیح مسلم" میں روایت کیا ہے کہ حضرت اسماء بنت یزید بن السکن رضی اللہ عنہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں، اور عرض کیا کہ میں ان مسلمان عورتوں کی جماعت کی قاصد ہوں جو پیچھے رہ گئی ہیں (اور یہاں آپ کے پاس حاضر نہ ہو سکیں) وہ سب عورتیں وہی بات کہہ رہی ہیں جو میں کہہ رہی ہوں، اور ان کی بھی وہی رائے ہے جو میری ہے کہ: اللہ تعالیٰ نے آپ کو مردوں اور عورتوں دونوں کیطرف بھیجا ہے، ہم بھی آپ پر ایمان لائے ہیں، اور ہم نے بھی آپ کی پیروی کی ہے۔ اور ہم عورتوں کی جماعت گھروں میں مقیم اور باپردہ رہتے ہیں۔ گھروں میں بند رہتے ہیں۔ اور مردوں کو جمعہ و عیدین کی نماز اور نمازِ جنازہ اور جہاد میں شرکت کی وجہ سے فضیلت دی گئی ہے، مرد جب جہاد میں جاتے ہیں تو ہم ان کے مال و دولت کی حفاظت اور ان کے بچوں کی تربیت کرتے ہیں۔ تو اے اللہ کے رسول کیا اجر و ثواب میں ہم بھی ان کے ساتھ برابر کے شریک ہوں گے؟

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا چہرۂ مبارک اپنے صحابہ کی طرف پھیرا اور فرمایا:

« هل سمعتم مقالة امرأة أحسن سؤالا عن دينها من هذه ؟ » فقالوا : يا رسول الله، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم : انصرفي يا أسماء وأعلمي من وراءك من النساء أن حسن تبعل إحداكن لزوجها وطلبها لمرضاته واتباعها لموافقته يعدل كل ما ذكرت ».

کیا تم نے کسی عورت کی گفتگو جو وہ اپنے دین کے بارے میں کر رہی ہو اس عورت سے زیادہ بہتر انداز میں سنی ہے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: کیوں نہیں اے اللہ کے رسولؐ. پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اسماء جاؤ اور جو عورتیں یہاں موجود نہیں ہیں ان کو یہ بتلا دو کہ تم میں سے کسی عورت کا اپنے شوہر کے ساتھ اچھا برتاؤ اور اس کی رضامندی حاصل کرنے کی کوشش کرنا اور اس کی بات ماننا ان تمام چیزوں کے برابر ہے جن کا تم نے تذکرہ کیا ہے۔

Marfat.com

حضرت اسماء خوشی خوشی لاالہ إلا اللہ اور اللہ اکبر پڑھتی ہوئی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانِ مبارک سے خوشخبری حاصل کرتی ہوئی وہاں سے واپس ہوئیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس مبارک حدیث سے یہ ظاہر ہوا کہ عورت گھر کی دیکھ بھال، کام کاج، اور شوہر کی فرمانبرداری اور بچوں کی تربیت پر جو اجر حاصل کرتی ہے وہ اجر و ثواب اس اجر کے برابر ہے جو مرد کو جہاد اور دیگر کاموں پر ملتا ہے۔

●●●●●●●●●●

اسلام لڑکیوں کی تعلیم و تربیت کی طرف بھی توجہ دیتا ہے، اور اس کا حکم بھی دیتا ہے اس سلسلہ میں درجِ ذیل صحیح احادیث ملاحظہ ہوں:

ترمذی اور ابوداؤد روایت کرتے ہیں اور الفاظِ حدیث سننِ ابی داؤد کے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«من كان له ثلاث بنات أو ثلاث أخوات أو بنتان أو أختان فأدبهن وأحسن إليهن وزوجهن فله الجنة».

جس کی تین لڑکیاں یا تین بہنیں ہوں یا دو لڑکیاں یا دو بہنیں ہوں اور وہ انہیں ادب سکھائے اور ان کے ساتھ اچھا سلوک کرے اور ان کی شادی کردے تو اس کو جنت ملے گی۔

ایک روایت میں یوں آتا ہے:

«وأيما رجل كانت عنده وليدة (أمة) فعلمها فأحسن تعليمها وأدبها فأحسن تأديبها ثم أعتقها وتزوجها فله أجران».

جس شخص کے پاس کوئی باندی ہو اور وہ اسے تعلیم دے اور اچھی طرح سے پڑھائے اور اسے ادب سکھائے اور خوب اچھی طرح سے ادب سکھائے اور پھر اسے آزاد کرکے اس سے شادی کرلے تو اس کو دو اجر (دوہرا ثواب) ملتے ہیں۔

صحیح بخاری و مسلم میں یہ آتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کے لیے کچھ دن مخصوص فرمایا کرتے تھے اور ان میں ان کو وہ باتیں سکھلایا کرتے تھے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو بتلائی تھیں، اور آپ نے یہ اس لیے کیا تھا کہ ایک مرتبہ ایک عورت آپ کے پاس حاضر ہوئی اور اس نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول مرد تو آپ کی احادیث سن لیتے ہیں۔ آپ ہمارے لیے بھی ایک دن مقرر فرما دیجیے جس میں ہم آپ کے پاس حاضر ہوا کریں اور آپ ہمیں وہ باتیں سکھایا

Marfat.com

کریں جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو بتلائی ہیں، تو نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

«اجتمعن یوم کذا وکذا». فلاں فلاں دن اکٹھا ہو جایا کرو۔

چنانچہ وہ عورتیں حاضر ہو گئیں اور رسولِ اکرم صلی اللہ وسلم تشریف لائے اور آپ نے اللہ کی تعلیم کردہ باتیں ان کو سکھلا اور بتلا دیں۔

اور بلاذری کی کتاب "فتوح البلدان" میں لکھا ہے کہ ام المومنین حضرت حفصہ بنت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہا زمانۂ جاہلیت میں ایک عورت "شفاء عدویہ" سے لکھنا سیکھتی تھیں، پھر جب نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے ان سے شادی کر لی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شفاء سے فرمایا: کہ انہیں تحریر و خط کی باریکی اور صفائی اور نوک پلک بھی اسی طرح سکھا دو جس طرح انہیں لکھنا سکھایا ہے۔

مذکورہ بالا احادیث و روایات سے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اسلام نے لڑکی کو نافع علم اور مفید ثقافت سکھانے کا حکم دیا ہے، اور اگر گذشتہ ادوار میں بعض علماء سے عورتوں کو تعلیم دینے کی ممانعت ملتی ہے۔ تو اس کی وجہ وہ تعلیم ہے جو گندی و فحش شعر و شاعری اور بے ہودہ باتوں اور بازاری ادب اور نقصان دہ علم پر مشتمل ہو لیکن یہ کہ اگر عورت وہ علوم پڑھے جو اس کو دین و دنیا میں فائدہ پہنچائیں اور پر مغز صاف ستھرے اچھے اشعار کہے اور عمدہ پر معنی نثر لکھے تو اس سے نہ کوئی روکنے والا ملتا ہے اور نہ کوئی منع کرنے والا۔

ابن سحنون کی کتاب المعلمین کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ متقی و پرہیزگار قاضی عیسیٰ بن مسکین اپنی بچیوں اور پوتیوں کو پڑھایا کرتے تھے، قاضی عیاض کہتے ہیں: عصر کے بعد وہ اپنی دونوں بچیوں اور بھتیجیوں کو بلاتے تھے تاکہ انہیں قرآن کریم اور علم پڑھائیں، اور ان سے قبل صقلیہ کے فاتح اسد بن فرات بھی اپنی بیٹی اسماء کے ساتھ ایسا ہی کیا کرتے تھے جو نہایت بڑے درجہ کی عالمہ بنی، اور خشنی روایت کرتے ہیں کہ حاکم محمد بن اغلب کے محل میں ایک استاذ تھے جو دن میں بچوں کو پڑھایا کرتے تھے اور رات کو بچیوں کو۔

اور تاریخی طور سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ عورت اسلام کے زیر سایہ علم و ثقافت کے نہایت بڑے درجہ تک پہنچی اور اسلام کے شروع کے دور میں عورت نے تعلیم و تربیت کا بہت بڑا حصہ حاصل کیا تھا۔

چنانچہ مسلمان عورتوں میں مقالہ نگار و انشاء پرداز بھی تھیں اور شاعرات بھی جیسے علیۃ بنت المہدی اور عائشہ بنت احمد بن قادم اور خلیفہ مستکفی باللہ کی بیٹی ولّادہ۔

ان میں بڑی بڑی طبیبائیں بھی تھیں جیسے کہ بنی اود کی طبیبہ زینب جو آنکھوں کے علاج کی ماہر تھیں۔ اور ابو جعفر طنجالی کی صاحبزادی ام الحسن جو اپنے زمانے کی نہایت زبردست اور مشہور طبیبہ تھیں۔

عورتوں میں بڑی بڑی محدثہ بھی تھیں جیسے کہ کریمہ مروزیہ اور سیدہ نفیسہ بنت محمد، حافظ ابن عساکر (جو رواۃ حدیث

میں سے ہیں وہ) لکھتے ہیں کہ ان کے استاذ مشایخ میں اسّی سے زیادہ عورتیں تھیں۔

اور بے شمار عورتیں علم کے نہایت رفیع و بلند مرتبہ پر فائز تھیں، چنانچہ بعض ان میں سے حضرت امام شافعی و امام بخاری و ابن خلکان و ابن حیان کی استانیاں اور پڑھانے والیاں بھی تھیں، اور یہ سب حضرات فقہاء علماء اور مشہور ادیبوں میں سے گزرے ہیں۔ جو اس بات کی سب سے بڑی دلیل ہے کہ اسلامی تربیت علم اور فکری ارتقاء کا بہت خیال رکھتی ہے اور اسلامی ثقافت نہایت متنوع و جامع ہے۔

شریعت نے جب عورت کو اس بات کی اجازت دی ہے کہ وہ ایسے علوم حاصل کرے جو اسے دین و دنیا میں فائدہ پہنچائیں، تو اس میں یہ امر ضرور ملحوظ رکھنا چاہیے کہ یہ تعلیم لازمی طور سے مردوں سے الگ تھلگ اور دور ہو تاکہ لڑکیوں کی عزت و کرامت اور آبرو محفوظ رہے، اور لڑکی ہمیشہ اچھی شہرت اور بہترین و پاکیزہ اخلاق کی مالک ہو اور قابلِ احترام شخصیت سمجھی جاتی رہے۔

اور غالباً علم تربیت کے وہ قلم پرداز جنہوں نے تعلیم وغیرہ کے میدان میں دونوں جنسوں کو الگ الگ رکھنے کا سب سے پہلے نعرہ بلند کیا وہ امام قابسی ہیں۔ چنانچہ تعلیم کے سلسلہ میں ان کے رسالہ میں لکھا ہے کہ "اچھی صورت یہ ہے کہ لڑکوں اور لڑکیوں کو ایک جگہ جمع نہ کیا جائے۔" اور جب حضرت ابن سحنون سے لڑکوں اور لڑکیوں کی مخلوط تعلیم کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا: مجھے یہ بات ناپسند ہے کہ لڑکیوں کو لڑکوں کے ساتھ تعلیم دی جائے، اس لیے کہ یہ لڑکیوں کے بگاڑنے اور خراب کرنے کا ذریعہ بنتا ہے، غور فرمائیے کہ جب ابن سحنون اور قابسی جیسے حضرات کی رائے یہ ہے کہ لڑکیوں کو لڑکوں سے دور رکھا جائے تاکہ اخلاقی خرابیاں نہ پھیلیں، اور یہ بدیہی بات ہے کہ ان دونوں کی رائے درحقیقت شریعت سے ہی ماخوذ ہے۔ اور دنیا میں شریعت کا حکم ہر حکم اور فیصلہ پر فوقیت رکھتا ہے اس لیے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشادِ مبارک ہے:

﴿وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ۭ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ۝﴾ الاحزاب-۳۶

اور کسی مؤمن یا مؤمنہ کے لیے یہ درست نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی امر کا حکم دے دیں تو پھر ان کو اپنے (اس) امر میں کوئی اختیار باقی رہ جائے اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا وہ صریح گمراہی میں جا پڑا۔

اور ہم نے یہ جو کہا کہ علامہ ابن سحنون اور قابسی کی رائے شریعت سے ماخوذ ہے وہ ان مندرجہ ذیل نصوص و آیات کی وجہ سے:

Marfat.com

اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں:

((وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْئَلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ)). الاحزاب-۵۳

اور جب تم ان (رسول کی ازواج) سے کوئی چیز مانگو تو ان سے پردہ کے باہر سے مانگا کرو۔

یہ آیت مسلمانوں کی ماؤں ازواجِ مطہرات کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ اور اصولیین کے قاعدے کے مطابق اعتبار عموم الفاظ کا ہوتا ہے نہ کہ خصوصِ سبب کا، اور جب وہ امہات المؤمنین جن کی پاکیزگی وعفت یقینی اور قطعی ہے جب انہیں پردے کا حکم دیا گیا ہے اور ان سے کہا گیا ہے کہ وہ اجنبیوں کے سامنے نہ آئیں تو مسلمان عورتوں کو تو بدرجہ اولیٰ یہ حکم ہے کہ وہ پردہ کریں اور کسی اجنبی کے سامنے قطعاً نہ آئیں، علماءِ اصول وفقہاء کے یہاں اسے مفہومِ اولوی کا نام دیا جاتا ہے۔

اور اللہ جل شانہٗ فرماتے ہیں:

((قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ)).

النور-۳۰ و ۳۱

آپ ایمان والوں سے کہہ دیجیے کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں، یہ ان کے حق میں زیادہ صفائی کی بات ہے۔ بے شک اللہ کو سب کچھ خبر ہے جو کچھ لوگ کیا کرتے ہیں۔ اور آپ کہہ دیجیے ایمان والیوں سے کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں، اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں۔ اور اپنا سنگھار ظاہر نہ ہونے دیں مگر ہاں جو اس میں سے کھلا ہی رہتا ہے۔ اور اپنے دوپٹے اپنے سینوں پر ڈالے رہا کریں۔ اور اپنی زینت ظاہر نہ ہونے دیں مگر ہاں اپنے شوہر پر اور اپنے باپ پر اور اپنے شوہر کے باپ پر اور اپنے بیٹوں پر۔

اس آیت میں جب یہ حکم دیا گیا ہے کہ نگاہ نیچی رکھیں اور دوپٹہ اوڑھیں، سینہ کو ڈھانکیں اور زیب وزینت اور خوبصورتی کو محارم کے علاوہ کسی کے سامنے ظاہر نہ ہونے دیں، تو کیا یہ سب باتیں اس بات پر دلالت نہیں کرتیں کہ مسلمان عورت کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ پردہ میں رہے اور پاکبازی اور پاکدامنی کے دامن کو مضبوطی سے تھامے اور عزت ووقار سے رہے اور اجنبیوں کے ساتھ میل جول اور اختلاط نہ رکھے۔

اور اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

Marfat.com

((يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ الْمُؤْمِنِينَ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَنْ يُعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ۝)).

الأحزاب-۵۹

اے نبی آپ کہہ دیجیے اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور (عام) ایمان والوں کی عورتوں سے کہ اپنے اوپر نیچی کرلیا کریں اپنی چادریں تھوڑی سی، اس سے وہ جلد پہچان لی جایا کریں گی اور اس لیے انہیں ستایا نہ جائے گا اور اللہ تو بڑا مغفرت والا ہے بڑا رحمت والا ہے۔

اس آیت میں مسلمان عورت کو پردہ کرنے اور چادر اور برقعہ اوڑھنے کا حکم دیا گیا ہے، تو پھر بھلا اس کا تصور کیا جا سکتا ہے کہ کوئی عورت کسی اجنبی مرد سے اختلاط کرے؟

امام ترمذی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((ما خلا رجل بامرأة إلا وكان الشيطان ثالثهما)).

کوئی مرد کسی اجنبی عورت کے ساتھ تنہائی میں اکٹھا نہیں ہوتا مگر یہ کہ شیطان ان کے ساتھ تیسرا فرد ہوتا ہے (یعنی ان کو بہکا کر گناہ میں گرفتار کرا دیتا ہے۔)

اور امام بخاری و مسلم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

((إياكم والدخول على النساء، فقال رجل: يا رسول الله! أفرأيت الحمو؟ قال: الحمو الموت)).

عورتوں کے پاس جانے سے بچو تو ایک صاحب نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! بتلائیے کہ کیا دیور وغیرہ کا بھی یہی حکم ہے؟ تو آپ نے فرمایا کہ دیور تو موت (کی طرح خطرناک) ہے۔

یہ قرآنی نصوص اور احادیثِ نبویہ قطعی طور سے مرد و زن کے اختلاط کو حرام قرار دے رہی ہیں ان نصوص و احادیث میں نہ کسی شک و شبہ کی گنجائش ہے اور نہ کسی بحث و تمحیص کی۔

لہٰذا جو لوگ مرد و زن کے اختلاط کو جائز قرار دیتے ہیں اور اس کے جواز کے لیے معاشرتی پروگراموں اور نفسیاتی معالجات اور شرعی دلیلوں کو بہانہ جواز اور مبرر بناتے ہیں، یہ لوگ درحقیقت شریعت پر بہتان باندھتے ہیں، اور فطری اور طبیعی جبلت سے غافل بننے کی کوشش کرتے ہیں، اور یہ لوگ اس تکلیف دہ حقیقت سے تغافل برتتے ہیں جس میں آج تمام انسانی معاشرے گرفتار ہیں۔

جو لوگ اختلاط کو جائز قرار دیتے ہیں ان کے بارے میں ہم نے جو یہ کہا ہے کہ وہ شریعت پر افترا پردازی کرتے ہیں یہ ان بے شمار نصوص کی بنا پر کہا ہے جو ابھی ذکر کی جا چکی ہیں۔

Marfat.com

اور جبلت اور فطری طبیعت سے تجاہل سے کام لینے کا حکم ہم نے اس لیے لگایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جب مرد و زن کو پیدا کیا تو ان میں سے ہر ایک میں دوسرے کی طرف جنسی میلان و کشش و دلیعت رکھدی ہے:

«فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ» الروم-۳۰

اللہ کی اس فطرت کا اتباع کرو جس پر اس نے انسان کو پیدا کیا ہے۔ اللہ کی بنائی ہوئی فطرت میں کوئی تبدیلی نہیں۔

اختلاط مرد و زن اور بے پردگی کی دعوت دینے والے کیا یہ چاہتے ہیں کہ دنیا کے نظام و مزاج اور انسان کی فطرت کو بدل ڈالیں، اور زندگی کے طریقوں کو پلٹ دیں اور خصوصاً ایسی صورت میں جب کہ اختلاط کی صورت میں مرد و عورت میں سے ہر ایک جنسی طور پر بھوکا اور اخلاقی طور سے بے لگام و بدکردار ہو۔ ظاہر ہے ایسی صورت میں فتنہ اور شدید ہوگا اور برائی اور گناہ کی طرف رغبت اور زیادہ شدید ہوگی۔

اور اگر بچپن سے لڑکے لڑکیوں کا باہمی اختلاط اور زندگی کے تمام مراحل میں ان کا ایک ساتھ رہنا عورت کی طرف دیکھنے کو ایک ایسا طبیعی اور فطری مانوس امر بنا دے جس سے مرد و عورت کے دل میں شہوت اور جنسی خواہش پیدا نہ ہو تو پھر تو میاں بیوی کے درمیان محبت عداوت سے بدل جائے گی۔ اور ان کے درمیان رحمت و الفت ظلم سے بدل جائے گی اور پھر تو جنسی مواصلت و اتصال میں برودت آجانا چاہیئے۔ اور دونوں میں سے ہر ایک کو دوسرے کے ساتھ رشتۂ ازدواج میں منسلک رہنے کو پسند نہیں کرنا چاہیئے حالاں کہ یہ بات بالکل غلط اور واقع اور مشاہدہ کے خلاف ہے۔

اور ہم نے جو کہا کہ یہ لوگ اس تکلیف دہ حقیقت سے تغافل برتتے ہیں جس میں بہت سے انسانی معاشرے مرد و زن کے اختلاط کی آزادی دے کر گرفتار ہوئے ہیں۔ اور اس زہریلے تجربہ کی وجہ سے خطرناک صورت حال سے دوچار ہیں۔ وہ اس لیے کہ انہیں چاہیئے کہ یہ مغربی اور مشرقی ممالک کے ان معاشروں سے پوچھیں کہ ان کے یہاں عورت آزادی بے راہ روی و فساد اور گناہ کے کس انتہائی درجہ تک پہنچ گئی ہے حالاں کہ وہاں تمام طبقوں اور ہر معاشرے میں مرد و زن میں اختلاط عام ہے۔ سڑک ہو یا اسکول، بازار ہو یا دفتر، یونیورسٹی و کالج ہو یا تفریح گاہیں ہر جگہ مرد و عورت شانہ بشانہ پھرتے ہیں لیجیے آپ کی خدمت میں ان کے معاشرہ کے چند واقعات پیش کیے جاتے ہیں اور وہاں اس اختلاط کے جو نتائج برآمد ہوئے اور واقعات سامنے آئے ہیں، ان واقعات میں سے چند یہ ہیں:

✿ سید قطب شہید کی کتاب "الاسلام والسلام العالمی" میں لکھا ہے کہ: امریکہ میں ثانوی سطح کے اسکولوں کی حاملہ طالبات کی تعداد اڑتالیس فی صد تک پہنچ گئی ہے۔

✿ لبنانی اخبار "الاحد" اپنے شمارہ نمبر ۶۵۰ میں امریکی کالجوں اور یونیورسٹیوں میں جنسی جرائم کے سلسلہ میں لکھتا ہے کہ:
امریکی کالجوں اور یونیورسٹیوں میں طلباء و طالبات کے درمیان جنسی جرائم روز بروز نئی نئی شکل میں روز افزوں ہیں۔
امریکہ کی یونیورسٹیوں میں طلباء نے ایک مظاہرہ کیا جس میں ان کا نعرہ یہ تھا کہ ہمیں لڑکیاں چاہیئے ہیں ہم مزے اڑانا

اور عیش کرنا چاہتے ہیں۔

طالبات کے سونے کے کمروں پر رات کو اچانک طلبہ نے دھاوا بول دیا اور ان کے اندرونی مخصوص کپڑے چرا لیے۔

یونیورسٹی کا ذمہ دار حادثہ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہتا ہے کہ: اکثر طلبار وطالبات نہایت بھیانک جنسی بھوک کا شکار ہیں۔ اور اس میں ذرہ برابر کوئی شک وشبہ نہیں کہ موجودہ دور کے طرز زندگی کا طلبار کے اخلاقی بگاڑ میں سب سے زیادہ حصہ ہے۔

روزنامہ یہ بھی لکھتا ہے کہ: گذشتہ سال کے واقعات شمار کرنے اور تخمینہ لگانے سے یہ معلوم ہوا کہ ایک لاکھ بیس ہزار ناجائز بچے ان غیر شادی شدہ لڑکیوں نے جنم دیے ہیں جن کی عمریں بیس سال سے زائد نہیں ہیں اور ان میں سے اکثر کالجوں اور یونیورسٹیوں کی طالبات ہیں۔

روزنامہ مزید لکھتا ہے کہ: ولایت بروفیڈنس کی پولیس رپورٹ میں لکھا ہے کہ گزشتہ مئی کے اخیر ہفتہ کی چھٹیاں چھیاسٹھ طلبہ وطالبات نے روڈی لینڈ میں گزاریں، اور پھر وہ طلبار یونیورسٹی واپس نہیں لوٹے بلکہ ولایت کی جیل روانہ کر دیے گئے۔ اس لیے کہ انہیں مشکوک ومشتبہ حالت میں گرفتار کیا گیا تھا، اور ان میں سے بعض تو منشیات بھی استعمال کرتے تھے۔

قوم ومعاشرے کی مربیہ مارگریٹ سمتھ سے ایک بات چیت نقل کرتے ہوئے اخبار لکھتا ہے کہ انہوں نے کہا کہ: طالبات کو صرف اپنے جذبات وخواہشات کی فکر ہی دامن گیر رہتی ہے، اور وہ ان وسائل کے درپے رہتی ہیں جو ان کی اس خواہش کو پورا کر سکیں، سو میں ساٹھ سے زیادہ طالبات امتحانات میں ناکام ہو گئیں، اور ناکامی کے اسباب میں سے یہ ہے کہ وہ اپنے اسباق بلکہ مستقبل سے زیادہ جنس وجنسیات کے بارے میں سوچتی ہیں۔ اور ان میں سے صرف دس فیصد ایسی طالبات ہیں جو اپنے اسباق اور عزت وآبرو کی حفاظت کرتی ہیں۔

✿ اور جارج بالوشی اپنی کتاب "الثورہ الجنسیۃ" میں لکھتے ہیں کہ:

کینیڈی نے ۱۹۶۲ء میں صاف صاف یہ کہا کہ امریکہ کا مستقبل خطرے میں ہے۔ اس لیے کہ امریکہ کے نوجوان اخلاق باختہ ہیں اور وہ بے راہ روی میں مبتلا ہیں۔ اور جنسی دھندوں میں ایسے غرق ہیں کہ وہ اس ذمہ داری کو ادا نہیں کر سکتے جو ان کے کاندھوں پر ڈالی گئی ہے۔ اور ہر ان سات نوجوانوں میں سے جو فوج میں بھرتی کے لیے پیش ہوتے ہیں چھ نااہل ہوتے ہیں۔ اس لیے کہ وہ جنسی بے راہ روی جس میں وہ غرق رہ چکے ہوتے ہیں اس نے ان کی صحت وطاقت اور نفسیات کو تباہ کر دیا ہوتا ہے۔

اور ۱۹۶۲ء میں خروشچیف نے بھی کینیڈی کی طرح یہ کہا ہے کہ روس کا مستقبل خطرہ میں ہے۔ اور روس کے نوجوانوں کا مستقبل غیر محفوظ ہے، اس لیے کہ وہ بے راہ روی اور شہوات وجنسیات میں غرق ہیں۔

✿ اور ڈیل ڈیورینٹ اپنی کتاب "مباہج الفلسفہ" میں لکھتے ہیں کہ:

ایک مرتبہ ہم پھر اسی پریشانی اور مشکل کا شکار ہو گئے ہیں جس نے سقراط کو بے چین کر دیا تھا، ہماری مراد یہ ہے کہ ہم ان

فطری اخلاق تک دوبارہ کس طرح راستہ پائیں گے جوان قانونی سزاؤں اور دفعات کی جگہ لے لیں جن کا اثر لوگوں کے کردار وزندگی سے ختم ہو چکا ہے۔ ہم اس بے حیائی وبے راہ روی سے اپنے عظیم معاشرتی سرمایے کو تباہ وبرباد کر رہے ہیں۔

مانعِ حمل اشیاء وادویات کی ایجاد اور ان کا عام ہونا ہمارے اخلاق کے بگاڑنے کا ایک راست اور بڑا سبب بنا ہے اس لیے کہ پہلے زمانے میں اخلاقی قانون جنسی ملاپ کو شادی کے ساتھ مقید رکھتا تھا۔ اس لیے کہ نکاح کا لازمی نتیجہ باپ بننے کی شکل میں ظاہر ہوتا تھا جس سے کسی طرح مفر نہیں ہو سکتا تھا، اور باپ اپنے بچے کا مسئول وذمہ دار صرف نکاح کے راستہ سے ہی بنتا تھا، لیکن آج یہ صورتحال نہیں ہے بلکہ آج جنسی ملاپ اور توالد وتناسل کے درمیان رابطہ ڈھیلا پڑ گیا ہے۔ اور ایک ایسا موقف وجود میں آگیا ہے جس کی ہمارے والدین کو ہرگز توقع نہیں تھی، اس لیے کہ اس سبب کی وجہ سے عورتوں اور مردوں کے درمیان تمام تعلقات بدل رہے ہیں۔

البتہ یہ بات نہایت رسوا کن ہے کہ ہم پانچ لاکھ امریکی لڑکیوں کو اس بات کی خوشی خوشی اجازت دے دیں کہ وہ اپنے آپ کو آزادی، بے راہ روی اور اباحیت کی بھینٹ چڑھا دیں۔ جن کو ہمارے سامنے ڈراموں اور عریاں وفحش ادبی کتابوں میں پیش کیا جاتا ہے۔ وہ لڑکیاں جو یہ چاہتی ہیں کہ ان مردوں اور عورتوں میں جنسی جذبات وخواہش بھڑکا دی جائے جو شادی کے محفوظ قلعے اور اس کے ذریعے صحت کی حفاظت کرنے والی زندگی سے محروم ہیں۔

چنانچہ جو شخص بھی شادی میں تاخیر کرتا ہے تو وہ ان بازاری لڑکیوں کے ساتھ میل جول اختیار کر لیتا ہے جو کھلم کھلا برائی کی گھاٹی میں الٹے سیدھے ہاتھ پاؤں مارتی رہتی ہیں اور مرد کو اس عرصہ میں اپنی جنسی خواہشات اور سفلی جذبات پورے کرنے کا موقعہ مل جاتا ہے جس کی وجہ سے وہ شادی مؤخر کر دیتا ہے۔ وہ ایسا بین الاقوامی آراستہ وپیراستہ نظام پاتا ہے جو نہایت جدید سے جدید لباس سے آراستہ ہوتا ہے اور مختلف اعلیٰ قسم کے اداروں کی تنظیم سے وابستہ ہوتا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ساری دنیا نے ہر وہ طریقہ ایجاد کر لیا ہے جس کا جنسی خواہشات کے بھڑکانے اور ان کے پورا کرنے کے سلسلہ میں تصور بھی کیا جا سکتا ہو۔

غالب گمان یہ ہے کہ لذتِ نفسانیہ کے حاصل کرنے کے لیے یہ نت نئے طریقے اختیار کرنے کا سب سے بڑا سبب اور عامل ڈارون کا دینی عقیدوں وغیرہ کی شدید مخالفت ہے۔ اس لیے کہ جب نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کو یہ معلوم ہوا کہ دین ان کی ان جنسی شہوات ولذات کی مخالفت کرتا ہے تو انہوں نے علم ہی کے ذریعہ دین کو رسوا وبدنام کرنے کے ہزاروں اسباب تلاش کر لیے۔

اور اس سے کوئی راہِ فرار نہیں کہ جسم میں جنسی جذبات بھڑکیں، اور گذشتہ ادوار کے لوگوں میں جو اپنے نفس پر کنٹرول کا جو ملکہ اور قوت تھی وہ کمزور پڑ جائے، اور وہ پاکدامنی وعفت کا جوہر جو پہلے عظمت وعزت کا ذریعہ تھی وہ مذاق کا

Marfat.com

ذریعہ بن جائے، اور وہ حیا، جو خوبصورتی کو چار چاند لگایا کرتی تھی وہ نیست و نابود ہو جائے۔ اور لوگ اپنے گناہوں کو شمار کر کے فخر کرنے لگ جائیں، اور عورتیں اپنی غیر محدود آزادی اور ہر طرح کے گھومنے پھرنے کے حق کا اس بنیاد پر مطالبہ کریں، تاکہ مردوں کے ساتھ برابری حاصل ہو جائے، اور شادی سے قبل ہی جنسی ملاپ ایک مانوس چیز بن جائے۔ اور پیشہ ور رنڈیاں پولیس کے خوف کے بجائے ان عورتوں کی وجہ سے سڑکوں سے غائب ہو جائیں جو اپنے جذبات ٹھنڈے کرنے کے لیے آوارگی کو اختیار کرتی ہے۔[1]

✿ مصری روزنامہ "الیوم" نے ۱۹۶۵/۴/۲۴ء کی اپنی اشاعت میں یہ خبر چھاپی ہے کہ:

سویڈن کی عورتوں نے ایک ایسے مظاہرہ میں شرکت کی جس میں سویڈن کے مختلف اطراف کی عورتیں شامل تھیں، اور وہاں کے مختلف علاقوں میں مظاہرہ کر کے انہوں نے یہ مطالبہ کیا کہ کھلی جنسی آزادی پر پابندی لگائی جائے۔ اور اس مظاہرہ میں ایک لاکھ عورتوں نے شرکت کی تھی۔

یہی اخبار لکھتا ہے کہ اپریل ۱۹۶۴ء میں جب سویڈن میں ایک سو چالیس بڑے ڈاکٹروں نے بادشاہ اور پارلیمنٹ کو ایک یادداشت پیش کی جس میں انہوں نے یہ مطالبہ کیا تھا کہ ایسی دفعات نافذ کی جائیں جو اس جنسی انارکی اور آوارگی کی روک تھام کر سکیں جو درحقیقت لوگوں کی صحت و زندگی کو جھنجھوڑ کر رکھ دینے والی ہے۔ اور ڈاکٹروں نے یہ مطالبہ کیا کہ جنسی آزادی کے خلاف قانون وضع کیے جائیں، تو اس پر بہت لے دے ہوئی اور شور شرابہ کیا گیا۔

'بن لندسی' نامی جج اپنی کتاب "نئی نسل کی سرکشی" میں لکھتے ہیں کہ:

امریکہ میں لڑکیاں وقت سے پہلے بالغ ہونے لگی ہیں۔ اور چھوٹی عمر سے ہی ان میں جنسی شعور نہایت تیزی سے بیدار ہو جاتا ہے۔ موصوف جج نے آزمائشی طور پر تین سو بارہ لڑکیوں پر ریسرچ کی تو معلوم ہوا کہ ان میں سے دو سو پچاس لڑکیاں گیارہ سے تیرہ سال کی عمر میں بلوغ کو پہنچ گئی تھیں، اور اس چھوٹی عمر ہی میں ان کی جنسی خواہش اور جسمانی ساخت ایسی ہو گئی تھی جو عام طور سے اٹھارہ سال اور اس سے زیادہ عمر کی لڑکیوں کی ہوتی ہے۔

ڈاکٹر ادیث ہاکر اپنی کتاب "القوانین الجنسیۃ" میں لکھتے ہیں کہ:

ترقی یافتہ اور متمدن طبقہ میں بھی اب یہ بات کوئی انوکھی یا تعجب خیز نہیں رہی ہے کہ سات یا آٹھ سال کی بچیاں بچوں سے یاری کریں اور بسا اوقات وہ ان کے ساتھ گناہ میں بھی مبتلا ہو جاتی ہیں۔ اور ڈاکٹر موصوف نے اپنے اس دعویٰ کو ثابت کرنے کے لیے بہت سی مثالیں بھی پیش کی ہیں۔

برطانوی اخبارات نے ایک خبر شائع کی ہے کہ پچیس سال کی ایک نوجوان استانی قریب البلوغ لڑکوں کی ایک جماعت کو جنسی تجربہ کی عملی مشق کرایا کرتی تھی، چنانچہ وہ اپنے تمام طلباء و شاگردوں کے سامنے ایک ایک کر کے اپنے تمام کپڑے اتار د

---

[1] مباحث الفلسفہ (۱-۲ تا ۱۳۴)۔

Marfat.com

کرتی تھی اور مکمل طور سے بے حیائی اور ڈھٹائی کے ساتھ اس کام کی عملی تربیت دیا کرتی تھی !!

لندن کے اخبار "الشرق الاوسط" نے ۱۵/۷/۱۹۷۹ء کے شمارے میں لکھا ہے کہ یورپ میں پچھتر فی صد شوہر اپنی بیویوں کے ساتھ خیانت کرتے ہیں۔ اور کم تعداد میں شادی شدہ عورتیں بھی یہی حرکت کیا کرتی ہیں۔ اور بہت سی مرتبہ شوہر کو اپنی بیوی کی اس خیانت کا علم بھی ہو جاتا ہے اور بیوی کو بھی اپنے شوہر کی خیانت معلوم ہو جاتی ہے، لیکن اس کے باوجود بھی بسا اوقات میاں بیوی کے تعلقات صورۃً قائم رہتے ہیں اور ان میں کسی قسم کی علیحدگی پیدا نہیں ہوتی۔

شادی سے قبل اسی سے پچاس فیصد تک مرد لڑکیوں سے دوستیاں رکھتے ہیں۔ اور ان میں سے ہر ایک کے پاس صرف ایک دوست لڑکی ہوتی ہے۔ اور اس کے علاوہ باقی ماندہ دوسرے وہ زانی غیر شادی شدہ مرد جن کی دوست لڑکیاں نہیں ہوتیں وہ اپنی جنسی بھوک مٹانے کے لیے ایک سے دوسری عورت کی طرف منتقل ہوتے رہتے ہیں !!

لبنان کے رسالے "الامان" نے اپنی اشاعت ۳۰/۱۱/۱۹۷۹ء میں لکھا ہے کہ ایک آزاد قسم کا عرب نوجوان ڈنمارک گیا۔ اور وہاں کے ایک تھیٹر میں اچانک اس نے کیا دیکھا کہ ایک ایکٹرس ایک ایک کر کے اپنے تمام کپڑے اتار رہی ہے، پھر تمام لوگوں کے سامنے وہ مکمل برہنہ ہو کر کھڑی ہو گئی، اور پھر اس نے اپنے پالتو کتے کو بلایا تاکہ وہ سب کے سامنے اس کے ساتھ زنا کرے، اور پھر تھوڑی دیر بعد اس نے حاضرین کو چیلنج دیا کہ وہ بھی ساز و آواز و موسیقی کے شور و غل اور نگاہوں کو چکا چوند کر دینے والی روشنی میں اس کے ساتھ وہی کام کریں جو کتے نے کیا تھا، اور پھر اس عرب نوجوان نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ ایک مدہوش افریقی تھیٹر کے تخت پر اس کتے کی پیروی کرنے کے لیے اس عورت کی طرف بلا حاصل بڑھا لیکن وہ اپنے اس مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکا !!

کیا آپ نے فرانس کی "الجمعیۃ الوطنیۃ" کے سربراہ "لوتروکیہ" کی یہ بات سنی ہے کہ:

ایک ایسا بوڑھا جو چوہتر سال کی عمر کو پہنچ چکا تھا، باوجود اس بڑھاپے کے اس کو عمر کے وقار نے ـــــ اس بات سے باز نہ رکھا کہ وہ جنسی انارکی اور بے حیائی اور گناہ کے سمندر میں سرتاپا غرق ہو جائے۔ چنانچہ اس کا ذاتی ملازم سپاہی اس بات کا اعتراف کرتا ہے کہ اس نے چودہ سے اٹھارہ سال تک کی عمر کی نوجوان لڑکیوں کی ایک جماعت تیار کر رکھی تھی۔ جو پیرس میں حکومت کے ایک محل اور پیرس کے ممتاز بڑے لوگوں کے شاندار بنگلوں میں ننگی اور مادر پدر آزاد محفلیں قائم کرتی تھیں، اور فرانس کے حکام کے لیے یہ ایک نہایت مشکل مسئلہ ہے۔

شکاگو کی امریکی سی آئی اے کی رپورٹ جو تیرہ جلدوں میں شائع ہوئی ہے اس نے یہ لکھا ہے کہ اس تباہ کن آزادی اور حیوانوں کی سی ترقی و تہذیب نے امریکہ کے صرف خاندانوں ہی کے نظام کو خراب نہیں کیا ہے بلکہ اس نے امریکہ میں ایسی تہذیب کی بنیاد ڈال دی ہے جس کا تدارک نہ پولیس سے ہو سکتا ہے اور نہ عدالتوں سے۔

امریکی اخبار "ہیرالڈ ٹریبون" اپنی اشاعت ۲۹/۶/۱۹۷۹ء میں ان مباحث کا خلاصہ پیش کرتا ہے جو امریکہ کے اسپیشلسٹوں

Marfat.com

نے اس گندی اور ناپسندیدہ صورتحال کے بارے میں پیش کی ہیں جو مغربی معاشروں میں عمومی طور سے اور امریکی معاشرہ میں خصوصی طور سے پھیل رہی ہے۔ اور وہ بیماری محرمات یعنی بیٹی اور بہن کے ساتھ حرامکاری کا ارتکاب کرنا ہے۔

محققین لکھتے ہیں کہ یہ بات کوئی انوکھی اور نادر نہیں رہی ہے بلکہ یہ صورت حال اس حد تک پہنچ گئی ہے کہ اس کی تصدیق کرنا مشکل ہوگیا ہے۔ چنانچہ وہاں ہر دس خاندانوں میں سے ایک خاندان ایسا ضرور ہے جس میں اس بے حیائی کا ارتکاب کیا جاتا ہے !!

یہ صورت حال تو بہن بھائیوں اور دوسرے قریبی محرم رشتہ داروں میں ہے۔ پھر بھلا آپ ہی بتائیے کہ اسوقت کیا صورتِ حال ہوگی جب نوجوان لڑکے اور نوجوان لڑکیاں ایک دوسرے کے ساتھ تعلیمی یا کام کاج اور ملازمت کے میدان میں جمع ہوں گے اور ان میں نہ تو نسب کا رابطہ ہوگا اور نہ رشتہ داری کا تعلق ہے ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں ان کا گناہ میں ملوث ہونا اور بے حیائی میں گرفتار ہونا زیادہ یقینی ہوگا !! ؟

مغربی قوموں کی حقیقی زندگی اور اختلاط مرد وزن کا تجربہ کرنے کی وجہ سے وہ جس صورت حال سے دوچار ہیں اس کے جو حقیقی اور سچے واقعات ہم نے پیش کیے ہیں یہ مشتے از خروارے، سمندر سے چلّو بھرنے کے برابر ہیں، اور یہ دراصل جنسی بے راہ روی اور اخلاقی کج روی اور انحراف کے اس سمندر کا ایک قطرہ ہے جس میں تمام عالم کے معاشرے گرفتار ہیں۔ جو دراصل آزادی و بے پردگی اور گمراہی اور انحطاط کے دور میں اختلاط کے عام ہونے کا ایک دردناک و بھیانک نتیجہ ہے۔ یہ یاد رہے کہ اہلِ مغرب اور مشرق والوں کے یہاں مرد وزن کا باہمی اختلاط بچوں کی ابتدائی تعلیم گاہوں اعدادی، ثانوی اور کالج و یونیورسٹی تک برقرار رہتا ہے، بلکہ جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہے ان معاشروں کی تمام معاشرتی زندگی کے ہر شعبہ میں مکمل طور سے اختلاط موجود اور عام ہے۔

اب آپ ہی بتلائیے کہ اس وضاحت و تفصیل کے بعد کیا کوئی صاحبِ بصیرت عقل مند آج کل کے اختلاط کے دعویداروں کی اس بات کو صحیح تسلیم کرسکتا ہے کہ مرد وزن کا باہمی اختلاط فطری جذبات کو ٹھنڈا اور شہوت کی تیزی کو کم کرنے کا ایک ذریعہ ہے اور اس کی وجہ سے دونوں جنسوں کا ایک دوسرے کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا اکٹھا ہونا ایک مانوس و عام چیز بن جاتا ہے علامہ زاہد کوثری رحمہ اللہ نے اپنے مقالات میں جو لطائف بیان کیے ہیں ان میں سے ایک لطیفہ یہ بھی ہے۔ کہ دولتِ عثمانیہ کا ایک سفیر ایک مرتبہ انگریزوں کے ملک میں برطانوی حکومت کے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ ایک محفل میں شریک ہوا۔ تو وہاں موجود لیڈروں میں سے ایک صاحب نے اس سے کہا:

آپ لوگ اس پر کیوں مصر ہیں کہ مشرق کی مسلمان عورت ترقی کی دوڑ میں مرد سے پیچھے اور مردوں سے الگ تھلگ اور نور و روشنیوں سے محجوب رہے ؟!! عثمانی حکومت کے سفیر نے ان صاحب سے فرمایا: اس لیے کہ مشرق کی ہماری عورتیں یہ پسند نہیں کرتیں کہ اپنے شوہروں کے علاوہ کسی اور سے بچے پیدا کریں یہ بات سن کر وہ صاحب بہت شرمندہ

ہوتے اور کوئی جواب نہ دے سکے، بتلائیے اب اس کے بعد اور کس بات پر وہ ایمان لائیں گے۔

مرد وزن کے باہمی اختلاط اور اس کے نتائج کے سلسلہ میں گفتگو کرتے ہوئے والدین اور تربیت کرنے والے حضرات کے سامنے میں یہ حقیقت کھول کر بیان کر دینا چاہتا ہوں کہ صہیونیت اور استعمار و سامراجیوں اور مادیت اور اباحت پسندوں کے پروگراموں کا سب سے بڑا اور اولین مقصد یہ ہوتا ہے کہ مسلمان معاشرہ کو بگاڑ دیا جائے، اور اس کی حیثیت کو ختم کر کے اسے ٹکڑے ٹکڑے اور پراگندہ کر دیا جائے، جس کا طریقہ یہ ہے کہ اخلاقی اقدار کو ختم کر دیا جائے اور نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کے دلوں سے دینی مفاہیم و مذہب کی عظمت ختم کر دی جائے۔ اور مسلم معاشرہ میں ہر اعتبار اور ہر پہلو سے آزادی بے راہ روی اور برائیوں کو پھیلا دیا جائے، اباحیت و آزادی کی اس دعوت کے عام کرنے اور مکر و فریب کا جال پھیلانے کے لیے ان لوگوں کے یہاں عورت سب سے کارآمد اسلحہ اور اولین مقصود اور ہدف ہے۔ اس لیے کہ اباحیت کی دعوت کو عام کرنے اور سامراج کا پروگرام نافذ کرنے کے لیے عورت ہی سب سے ضعیف و کمزور اور جذباتی عنصر ہے جو ان کے مقاصد کے حصول کا بہترین ذریعہ بنتی ہے۔

سامراجیوں کا ایک پوپ کہتا ہے: شراب کا جام اور حسین و جمیل دوشیزہ امتِ محمدیہ کے ٹکڑے ٹکڑے کرنے میں وہ اثر رکھتی ہے جو ہزار توپیں نہیں رکھتیں، لہٰذا اس امتِ محمدیہ کو مادہ اور جنس و شہوت کی محبت میں غرق کر ڈالو۔

بدنام زمانہ فری میسن تنظیم کے لیڈروں میں سے ایک لیڈر کہتا ہے: عورت کو اعتماد میں لینا ہمارا فریضہ ہے اس لیے کہ جس دن بھی اس نے اپنا ہاتھ ہماری طرف بڑھا دیا اسی دن ہم حرام تک پہنچنے میں کامیاب ہو جائیں گے اور دین کی فتح و کامیابی کے لیے کوشش کرنے والوں کا لشکر تتر بتر ہو جائے گا۔

صہیونی حکمار کے پروٹوکول میں یہ لکھا ہے کہ: یہ نہایت ضروری ہے کہ ہم اس بات کی کوشش کریں کہ ہر جگہ اخلاقی حالت دگرگوں ہو جائے تاکہ ہر جگہ ہم غلبہ حاصل کر سکیں، "فرائڈ" ہماری جماعت کا آدمی ہے اور وہ کھلم کھلا جنسی تعلقات کے مناظر پیش کرتا رہے گا تاکہ نوجوانوں کی نظر میں کوئی چیز بھی مقدس نہ رہے اور ان کا سب سے بڑا مقصد اپنی جنسی خواہشات کی تسکین بن جائے اور اس صورت میں ان کے اخلاق کا جنازہ نکل چکا ہوگا۔

لہٰذا جو لوگ اسلامی ملکوں میں مرد و زن کے اختلاط کے دعویدار ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ یہ اختلاط ہماری معاشرتی زندگی کے ہر شعبہ میں عام ہو جائے یہ لوگ درحقیقت اسلام کے دشمن مادی الحادی اور اباحیت پسند مذاہب والوں کی سازشوں کو نافذ کرنے کا ذریعہ اور ان کے لیے پروپیگنڈہ کرنے کا آلہ بن رہے ہیں اور یہ لوگ سامراجی اور صہیونی اور ماسونی (فری میسن کے) افکار کی دعوت دینے والوں کو فائدہ پہنچا رہے ہیں۔ خواہ اس بات کو یہ لوگ سمجھ رہے ہوں یا نہ سمجھیں اور خواہ انہیں یہ حقیقت محسوس ہو رہی ہو یا محسوس نہ ہو رہی ہو۔

Marfat.com

اس لیے والدین مربیوں اور مسؤلین کا یہ فریضہ ہے کہ وہ لڑکیوں کو لڑکوں سے مکمل طور دور رکھیں خواہ تعلیم کا میدان ہو یا اور کوئی دوسرا میدان، تاکہ لڑکیوں میں عزتِ نفس اور پاکدامنی کا جوہر پیدا ہو اور معاشرہ برائیوں اور آزادی کے مسموم اثرات سے محفوظ رہے اور نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں میں جسمانی اور نفسیاتی لیاقت وصلاحیت پیدا ہو اور امتِ اسلامیہ اعداءِ اسلام کی ان سازشوں سے بچ سکے جو وہ مسلمان عورت کو خراب کر کے نقصان پہنچانے کے لیے کیا کرتے ہیں۔

عائشہ تیموریہ نے اپنے علم پاکدامنی وحجاب پر فخر کرتے ہوئے کتنے عمدہ اور بہترین اشعار کہے ہیں:

بید العفاف أصون عزّ عجابی	وبهمتی أسمو علی أترابی
پاکدامنی کے ذریعہ میں اپنے حجاب کی عزت محفوظ رکھتی ہوں	اور اپنی بلند ہمتی سے میں اپنے ہم عمروں پر فوقیت حاصل کرتی ہوں
ما ضرّنی أدبی وحسن تعلمی	إلا بکونی نادرة الألباب
میرے علم وادب اور تعلیم وتعلم نے مجھے کچھ بھی نقصان نہیں پہنچایا	سوائے اس کے کہ مجھے عقلمندوں کی کلی اور پھول بنا دیا
ما عاقنی خجلی عن العلیا ولا	سدل الخمار بلمتی ونقابی
میری شرم وحیا نے مجھے بلندیوں تک پہنچنے سے نہیں روکا اور نہ	بالوں پر دوپٹہ ڈالنے اور نقاب کے لٹکانے نے

۲۔ فکری ذہن سازی کی ذمہ داری

دینِ اسلام نے بچوں کے سلسلہ میں والدین اور مربیوں پر جو نہایت عظیم ذمہ داری ڈالی ہے وہ یہ کہ بچوں کو بچپن اور شروع سے ہی فکری وذہنی طور سے تیار کیا جائے اور سمجھداری وعقل کی پختگی کے دور تک ان کی ذہنی وفکری تربیت کی جائے، اور فکری تربیت کا مقصد یہ ہے کہ مندرجہ ذیل چیزوں سے بچے کا ربط وتعلق ہو:

اسلام کے ساتھ دین وحکومت کے اعتبار سے۔

اور قرآنِ عظیم کے ساتھ نظام وقانون کے اعتبار سے۔

اور اسلامی تاریخ کے ساتھ عزت ومجد وعظمت کے لحاظ سے۔

اور عمومی اسلامی تہذیب وتمدن کے ساتھ فکری اور روحانی طور پر۔

اور اسلامی دعوت کے ساتھ نہایت جرأت مندانہ فعال ربط ولگاؤ اور خصوصی تعلق وجذبہ۔

اس لیے تربیت کرنے والوں کی یہ ذمہ داری ہے کہ بچہ جب سمجھدار اور باشعور ہو جائے تو

بچے کو مندرجہ ذیل حقائق اسی وقت سے ذہن نشین کرا دیں

الف۔ اسلام ایک ابدی اور دائمی مذہب ہے، اور وہ ہر زمانے اور ہر جگہ کے لیے پوری صلاحیت رکھتا ہے

Marfat.com

اس لیے کہ اس میں اس بات کی پوری صلاحیت موجود ہے کہ وہ ہر دور اور ہر ملک کی تمام ضروریات پوری کرے اور پیش آنے والے مسائل کا حل پیش کرے۔

ب ، ہمارے آباء واجداد عزت وقوت ترقی وتمدن کے جن عظیم الشان مراتب کو پہنچے تھے وہ صرف اس وجہ سے کہ انہیں اسلام کی دولت نے طاقت وعزت بخشی تھی اور انہوں نے قرآنِ کریم اور اس کے احکامات کو کلی طور سے نافذ کر رکھا تھا۔

ج ، اعداءِ اسلام سازشوں کا جو جال بچھاتے ہیں اسے بچوں کے سامنے کھول کھول کر بیان کیا جائے جو مندرجہ ذیل راستوں سے مسلمانوں میں پھیلتے ہیں :

مکار صہیونیت کی سازشیں۔

ظالم سامراج کی سازشیں۔

ملحد و بد دین شیوعیت وکمیونزم کی سازشیں۔

بغض وحسد رکھنے والے عیسائیوں کی سازشیں۔

یہ تمام سازشیں صرف اس مقصد کے لیے ہوتی ہیں تاکہ روئے زمین سے اسلامی عقیدہ کو ختم کر دیا جائے اور مسلمان معاشرے اور قوم میں الحاد کی تخم ریزی ہو، اور مسلمان خاندانوں اور مسلم معاشرے میں بے حیائی، آزادی وبے راہ روی کو عام کر دیا جائے ، اور اس سب کا اولین وآخری مقصد یہ ہے کہ مسلمان نوجوانوں سے جہاد اور مدافعت کی روح ختم کر دی جائے ، اور اپنی ذاتی اغراض ومقاصد کے لیے اسلامی ممالک کی دولت وثروت سے فائدہ اٹھایا جائے۔ اور بالآخر اسلامی امتیازات اور خصوصیات کو دنیا کے ان تمام حصوں سے ختم کر دیا جائے جہاں کے رہنے والے اسلام کی طرف منسوب ہیں !!

د ، اسلام کی اس تہذیب وتمدن کو کھول کھول کر بیان کیا جائے جس سے ایک نہایت طویل عرصہ تک تمام دنیا سیرابی حاصل کرتی رہی ہے اور تاریخ کے صفحات میں وہ سب کا سب محفوظ ہے۔

ہ ، اور اخیر میں بچے کو یہ باور کرا دینا چاہیے کہ ہم ایک ایسی امت ہیں جو تاریخ میں ابوجہل ، ابولہب اور اُبی بن خلف کی وجہ سے نہیں پہچانے جاتے بلکہ ہمارا نام تاریخ کے زرین صفحات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کی وجہ سے درج ہوا ہے۔

اور فتوحات کا دروازہ ہم نے جنگِ لبسوس ، وداحس اور غبراء کے ذریعہ نہیں کھولا بلکہ ہم نے فتوحات کا دروازہ جنگِ بدر ، قادسیہ اور یرموک کے ذریعہ کھولا ہے۔

اور ہم نے سبع معلقات کے ذریعہ نہیں بلکہ قرآن مجید کے ذریعہ دنیا پر حکومت کی ہے۔

Marfat.com

اور ہم نے لوگوں کو لات وعزیٰ نامی بتوں کا پیغام نہیں پہنچایا بلکہ لوگوں کو ہم نے اسلام کی دعوت دی اور قرآن کریم کی تعلیمات سے روشناس کرایا۔[1]

فکری غذا بہم پہنچانے کے سلسلہ میں اصل وہ روایت ہے جسے امام طبرانی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((أدبوا أولادكم على ثلاث خصال: حب نبيكم ، وحب آل بيته ، وتلاوة القرآن)).

اپنے بچوں کو تین باتیں سکھاؤ: اپنے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی محبت، اور ان کے اہل بیت کی محبت، اور قرآن کریم کی تلاوت۔

اس قسم کا ذہن تیار کرنے کے لیے ہمارے سلفِ صالح بہت اہتمام کیا کرتے تھے اور نوعمری سے ہی بچے کو قرآنِ کریم اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات اور بزرگوں اور بڑوں کے کارناموں کی تعلیم دینے کو ضروری سمجھتے تھے۔

اس سلسلہ میں ان حضرات کے چند فرمودات و وصایا درجِ ذیل ہیں:

- حضرت سعدِ بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم اپنے بچوں کو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کی تعلیم بالکل اسی طرح دیا کرتے تھے جس طرح انہیں قرآنِ کریم کی سورتیں سکھایا کرتے تھے۔
- امام غزالی اپنی کتاب احیاء العلوم میں یہ وصیت لکھتے ہیں کہ:

بچے کو پہلے قرآنِ کریم، احادیثِ مبارکہ اور سلفِ صالحین کی کہانیاں اور کچھ دینی مسائل سکھانا چاہیئے۔

- علامہ ابن خلدون نے اپنی کتاب "مقدمہ" میں بچوں کو قرآنِ کریم کی تعلیم دینے اور اس کے حفظ کرانے کی اہمیت پر روشنی ڈالی ہے اور یہ بتلایا ہے کہ مختلف اسلامی ملکوں میں قرآنِ کریم کی تعلیم ہی تعلیم کے تمام تدریسی مناہج اور نظامِ تعلیم کی اساس اور بنیاد ہے، اس لیے کہ قرآنِ کریم دین کے شعائر میں سے ایک ایسا عظیم شعار ہے جو ایمان میں رسوخ پیدا کرنے کا ذریعہ ہے۔
- خلیفہ ہشام بن عبدالملک نے اپنے بچے کے معلم کو یہ نصیحت کی تھی کہ وہ اسے اللہ تعالیٰ کی کتاب اور بہترین اشعار اور خطابت اور جنگوں کی تاریخ کی تعلیم دیں اور اس کو اخلاقِ حسنہ سکھانے کا اہتمام کریں اور لوگوں سے ملنے جلنے کے آداب کی مشق کرائیں۔

مندرجہ بالا اقوال اور اس کے علاوہ اور بہت سے اقوال ہمارے سامنے اس کامل و مکمل دینی سمجھ بوجھ کا نقشہ پیش

---

[1] یہ حصہ جناب عصام عطار کی ایک تقریر سے لیا گیا ہے۔

Marfat.com

کرتے ہیں جو گذشتہ ادوار میں مسلمان معاشروں میں پائی جاتی تھی خواہ وہ حکام ہوں یا محکوم، علماء ہوں یا عوام، اساتذہ ہوں یا طالبِ علم۔

لیکن اس سمجھ بوجھ کے پیدا کرنے کا راستہ اور طریقہ کیا ہے؟

اس کو پیدا کرنے کے لیے مختلف طریقے اختیار کرنا پڑتے ہیں:

۱- بھرپور توجہ و رہنمائی۔

۲- عمدہ بہترین عملی نمونہ پیش کرنا۔

۳- بھرپور مطالعہ۔

۴- اچھے اور سمجھدار ساتھیوں کا انتخاب۔

● بھرپور توجہ و رہنمائی سے مقصد یہ ہے کہ والدین اور مربیوں کو بچے کو اسلام کی حقیقت روشناس کرانا چاہیئے، اور بچوں کو وہ احکامات و قوانین اور بنیادی اصول بتلائے سمجھائے جائیں جن پر اسلام مشتمل ہے اور اسے یہ باور کرا دیا جائے کہ اسلام ہی ایک ایسا یکتا و منفرد دین ہے جس میں ہمیشہ ہمیشہ رہنے کا ملکہ اور باقی رہنے کی صلاحیت اور قیامت تک آنے والے ہر دور کے لیے رہنمائی کی پوری اہلیت موجود ہے، اور مربی اور خاص کر والد کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ نہایت اہتمام سے بچے کو یہ سمجھانے کی کوشش کرے کہ عزت صرف اور صرف اسلام میں مضمر ہے اور قرآنی تعلیمات پر عمل پیرا ہوئے بغیر کامیابی کا حصول ممکن نہیں، اور قوت و طاقت اور عزت و ترقی صرف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت ہی پر عمل کرنے سے حاصل ہو سکتی ہے۔ اور ساتھ ہی والد کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے بچے کو یہودی استعماری سامراجی اور کمیونزم اور عیسائیت کے جالوں اور فریب کاریوں سے بھی باخبر رکھے، جن کا مقصدِ اصلی اسلام کو ختم کرنا اور اس کے کھلے ہوئے حقائق اور بلند و بالا روشن کارناموں کی شکل بگاڑنا ہے۔ اور جن کا مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں کے دلوں سے جہاد اور دشمن سے مقابلہ کرنے کی روح نکال دی جائے اور دورِ حاضر کے معاشرہ کو گمراہی الحاد اور اباحیت و آزادی کی تربیت دی جائے۔

باپ کا یہ بھی فریضہ ہے کہ وہ بچے کو اسلام کی وہ روشن اور بلند و بالا تہذیب و ثقافت سکھلائے جو صدیاں گزرنے کے بعد بھی تمام انسانیت پر نورِ حق اور تہذیب و تمدن اور انسانیت اور علم و عرفان کے انوارات کی بارش کر رہی ہے۔ اور باوجود صدیاں گزرنے کے ایک طویل عرصہ تک پورا کا پورا یورپ اس کے چشمۂ صافی سے فیضیاب ہوتا رہا اور اس کی روشنی و نور سے ہدایت حاصل کرتا رہا۔

بلاشبہ اگر بچے کو اس طرح کی بھرپور توجہ و رہنمائی سے نوازا گیا تو واقعۃً اس کا تعلق اسلام کے ساتھ مضبوط ہوگا۔ دین و حکومت کے اعتبار سے اور قرآنِ کریم سے نظام و قانون کے لحاظ سے اور تاریخِ اسلامی سے مقتدیٰ ہونے اور فخر و

Marfat.com

اعزاز کے لحاظ سے، اور جہاد و اسلامی تحریکوں سے عملی و جذباتی تعلق مستحکم ہوگا۔

واقعی اس عظیم رہنمائی اور اس بھرپور توجہ اور اس صحیح و عمدہ تربیت کے بچے کتنے زیادہ محتاج ہیں!!

◉ عمدہ و بہترین عملی نمونہ پیش کرنے سے مراد یہ ہے کہ بچے کا ایسے مخلص سمجھدار دیندار اور اسلام کے اسرار و رموز سے واقف استاذ سے تعلق جوڑ دیا جائے جو اسلام کی طرف سے مدافعت کرنے والا، اس کے سلسلہ میں غیرت رکھنے والا ـــــ دین کے لیے جہاد کرنے والا اور اس کے احکامات کو نافذ کرنے والا ہو جسے اللہ کے دین کے سلسلہ میں کسی بھی ملامت کرنے والے کی ملامت کی قطعاً پرواہ نہ ہو۔

آج سب سے بڑی مصیبت یہ ہے کہ جو حضرات بچوں کی تعلیم و ارشاد کے منصب پر فائز ہیں وہ اپنے طلبہ اور متعلقین کے سامنے اسلام کو بگاڑ کر اس کی الٹی تصویر پیش کرتے ہیں سوائے ان گنے چنے چند لوگوں کے جن کے حال پر اللہ تعالیٰ رحم فرمائے اور ایسے لوگ بہت ہی کم پائے جاتے ہیں.

بعضے اساتذہ و مرشد تو ایسے ہوتے ہیں جو اپنی پوری توجہ نفس کی اصلاح اور اس کے تزکیہ پر ہی منحصر کر دیتے ہیں، اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اور حکام کو نصیحت و خیر خواہی اور ظلم و ظالموں کے مقابلہ کے فریضہ کو بالکل بالائے طاق رکھ دیتے ہیں.

اور بعض وہ ہوتے ہیں جو سارا زور ان ظاہری چیزوں اور آداب پر خرچ کر دیتے ہیں جن کا اسلام نے حکم دیا ہے مثلاً داڑھی رکھنا، پردہ کرنا، اسلامی لباس پہننا، ٹوپی پہننا وغیرہ اور روئے زمین پر اللہ کا حکم نافذ کرنے کے سلسلہ میں عملی قدم اٹھانے اور اس سلسلہ میں مل جل کر کام کرنے سے دور رہتے ہیں.

اور بعض حضرات وہ ہوتے ہیں کہ جو علوم شرعیہ کی طرف اپنی تمام تر توجہ مبذول کر دیتے ہیں اور دعوت و ارشاد اور تحریک جہاد کے پہلو سے توجہ ہٹا لیتے ہیں، اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ اسلام کی مدد کر رہے ہیں، اور ان میں سے بعض ایسے ہوتے ہیں کہ.... اور ان میں سے بعض ایسے ہوتے ہیں کہ.....

یہ بات یاد رہے کہ اسلام ایک ایسی حقیقت اور ایسی کلی ہے جو تجزی اور جز، جز، ہونے کو قطعاً قبول نہیں کرتی لہٰذا کسی بھی مرشد و عالم اور کسی بھی ایسے فرد کے لیے جسے لوگوں نے اپنا مقتدا بنایا ہو یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اللہ کے کسی حکم کو چھپائے یا کسی امرِ منکر اور حرام کو ہوتے ہوئے دیکھے اور اس سے چشم پوشی کرے اس لیے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا صاف اور کھلا ہوا ارشاد ہے:

﴿اِنَّ الَّذِیْنَ یَکْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَیِّنٰتِ وَالْهُدٰی مِنْ بَعْدِ مَا بَیَّنّٰهُ لِلنَّاسِ ـــــ فِی الْکِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِكَ یَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَ یَلْعَنُهُمُ

بے شک جو لوگ چھپاتے ہیں جو کچھ ہم نے صاف حکم اتارے اور ہدایت کی باتیں اس کے بعد کہ ہم ان کو کھول چکے لوگوں کے واسطے کتاب میں، ان پر اللہ لعنت

اللّٰعِنُوْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَ بَيَّنُوْا فَاُولٰٓئِكَ اَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَاَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝)). البقرہ - ۱۵۹ و ۱۶۰

کرتا ہے اور ان پر لعنت کرنے والے لعنت کرتے ہیں. مگر جنہوں نے توبہ کی اور اپنے کام کو درست کیا اور حق بات کو بیان کر دیا. تو ان کو میں معاف کرتا ہوں اور میں بڑا معاف کرنے والا نہایت مہربان ہوں۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سلسلہ میں خبردار کیا ہے جیسا کہ اسے ابن ماجہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں فرمایا:

((من کتم علماً مما ینفع اللہ به الناس فی أمر الدین ألجمه اللہ یوم القیامة بلجام من نار)).

جو شخص کسی ایسے علم کو چھپاتا ہے جس سے اللہ تعالیٰ لوگوں کو دین کے سلسلہ میں فائدہ پہنچاتا ہو تو اس شخص کو قیامت میں آگ کی لگام پہنائی جائے گی۔

آج جو حضرات وعظ و ارشاد کا کام کرتے ہیں ان میں سے بعض میں انحراف کی بعض عجیب عجیب نشانیاں پائی جاتی ہیں. چنانچہ وہ اپنے آپ کو بالکل معصوم سمجھتے ہیں۔ اور حق کو اپنی فانی شخصیت کے ساتھ مربوط سمجھتے ہیں، اور شریعت نے ان پر جو احکامات عائد و فرض کیے ہیں ان کی قطعاً پرواہ نہیں کرتے، اور وہ یہ سمجھنے لگ جاتے ہیں کہ وہ ایسے بلند مقام پر فائز ہو گئے ہیں جہاں پہنچ کر نہ ان سے غلطی صادر ہو سکتی ہے اور نہ کسی قسم کی لغزش، لہٰذا چاہے وہ غلطی پر کیوں نہ ہوں تب بھی کسی بھی شخص کو ان پر تنقید کرنے کا حق حاصل نہیں ہے۔ اور جب وہ کسی بات کا حکم دے دیں تو کسی مرید کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ ان سے اس سلسلہ میں مراجعت کرے، اس لیے کہ وہ معصوم اور غلطی سے محفوظ ہیں، حالاں کہ یہ بات یاد رہنا چاہیے کہ عصمت اور غلطی سے محفوظ رہنا یہ انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی خصوصیت ہے چنانچہ لکھا ہے کہ ایک مرتبہ امام مالک رحمہ اللہ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مرقدِ مبارک کے سامنے کھڑے ہوئے اور فرمایا: ہم میں سے کوئی شخص ایسا نہیں ہے کہ جس نے کسی پر تردید نہ کی ہو یا جس پر کسی نے تردید نہ کی ہو سوائے اس مرقد میں رہنے والی ذات کے، اور یہ کہہ کر انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کی طرف اشارہ کیا۔

اور ان لافانی اور یادگار مواقف میں سے جنہیں مخلص اور بڑے علماء اختیار کیا کرتے تھے اپنے زمانے کے بڑے عالم اور مرشد شیخ سعید نورسی ترکی جن کو بدیع الزمان رحمہ اللہ کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے کا عظیم موقف ہے. جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ جب انہوں نے یہ محسوس کیا کہ ان کے طلباء و مریدین میں سے کچھ ایسے لوگ ہیں جو ان کی عزت و احترام میں بہت زیادہ غلو و مبالغہ کرتے ہیں اور حق کو انہی کی فانی ذات میں محصور سمجھتے ہیں تو انہوں نے ان حضرات کو نصیحت اور صحیح راستہ کی طرف رہنمائی کرتے ہوئے فرمایا:

میں آپ لوگوں کو جس حق کی طرف دعوت دیتا ہوں آپ لوگ اسے میری گناہگار فانی ذات کے ساتھ مرتبط نہ کریں بلکہ

Marfat.com

آپ لوگوں کو چاہیے کہ آپ اس کا رابطہ اس کے مقدس چشمہ سے قائم کریں جو کہ اللہ کی کتاب اور اس کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے اور آپ لوگوں کو معلوم ہونا چاہیے کہ میری حیثیت اس سے زیادہ نہیں کہ میں اللہ جل شانہٗ کے سامان کے دلال کی حیثیت رکھتا ہوں، اور آپ لوگ یہ سمجھ لیں کہ میں معصوم نہیں ہوں، مجھ سے کبھی گناہ بھی ہو سکتا ہے اور انحراف بھی. اس لیے مجھے ایسا درجہ نہ دیں کہ اگر مجھ سے کوئی غلطی گناہ یا انحراف صادر ہو تو اس کی وجہ سے دینِ حق کا وہ منظر خراب ہو جائے جسے آپ لوگ میرے ساتھ مربوط کرتے ہیں. اس لیے کہ ایسی صورتِ حال دو چیزوں سے خالی نہ ہوگی یا تو یہ کہ اس انحراف اور گناہ کے کرنے میں میں دوسرے لوگوں کا مقتدا بن جاؤں گا، اور یا میرے اس انحراف اور گناہ کی وجہ سے حق و راہ راست پر جو دھبہ آیا ہے اس کی وجہ سے میں لوگوں کو حق سے دور کرنے والا بن جاؤں گا.

اس لیے مربیوں کو چاہیے کہ ایسے سمجھدار مخلص دیندار عالم سے اپنے بچوں کا تعلق جوڑ دیں جو انہیں اسلام کا ایک ایسا عام و کامل مکمل نقشہ پیش کرے جو عقیدہ و شریعت اور دین و حکومت سب پر محیط ہو، اور جس کا تزکیہ اور جہاد اور عبادت و سیاست دونوں سے ارتباط ہو.

اور وہ عالم و مرشد ان کی تربیت اور نفسیاتی اصلاح عمدگی اور صحیح طریقے سے کر سکے، اور ان کا تعلق حق اور شریعت اور سلفِ صالحین کی قیمتی توجیہات و رہنمائی سے قائم کرے نہ کہ اپنی فانی ذات اور گناہگار شخصیت کے ساتھ.

اور اس میں کوئی شک نہیں کہ جب بچوں کا رابطہ صحیح سمجھدار مقتدیٰ سے اس مذکورہ شکل میں قائم ہو جائے گا تو انہیں تقویٰ اور جہاد کی روح پیدا ہوگی اور ان میں اللہ کے سامنے جھکنے اور گڑگڑانے اور حق کو جرأت سے بیان کرنے کی عادت پڑے گی، اور مسجد و محراب میں اللہ کی عبادت کرنے اور میدانِ جہاد میں دشمنوں سے ٹکرانے کا جذبہ پیدا ہوگا اور ایسی صورتِ حال میں وہ بالکل اسی طرح بن جائیں گے جیسا ان کے بارے میں کسی مسلمان شاعر نے کہا ہے:

شباب ذللوا سبل المعالی — وما عرفوا سوی الإسلام دینا
ایسے نوجوان ہیں جنہوں نے عظیم کارناموں کے راستوں کو آسان کر لیا — اور اسلام کے سوا کسی دین کو قابلِ اعتناء نہ سمجھا

تعهدهم فأنبتهم نباتا — كريماً طاب في الدنيا غصونا
اللہ نے ان کی حفاظت کی اور ان کو ایسے عمدہ درخت کی طرح — پیدا کیا جو دنیا میں بہترین ٹہنیوں والا ہوتا ہے

إذا شهدوا الوغى كانوا كماةً — يدكون المعاقل والحصونا
جب وہ میدان جنگ میں ہوتے ہیں تو وہ ایسے مسلح — جنگجو ہوتے ہیں جو پناہ گاہوں اور قلعوں کو پاش پاش کر دیتے ہیں

وإن جن المساء فلا تراهم — من الإشفاق إلا ساجدينا
اور جب رات چھا جائے تو آپ انہیں — خوفِ خدا کی وجہ سے سجدہ کی حالت میں ہی دیکھیں گے

كذلك أخرج الإسلام قومي — شباباً مخلصاً حراً أمينا

Marfat.com

اسلام نے میری قوم میں سے اسی طرح — کے مخلص شریف اور دیانتدار نوجوان ہی پیدا کیے ہیں

وعلمه الكرامة كيف تبنى — فيأبى أن يقيد أو يهونا

اور اسے یہ بتادیا کہ کرامت وعزت کس طرح قائم کی جاتی ہے — لہٰذا وہ قید وبند وذلت ورسوائی سے دور رہتا ہے

اور جب ہمارے بچے اس طرح کے ہو جائیں گے تو پھر اسلام اور مسلمانوں کو ان کے ہاتھوں ہر طرح کی عزت و کامیابی اور سیادت وسربراہی حاصل ہو جائے گی۔

اور بھرپور مطالعہ سے مراد یہ ہے کہ سنِ شعور کو پہنچتے ہی عربی بچے کیلیے ایک ایسا کتب خانہ (خواہ وہ چھوٹا ہی سا کیوں نہ ہو) مہیا کر دے جس میں مسلمانوں کے بہادر قائدین کے کارنامے واقعات اور سلف صالحین ونیک لوگوں کی حکایتیں اور کہانیاں اور واقعات جمع کیے گیے ہوں۔

اور ساتھ ہی اس کتب خانے میں ایسی کتابیں بھی ہوں جو عقیدہ اخلاق اقتصادیات اور سیاست کے بارے میں اسلامی نقطۂ نظر اور نظام کو فکری طور سے پیش کرنے والی ہوں، اور ایسی کتابیں بھی ہونا چاہییں جو کمیونسٹوں سامراجیوں عیسائیوں اور یہودیوں اور دوسرے مادی مذاہب وغیرہ کی ان سازشوں کو بے نقاب کریں جو وہ اسلام کی مخالفت میں تیار کرتے رہتے ہیں۔

نیز اس مکتبہ میں ایسے اسلامی ماہنامے بھی ہونا چاہیئے جو اسلام کی صحیح ترجمانی کرتے ہوں، اور عالمِ اسلام کی خبریں نقل کرتے ہوں اور پیش آمدہ مشکلات کا حل بیان کرتے ہوں، اور مختلف موضوعات پر نہایت عمدہ اور پیارے جاذب انداز سے قلم اٹھاتے ہوں۔

مربی کو چاہیے کہ ان کتابوں، رسالوں اور قصہ کہانیوں کی کتابوں میں سے ایسی کتابوں کا انتخاب کرے جو اس کی عمر اور ثقافت اور معیار و درجے کے مناسب ہو، تاکہ فائدہ پورا اٹھایا جا سکے، اور بچہ اس سے جو کچھ حاصل کرنا چاہتا ہے وہ بخوبی حاصل کر سکے، اور ساتھ ہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمانِ مبارک پر بھی عمل ہو جائے جسے امام بخاری حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں:

«حدثوا الناس بما يعرفون». — لوگوں سے ایسی باتیں کرو جنہیں وہ سمجھ سکیں۔

اور دیلمی اور حسنِ بن سفیان حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ:

«أمرت أن أخاطب الناس على قدر عقولهم». — مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے ان کی عقل وسمجھ کے مطابق گفتگو کروں۔

* * *

اور حقیقت یہ ہے کہ جب مربی حضرات اپنے بچوں کے ساتھ یہ طریقہ اختیار کریں گے اور ان کے ساتھ اس راستہ پر چلیں گے تو وہ مکمل طور پر اسلامی ثقافت سے آراستہ وپیراستہ ہو جائیں گے اور صحیح ودرست اسلامی شعور اور ذہن ان میں

Marfat.com

بتدریج پروان چڑھے گا۔

اور سمجھدار و اچھے ساتھیوں سے مراد یہ ہے کہ تربیت کرنے والے اپنی اولاد کے لیے ایسے ساتھیوں کا انتخاب کریں جو نیک صالح اور دیانت دار ہوں، اور پختہ اسلامی سمجھ اور فکری تیقظ اور کامل اسلامی تہذیب سے آراستگی میں دوسروں سے ممتاز ہوں۔

اور اس میں کوئی شک نہیں کہ اگر بچہ ادراک و شعور کی حدود میں قدم رکھتے ہی ذہنی اور فکری طور سے بے وقوفوں کے ساتھ رہے گا تو لازمی طور سے وہ بھی بے وقوف بن جائے گا، اور جب اس کا اٹھنا بیٹھنا ایسے لوگوں کے ساتھ ہوگا جو اسلام کی حقیقت اور مخلوق اور عالم دنیا اور انسان کے سلسلہ میں اسلام کے نظریہ سے بے خبر ہوں گے یا ان کا دائرہ اس سلسلہ میں ناقص یا محدود ہوگا تو بچہ بھی لاشعوری طور پر ان سے اُس قصور و کوتاہی کو اپنے اندر پیدا کر لے گا۔

لہٰذا صرف اتنی بات کافی نہیں کہ ساتھی نیک صالح اور نمازی ہو اور نہ صرف یہ کافی ہے کہ وہ تہذیب یافتہ اور تیز و طرار اور ذکی ہو بلکہ یہ ضروری ہے کہ صلاح و تقویٰ کے ساتھ ساتھ اس میں عقلی پختگی اور معاشرتی امور کی سمجھ و ادراک اور اسلامی فہم میں پختگی بھی ہو تاکہ وہ برابر کا ساتھی اور متقی و پختہ رفیق بن سکے۔

پرانے زمانے کی ایک مثل مشہور ہے کہ: الصاحب ساحب ساتھی اپنے ساتھی کو اپنی طرف کھینچنے والا ہوتا ہے۔

اور اصحاب بصیرت و معرفت کہتے ہیں: مجھ سے یہ مت پوچھو کہ میں کون ہوں؟ بلکہ مجھ سے یہ پوچھو کہ میں کس کے ساتھ رہتا ہوں؟ اس کے ذریعہ سے تم پہچان لوگے کہ میں کون ہوں۔

اور کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

عن المرء لا تسل وسل عن قرینہ :: فکل قرین بالمقارن یقتدی

کسی شخص کے بارے میں دریافت نہ کرو بلکہ اس کے ساتھی کے بارے میں پوچھو اس لیے کہ ہر ساتھی اپنے ساتھی کی پیروی کیا کرتا ہے

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا درج ذیل فرمانِ مبارک کتنا صحیح اور درست ہے جسے امام ترمذی روایت کرتے ہیں کہ:

((المرء علی دین خلیلہ فلینظر أحدکم من یخالل)).

انسان اپنے دوست کے مذہب پر ہوتا ہے اس لیے تم میں سے ہر شخص یہ دیکھ لے کہ وہ کس سے دوستی کر رہا ہے۔

اس لیے تربیت کرنے والوں کو چاہیئے کہ جب ان کے بچے سن شعور و امتیاز میں قدم رکھیں تو ان کے لیے ایسے نیک صالح اور سمجھدار ساتھیوں کا انتخاب کریں جو انہیں اسلام کی حقیقت سمجھائیں، اور اسلام کی ایسی بنیادی باتیں سکھلائیں جو ہر چیز پر محیط ہیں، اور انہیں اسلام کی ابدی تعلیمات سے روشناس کریں۔ اور ان کے سامنے اس دین کی سچی و صحیح تصویر

Marfat.com

پیش کریں جس کے جھنڈے جرأت مند شریف بہادروں اور ان کے عظیم آباء واجداد نے بلند وبالا کیے تھے، اس تربیت کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ وہ بچے واقعۃً ایسی بہترین امت بن جائیں گے جسے لوگوں کی خیر وبھلائی کے لیے مبعوث کیا گیا ہے۔

اخیر میں مَیں یہ چاہتا ہوں کہ مربیوں والدین اور سرپرستوں کے کان میں یہ حقیقت بھی کہہ دوں کہ:

کیا یہ صورتِ حال افسوسناک نہیں ہے کہ ہمارے نوجوان شعور اور سمجھداری کی عمر کو پہنچ جاتے ہیں لیکن انہیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ اسلام دین اور حکومت، قرآن وتلوار، اور عبادت وسیاست سب کا نام ہے۔ اور اسلام ہی ایک ایسا منفرد دین ہے جس میں تمام چیزوں پر محیط ہونے، دائمی ابدی اور ہمیشہ ہمیشہ کے لیے باقی رہنے۔ اور ترقی پذیر زمانے اور ترقی یافتہ زندگی کے ساتھ ساتھ چلنے کی پوری صلاحیت موجود ہے۔

کیا یہ بات تکلیف دہ اور افسوسناک نہیں کہ ہماری اولاد اسکولوں میں مغرب کے سرکردہ لوگوں اور مشرق کے فلاسفہ کے بارے میں تمام باتیں پڑھتی ہو اور ان کے افکار وآراء اور ان کی زندگی کی تاریخ اور کارناموں وغیرہ کے بارے میں — تمام معلومات رکھتی ہو۔ اور اپنے مسلمان بہادروں اور تاریخ میں نام پیدا کرنے والے بڑے لوگوں اور اسلام کے بہادر جرنیلوں کی زندگی کے بارے میں ان کو بہت معمولی اور تھوڑا سا ہی علم ہو۔

اور پھر کیا یہ ذلت ورسوائی کی بات نہیں ہے کہ ہماری اولاد مدارس سے ایسی حالت میں فارغ ہو کر نکلے کہ اجنبی وغیر ملکی ثقافت وتہذیب اور مغربی ومشرقی تعلیمات اور نظریات نے ان کو اس طرح مسخ کر کے رکھ دیا ہو کہ انہیں سے اکثریت دین، تاریخ وثقافت اور تہذیب کی بھی دشمن بن گئی ہو۔

اور پھر کیا یہ بات دل وجگر کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے والی نہیں ہے کہ مسلمان نوجوان طبقہ دعوت وارشاد کے ایسے دعویداروں کے پیچھے چلنے لگ جائے جو ان کی قوتِ تفکیر کو معطل کر دیں اور اسلامی دینی ثقافت سے ان کا بالکلیہ تعلق منقطع کر دیں، اور مخلص، اور ہر ایسے مرشد عالم سے ان کا تعلق ختم کر دیں جو انہیں اسلام کی حقیقت سمجھا سکے اور اسلام کا محیط وشامل وکامل نظریہ ان پر واضح کر سکے۔

اور آخری بات یہ ہے کہ کیا یہ ذلت ورسوائی اور عیب کی بات نہیں کہ ہماری اولاد ملحدانہ نظریات پر مشتمل کتابیں اور گندے اور عریاں رسالے اور عشقیہ قصے کہانیاں تو جمع کر لے، لیکن ان کا ایسی کتب سے قطعاً کوئی دور کا واسطہ بھی نہ ہو جو اسلام کے نظام کو پیش کرتی ہوں اور دشمنوں کے اعتراضات کی تردید کرتی اور تاریخ کے قابلِ فخر کارناموں کو بیان کرتی ہوں؟!!

اس لیے اے والدین ومربیو آپ کی یہ ذمہ داری ہے کہ آپ لوگ اپنے جگر گوشوں کے سلسلہ میں اپنی ذمہ داری

Marfat.com

اور مسئولیت کو پورا کریں اور اگر ان کے نظریات و افکار دوسروں کی آراء و اجنبی خیالات اور غلط و گمراہ کن آراء پر مشتمل ہوں تو آپ ان کے افکار اور ذہنیت کی اصلاح کے لیے پوری جدوجہد اور محنت و کوشش کریں ۔۔۔ اور ساتھ ہی آپ پر یہ بھی فرض ہے کہ آپ صبح و شام ان کو ملحدوں عیسائیوں کی مکاریوں فریبوں اور مادہ پرست مستشرقین کی بہتان طرازیوں کی تردید سے بھی باخبر کرتے رہیں۔

اگر آپ نے ایسا کیا تو واقعی اس طرح سے ان کی افکار کی صحیح آبیاری ہوگی اور ان کے عقیدے کو اس سے محفوظ کر لیا جائے گا کہ وہ منحرف عقاید اور تباہ کن نظریات اور فتنہ انگیز مکاریوں سے متأثر ہو۔

اگر آپ حضرات اس راستے پر چلے اور اس منہج و طریقے کو آپ نے اختیار کر لیا تو آپ کی اولاد اپنے دین کو عزت و افتخار کا ذریعہ سمجھے گی اور اپنے بزرگوں بڑوں اور تاریخ پر فخر کرے گی اور اسلام کے علاوہ کسی دین کو شریعت و عقیدہ ، تلوار و قرآن ، اور دین و حکومت ' اور عبادت و سیاست نہیں سمجھے گی ، اور وہ اس ابتدائی اولین دور کے افراد بن جائیں گے جن کے بارے میں شاعر نے کہا ہے :

خلفت جيلاً من الأصحاب سيرتهم
آپ نے اپنے پیچھے ساتھیوں کی ایک ایسی جماعت چھوڑی ہے جن کی سیرت

كانت فتوحهم بزا ومرحمةً
ان کی فتوحات رحم و کرم اور حسنِ سلوک کا نام تھیں

لم يعرفوا الدين زوراً وصبحةً
انہوں نے دین صرف اوراد و وظائف اور تسبیح کو نہیں سمجھا

تضوع بين الورى روحًا وريحانا
مخلوق میں تازگی و ریحان کی خوشبو پھیلا رہی ہے

كانت سياستهم عدلاً وإحسانا
ان کی سیاست عدل و انصاف اور احسان تھی

بل أشبعوا الدين محراباً وميدانا
بلکہ دین کو محراب اور میدان دونوں کا مجموعہ بنا دیا

۳۔ ذہنی صحت و تندرستی

اللہ تعالیٰ نے والدین اور مربیوں سب کی گردن پر جو ذمہ داریاں ڈالی ہیں ان میں سے ایک ذمہ داری یہ بھی ہے کہ وہ اپنی اولاد اور شاگردوں کی عقل کی اصلاح و درستگی کی بھی فکر کریں ، اور ان کی خوب دیکھ بھال رکھیں اور جس طرح ان کی نگرانی کرنا چاہیے اس طرح انکی نگرانی رکھیں تاکہ ان کی فکر اور رائے درست رہے ، اور ان کا حافظہ قوی ، اور ذہن صاف اور عقول پختہ رہیں۔

لیکن بچوں کی عقل کو درست رکھنے کے سلسلہ میں والدین اور مربیوں کی ذمہ داری اور مسئولیت کی حدود کیا ہیں؟

یہ مسئولیت و ذمہ داری اس میں منحصر ہے کہ بچوں کو ان مفاسد سے دور رکھا جائے جو معاشرے میں اِدھر اُدھر منتشر

اور بکھرے ہوئے ہیں، جن کا عقل، حافظہ اور انسانی جسم پر عام طور سے اثر پڑا کرتا ہے۔ اور اس موضوع پر ہم اس کتاب میں "جسمانی تربیت کی ذمہ داری" کی فصل کے ذیل میں تفصیل سے گفتگو کر چکے ہیں۔ اور یہاں اس کا خلاصہ بیان کرتے ہیں اور سرسری سا اشارہ کرتے ہیں، تاکہ ہر وہ شخص جس پر تربیت کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے وہ علی بصیرۃ دلیل و حجت کے ساتھ اپنی ذمہ داری پوری کر سکے۔

تمام اطباء اس بات پر متفق ہیں اور صحت و جسم سے تعلق رکھنے والے تمام افراد اس بات پر خبردار کرتے ہیں کہ وہ مفاسد و خرابیاں جو عقل و حافظہ پر اثر انداز ہوتی اور ذہن کو کند اور انسان کی سوچ بچار کی قوت کو شل کر دیتی ہیں، اور جسم و بدن کے لیے نہایت زبردست نقصانات ——— کا سبب بنتی ہیں وہ درج ذیل ہیں:

۱۔ شراب نوشی کی لعنت، خواہ کسی شکل میں ہو اور کسی قسم کی ہو، یہ ایک ایسی بیماری ہے جو صحت کو تباہ کر دیتی ہے اور جنون پیدا کرتی ہے۔

۲۔ مشت زنی کی عادت، اس پر مداومت دق و سل کو پیدا کر دیتی ہے، اور حافظہ کو کمزور اور ذہنی پس ماندگی اور عقلی تشتت و پراگندگی کا ذریعہ بنتی ہے۔

۳۔ تمباکو نوشی کی لت ایسی لعنت ہے کہ وہ عقل پر اثر انداز ہو کر اعصاب میں ہیجان پیدا کرتی اور حافظہ کو متاثر کرتی ہے اور ذہن کی قوتِ تفکیر اور یادداشت کو کمزور کر دیتی ہے۔

۴۔ جنسی جذبات کو بھڑکانے والی چیزوں کی آفت، جیسے کہ گندی فلموں کا دیکھنا اور فحش اور عریاں ڈراموں اور ننگی تصویروں کا دیکھنا۔ اس لیے کہ یہ ایک ایسی آفت ہے جو عقل کی ذمہ داری اور فریضہ کو معطل کر دیتی ہے۔ اور ذہنی پراگندگی پیدا کرتی ہے، اور قوتِ حافظہ اور یادداشت اور سوچ بچار کے ملکہ کو ختم کر دیتی ہے، اور ساتھ ہی اس میں قیمتی وقت کا ضیاع اور فرائض و ذمہ داریوں سے غفلت بھی پیدا ہوتی ہے۔

ڈاکٹر "الیکس کارریل" اپنی کتاب "الانسان ذلك المجهول" میں رقمطراز ہیں کہ:

جب انسان میں جنسی خواہش حرکت کرتی ہے تو اس کے غدود ایک خاص قسم کا مادہ پھینکتے ہیں جو خون کیساتھ مل کر دماغ میں سرایت کر جاتا ہے اور دماغ کو ماؤف کر دیتا ہے، اور پھر انسان صحیح سوچ اور تفکیر پر قادر نہیں رہتا۔

اور اس کے علاوہ دوسرے وہ خطرناک مفاسد و برائیاں جو بچوں کی عقل کو نقصان پہنچاتی ہیں اور ان کے لیے بے شمار آفات اور خطرات کا ذریعہ بنتی ہیں۔

اس فصل کے ضمن میں جو ابحاث پیش کی گئیں ان کا خلاصہ یہ نکلتا ہے کہ:

Marfat.com

تعلیمی ذمہ داری۔
فکری ذہن سازی۔
عقل کی صحت و آراستگی۔

یہ وہ اہم ذمہ داریاں ہیں جو بچوں کی عقلی تربیت کے سلسلہ میں مربیوں پر عائد ہوتی ہیں، اگر والدین اور مربی اور اساتذہ ان ذمہ داریوں کے ادا کرنے میں کوتاہی کریں گے، اور ان مسئولیات کو پورا کرنے میں تقصیر سے کام لیں گے۔ تو اللہ تعالیٰ ان کی اس تقصیر کا ان سے عنقریب حساب لے گا، اور ان کی اس لاپرواہی سے جو نتائج نکلیں گے ان سے باقاعدہ اس کی باز پرس ہوگی، یاد رکھیے اللہ کے دربار میں اس وقت کیسی زبردست شرمندگی اٹھانی پڑے گی جب حق بات کھل کر سامنے آجائے گی اور اپنی کوتاہی کو بچشم خود دیکھ لیں اور عظیم اجتماع کے موقع پر اس کے لیے کیسی زبردست تباہی و ہلاکت ہوگی جب رب العالمین کے سامنے ان کے منہ سے یہ جواب نکلے گا:

«رَبَّنَآ إِنَّآ أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَا۠ رَبَّنَآ ءَاتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيرًا ۝» الاحزاب، ۶۷ و ۶۸

اے ہمارے پروردگار ہم نے اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کا کہنا مانا سو انہوں نے ہمیں راہ سے بھٹکا دیا۔ اے ہمارے پروردگار انہیں دہرا عذاب دے اور ان پر بڑی ہی لعنت نازل کر۔

اور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بالکل سچ فرمایا ہے چنانچہ ابن حبان روایت کرتے ہیں:

«إن الله سائل كل راع عما استرعاه، حفظ أم ضيع».

اللہ تعالیٰ ہر نگہبان سے اس کی رعایا کے بارے میں پوچھیں گے کہ کیا اس نے انکی دیکھ بھال و حفاظت کی یا انہیں ضائع کر دیا۔

پروردگار ہمیں ان لوگوں میں سے بنا دیجئے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرتے ہیں، وہ لوگ جن کے چہرے حساب و کتاب کے روز سفید و روشن و چمکدار ہوں گے، وہ لوگ جنہوں نے اپنی اولاد اور گھر بار کی دیکھ بھال کی ہوگی، ان کے سلسلہ میں اپنی مسئولیات و فرائض کو بہترین طریقے سے پورا کیا ہوگا۔ آپ ہی سے اچھی امید قائم کی جاسکتی ہے اور آپ ہی وہ کریم داتا ہیں جس سے سوال کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

پانچویں فصل

۵۔ نفسیاتی تربیت کی ذمہ داریاں

نفسیاتی تربیت سے مراد یہ ہے کہ بچہ جب عقلمند و ہوشیار ہو جائے تو اسی وقت سے اس کو جرأت حق کے سلسلہ میں بے باکی و صداقت، اور شجاعت و بہادری کی تربیت دی جائے۔ اور کامل و مکمل ہونے کا شعور پیدا کیا جائے اور دوسروں کے لیے خیر و بھلائی پسند کرنے، اور غصہ کے وقت قابو میں رہنے، اور نفسیاتی اور اخلاقی فضائل و کمالات سے آراستہ ہونے کی تربیت دی جائے۔

اور اس تربیت کا مقصد بچے کی شخصیت کو بنانا اور اس کی تکمیل و آراستگی ہے، تاکہ جب وہ بڑا ہو تو جو ذمہ داریاں اس پر ڈالی جائیں انہیں عمدگی اور خوبی کے ساتھ صحیح طریقے سے ادا کر سکے۔

اور چونکہ بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو وہ اپنے مربیوں کے پاس ایک امانت ہوتا ہے، اس لیے اسلام مربیوں کو یہ حکم دیتا ہے کہ وہ بچے کے آنکھیں کھولتے ہی نفسیاتی صحت کے وہ اصول اس کی گھٹی میں ڈال دیں جو اس میں یہ صلاحیت پیدا کر دیں کہ وہ پختہ عقل صحیح فکر اور عمدہ تصرفات اور بلند ارادے والا مثالی انسان بن سکے۔

اسی طرح ان مربیوں پر یہ ذمہ داری بھی عائد ہوتی ہے کہ وہ بچے کو ان تمام عوامل سے دور رکھیں جو اس کی عزت و کرامت پر بٹہ لگاتے اور اس کے وقار و شخصیت کو مجروح کر دیتے ہیں۔ اور جو اسے ایسا انسان بنا دیتے ہیں جو زندگی کی طرف حقد و حسد اور کراہیت و نحوست کی نظر سے دیکھتا ہے۔

میرے خیال میں وہ اہم عوامل جن سے مربیوں و اساتذہ کو اپنے بچوں اور شاگردوں کو بچانا چاہیئے وہ مندرجہ ذیل عادات ہیں:

۱۔ شرمیلا پن اور جھینپنے کا مرض۔

۲۔ خوف ودہشت کی عادت۔
۳۔ احساس کمتری کا شعور۔
۴۔ حسد وبغض کی بیماری۔
۵۔ غیظ وغضب کی بیماری۔[1]

۱۔ شرمیلاپن اور جھینپنے کا مرض

یہ ظاہر سی بات ہے کہ بچوں میں فطری طور سے شرمیلاپن ہوتا ہے۔ اور اس کی ابتدائی علامات اس وقت سے شروع ہوجاتی ہیں جب بچہ چلنا سیکھ جاتا ہے اور ایک سال کی عمر مکمل ہونے کے بعد تو شرمانے کی عادت بچے میں صاف اور کھلی ہوئی نظر آنے لگتی ہے چنانچہ اگر اسکے سامنے کوئی نیا یا اجنبی آدمی آجائے تو وہ فوراً منہ پھیر لیتا ہے یا اپنی آنکھیں بند کرلیتا ہے یا اپنے دونوں ہاتھوں سے اپنا منہ چھپالیتا ہے۔[2]

اور تین سال کی عمر میں بچہ شرم اور جھینپنے کو اس وقت محسوس کرتا ہے جب وہ کسی نئی جگہ جاتا ہے تو بسا اوقات وہ تمام وقت اپنی ماں کی گود میں یا اس کے پاس بیٹھ کر گزار دیتا ہے اور اپنا ہونٹ تک نہیں ہلاتا۔[3]

بچوں میں جھینپنے اور شرمیلے پن کا مرض موروثی اعتبار سے بھی اپنا رنگ دکھاتا ہے، جھینپنے کے کم وزیادہ ہونے یا اس کے اعتدال پر رہنے میں ماحول کا بہت بڑا اثر ہوا کرتا ہے، اس لیے کہ جو بچے دوسروں کے ساتھ میل جول رکھتے اور ان کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے ہیں وہ ان بچوں سے کم شرمیلے ہوتے ہیں جو دوسرے سے میل جول اور اٹھنا بیٹھنا نہیں رکھتے۔

اس مرض کا علاج اس کے بغیر نہیں ہوسکتا کہ ہم بچوں کو لوگوں کے ساتھ میل جول کا عادی بنائیں چاہے اس سلسلہ میں اپنے دوستوں کو گھر پر بار بار بلا کر میل جول کی عادت ڈالیں، یا جب والدین اپنے دوستوں یا عزیزوں سے ملنے جائیں تو بچوں کو بھی اپنے ساتھ لیجائیں، یا نرمی سے ان میں اس کی عادت پیدا کریں کہ وہ دوسروں سے بات چیت کیا کریں خواہ وہ لوگ جن سے بات کی جارہی ہے وہ بڑے ہوں یا چھوٹے۔

بلاشبہ بچوں کو اس کا عادی بنانے سے ان کی نفوس میں شرمیلاپن کم ہوجائے گا اور ان میں خود اعتمادی پیدا ہوگی اور ان میں یہ جرأت پیدا ہوگی کہ وہ ہمیشہ بلا کسی ہچکچاہٹ اور کسی ملامت کرنے والے کی پرواہ کیے بغیر حق بات کہہ سکیں۔

---

[1] بعض ساتھیوں نے یہ تجویز پیش کی کہ میں ان امراض کے ساتھ "غفلت وتغافل اور لاپرواہی" کی بیماریوں کو بھی شامل کردوں، لیکن یہ آراء مجھے اس وقت موصول ہوئیں جب میں اس کتاب کو طباعت کے لیے بھیج چکا تھا۔ خدا نے اگر توفیق دی تو انشاء اللہ اگلے ایڈیشنوں میں یہ اضافہ کردیا جائے گا۔

[2] ڈاکٹر زنبیہ غبرہ کی کتاب "المشکلات السلوکیۃ عند الأطفال" (ص۔ ۱۵۳) سے لیا گیا۔

[3] المشکلات السلوکیۃ (ص۔ ۱۵۳)۔

Marfat.com

ذیل میں چند وہ تاریخی مثالیں اور احادیثِ نبویہ پیش کی جارہی ہیں جو تمام تربیت کرنے والے حضرات کے لیے مشعلِ راہ کا کام دیں گی اور انہیں معلوم ہوگا کہ ہمارے سلفِ صالحین نے اپنے بچوں میں عمدہ تربیت کے ذریعے کس طرح جرأت پیدا کی اور شرمیلے پن اور جھینپنے کی بیماری کو ان سے نکال پھینکا:

الف ۔ امام بخاری وغیرہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے جو کہ ابھی بالغ بھی نہیں ہوئے تھے۔ یہ روایت کرتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«إن من الشجر شجرة لا يسقط ورقها وإنها مثل المسلم، فحدثوني ما هي؟».

درختوں میں سے ایک درخت ایسا ہے کہ جس کے پتے نہیں جھڑتے اور وہ (نفع پہنچانے میں) مسلمان کی طرح ہے: بتلاؤ وہ درخت کون سا ہے؟

(حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ) لوگ تو وادی کے مختلف درختوں کے بارے میں بتلانے اور سوچنے لگے اور میرے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ وہ درخت کھجور کا ہے، لیکن شرم کی وجہ سے میں نے لب کشائی نہ کی۔ پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: کہ اے اللہ کے رسول آپ ہی ہمیں بتلا دیجیے کہ وہ کونسا درخت ہے؟

«قال: هي النخلة».

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ کھجور کا درخت ہے۔

ایک روایت میں آتا ہے: کہ میں نے چاہا کہ میں یہ کہہ دوں کہ وہ درخت کھجور کا درخت ہے لیکن میں نے یہ دیکھا کہ میں تو سب سے کم عمر ہوں (اس لیے بولنے کی جرأت نہ کی)۔

ایک اور روایت میں آتا ہے: کہ میں نے دیکھا کہ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما خاموش ہیں اس لیے میں نے بات کرنا مناسب نہ سمجھا پھر جب ہم وہاں سے رخصت ہوئے تو میں نے اپنے والد ماجد سے اپنے دل میں آنے والا خیال ظاہر کیا، تو انہوں نے فرمایا: اگر تم یہ بات اس وقت کہہ دیتے تو مجھے سرخ اونٹوں کے حصول سے زیادہ خوشی حاصل ہوتی۔

ب۔ امام مسلم حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی مشروب لایا گیا، آپ نے اسے نوش فرمایا، اس وقت آپ کی دائیں جانب ایک نوعمر آدمی بیٹھے تھے اور بائیں جانب عمر رسیدہ حضرات بیٹھے تھے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان نوعمر لڑکے سے فرمایا:

«أتأذن لي أن أعطي هؤلاء؟».

کیا تم مجھے اس بات کی اجازت دیتے ہو کہ میں پہلے ان حضرات کو دے دوں؟

توان صاحب نے فرمایا: نہیں! بخدا ہرگز نہیں! آپ سے حاصل ہونیوالے متبرک حصے کے بارے میں ہرگز بھی میں کسی کو ترجیح نہیں دے سکتا۔

Marfat.com

ج - امام بخاری حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے (جو اس وقت تک بالغ نہ ہوئے تھے) روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنی خلافت کے دور میں بدر کے مشائخ کے ساتھ ساتھ مجھ سے بھی مشورہ کیا کرتے تھے۔ کسی کو اس پر اعتراض ہوا کہ ہمارے بھی اس عمر کے بچے ہیں جب انہیں مشورہ میں شریک نہیں کرتے تو مجھے کیوں شریک کرتے ہیں؟ اس پر حضرت عمر نے ان سے فرمایا کہ ان کے مرتبہ کو تو آپ لوگ جانتے ہی ہیں[1]۔

چنانچہ ایک مرتبہ حضرت عمر نے مجھے بلایا اور ان حضرات کے ساتھ مجھ سے بھی مشورہ کیا، میں تو یہی سمجھتا ہوں کہ انہوں نے اس روز مجھے صرف اس لیے بلایا تھا تاکہ انہیں میرا مرتبہ و درجہ محسوس کرا دیں۔

چنانچہ انہوں نے فرمایا کہ آپ حضرات اللہ تعالیٰ کے مندرجہ ذیل مبارک کے بارے میں کیا کہتے ہیں:

«إِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝» نصر-۱ جب اللہ کی مدد اور فتح آگئی۔

تو بعض حضرات نے فرمایا کہ: جب ہماری امداد کر دی جائے اور فتح حاصل ہو جائے تو ہمیں یہ حکم دیا گیا ہے کہ ہم اللہ کی تعریف بیان کریں اور اس سے اپنے گناہوں کی معافی مانگیں، بعض دوسرے حضرات بالکل خاموش رہے اور انہوں نے کچھ نہ فرمایا، تو حضرت عمر نے مجھ سے فرمایا: اے ابن عباس! کیا تمہارا بھی یہی خیال ہے؟ تو میں نے کہا: جی نہیں، انہوں نے فرمایا تم کیا کہتے ہو؟ میں نے عرض کیا: اللہ تعالیٰ نے اس سورت کے ذریعہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے وقتِ مقررہ (یعنی وقتِ وفات) کی اطلاع دی ہے چنانچہ فرمایا کہ جب اللہ کی نصرت و فتح آجائے تو یہ آپ کے دنیا سے رحلت کرنے کی علامت ہے لہٰذا:

«فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ۝» نصر-۳ تو آپ اپنے پروردگار کی تسبیح و تحمید کیجیے اور اس سے استغفار کیجیے بے شک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔

یہ سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس کے بارے میں میرا بھی وہی خیال ہے جو آپ نے کہا۔

د - ایک مرتبہ مدینہ کے راستوں میں سے کسی راستہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا گذر ہوا، وہاں بچے کھیل رہے تھے جن میں عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ بھی تھے جو چھوٹے تھے اور کھیل رہے تھے، اور بچے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ڈر سے بھاگ کھڑے ہوئے لیکن حضرت عبداللہ بن زبیر خاموش کھڑے رہے وہاں سے بھاگے نہیں، جب حضرت عمر ان کے پاس پہنچے تو ان سے فرمایا: اور بچوں کے ساتھ تم کیوں نہیں بھاگے؟ تو انہوں نے فوراً فرمایا: میں کوئی مجرم تھوڑی ہوں کہ آپ کو دیکھ کر بھاگ کھڑا ہوتا اور نہ ہی راستہ تنگ ہے کہ میں بھاگ کر آپ کے لیے اسے کشادہ کر دوں، واقعی بڑا جرأت مندانہ اور بالکل درست جواب تھا۔

ہ - عید کے موقع پر حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے اپنے ایک بیٹے کو پرانے کپڑے پہنے دیکھا تو ان کی آنکھیں آنسوؤں میں ڈبڈبا گئیں، ان کے صاحبزادے نے انہیں دیکھ لیا اور ان سے پوچھا: اے امیر المؤمنین! آپ کو کس چیز نے

---

[1] یعنی یہ ان لوگوں میں سے ہیں جن کے لیے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خصوصیت سے دعا فرمائی اور فرمایا:

«اَللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِي الدِّينِ وَعَلِّمْهُ التَّأْوِيلَ». اے اللہ انہیں دین کی سمجھ اور قرآن کریم کا علم عطا فرمایئے۔

Marfat.com

رلادیا ہے ؟

تو انہوں نے جواب دیا: میرے بیٹے! مجھے ڈر ہے کہ جب دوسرے لڑکے تمہیں ان پرانے کپڑوں میں دیکھیں تو اس سے تمہارا دل ٹوٹ جائے گا؟!!

تو اس لڑکے نے جواب دیا کہ: اے امیر المؤمنین! دل تو اس شخص کا ٹوٹتا ہے جس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہو، یا جو اپنے ماں باپ کا نافرمان ہوا ور مجھے تو یہ امید ہے کہ آپ کی رضامندی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ بھی مجھ سے راضی ہوں گے

و۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کی خلافت کے ابتدائی ایام میں مختلف وفود اطراف عالم سے انہیں مبارک باد دینے آئے، چنانچہ اہلِ حجاز کے وفد میں سے جو شخص مبارک باد دینے آگے بڑھا وہ ایک چھوٹا لڑکا تھا جس کی عمر گیارہ سال بھی نہ ہوگی، وہ آگے بڑھا تو حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اس سے کہا: تم واپس ہو جاؤ اور تمہارے بجائے کوئی عمر رسیدہ آدمی آگے آئے !!

تو وہ لڑکا یوں گویا ہوا: اللہ تعالیٰ امیر المؤمنین کا مددگار ہو. انسان اپنے جسم کی دو چھوٹی سی چیزوں سے عبارت ہے، ایک اس کا دل اور دوسری اس کی زبان، پس جب اللہ تعالیٰ کسی شخص کو بولنے والی زبان اور محفوظ رکھنے والا دل عطا فرمادے تو وہ بولنے اور بات چیت کرنے کا حقدار ہوگیا، اور اے امیر المؤمنین اگر دار و مدار عمر پر ہی ہوتا تو اس وقت آپ سے زیادہ اس کرسی کے حقدار لوگ امت میں موجود ہیں.

خلیفہ عمر اس کی بات سن کر بہت متعجب ہوئے اور یہ اشعار پڑھے:

تعلم فليس المرأ يولد عالما ۔ وليس أخو علم كمن هو جاهل

تم علم حاصل کرو اس لیے کہ انسان عالم بن کر پیدا نہیں ہوتا ۔ اور عالم جاہل کی طرح نہیں ہوا کرتا ہے

وإن كبير القوم لا علم عنده ۔ صغير إذا التفت عليه المحافل

اور قوم کا ایسا بڑا شخص جو جاہل ہوا ۔ اسوقت چھوٹا ہوتا ہے جب اس کے اردگرد مجلسیں قائم ہوں

ز۔ اَدب کی کتابوں میں جو واقعات مذکور ہیں ان میں یہ واقعہ بھی لکھا ہے کہ ایک لڑکا خلیفہ مامون کے سامنے گویا ہوا اور اس نے خوب عمدہ جوابات دیے تو مامون نے اس سے پوچھا: تم کس کے بیٹے ہو؟

بچے نے جواب دیا: اے امیر المؤمنین میں علمِ ادب کا بیٹا ہوں!!

مامون نے فرمایا: بہت عمدہ نسب ہے اور پھر یہ شعر پڑھے:

كن ابن من شئت واكتسب أدبا ۔ يغنيك محمود ه عن النسب

تم جسکے چاہو بیٹے بن جاؤ اور علم و ادب کو حاصل کرلو ۔ اسکا قابل افتخار مرتبہ و مکانت تمہیں نسب سے بے نیاز کردیگی

Marfat.com

إن الفتى من يقول ها أنذا — ليس الفتى من يقول كان أبي

جوان وہ ہے جو یہ کہے کہ یہ لو میں سامنے موجود ہوں — وہ شخص ہرگز جوان دبہادر نہیں جو یہ کہے کہ میرے والد ایسے ویسے تھے

ح۔ ایک مرتبہ خلیفہ مأمون اپنے دیوان گاہ میں تشریف لے گئے تو ایک نوعمر لڑکے کو کان پر قلم رکھے ہوئے دیکھا تو اس سے پوچھا، تم کون ہو؟ اس نے کہا میں آپ کی حکومت کا پروردہ، آپ کی نعمتوں میں صبح وشام کرنے والا، آپ کی خدمت کا امیدوار حسن بن رجاء ہوں، خلیفہ مأمون اس کے حسنِ انداز وخوش بیانی سے بڑے خوش ہوئے اور فرمایا: فی البدیہ عمدہ جواب دینے سے عقلوں کا فرق ظاہر ہوتا ہے۔ اس لڑکے کو اس کے موجودہ عہدہ سے بڑے عہدے پر ترقی دے دو۔

ط۔ ایک مرتبہ ہشام بن عبدالملک کے دورِ خلافت میں دیہات میں قحط پڑ گیا، وہاں کے عرب باشندے ان کے پاس حاضر ہوئے اور دربار میں پہنچ کر ان کے سامنے لب کشائی سے گھبرانے لگے، ان میں ورداس بن حبیب بھی موجود تھے جو اس وقت چھوٹے بچے تھے، ان پر جب ہشام کی نگاہ پڑی تو انہوں نے اپنے دربانوں سے کہا کہ: جو شخص بھی میرے پاس آنا چاہتا ہے آجاتا ہے حتیٰ کہ بچے بھی آجاتے ہیں؟

اس بچے نے یہ سن کر کہا: اے امیرالمؤمنین! ہم پر تین سال سے قحط آرہا ہے، پہلے سال نے تو چربی کو پگھلا ڈالا اور دوسرے سال نے گوشت کھالیا، اور تیسرے سال نے ہڈیوں کا گودا تک نکال ڈالا۔ اور آپ حضرات کے پاس فالتو مال ہے اگر وہ مال اللہ کا ہے تو اسے اللہ کے بندوں پر تقسیم کر دیجیے، اور اگر وہ مال انہی لوگوں کا ہے تو پھر آپ ان کا مال ان سے کیوں روک کر رکھتے ہیں؟ اور اگر وہ مال آپ لوگوں کا ہے تو آپ دوسروں پر صدقہ کیجیے اس لیے کہ اللہ تعالیٰ صدقہ کرنے والوں کو جزاء دیتا ہے اور محسنین کے اجر کو ضائع نہیں فرماتا۔

خلیفہ ہشام نے فرمایا: اس لڑکے نے تو ہمارے لیے تینوں راستے بند کر دیے اور کوئی بھی گنجائش نہیں چھوڑی چنانچہ دیہات والوں کے لیے سو دینار اور اس لڑکے کے لیے ایک لاکھ درہم کا حکم دیا، تو اس بچے نے کہا: اے امیرالمؤمنین اس کو اہلِ عرب کو انعام دینے کے لیے محفوظ رکھیے اس لیے کہ مجھے ڈر ہے کہ کہیں آپ ان کو بقدرِ ضرورت دینے سے عاجز نہ آجائیں تو ہشام نے فرمایا: کیا تمہیں ضرورت نہیں ہے؟ لڑکے نے جواب دیا: مجھے عام مسلمانوں سے ہٹ کر خصوصی منفرد الگ تھلگ کوئی حاجت وضرورت نہیں ہے، چنانچہ وہ بچہ ان کے یہاں سے اس حال میں رخصت ہوا کہ وہ قوم کا شریف ومعزز ترین فرد تھا،

سلفِ صالحین کے بچوں کی پیش کردہ مندرجہ بالا مثالوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ بچے جبکہ احساسِ کہتری اور بلاموقعہ ظاہری شرم وحیاء سے بالکل آزاد تھے جس کی وجہ صرف یہ تھی کہ وہ جرأت مندی وبہادری کے عادی بنائے گئے تھے، اور وہ اپنے والدین کے ہمراہ عمومی مجالس، اور ان کے دوستوں کی ملاقات وغیرہ میں شریک ہوا کرتے تھے، اور پھر بڑوں کے سامنے سلیقہ سے گفتگو پر ان کو داد دی جاتی تھی، اور سمجھداروں اور فصیح وبلیغ حضرات کو حکام وامراء وخلفاء سے

شرفِ ہم کلامی بخشا جاتا تھا، اور عمومی و علمی مسائل اور مشکلات کے حل کے سلسلہ میں مفکرین و علماء کی محفلوں و مجلسوں میں ان سے مشورہ کیا جاتا تھا۔

ادبی و علمی جرأت اور یہ تمام چیزیں بچوں میں علم و سمجھ اور دانائی کے اعلیٰ ترین معانی پیدا کرتی ہیں اور سوجھ بوجھ بڑھاتی ہیں اور ان کو اس بات پر مجبور کرتی ہیں کہ وہ کمال کے اعلیٰ ترین مراتب تک پہنچنے کی کوشش کرتے رہیں اور اپنی شخصیت سازی کریں اور فکری و معاشرتی پختگی پیدا کرنے میں ہمہ تن مصروف رہیں۔

اس لیے تربیت کرنے والوں اور خاص طور سے والدین پر آج یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اس عظیم و شاندار تربیت کے اصول اپنائیں تاکہ ان کے بچے حق گوئی اور بے باکی اور ادب و احترام کے حدود کے دائرے میں رہتے ہوئے کامل جرأت کا مظاہرہ کر سکیں، اور دوسروں کے احساسات و شعور کا بھی خیال رکھیں، اور ہر شخص کو اس کی شان کے مطابق درجہ دیں، ورنہ تو جرأت بے حیائی سے بدل جائے گی اور صراحت و بے باکی دوسروں کے ساتھ بے ادبی اور قلتِ ادب کی شکل اختیار کرے گی۔

ہماری ایک ذمہ داری یہ بھی ہے کہ ہم حیاء اور شرمندگی میں فرق کریں ، اس لیے کہ یہ بہت واضح سی چیز ہے :

جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے کہ شرمندگی نام ہے بچے کے دوسروں کی ملاقات سے بھاگنے اور دور ہونے اور اس سے کنارہ کشی کرنے کا۔

اور حیاء نام ہے بچے کے اسلامی آداب اور فضل و کمال اور اخلاق کے طریقوں پر عمل کرنے کا۔

لہٰذا شرم اس کا نام نہیں ہے کہ ہم شروع سے ہی بچے کو اس کا عادی بنا دیں کہ وہ ناپسندیدہ چیزوں کے ارتکاب اور گناہوں کے کرنے سے شرم کرنے لگے۔

اور نہ یہ کہ ہم بچے کو بڑوں کے احترام کرنے اور محرمات سے نگاہ کو ہٹانے اور کانوں کو ناپسندیدہ باتوں کے چپکے سے سننے یا نامحرم کو دیکھنے کا عادی بنا دیں۔

اور نہ ہی شرم اس کا نام ہے کہ ہم بچے کو اس کی عادت ڈال دیں کہ وہ اپنی زبان کو باطل میں مشغول رکھنے سے بچائے اور اپنے پیٹ کو حرام غذا سے بچائے اور اپنے وقت کو اللہ کی طاعت و فرمانبرداری اور اس کی رضامندی کے حصول میں صرف کرے۔

حیاء کے یہ معنی ہی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس فرمانِ مبارک میں مراد لیے ہیں جس میں آپ نے ارشاد فرمایا:

Marfat.com

((استحيوا من الله حق الحياء)). اللہ سے ایسی حیا کرو جو اس سے حیا کرنے کا حق ہے۔

تو صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ہم تو الحمد للہ اللہ سے حیا کرتے ہیں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((ليس ذلك: الاستحياء من الله حق الحياء أن تحفظ الرأس وما وعى، والبطن وما حوى، وتذكر الموت والبلى، ومن أراد الآخرة ترك زينة الحياة. وآثر الآخرة على الأولى، فمن فعل ذلك استحي من الله حق الحياء)).

رواه الترمذي

یہ حیا نہیں ہے: اللہ تعالیٰ سے حیا کرنا درحقیقت یہ ہے کہ تم سر اور اس میں جو اعضاء ہیں ان کی حفاظت کرو۔ اور پیٹ اور جس پر وہ مشتمل ہے اس کی حفاظت کرو اور موت اور بوسیدہ ہونے کو یاد رکھو۔ اور جو شخص آخرت کا طلب گار ہوتا ہے وہ دنیا کی زینت کو چھوڑ دیتا ہے، اور آخرت کو دنیا پر ترجیح دیتا ہے۔ لہٰذا جو شخص ایسا کرے گا تو اس نے اللہ تعالیٰ سے وہ حیا کی جو حیا کرنا چاہیے۔

اور امام احمد رحمہ اللہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا درج ذیل فرمانِ مبارک روایت کرتے ہیں:

((اللهم لا يدركني زمان لا يتبع فيه العليم ولا يستحيي فيه من الحليم)).

اے اللہ مجھے ایسا زمانہ نہ پائے جس میں سمجھدار و عالم کی پیروی نہ کی جاتی ہو اور حلیم و بردبار سے حیا نہ کی جاتی ہو۔

اور امام مالک رحمہ اللہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((إن لكل دين خلقاً، وخلق الإسلام الحياء)).

ہر مذہب و دین کے کچھ اخلاق و اوصاف ہوتے ہیں اور اسلام کا وصف حیا ہے۔

۲- خوف و ڈر

خوف و ڈر۔ ایک ایسی نفسیاتی حالت ہے جو بڑوں چھوٹوں عورتوں مردوں سب کو پیش آتی ہے اور کبھی کبھی یہ عادت قابل تعریف و مستحسن ہو جاتی ہے اگر وہ بچوں میں طبعی حدود کے دائرہ میں ہو اس لیے کہ یہ عادت بچے کو بہت سے حوادث سے بچانے کا ذریعہ اور بہت سے مشکلات و آفات سے دور رکھنے کا سبب بنتی ہے۔

لیکن اگر یہی خوف عام حد سے بڑھ جائے اور فطری حدود سے زیادہ ہو جائے تو اس سے بچے میں نفسیاتی بے چینی پیدا ہو جاتی ہے اور ایسے وقت میں یہ عادت ایک نفسیاتی مسئلہ بن جاتی ہے جس کا دور کرنا اور اس کے بارے میں اہتمام کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔

بچوں کی نفسیات کے خصوصی ماہر لکھتے ہیں کہ بچہ میں اس کی عمر کے پہلے سال کبھی کبھی خوف کی علامات ظاہر ہوتی ہیں اور یہ اس وقت جب اچانک شور و غل ہو یا کوئی چیز اچانک گر جائے اور اس طرح کی کوئی اور چیز پیش آجائے تقریباً چھٹے مہینہ

Marfat.com

سے یہ ہوجاتا ہے کہ جب کوئی اجنبی اور نیا آدمی آجائے تو بچہ اس سے ڈرنے لگتا ہے، پھر جب بچہ تیسرے سال میں داخل ہوتا ہے تو وہ بہت سی چیزوں سے ڈرنے لگتا ہے مثلاً حیوانات، گاڑیاں، پست و نشیبی جگہیں، پانی اور اس طرح کی دوسری اور چیزیں۔

عام طور سے بچوں کی بنسبت بچیاں زیادہ خوف کا اظہار کرتی ہیں اور عام طور سے یہ خوف و ڈر بچے کے تخیل پر زیادہ مبنی ہوتا ہے چنانچہ بچہ جتنا زیادہ سوچنے کا عادی ہوگا اتنا ہی زیادہ اس میں خوف کا مادہ ہوگا۔[1]

بچوں میں خوف و ڈر بڑھانے کے اہم اسباب و عوامل درج ذیل ہیں:

- ماں کا بچہ کو سایوں تاریکی اور بھوت چڑیل وغیرہ سے ڈرانا۔
- ماں کا زیادہ ناز و نخرے اٹھانا، اور ضرورت سے زیادہ بے چین ہونا اور شدتِ احساس۔
- بچے کو گوشہ نشینی یکسوئی اور گھر کی دیواروں کے پیچھے چھپنے کا عادی بنانا۔
- ان خیالی قصوں کا بیان کرنا جن کا تعلق جنوں اور بھوتوں و چڑیلوں سے ہے۔

اور اس کے علاوہ دیگر اور اسباب و عوامل۔

بچوں میں موجود اس مرض کا علاج کرنے کے لیے مندرجہ ذیل امور کی رعایت بہت ضروری ہے:

۱۔ بچے کو شروع ہی سے اللہ پر ایمان اور اس کی عبادت اور ہر پیش آمدہ چیز پر اللہ کے سامنے گردن جھکانے کی تربیت دینا، اور بلاشبہ اگر بچے کی تربیت ان ایمانی حقائق کے مطابق ہو اور اس کو ان روحانی و بدنی عبادات کا عادی بنا دیا جائے تو وہ کسی بھی ابتلاء کے وقت نہ خوف زدہ ہوگا اور نہ کسی مصیبت پر جزع فزع کرے گا۔ قرآنِ کریم اسی جانب ہماری رہنمائی کرتا ہے چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

إِنَّ الْإِنسَانَ خُلِقَ هَلُوعًا ۝ إِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعًا ۝ وَإِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوعًا ۝ إِلَّا الْمُصَلِّينَ ۝ الَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ دَائِمُونَ ۝۔ المعارج ۔ ۱۹ تا ۲۳

انسان بے ہمت پیدا ہوا ہے کہ جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو جزع فزع کرنے لگتا ہے۔ اور جب اسے خوشحالی ہوتی ہے تو بخل کرنے لگتا ہے ہاں البتہ وہ نمازی (اس حکم میں داخل نہیں) جو اپنی نماز میں برابر لگے رہتے ہیں۔

[1] ملاحظہ ہو ڈاکٹر نبیہ الغبرہ کی کتاب المشکلات السلوکیۃ عند الاطفال (ص ۔ ۱۵۰)۔

Marfat.com

۲۔ بچے کو تصرفات کی آزادی دینا چاہیے، اور اس پر ذمہ داری ڈالنا چاہیئے، اور اس کی عمر کے مطابق مختلف کاموں کا اس پر بار ڈالنا چاہیے، تاکہ وہ بھی نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مندرجہ ذیل فرمانِ مبارک کے عموم میں داخل ہو جائے:

((کلکم راع وکلکم مسئول عن رعیتہ)). بخاری و مسلم

تم میں سے ہر شخص نگہبان ہے اور تم میں سے ہر شخص سے اس کی رعایا کے بارے میں باز پرس ہوگی۔

۳۔ بچوں کو جن بھوت، چڑیل، بجو، چور، ڈاکو، شیر، کتے وغیرہ سے نہ ڈرانا، اور خصوصاً رونے کے وقت تاکہ بچہ خوف و ڈر کے سایے سے بھی دُور رہے اور شروع سے ہی بہادری جرأت پر پلے بڑھے، اور اس میں اقدام کی عادت ہو، اور اس بہترین جماعت میں شامل ہو سکے جس کی جانب رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رہنمائی کی ہے، چنانچہ امام مسلم روایت کرتے ہیں:

((المؤمن القوی خیر وأحب إلی اللہ من المؤمن الضعیف)).

کمزور و ضعیف مؤمن کی بنسبت طاقتور مؤمن اللہ کے یہاں زیادہ بہتر و زیادہ محبوب ہے۔

۴۔ بچہ جب سمجھدار و عقلمند ہو جائے تو اسے اسی وقت سے عملی طور سے دوسروں کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے میل و جول رکھنے اور ملاقات کرنے کا موقعہ دینا چاہیئے تاکہ وجدانی طور پر بچہ یہ محسوس کرے کہ وہ جس سے ملتا اور شناسائی پیدا کرتا ہے اس کی نظر شفقت و محبت کے لائق اور قابلِ احترام ہے تاکہ وہ ان لوگوں میں شامل ہو جن کا تذکرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے درجِ ذیل فرمانِ مبارک میں کیا ہے:

((المؤمن آلف مألوف، ولا خیر فیمن لا یألف ولا یؤلف وخیر الناس أنفعهم للناس)).

حاکم و بیہقی

مؤمن الفت رکھنے والا ہوتا ہے اور اس سے الفت رکھی جاتی ہے اور ایسے شخص میں کوئی خیر و بھلائی نہیں جو نہ دوسروں سے الفت رکھے اور نہ دوسرے اس سے الفت رکھیں اور لوگوں میں بہترین آدمی وہ ہے جو لوگوں کو زیادہ نفع رسان ہو۔

اور علماءِ نفس و تربیت کی نصیحتوں میں سے یہ بھی ہے کہ: اس میں کوئی مضائقہ نہیں کہ بچہ جس چیز سے ڈرتا ہو اس سے ہم اس کو اور زیادہ متعارف کرائیں، چنانچہ اگر وہ اندھیرے سے ڈرتا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں کہ ہم اس سے اس طرح دل لگی کریں کہ پہلے بتی بجھا دیں پھر جلا دیں، اور اگر وہ پانی سے ڈرتا ہو تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں کہ ہم اس کو یہ موقعہ فراہم کر دیں کہ وہ کسی چھوٹے برتن یا اور کسی چیز میں تھوڑے سے پانی سے کھیلے، اور اگر وہ بجلی کی کسی مشین وغیرہ مثلاً اگر صفائی کی بجلی کی مشین سے ڈرتا ہو تو ہم اس کے بعض اجزاء اس کو کھیلنے کے لیے دے دیں اور پھر پوری مشین اس کو کھیلنے کیلیے تھما دیں، اور اسی طرح دوسری چیزیں بھی...[1]

---

[1] ڈاکٹر نبیہ عنبرہ کی کتاب مشکلات سلوکیہ ص۔ ۱۵۲۔

Marfat.com

۵۔ بچوں کو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات و جنگوں کے واقعات اور سلفِ صالحین کے بہادری کے کارناموں سے واقف کرانا اور انہیں یہ تربیت دینا کہ وہ ان رہنماؤں اور فاتحین اور صحابہ و تابعین کے اخلاق و عادات اپنے اندر پیدا کریں تاکہ بے مثال شجاعت اور نادر بہادری اور جہاد کی محبت اور اعلاءِ کلمۃ اللہ کے لیے بھرپور کوشش ان میں رچی بسی ہو۔

آئیے اب ہم اس کلام کو سنتے ہیں جو اس بارے میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے: ہم اپنے بچوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کی تعلیم بالکل اسی طرح دیا کرتے تھے جس طرح قرآنِ کریم کی سورتوں کی تعلیم دیتے تھے۔

اور حضرت عمر بن الخطاب کی وہ وصیت پہلے گزر چکی ہے جو وہ بچوں کو شہسواری بہادری و جوانمردی اور وسائل جنگ و جہاد کے سکھلانے کے سلسلے میں ان کے والدین کو کیا کرتے تھے، چنانچہ انہوں نے فرمایا: اپنے بچوں کو تیراندازی اور تیرنا سکھاؤ اور انہیں حکم دو کہ وہ گھوڑوں کی پشت پر اچھل کر سوار ہوں۔

اور ایمانی تربیت کی مسئولیت و ذمہ داری کے سلسلہ میں ہم اس حدیث کو بھی پہلے بیان کر چکے ہیں جسے طبرانی نے روایت کیا ہے کہ:

"أدبوا أولادكم على ثلاث خصال: حب نبيكم، وحب آل بيته، وتلاوة القرآن..." — اپنے بچوں کو تین خصلتوں کا عادی بناؤ: اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا: اور آپ کے اہلِ بیت سے محبت کا، اور قرآنِ کریم کی تلاوت کا...

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے بعد آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی یہ توجیہات و رہنمائی اس بات کی قطعی دلیل ہے کہ اسلام اس بات کا اہتمام کرتا ہے کہ بچوں کو شجاعت و بہادری اور جرأت و اقدام کی تربیت دی جائے تاکہ مستقبل میں وہ اسلام کا ایسا مضبوط معاشرہ اور قوم بنیں جو اسلام کی مضبوط و بلند و بالا عمارت تعمیر کرنے اور عالم میں اسلامی عزت کا منارہ بلند کرنے کا ذریعہ بنیں۔

●●●●●●●●●●●●●●●●●●●●●●●●●●●

اس مناسبت سے ذیل میں ہم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بچوں کے بہادری و شجاعت کے وہ انمٹ و عظیم کارنامے پیش کرتے ہیں جو تاریخ کے اوراق کی زینت اور بعد میں آنے والوں کے لیے نمونہ بنے، اور ان کے واقعات اب بھی ضرب المثل ہیں۔ اور ان کی سیرت و کارنامے قوموں کے لیے ذریعہ افتخار اور تاریخ کے تعجب خیز واقعات ہیں:

الف - جنگ احد میں مشرکوں سے لڑنے کے لیے جب مسلمان تیار ہوئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے لشکر کو پیش کیا گیا، آپ نے دیکھا کہ لشکر میں کچھ نوعمر ایسے لڑکے بھی ہیں جو ابھی تک بالغ نہیں ہوئے ہیں۔ اور انہوں نے خود کو مردوں کے ساتھ ملا دیا ہے تاکہ اعلاءِ کلمۃ اللہ کے لیے وہ خود بھی مجاہدین کے ساتھ شامل ہو جائیں، یہ دیکھ کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان

Marfat.com

پر رحم کھایا اور ان میں سے جس کو زیادہ چھوٹا محسوس کیا اسے واپس کر دیا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جن حضرات کو واپس لوٹایا ان میں حضرت رافع بن خدیج اور حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہما بھی تھے، لیکن جب آپ سے یہ عرض کیا گیا کہ: رافع تیر انداز ہیں بہت اچھی تیر اندازی کرتے ہیں تو آپ نے ان کو اجازت دے دی، یہ دیکھ کر حضرت سمرہ رونے لگے اور اپنے سوتیلے والد سے عرض کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رافع کو تو اجازت دے دی ہے اور مجھے واپس کر دیا ہے حالاں کہ میں تو رافع کو پچھاڑ دیا کرتا ہوں، یہ خبر رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی پہنچی تو آپ نے ان دونوں کو لڑنے کا حکم دیا، اور حضرت سمرہ غالب رہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بھی اجازت دے دی۔

ب، جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھی حضرت ابوبکر مدینہ منورہ کی جانب ہجرت کر کے جانے لگے اور غارِ ثور میں تین دن مقیم رہے، تو حضرت ابوبکر کی صاحبزادیوں عائشہ اور اسماء رضی اللہ عنہم نے دونوں حضرات کے لیے توشۂ سفر تیار کیا، اور حضرت اسماء نے اپنے ازار بند کو دو ٹکڑے کر کے ایک ٹکڑے سے کھانے کے اس برتن کے منہ کو باندھ دیا جسے وہ لیکر جاتی تھیں، اسی لیے انہیں ذات النطاقین (یعنی دو ازار بند والی) کہا جاتا ہے، اور حضرت ابوبکر کے صاحبزادے عبداللہ خبریں پہنچایا کرتے تھے، چنانچہ قریش دن میں جو کوئی منصوبہ بناتے اور ان دونوں حضرات کو نقصان پہنچانے کیلئے جو سازش بھی تیار کرتے تھے یہ اسے رات کو ان دونوں حضرات تک پہنچا دیا کرتے تھے، اور کچھ دیر ان حضرات کے پاس ٹھہرتے بھی تھے، اور سحر کے وقت واپس آجایا کرتے تھے، اور مکہ میں قریش کے ساتھ بالکل اسی طرح صبح کرتے تھے گویا کہ وہ مکہ میں ہی رات بھر سوئے ہوں، یہ بات ذہن نشین رہے کہ حضرت عائشہ و حضرت عبداللہ دونوں اس وقت تک نابالغ بچے تھے واقعۃً یہ بہادری کی ایک ایسی نادر مثال ہے جو بہت سے مردوں میں بھی نہیں مل سکتی۔

ج۔ بخاری و مسلم حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں جنگِ بدر کے موقعہ پر صف میں کھڑا ہوا تھا، میں نے اپنے دائیں اور بائیں دیکھا تو کیا دیکھا کہ میں انصار کے دو نو عمر لڑکوں کے درمیان کھڑا ہوں (میرا دیکھنا ان بچوں نے تاڑ لیا) اور ان میں سے ایک نے آنکھ کے اشارے سے مجھ سے کہا کہ چچا جان! کیا آپ ابوجہل کو پہچانتے ہیں؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں! لیکن تمہیں اس سے کیا کام ہے؟ اس لڑکے نے کہا کہ مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ وہ شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو برا بھلا کہتا ہے، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے کہ اگر میں نے اسے دیکھ لیا تو میں اس سے اس وقت تک الگ نہ ہوں گا جب تک کہ ہم دونوں میں سے جس کو پہلے مرنا ہے وہ مر نہ جائے یہ بات سن کر مجھے بہت تعجب ہوا، دوسرے نے بھی مجھے اشارہ کیا اور اسی طرح کی بات کہی، کچھ دیر کے بعد ہی میری نظر ابوجہل پر پڑی وہ لوگوں کے درمیان چل رہا تھا۔

میں نے کہا: کیا تم دونوں دیکھ نہیں رہے ہو۔ یہی تو وہ شخص ہے جس کے بارے میں تم دونوں مجھ سے ابھی پوچھ

Marfat.com

رہے تھے، یہ سنا تھا کہ دونوں تلواریں لے کر اس پر جھپٹ پڑے اور اس سے لڑے یہاں تک کہ اسے قتل کر ڈا
پھر واپس آکر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس واقعہ کی اطلاع دی، تو آپ نے پوچھا: اسے تم دونوں میں سے کس نے ق
کیا ہے؟ دونوں میں سے ہر ایک نے کہا کہ میں نے اسے مارا ہے، آپ نے پوچھا: کیا تم دونوں نے اپنی اپنی تلوار
کو پونچھ لیا ہے، ان دونوں نے عرض کیا: جی نہیں، راوی فرماتے ہیں کہ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کی تلواریں
دیکھیں اور فرمایا: تم دونوں ہی نے اسے قتل کیا ہے، اور ابوجہل کا پھوڑا۔ ہوا سامانِ جنگ وغیرہ معاذ بن عمرو بن الجمو
اور معاذ بن عفراء رضی اللہ عنہما دونوں کو دینے کا فیصلہ کر دیا۔

۷۔ ابن ابی شیبہ امام شعبی سے روایت نقل کرتے ہیں کہ جنگِ احد کے موقعہ پر ایک عورت نے اپنے لڑکے کو تلوا
تھمائی لیکن وہ اسے اٹھا نہ سکا، تو اس عورت نے وہ تلوار بٹے ہوئے چمڑے کے ذریعہ اس کے کاندھے پر باندھ دی اور پھ
اس کو لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول، میرا یہ بچہ آپ کی طرف
سے جنگ کرے گا، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیٹے ادھر سے حملہ کرو، بیٹے ادھر سے حملہ کرو، لڑائی میں
وہ زخمی ہو کر گر گیا تو اسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر کیا گیا تو آپ نے فرمایا: بیٹا شاید تم گھبرا گئے ہو گے، تو لڑکے
نے عرض کیا: جی نہیں اے اللہ کے رسول۔

۸۔ ابن سعد نے طبقات میں اور بزار اور ابن الاثیر نے الاصابۃ میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے
روایت کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے اپنے بھائی عمیر بن ابی وقاص کو جنگِ بدر کے موقعہ پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
کے سامنے آنے سے گریز کرتے ہوئے دیکھا، تو میں نے ان سے پوچھا بھائی آپ کو کیا ہو گیا ہے؟ انہوں نے کہا: مجھے ڈر ہے
کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دیکھ لیں اور پھر مجھے واپس لوٹا دیں، حالاں کہ میں تو جنگ کے لیے جانا
چاہتا ہوں ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ مجھے شہادت عطا فرما دیں، حضرت سعد فرماتے ہیں کہ پھر ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
سامنے پیش کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں کم عمری کی وجہ سے واپس لوٹا دیا، تو وہ رونے لگے یہ دیکھ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم
نے انہیں جنگ میں جانے کی اجازت دے دی۔

حضرت سعد فرماتے ہیں کہ ان کی نوعمری کی وجہ سے ان کی تلوار کا پٹہ میں باندھا کرتا تھا، اور وہ سولہ سالہ لڑکا شہید ہو گیا
فرضی اللہ عنہ وأرضاہ۔

ان یادگار تاریخی مثالوں اور ان جیسی اور دوسری مثالوں سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی اولاد
بہادری، شجاعت وجوانمردی اور جرأت واستقلال کے اعلیٰ ترین درجے پر فائز تھی، اور اس کا سبب سوائے اس کے اور کچھ نہ
تھا کہ انہوں نے نبوی مدرسے، مسلمان گھرانے اور جواں مرد بہادر مسلم ومؤمن معاشرے میں صحیح واعلیٰ تربیت حاصل کی تھی!!
لکہ ان کی مائیں اپنے بچوں اور جگر گوشوں کو جہاد وکارزار کے میدان کی طرف بھیجا کرتی تھیں، اور جب انہیں ان کی شہادت

Marfat.com

کی خبر اور موت کی اطلاع ملتی تو ان میں سے کوئی کہنے والی یہ یادگار جملہ کہتی، تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے ان کی شہادت کا شرف بخشا، اور مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اور مجھے قیامت میں اپنی رحمت میں ڈھانپ لے گا۔

اس طرح ان کے والدین بھی بچپن سے ہی اپنی اولاد کو شہسواری بہادری شجاعت جوانمردی جرأت واقدام اور خطرناک ونازک مقامات میں گھس جانے کی تربیت دیا کرتے تھے، اور پھر جب وہ کچھ بڑے ہو جاتے اور ہمت پیدا ہو جاتی (اور وہ ابھی بالغ بھی نہ ہوئے تھے) تو وہ آزادی، جہاد اور طلب رزق کے قافلوں کے ساتھ سچے داعی اور بہادر مجاہد اور محنت کش عامل بن کر نکل پڑتے تھے۔

مثال کے طور پر ہم ایک مؤمن لڑکے کا وہ شاندار موقف پیش کرتے ہیں جس میں اس نے اپنے والد سے یہ درخواست کی تھی کہ وہ اسے اطراف عالم کا دورہ کرنے کا موقعہ فراہم کر دیں تاکہ وہ اپنے لیئے عزت وترقی کے راستے تلاش کر سکے اور عزت وکرامت کی بلندیوں تک پہنچ سکے، بلکہ اس نے اپنے والد سے ایسے اشعار کے ذریعہ خطاب کیا تھا جو عزت نفس اور خودداری سے بھرپور ہیں:

اقذف السرج علی المہـ	ـر وقرطمہ اللجاما
گھوڑے پر زین کس دیں	اور اس کے منہ میں لگام ڈال دیں
ثم صب الدرع فی رأ	سی وناولنی الحساما
پھر میرے سر میں زرہ ڈال دیں	اور مجھے تیز قسم کی تلوار دیدیں
فمتی أطلب إن لم	أطلب الرزق غلاما
بھلا میں اور کس وقت طلب	رزق کروں گا اگر میں نوعمری ہی سے کمائی نہ کروں
سأجوب الأرض أبغی	ـہ حلالاً لا حراما
میں سفر کروں گا تاکہ حلال	رزق کما سکوں نہ کہ حرام
فلعل الظعن ینفی الف	قر أو یدنی الحماما
شاید کہ کوچ کرنا فقر وفاقہ کو	دور کر دے یا موت کو قریب کر دے

اس بے نظیر مثالی معاشرے نے ان شاندار خصلتوں میں نشوونما پایا اور ان مکارم اخلاق میں ترقی کرتے رہے اور یہ صرف اس لیے کہ:

انہوں نے نوعمری ہی میں تیر اندازی شہسواری اور تیرنے کی تربیت حاصل کی تھی..
اس لیے کہ انہوں نے غلط ناز ونخرے اور تباہ کن الگ تھلگ رہنے کی عادت نہ ڈالی تھی..

Marfat.com

اس لیے کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرتے تھے اور انہیں اپنے اوپر اعتماد تھا۔
اس لیے کہ وہ سادہ زندگی، شہسواری اور سفروں کے عادی تھے۔
اس لیے کہ انہیں یہ سکھایا گیا تھا کہ وہ اپنے ہم عمر چچازاد بھائیوں اور خاندان والوں کے ساتھ میل جول رکھیں۔
اس لیے کہ وہ بہادروں اور فتوحات و کامیابی حاصل کرنے والے سربراہوں کے حالات و سیرت سنا کرتے تھے۔
اور اس کے علاوہ اور دوسری اچھائیاں جو ان کی گھٹی میں ڈال دی گئیں تھیں، اور ایسی عمدہ تربیت جو انہیں دی جاتی رہتی تھی!!۔

وهل ينبت الخطى إلا وشيجه — وتغرس إلا في منابتها النخل

خطی نیزوں کو ان کا درخت ہی اگاتا ہے — اور کھجور اپنی جگہ پر ہی لگائی جاتی ہے

اور جس روز والدین اور تربیت کرنے والے اس عظیم طریقے کو اختیار کرلیں گے، جسے ہمارے بہادر اور عظیم آباء واجداد نے اختیار کیا تھا۔
اور جس دن ہماری اولاد ان خصلتوں اور عادتوں اور ان مکارمِ اخلاق کی تربیت حاصل کرلے گی...
اور جس روز صحیح تربیت کے ان قواعد وضوابط کو اپنا لیا جائے گا جو بچوں کو خوف، بزدلی اور احساسِ کہتری سے آزادی دلادیں۔

جس دن یہ سب کچھ کرلیا جائے گا اس روز معاشرہ بے چینی و پریشانی سے اطمینان و اعتماد اور خوف و ڈر سے بہادری و جرأت اور کمزوری سے طاقت اور ذلت و رسوائی سے عزت و کرامت کی جانب منتقل ہوجائے گا۔
اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے اس فرمانِ مبارک کا مصداق بن جائے گا:

﴿ وَلِلَّهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُولِهِ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَلَٰكِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَا يَعْلَمُونَ ﴾۔

حالاں کہ عزت تو بس اللہ ہی کی ہے اور اس کے پیمبر کی اور ایمان والوں کی البتہ منافقین (ہی اس کا) علم نہیں رکھتے۔

المنافقون-۸

۳۔ احساس کمتری کی بیماری

کمی و نقص کا شعور ایک ایسی نفسیاتی حالت ہے جو بعض بچوں میں پیدائشی یا بیماری کی وجہ سے یا تربیت یا اقتصادی حالات کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے...

نفسیاتی امراض میں سب سے خطرناک مرض یہ عادت ہے جو بچے کو جامد اور منحرف کردیتی ہے، اور اس کو رذالت بدبختی اور مجرمانہ زندگی کی جانب ڈھکیل دیتی ہے۔
چونکہ ہر عادت اور اسلام کی روشنی میں اس کے علاج کو ہم موضوعِ بحث بنا رہے ہیں اس لیے ہمارا فریضہ ہے

Marfat.com

کہ ہم اس عادت پر بھی تفصیل سے روشنی ڈالیں اور اس کا علاج بیان کریں اس لیے کہ یہ نہایت خطرناک اور اہم ہے، اور اس کے اثرات بڑے دور دور تک پہنچتے ہیں۔

یہ اس لیے ضروری ہے تاکہ والدین اور تربیت کرنے والے سب کے سب اس مرض سے بچاؤ کی تدابیر اختیار کریں۔ اور علاج کے ان تمام وسائل کو اختیار کریں جو بچے کو کمتری اور نقص کے احساس اور نفسیاتی پیچیدگیوں سے بچائیں، تاکہ ان کے بچوں کی صحیح نفسیاتی تربیت ہو سکے، اور عمدہ و اچھے اخلاق کی ضمانت ہو!!..

وہ عوامل و اسباب جو بچے کی زندگی میں احساسِ کمتری اور کمی کا شعور پیدا کرتے ہیں وہ درج ذیل ہیں:

۱۔ تذلیل و تحقیر اور اہانت آمیز سلوک۔
۲۔ ضرورت سے زیادہ ناز و نخرے برداشت کرنا۔
۳۔ بچوں میں ایک کو دوسرے پر ترجیح دینا۔
۴۔ جسمانی امراض و بیماریاں۔
۵۔ یتیمی۔
۶۔ فقر و فاقہ و غربت۔

اللہ نے چاہا تو ان عوامل میں سے ہر عامل اور ہر باعث پر بحث کرتے ہوئے ہم تفصیل سے روشنی ڈالیں گے، اور اسلام نے اس کا جو علاج بیان کیا ہے اسے بھی ذکر کریں گے، درحقیقت اللہ ہی وہ ذات ہے جس سے مدد مانگی جاتی ہے اور اس سے ہم سیدھے راستے پر چلنے اور تائید و توفیق کی دعا مانگتے ہیں۔

۱۔ تحقیر و اہانت آمیز سلوک

ان عوامل میں سے ہے جو بچے کے نفسیاتی انحراف کے اسباب میں سب سے بدترین عامل ہے بلکہ بچوں میں احساسِ کمتری پیدا کرنے اور اس مرض کو راسخ کرنے کا یہ سب سے بڑا ذریعہ ہے، چنانچہ بسا اوقات ہم سنتے ہیں کہ ماں یا باپ جب بچے کو صحیح راستے اور اعلیٰ اخلاق سے پہلی مرتبہ ہی ہٹتے دیکھتے ہیں تو فوراً اس کی تشہیر کر دیتے ہیں، چنانچہ اگر وہ ایک مرتبہ بھی جھوٹ بول دے تو ہم اسے ہمیشہ جھوٹے کے نام سے پکارتے ہیں۔ اور اگر وہ اپنے چھوٹے بھائی کو ایک مرتبہ بھی تھپڑ رسید کر دے تو ہم اسے شریر کہنے لگتے ہیں اور اگر اگر وہ اپنی چھوٹی بہن کے ہاتھ سے چالاکی سے سیب چھین لے تو ہم اسے مکار کہنے لگتے ہیں، اور جب وہ اپنے والد کی جیب سے قلم نکال لے تو ہم اسے چور کے نام سے پکارنے لگتے ہیں، اور اگر ہم اس سے پانی کا گلاس مانگیں اور وہ فوری طور سے نہ لائے تو ہم اسے سست کے نام پکارنے لگتے ہیں، اور اس طرح سے اس کی پہلی لغزش و غلطی کی وجہ سے اسے اس کے بہن بھائیوں اور سب گھر والوں کے سامنے مشہور کر دیتے ہیں (۱)۔

---

(۱) ملاحظہ ہو ڈاکٹر مصطفیٰ سباعی کی کتاب "اخلاقنا الاجتماعیۃ" (ص۔ ۱۵۹)۔

اور ہمارے معاشرے میں تحقیر واہانت آمیز سلوک کے مظاہر میں سے یہ بھی ہے کہ بچے کو اس کے بہن بھائیوں اور رشتہ داروں اور بعض اوقات بچے کے دوستوں کے سامنے بھی ناپسندیدہ کلمات اور برے الفاظ سے پکارا جاتا ہے حتیٰ کہ بعض اوقات تو ان اجنبی لوگوں کے سامنے بھی یہ کلمات دہرائے جاتے ہیں جنہیں بچے نے نہ پہلے کبھی دیکھا ہوتا ہے نہ اسے کبھی ان کے ساتھ اکٹھا ہونے کا موقعہ ملا ہوتا ہے، اور ظاہر ہے کہ اس صورتحال کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ بچہ اپنے آپ کو حقیر و ذلیل اور ایسا مہمل و نکما سمجھنے لگے گا جس کی نہ کوئی حیثیت ہے نہ عزت نہ قدر و قیمت، اور اس کی وجہ سے بچے میں ایسی نفسیاتی پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں جن کی وجہ سے وہ دوسروں کو ناپسندیدگی اور حسد و کراہیت کی نظر سے دیکھنے لگتا ہے، اور وہ اپنے آپ کو دوسروں سے علیحدہ اور مسئولیات و ذمہ داریوں سے شکست خوردہ سمجھنے لگتا ہے۔

اس سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ جب ہم بچوں و بچیوں کے ساتھ ایسی غلط تربیت اور سخت گیر معاملہ کرتے ہیں تو ہم کتنی بڑی غلطی و زیادتی کا ارتکاب کرتے ہیں۔

بھلا بتائیے کہ جب ہم نے بچپن سے ہی بچوں کے دلوں میں انحراف اور نافرمانی اور سرکشی کے بیج بو دیے ہوں تو ایسی صورتحال میں ہم بچوں سے اطاعت و فرمانبرداری اور عزت و احترام اور استقامت و بردباری کی کیسے توقع کر سکتے ہیں؟

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے پاس ایک صاحب اپنے بیٹے کی نافرمانی کی شکایت کرنے آئے تو حضرت عمرؓ نے لڑکے کو بلوایا اور والد کی نافرمانی پر اسے سرزنش کی، اور والد کے حقوق وغیرہ ادا نہ کرنے پر اسے تنبیہ کی تو لڑکے نے کہا: اے امیر المؤمنین! کیا لڑکے کے اپنے والد پر کچھ حقوق نہیں ہیں؟ تو حضرت عمر نے فرمایا: کیوں نہیں! لڑکے نے پوچھا: اے امیر المؤمنین وہ حقوق کیا ہیں؟

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس کے لیے اچھی ماں کا انتخاب کرے اور اس کا اچھا سا نام رکھے اور اس کو قرآن کریم کی تعلیم دلائے۔

لڑکے نے کہا: اے امیر المؤمنین! میرے والد نے تو ان میں سے کوئی کام بھی نہیں کیا، اس لیے کہ میری ماں ایک مجوسی کی حبشی باندی ہے، اور میرے والد نے میرا نام جُعَل (جو ایک کیڑے کا نام ہے) رکھا ہے، اور میرے والد نے مجھے قرآن کریم کا ایک حرف بھی نہیں سکھایا۔

یہ سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان صاحب کی طرف متوجہ ہوئے اور ان سے کہا کہ تم تو میرے پاس اپنے بیٹے کی نافرمانی کی شکایت لے کر آئے تھے حالاں کہ اس کی نافرمانی سے قبل تم نے اس کے ساتھ زیادتی کی ہے اور تم نے اس کے ساتھ برا سلوک کیا ہے اس سے قبل کہ وہ تمہارے ساتھ برا سلوک کرے۔

لطیفوں میں سے ایک لطیفہ یہ بھی ہے کہ ایک روز ایک باپ نے اپنے بیٹے کو اس کی ماں کے بارے میں طعنہ دیا اور کہا: تم ایک باندی کی اولاد ہو کر میری حکم عدولی کرتے ہو؟! یہ سن کر بیٹے نے اپنے باپ سے کہا:

Marfat.com

ابا جان میری ماں تو آپ سے بہتر ہے !! باپ نے پوچھا: وہ کیسے ؟ لڑکے نے کہا: اس لیے کہ اس نے نہایت عمدہ انتخاب کیا اور مجھے ایک آزاد مرد کے نطفے سے جنا اور آپ نے غلط انتخاب کیا اور مجھے ایک باندی کے ذریعہ پیدا کرایا۔

ہمیں اس میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ والد کی طرف سے لڑکے کو جو سخت وسست یا قبیح القاب سے نوازا جاتا ہے ہ بچے کے کسی چھوٹے یا بڑے جرم یا گناہ یا غلطی کی وجہ سے ہی ہوتا ہے جن کا مقصد اصلاح وتربیت اور سزا دینا ہی ہوتا ہے۔

لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس گناہ کا علاج غصے وناراضگی اور ڈانٹ ڈپٹ کے طریقہ سے نہیں ہو سکتا، اس لیے کہ اس سے بچے کے ذہن پر بہت خطرناک اثرات پڑتے ہیں، اور اس کا سنجیدہ کردار مجروح ہوتا ہے، جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ گالم گلوچ ی زبان کا عادی ہو جاتا ہے، اور بے وقوفوں اور بدکرداروں کے طریقے اختیار کر لیتا ہے۔ اور ہم اپنی اس حرکت اور درشت وسخت عاملے کی وجہ سے بچے پر بڑا ظلم کرتے ہیں اور بجائے اس کے کہ ہم اسے ایک ایسا سمجھدار باوقار آدمی بنائیں جو استقامت بردباری اور عقل وبصیرت کے ساتھ زندگی گزارے اس کے بجائے ہم نفسیاتی واخلاقی طور پر اسے بالکل توڑ پھوڑ ڈالتے ہیں راہ ہم اس بات کو سمجھیں یا نہ سمجھیں۔

اگر بچے سے کوئی غلطی یا لغزش ہو جائے تو اس سلسلہ میں اسلام بچے کی اصلاح کا کیا طریقہ بتلاتا ہے یہ سوچنے کی بات ہے ؟

علاج کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ ہم نرمی وپیار سے اسے اس کی غلطی پر متنبہ کریں اور مضبوط دلیلوں سے اس کو ہم یہ باور اور ذہن نشین کرائیں کہ اس سے جو حرکت سرزد ہوئی ہے اسے کوئی بھی عقل منداور صاحب بصیرت انسان اور عقل اور صحیح فکر کا مالک کبھی بھی پسند نہیں کرے گا۔

اس طرح اگر وہ سمجھ جائے اور مطمئن ہو جائے تو ہمارا مقصد یعنی اس کی اصلاح وہ ہمیں حاصل ہو گیا اور اس کی بھی اصلاح ہو گئی، ورنہ پھر اس کے علاج کا دوسرا طریقہ اختیار کرنا چاہیے جسے ہم عنقریب اس کتاب تربیۃ الاولاد کی تیسری قسم میں سزا کے ذریعہ تربیت کے عنوان کے تحت ان شاء اللہ بیان کریں گے۔

سزا دینے کا یہ نرم طریقہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ ہے، لیجیے ذیل میں نمونہ کے طور پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نرمی اور حسنِ معاملہ اور بعض وصیتوں کا ذکر کرتے ہیں:

الف - امام احمد سندِ جید سے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک نوجوان نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا، اے اللہ کے نبی کیا آپ مجھے زنا کی اجازت دیں گے ؟ یہ سن کر لوگ اس پر برس پڑے.. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو میرے قریب کر دو اور آپ نے اس سے فرمایا: نزدیک آجاؤ.. وہ قریب آکر آپ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیٹھ گئے، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم یہ چیز اپنی ماں کے لیے پسند کرو گے؟
اس نوجوان نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر قربان کر دے میں تو یہ پسند نہیں کروں گا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسی طرح اور لوگ بھی یہ چیز اپنی ماؤں کے لیے پسند نہیں کرتے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: کیا تم یہ اپنی بیٹی کے لیے پسند کرو گے؟ اس نے کہا: جی نہیں، اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر قربان کر دے، تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ اسی طرح اور لوگ بھی یہ چیز اپنی بیٹیوں کے لیے پسند نہیں کرتے۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا: کیا تم یہ بات اپنی بہن کے لیے پسند کرو گے؟ اس نے عرض کیا: جی نہیں، اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر قربان کر دے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس طرح اور لوگ بھی یہ بات اپنی بہنوں کیلیے پسند نہیں کرتے، پھر آپ نے اسکے سامنے چچی اور پھوپھی کا تذکرہ کیا... اور وہ ہر مرتبہ یہی کہتا رہا کہ جی نہیں۔ اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر قربان کر دے
پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دستِ مبارک اس کے سینے پر رکھا اور فرمایا:

«اللّٰهم طهر قلبه، واغفر ذنبه، وحصن فرجه».

اے اللہ اس کے دل کو پاک صاف کر دے، اور اس کے گناہوں کو معاف فرما دے، اور اس کی شرم گاہ کو محفوظ رکھ۔

چنانچہ جب وہ نوجوان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے اٹھے تو ان کی حالت یہ تھی کہ ان کو زنا سے زیادہ اور کوئی چیز مبغوض و ناپسندیدہ نہیں تھی۔

ب۔ امام مسلم اپنی صحیح میں حضرت معاویہ بن الحکم السلمی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ رہا تھا کہ کسی کو چھینک آگئی تو میں نے جواب میں: یرحمک اللہ کہہ دیا، تو لوگ مجھے گھورنے لگے، میں نے کہا: میری ماں مجھ پر روئے! تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم مجھے گھور رہے ہو؟ یہ سن کر وہ اپنے ہاتھ اپنی رانوں پر مارنے لگے، جب میں نے دیکھا کہ وہ مجھے خاموش کرنا چاہتے ہیں تو میں خاموش ہو گیا، جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو آپ علیہ الصلاۃ والسلام نے مجھے بلایا، پس میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائیں میں نے آپ سے زیادہ اچھے طریقے سے تعلیم دیتے ہوئے نہ کسی معلم کو آپ سے پہلے دیکھا اور نہ آپ کے بعد، بخدا نہ آپ نے مجھے ڈانٹا نہ مارا نہ برا بھلا کہا بس صرف یہ فرمایا کہ،

«إن هذه الصلاة لا يصلح فيها شيء من كلام الناس، إنما هو التسبيح والتكبير وقراءة القرآن».

اس نماز میں باتیں کرنا درست نہیں ہے۔ نماز تسبیح و تکبیر اور قرآنِ کریم کی تلاوت کا نام ہے۔

ج۔ امام بخاری حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ایک دیہاتی نے مسجد میں

Marfat.com

پیشاب کر دیا، لوگ اس کو برا بھلا کہنے کے لیے کھڑے ہو گئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کو چھوڑ دو اور اس کے پیشاب پر پانی کا ایک ڈول بہا دو، اس لیے کہ تم کو آسانی پیدا کرنے کے لیے بھیجا گیا ہے نہ کہ مشکلات اور سختی پیدا کرنے کے لیے۔

نرمی اور رفق کے سلسلہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وصیّتوں میں سے بعض وصیتیں درج ذیل ہیں:

امام بخاری و مسلم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«إن الله رفيق يحب الرفق في الأمر كله».

اللہ تعالیٰ مہربان اور نرم ہیں اور ہر معاملہ میں نرمی کو پسند فرماتے ہیں۔

اور امام مسلم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«إن الرفق لا يكون في شيء إلا زانه، ولا ينزع من شيء إلا شانه».

نرمی کسی چیز میں بھی اختیار نہیں کی جاتی مگر یہ کہ وہ اسے زینت بخش دیتی ہے۔ اور اس کو کسی بھی چیز سے دُور نہیں کیا جاتا مگر یہ کہ وہ اسے عیب دار بنا دیتی ہے۔

❊ ❊ ❊

اور امام مسلم حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی علیہ وسلم سے سُنا ہے آپ نے ارشاد فرمایا،

«من يحرم الرفق يحرم الخير كله».

جو شخص نرمی و رفق سے محروم کر دیا گیا ہو وہ تمام بھلائیوں سے محروم کر دیا گیا۔

❊ ❊ ❊

مندرجہ بالا کلام سے یہ بات واضح ہو گئی کہ بچے کی تحقیر و تذلیل اور اس کو ہمیشہ ڈانٹنا اور جھڑکنا اور خصوصاً دوسروں کے سامنے، بچے میں احساسِ کمتری اور نقص و کمی کا شعور پیدا کرنے کا سب سے اہم سبب ہے اور بچے کے نفسیاتی و اخلاقی انحراف کی یہی سب سے بڑی وجہ ہے۔ اور اس مرض کا بہترین علاج یہ ہے کہ اگر بچہ کوئی غلطی کرے تو اسے نرمی اور پیار سے تنبیہ کر دی جائے، اور ساتھ ہی اس کو ایسی طرح سمجھا دیا جائے جس سے آئندہ کے لیے وہ غلطی سے باز رہے۔ تربیت کرنے والے کو چاہیے کہ اگر وہ بچے کو ڈانٹنا اور سرزنش کرنا چاہے تو دوسروں کے سامنے ایسا نہ کرے۔ ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ مربی بچے کی اصلاح اور اس کی کجی دور کرنے کے لیے شروع شروع میں نہایت نرم، اچھا طریقہ اختیار کرے جو اصلاح اور تربیت اور کجی دور کرنے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ تھا۔

۲- ضرورت سے زیادہ ناز ونخرے برداشت کرنا یہ بھی بچے کے نفسیاتی واخلاقی انحراف کے عوامل میں سے خطرناک عامل اور باعث ہے، اس لیے کہ عام طور سے اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ بچہ اپنے اندر کمی ونقص کو محسوس کرتا ہے، اور زندگی سے بغض وحسد رکھنے لگ جاتا ہے۔

اور عام حالات میں اس کا نتیجہ شرمندگی، فروتنی وبدگمانی! ور مردانگی اور بہادری کے فقدان اور اپنے اوپر عدمِ اعتماد اور بے راہ روی کی طرف بڑھنے اور ساتھیوں سے پیچھے رہنے کی شکل میں نکلتا ہے۔

ہم نے یہ جو کہا کہ ضرورت سے زیادہ ناز ونخرے برداشت کرنے کی وجہ سے بچے میں احساسِ کمتری ونقص کا احساس پیدا ہوتا ہے اور وہ زندگی سے بغض وحسد کرتا ہے اس کی وجہ درجِ ذیل ہے:

وہ دیکھتا ہے کہ اور لوگ آگے کی طرف بڑھ رہے ہیں اور وہ قافلہ کے آخری سرے پر ہے۔

وہ دیکھتا ہے کہ لوگوں میں شجاعت وبہادری اور اقدام کی جرأت ہے اور وہ بزدلی وخوف کا شکار ہے۔

وہ لوگوں کو حرکت ہزاحمت ومقابلے اور مجاہدے میں لگا ہوا دیکھتا ہے۔ اور وہ خود خاموشی جمود اور ایک جگہ پڑے رہنے کا شکار ہوتا ہے۔

وہ لوگوں کو ایک دوسرے سے ملتے جلتے اور یکجا جمع ہوتے ہوئے دیکھتا ہے حالانکہ وہ خود گمنامی اور گوشہ نشینی کا مارا ہوا ہوتا ہے۔

- وہ دیکھتا ہے کہ لوگ مصائب وآفات کا خندہ پیشانی سے مقابلہ کرتے ہیں حالانکہ اگر ذرا سی بھی مصیبت وپریشانی اس پر آپڑے تو وہ آہ وبکا اور جزع فزع میں لگ جاتا ہے...

آپ ہی بتلائیے کہ جس بچے کی یہ حالت اور یہ کیفیت ہو کیا وہ کامل ومکمل انسان ہو سکتا ہے؟ اور کیا وہ معاشرہ کے لیے فائدہ مند فرد بن سکتا ہے؟ اور کیا ایسا شخص زندگی کو پرامید اور اچھی نظروں سے دیکھ سکتا ہے؟ اور کیا ایسا آدمی ایسی شخصیت بن سکتا ہے جسے اپنی ذات پر اعتماد اور بھروسہ ہو؟

اور اگر اس کا جواب نہیں میں ہے!!!

تو پھر والدین بچے کے ناز اٹھانے میں غلو کیوں کرتے ہیں؟ اور ایسے ناز ونخرے میں اسے کیوں پالتے ہیں؟ اور ضرورت سے زیادہ بچے سے ایسا تعلق کیوں رکھتے ہیں؟ اور خاص کر ماں، اس لیے کہ ماں بچے کی ضرورت سے زیادہ رعایت کرتی ہے اور اگر یہ کہنا درست ہو کہ ماں وہم کا شکار ہوتی ہے جو اس کو اس بات پر مجبور کرتا ہے کہ وہ اپنے بچے کو گلے سے لگائے اور اس انداز سے اس کے ناز اٹھائے جو عام لوگوں اور اعتدال کی حد سے زائد ہو۔

یہ نہایت خطرناک بات ہے جو ہم ان ماؤں میں بہت نمایاں پاتے ہیں جو بچے کی اسلامی تربیت کے قواعد و

Marfat.com

ضوابط سے ناآشنا ہیں:

❁ ماں کی اس غلط تربیت کے مظاہر میں سے یہ بھی ہے کہ وہ بچے کو ان کاموں کے کرنے کی بھی اجازت نہیں دیتی جن کے کرنے پر وہ قادر ہے، اور وہ یہ سمجھتی ہے کہ اس کا یہ فعل بچے کے ساتھ شفقت اور اس پر رحم کے قبیل سے ہے۔

❁ اس غلط تربیت کے مظاہر میں سے بچے کو ہمیشہ سینے سے لگائے رکھنا بھی ہے، چنانچہ جب وہ فارغ ہوتی ہے تو اسے ذرا دیر کو بھی نہیں چھوڑتی خواہ گود میں لینے کی ضرورت ہو یا نہ ہو؟

❁ اس غلط تربیت کے مظاہر میں سے یہ بھی ہے کہ ماں اس خوف سے کہ کہیں بچے کو کوئی تکلیف نہ پہنچ جائے اسے ایک لمحہ کے لیے بھی اپنی نظروں سے اوجھل نہ ہونے دے۔

❁ اس کے مظاہر میں سے یہ بھی ہے کہ جب بچہ گھر کے ساز و سامان کو خراب کر دے یا میز پر چڑھ جائے یا قلم سے دیوار کو سیاہ کر ڈالے تو ایسی صورت میں بھی ماں اس سے باز پرس نہ کرے۔

ضرورت سے زیادہ ناز و نخرے اٹھانے کی بیماری والدین میں اس وقت اور بھی خطرناک شکل اختیار کر لیتی ہے جب ان کے یہاں کافی عرصے کے بعد اولاد پیدا ہو، یا چند مسلسل اسقاط ہونے کے بعد بچہ ہو۔ یا چند لڑکیوں کی پیدائش کے بعد لڑکا پیدا ہو، یا بچہ کسی ایسی بیماری میں گرفتار رہ چکا ہو جس سے اس کی جان کے لالے پڑ گئے ہوں اور پھر اس کو تندرستی نصیب ہوئی ہو۔

لیکن اس مرض کے کم کرنے کے لیے اسلام نے کیا علاج پیش کیا ہے؟:

۱۔ والدین میں یہ عقیدہ مضبوط و عمیق ہو نا کہ جو کچھ ہوتا ہے وہ اللہ کے حکم و فیصلہ سے ہوتا ہے، تاکہ وہ یہ بات سمجھ لیں کہ انہیں یا ان کی اولاد کو صحت ہو یا بیماری نعمتیں و آسائشیں ہو یا تکالیف و تنگی، یا اللہ نے ان کے لیے جو اولاد مقرر و مقدر کر رکھی ہے یا بانجھ پن یا تونگری، اور غربت و فقر و فاقہ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی مشیت و حکم اور اس کے فیصلہ سے ہی ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

﴿مَا أَصَابَ مِنْ مُّصِيبَةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي أَنفُسِكُمْ إِلَّا فِي كِتَابٍ مِّن قَبْلِ أَن نَّبْرَأَهَا ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ لِّكَيْلَا تَأْسَوْا عَلَىٰ مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوا بِمَا آتَاكُمْ ۗ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ﴾ الحدید - ۲۲ و ۲۳

کوئی سی بھی مصیبت نہ دنیا میں آتی ہے اور نہ خاص تمہاری جانوں میں مگر یہ کہ (سب) ایک رجسٹر میں (لکھی ہیں) قبل اس کے کہ ہم ان جانوں کو پیدا کریں، یہ اللہ کے لیے آسان ہے (یہ بات بتا دی گئی ہے) تاکہ جو چیز تم سے لی جا رہی ہے اس پر (اتنا) رنج نہ کرو اور جو چیز اس نے تمہیں دی ہے اس پر اتراؤ نہیں، اور اللہ کسی اترانے والے شیخی باز کو پسند نہیں کرتا۔

❁ ❁ ❁

Marfat.com

اور اللہ جل جلالہ فرماتے ہیں ،

((لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ، يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ۝ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ، وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ، اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۝))

الشوریٰ - ۴۹ و ۵۰

اللہ ہی کی سلطنت ہے آسمانوں اور زمین میں وہ جو چاہتا ہے پیدا کر دیتا ہے ، جس کو چاہتا ہے (اولاد) مادہ عنایت کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے (اولاد) نرینہ عنایت کرتا ہے یا ان کو نر و مادہ (کی صورت میں) بھی جمع کر دیتا ہے ، اور جسے چاہتا ہے لاولد رکھتا ہے ، بے شک وہ بڑا علم والا ہے بڑا قدرت والا ہے۔

اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے :

((وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَ الْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ، وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ، وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ۝)) البقرہ - ۱۵۵ تا ۱۵۷

اور البتہ ہم آزمائیں گے تم کو تھوڑے سے ڈر سے اور بھوک سے اور مالوں اور جانوں اور میوہ کے نقصان سے اور خوش خبری دیجیے اُن صبر کرنے والوں کو کہ ان کو جب پہنچے کچھ مصیبت تو کہیں ہم تو اللہ ہی کا مال ہیں اور اس کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں ، ایسے ہی لوگوں پر اپنے رب کی عنایتیں ہیں اور مہربانی اور وہی سیدھی راہ پر ہیں۔

۲- بچے کو نصیحت کرنے میں مرحلہ وار قدم اٹھانا ، چنانچہ اگر وعظ و نصیحت بچے پر کارگر ہو سکتی ہو تو مربی کے لیے درست نہیں ہے کہ اس سے قطع تعلق کر لے ، اور اگر اس سے کنارہ کشی مفید ہو تو اس کو مارنے کی طرف قدم نہیں اٹھانا چاہیئے .. لیکن اگر مربی اصلاح و تربیت اور ڈانٹ ڈپٹ کے طریقوں میں سے کسی سے بھی بچے کی اصلاح نہ کر سکے اور اس کی کج روی ختم نہ ہو تو ایسی صورت میں اس کو اتنا مارنا چاہیئے کہ جس سے اسے بہت زیادہ اذیت نہ پہنچے۔)

اس کتاب تربیۃ الاولاد فی الاسلام کی تیسری قسم کی اس فصل میں جس میں بچے پر اثر انداز ہونے والے تربیت کے وسائل کا ذکر ہے اس میں سزا کے ذریعہ تربیت کی بحث کے ذیل میں ہم ان شاء اللہ مفصل و مکمل بحث کریں گے۔

۳- بچے کو شروع ہی سے جفاکشی خود اعتمادی اور ذمہ داریوں کو نباہنے اور جرأت و اقدام اور حق کے اظہار کی تربیت دینا تاکہ بچہ اپنی حیثیت اور وجود کو محسوس کرے اور اپنی ذمہ داریوں اور فرائض کا احساس رکھے۔)

بچے کو جفاکشی و مجاہدانہ زندگی کی تربیت اس لیے دینا چاہیئے کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے امام احمد اور ابو نعیم حدیث مرفوع نقل کرتے ہیں کہ :

((إياكم والتنعم فإن عباد الله ليسوا

عیش و عشرت اور تنعم کی زندگی سے بچو اس لیے کہ اللہ

Marfat.com

بالمنعمات)) کے بندے ناز و نعمت میں نہیں پڑتے۔

رہا تربیت میں خود اعتمادی اور احساسِ واجبات و فرائض کا اہتمام تو وہ اس لیے کہ پہلے حدیث میں گزر چکا ہے:

((کلکم راع وکل مسئول عن رعیتہ)) تم میں سے ہر شخص نگہبان ہے اور ہر نگہبان سے اس کی رعایا کے بارے میں باز پرس ہوگی۔

یہ حدیث چھوٹے بڑے، عورت و مرد اور حاکم و محکوم سب کو شامل ہے۔

اور اس لیے بھی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی وہ رہنمائی بھی ہمارے سامنے ہے جسے بیہقی نے روایت کیا ہے کہ: اپنے بچوں کو تیرنا اور تیراندازی سکھاؤ اور انہیں حکم دو کہ وہ شہسواری کیا کریں۔ اور ظاہر بات ہے کہ جب بچہ نوعمری ہی سے تیرنا تیراندازی اور شہسواری سیکھ لے گا تو اس میں خود اعتمادی پیدا ہوگی اور اسے اپنی شخصیت و وجود کا احساس ہوگا۔ اور پھر وہ ذمہ داریوں کے ادا کرنے اور مشقتوں کے برداشت کرنے کا عادی بنتا جائے گا۔

رہا بچے کو حق گوئی اور اس سلسلہ میں بے باکی کی تعلیم تو وہ اس لیے کہ حضرت عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر اس بات پر بیعت کی کہ ہم خوشی و ناخوشی اور آسانی و تنگی ہر صورت میں اطاعت و فرمانبرداری کریں گے... اور یہ کہ ہم جہاں کہیں بھی ہونگے حق بات کہیں گے، اور حق بات کہنے میں کسی کی ملامت کی پروا نہیں کریں گے... اور ظاہر ہے کہ یہ بیعت چھوٹوں بڑوں مردوں اور عورتوں سب کو شامل ہے۔

اس سے قبل جسمانی تربیت کی ذمہ داری کی فصل میں ہم بچوں کی جسمانی تربیت کے سلسلہ میں اہم نبوی وصیتیں اور موٹی موٹی اسلامی تعلیمات ذکر کر چکے ہیں۔ اور بلاشبہ وہ سب کی سب بچوں کو خود اعتمادی اور مسئولیت و ذمہ داری کی ادائیگی کی عادی بناتی ہیں۔ اور ان میں یہ احساس پیدا کرتی ہیں کہ وہ ایک ایسا انسان ہے جس کی اپنی شخصیت کرامت اور ایک مخصوص دائرہ ہے۔

۴۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرنا آپ کے بچپن کے زمانے سے لے کر اس وقت تک کی زندگی کی جب آپ نوجوان ہوئے اور پھر آپ کو اللہ تعالیٰ نے نبی بنا کر مبعوث فرمایا، اس لیے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپ کو تعلیم دی اور آپ کی بہترین تربیت کی اور آپ کو اپنی خاص نگرانی میں رکھا، اور اپنے سامنے آپ کو کامل و مکمل نمونہ بنایا۔

لیجیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے تمام شعبوں اور مراحلِ زندگی کے کچھ نمونے آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں اور خصوصاً آپ کے بچپن اور نوجوانی کے تاکہ مربیوں کے لیے راہنما اصول و ضوابط اور معیارِ اعلیٰ اور مؤمن معاشرے کے لیے مقتدیٰ و نمونہ بنیں:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بچپن میں بکریاں چرایا کرتے تھے، چنانچہ خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے بارے میں مروی ہے جیسا کہ امام بخاری روایت کرتے ہیں:

Marfat.com

« مابعث الله نبياً إلا رعى الغنم، نعم كنت أرعاها على قراريط لأهل مكة ».

اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کو مبعوث نہیں فرمایا مگر یہ کہ اس نے بکریاں چرائیں، جی ہاں میں بھی چند سکوں کے عوض اہل مکہ کی بکریاں چرایا کرتا تھا۔

بچپن میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بچوں کے ساتھ کھیلا کرتے تھے، چنانچہ ابن کثیر رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ قریش کے لڑکوں کے ساتھ میں بھی پتھر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا رہا تھا تاکہ کھیل کا سامان اکٹھا کریں، ہم میں سے ہر ایک نے کپڑے اتار کر اپنی چادر اپنے کاندھے پر ڈال رکھی تھی اور اس پر پتھر رکھ کر لا رہا تھا۔ میں بھی ان کے ساتھ اسی طرح آجا رہا تھا کہ کسی نے (جسے میں دیکھ نہیں رہا تھا) مجھے زوردار مکہ مارا اور کہا: اپنی چادر باندھ لیجیے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں نے فوراً اپنی چادر لی اور اسے باندھ لیا اور پھر پتھر اپنی گردن پر لاد کر لانے لگا اور تمام لڑکوں میں صرف میں ہی چادر باندھے ہوئے تھا۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تعمیرات کا کام بھی کیا کرتے تھے چنانچہ امام بخاری و مسلم روایت کرتے ہیں کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بڑے ہوئے اور کعبہ کی تعمیر ہونے لگی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اشرافِ قریش کے ساتھ پتھر اٹھا کر لانے لگے، تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا پتھر اٹھانے کے لیے اپنی تہبند کاندھے پر رکھ لیجیے، چنانچہ آپ نے حکم کی تعمیل کی، لیکن فوراً ہی آپ گر پڑے اور آپ کی آنکھیں آسمان کی طرف اٹھ گئیں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور فرمایا: میری تہبند میرے حوالے کر دو، میری تہبند مجھے پہنا دو، چنانچہ آپ کی تہبند آپ کے جسم پر کس دی گئی، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھے اس بات سے منع کر دیا گیا ہے کہ میں ننگے ہو کر چلوں پھروں، آپ کے نبوت سے پہلے بھی معصوم ہونے پر یہ حدیث کھلی ہوئی دلیل ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تجارت کے لیے سفر بھی کیا کرتے تھے چنانچہ ثابت ہے کہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے دو مرتبہ اس غرض سے سفر کیا ہے۔ ایک مرتبہ بالغ ہونے سے قبل اپنے چچا ابوطالب کے ساتھ، اور دوسری مرتبہ بالغ ہونے کے بعد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وجہ سے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بچپن میں بہت زیادہ جری و بہادر تھے، چنانچہ سیرت کی کتابوں میں لکھا ہے کہ بچپن میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو لات و عزیٰ نامی بتوں کی قسم دلائی گئی تو آپ نے قسم دلانے والے سے فرمایا: مجھ سے ان دونوں کے نام کے ذریعہ کسی چیز کا مطالبہ نہ کرو اس لیے کہ جتنا بغض مجھے ان دونوں سے ہے اتنا بغض اور کسی چیز سے نہیں۔

بالغ ہونے سے قبل ہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جنگ میں شریک ہو چکے تھے، چنانچہ سیرت کی کتابوں میں لکھا ہے کہ فجار نامی جنگ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چچاؤں کو تیر دے رہے تھے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عظیم عقل و رائے کے مالک تھے، چنانچہ جوانی ہی میں آپ کے ذریعہ فیصلہ کرایا گیا اور آپ

Marfat.com

کو حکم بنایا گیا، سیرت کی کتابوں میں لکھا ہے کہ قریش نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حجرِ اسود کے رکھنے کے لیے حَکَم بنایا تھا اور آپ کی رائے اور مشورے سے قریش بہت متعجب ہوئے تھے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے افتخار اور شرافت کے اظہار کے لیے اتنی بات ہی کافی ہے کہ آپ چھوٹے یتیم بچے تھے لیکن آپ نے نہایت زبردست و بہترین تربیت پائی۔ اچھی عادتیں، اعلیٰ اوصاف و اخلاق اور بہترین خصلتیں آپ میں جمع تھیں چنانچہ نہ تو آپ نے کسی بت کو سجدہ کیا، اور نہ زمانۂ جاہلیت کی برائیوں میں آپ دوسروں کے ساتھ شریک ہوئے اور نہ بتوں کے نام پر ذبح کیے گئے جانوروں کا گوشت آپ نے کبھی چکھا۔

آپ کا ان چیزوں کا اپنے اس رب کی طرف منسوب کرنا کوئی قابلِ تعجب نہیں جس نے آپ کی دیکھ بھال رکھی اور اپنے سامنے پرورش کی، اور بذاتِ خود آپ کی تربیت کی چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

((أدبنی ربی فأحسن تأدیبی)). رواہ العسکری — میرے رب نے مجھے تربیت دی اور بہترین تربیت دی۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بچپن کی زندگی کے یہ چند ——— لمحات و واقعات اور جوانی میں آپ کی عصمت و عالی اخلاق کے چند نمونے ہدایت کے لیے مشعلِ نور ہیں جس سے تربیت کرنے والوں کو اپنی اولاد کی تربیت کے سلسلہ میں تربیت کا صحیح طریقہ معلوم ہوگا۔ مربیوں کو اسے اختیار کرنا چاہیئے، نیز اس میں ذرا بھی شبہ نہیں کہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام امت کے لیے بہترین نمونہ و مقتدیٰ ہیں۔ اپنے بچپن میں بھی اور جوانی میں بھی، پختہ عمر کے دور میں بھی اور بڑھاپے میں بھی، یہی وہ ہستیاں ہیں جن کی رہنمائی اللہ تعالیٰ نے خود کی ہے، لہٰذا ان کے نقشِ قدم پر چلنا اور ان کی پیروی کرنا چاہیئے۔

اب تک ہم نے جو کچھ بیان کیا ہے اس کا خلاصہ یہ نکلا کہ زیادہ ناز و نخرے برداشت کرنے کی بیماری بچے کے نفسیاتی انحراف و کج روی کا سب سے بڑا عامل ہے، اس لیے کہ عام طور سے اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ بچہ بچپن اور اس کے بعد کی عمر میں احساسِ کمتری اور اپنی خامی کا احساس کرنے لگتا ہے۔۔

لہٰذا والدین اور خصوصاً ماں کو چاہیے کہ وہ ان طریقے کو اختیار کریں جو اسلام نے بچوں کی تربیت کے سلسلہ میں مقرر کیے ہیں۔

جن میں سے بچے سے محبت اور اس کے ساتھ تعلق میں اعتدال اور درمیانہ روی بھی ہے۔ اور ہر پریشانی اور مصیبت کے وقت اللہ کے حکم کے سامنے گردن جھکانا بھی۔

جن میں سے یہ بھی ہے کہ بچہ جب سمجھ دار ہو جائے تو اس کو سزا دینے کی جتنی ضرورت ہو اتنی ہی سزا دینا چاہیئے۔

جن میں سے یہ بھی ہے کہ بچے کی تربیت سادگی خود اعتمادی فرائض و واجبات کے احساس اور حق گوئی کی جرأت پیدا کرنے کی بنیاد پر قائم ہو۔۔

Marfat.com

اور ان میں سے یہ بھی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب بچے تھے آپکی اس وقت کی شخصیت کو بھی نمونہ بنایا جائے اس لیے کہ آپ نبوت سے قبل بھی مقتدیٰ تھے اور اس کے بعد بھی۔

جب تربیت کرنے والے حضرات ان طریقوں کو اپنالیں گے۔ اور قواعد وضوابط کی پابندی کریں گے، تو وہ ان لوگوں کو جن کی تربیت کی ذمہ داری ان پر ہے ان عوامل واسباب سے محفوظ رکھ سکیں گے جو شخصیت کے ختم کرنے اور انسانی کرامت کے برباد کرنے کا ذریعہ بنتے ہیں۔ اور اس طرح سے وہ بچے کی نفسیاتی اخلاقی اور عقلی معیار کو بلند کرنے کا ذریعہ بنیں گے، اور پھر وہ بچہ دنیاوی زندگی میں ایک کامل ومکمل انسان بن جائے گا۔

۳۔ بچوں میں مساوات وبرابری نہ کرنا اور ایک دوسرے پر فوقیت وترجیح دینا

یہ بھی بچے میں نفسیاتی انحراف پیدا کرنے والے اسباب میں سے بڑا سبب ہے، یہ ترجیح دینا چاہے کچھ دینے کے سلسلہ میں ہو یا محبت یا کسی دوسرے معاملہ میں؟

اس تفاوت والے برتاؤ کا بچے کی نفسیات اور کردار پر بہت برا اثر پڑتا ہے اور یہ اس میں انحراف پیدا کرنے کا بدترین ذریعہ ہے۔ اس لیے کہ اس کی وجہ سے بچے میں رقابت وحسد کا مرض پیدا ہوتا ہے اور خوف وجھینپنے اور الگ تھلگ رہنے اور بلاوجہ رونے کا سبب بنتا ہے، اور اس کی وجہ سے لڑائی جھگڑے، نافرمانی اور زیادتی وظلم پیدا ہوتا ہے اور بچہ رات کو ڈرنے لگتا ہے اور مختلف اعصابی امراض کا شکار ہوکر احساس کمتری میں مبتلا ہوجاتا ہے۔

مربی اول نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کتنے بڑے حکیم اور عظیم الشان معاشرتی مربی تھے کہ آپ نے والدین کو یہ حکم دیا کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈریں اور بچوں کے درمیان عدل وانصاف سے کام لیں:

ابن حبان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

«رحم الله والدًا أعان ولده على بره».

اللہ تعالیٰ ایسے باپ پر رحم کرے جو اپنے بچے کو نیک بنانے میں اس کی مدد کرے۔

⁂ ⁂ ⁂

اور طبرانی وغیرہ روایت کرتے ہیں:

«ساووا بين أولادكم في العطية».

اپنے بچوں میں لینے دینے کے معاملے میں مساوات وبرابری کیا کرو۔

⁂ ⁂ ⁂

اور امام بخاری ومسلم حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے کر آئے اور عرض کیا: میں نے اپنے اس بیٹے کو اپنا ایک غلام ہدیۃً دیا ہے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے اپنے ہر بیٹے کو ایسا ہی ہدیہ دیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا: جی نہیں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم نے فرمایا کہ پھر اس کو بھی واپس لے لو۔

ایک روایت میں آتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے اپنی سب اولاد کیساتھ ایسا کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا: جی نہیں۔ تو نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

((اتقوا اللہ واعدلوا فی أولادکم)). اللہ سے ڈرو اور اپنی اولاد کے درمیان عدل وانصاف کیا کرو۔

٭ ٭ ٭

راوی فرماتے ہیں کہ میرے والد واپس لوٹے اور اس ہدیہ کو واپس لے لیا۔

ایک روایت میں آتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بشیر! کیا اس لڑکے کے علاوہ تمہاری اور اولاد بھی ہے؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں! آپ نے فرمایا: کیا تم نے ان میں سے ہر ایک کو اس جیسا ہدیہ دیا ہے؟ میں نے عرض کیا: جی نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لہٰذا پھر مجھے تو ہرگز اس کا گواہ نہ بناؤ اس لیے کہ میں ظلم پر گواہ نہیں بن سکتا۔ پھر آپ نے فرمایا: کیا تم یہ پسند کرتے ہو کہ وہ سب کے سب تمہارے ساتھ یکساں اچھا برتاؤ کریں؟ میں نے عرض کیا جی ہاں، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر ایسا نہ کرو (کہ ایک کو دو دوسروں کو محروم رکھو)۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک صاحب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ ان کا بیٹا آگیا، تو انہوں نے اسے چوما اور اس کو اپنی گود میں بٹھالیا۔ پھر ان کی بیٹی آئی تو انہوں نے اسے اپنے سامنے بٹھا دیا۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے ان دونوں کے درمیان برابری کیوں نہیں کی؟

ان نبوی توجیہات وارشادات سے یہ بات کھل کر سامنے آجاتی ہے کہ اولاد میں عدل وانصاف، مساوات اور محبت میں برابری کرنا چاہیے تاکہ ان میں کسی قسم کی تفریق وامتیاز کا عنصر جگہ نہ پائے۔

جی ہاں کبھی کبھی بچے سے محبت نہ کرنے اور اس سے روگردانی کرنے کے کچھ ظاہری اسباب بھی ہوتے ہیں:

مثلاً یہ کہ وہ اس جنس سے تعلق رکھتا ہو جسے لوگ جہالت کی وجہ سے ناپسند کرتے ہیں یعنی وہ لڑکی ہو۔

یا یہ کہ خوبصورتی وسمجھداری میں دوسروں سے کم ہو۔

یا یہ کہ اس میں کوئی ظاہری جسمانی نقص پایا جاتا ہو یا... یا...

لیکن یہ تمام اخلاقی یا پیدائشی وجسمانی اسباب بچے کو ناپسند کرنے اور اس کے بھائیوں کو اس پر ترجیح دینے کے لیے شرعاً جواز کا سبب نہیں بن سکتے۔

والدین جب بچے کے ساتھ ایسا برا سلوک اور ایسا سخت معاملہ وروید اختیار کرتے ہیں تو وہ کتنے بڑے ظالم و ناانصاف ہوتے ہیں۔

آپ ہی بتلائیے کہ اگر بچہ لڑکی کی شکل میں وجود میں آیا ہے تو اس میں اس کا کیا قصور ہے؟

Marfat.com

اور اگر وہ بدصورت ہے تو اس میں اس کا کیا جرم ہے؟
اور اگر اس میں ذکاوت و اعلیٰ درجہ کی سمجھداری نہیں تو اس میں اس کا کیا اختیار ہے؟
اور اس نے کیا گناہ کیا ہے اگر وہ طبعًا پھرتیلا شوخ اور شور و شغب کرنے والا اور متحرک ہے؟
اور اگر بچپن ہی میں کسی جسمانی نقص یا بیماری کا شکار ہونا اس کی تقدیر میں لکھا تھا تو اس میں اس کا کیا قصور ہے؟
اگر تربیت کرنے والے یہ چاہتے ہیں کہ ان کی اولاد نفسیاتی، پیچیدگیوں اور احساسِ کمتری اور بغض و حسد اور باطنی خبث کا شکار نہ ہو تو ان کے سامنے اس کے سوا اور کوئی راستہ نہیں ہے کہ وہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حکم کو نافذ کریں جس میں یہ آتا ہے: اللہ سے ڈرو اور اپنی اولاد کے درمیان مساوات و عدل کرو، اور اللہ نے ان کے لیے جو بھی فیصلہ کر دیا ہے خواہ لڑکوں کا ہو یا لڑکیوں کا اس پر صابر و شاکر رہیں، اسی طرح ان کا فرض یہ بھی ہے کہ وہ اس بات کی پوری کوشش کریں کہ ان کی تمام اولاد میں محبت، اخوت، و چشم پوشی و مساوات کی روح جلوہ گر ہو، تاکہ وہ عدل و انصاف الفت و پیار کی نظر اور سچی محبت اور عدل و انصاف سے پُر معاملہ کے سایہ میں مزے کی زندگی گزار سکیں.

واقعی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں کتنا بجا ارشاد فرمایا ہے جسے ابن حبان روایت کرتے ہیں:

«رحم الله والدًا أعان ولده على برّه».

اللہ تعالیٰ اس باپ پر رحم کرے جو اپنی اولاد کی نیکی اور اچھا سلوک کرنے میں اعانت کرے۔

۴۔ جسم کے کسی عضو کا نہ ہونا یا ماؤف ہونا

یہ بھی ان بڑے عوامل میں سے ہے جو بچے میں نفسیاتی انحراف و کجی پیدا کرتے ہیں۔ اس لیے کہ عام طور سے اس کا اثر احساسِ کمتری اور زندگی سے نفرت کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔

اس لیے کہ جب بچپن سے ہی بچے کو کوئی جسمانی نقص لاحق ہو جاتا ہے مثلاً بھینگا پن یا بہرا ہونا یا کم عقلی و پاگل پن یا تتلانا اور بولنے میں زبان کا صاف نہ ہونا، تو ایسی صورت میں مناسب یہ ہوتا ہے کہ اس کے باپ، ماں، بہن، بھائی، رشتے دار پڑوسی، دوست اور اہل و عیال سب کے سب اس کے ساتھ محبت و الفت و نرمی اور اچھے اخلاق اور شریفانہ برتاؤ کا اظہار کریں، تاکہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کی اس حدیث پر عمل ہو سکے جسے امام ترمذی و ابو داؤد روایت کرتے ہیں:

«الراحمون يرحمهم الرحمٰن، ارحموا من في الأرض يرحمكم من في السماء».

رحم کرنے والوں پر رحمان رحم کرتا ہے، تم ان لوگوں پر رحم کرو جو زمین پر بستے ہیں تم پر وہ ذات رحم کرے گی جو آسمان والی ہے۔

اور آپ کا وہ فرمان جسے امام بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے:

Marfat.com

«لا یؤمن أحدکم حتی یحب لأخیہ مایحب لنفسہ»۔

تم میں سے کوئی شخص بھی اس وقت تک کامل مؤمن نہیں بن سکتا جب تک کہ اپنے بھائی کے لیے وہ چیز پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

❊ ❊ ❊

اور آپ کا وہ ارشادِ مبارک جسے امام ترمذی و ابنِ حبان نے روایت کیا ہے:

«أکمل المؤمنین إیمانًا أحسنھم خلقًا»۔

مؤمنوں میں کامل ترین مؤمن وہ ہے جو ان میں سب سے اچھے اخلاق والا ہو۔

لیکن جب بھینگے پن کے شکار بچے کو اے بھینگے کہہ کر خطاب کیا جائے گا، اور بہرے پن کے شکار کو بہرے کے لفظ سے اور کم عقل والے کو بے وقوف، اور بولنے میں کمزور شخص کو گونگے کے لفظ سے پکارا جائے گا، تو بدیہی بات ہے کہ سمجھدار بچے میں اس کمی کا احساس پیدا ہوگا اور اس میں نفسیاتی الجھنیں پیدا ہوں گی، اور ایسی صورت میں اگر ہم اس کو ایسی حالت میں دیکھیں کہ جس میں وہ نفسیاتی ادھیڑبن اور معاشرتی طور پر حسد اور زندگی سے بیزاری کا شکار ہو تو اس میں ذرا بھی تعجب کی بات نہیں ہے۔

اس لیے تربیت کرنے والوں کو چاہیئے کہ اپنے بچوں کے امراض و آفات کا علاج عمدہ طریقے اور بہترین تربیت اور پرشفقت معاملے اور کامل نگرانی سے اس بنیاد پر کریں کہ انسان کی قدر و قیمت اس کے دین کے اعتبار سے ہوتی ہے نہ کہ اس کی شکل و صورت اور ظاہر کے اعتبار سے۔

○ اس علاج کے سلسلہ میں پہلا قدم یہ ہے کہ ایسے بچوں پر شفقت و محبت کی نظر رکھنی چاہیے، اور ان کی خصوصی توجہ اور دیکھ بھال رکھیں، اور ان کو اپنے برتاؤ سے یہ بات ذہن نشین کرادیں کہ وہ ذکاوت، قدرتی صلاحیتوں، علم و تجربہ اور چستی و چالاکی میں دوسروں سے ممتاز ہیں۔ ان پر پیار کی نظر اور اچھا برتاؤ ان کی نفوس سے اس مرض و خامی اور نقص کے احساس کو دور کر دے گا۔ بلکہ وہ نہایت اطمینان و سکون اور پورے وثوق و اعتماد کے ساتھ مفید کاموں اور فائدہ مند محنت میں لگ جائیں گے۔

○ اس علاج کا دوسرا قدم یہ ہے کہ تربیت کرنے والوں کو چاہیئے کہ ہر اس شخص کو جو اس آفت کے شکار بچے کے ارد گرد اور ساتھ رہنے والا ہو خواہ وہ قریبی رشتہ دار ہوں یا دور کے ان سب کو نصیحت کریں اور سمجھائیں اور ان کو تحقیر اور اہانت کے انجام اور مذاق اڑانے اور دوسرے تذلیل کے نتائج سے آگاہ کرتے رہیں اور ان پر یہ واضح کریں کہ اس کا ان بچوں کی نفوس پر کتنا برا اثر پڑتا ہے۔ اور ان کی طبیعت پر ــــ اس کا کتنا زبردست بوجھ اور اثر پڑتا ہے۔

تربیت کرنے والوں کو چاہیے کہ جب وہ دوسروں کو نصیحت اور رہنمائی کریں تو ہر اس شخص کو جو اس مصیبت زدہ کے ساتھ اٹھتا بیٹھتا ہے اس کے سامنے مربی اوّل رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ طریقہ بیان کریں جو آپ نے اس معاشرتی مضبوط و مستحکم اتحاد کی عظیم دعوت دیتے وقت اختیار کیا تھا جس کی اساس محبت و اخلاص تھی اور اس کی بنیاد دوسروں کے احترام

Marfat.com

وعزت پر قائم تھیں۔۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انسانی کرامت وعزت اور مسلمان شخصیت کو نقصان پہنچانے اور مضبوط و مستحکم معاشرتی اتحاد میں ہر دراڑیں ڈالنے والی چیز سے روکنے کے لیے جو طریقہ اختیار کیا تھا اس کی بنیادیں ذیل میں ذکر کی جاتی ہیں:

زبان کے فتنے اور شر سے بچانے کے سلسلہ میں نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کے فرمانِ مبارک کو امام بخاری رحمہ اللہ نے اس طرح روایت کیا ہے:

«وإن العبد ليتكلم بالكلمة لا يلقى لها بالاً يهوى بها في جهنم».

انسان منہ سے ایک بات نکال دیتا ہے اور اس کی پرواہ بھی نہیں کرتا اس کی وجہ سے جہنم میں گر جاتا ہے۔

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«إن العبد ليتكلم بالكلمة ما يتبين فيها يزل إلى النار أبعد ما بين المشرق والمغرب».

انسان ایک بات کرتا ہے اور اس کو سمجھتا بھی نہیں اور اس کی وجہ سے جہنم میں اتنا گہرا چلا جاتا ہے جو فاصلہ مشرق ومغرب کے درمیان ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسرے کی مصیبت پر خوش ہونے سے ان الفاظ سے منع فرمایا ہے جنہیں ترمذی نے روایت کیا ہے:

«لا تظهر الشماتة لأخيك فيرحمه الله ويبتليك».

اپنے بھائی کی مصیبت پر خوش نہ ہو کہ اللہ اس پر رحم کھالے اور تمہیں مصیبت میں مبتلا کر دے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ کے ذریعے بھی کسی کی تذلیل کرنے سے منع فرمایا ہے چنانچہ ابوداؤد اور ترمذی روایت کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میں نے ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا: آپ کے لیے صفیہ کا تو ایسا اور ایسا ہونا ہی کافی ہے (ان کے پستہ قد ہونے کی طرف اشارہ تھا) تو نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا:

«لقد قلت كلمةً لو مزجت بماء البحر لمزجته».

تم نے ایسی بات کہی ہے کہ اگر اسے سمندر کے پانی میں ملا دیا جاتا تو وہ اسے بھی خراب کر دیتی۔

یہ تمام امور جن سے منع کیا گیا ہے یہ سب کے سب اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس قول کے تحت داخل ہیں:

«يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّن قَوْمٍ عَسَىٰ أَن يَكُونُوا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَاءٌ مِّن نِّسَاءٍ عَسَىٰ أَن يَكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۖ وَلَا تَلْمِزُوا أَنفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوا

اے ایمان والو نہ مردوں کو مردوں پر ہنسنا چاہیے کیا عجب کہ وہ ان سے بہتر ہوں اور نہ عورتوں کو عورتوں پر (ہنسنا چاہیے) کیا عجب کہ وہ ان سے بہتر ہوں اور نہ ایک دوسرے کو طعنہ دو، اور نہ ایک دوسرے کو برے القاب

Marfat.com

الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ)).

سے پکارو، ایمان کے بعد گناہ کا نام ہی برا ہے۔ اور جو (اب بھی) توبہ نہ کریں گے وہی ظالم ٹھہریں گے۔

● اس علاج کا تیسرا مرحلہ اور قدم یہ ہے کہ تربیت کرنے والوں کو چاہیے کہ وہ ان بچوں کے لیے جو کسی آفت و مصیبت کا شکار ہیں ایسے ساتھیوں کا انتخاب کریں جو اچھے اخلاق و آداب اور پسندیدہ عادات کے مالک ہوں۔ تاکہ وہ جب ان کے ساتھ اکٹھا ہوں اور کھیلیں اور آپس میں پیار و محبت کی باتیں کریں تو ایسا برتاؤ کریں جس سے قلبی طور سے ان کو یہ محسوس ہو جائے کہ لوگ ان سے محبت کرتے ہیں۔ اور ان کا خیال رکھتے ہیں اور ان سے ہمدردانہ برتاؤ کرتے ہیں۔ بچے کی شخصیت کے اجاگر کرنے اور اس میں میل جول کی عادت پیدا کرنے کے سلسلہ میں ابن سینا لکھتے ہیں کہ بچے کے ساتھ مدرسہ اور اسکول میں ایسے بچے ہونا چاہیئے جو اچھے اخلاق و عادات اور پسندیدہ اطوار کے مالک ہوں، اس لیے کہ بچہ اس کی زبان کو سمجھتا اور اسی کو اخذ کرتا ہے اور اسی سے مانوس ہوتا ہے۔

امام ترمذی نوادر میں نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((عرامة الصبی فی صغره زیادة فی عقله فی کبره)).

بچے کا بچپن میں چاق و چوبند، چست و چالاک اور میل جول رکھنے والا ہونا بڑے ہو کر اسی کی عقل و سمجھ کو بڑھانے کا ذریعہ ہوتا ہے۔

گذشتہ تحریر سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ اگر مربی چاہے تو اپنے آفت زدہ و معذور بچے سے معذوری کے احساس کو دور کرنے کی پوری صلاحیت رکھتا ہے، اور اس کے پاس اس کے تمام وسائل موجود ہیں، چاہے وہ محبت و شفقت اور پیار کی نظر سے تعلق رکھتے ہوں یا اس کی دیکھ بھال اور خصوصی توجہ سے، یا اس معاشرہ کو متنبہ و ہوشیار کرنے سے جس میں وہ بچہ رہتا ہے تاکہ اس کی تذلیل و تحقیر و اہانت نہ ہو، یا ان اچھے ساتھیوں کی جماعت کے انتخاب سے متعلق ہوں جو اس کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے اور میل جول رکھتے ہوں، اور مربی اس اچھے معاملے کے ذریعہ سے بچے کے دل سے کمزوری اور نقص کا احساس دور کر کے اس کو اس قابل بنا دے گا کہ وہ معاشرہ میں فائدہ مند عضو بن سکے، اور اپنی قوت بازو سے ترقی کا محل تعمیر کر سکے۔ اور اپنی قوتِ ارادی و عزم سے امت کی عزت کو بلند اور اپنے ملک کے مستقبل کو روشن کر سکے۔

۵۔ بچے کا یتیم ہونا

یہ بھی بچے میں نفسیاتی انحراف پیدا کرنے کا ایک بہت خطرناک سبب ہے، خصوصاً اس صورت میں جب یتیم ایسے معاشرہ میں ہو جس میں یتیم کا خیال نہ رکھا جاتا ہو۔ اور اس کے غموں کا مداوا نہ کیا جاتا ہو۔ اور اس کی طرف شفقت و محبت اور پیار کی نظر سے نہ دیکھا جاتا ہو۔

اسلام ایک ایسا دین ہے جس نے یتیم بچے کا بہت خیال رکھا ہے۔ اور اس کی تربیت اور اس کے ساتھ اچھے عامل

Marfat.com

وبرتاؤ اور اس کی ضروریاتِ زندگی کے پورے کرنے کا بہت اہتمام کیا ہے، تاکہ معاشرہ میں وہ ایک ایسا فائدہ مند فرد بنے جو اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرے، اور اپنے فرائض کو ادا کرے، اور دوسروں پر اس کے جو حقوق آتے ہیں اور اس پر دوسروں کے جو حقوق ہیں انہیں اچھے طریقے اور عمدگی سے ادا کرے،

قرآنِ کریم نے یتیم کے سلسلہ میں بہت اہتمام کیا ہے اور اس کو ڈانٹنے جھڑکنے سے منع کیا ہے، اور اس سے ایسے برتاؤ سے روکا ہے جو اس کی عزت و کرامت کے خلاف ہو ارشادِ باری ہے:

((فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ)). الضحیٰ-۹ تو آپ بھی یتیم پر سختی نہ کیجئے۔

نیز فرمایا:

((اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ۝ فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۝)). الماعون-۱و۲ بھلا آپ نے اس شخص کو بھی دیکھا ہے جو روزِ جزا کو جھٹلاتا ہے، سو وہ شخص جو یتیم کو دھکے دیتا ہے۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس کا بہت خیال رکھا ہے، اور اس کی کفالت پر ابھارا اور اس کی دیکھ بھال کو واجب قرار دیا ہے، اور اس کے اولیاء اگر اس کا خیال رکھیں اور اس کے ساتھ حسنِ سلوک کریں تو ان کو یہ بشارت سنائی ہے کہ وہ جنت میں اللہ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوں گے:

امام ترمذی روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

«أنا وكافل اليتيم فى الجنة وأشار بأصبعيه يعنى السبابة والوسطى». میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح ہوں گے اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی شہادت کی انگلی اور اس کے برابر کی انگلی سے اشارہ فرمایا:

امام احمد و ابن حبان نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

«من وضع يده على رأس يتيم رحمة كتب الله له بكل شعرة مرت على يده حسنة». جو شخص اپنا دستِ شفقت یتیم کے سر پر پیار سے رکھے گا تو اللہ تعالیٰ ہر اس بال کے بدلے جس پر اس کا ہاتھ پھرا ہے اس کے لیے ایک نیکی لکھ دیں گے۔

اور امام نسائی سندِ جید کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«اللهم إنى أحرج حق الضعيفين: اليتيم والمرأة». اے اللہ میں دو ضعیفوں یعنی یتیم اور عورت کے حق کو ضائع کرنے والے کو گناہگار قرار دیتا ہوں۔

یتیم کی دیکھ بھال اور کفالت اس کے رشتہ داروں اور قرابت داروں پر واجب ہے، اس لیے اگر یہ لوگ یتیموں کے نفسیاتی اور اخلاقی حالات درست کرنا چاہتے ہیں تو ان کو چاہیے کہ ان کے ساتھ خصوصی شفقت، توجہ اور دیکھ بھال سے۔

Marfat.com

کام لیں۔ اور اپنے عمل سے ان کو یہ محسوس کرادیں کہ محبت اور معاملات اور برتاؤ کے لحاظ سے وہ بھی ان کے لیے ان کی اولاد ہی کی طرح ہیں۔

اور اگر رشتہ داروں میں کوئی کفیل موجود نہ ہو تو پھر ان کی دیکھ بھال مسلمان حکومت کی ذمہ داری ہے اور حکومت کو چاہیے کہ ان کے معاملات نمٹائے، اور ان کی تربیت و رہنمائی کرے، اور زندگی و معاشرہ میں ان کی شخصیت و مقام کو بلند کرے۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھیے جو مدینہ منورہ میں پہلی اسلامی مملکت کی داغ بیل ڈالنے والے تھے آپ نے یتیم کے ساتھ کس طرح خصوصی اُلفت و محبت و شفقت و پیار کا برتاؤ کیا، چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی عید کے موقعہ پر ایک یتیم کو دیکھا تو اس کے ساتھ پیار کا برتاؤ کیا۔ اور اس سے بشاشت سے ملے اور ان کے ساتھ حسنِ سلوک کیا۔ اور اس کو اپنے دولت کدہ پر لائے اور اس سے فرمایا:

«أما ترضى أن أكون لك أبا وتكون عائشة لك أمًا».

کیا تم کو یہ بات پسند نہیں ہے کہ میں تمہارا باپ بن جاؤں اور عائشہ تمہاری ماں ہو جائیں۔

اسی طرح حکومت کا بھی یہ فرض ہے کہ وہ لاوارث بے سہارا و بے آسرا بچوں کی کفالت کرے، اور اگر کوئی لاوارث بچہ مل جائے تو اس کی دیکھ بھال کرے جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس جب ایک شخص ایک لاوارث بچہ لایا تو انہوں نے بھی لاوارث بچے کے ساتھ یہی برتاؤ کیا۔ اور انہوں نے اس سے فرمایا: اس بچے کا نان نفقہ تو ہمارے ذمے ہے لیکن یہ بچہ آزاد شمار ہوگا۔

اسلام نے یتیم و لاوارث بچوں کے ساتھ یہ جو بہترین برتاؤ کیا ہے اس نے اس معاملہ کے ذریعہ مسلمان معاشرے کے لیے ایسے نیک صالح شہری پیش کیے ہیں جو اپنی ذمہ داریوں کو پورا کر سکیں، اور اپنے فرائض بحسن و خوبی انجام دیں: اور ان میں کسی قسم کا احساسِ کمتری پیدا نہ ہو اور وہ پراگندہ افکار و خیالات اور برے تصورات کے سمندر میں سرگرداں و پریشان نہ ہوں۔

۶۔ فقر و غربت

یہ بھی بچے میں نفسیاتی انحراف پیدا کرنے کا ایک بہت بڑا سبب ہے، اور یہ انحراف بچے میں اس وقت اور شدید ہو جاتا ہے جب وہ اپنی آنکھیں کھولتا ہے اور اپنے والدین کو تنگی میں اور اپنے خاندان کو محرومی و خستہ حالی کا شکار دیکھتا ہے۔ اور یہ صورتِ حال اس پر اس وقت اور شدید اور شاق ہو جاتی ہے جب وہ اپنے بعض رشتہ داروں یا پڑوسیوں یا مدرسہ کے ساتھیوں کو اچھی حالت اور زیب و زینت اور ناز و نعمت میں مستغرق اور اپنے آپ کو افسردہ و غمگین اور مسکین دیکھتا ہے۔ حتیٰ کہ اس کو پیٹ بھرنے کو ایک لقمہ اور جسم کو ڈھانپنے کو پورا کپڑا بھی نہیں ملتا۔

بتلائیے جو بچہ اس حالت کا شکار ہو اس سے نفسیاتی طور پر ہم کیا توقع رکھیں گے؟ ظاہر بات ہے کہ وہ معاشرہ کی طرف کراہیت اور حسد کی نگاہ سے دیکھے گا۔ اور لازمی طور سے احساسِ کمتری اور نفسیاتی پیچیدگی جیسے امراض کا شکار ہوگا اور یقیناً اس کی اُمید ناامیدی سے اور نیک فالی بدفالی سے بدل جائے گی۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے

Marfat.com

اس فرمان میں بالکل سچ فرمایا ہے جسے احمد بن منیع اور بیہقی نے روایت کیا ہے:

((کاد الفقر أن یکون کفرًا)). قریب ہے کہ فقر کفر بن جائے۔

بلکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دعا میں فقر سے پناہ مانگا کرتے تھے چنانچہ امام نسائی اور ابن حبان حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((اللّٰھم إنی أعوذبك من الکفر والفقر)). اے اللہ میں آپ کے ذریعہ کفر اور فقر سے پناہ مانگتا ہوں۔

اسلام نے فقر کے مسئلہ کا دو بنیادی امور سے علاج کیا ہے:

۱۔ انسانی کرامت کا احترام۔

۲۔ امداد باہمی کے بنیادی اصولوں کا مقرر کرنا۔

انسانی کرامت کا احترام اسلام نے اس طرح کیا ہے کہ اس نے تمام اجناس واقوام اور الوان اور طبقات میں مساوات وبرابری کی ہے اور انسان ہونے کے اعتبار سے ان سب کو برابر گردانا ہے، اور اگر کہیں پر ترجیح وتفاضل کی ضرورت ہوئی بھی تو اسلام نے ترجیح تقویٰ اور عملِ صالح اور مجاہدہ کے اعتبار سے دی ہے۔

اور وہ بنیاد واساس جسے اسلام نے قیامت تک کے لیے زمانہ کے ضمیر میں پیوست کر دیا ہے وہ اللہ تعالیٰ کا درج ذیل فرمان ہے:

((یٰأیُّھا النَّاسُ إنَّا خَلَقْنٰکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ وَّأُنْثٰی وَجَعَلْنٰکُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ، إنَّ أَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ أَتْقٰکُمْ)). الحجرات۔۱۳

اے لوگو ہم نے تم (سب) کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے اور تم کو مختلف قومیں اور خاندان بنا دیا ہے کہ ایک دوسرے کو پہچان سکو بے شک تم میں سے پرہیزگار تر اللہ کے نزدیک معزز تر ہے۔

اسلام نے ظاہری شکل وصورت اور جسم کو مدار نہیں بنایا بلکہ اسلام دلوں اور اعمال کو دیکھتا ہے چنانچہ امام مسلم اپنی صحیح میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں:

((إنَّ اللّٰہَ لَا یَنْظُرُ إلٰی صُوَرِکُمْ وَأَجْسَادِکُمْ وَلٰکِنْ یَّنْظُرُ إلٰی قُلُوْبِکُمْ وَأَعْمَالِکُمْ)). اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں اور جسموں کی طرف نہیں دیکھتے بلکہ تمہارے دلوں اور اعمال کو دیکھتے ہیں۔

اسلام نے ضعفاء وفقراء کے مرتبے اور درجے کو بلند کیا ہے۔ اور ان کو ناراض کرنے اور ان کی تذلیل وتحقیر کرنے کو اللہ جل شانہ کی ناراضگی کا ذریعہ قرار دیا ہے، چنانچہ امام مسلم روایت کرتے ہیں کہ ابو سفیان حضرت سلمان وصہیب وبلال وغیرہ کی جماعت

Marfat.com

کے پاس سے گزرے تو ان حضرات نے کہا، اللہ کی تلواروں نے اب تک اللہ کے دشمنوں کو ٹھکانے نہیں لگایا؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جب یہ سنا تو فرمایا: کیا آپ حضرات یہ بات قریش کے سردار و شیخ کے لیے کہہ رہے ہیں؟ اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ واقعہ بیان کیا، تو آپ نے فرمایا: اے ابوبکر شاید تم نے انہیں ناراض کر دیا ہے۔ اگر تم نے انہیں ناراض کر دیا تو تم نے درحقیقت اپنے رب کو ناراض کر دیا، چنانچہ حضرت ابوبکر ان حضرات کے پاس آئے اور ان سے فرمایا: بھائیوں کیا میں نے تمہیں ناراض کر دیا ہے؟ تو ان حضرات نے کہا: جی نہیں! اے ہمارے بھائی اللہ آپ کی مغفرت فرما دے۔

رہا اسلام کا امدادِ باہمی کے بنیادی اصولوں کا مقرر کرنا تو اس میں کوئی شک نہیں کہ اسلام نے فقر کے مسالہ کے حل کے لیے امداد کے جو بنیادی اصول مقرر کیے ہیں وہ اس جدید دور میں انسانی محنت و کوشش جہاں تک پہنچ سکی ہے اس کے اعلیٰ ترین اصول ہیں۔

معاشرہ میں موجود فقر و غربت کے مسالہ کو حل کرنے کے لیے اسلام نے جو موقف اختیار کیا ہے اس کے کچھ نمونے ذیل میں پیش کیے جاتے ہیں:

● اسلام نے زکاۃ کے لیے ایک بیت المال متعین کیا ہے، جس کی سرپرستی اسلامی حکومت کرے گی، اور اس کا مصرف مستحق فقراء و مساکین و مسافر و مقروض اور غلاموں کو بنایا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

((اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ)) توبہ - ۶۰

زکاۃ جو ہے سو وہ حق ہے مفلسوں کا، اور محتاجوں کا، اور زکاۃ کے کام پر جانے والوں کا، اور جن کی تالیف قلب منظور ہے۔ اور گردنوں کے چھڑانے میں۔ اور جو تاوان بھریں، اور اللہ کے راستہ میں، اور راہ کے مسافر کو ٹھہرایا ہوا ہے اللہ کا اور اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے۔

امام طبرانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:
اللہ تعالیٰ نے مالدار مسلمانوں کے مال میں اتنی مقدار کا نکالنا فرض کیا ہے جو ان کے فقراء کو کافی ہو۔ اور فقراء بھوک اور بے لباسی کا شکار مالداروں کی کوتاہی کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ سن لو اللہ تعالیٰ ان کا سخت حساب لے گا اور ان کو دردناک عذاب دے گا۔

● اسلام نے اس مسلمان کو مسلمان شمار نہیں کیا ہے جو خود پیٹ بھر کر رات گزارے اور اس کا پڑوسی بھوک کا شکار ہو اور اس کو اس کی خبر بھی ہو، چنانچہ بزار و طبرانی رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا

کہ وہ شخص مجھ پر ایمان نہیں لایا جو پیٹ بھر کر رات گزارے اور اسی کا پڑوسی اس کے پڑوس میں بھوکا پڑا ہو اور اس کو معلوم بھی ہو۔
اس کے برخلاف اسلام نے اس کی حاجت روائی امداد اور اس کے خوش کرنے کو بہترین نیکی اور بڑا اونچا عمل قرار دیا ہے چنانچہ امام طبرانی اپنی کتاب "معجم اوسط" میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«أفضل الأعمال إدخال السرور على المؤمن، كسوت عورته، أو أشبعت جوعته، أو قضيت له حاجةً».

اعمال میں افضل ترین عمل مؤمن کو خوش کرنا ہے، خواہ اس کی ستر پوشی کر دو، یا اس کی بھوک کا مداوا پیٹ بھر کر دو یا اس کی حاجت پوری کر دو۔

● تنگی اور سختی کے وقت اسلام نے بھوکوں اور فاقہ مستوں کی امداد کو اہم فریضہ قرار دیا ہے چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ اصحاب صفہ فقیر و غریب لوگ تھے۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کے پاس دو آدمیوں کا کھانا ہو وہ تیسرے کو اپنے ساتھ لے جائے، اور جس کے پاس چار کا کھانا ہو وہ اپنے ساتھ پانچویں یا چھٹے آدمی کو لے جائے۔

اور امام مسلم حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے پاس ضرورت سے زائد سواری ہو تو اسے چاہیے کہ اسے اس شخص کو دے دے جس کے پاس سواری نہیں ہے، اور جس کے پاس فالتو توشہ اور کھانے کا سامان ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اسے دے دے جس کے پاس کچھ کھانے کو نہیں، اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف مال کی اقسام کا تذکرہ کیا حتیٰ کہ ہم یہ سمجھنے لگے کہ ضرورت سے زائد چیز میں ہم میں سے کسی کا حق نہیں ہے۔

● اسلام نے حاکم پر یہ لازم کیا ہے کہ وہ ہر اس شخص کے لیے کام کاج کے مواقع مہیا کرے جو کام کاج پر قادر ہو چنانچہ ابو داؤد اور نسائی اور ترمذی روایت کرتے ہیں کہ ایک انصاری نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے کچھ بخشش مانگی، تو آپ نے ان سے فرمایا: کیا تمہارے گھر میں کوئی چیز نہیں ہے؟ انہوں نے عرض کیا: کیوں نہیں اے اللہ کے رسول، ایک ٹاٹ ہے جس کا کچھ حصہ ہم اوڑھ لیتے ہیں اور کچھ بچھا لیتے ہیں اور ایک لکڑی کا پیالہ ہے جس میں ہم پانی پیتے ہیں، آپ نے فرمایا: وہ دونوں چیزیں میرے پاس لے آؤ، وہ صاحب وہ دونوں چیزیں لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ تو نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے انہیں لے لیا اور فرمایا: مجھ سے یہ دونوں چیزیں کون خریدے گا؟ ایک صاحب نے عرض کیا: میں یہ دونوں چیزیں ایک درہم میں خریدتا ہوں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک درہم سے زیادہ کی بولی کون لگاتا ہے؟ ایک اور صاحب نے عرض کیا: میں یہ دونوں چیزیں دو درہم میں خریدتا ہوں۔ چنانچہ آپ نے وہ دونوں چیزیں انہیں دے دیں اور دونوں درہم لے کر ان انصاری کو دے دیے، اور ان سے فرمایا: ایک درہم کا کھانے کا سامان خرید کر گھر والوں کو دے دینا۔ اور دوسرے درہم سے

Marfat.com

ایک کلہاڑی خرید کر میرے پاس لے آنا، چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دستِ مبارک سے اس میں لکڑی ڈالی اور پھر ان سے فرمایا: جاؤ لکڑیاں کاٹو اور بیچو اور میں تمہیں پندرہ دن تک نہ دیکھوں، انہوں نے ایسا ہی کیا اور پھر جب آئے تو ان کے پاس دس درہم موجود تھے، اور ان میں سے کچھ کے بدلے انہوں نے کھانے پینے کا سامان خرید لیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اس سے بہتر ہے کہ تم قیامت میں اس حالت میں آؤ کہ سوال کرنے کی وجہ سے تمہارے چہرے پر نشان پڑے ہوں۔

● اسلام نے خاندان والوں کو بچہ پیدا ہونے پر وظیفہ دینے کا نظام رائج کیا، چنانچہ مسلمانوں کے یہاں جو بچہ بھی پیدا ہوگا خواہ وہ بچہ حاکم کا بیٹا ہو یا ملازم کا، مزدور کا ہو یا بازاری آدمی کا، سب کو وظیفہ دیا جائے گا چنانچہ ابو عبید اپنی کتاب الاموال میں روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہر پیدا ہونے والے بچے کے لیئے وظیفہ مقرر کرتے تھے جو اس کے باپ کی طرح اسے بھی ملتا تھا جس کی مقدار سو درہم تھی، اور بچہ جس طرح بڑھتا جاتا اس طرح اس کا وظیفہ بھی بڑھتا رہتا، حضرت عمر کے بعد حضرت عثمان و حضرت علی و دیگر خلفاء نے بھی اس پر عمل کیا۔

یہ اصول اس وجدانی تربیت کے علاوہ ہیں جس کی جڑیں اسلام مسلمانوں کے دلوں اور احساس و وجدان کی گہرائیوں اور نفوس میں اسلام گاڑ دیتا ہے تاکہ سب کے سب تعاون، امدادِ باہمی اور ایثار کی جانب خوشی خوشی اپنی مرضی و اختیار اور داعیۂ ایمانی کی بنا پر گامزن ہوں۔

ہم نے جو کچھ ابھی کہا ہے اس پر تاریخ کے اوراق شاہدِ عدل ہیں، چنانچہ مسلم معاشرے کے امدادِ باہمی اور آپس کی الفت و تعاون و رحمدلی کے چند نمونے ذیل میں پیش کیے جاتے ہیں:

۱۔ محمد بن اسحاق لکھتے ہیں کہ بہت سے لوگ مدینہ میں اس طرح سے زندگی گزارتے تھے کہ انہیں معلوم بھی نہیں ہوتا تھا کہ ان کا گزر بسر کہاں سے ہو رہا ہے؟ اور کون ان کو دیتا ہے؟ پھر جب حضرت حسین کے صاحبزادے زین العابدین وفات پا گئے تو وہ آمد بند ہو گئی اور لوگوں کو معلوم ہو گیا کہ وہی وہ شخص تھے جو ان کے پاس رات کی تاریکی میں چپکے سے وہ سامان پہنچا جایا کرتے تھے، جب وہ وفات پا گئے تو لوگوں نے ان کی پشت اور کاندھے پر ان تھیلوں اور بوریوں کے نشانات دیکھے جنہیں وہ اٹھا کر بیواؤں اور فقراء و مساکین کے گھر پہنچایا کرتے تھے۔

۲۔ حضرت لیث بن سعد کی سالانہ آمدنی ستر ہزار دینار سے زیادہ تھی اور وہ سب کی سب صدقہ کر دیا کرتے تھے، حتیٰ کہ ان کے بارے میں مشہور ہے کہ ان پر کبھی زکاۃ واجب ہونے کی نوبت نہیں آئی۔ ایک مرتبہ انہوں نے ایک گھر خریدا جو نیلام کے ذریعے بیچا گیا تھا۔ چنانچہ ان کا وکیل جب اس کو اپنے قبضے میں لینے گیا، تو وہاں یتیموں اور چھوٹے بچوں کو پایا جنہوں نے اس سے اللہ کے نام پر یہ ـــ سوال کیا کہ وہ یہ گھر ان کے پاس ہی رہنے دیں۔ جب یہ بات حضرت لیث کو معلوم ہوئی تو انہوں نے ان کو یہ پیغام بھجوا دیا کہ یہ مکان تم لوگوں کا ہے اور ساتھ ہی تمہیں اتنا مال بھی دیا جاتا ہے جو تمہاری روزانہ کی ضرورت

Marfat.com

کے لیے کافی ہو۔

۳۔ محدث کبیر حضرت عبداللہ بن مبارک بہت زیادہ صدقہ وخیرات کیا کرتے تھے، ان کی سالانہ صدقات کی مقدار ایک لاکھ دینار سے زیادہ تھی، ایک مرتبہ وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ حج کے لیے نکلے، بعض شہروں سے گزر ہوا وہاں ایک پرندہ مرگیا تو انہوں نے اسے کوڑا ڈالنے کی جگہ پھینکنے کا حکم دیا، ان کے ساتھی ان سے آگے چلے گئے اور وہ خود ان سے پیچھے رہ گئے، جب ان کا اس کوڑا ڈالنے کی جگہ سے گزر ہوا تو کیا دیکھا کہ اس کوڑا دان کے قریبی مکان میں رہنے والی ایک لڑکی اپنے مکان سے نکلی اور اس نے وہ مردہ پرندہ اٹھالیا۔ دریافت کرنے پر اس نے انہیں بتایا کہ وہ اور اس کے بھائی نہایت خستہ حال ہیں، اور ان کی غربت کا کسی کو علم نہیں ہے، اور ان کے پاس کھانے پینے کو کچھ بھی نہیں ہے، یہ سن کر حضرت عبداللہ نے زادِ راہ اور سامانِ سفر واپس لوٹانے کا حکم دیا، اور اپنے وکیل سے پوچھا: تمہارے پاس خرچ کے کتنے پیسے موجود ہیں؟ اس نے جواب دیا کہ ایک ہزار دینار موجود ہیں، تو انہوں نے اس سے کہا کہ اس میں سے بیس دینار نکال لو جو ہمارے لیے "مرو" شہر تک پہنچنے میں کام دے سکیں اور باقی ماندہ دینار اس لڑکی کو دے دو، اس لیے کہ ان کی امداد کرنا اس سال حج سے زیادہ موجبِ اجر وثواب ہے۔ اور پھر وہ اپنے گھر کی طرف واپس چلے گئے اور حج نہ کیا (۱)۔

اور جس دن حکومت اور معاشرہ اور تمام افرادِ مملکت فقر وغربت کے خاتمہ کے لیے پوری کوشش صرف کردیں گے اس روز اسلامی معاشرے میں ایک بھی غریب، مسکین اور محتاج باقی نہیں رہے گا، اور امتِ اسلامیہ امن وسلامتی، خوشحالی اور اتحاد واطمینان کے سایہ تلے مزے کرے گی، اور قوم کے تمام افراد نفسیاتی انحراف اور مجرمانہ زندگی کے تمام عوامل سے نجات و آزادی حاصل کرلیں گے، اور ہم بچشمِ خود یہ دیکھ لیں گے کہ اسلامی عزت وسربلندی کا پرچم عزت وکرامت کی بلندیوں پر لہرا رہا ہے اور اس کو دیکھ کر مومن اللہ کی فتح ونصرت سے خوش ہوجائیں گے۔

۴۔ بغض وحسد کی بیماری

حسد کا مطلب یہ ہے کہ انسان دوسرے کی نعمت کے زائل ہونے کی تمنا کرے، یہ ایک خطرناک معاشرتی بیماری ہے، اگر مربی اپنے بچوں کی اس بیماری کا علاج نہیں کریں گے تو لازمی طور سے اس کے بدترین اور خطرناک نتائج نکلیں گے۔

بعض اوقات شروع شروع میں گھر والوں کو حسد کی بیماری کا پتہ نہیں چلتا اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ان کی اولاد نہ اس بیماری کا شکار ہوسکتی ہے اور نہ وہ اس کو سمجھتے ہیں، اور نہ ان سے اس کی توقع کی جاسکتی ہے۔ اس لیے جو حضرات تربیت کے ذمہ دار ہیں ان کو چاہیئے کہ حسد کا نہایت حکمت اور بہترین تربیت سے علاج کریں، تاکہ یہ بیماری پریشان کن مصائب اور بدترین

---

(۱) اسلام نے فقر وغربت کا جس طرح سے علاج کیا ہے اس سلسلہ میں جو شخص مزید تفصیل کا طالب ہو اسے چاہیئے کہ وہ ہماری کتاب "التکافل الاجتماعی فی الاسلام" کا مطالعہ کرے جس میں تشفی کا پورا سامان موجود ہے۔

Marfat.com

نتائج اور دردناک نفسیاتی امراض کا ذریعہ نہ بنے۔

● اس سے قبل کہ میں اس بیماری کی بیخ کنی اور اس کے علاج اور اس سے بچاؤ کی تدابیر بیان کروں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ میں ان اسباب کو بیان کردوں جو بچوں میں حسد کی آگ بھڑکانے کا ذریعہ بنتے ہیں۔ اور میرا خیال یہ ہے کہ یہ اسباب مندرجہ ذیل امور میں منحصر ہیں:

● بچے کا اس بات سے خوف کھانا کہ وہ گھر والوں میں اپنی بعض امتیازی خصوصیات کھو بیٹھے گا مثلاً محبت و پیار اور منظور نظر ہونا اور خصوصاً اس وقت جب نیا مہمان (بچہ) پیدا ہو۔ جس کے بارے میں یہ خیال ہو کہ وہ اس کے پیار و محبت میں اس کا مزاحم بنے گا۔

● اولاد میں برا موازنہ جیسے ایک کو ذکی کہنا اور دوسرے کو غبی۔

● اولاد میں سے کسی ایک کا بہت خیال رکھنا مثلاً ایک بچے کو گود میں اٹھایا جائے۔ اس سے دل لگی کی جائے اور اسے دل کھول کر دیا جائے، اور دوسرے کو ڈانٹا ڈپٹا جائے اور اس کی پرواہ نہ کی جائے اور اسے کچھ نہ دیا جائے۔

● جس بچے سے محبت ہو اس کی ایذا رسانی اور برائیوں سے چشم پوشی کی جائے اور اس کے بالمقابل دوسرے بچے سے اگر ذرا سی بھی غلطی ہو جائے تو اسے سزا دی جائے۔

● بچے کا مالدار، عیش و عشرت والے ماحول میں ہونا لیکن خود بچے کا نہایت غربت، فقر اور خستہ حالی کا شکار ہونا۔

اس کے علاوہ اور دوسرے وہ اسباب جن کا بچے کی شخصیت پر برا اثر پڑتا ہے بلکہ بسا اوقات بچے میں احساسِ کمتری اور خطرناک انانیت اور بغض و حسد پیدا ہو جاتا ہے۔ اور اس کے ساتھ ہی نفسیاتی بے چینی، سرکشی اور بے اعتمادی پیدا ہوتی ہے۔

اسلام نے نہایت حکیمانہ اصولِ تربیت سے حسد کی بیماری کا علاج کیا ہے۔ اگر تربیت کرنے والے شروع سے اس کے اسباب کا تدارک کر لیں تو بچوں میں محبت، ایثار، الفت اور خلوص پیدا ہوگا، اور دوسرے کے ساتھ تعاون، خیر و بھلائی کرنے اور نرمی سے پیش آنے کے جذبات بیدار ہوں گے۔

میرا خیال ہے حسد کی بیماری کے علاج کے لیے بنیادی اصولِ تربیت مندرجہ ذیل امور میں منحصر ہیں:

۱۔ بچے کو محبت محسوس کرانا نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام بھی ایسا کرتے تھے، اور اپنے صحابہ کو اس کا حکم دیتے اور اس پر ابھارتے تھے، اور ادھر اُدھر اس کے نافذ کرنے کا اہتمام کرتے تھے، ذیل میں اس کی چند مثالیں پیش ہیں،

Marfat.com

امام ترمذی وغیرہ حضرت عبداللہ بن بریدہ سے اور وہ اپنے والد بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تقریر کرتے ہوئے دیکھا اسی اثناء میں حضرت حسن و حسین آگئے اور وہ سرخ سے رنگ کے قمیض پہنے گرتے پڑتے چل رہے تھے، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم منبر سے اترے اور انہیں گود میں اٹھا کر اپنے سامنے بٹھا دیا پھر فرمایا: اللہ جل شانہٗ نے بالکل سچ فرمایا ہے:

«إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ..». تمہارے ماں اور تمہاری اولاد تو بس آزمائش ہی (کی چیزیں) ہیں۔ التغابن۔ ۱۵

میں نے ان دونوں بچوں کو گرتے پڑتے دیکھا تو میں صبر نہ کر سکا اور اپنی بات بیچ میں چھوڑ کر ان کو اٹھانے چلا گیا۔

نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما سے دل لگی کیا کرتے تھے، اور آپ اپنے ہاتھوں اور گھٹنوں کے بل چلا کرتے تھے اور وہ دونوں آپ سے لپٹ جایا کرتے اور آپ پر چڑھ جاتے تھے، آپ ان کو لے کر چلتے اور فرماتے: تمہارا اونٹ تو بہترین اونٹ ہے اور تم دونوں بہترین سوار ہو۔

امام بخاری "الادب المفرد" میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: ایک اعرابی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: کیا آپ حضرات اپنے بچوں کو چومتے ہیں!! ہم تو انہیں پیار نہیں کرتے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«أَوَأَمْلِكُ لَكَ أَنْ نَزَعَ اللهُ مِنْ قَلْبِكَ الرَّحْمَةَ». اگر اللہ نے تمہارے دل سے رحمت کا مادہ نکال دیا ہے تو کیا میں تمہارے لیے اس کو واپس لا سکتا ہوں؟

امام بخاری اپنی کتاب "الادب المفرد" ہی میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: ایک عورت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئی، انہوں نے اسے تین کھجوریں دے دیں۔ تو اس نے اپنے ہر بچے کو ایک ایک کھجور دے دی اور ایک اپنے لیے رکھ لی، دونوں بچوں نے اپنی اپنی کھجوریں کھالیں اور پھر اپنی ماں کی جانب دیکھنے لگے، ماں نے اس تیسری کھجور کے دو ٹکڑے کیے اور دونوں کو آدھی آدھی دے دی، جب نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام تشریف لائے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ واقعہ آپ سے ذکر کیا، آپ نے فرمایا: تمہیں اس بات پر کیا تعجب ہوا؟ اللہ نے تو اس کی مغفرت ہی اس لیے فرما دی کہ اس نے اپنے بچوں پر رحم کھایا تھا۔

(یہ بات نظروں سے قطعاً اوجھل نہیں ہونا چاہیے کہ نئے بچے کی پیدائش پر حسد پیدا ہونے کے امکانات بہت زیادہ ہوتے ہیں اس لیے اس سے روکنے کے لیے لازمی احتیاطی تدابیر ضرور اختیار کرنا چاہییں اور تربیت کرنے والوں اور خصوصاً ماں کو اس کا بہت زیادہ خیال رکھنا چاہیئے۔

یہ لازمی احتیاطی تدابیر دوسرے بچے کے پیدا ہونے سے چند ماہ قبل ہی اختیار کر لینا چاہیئے مثلاً بڑے بچے کے پلنگ کو

بدل دینا چاہیے۔ یا اسے نرسری اسکول بھیج دینا چاہیئے۔ اور نئے بچے کے کام کاج میں بڑے بچے سے بھی امداد لینے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے مثلاً اس کو کپڑے پہنانا اس کو نہلانا یا کھانا کھلانا، اسی طرح اس کو چھوٹے بچے سے دل لگی کرنے اور کھیلنے کا موقعہ بھی دینا چاہیے۔ لیکن اس میں اس بات کا ضرور خیال رہے کہ اس کی نگرانی ضرور کی جائے تاکہ چھوٹے بچے کو کوئی گزند اور تکلیف نہ پہنچے، اور جب ماں نومولود بچے کو دودھ پلانے کے لیے اٹھائے تو ایسے موقعہ پر بہتر یہ ہوتا ہے کہ باپ بڑے لڑکے سے دل لگی کرنے لگے یا اس سے پیار و محبت کی باتیں کرنے لگے تاکہ اسے یہ احساس رہے کہ اس کی محبت اور اہمیت اپنی جگہ برقرار ہے۔

ان سب باتوں کا مقصد صرف یہ ہے کہ بڑے بچے کے ذہن میں یہ بات بیٹھ جائے کہ وہ اب بھی ماں باپ کا پیارا اور منظورِ نظر ہے اور نومولود بچے کی طرح اس سے بھی برابر کا پیار کیا جا رہا ہے، اور اس کی نگہداشت بھی ویسی ہی کی جا رہی ہے۔ مربیِ اعظم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گزشتہ ذکر کی گئی احادیث میں اسی جانب رہنمائی کی ہے۔

لہٰذا تربیت کرنے والوں کو چاہیئے کہ اگر وہ اپنے بچوں کو محبت، تعاون و ایثار کا پیکر دیکھنا چاہتے ہیں۔ اور ان کو بغض و حسد، انانیت اور بے اعتدالی سے بچانا چاہتے ہیں تو انہیں بچے کو محبت محسوس کرانے کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ کو اپنانا چاہیئے۔)

۲- بچوں میں برابری اور عدل و انصاف کرنا:

یہ ایک بدیہی اور معروف سی بات ہے کہ تربیت کرنے والے جب بچوں کے ساتھ مساوات سے کام لیں گے اور لینے دینے میں عدل و برابری کو اپنائیں گے، تو بچوں کے نفوس سے حسد کا مادہ ختم ہو جائے گا، اور ان کے دلوں سے بغض و حسد اور کینہ کی بیماری دُور ہو جائے گی، بلکہ بچے اپنے بھائیوں بہنوں اور مربیوں کے ساتھ خوش دلی اور پیار محبت سے زندگی گزاریں گے اور پورے گھر پر محبت، اخلاص اور پاکیزگی کے جھنڈے لہرائیں گے۔

ایسی صورت میں جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ معلم اوّل مربیِ اکبر نبی اطہر صلی اللہ علیہ وسلم نے والدین اور مربیوں سب کو بھائیوں میں برابری و مساوات اور عدل و انصاف کا حکم دیا ہے تو ہمیں اس پر کوئی تعجب نہیں ہوتا، بلکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادتِ مبارکہ تو یہ تھی کہ آپ ایسے لوگوں پر شدید نکیر کرتے تھے جو بچوں کے درمیان عدل و انصاف نہیں کرتے، اور ان سے پیار و محبت کا سلوک نہیں کرتے۔ اور ان میں لینے دینے اور تقسیم میں برابری و مساوات قائم نہیں کرتے۔

ذیل میں ہم اس سلسلہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی توجیہات و ارشادات اور غلط رویہ پر نکیر کے چند نمونے پیش کرتے ہیں تاکہ جو شخص جاننا چاہے وہ جان لے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھی تربیت اور معاشرتی اصلاح کا کتنا زبردست اہتمام کیا ہے۔

بچوں میں احساسِ کمتری کے مرض کے علاج کے سلسلہ میں کچھ احادیث ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں اور مزید فائدے

کے لیے اب ہم ان کو یہاں دوبارہ ذکر کر رہے ہیں:

((ساووا بین أولادکم فی العطیة)). طبرانی — ہدیہ کے دینے میں بچوں میں برابری اور مساوات کرو۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک صاحب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے کہ ان کا بیٹا آگیا، انہوں نے اسے بوسہ دیا اور اپنی گود میں بٹھالیا۔ پھر ان کی لڑکی آئی تو انہوں نے اسے اپنے سامنے بٹھالیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان صاحب سے فرمایا: تم نے ان دونوں کے درمیان مساوات وبرابری کیوں نہیں کی؟

اور امام بخاری ومسلم حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے کر حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میں نے اپنے اس بیٹے کو اپنا ایک غلام ہدیۃً دے دیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ نے فرمایا: کیا تم نے اپنے ہر بیٹے کو ایسا ہی ہدیہ دیا ہے؟ تو انہوں نے کہا: جی نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو پھر اس سے بھی واپس لے لو۔

ایک روایت میں آتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے بشیر کیا اس کے علاوہ تمہاری اور اولاد بھی ہے؟ تو انہوں نے کہا: جی ہاں۔ آپ نے فرمایا: کیا تم نے ان میں سے ہر ایک کو ایسا ہی ہدیہ دیا ہے؟ انہوں نے کہا: جی نہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پھر تو مجھے گواہ مت بناؤ اس لیے کہ میں ظلم کا گواہ نہیں بن سکتا، پھر آپ نے فرمایا: کیا تمہیں یہ بات پسند ہے کہ وہ سب تمہارے ساتھ اچھا سلوک کرنے میں برابر ہوں؟ انہوں نے عرض کیا: جی ہاں، تو آپ نے ارشاد فرمایا، پھر ایسا نہ کرو (یعنی یہ کہ ایک کو دو دوسروں کو محروم رکھو)۔

۳۔ ان اسباب کا ازالہ کرنا جو حسد کا ذریعہ بنتے ہیں

مربی کو چاہیئے کہ بچے کی تربیت بہت حکمت سے کرے جس کا طریقہ یہ ہے کہ ان وسائل کو اختیار کیا جائے جو حسد کی بیماری بچے کے دل سے دور کرنے میں سودمند ہوں:

اگر نئے بچے کی آمد کی وجہ سے پہلے بچے کو یہ محسوس ہو رہا ہو کہ اس کے والدین اس سے پہلے جیسی محبت اور پیار نہیں کر رہے ہیں تو والدین کو چاہیے کہ وہ اس بات کی پوری کوشش کریں کہ بچے کو یہ محسوس ہو جائے کہ اس کی محبت ان کے دلوں میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے باقی ہے۔

اور اگر والدین کا اس کو غبی کہنا یا اس طرح کے سخت وسست الفاظ سے اس کو پکارنا اس کے سینہ میں حسد وبغض کی آگ بھڑکاتا ہو تو والدین کو چاہیئے کہ اپنی زبان کو اس طرح کے الفاظ اور تکلیف دہ کلمات سے بچائیں۔

اور اگر لینے دینے یا برتاؤ میں کسی ایک بچہ کو ترجیح دینے سے اس بچے کو تکلیف پہنچتی ہو اور اس میں حسد کی بیماری پیدا ہوتی ہو تو والدین کو چاہیئے کہ بچوں کے درمیان عدل وانصاف ومساوات وبرابری کریں۔

اس طرح والدین اور تربیت کرنے والوں کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کی پوری کوشش کریں کہ ان کا بچہ

Marfat.com

ان نفسیاتی بیماریوں میں سے کسی بیماری کا شکار نہ بنے جن میں سب سے بڑی بیماری حسد ہے، تاکہ بچے کی شخصیت کامل و مکمل اور وہ اچھی تربیت کے سایہ تلے ایک صحیح انسان بن کر بڑھے پلے۔

اور چوں کہ حسد کے دوررس نفسیاتی اور معاشرتی اثرات پڑتے ہیں۔ اسی لیے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے ڈرایا اور اس سے منع کیا ہے، لیجیے اس سلسلہ میں آپ کے چند اقوالِ زرین نقل کیے جاتے ہیں:

امام ابوداؤد حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((إیاکم والحسد فإن الحسد یأکل الحسنات کما تأکل النار الحطب)). — حسد سے بچو اس لیے کہ حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے۔

اور امام طبرانی رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

((لا یزال الناس بخیر مالم یتحاسدوا)). — لوگ اس وقت تک خیریت سے رہیں گے جب تک کہ آپس میں حسد نہ کریں۔

اسی طرح یہ حدیث بھی نقل کی ہے:

((لیس منی ذوحسد)). — حسد کرنے والا مجھ سے نہیں ہے۔

دیلمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((الحسد یفسد الإیمان کما یفسد الصبر العسل)). — حسد ایمان کو اس طرح خراب کر دیتا ہے جس طرح ایلوا شہد کو خراب کرتا ہے۔

اس لیے والدین اور تربیت کرنے والوں کو بچوں سے حسد کی بیماری دور کرنے اور اس کا علاج کرنے کے لیے تربیت کے ان بنیادی اصولوں کو اپنانے کی بہت سخت ضرورت ہے، اور اس میں کوئی شک نہیں کہ اگر یہ حضرات ان اصولوں کو اپنالیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رہنمائی پر عمل کرلیں تو اولاد کی بہترین نشوونما ہوگی اور ان میں محبت واخلاص اور صاف دلی پیدا ہوگی۔

۵۔ غصہ کی بیماری

غصہ ایک نفسیاتی حالت اور انفعالی مرض ہے جسے بچہ اپنی زندگی کے شروع کے دنوں میں محسوس کرتا ہے اور پھر وہ ساری زندگی اور موت تک اس کے ساتھ لگا رہتا ہے۔

غصہ چونکہ پیدائش سے ہی انسان میں پیدا ہونے والی ایک عادت ہے اس لیے یہ نہایت غلط بات ہے کہ غصہ کو قبیح بیماریوں اور گندے انفعالی حالات میں سے شمار کیا جائے، اس لیے کہ جب اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا اور اس میں مختلف طبائع، خواہشات، احساسات و رجحانات پیدا کیے ہیں تو ظاہر ہے کہ اس میں کوئی زبردست حکمت اور بڑی معاشرتی

Marfat.com

مصلحت ہوگی۔

غصہ کے فوائد یہ ہیں:

نفس کی حفاظت، دین کی حفاظت، عزت وآبرو کی حفاظت اور ملک دشمنوں اور ظالموں کے مکر وفریب اور ظلم سے وطنِ اسلامی کی حفاظت۔

اگر بالفرض یہ قدرتی چیز نہ ہوتی جسے اللہ تعالیٰ نے انسان میں ودیعت رکھ دیا ہے تو اللہ کی حرام کردہ اشیاء اور محارم اللہ کی مخالفت اور دینِ الٰہی کی تذلیل وتحقیر پر مسلمان کو ہرگز غصہ نہ آتا، اسی طرح اگر کوئی دین دشمن مسلمانوں کی سرزمین پر غاصبانہ قبضہ اور اس پر حکومت کرنا چاہتا تو اس سے مسلمان ہرگز طیش میں نہ آتا۔

ظاہر ہے کہ یہ غیظ وغضب وہ قابلِ تعریف غصہ ہے جو بعض حالات میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی آیا کرتا تھا چنانچہ صحیح احادیث میں آتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کوئی صاحب اللہ کی حدود میں سے کسی حد کے بارے میں سفارش کرنے آئے، تو آپ کو غصہ آگیا اور آپ کے چہرہ مبارک پر غصے کے آثار ظاہر ہوگئے، اور آپ نے اپنا یادگار وتاریخی جملہ ارشاد فرمایا:

«إنما أهلك الذين من قبلكم أنه إذا سرق فيهم الشريف تركوه، وإذا سرق فيهم الضعيف أقاموا عليه الحد، وأيم الله لو أن فاطمة بنت محمد (صلى الله عليه وسلم) سرقت لقطعت يدها».

تم میں سے پہلے گزرے ہوئے لوگ اسی لیے ہلاک ہوئے کہ اگر ان میں کوئی معزز آدمی چوری کرتا تو وہ اسے چھوڑ دیا کرتے تھے، اور جب ان میں کوئی ضعیف و معمولی حیثیت کا آدمی چوری کرتا تو وہ اس پر حد قائم کر دیتے اور خدا کی قسم اگر (بالفرض) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی بیٹی فاطمہ بھی اگر (العیاذ باللہ) چوری کرتی تو میں اس کا ہاتھ بھی کاٹ دیتا۔

اور طبرانی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ وسلم کو اپنی ذات کے لیے کسی سے انتقام لیتے ہوئے نہیں دیکھا مگر یہ کہ اللہ کے حکم کی خلاف ورزی کی جائے: چنانچہ اگر اللہ کے کسی حکم کی خلاف ورزی ہوئی تو آپ سب سے زیادہ غضبناک ہوتے تھے، اور کبھی بھی آپ کے سامنے دو امور پیش نہیں کیے گئے مگر یہ کہ آپ نے ان دونوں میں سے جو آسان تھا اسے پسند کیا بشرطیکہ وہ اللہ کی ناراضگی کا موجب نہ ہو، لیکن اگر وہ اللہ کے ناراضگی کا سبب ہوتا تو آپ اس سے سب سے زیادہ دور ہونے والے ہوتے تھے۔

اکثر علماءِ تربیت غصہ اور غضب کو جو ناپسندیدہ عادات اور مبغوض حرکت شمار کرتے تھے تو اس سے وہ غصہ مراد ہے جو مذموم ہے جو برے اثرات اور خطرناک عواقب تک پہنچا دیتا ہے، اور ایسا اس وقت ہوتا ہے جب ذاتی مصلحت اور انانیت کی وجہ سے غصہ کیا جاتا ہے، اور اس غصہ کی وجہ سے معاشرے میں وحدت کا پارہ پارہ اور اجتماعیت کا ریزہ ریزہ

ہونا اور اخوت و محبت کا ختم ہو جانا کوئی ڈھکی چھپی چیز نہیں ہے۔

ایسی صورتِ حال میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا غصہ کے سلسلہ میں اہتمام کرنا اور غصے کو پینے والوں اور ان لوگوں کی تعریف کرنا جو غصہ کے وقت اپنے نفس پر قابو رکھتے ہیں یہ کوئی تعجب کی بات نہیں ہے۔

امام احمد اپنی مسند میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ مجھے ایسی چیز بتلائیے جو مجھے اللہ جل شانہٗ کے غضب سے دور کر دے۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ غصہ مت ہو۔

اور امام بخاری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

«من كظم غيظا وهو يستطيع أن ينفذه دعاه الله يوم القيامة على رءوس الخلائق حتى يخيره فى أى الحور العين شاء».

جو شخص اپنے غصہ کو نافذ کر سکتا ہو لیکن اسے پی جائے تو اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن سب مخلوق کے سامنے پکاریں گے۔ یہاں تک کہ اسے اختیار دیں گے کہ جس بڑی آنکھوں والی حور کو چاہے پسند کر لے۔

* * *

اور امام بخاری و مسلم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

«ما تعدون الصرعة فيكم؟ قالوا: الذى لا تصرعه الرجال، قال: ولكن الذى يملك نفسه عند الغضب».

تم اپنے میں پہلوان کس کو سمجھتے ہو؟ عرض کیا وہ شخص جسے لوگ پچھاڑ نہ سکیں، آپ نے فرمایا نہیں (پہلوان) وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھے۔

* * *

اسی طرح معاشرے میں الفت و محبت اور مسلمانوں میں اتحاد و یگانگت باقی رکھنے کے لیے قرآنِ کریم کا مومن مردوں اور عورتوں کو غصے کے دبانے اور حسن و خوبی سے معاملہ رفع دفع کرنے اور جاہلوں سے روگردانی کا حکم دینے میں بھی کوئی غرابت اور تعجب کی بات نہیں ہے چنانچہ ارشادِ باری ہے:

«وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۚ ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا الَّذِي بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيمٌ ۝».

حٰمٓ السجدۃ-۳۴

اور نیکی اور بدی برابر نہیں ہوتی آپ نیکی سے (بدی کو) ٹال دیا کیجیے، تو پھر یہ ہوگا کہ جس شخص میں اور آپ میں عداوت ہے وہ ایسا ہو جائے گا جیسا کوئی دلی دوست ہوتا ہے۔

نیز فرمایا:

Marfat.com

﴿ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ۝ ﴾.

الفرقان-۶۳

اور (خدا کے) رحمٰن کے (خاص) بندے وہ ہیں جو زمین پر فروتنی کے ساتھ چلتے ہیں، اور جب ان سے جہالت والے لوگ بات چیت کرتے ہیں تو وہ کہہ دیتے ہیں خیر۔

نیز فرمایا:

﴿ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ ﴾ آل عمران ۱۳۴

جو خرچ کیے جاتے ہیں خوشی میں اور تکلیف میں اور دبا لیتے ہیں غصہ، اور لوگوں کو معاف کرتے ہیں، اور اللہ نیکی کرنے والوں کو چاہتا ہے۔

نیز فرمایا:

﴿ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ۝ ﴾. الشوریٰ، ۳۷

اور جب انہیں غصہ آتا ہے تو معاف کر دیتے ہیں۔

چونکہ قابلِ مذمت غصے کے انسان کی شخصیت اور عقل و سمجھ پر برے اثرات مرتب ہوتے ہیں، اور معاشرہ کی وحدت باہمی ربط و الفت پر نہایت خطرناک عواقب ظاہر ہوتے ہیں۔ اس لیے تربیت کرنے والوں کو چاہیے کہ بچے کی ابتدائی عمر سے سنِ امتیاز و شعور تک پہنچنے تک اس بیماری کے علاج کا خوب اہتمام کریں۔

بچے سے غصہ کا مرض دور کرنے کا بہترین علاج یہ ہے کہ اسے غصہ کے اسباب و دواعی سے بچایا جائے تاکہ غصہ اس کا مزاج، عادت اور فطرت نہ بن جائے، اور واقعی بالکل سچ کہا جس نے یہ کہا: پرہیز کا ایک درہم علاج کے بہت سے سرمایہ سے بہتر ہے۔

○ اگر غصہ کا سبب اور وجہ بھوک ہو تو مربی کو چاہیے کہ بچے کو وقتِ مقرر پر کھانا کھلانے کی کوشش کرے، اس لیے کہ اس کی غذا کی طرف سے بے توجہی برتنا جسمانی امراض اور نفسیاتی بیماریوں کا ذریعہ بنتا ہے، اور مربی اگر اپنے زیرِ کفالت اشخاص کی ضروریات پوری نہ کرے تو بہت سخت گناہگار ہوتا ہے۔ ابوداؤد وغیرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا:

«کفی بالمرء إثماً أن یضیع من یقوت»:

انسان کے گناہگار ہونے کے لیے یہ بات کافی ہے کہ وہ اپنے زیرِ کفالت افراد کی صحیح دیکھ بھال نہ کرے۔

○ اور اگر غیظ و غضب کا داعیہ اور سبب بیماری اور مرض ہو تو مربی کو چاہیئے کہ بچے کا کسی معالج سے علاج کرائے اور اس کی صحت کی فکر کرے، تاکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان پر عمل ہو جائے جسے امام مسلم و احمد نے روایت کیا ہے کہ:

Marfat.com

«لكل داء دواء، فإذا أصاب الدواء الداء برأ باذن الله عزّ وجلّ»۔

ہر بیماری کے لیے ایک دوا ہے، چنانچہ مرض کی جب صحیح دوا مل جاتی ہے تو اللہ جل شانہٗ کے حکم سے بیمار تندرست ہو جاتا ہے۔

٭ ٭ ٭

○ اور اگر غصہ کے اسباب و دواعی میں سے یہ بات ہو کہ بلاوجہ اس کی توہین کی جاتی ہو اور ڈانٹ ڈپٹا جاتا ہو تو ایسی صورت میں مربی کا فریضہ یہ ہے کہ وہ اپنی زبان کو تذلیل و اہانت آمیز کلمات سے محفوظ رکھے تاکہ بچے کے دل میں نفسیاتی امراض اور غصہ راسخ نہ ہو جائے، اور بلاشبہ یہ چیز حسنِ تربیت اور نیکی اور بھلائی میں اعانت کے قبیل سے ہے۔ چنانچہ ابن ماجہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«أدبوا أولادكم وأحسنوا أدبهم»۔

اپنے بچوں کو ادب سکھاؤ اور خوب اچھا ادب سکھاؤ۔

اور ابنِ حبان آپ کا درجِ ذیل فرمان مبارک روایت کرتے ہیں:

«رحم الله والداً أعان ولده على برّه»۔

اللہ تعالیٰ ایسے باپ پر رحم کرے جو نیکی میں اپنے بیٹے کا معاون بنے۔

○ اور اگر غصے کا سبب بچے کا اپنے ماں باپ کی نقل اتارنا اور ان کی دیکھا دیکھی غصہ کرنا ہو تو والدین کو چاہیے کہ وہ حلم و بردباری وقار و سکون اور غصہ کے وقت اپنے آپ کو کنٹرول و قابو میں رکھ کر بچے کے لیے خود کو ایک مثال نمونہ ثابت کریں اور اللہ تعالیٰ کا درجِ ذیل فرمانِ مبارک ثابت کر دکھائیں:

«وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ، وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ»۔ آل عمران ۱۳۴

اور دبا لیتے ہیں غصہ اور لوگوں کو معاف کرتے ہیں، اور اللہ نیکی کرنے والوں کو چاہتا ہے۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کو نافذ کریں جو پچھلی حدیث میں گزرا ہے:

«... ولكن الشديد الذي يملك نفسه عند الغضب»۔

پہلوان وہ نہیں جو غصہ کے وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھے۔

○ اور اگر لڑکے میں غصہ کا سبب ضرورت سے زیادہ ناز و نخرے اٹھانا اور عیش و عشرت ہو تو ایسی صورت میں تربیت کرنے والوں کو چاہیے کہ وہ بچوں کی محبت میں اعتدال سے کام لیں، اور ان پر رحم کرنے اور خرچ کرنے میں درمیانہ روی کو اختیار کریں، تاکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے درجِ ذیل مقولے پر عمل ہو:

اپنے دوست سے اعتدال و میانہ روی سے محبت کرو ممکن ہے کہ کبھی وہ تمہارا دشمن بن جائے، اور دشمن سے ضرورت کے مطابق دشمنی رکھو ممکن ہے کہ کبھی وہ تمہارا دوست بن جائے، اور تاکہ اس چیز سے بچا جا سکے جس سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ڈرایا ہے اور جسے امام احمد نے روایت کیا ہے:

Marfat.com

«إياكم والتنعم فإن عباد الله ليسوا بالمتنعمين».

عیش وعشرت کی زندگی سے بچو اس لیے کہ اللہ کے بندے عیش وعشرت میں نہیں پڑتے۔

○ اور اگر غصہ کا سبب ہنسی مذاق اڑانا اور برے القاب سے یاد کرنا ہو تو تربیت کرنے والوں کو چاہیے کہ ان چیزوں سے دور رہیں جو غصہ کی آگ بھڑکانے والی ہوں تاکہ بچے میں غصہ کی بیماری جاگزیں نہ ہو جائے۔

قرآنِ کریم نے مذاق اڑانے، بدظنی، تجسس اور برے ناموں کے ساتھ پکارنے سے روک کر کتنی عظیم وزبردست تربیت دی ہے چنانچہ سورۂ حجرات میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

«يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّن قَوْمٍ عَسَىٰ أَن يَكُونُوا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَاءٌ مِّن نِّسَاءٍ عَسَىٰ أَن يَكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۖ وَلَا تَلْمِزُوا أَنفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ ۖ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ بَعْدَ الْإِيمَانِ ۚ وَمَن لَّمْ يَتُبْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ

اے ایمان والو نہ مردوں کو مردوں پر ہنسنا چاہیے کیا عجب کہ وہ ان سے بہتر ہوں، اور نہ عورتوں کو عورتوں پر (ہنسنا چاہیے) کیا عجب کہ وہ ان سے بہتر ہوں، اور نہ ایک دوسرے کو طعنہ دو اور نہ ایک دوسرے کو برے القاب سے پکارو، ایمان کے بعد گناہ کا نام ہی برا ہے اور جو (اب بھی) توبہ نہ کریں گے وہی ظالم ٹھہریں گے۔

بچے کے غصہ کا کامیاب علاج یہ ہے کہ اسے غصہ کی تسکین کے لیے نبوی طریقے کا عادی بنا دیا جائے، ذیل میں اُس طریقے کے مختلف مراحل ذکر کیے جاتے ہیں:

۱۔ جس ہیئت پر غصہ ہونے والا شخص ہو اس ہیئت کو بدل دیا جائے:

امام احمد وغیرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

«إذا غضب أحدكم وهو قائم فليجلس فإن ذهب عنه الغضب وإلا فليضطجع».

جب تم میں سے کسی شخص کو غصہ آجائے تو اسے چاہیئے کہ وہ بیٹھ جائے پھر اگر اس کا غصہ ٹھنڈا ہو جائے تو بہتر ورنہ لیٹ جائے۔

۲۔ غصہ کے وقت وضو کر لینا:

امام ابوداؤد رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

«الغضب من الشيطان، وإن الشيطان

غصہ شیطانی اثر ہے اور شیطان کو آگ سے پیدا کیا

خلق من النار، وإنما تطفأ النار بالماء، فإذا غضب أحدكم فليتوضأ».

گیا ہے، اور آگ کو پانی سے بجھایا جاتا ہے، لہٰذا جب تم میں سے کسی شخص کو غصہ آجائے تو اسے چاہیے کہ وضو کرلے۔

❊ ❊ ❊

۳۔ غصہ کی حالت میں خاموشی اختیار کرلینا:

امام احمد رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

«إذا غضب أحدكم فليسكت».

جب تم میں سے کسی شخص کو غصہ آجائے تو اسے چاہیے کہ خاموش ہوجائے۔

❊ ❊ ❊

۴۔ اللہ کے ذریعہ سے شیطان مردود سے پناہ مانگنا:

بخاری و مسلم میں آتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دو صاحبان ایک دوسرے کو برا بھلا کہنے لگے، اور ان میں سے ایک صاحب کا چہرہ سرخ ہوگیا اور وہ دوسرے کو گالی دینے لگے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے معلوم ہے کہ اگر وہ شخص اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم کہہ دیتا تو اس کا غصہ ختم ہوجاتا۔

غصہ کو ختم اور اس کی تیزی کو کم کرنے کے سلسلے میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ نہایت اہم ہدایات ہیں، جو آپ نے امت کو دی ہیں، اس لیے والدین اور تربیت کرنے والے کو چاہیے کہ اپنی اولاد اور شاگردوں کو اس کی تربیت دیں تاکہ وہ حلم و بردباری سنجیدگی اور غصہ کے وقت اپنے نفس کو قابو میں رکھنے کی عادت ڈالیں۔

آخری بات یہ ہے کہ تربیت کرنے والوں کو چاہیے کہ بچوں کے سامنے غصہ کی عادت کی خرابی اور قباحت ظاہر کریں مثلاً انہیں ایسے شخص کی حالت دکھائیں جو غصہ میں ہو کہ اس کی آنکھیں کس طرح پھیل جاتی اور رگیں کس طرح پھول جاتی ہیں اور چہرے کا آثار چڑھاؤ کیا ہوجاتا ہے اور چہرہ سُرخ ہوجاتا ہے، اور آواز بلند ہوجاتی ہے، ظاہر ہے کہ جب غصہ والے شخص کی صورت جب اس طرح محسوس کرادی جائے گی تو بچہ یقیناً اس سے باز رہے گا اور اسے عبرت بھی حاصل ہوگی، اسی طرح تربیت کرنے والوں کو چاہیے کہ بچوں کو غصے کی آفات اور خطرناک انجام اور بری عاقبت سے بھی بچائیں۔

غصہ کی قباحت کو اس طرح سے بیان کرنا اور اس کی برائی کو مجسم کرکے دکھانا، اور اس سے بچانے کی تدابیر اختیار کرنا ہی وہ طریقہ ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معاشرہ کی تربیت اور نفوس کے علاج کے لیے اختیار کیا تھا،

Marfat.com



اجتماعی و معاشرتی تربیت کی ذمہ داریاں

اجتماعی ومعاشرتی تربیت کی ذمہ داری

اجتماعی ومعاشرتی تربیت کا مقصد یہ ہے کہ بچے کو شروع ہی سے ایسے اعلیٰ معاشرتی آداب اور عظیم نفسیاتی اصول کا عادی بنادیا جائے جو ہمیشہ زندہ جاوید رہنے والے اسلامی عقیدے اور گہرے ایمانی شعور سے پھوٹ کر نکلتے ہیں، تاکہ بچہ معاشرے میں حسنِ معاملہ، ادب، سنجیدگی اور پختگی عقل اور اچھے تصرفات غرضیکہ ہر حیثیت سے ایک بہترین مثالی فرد بنے۔

تربیت کرنے والوں اور والدین پر بچے کی تربیت کے سلسلہ میں جو ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں ان میں یہ سب سے اہم ذمہ داری ہے۔ بلکہ یہ ہر اس تربیت کا نچوڑ ہے جس کا ذکر پہلے گزر چکا ہے چاہے تربیت ایمانی ہو یا اخلاقی یا نفسیاتی... اس لیے کہ یہ ایک ایسی وجدان اور کردار سے متعلق عادت ہے جو بچے کو حقوق کی ادائیگی اور آداب کو لازم پکڑنے، اور ہر ایک کا خیال رکھنے، اور عقلی پختگی اور حسنِ سیاست اور دوسروں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کی عادی بناتی ہے۔

واقعہ اور تجربہ کے اعتبار سے اتنی بات ثابت ہے کہ معاشرہ کی سلامتی اور اس کی عمارت کی پختگی ومضبوطی معاشرہ کے افراد کی سلامتی اور ان کی عمدہ تربیت سے وابستہ ہے، اسی لیے اسلام نے اولاد کے اخلاق وکردار کی تربیت کا بہت اہتمام کیا ہے، جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جب یہ تربیت یافتہ افراد کوئی معاشرہ تشکیل دیتے ہیں تو وہ زندگی کے میدان میں ایک سمجھدار باکردار اور باصلاحیت عقلمند انسان کی سچی تصویر ہوتے ہیں۔

اس لیے تربیت کرنے والوں کو چاہیئے کہ وہ زبردست محنت اور جدوجہد کا مظاہرہ کریں تاکہ صحیح طور سے اپنے معاشرتی تربیت کی اپنی عظیم مسئولیت وذمہ داری کو پورا کرسکیں اور ایک ایسے بہترین اسلامی معاشرے کی تعمیر کرسکیں جس کی بنیاد ایمان، اخلاق اور بہترین معاشرتی تربیت اور اعلیٰ ترین اسلامی اقدار پر قائم ہو، اور یہ کام اللہ تعالیٰ کے لیے کوئی مشکل نہیں ہے۔

چونکہ ہر تربیت کے لیے کچھ نہ کچھ ایسے وسائل ہوتے ہیں جن کو مربی اختیار کرتے ہیں، اس لیے غور کرنا چاہیئے کہ وہ کون سے عملی وسائل ہیں جو بہترین معاشرتی تربیت کا ذریعہ بنتے ہیں؟

یہ وسائل میری نظر میں چار امور میں منحصر ہیں:

۱۔ بہترین نفسیاتی اصول کی تخم ریزی کرنا۔
۲۔ دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنا۔
۳۔ عمومی معاشرتی آداب کا خیال رکھنا۔
۴۔ دیکھ بھال اور معاشرے کا محاسبہ۔

اُولاً : نفسیاتی اُصول کی تخم ریزی

اسلام نے تمام افراد کی نفوس میں چاہے وہ چھوٹے ہوں یا بڑے مرد ہوں یا عورتیں، بوڑھے ہوں یا جوان شاندار تربیت کی بنیاد ایسے عظیم مستحکم نفسیاتی اصولوں اور ابدی تربیتی قواعد پر رکھی ہے جن کے بغیر اسلامی شخصیت کی تکمیل و تعمیر نہیں ہوسکتی۔ اور درحقیقت یہ ہمیشہ باقی رہنے والی انسانی روایات ہیں۔ جماعتوں اور افراد میں ان نفسیاتی اصولوں کی تخم ریزی کے لیے اسلام نے زبردست توجیہات و شاندار راہنما اصول و پرمغز وصایا پیش کیے ہیں۔ تاکہ اعلیٰ اسلوب اور بہترین طریقے سے اجتماعی تربیت ہوسکے۔ اور معاشرہ باہمی تعاون عظیم اتحاد اور شاندار آداب اور باہمی الفت و محبت اور اصلاح پر مشتمل مفید نقد و تنقید کے ماحول میں پروان چڑھے۔

جن نفسیاتی اصولوں کو اسلام لوگوں میں راسخ کرنا چاہتا ہے ان میں سے اہم درج ذیل ہیں:

۱۔ تقویٰ یہ اس ایمانی عمیق شعور کا لازمی نتیجہ اور طبیعی ثمرہ ہے جو اللہ عزوجل کے حاضر ناظر ہونے کے خیال اور اس کے خوف و خشیت اور اس کے عذاب و ناراضگی کے ڈر اور اس کے عفو و درگزر و ثواب کی امید کے نتیجہ میں پیدا ہوتا ہے۔ اور تقویٰ (جیسا کہ علماء نے اس کی تعریف کی ہے یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ انسان کو اس جگہ نہ دیکھے جہاں سے اس نے منع کیا ہے اور وہاں غائب نہ پائے جہاں حاضر ہونے کا حکم دیا ہے، اور بعض حضرات نے تقویٰ کی تعریف یہ کی ہے کہ اچھے اعمال کرکے اللہ کے عذاب سے بچنا اور ظاہر و باطن میں اللہ تعالیٰ سے خوف کرنا۔

اسی لیے قرآنِ کریم نے بہت سی آیات بینات کے ذریعہ نہایت اہتمام سے تقویٰ کی فضیلت کا ذکر کیا ہے اور اس کا حکم دیا ہے اور اس پر ابھارا ہے، چنانچہ قرآنِ کریم کی تلاوت کرنے والا ایک صفحہ یا چند صفحے بھی نہیں پڑھ پاتا مگر یہ کہ جابجا مختلف آیات میں لفظِ تقویٰ کا ذکر پڑھ لیتا ہے۔

اسی لیے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور سلفِ صالحین تقویٰ کا بہت اہتمام کرتے تھے، اور اس کو اپنے اندر پیدا کرنے کی فکر اور کوشش کرتے تھے اور اس کے بارے میں ایک دوسرے سے سوال کرتے تھے۔ چنانچہ آتا ہے کہ ایک مرتبہ حضرت

Marfat.com

عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے تقوٰی کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے فرمایا: کیا آپ کبھی کانٹے والے راستے میں نہیں چلے ہیں؟ انہوں نے کہا، کیوں نہیں، تو انہوں نے پوچھا کہ آپ کیا کرتے تھے؟ تو انہوں نے کہا: خوب کوشش اور محنت کرتا تھا، تو انہوں نے کہا کہ یہی تقوٰی ہے۔

یہ تقوٰی ضمیر کے حساس اور شعور کے صاف شفاف ہونے، اور دائمی خوف وخشیت اور مستقل احتیاط اور راستے کے کانٹوں سے بچنے کی فکر کا نام ہے زندگی کا وہ راستہ جس میں خواہشات، شہوات ومرغوبات اور طمع واغراض اور خوف وخطر اور خطرات وخیالات کے کانٹے جو کچھ نہیں دے سکتا اس سے جھوٹی امید اور جو نفع ونقصان کا مالک نہیں اس سے جھوٹے خوف کے کانٹے ایک دوسرے کی جانب گھسیٹتے ہیں اور اس کے علاوہ اور بہت سے بیسیوں کانٹے ہیں (۱)۔

اور اللہ تعالٰی سے خوف اور تقوٰی، قطع نظر اس کے کہ اس کی وجہ سے مؤمن کے دل میں اللہ کا خوف اور اس کے مراقبہ کا فکر ہوتا ہے یہ تقوٰی دراصل تمام معاشرتی فضائل وکمالات کا منبع ہے، اور مفاسد وشرور اور گناہوں اور پریشانیوں سے بچنے کا منفرد راستہ ہے۔ بلکہ افراد میں معاشرے اور ہر اس شخص کے لیے جو ان سے ملے اس کے بارے میں کامل شعور واحساس پیدا کرنے کا پہلا ذریعہ وسبب ہے۔

اور ممکن ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے فرمانِ مبارک: ((التقوٰی ھھنا)) کہ تقوٰی یہاں ہے، اسے تین مرتبہ جو دہرایا (جیسا کہ آئندہ آئے گا) اس کی وجہ شاید یہ ہو کہ معاشرہ کی تربیت کی اس اصل اور بنیاد کی تاکید واہمیت بیان ہو جائے اور خصوصاً ان اوامر میں جن سے انسانی کرامت کے مساس اور لوگوں کو ضرر پہنچانے سے روکا گیا ہے۔

افراد کے کردار اور معاملات پر تقوٰی کا جو اثر پڑتا ہے اس کے چند نمونے درج ذیل ہیں:

الف - امام غزالی "احیاء العلوم" میں روایت کرتے ہیں کہ یونس بن عبید کے پاس مختلف قیمت کے جوڑے اور پوشاکیں تھیں، ان میں سے بعض ایسی اقسام کے بھی تھے جن میں سے ہر پوشاک کی قیمت چار سو درہم تھی، اور بعض کی دو سو درہم۔ وہ نماز کے لیے چلے گئے اور اپنے بھتیجے کو دکان پر چھوڑ گئے، اسی اثناء میں ایک اعرابی شخص آیا اور اس نے چار سو درہم کا ایک جوڑا مانگا تو انہوں نے دو سو درہم والے جوڑے اس کے سامنے پیش کر دیے، اسے وہ اچھے لگے اور پسند آگئے، اور اسے اس نے چار سو درہم میں خرید لیا اور اس کو اٹھا کر چل دیا، راستے میں اسے یونس مل گئے اور انہوں نے اپنے جوڑے کو پہچان لیا اور اس اعرابی سے پوچھا کہ تم نے یہ کتنے میں خریدا ہے؟ اس نے کہا چار سو درہم میں۔

یونس نے اس سے کہا کہ یہ تو دو سو سے زیادہ کا نہیں ہے اس لیے تم واپس چلو اور اس کو واپس کر دو، تو اس اعرابی نے کہا کہ یہ تو ہمارے علاقے میں پانچ سو کا ہے اور میں نے تو اسے خوشی سے خرید لیا ہے۔ تو یونس نے اس سے کہا: تم میرے ساتھ چلو، اس لیے کہ نصیحت وخیر خواہی دینِ اسلام میں دنیا ومافیہا سے بہتر ہے۔ پھر انہیں دکان واپس لے گئے اور ان کو دو سو

(۱) ملاحظہ ہو سید قطب کی کتاب الظلال (۱-۴)۔

درہم واپس کر دیے، اور قیمت سے زیادہ پیسے لینے پر اپنے بھتیجے سے لڑے، اور ان کو اس پر سخت تنبیہ کی، اور کہا: کیا تمہیں شرم نہیں آتی؟ کیا تمہیں خدا کا خوف نہیں ہے، جتنی قیمت ہے تم اتنا ہی نفع لینا چاہتے ہو اور مسلمانوں کے ساتھ خیر خواہی نہیں کرتے؟ تو ان کے بھتیجے نے کہا کہ: بخدا اس نے تو وہ خوشی خوشی اور رضامندگی سے لیا تھا، تو انہوں نے کہا: تم نے اس کے لیے وہ بات کیوں نہ پسند کی جو اپنے لیے پسند کرتے ہو!!

ب۔ حضرت عبداللہ بن دینار فرماتے ہیں کہ میں حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ مکہ کے ارادہ سے نکلا راستہ میں ہم آرام کرنے لیٹے، تو پہاڑ سے ایک چرواہا اترا، انہوں نے اس سے کہا: چرواہے ان دنبوں میں سے ایک دنبہ میرے ہاتھ بیچ دو، اس نے کہا کہ میں تو غلام ہوں، حضرت عمر نے اس کا امتحان لینے کے لیے کہا کہ تم اپنے آقا سے یہ کہہ دینا کہ اسے بھیڑیا کھا گیا، تو چرواہے نے کہا کہ پھر اللہ تعالیٰ کہاں چلے جائیں گے (یعنی اللہ تو دیکھ رہے ہیں) یہ سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ رونے لگے اور پھر اس غلام کے ساتھ گئے، اور اس کے آقا سے اسے خرید کر آزاد کر دیا اور فرمایا: تمہیں اس ایک بات نے دنیا میں غلامی سے آزادی دلائی، اور مجھے امید ہے کہ یہ تمہیں آخرت میں آگ سے نجات دلائے گی۔

ج۔ اور ماں بیٹی کا وہ قصہ تو اکثر حضرات جانتے ہی ہوں گے کہ ماں یہ چاہتی تھی کہ بیٹی دودھ میں پانی ملا دے تاکہ آمدنی زیادہ ہو۔ اور بیٹی اسے یہ یاد دلا رہی تھی کہ امیر المؤمنین نے اس سے منع کیا ہے، ماں کہتی ہے کہ امیر المؤمنین ہمارے پاس کہاں ہیں، وہ ہمیں دیکھ تھوڑی رہے ہیں، بیٹی خاموش کن جواب دیتی ہے کہ اگر امیر المؤمنین ہمیں نہیں دیکھ رہے تو امیر المؤمنین کا رب تو ہمیں دیکھ رہا ہے!!

اس لیے ہمیں چاہیے کہ تقویٰ اور اللہ کے ہر وقت ہمیں دیکھنے ہر جگہ حاضر و ناظر ہونے کے یقین کو اپنے بچوں میں شروع ہی سے پیدا کریں!!

۲۔ اخوت یہ ایک ایسا نفسیاتی رابطہ ہے جو ہر اس شخص کے ساتھ نرمی، محبت اور احترام کا گہرا شعور پیدا کرتا ہے جس کا انسان سے اسلامی عقیدے اور تقویٰ و ایمان کی بنیاد پر رابطہ ہو۔ اخوت کا یہ شعور صادق اور سچا احساس مسلمان کے دل میں تعاون، ایثار، شفقت اور باوجود قدرت کے معاف کرنے کے بہترین جذبات پیدا کرتا ہے۔ اور انسان کو اس بات پر مجبور کرتا ہے کہ وہ تمام ایسے کاموں سے بچے اور دور رہے جو لوگوں کو ذاتی طور سے نقصان پہنچائیں یا ان کے مال یا عزت و کرامت کو نقصان پہنچائیں۔ اسلام نے صرف اللہ ہی کے لیے اس اخوت و بھائی چارگی کے پیدا کرنے پر زور دیا ہے، اور بہت سی آیاتِ قرآنیہ اور احادیثِ نبویہ میں اس کے تقاضوں اور انواع و اقسام کو بیان کیا ہے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ﴾۔ الحجرات۔۱۰ بے شک مسلمان (آپس میں) بھائی ہی بھائی ہیں۔

اور فرمایا:

«سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِأَخِيكَ». القصص۔۳۵

ہم ابھی تمہارے بھائی کو تمہاری قوت بازو بنائے دیتے ہیں۔

اسی طرح ایک اور جگہ ارشاد باری ہے:

«وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا». آل عمران۔۱۰۳

اور اللہ کا احسان اپنے اوپر یاد کرو جب کہ تم آپس میں دشمن تھے پھر الفت دی تمہارے دلوں میں اب ہو گئے اس کے فضل سے بھائی۔

امام مسلم رحمہ اللہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا: مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔ نہ وہ اس پر ظلم کرتا ہے نہ اسے (دشمن کے) سپرد کرتا ہے اور نہ اسے رسوا کرتا ہے اور نہ اس کی تحقیر کرتا ہے، انسان کے برا ہونے کے لیے اتنی بات کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کی تذلیل و تحقیر کرے، مسلمان پورا کا پورا مسلمان پر حرام ہے اس کا خون بھی اور اس کا مال بھی اور اس کی عزت و آبرو بھی (تین مرتبہ فرمایا) تقویٰ اس جگہ ہے اور اپنے سینہ مبارک کی طرف اشارہ کیا۔

اور امام بخاری اور مسلم نے یہ روایت نقل کی ہے۔

«لا يؤمن أحدكم حتى يحب لأخيه ما يحب لنفسه».

تم میں سے کوئی بھی شخص اس وقت تک مؤمن کامل نہیں ہو سکتا جب تک کہ اپنے (مسلمان) بھائی کے لیے وہ چیز پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

❊ ❊ ❊

اور امام مسلم اور احمد روایت کرتے ہیں:

«مثل المؤمنين في توادهم وتعاطفهم وتراحمهم كمثل الجسد إذا اشتكى منه عضو تداعى له سائر الجسد بالسهر والحمى».

مؤمنوں کی آپس میں محبت الفت و رحم دلی کی مثال ایسی ہے جیسا کہ ایک جسم میں اس کے کسی عضو کو تکلیف ہوتی ہے تو تمام جسم اس کے ساتھ بے خوابی اور بخار میں شریک ہو جاتا ہے

اور امام مسلم اپنی کتاب "صحیح" میں نقل کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے روز ارشاد فرمائیں گے:

«أين المتحابون بجلالي؟ اليوم أظلهم في ظلي يوم لا ظل إلا ظلي».

کہاں ہیں وہ لوگ جو میرے جلال کی وجہ سے باہمی محبت کرتے تھے؟ آج میں ان کو اپنے سایۂ رحمت میں رکھوں گا جس روز میرے سائے کے سوا اور کوئی سایہ نہ ہوگا۔

❊ ❊ ❊

اس اخوت اور اللہ کے لیے بھائی چارگی کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسلامی معاشرہ کے افراد نے پوری تاریخ اور تمام زمانوں میں آپس میں غم خواری، ایثار، باہمی تعاون و ہمدردی کا ایسا تعاون کیا جو تاریخ انسانی میں سب سے بہتر سلوک اور برتاؤ شمار ہوتا ہے ذیل میں اس کے چند نمونے ذکر کیے جاتے ہیں:

الف۔ امام حاکم اپنی کتاب مستدرک میں روایت کرتے ہیں کہ حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ

صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس اسی ہزار درہم بھیجے، حضرت عائشہ روزے سے تھیں اور انہوں نے پرانے کپڑے پہنے ہوئے تھے جب یہ خطیر رقم ان کو ملی تو انہوں نے فوراً فقراء و مساکین میں اسے تقسیم کر دیا، اور اپنے لیے اس میں سے کچھ بھی نہ روکا، تو ان کی خادمہ نے ان سے عرض کیا کہ اے ام المؤمنین آپ نے اتنا بھی نہیں کیا کہ ہمارے لیے ایک درہم کا گوشت ہی خرید لیتیں اور خود بھی اس سے افطار کر لیتیں، تو انہوں نے فرمایا: بیٹی اگر تم مجھے پہلے یاد دلا دیتیں تو میں ایسا کر لیتی۔

ب - امام طبرانی اپنی کتاب "معجم کبیر" میں روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب نے چار سو دینار ایک تھیلی میں ڈالے اور اپنے غلام سے کہا کہ یہ حضرت ابو عبیدہ بن الجراح کے پاس لے جاؤ، اور پھر کچھ دیر ان کے گھر ہی میں کسی کام میں لگ جانا تاکہ تمہیں یہ معلوم ہو جائے کہ وہ ان کا کیا کرتے ہیں، چنانچہ غلام وہ دینار ان کے پاس لے گیا اور عرض کیا کہ امیر المؤمنین نے فرمایا ہے کہ ان کو اپنی بعض ضروریات میں کام میں لے لیں، تو حضرت ابو عبیدہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ حضرت عمر کو اس کا اچھا بدلہ دے اور ان پر رحم کرے، اور پھر فرمایا: اے لڑکی آجاؤ اور یہ سات دینار فلاں کو دے آؤ، اور یہ پانچ فلاں کو، اور یہ پانچ دینار فلاں کو، حتیٰ کہ وہ سارے دینا خرچ کر ڈالے، تو وہ غلام حضرت عمر کے پاس آیا اور اس نے سارا قصہ ان کو سنا ڈالا۔

حضرت عمر نے اتنے ہی دینار حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو بھیجنے کے لیے تیار کر رکھے تھے چنانچہ انہوں نے فرمایا: ان کو حضرت معاذ کے پاس لے جاؤ اور وہیں ان کے گھر میں کسی کام میں لگ جانا تاکہ تمہیں معلوم ہو جائے کہ انہوں نے ان پیسوں کا کیا کیا؛ چنانچہ وہ غلام پیسے لیکر ان کے پاس گیا اور کہا، امیر المؤمنین یہ فرماتے ہیں کہ انہیں اپنی ضروریات میں خرچ کر لیجیے، تو انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ حضرت عمر پر رحم کرے اور ان کو اچھا بدلہ دے، اے لڑکی فلاں گھر والوں کے پاس اتنے پیسے لے جاؤ اور فلاں کے یہاں اتنے دینار، چنانچہ حضرت معاذ کی اہلیہ نے جھانک کر کہا: بخدا ہم بھی تو غریب و مسکین ہیں ہمیں بھی دے دیجیے، اس وقت تھیلی میں صرف دو دینار بچے تھے چنانچہ انہوں نے وہ ان کی طرف پھینک دیے، غلام حضرت عمر کے پاس واپس گیا اور انہیں پورا قصہ سنا دیا تو حضرت عمر یہ سن کر بہت خوش ہوئے اور فرمایا: یہ سب - ایک دوسرے کے بھائی ہی ہیں۔

ج - ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں سخت قحط پڑا لوگ بہت شدت و تنگی میں گرفتار ہو گئے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ایک قافلہ شام سے آیا جو ایک ہزار اونٹوں پر مشتمل تھا، جن پر مختلف قسم کا کھانے پینے کا سامان اور کپڑا لدا ہوا تھا، تاجر حضرت عثمان کے پاس آئے اور ان سے اس قافلہ کو خریدنا چاہا، انہوں نے ان سے کہا کہ مجھے اس پر کتنا نفع دو گے؛ تو انہوں نے کہا پانچ فیصد، حضرت عثمان نے فرمایا: مجھے تو ایسے خریدار مل گئے ہیں جو مجھے اس سے زیادہ نفع دیں گے، تو انہوں نے کہا کہ ہمیں تو کوئی ایسا تاجر معلوم نہیں جو اس نفع سے زیادہ نفع دے؛ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: مجھے تو ایسے خریدار ملے ہیں جو ایک درہم پر سات سو اور اس سے بھی زیادہ درہم نفع دیں گے، میں نے تو اللہ تعالیٰ کے اس فرمانِ مبارک کو سن لیا ہے:

((مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ	ان لوگوں کی مثال جو اللہ کی راہ میں اپنا مال خرچ کرتے
اللهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ	ہیں ایسی ہے کہ جیسے ایک دانہ، اس سے اگیں سات

Marfat.com

كُلِّ سُنْبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ۗ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝)). البقرہ-۲۶۱

بالیں، ہر بال میں سو سو دانے، اور اللہ بڑھاتا ہے جس کے واسطے چاہے، اور اللہ بے نہایت بخشش کرنے والا ہے سب کچھ جانتا ہے۔

٭ ٭ ٭

اے تاجروں کی جماعت میں تمہیں اس بات کا گواہ بناتا ہوں کہ یہ پورا قافلہ اور اس میں جو گندم، آٹا، گھی اور تیل ہے یہ سب میں نے مدینہ منورہ کے فقراء کو ہبہ کر دیا ہے، اور اسے مسلمانوں کے لیے دے دیا ہے۔

اور امام بخاری نے اپنی کتاب "الادب المفرد" میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ ہم پر ایک ایسا زمانہ بھی آیا ہے کہ کوئی شخص بھی اپنے درہم و دینار کا اپنے مسلمان بھائی سے زیادہ حقدار نہ تھا۔

لہٰذا ہمیں بھی چاہیے کہ ہم اپنی اولاد کو اخوت و محبت کی فضا میں پروان چڑھائیں۔

۳- رحمت

رحم نام ہے رقتِ قلب اور ضمیر کے حساس ہونے اور شعور کے لطیف ہونے کا، جو دوسروں کے ساتھ نرمی اور دوسروں کے درد و غم میں شریک ہونے اور ان پر رحم کھانے اور ان کے غموں اور تکالیف میں آنسو بہانے کا نام ہے، رحم ہی ایک ایسا مادہ ہے جو مؤمن کو اس بات پر مجبور کرتا ہے کہ وہ مؤمن کی ایذا رسانی سے دور رہے، اور جرائم سے کنارہ کش اور تمام لوگوں کے لیے خیر و بھلائی اور سلامتی کا منبع ہو۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے بعض کے بعض پر رحم کرنے کو اللہ تعالیٰ کے ان پر رحم کرنے کا ذریعہ و سبب قرار دیا ہے، چنانچہ امام ترمذی و ابو داؤد و احمد نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((الراحمون يرحمهم الرحمٰن، ارحموا من في الأرض يرحمكم من في السماء)). رحم کرنے والوں پر رحمٰن رحم کرتا ہے، تم زمین والوں پر رحم کرو تم پر آسمان والا رحم کرے گا۔

اور جو لوگ رحم کے مادہ سے عاری ہیں ان پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدبخت و شقی ہونے کا حکم لگایا ہے۔ چنانچہ امام ترمذی و ابو داؤد وغیرہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

((لا تنزع الرحمة إلا من شقي)). رحم کا مادہ نہیں چھینا جاتا مگر بدبخت سے۔

اور مؤمن کا رحم کرنا صرف اپنے مؤمن بھائیوں کے ساتھ ہی رحم میں منحصر نہیں ہوتا بلکہ وہ رحم کا ایک ایسا چشمہ ہوتا ہے، جس سے تمام لوگوں پر رحمت کی بارش اور رحم کا فیضان ہوتا ہے، ایک مرتبہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ سے فرمایا:

((لن تؤمنوا حتى ترحموا)). تم لوگ اس وقت تک (کامل) مؤمن نہیں بن سکتے جب تک تم رحم نہ کرو۔

٭ ٭ ٭

صحابہ نے عرض کیا، اے اللہ کے رسول ہم میں سے ہر شخص رحم کھاتا ہے، تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ اس سے وہ رحم مراد نہیں جو تم میں سے ہر شخص اپنے دوسرے ساتھی کے ساتھ کرتا ہے بلکہ اس سے مراد سب پر رحم کرنا ہے۔

Marfat.com

بلکہ اس سے وہ رحم مراد ہے جو انسانِ ناطق سے تجاوز کر کے حیوانوں تک کو شامل ہو:

چنانچہ صرف مؤمن ہی وہ شخص ہے جو حیوانات پر رحم کھاتا ہے اور ان کو ایذا دینے سے اللہ کی وجہ سے ڈرتا ہے اور وہ یہ سمجھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا حساب لے گا، اور اگر اس نے ان کے حقوق ادا کرنے میں کوتاہی کی یا ان کو تکلیف پہنچائی تو اللہ تعالیٰ باز پرس کرے گا، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہی یہ اعلان فرمایا کہ ایک بدکردار و فاحشہ عورت نے ایک کتے کو پانی پلا دیا تو اس کی وجہ سے اس کے لیے جنت کے دروازے کھل گئے، اور اللہ نے اس کی مغفرت فرما دی، اور دوزخ کے دروازے ایک عورت کے لیے اس لیے کھول دیے گئے کہ اس نے ایک بلی کو باندھے رکھا اور وہ بھوک سے مر گئی، اس عورت نے نہ اس کو کھانے پینے کو دیا اور نہ اسے آزاد کیا کہ کیڑے مکوڑے کھا کر پیٹ بھر لے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ ایک دنبے کو ذبح کرنے کے لیے ٹانگ پکڑ کر گھسیٹ رہا ہے تو انہوں نے اس سے فرمایا: تجھے کیا ہو گیا؟ اس کو موت کی جانب نرمی سے کھینچ کر لے جاؤ۔

اسلامی معاشرے میں رحم و شفقت کے چند نمونے درج ذیل ہیں:

الف: مؤرخین لکھتے ہیں کہ جن دنوں حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے مصر کو فتح کیا تو ان کے خیمہ میں ایک کبوتری آ گئی اور اس نے اوپر کے حصہ میں اپنا گھونسلہ بنا لیا، اور جب حضرت عمرو وہاں سے کوچ کرنے لگے تو ان کی نظر اس پر پڑی اور انہوں نے یہ مناسب نہ سمجھا کہ خیمہ اکھاڑ کر اسے بے گھر کیا جائے، لہٰذا انہوں نے خیمہ کو اسی حالت پر چھوڑ دیا، اور بعد میں اس کے اردگرد اور بہت سے مکانات بن گئے اور اس جگہ کا نام ہی "مدینہ فسطاط" (یعنی خیمہ کا شہر) پڑ گیا۔

ب: حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ زمانہ جاہلیت میں سخت گیری اور قساوت میں معروف تھے لیکن جب اسلام نے ان کے دل میں رحم کے چشمے بہا دیے تو پھر وہی حضرت عمر اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنے آپ کو اس کا بھی مسئول سمجھتے تھے کہ عراق کے ایک دور دراز علاقے میں ایک خچر اس لیے ٹھوکر کھا گیا تھا کہ انہوں نے اس کے لیے پختہ راستہ نہیں بنایا۔

ج: اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کے لشکر کو رخصت کرتے ہوئے یہ وصیت فرماتے ہیں یاد رکھو کسی عورت اور بوڑھے اور بچے کو قتل نہ کرنا، اور نہ کسی کھجور کے درخت کو اکھیڑنا، اور نہ کسی پھل دار درخت کو کاٹنا اور تم ایسے لوگوں کو پاؤ گے جنہوں نے گرجا گھروں (چرچ) اور صومعوں کو لازم پکڑ لیا ہے لہٰذا ان کو ان کی حالت پر چھوڑ دینا۔

د: اس رحم کی مثالوں میں سے مسلمانوں کے قائم کردہ مندرجہ ذیل اوقاف بھی ہیں:

۱۔ آوارہ کتوں کے لیے وقف جو مخصوص مقامات پر ان کی دیکھ بھال کے لیے بنائے جاتے ہیں، تاکہ وہ بھوکے مرنے سے بچ کر اپنی طبیعی موت مریں یا ان سے کوئی فائدہ اٹھانے کے لیے انہیں لے جائے۔

۲۔ شادی کے لیے اوقاف: جہاں سے غریب لوگ وقف کے زیورات اور زینت کا سامان خوشیوں اور شادیوں

کے موقعہ پر عاریۃً حاصل کرتے ہیں جس کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ فقیر و غریب شخص بھی خوشی کے دن عمدہ لباس اور خوبصورت منظر کے ساتھ لوگوں کے سامنے آتا ہے، اور اس کی خوشی کا شعور و احساس کامل و مکمل ہو جاتا ہے اور اس کی غربت کا جبیرہ ہو جاتا ہے۔

۳۔ بیماروں اور مسافروں کو مانوس کرنے والا وقف: جس کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ پیاری آواز اور اچھے پڑھنے والوں کو اس لیے مقرر کر دیا جاتا ہے کہ وہ ساری رات مزیدار پر مغز بامعنی اشعار اور دلچسپ ترانے پڑھتے رہیں، اس طرح سے ان میں سے ہر ایک صبح تک ایک ایک گھنٹے تک پڑھتا رہے تاکہ وہ بیمار جن کی تکلیف دور کرنے والا کوئی نہیں ہے ان کا غم ہلکا ہو جائے اور وہ مسافر جس کو کوئی مانوس کرنے والا نہیں ہے اس کے لیے اس کا سامان ہو جائے۔

۴۔ وقف الزبادی: چنانچہ ہر وہ خادم جس کا برتن ٹوٹ گیا ہو اور وہ اپنے مالک کے غضب کا نشانہ بننے والا ہو۔ وہ وقف کے دفتر جا کر ٹوٹا برتن دے کر اس کے بدلے نیا برتن لے لے، اور اس طرح سے اپنے مالک کے غصہ اور سزا سے نجات پا لے۔

یہ اوقاف ان اوقاف کے علاوہ ہیں جو بھوکوں کے کھلانے، پیاسوں کو پلانے، ننگوں کو لباس مہیا کرنے، مسافروں کو ٹھہرانے بیماروں کے علاج اور جاہلوں کو تعلیم دینے اور مُردوں کے دفن کرنے اور یتیموں کی کفالت اور پریشان زدہ لوگوں کی فریاد رسی عاجزوں کی غم خواری کے لیے قائم کیے گئے ہیں۔

اور بلاشبہ یہ اوقاف اور نیکی کے کام اور مدرسے و اسکول وغیرہ یہ خیر و بھلائی سے محبت کے آثار اور اس رحم کا ثمرہ ہیں جو اللہ تعالیٰ نے رحمدل مؤمنوں کے دلوں اور نیک مسلمانوں کی نفوس میں ودیعت رکھا ہے، اور تاریخ کے اوراق میں ہماری ترقی و ثقافت کے قابلِ فخر کارناموں میں سے زبردست کارنامے ہیں۔

رحمدلی کے ان عظیم معانی کی ہمیں اپنی اولاد کو تعلیم دینا چاہیے اور یہ چیزیں ان کی گھٹی میں ڈالنا چاہییں۔

۴۔ ایثار یہ ایک نفسیاتی شعور ہے جس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ اچھائیوں منافع اور شخصی مصالح میں انسان دوسرے کو اپنے اوپر ترجیح دیتا ہے۔

ایثار ایک نہایت شاندار خصلت ہے اور اگر اس کا مقصد اللہ کی رضا ہو تو یہ ایمان کی صداقت اور باطن کی صفائی کے نفسیاتی اصولوں میں سب سے پہلا اصول ہے اور ساتھ ہی وہ اجتماعی و معاشرتی امداد باہمی کے ستونوں میں بڑا ستون ہے، اور بنی نوع انسان کے لیے بھلائی و خیر کا ذریعہ ہے۔

اور ہمارے لئے اتنی بات کافی ہے کہ قرآن میں اسلامی معاشرہ کی عظیم اکثریت یعنی انصار کے بھائی چارگی مواسات و غم خواری و ایثار اور شفقت و محبت کی عظیم ترین صورتیں محفوظ کی ہیں چنانچہ فرمایا:

وَالَّذِينَ تَبَوَّءُو الدَّارَ وَالْإِيمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّونَ مَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُونَ فِي صُدُورِهِمْ حَاجَةً مِمَّا أُوتُوا وَيُؤْثِرُونَ

اور ان لوگوں کا (بھی حق ہے) جو دار الاسلام اور ایمان میں ان کے قبل سے قرار پکڑے ہوئے ہیں محبت کرتے ہیں اس سے جو اس کے پاس ہجرت کر کے آتا ہے او

Marfat.com

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۚ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝)).

الحشر ۹

اپنے دلوں میں کوئی رشک نہیں اس سے جو کچھ کہ انہیں ملتا ہے، اپنے سے مقدم رکھتے ہیں اگرچہ خود فاقہ میں ہی ہوں، اور جو اپنی طبیعت کے بخل سے محفوظ رکھا جائے سو ایسے ہی لوگ تو فلاح پانے والے ہیں۔

یہ اختیاری ایثار اور اجتماعی رحم دلی و شفقت جو انصار کے اخلاق میں ظاہر و نمایاں تھی اس کی مثال انسانی تاریخ اور پچھلی امتوں کے حالات و واقعات میں نہیں مل سکتی۔

انصار نے ان مہاجر بھائیوں کو اپنے ساتھ برابر کا شریک کر لیا جو دین کی خاطر تکالیف میں ڈالے گئے تھے اور اپنے گھروں سے بے گھر کیے گئے، اور وہ اس طرح سے خالی ہاتھ ہو گئے کہ زندگی کے ساز و سامان و ضروریاتِ زندگی میں سے کسی بھی چیز کے مالک نہ رہے تھے، انصاری اپنے مہاجر بھائی کے ساتھ مواخات و بھائی چارگی قائم کرتا تھا، بلکہ دنیا کی بہت سی راحتوں میں اپنے کو اپنے اوپر ترجیح دیا کرتا تھا، اور اگر دونوں میں سے کوئی وفات پا جائے تو دوسرا اس کا وارث ہوتا تھا۔

اوّلین اسلامی معاشرے میں ایثار کے مظاہر میں سے چند مثالیں آپ کے سامنے پیش کیجا رہی ہیں:

الف - امام غزالی اپنی کتاب "احیاء العلوم" میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ایک صحابی کے پاس دنبے کی سری ہدیۃً بھیجی گئی تو انہوں نے کہا کہ فلاں شخص مجھ سے بھی زیادہ حاجت مند ہے۔ لہٰذا انہوں نے وہ سری ان کے پاس بھیج دی۔ انہوں نے بھی یہی سوچا کہ فلاں آدمی مجھ سے زیادہ ضرورت مند ہے اور انہوں نے وہ تیسرے کے پاس بھیج دی۔ اور اسی طرح ہر ایک دوسرے کے پاس بھیجتا رہا، یہاں تک کہ گھوم پھر کر سات آدمیوں کے بعد وہ سری پھر اس پہلے شخص کے پاس پہنچ گئی۔

ب - اور یہ ام المؤمنین حضرت زینب بنت جحش الاسدیہ جن کا ایثار و غمخواری کی وجہ سے ام المساکین لقب پڑ گیا تھا۔ چنانچہ ابن سعد اپنی کتاب "طبقات" میں روایت کرتے ہیں کہ برزہ بنت رافع نے بیان کیا ہے کہ جب ہدایا تقسیم کیے گئے تو حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت زینب کا حصہ ان کو بھیجا۔ چنانچہ جب وہ شخص جو مال لے جانے والا تھا وہ ان کے پاس گیا تو انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ حضرت عمر کی مغفرت فرمائے میری دوسری بہنیں اس مال کو تقسیم کرنے کی مجھ سے زیادہ طاقت رکھتی ہیں تو لوگوں نے ان سے عرض کیا کہ یہ تو سب کا سب آپ ہی کا ہے۔ تو انہوں نے فرمایا: سبحان اللہ اور اس شخص کی وجہ سے پردہ میں ہو گئیں اور فرمایا: مال یہاں ڈال دو اور اس پر کپڑا ڈال دینا۔

اس قصے کی روایت کرنے والی کہتی ہیں کہ پھر انہوں نے مجھ سے فرمایا: اس ڈھیر میں اپنا ہاتھ ڈال کر ایک مٹھی لے لو اور فلاں کی اولاد کو دے آؤ، اور فلاں کی اولاد کو دے آؤ۔ اور اپنے چند عزیزوں اور یتیموں کا نام لیا۔ اور سارا مال تقسیم کر دیا کچھ

Marfat.com

تھوڑے سے پیسے کپڑے کے نیچے بچ رہے تو ان سے برزہ بنت باتع نے عرض کیا، اے ام المؤمنین اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے بخدا اس میں ہمارا بھی تو حق تھا، تو انہوں نے فرمایا کہ جو کپڑے کے نیچے بچ رہا ہے وہ تمہارا ہے۔ کہتی ہیں کہ ہم نے جب کپڑا ہٹا کر دیکھا تو اس کے نیچے سے ہمیں پچاسی درہم ملے۔

اور کچھ صفحات پہلے ہم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا واقعہ روایت کر چکے ہیں کہ انہوں نے اسّی ہزار درہم فقراء و مساکین پر خرچ کر ڈالے اور اپنے افطار کے لیے ایک درہم بھی نہ بچایا، اور اگر خادمہ پہلے سے بتا دیتی تو شاید وہ ایسا کر لیتیں لیکن دوسروں کی حاجت روائی اور ضرورت پورا کرنے کی خاطر وہ اپنے آپ کو بھی بھول گئیں۔

ج۔ قرطبی کی روایت کے مطابق ایثار کے قابلِ ذکر واقعات میں سے وہ واقعہ بھی ہے جسے عدوی نے ذکر کیا ہے، وہ کہتے ہیں کہ جنگِ یرموک کے موقعہ پر میں اپنے چچازاد بھائی کو تلاش کرنے لگا، میرے پاس تھوڑا سا پانی تھا میں نے یہ سوچا کہ اگر اس میں ذرہ بھی زندگی کی رمق ہوئی تو میں اس کو پانی پلا دوں گا، چنانچہ اچانک میری اس پر نظر پڑ گئی، تو میں نے اس سے پوچھا کہ کیا میں تمہیں پانی پلا دوں؟ تو اس نے سر کے اشارے سے ہاں کی، اچانک میں نے کسی شخص کو آہ آہ کرتے دیکھا تو میرے چچازاد بھائی نے اشارے سے مجھے اس کے پاس جانے کو کہا۔ جب میں وہاں گیا تو دیکھا کہ وہ حضرت ہشام بن العاص ہیں ... میں نے ان سے پوچھا کہ کیا میں آپ کو پانی پلا دوں؟ تو انہوں نے اشارے سے اثبات میں جواب دیا، اسی اثنا میں انہوں نے کسی شخص کو آہ آہ کرتے سنا تو حضرت ہشام نے مجھے اشارہ سے اس کے پاس جانے کا حکم دیا جب میں اس کے پاس پہنچا تو اس کا انتقال ہو چکا تھا، پھر جب میں حضرت ہشام کے پاس پہنچا تو وہ بھی انتقال کر چکے تھے، پھر جب میں اپنے چچازاد بھائی کے پاس پہنچا تو ان کی روح بھی پرواز کر چکی تھی، اور اس طرح سے ان میں سے ہر ایک دوسرے کو اپنے اوپر ترجیح دیتا رہا اور کسی نے بھی پانی نہ پیا اور پیاسے کے پیاسے ہی دنیا سے رخصت ہو گئے۔

قربانی اور ایثار اور خود فراموشی کے یہ جذبات ہمیں اپنے بچوں میں پیدا کرنا چاہیے اور شروع ہی سے انہیں ان کی تربیت دینا چاہیئے۔

۵۔ عفو و درگزر کرنا یہ ایک شاندار نفسیاتی شعور ہے جس کی وجہ سے انسان دوسروں سے تسامح کرتا ہے، اور اپنے حق سے دست برداری اختیار کرتا ہے، چاہے زیادتی کرنے والا کتنا بڑا ظالم اور سرکش کیوں نہ ہو لیکن یہ اس وقت ہے جب کہ مظلوم شخص بدلہ و انتقام لینے پر قادر ہو۔ اور زیادتی دین اور اسلام کے شعائر پر نہ ہو رہی ہو۔ ورنہ معاف کرنا ذلت و رسوائی و عاجزی اور ہتھیار ڈالنے کے مرادف ہو جائے گا۔ پہلے معنی اور مندرجہ بالا شروط کے ساتھ عفو و درگزر ایک اچھی فطری عادت ہے، جو راسخ ایمان اور زبردست اسلامی ادب پر دلالت کرتی ہے۔ اس لیے قرآن کریم نے اس کا حکم دیا ہے اور بہت سی آیات میں اس پر ابھارا گیا ہے چنانچہ ارشادِ باری ہے:

(وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۔ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ ۔ اور تم درگزر کرو تو قریب ہے پرہیزگاری سے

Marfat.com

بَيْنَكُمْ)). بقرہ۔ ۲۳۷

اور فرمایا:

((وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۚ ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا الَّذِي بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيمٌ ۝)). فصلت۔ ۳۴

اور نہ بھلا دو آپس میں احسان کرنا۔

اور نیکی اور بدی برابر نہیں ہوتی، آپ نیکی سے (بدی کو) ٹال دیا کیجیے، تو پھر یہ ہوگا کہ جس شخص میں اور آپ میں عداوت ہے وہ ایسا ہو جائے گا جیسا کوئی دلی دوست ہوتا ہے۔

نیز ارشاد ہے:

((وَعِبَادُ الرَّحْمَٰنِ الَّذِينَ يَمْشُونَ عَلَى الْأَرْضِ هَوْنًا وَإِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُونَ قَالُوا سَلَامًا ۝)). الفرقان۔ ۶۳

اور (خدائے) رحمٰن کے (خاص) بندے وہ ہیں جو زمین پر فروتنی کے ساتھ چلتے ہیں اور جب ان سے جہالت والے لوگ بات چیت کرتے ہیں تو وہ کہہ دیتے ہیں خیر۔

* * *

اور فرمایا:

((وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ۝)). آل عمران ۱۳۴

اور دبا لیتے ہیں غصہ، اور لوگوں کو معاف کرتے ہیں اور اللہ نیکی کرنے والوں کو چاہتا ہے۔

اور یہ بات بالکل بدیہی طور سے معلوم ہے کہ جب مؤمن کی طبیعت حلم، عفو و درگزر اور چشم پوشی کے اخلاق سے آراستہ ہوگی تو وہ نرمی اور بلند ظرفی و عالی اخلاقی اور تسامح اور اچھے برتاؤ اور حسنِ معاشرت میں ایک قابلِ تقلید نمونہ ہوگا۔ بلکہ وہ طہارت و باطن کی صفائی اور شرافت کے اعتبار سے زمین پر چلنے والے فرشتے کی مانند ہوگا۔

تاریخ کے اوراق میں سلفِ صالحین کی سیرت میں حلم و بردباری اور عفو و درگزر کے جو نمونے اور واقعات ملتے ہیں ان میں سے بعض آپکے سامنے پیش کیے جاتے ہیں:

الف: عبداللہ بن طاہر کہتے ہیں کہ میں ایک روز خلیفہ مامون الرشید کے پاس موجود تھا انہوں نے اپنے خادم کو اے لڑکے کہہ کر آواز دی، لیکن کسی طرف سے کوئی جواب نہیں آیا، تو انہوں نے دوبارہ آواز دی اور زور سے چیخے اے لڑکے، تو ایک ترکی غلام یہ کہتا ہوا داخل ہوا کہ کیا غلام کو کھانے پینے کا بھی حق نہیں ہے؛ ہم جب بھی آپ کے پاس سے چلے جاتے ہیں تو آپ اے غلام اے غلام کہہ کر چلانے لگتے ہیں۔ یہ اے غلام کہہ کر کب تک پکارتے رہیں گے؛! یہ سن کر خلیفہ مامون کافی دیر تک گردن جھکائے بیٹھے رہے (مجھے یہ یقین تھا کہ وہ مجھے اس کی گردن اڑانے کا حکم دیں گے) پھر انہوں نے میری طرف دیکھا اور کہا: اے عبداللہ اگر

Marfat.com

انسان کے اخلاق اچھے ہوں تو اس کے خادموں کے اخلاق خراب ہو جاتے ہیں، اور ہم یہ نہیں کر سکتے کہ اپنے خادموں کے اخلاق درست رکھنے کے لیے اپنا اخلاق خراب کر لیں۔

ب ۔ لکھا ہے کہ حضرت زین العابدین بن الحسین رضی اللہ عنہما نے اپنے ایک غلام کو طلب کیا، اور دو مرتبہ اسے آواز دی، لیکن اس نے لبیک نہ کہا، تو حضرت زین العابدین نے اس سے پوچھا کہ کیا تم نے میری آواز نہیں سنی؟ اس نے کہا: کیوں نہیں! میں نے آپ کی آواز سنی تھی۔ انہوں نے پوچھا کہ پھر تم نے میری آواز پر لبیک کیوں نہیں کہا؟ تو اس نے کہا اس لیے کہ مجھے آپ سے کوئی خوف و ڈر نہیں ہے، اور مجھے آپ کے عمدہ اخلاق کا علم ہے اس لیے میں نے سستی کی انہوں نے کہا: خدا کا شکر ہے کہ میرا غلام مجھ سے امن میں ہے۔

انہی کے متعلق یہ بھی مروی ہے کہ وہ ایک مرتبہ مسجد کی جانب نکلے تو ایک شخص نے انہیں برا بھلا کہا۔ ان کے غلاموں نے اسے مارنے پیٹنے کا ارادہ کیا۔ تو حضرت زین العابدین نے انہیں منع کر دیا، اور ان سے فرمایا: اس کو کچھ نہ کہو، اور پھر وہ اس شخص کی طرف متوجہ ہوئے اور اس سے کہا، جناب میں تو اس سے بھی زیادہ بدتر ہوں جو آپ کہہ رہے ہیں اور میری جو خرابیاں تم کو معلوم نہیں ہیں وہ ان سے زیادہ ہیں جو تمہیں معلوم ہیں، اور اگر تم چاہو تو میں انہیں تمہارے سامنے ذکر بھی کر سکتا ہوں، وہ شخص نہایت شرمندہ ہو گیا اور جھینپ گیا، پھر حضرت زین العابدین نے اپنا قمیص اتارا اور اس کو ایک ہزار درہم دینے کا حکم دیا، تو وہ آدمی یہ کہتا ہوا رخصت ہوا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ یہ نوجوان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد میں سے ہیں۔

اسی طرح ان کا یہ واقعہ بھی لکھا ہوا ہے کہ ان کا ایک غلام مٹی کے لوٹے سے ان کے اوپر پانی ڈال رہا تھا کہ لوٹا اس کے ہاتھ سے چھوٹ کر حضرت زین العابدین کی ٹانگ پر گر کر ٹوٹ گیا جس سے ان کا پاؤں زخمی ہو گیا، تو ان کے غلام نے فوراً کہا۔ آقائے من، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

((وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ)). اور دبا لیتے ہیں غصہ۔

تو حضرت زین العابدین نے فرمایا کہ میں نے تو اپنے غصے کو دبا لیا ہے، اور اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

((وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ)). اور لوگوں کو معاف کرتے ہیں۔

تو انہوں نے فرمایا کہ میں نے تمہیں معاف کر دیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

((وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ)). اور اللہ نیکی کرنے والوں کو چاہتا ہے۔

تو حضرت زین العابدین نے فرمایا کہ جاؤ تم اللہ کے لیے آزاد ہو۔

ج ۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا: جب عیینہ بن حصین آئے تو اپنے بھتیجے حر بن قیس کے مہمان بنے جو حضرت عمر کے مقربین میں سے تھے۔ اس لیے کہ علماء حضرات خواہ وہ جوان ہوں یا

Marfat.com

بوڑھے وہی امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اصحاب مجلس اور اصحاب شوریٰ تھے۔

عیینہ نے حر سے کہا کہ امیر المؤمنین سے میرے لیے حاضری کی اجازت لے لو، چنانچہ انہوں نے ان کے لیے اجازت لے لی، اور جب وہ ان کے پاس حاضر ہوئے تو انہوں نے کہا، کیا بات ہے اے خطاب کے بیٹے، بخدا نہ تو آپ ہمیں بہت زیادہ دیتے ہیں۔ اور نہ ہی ہمارے درمیان عدل وانصاف کرتے ہیں، حضرت عمر یہ سن کر ناراض ہو گئے اور انہوں نے ان کو سزا دینا چاہی۔

حُر نے کہا: اے امیر المؤمنین اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے ہیں،

((خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ۝)). الاعراف۔۱۹۹

عافیت کیجیے درگزر کی اور نیک کام کرنے کا حکم کیجیے، اور جاہلوں سے کنارہ کیجیے۔

اور یہ صاحب بھی جاہلوں میں سے ہیں، بخدا جب حضرت عمر نے یہ آیت سنی تو کچھ بھی نہ کہا اور وہ اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق عمل کرنے والے تھے[1]

قرآنِ کریم کی آیات کے شانِ نزول کے بارے میں جو کچھ مروی ہے اس میں سے یہ بھی ہے کہ حضرت ابوبکر کے ایک قریبی رشتہ دار جن کا نام مسطح تھا وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی زیرِ کفالت تھے، اور ان ہی کے رحم وکرم پر زندگی بسر کر رہے تھے، منافقوں نے واقعۂ افک کے موقعہ پر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی شان میں جو غلط سلط الٹی سیدھی باتیں کہی تھیں اس بارے میں مسطح نے بھی بے اعتدالی کی۔ اور اسلام نے جو راستہ بتلایا ہے اس سے بھٹک گئے، اور رشتہ داری اور حسنِ سلوک اور اسلام سب کا حق بھول بیٹھے، جس سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو سخت غصہ آیا اور انہوں نے یہ قسم کھالی کہ اپنے ان عزیز کے ساتھ قطعِ تعلق کرلیں گے اور ان کے ساتھ صلہ رحمی نہیں کریں گے۔ اس پر اللہ تعالیٰ کا درج ذیل فرمانِ مبارک نازل ہوا:

((وَلَا يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ۗ أَلَا تُحِبُّوْنَ أَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝)).

النور۔۲۲

اور جو لوگ تم میں بزرگی اور وسعت والے ہیں وہ قرابت والوں کو اور مسکینوں کو اور ہجرت فی سبیل اللہ کرنے والوں کو دینے سے قسم نہ کھا بیٹھیں، چاہیے کہ معاف کرتے رہیں اور درگزر کرتے رہیں، کیا تم یہ نہیں چاہتے کہ اللہ تمہارے قصور معاف کرتا رہے، بے شک اللہ بڑا مغفرت والا ہے بڑا رحمت والا ہے۔

☆ ☆ ☆

یہ سن کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو معاف کر دیا اور ان سے درگزر کر کے پہلے کی طرح پھر ان کو دینے لگے۔

---

[1] امام بخاری نے اسے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

اور فرمایا مجھے یہ پسند ہے کہ اللہ تعالیٰ میری مغفرت فرمادے۔

عفو و درگذر، چشم پوشی و تسامح و حلم وغیرہ عظیم اخلاق درحقیقت نتیجہ ہیں اس تربیت کا جو انہوں نے داعی اوّل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل کی تھی اور آپ سے اخلاقِ عالیہ سیکھے تھے اور ان کی پیروی کی تھی، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرامین وارشادات پر عمل کیا تھا، حتیٰ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شاندار توجیہات کی وجہ سے ان کے عادات و اخلاق تسامح وچشم پوشی اور حلم و بردباری سے آراستہ ہوکر غلاموں اور بازاری لوگوں کے اخلاق سے برتر و بالا اور ان کے اچھے اوصاف خواص وعام کے اوصاف سے ممتاز ہوگئے تھے۔

امام ابوداؤد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

((من کظم غیظاً وھو یستطیع أن ینفذہ دعاہ اللہ یوم القیامۃ علی رؤس الخلائق حتی یخیرہ فی أی الحور العین شاء)).

جو شخص اپنے غصے کو نافذ کرسکتا ہو لیکن پھر وہ اپنے غصے کو پی جائے تو اللہ تعالیٰ قیامت میں (اعزاز کے لیے) اس شخص کو تمام مخلوق کے سامنے بلائیں گے اور اس کو یہ اختیار دیں گے کہ جس بڑی آنکھوں والی حور کو چاہے پسند کرلے۔

اور امام طبرانی حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتلاؤں جس سے اللہ تعالیٰ انسان کو عزت و شرف عطا فرماتے اور درجات بلند کرتے ہیں، صحابہ نے عرض کیا: جی ہاں اے اللہ کے رسول ضرور بتلایئے، آپ نے ارشاد فرمایا: جو شخص تمہارے ساتھ جہالت کیسا پیش آئے تم اس کے ساتھ بردباری سے پیش آؤ، اور جو تم پر ظلم کرے تم اس سے درگزر کرو، اور جو تمہیں محروم رکھے تم اسے دو، اور جو تمہارے ساتھ قطع رحمی کرے، تم اس کے ساتھ صلہ رحمی کرو۔

اپنے بچوں کی نشوونما میں حلم و چشم پوشی اور عفو و درگزر کے ان اوصاف پر کرنا چاہیئے۔

۶۔ جرأت و بہادری یہ ایک ایسی عمدہ نفسیاتی قوت ہے جسے مؤمن ایک اکیلے معبود پر ایمان لانے کے عقیدہ اور جس حق کو اس نے قبول کیا ہے اور جس بقاء و خلود کا اسے یقین ہے اور جس تقدیر کے سامنے وہ سرِ تسلیم خم کرتا ہے۔ اور جس مسئولیت کو وہ محسوس کرتا ہے اور جس تربیت میں وہ نشوونما پاتا ہے اس سب کے ذریعے سے مؤمن اسے حاصل کرتا ہے۔

مؤمن کو اس اللہ کی ذات پر جتنا ایمانِ کامل ہوگا جس پر کوئی غالب نہیں آسکتا، اور وہ حق جو غلط نہیں ہوسکتا، اور وہ تقدیر جو بدل نہیں سکتی، اور وہ مسئولیت جس میں کمی نہیں آسکتی، اور وہ تربیت جس میں کوتاہی نہیں کی جاسکتی، جتنا اس کا ان چیزوں پر یقین ہوگا اس کا اتنا ہی حصہ جرأت و شجاعت اور کلمۂ حق کے اظہار کے سلسلہ میں ہوگا۔

یہ چیز ہمیں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی شخصیت میں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے زیادہ قوی

Marfat.com

ایمان والے تھے بالکل نمایاں نظر آتی ہے، چنانچہ مختلف مواقع میں ان کا ایمان اتنی زبردست شکل میں ظاہر ہوا کہ حضرت عمرؓ رضی اللہ عنہ جیسے طاقتور اور سخت آدمی بھی یہ کہنے پر مجبور ہو گئے: بخدا اگر حضرت ابوبکر کے ایمان کے ساتھ اس امت کے ایمان کا وزن کیا جائے تو حضرت ابوبکر کا ایمان راجح ہو جائے گا۔

حضرت ابوبکر کا موقف: جس روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا سے کوچ فرما گئے تو اس دن تمام مسلمانوں پر بے خودی اور ذہول کی کیفیت طاری ہو گئی، اور اس حادثے و غم نے مسلمانوں کے ہوش و حواس گم کر دیے حتّٰی کہ روایت میں آتا ہے کہ حضرت عمر نے فرمایا: جو شخص یہ کہے گا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم انتقال فرما گئے ہیں تو میں اپنی اس تلوار سے اس کی گردن اڑا دوں گا۔

اس جیسے موقعہ پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کے درمیان کھڑے ہو کر بلند آواز سے فرماتے ہیں: جو شخص حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کرتا ہو تو اسے معلوم ہونا چاہیے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم انتقال فرما گئے ہیں، اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہو تو اللہ تعالیٰ ایسی ذات ہے جو ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہے گی اسے کبھی بھی موت نہیں آئے گی، اور پھر اللہ تبارک و تعالیٰ کا درج ذیل فرمانِ مبارک تلاوت کیا:

وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۚ أَفَإِن مَّاتَ أَوْ قُتِلَ انقَلَبْتُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ ۚ وَمَن يَنقَلِبْ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ فَلَن يَضُرَّ اللَّهَ شَيْئًا ۗ وَسَيَجْزِي اللَّهُ الشَّاكِرِينَ ﴿١٤٤﴾

اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تو ایک رسول ہیں ان سے پہلے بہت رسول ہو چکے پھر کیا اگر وہ وفات پا گئے یا مارے گئے تو تم اُلٹے پاؤں پھر جاؤ گے اور جو کوئی اُلٹے پاؤں پھر جائے گا تو اللہ کا ہرگز کچھ نہ بگاڑے گا اور اللہ شکر گزاروں کو ثواب دے گا

آل عمران - ۱۴۴

اسی طرح حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا وہ موقف جو انہوں نے اس وقت اختیار کیا جب مسلمان حضرت اُسامہ رضی اللہ عنہ کے لشکر کے بھیجنے میں تردد سے کام لینے لگے جسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مرض الموت سے پہلے شام کی جانب بھیجنے کے لئے تیار کر چکے تھے، چنانچہ لوگوں نے حضرت ابوبکرؓ سے یہ مطالبہ کیا کہ اس لشکر کا بھیجنا موقوف کر دیں اس لئے کہ نہ معلوم کل کیا حوادث و آفات پیش آئیں، اور کل جب عرب قبائل و بستیوں والوں کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا علم ہو گا تو نہ معلوم ان کا کیا ردِ عمل ہو گا۔

لیکن عزم و ثبات کے پیکر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے انہیں نہایت بردباری اور اولوالعزمی کے ساتھ جواب دیا اور فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں ابوبکر کی جان ہے اگر مجھے یہ معلوم ہو جائے کہ درندے مجھے جھپٹ لیں گے تب بھی میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق اسامہ کے لشکر کو ضرور بھیجتا، جو گروہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے خود اپنے دستِ مبارک سے لگائی ہے میں اس کو ہرگز نہیں کھول سکتا، اور اگر بستی میں میرے سوا اور کوئی بھی شخص باقی نہ

رہے تب بھی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حکم کو ضرور نافذ کروں گا۔

اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وہ موقف بھی جو انہوں نے مرتدوں اور زکاۃ اور اس کی ادائیگی سے انکار کرنے والوں کے ساتھ اس وقت اختیار کیا تھا جب زمانۂ جاہلیت کی عصبیت اس طرح کھل کر سامنے آگئی تھی جیسے کہ شیطانوں کے سینگ۔ اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد مسلمانوں کی ایسی حالت تھی جیسے دنبوں بھیڑوں کی بارش والی رات میں افراتفری کی حالت ہوتی ہے، جیسا کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس کا نقشہ کھینچا ہے، حتیٰ کہ بعض مسلمانوں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: اے اللہ کے رسول کے خلیفہ آپ تمام عرب سے جنگ نہیں کر سکتے اس لیے اپنے گھر کا دروازہ بند کر کے موت تک اپنے رب کی عبادت کرتے رہیے۔

لیکن خشوع وخضوع کرنے اور اللہ کے سامنے گڑگڑانے والے اس شخص نے جو بادِ نسیم کی طرح ہلکے پھلکے اور ریشم کی طرح نرم ونازک اور ماں کے دل کی طرح رحمدل تھے، چند منٹوں میں ایسی نرم ورفیق شخصیت سے ایک دم ایک ایسے شخص بن گئے جو سمندر کی طرح جوش مارنے والا اور شیر کی طرح دھاڑنے والا ہو، جو حضرت عمر سے چیخ کر کہتے ہیں: کیا تم زمانۂ جاہلیت میں بڑے سخت تھے اور زمانۂ اسلام میں بزدل ہو گئے: وحی مکمل ہو چکی ہے، کیا میری زندگی ہی میں دین میں کچھ کمی آسکتی ہے؟! بخدا اگر وہ اونٹ کی اس ایک رسی کے دینے سے بھی انکار کریں گے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا کرتے تھے تو اس کی وجہ سے ان سے جنگ کروں گا، بخدا جب تک میرے ہاتھ میں تلوار ہے میں ان سے جنگ کرتا رہوں گا۔ یہ سنا تھا کہ حضرت عمر فرماتے ہیں کہ: اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکر کے سینے کو جنگ کے لیے کھول دیا، اور میں نے سمجھ لیا کہ یہ بالکل درست وحق فیصلہ ہے۔[1]

اسی لیے حق کے پیش کرنے کے سلسلہ میں جرأت ایک عظیم جہاد ہے، چنانچہ ابوداؤد وترمذی وابن ماجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((أفضل الجهاد كلمة حق عند سلطان جائر)).

بہترین جہاد ظالم بادشاہ کے سامنے کلمۂ حق کہنا ہے۔

اسی لیے جو شخص کلمۂ حق کے لیے شہید ہو وہ سید الشہداء ہے حاکم رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((سيد الشهداء حمزة بن عبد المطلب، ورجل قام إلى إمام جائر فأمره ونهاه فقتله)).

شہیدوں کے سردار حمزہ بن عبد المطلب ہیں اور وہ شخص جو ظالم حاکم کے سامنے کھڑے ہو کر اسے (حق کا) حکم دے اور (باطل سے) روکے اور وہ حاکم اسے قتل کر ڈالے۔

---

[1] ملاحظہ ہو استاذ یوسف قرضاوی کی کتاب "الایمان والحیاۃ" (ص ۲۷۴-) تھوڑے سے تصرف کے ساتھ۔

Marfat.com

اسی لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ سے یہ عہد لیا کرتے تھے کہ وہ جہاں بھی ہوں حق بات کہیں، چنانچہ امام مسلم اپنی کتاب "صحیح" میں حضرت عبادۃ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ وسلم کے ہاتھ پر تنگی اور آسانی، خوشی و مجبوری اور ہر حالت میں فرمانبرداری و اطاعت پر بیعت کی خواہ ہم پر دوسروں کو ترجیح کیوں نہ دی جائے، اور اس بات پر بیعت کی کہ حکومت کے بارے میں حکام سے جھگڑا نہ کریں گے مگر یہ کہ ایسا کھلا ہوا کفر دیکھیں جس کے کفر ہونے پر صریح دلیل موجود ہو، اور اس بات پر بیعت کی کہ ہم حق بات کہیں گے خواہ جہاں بھی ہوں، اور اعلاء کلمۃ اللہ کے سلسلہ میں ہم کسی ملامت گر کی ملامت کی پرواہ نہ کریں گے۔

اس لیے اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کی تعریف کی ہے جو اپنے رب کے پیغام کو پہنچاتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے، ارشادِ ربانی ہے:

((اَلَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَ يَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝)). الاحزاب۔۳۹

(یہ وہ لوگ ہیں) جو اللہ کے پیامات پہنچایا کرتے تھے اور اسی سے ڈرتے تھے، اور بجز اللہ کے کسی سے نہیں ڈرتے تھے، اور اللہ حساب کے لیے کافی ہے۔

اور اگر ہم یہ چاہیں کہ مسلمانوں کے جوانمردوں کے حالات کا تاریخ کے اوراق میں مطالعہ کریں تو ہمیں عظیم کارناموں اور بہادری کے مواقف سے لبریز اور اسلام اور دین ــــ حق کے لیے جرأت بھرے مواقف سے مالا مال ایک بڑی کتاب ملے گی۔

ان مجاہدوں کے بہادرانہ مواقف و کارناموں میں سے چند یادگار مثالیں درج ذیل ہیں:

الف۔ العز بن عبد السلام کے مواقف میں۔ سے یہ بھی ہے کہ ایک مرتبہ انہوں نے مصر کے بادشاہ نجم الدین ایوب سے ایک ایسی مجلس میں جس میں حکومت کے بڑے بڑے سرکردہ لوگ موجود تھے یہ کہا: اے ایوب بتلایئے آپ اللہ کے سامنے اس وقت میں کیا دلیل پیش کریں گے جب وہ آپ سے یہ فرمائیں گے: کیا میں نے تمہیں مصر پر حکومت کے مواقع فراہم نہیں کیے اور تم نے پھر بھی شراب فروخت ہونے دی؟ تو انہوں نے کہا: کیا ایسا ہوا ہے؟ انہوں نے کہا: جی ہاں، فلاں دکان میں شراب فروخت ہوتی ہے۔ اور وہاں منکرات کا ارتکاب کیا جاتا ہے، اور آپ اس حکومت کی نعمتوں میں مزے کر رہے ہیں۔ تو بادشاہ نے کہا کہ اسے تو میں اپنے والد کے زمانے سے جانتا ہوں، تو العز بن عبد السلام نے فرمایا: آپ ان لوگوں میں سے ہیں جو یہ کہیں گے:

((اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ۔)). الزخرف۔۲۳

ہم نے تو اپنے باپ دادا کو ایک (خاص) طریقہ پر پایا ہے اور ہم انہی کے نقش قدم پر چلنے والے ہیں۔

یہ سن کر بادشاہ نے فوراً اس دکان کے ختم اور بند کرنے کا حکم دے دیا۔

ب۔ حضرت سلمہ بن دینار (جن کی کنیت ابوحازم تھی) حضرت معاویہ کے پاس جایا کرتے تھے اور فرماتے تھے: ملازم صاحب السلام علیک، لوگ جب ابوحازم کو یہ کہتے کہ وہ السلام علیک ایہا الامیر (اے امیر آپ پر سلامتی ہو) کہا کریں، تو وہ یہ کہنے سے انکار کر دیتے، اور پھر حضرت معاویہ کی طرف متوجہ ہو کر ان سے فرماتے: آپ اس امت کے ملازم ہیں، آپ کے رب نے آپ کو اس امت کی دیکھ بھال کے لیے ملازم رکھا ہے۔

ج۔ لیجیے وہ مکالمہ بھی سن لیجیے جو حضرت ابوحازم اور سلیمان بن عبدالملک کے درمیان ہوا تھا:

سلیمان نے کہا: اے ابوحازم ہم موت کو کیوں برا سمجھتے ہیں؟

انہوں نے کہا: اس لیے کہ آپ لوگوں نے اپنی آخرت کو خراب کر دیا ہے اور دنیا کو آباد کیا ہے۔ اس لیے آپ لوگوں کو یہ ناپسند ہے کہ آباد جگہ سے ویران جگہ کی طرف منتقل ہوں۔

سلیمان نے کہا: کل اللہ کے سامنے پیشی کیسے ہوگی؟

انہوں نے فرمایا: جو شخص اچھے کام کرنے والا ہوگا اس کی مثال ایسی ہوگی جیسے کوئی مسافر طویل سفر کے بعد اپنے گھر پہنچے، اور بدکردار کی مثال ایسی ہوگی جیسے بھگوڑا غلام اپنے مولیٰ و آقا کے پاس واپس آجائے۔

سلیمان نے کہا: کون سی بات عدل و انصاف کے زیادہ قریب ہے؟

انہوں نے فرمایا: حق بات کہنا اس کے سامنے بھی جس سے انسان ڈرتا ہو اور اس کے سامنے بھی جس سے امید رکھتا ہو۔

سلیمان نے کہا: کونسا مؤمن زیادہ عقلمند و سمجھدار ہے؟

انہوں نے فرمایا: وہ شخص جو اللہ کی فرمانبرداری کرے اور لوگوں کی اس طرف رہنمائی کرے۔

سلیمان نے پوچھا: کون سا مؤمن زیادہ بڑا احمق ہے؟

انہوں نے فرمایا: وہ شخص جو اپنے ظالم بھائی کی خواہشات میں بہہ گیا ہو، اور اس نے اپنی آخرت دوسرے کی دنیا بنانے کے لیے خراب کر دی ہو۔

سلیمان نے پوچھا: اے ابوحازم کیا آپ ہماری رفاقت پسند کریں گے تاکہ آپ ہم سے فائدہ اٹھائیں اور ہم آپ سے؟

انہوں نے فرمایا: اعوذ باللہ۔

سلیمان نے پوچھا: ایسا کیوں؟

انہوں نے فرمایا: مجھے یہ ڈر ہے کہ میں تھوڑا سا آپ لوگوں کی طرف جھک جاؤں گا اور پھر اللہ تعالیٰ مجھے

Marfat.com

زندگی اور موت کا دگنا عذاب دیں.

سلیمان نے اٹھنے کا ارادہ کرتے ہوئے ان سے کہا: اے ابو حازم مجھے وصیت کیجیے.

انہوں نے فرمایا: میں آپ کو نہایت مختصر وصیت کرتا ہوں اور وہ یہ کہ اپنے رب کی تعظیم کیجیے، اور اس سے بچیں کہ وہ آپ کو کسی ایسی جگہ دیکھے جہاں سے اس نے روکا ہے. یا آپ کو ایسی جگہ نہ پائے جہاں موجود ہونے کا اس نے حکم دیا ہے۔

ثابت قدمی و جرأت کی اس عظیم عادت پر ہمیں اپنے بچوں کی نشو و نما کرنا چاہیے۔

یہ وہ اہم نفسیاتی اصول ہیں جنہیں دینِ اسلام مؤمن میں پیدا کرنے کی پوری جد و جہد کرتا ہے، اور یہ سب کے سب مسلمان شخصیت کی تعمیر میں مدد دیتے ہیں، اور یہ سب کے سب اس جانب اشارہ کرتے ہیں کہ اسلام افراد کی جو اجتماعی و معاشرتی تربیت کرنا چاہتا ہے اس کی ابتداء افراد کی صحیح تربیت اور اصلاح کے نقطہ سے ہونا چاہیے، اور ہر وہ تربیت یا اصلاح کی کوشش جو ان نفسیاتی اصولوں پر قائم نہیں ہوگی جن کی بنیاد اسلام نے رکھی ہے تو وہ ناکام ہو جائے گی اور ایسی صورت میں فرد کا معاشرہ سے تعلق مکڑی کے جالے سے بھی زیادہ کمزور ہوگا۔

اس لیے والدین اور تربیت کرنے والوں اور خصوصاً ماؤں پر یہ لازم ہے کہ وہ اپنے بچوں کی نفوس میں ایمان و تقویٰ کے عقیدہ اور اخوت و محبت کی فضیلت اور رحم و ایثار و بردباری کے معانی کو راسخ کریں، اور حق کے بارے میں ان میں اقدام اور جرأت کی عادت اور اس کے علاوہ اور دوسرے عظیم نفسیاتی اصول پیدا کریں، تاکہ بچے جب بچپن سے آگے بڑھ کر جوان ہوں اور اس عمر کو پہنچ جائیں جو انہیں اس قابل بنا دے کہ وہ زندگی کے سمندر میں گھس سکیں تو وہ اپنی ذمہ داریوں اور فرائض کو بغیر کسی سستی اور تردد و مایوسی کے ادا کر سکیں، اور پھر تمام ان حقوق کو ادا کریں جو ان پر دوسروں کے آتے ہیں نہ کسی کے حق کو ضائع کریں، نہ کسی فریضہ کے ادا کرنے میں تقصیر سے کام لیں، بلکہ ان کے تمام معاملات اور عادات و اخلاق اور لوگوں سے میل جول سب کا سب اس سب سے بلند و بالا ہو جو لوگوں نے دیکھا ہو یا جس کا خیالی دنیا میں تصور کیا جا سکتا ہو۔

اور تربیت کا جو نظام بھی ان نفسیاتی اصولوں اور تربیتی بنیادوں پر قائم نہیں ہوگا اس کی مثال ایسے درخت کی ہوگی جسے کوئی شخص سوکھتا اور زرد ہوتا دیکھ کر اس کے پتوں کا علاج و اصلاح شروع کر دے اور اس درخت کی اس جڑ کی طرف قطعاً توجہ نہ دے جس کی اصلاح کی وجہ سے تمام درخت ٹھیک ہو سکتا ہے۔

اور نہایت وضاحت سے یہ بات سمجھ لیجیے کہ جو شخص قوم کی تربیت کا ذمہ دار ہے اگر اس کی تربیت ان مسلمہ نفسیاتی اصولوں پر قائم نہ ہو تو اس کی مثال اس شخص کی سی ہوگی جو پانی پر لکھتا ہو، اور راکھ میں پھونک رہا ہو، اور بلا فائدہ گھاٹی میں چیخ رہا ہو۔

Marfat.com

ثلثاً: دُوسروں کے حقوق کی پاسبانی

عظیم نفسیاتی اصولوں کے بیج بونے کی بحث کے ذیل میں ہم یہ ذکر کر چکے ہیں کہ اسلام نے بہترین تربیت کے قواعد کو ایسے عظیم نفسیاتی اصولوں پر قائم کیا ہے جن کا تعلق عقیدے سے ہے جو تقویٰ سے مربوط ہیں، جس کا مقصد یہ ہے کہ بہترین طریقے اور کامل طور پر افراد کی اجتماعی تربیت ہو تاکہ معاشرہ ایک دوسرے کے ساتھ اور باہمی ربط وضبط اور بہترین اخلاق و آداب اور باہمی محبت اور تعمیر واصلاح کے لیے مفید وتنقید پر نشوونما پائے۔

اور ہم اس جانب پہلے اشارہ کر چکے ہیں کہ وہ اہم ترین اصول جن کی بنیاد پر باہمی معاشرہ کا تعامل قائم ہو وہ عقیدۂ ایمان وتقویٰ اور اخوت ومحبت اور رحم ایثار اور بردباری کے بنیادی اصول اقدام وجرأت وحق گوئی کی عادت ہے۔

اور ہم نہایت تاکید سے یہ بیان کر چکے ہیں کہ اگر مربی اپنے بچوں میں بچپن ہی سے یہ نفسیاتی اصول راسخ نہیں کریں گے۔ وہ معاشرے میں یقیناً انحراف اور شذوذ اور بے اعتدالی کی راہ پر گامزن ہوں گے، بلکہ وہ معاشرہ کی عمارت ڈھانے، کمزور کرنے، اور اس میں مجرمانہ زندگی کے عام کرنے اور اس کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کا ذریعہ بنیں گے۔ اور ظاہر ہے کہ جب وہ اس فساد وانحراف میں نشوونما پائیں گے تو ان کو نہ کسی کی تربیت فائدہ پہنچائے گی نہ اصلاح وارشاد۔

ان کلماتِ تمہیدیہ کے بعد جس خلاصہ تک ہم پہنچتے ہیں وہ یہ ہے کہ معاشرے کے حقوق کی رعایت کرنا شاندار نفسیاتی اصولوں کے ساتھ کلی طور پر لازم ملزوم ہے، بلکہ بالفاظِ دیگر یوں سمجھنا چاہیے کہ نفسیاتی اصول معنی کی حیثیت رکھتے ہیں اور معاشرے کے حقوق کی رعایت ظاہر کی، اور چاہیں تو آپ یوں تعبیر کر لیں کہ پہلی چیز روح ہے اور دوسری جسم، لہٰذا پہلی چیز دوسری سے کسی صورت میں بھی مستغنی نہیں ہو سکتی ورنہ لاقانونیت انتشار اور اضطراب پھیل جائے گا۔

سوچنے کی بات یہ ہے کہ وہ اہم معاشرتی حقوق کیا ہیں جن کی جانب بچے کی رہنمائی کرنا چاہیے اور اس کو ان کا حکم دینا چاہیے اور اس کی نشوونما انہی میں کرنا چاہیے تاکہ وہ ان کا عادی بن جائے اور اچھی طرح سے انہیں ادا کر سکے۔

ان حقوق میں سے اہم حقوق یہ ہیں:

۱۔ والدین کا حق۔

۲۔ رشتہ داروں کا حق۔

Marfat.com

۳۔ پڑوسی کا حق۔
۴۔ استاد کا حق۔
۵۔ ساتھی کا حق۔
۶۔ بڑے کا حق۔

آئندہ صفحات میں ان تمام حقوق میں سے ہر حق پر ہم تفصیلی روشنی ڈالیں گے، تاکہ مربی بچوں کو شروع ہی سے ان کا عادی بنائیں اور ان میں یہ صفات و عادات سمو دیں اور راسخ کر دیں، اللہ ہی پر بھروسہ ہے اور وہی مددگار ہے۔

۱۔ والدین کا حق

مربی کا سب سے بڑا اور اہم ترین فریضہ یہ ہے کہ وہ بچے کو والدین کے حقوق سمجھائے، اور انکے ساتھ حسنِ سلوک و نیکی کرنے اطاعت و فرمانبرداری اور ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے اور ان کی خدمت اور ان کے بڑھاپے کا خیال رکھنے اور ان کے ساتھ زور سے بات نہ کرنے اور ان کے انتقال کے بعد ان کے لیے دعا کرنے وغیرہ فرائض و واجبات سکھائے، اور والدین کے ضروری آداب کا خیال رکھنے اور ان کے ادا کرنے کا پابند کرے۔

والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے کے سلسلہ میں ذیل میں نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کی چند وصیتیں و احادیث ذکر کی جاتی ہیں، اس لیے والدین و تربیت کرنے والوں کو چاہیے کہ یہ احادیث اپنے بچوں کو بچپن سے ہی ذہن نشین کرائیں تاکہ وہ انہیں یاد کریں اور ان کے مطابق عمل کریں:

الف۔ اللہ کی رضامندی والدین کی خوشنودی میں مضمر ہے:

امام بخاری اپنی کتاب "الأدب المفرد" میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا:

کوئی مسلمان ایسا نہیں کہ جس کے مسلمان والدین زندہ ہوں اور وہ ان کے ساتھ اجر و ثواب کی نیت سے حسنِ سلوک کرے، مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کے لیے (جنت کے) دو دروازے کھول دیتے ہیں، اور اگر ایک زندہ ہو تو ایک دروازہ کھل جاتا ہے، اور اگر ان دونوں میں سے ایک ناراض ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس شخص سے اس وقت تک راضی نہیں ہوتے جب تک اس کے والد اس سے راضی نہ ہو جائیں، پوچھا گیا کہ خواہ وہ اس پر ظلم کریں، تو آپ نے فرمایا: چاہے وہ اس پر ظلم کیوں نہ کریں۔

"سبل السلام" میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

لا رضی اللہ فی رضی الوالدین، وسخط اللہ فی سخط الوالدین)).

اللہ تعالیٰ کی خوشنودی والدین کی رضامندی میں ہے، اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی والدین کی ناراضگی میں مضمر ہے۔

ب۔ والدین کے ساتھ نیکی کرنا جہاد فی سبیل اللہ سے مقدم ہے:

امام بخاری رحمہ اللہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ایک صاحب نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: کیا میں جہاد میں شرکت کروں؟ تو آپ نے ان سے فرمایا: کیا تمہارے والدین حیات ہیں؟ انہوں نے کہا: جی ہاں، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان دونوں کی خدمت میں جہاد کرو یعنی ان کی خدمت کرو۔

اور امام احمد ونسائی حضرت معاویہ بن جاہمہ سلمی سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت جاہمہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول میں جنگ میں شریک ہونا چاہتا ہوں اور آپ سے مشورہ کرنے کے لیے حاضر ہوا ہوں، تو آپ نے ان سے پوچھا کہ کیا تمہاری والدہ زندہ ہیں؟ انہوں نے عرض کیا: جی ہاں، تو آپ نے ارشاد فرمایا: ان کی خدمت کرو اس لیے کہ جنت ان کے پاؤں تلے ہے۔

اور امام مسلم رحمہ اللہ اپنی کتاب "صحیح" میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: ایک صاحب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میں آپ کے دستِ مبارک پر ہجرت وجہاد پر بیعت کرتا ہوں، اور اللہ سے اجر وثواب کی امید رکھتا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا کہ کیا تمہارے والدین میں سے کوئی زندہ ہے؟ انہوں نے کہا کہ دونوں زندہ ہیں، تو آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تم اللہ سے اجر کی امید رکھتے ہو؟ انہوں نے کہا: جی ہاں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے والدین کے پاس جاؤ اور ان کے ساتھ حسنِ سلوک کرو۔

ج۔ ان کے ساتھ حسنِ سلوک میں یہ بھی داخل ہے کہ ان کی وفات کے بعد ان کے لیے دعا کی جائے، اور ان کے دوستوں کا اکرام کیا جائے، تاکہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے مندرجہ ذیل حکم پر عمل ہو:

﴿ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا ۝ ﴾۔

الاسراء۔۲۴

اور ان کے آگے کندھے جھکا کر عاجزی کر نیازمندی سے اور کہہ اے میرے رب ان پر رحم کر جیسا انہوں نے مجھ کو چھوٹا سا پالا۔

Marfat.com

اور امام بخاری "الادب المفرد" میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میت کے مرنے کے بعد اس کا درجہ بڑھا دیا جائے گا تو وہ پوچھے گا: اے میرے رب ایسا کس وجہ سے ہوا ہے؟ اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: اس لیے کہ تمہارے بیٹے نے تمہارے لیے استغفار کیا تھا۔

اور ابوداؤد، ابن ماجہ اور حاکم حضرت مالک بن ربیعہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ہم ایک مرتبہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ کے پاس بنو سلمہ کے ایک صاحب آئے اور انہوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیا والدین کی وفات کے بعد بھی میرے اوپر والدین کے ساتھ کوئی ایسی نیکی کرنا باقی رہتا ہے جو میں ان کے ساتھ کر سکوں؟ آپ نے فرمایا ہاں، ان کی نماز جنازہ پڑھنا اور ان کے لیے استغفار کرنا، اور ان کے عہد کو پورا کرنا، اور ان کے دوستوں کا اکرام کرنا، اور ان رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرنا جن کے ساتھ صلہ رحمی صرف ان کی وجہ سے کی جاتی ہے۔

اور یہ حضرت عبداللہ بن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہما ہمارے لیے نیک فرمانبردار بیٹے کی ایک یادگار مثل قائم کرتے ہیں اور یہ واقعہ ہمارے لیے حضرت عبداللہ دینار روایت کرتے ہیں (جیسا کہ اسے امام مسلم نے اپنی "صحیح" میں روایت کیا ہے) کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو ایک صاحب مکہ کے راستہ میں ملے، تو حضرت عبداللہ نے انہیں سلام کیا اور ان کو اپنے ساتھ گدھے پر سوار کر لیا، اور ان کو وہ عمامہ دے دیا جو ان کے سر پہ بندھا ہوا تھا۔

ابن دینار کہتے ہیں کہ ہم نے ان سے کہا: اللہ تعالیٰ آپ کی اصلاح کرے یہ تو بدو لوگ ہیں، اور یہ لوگ تو ذرا سی چیز پر راضی ہو جاتے ہیں، تو حضرت عبداللہ نے فرمایا: انکے والد میرے والد حضرت عمر بن الخطاب کے دوست تھے، اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا: بہترین نیکی انسان کا اپنے والدین کے دوست کے ساتھ نیکی کرنا ہے۔

کتاب "مجمع الزوائد" میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ بھی نیکی ہے کہ تم اپنے والد کے دوست کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔

د - حسنِ سلوک اور نیکی کرنے میں ماں کو باپ پر فوقیت دینا:

اس لیے کہ امام بخاری حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ایک صاحب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول میرے اچھے برتاؤ کا کون زیادہ حقدار ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہاری ماں، انہوں نے پوچھا کہ پھر کون ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا: تمہاری ماں، انہوں نے پوچھا کہ پھر کون؟ آپ نے فرمایا کہ: تمہاری ماں، انہوں نے پھر پوچھا کہ پھر کون زیادہ حقدار ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے والد۔

Marfat.com

اور حافظ ابن کثیر اپنی تفسیر میں حضرت سلیمان بن بریدہ سے اور وہ اپنے والد بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک صاحب طواف کی حالت میں اپنی ماں کو اٹھائے ہوئے طواف کر رہے تھے تو انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کیا میں نے ان کا حق ادا کر دیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں اور نہ ایک آہ کے برابر بھی (یعنی عورت کو حمل و دردزہ کے وقت جو تکلیف پہنچتی ہے اور اس میں وہ شدت درد سے جو لمبی سانس کھینچتی ہے اس کا بھی حق نہیں ادا کر سکتے)۔

"مجمع الزوائد" میں حضرت بریدۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک صاحب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول ایسی سخت گرمی کے موسم میں کہ اگر اس میں گوشت کا ٹکڑا ڈال دیا جائے تو وہ پک جائے ایسی گرمی میں میں نے اپنی والدہ کو اپنی گردن پر بٹھا کر (سولہ کیلو میٹر) سفر کرایا ہے تو کیا اس طرح سے میں نے ان کا حق خدمت ادا کر دیا؟ تو آپ نے فرمایا کہ ممکن ہے کہ ان کے دردزہ کے ایک درد کے برابر ہو جائے۔

اسلام نے ماں کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے کو باپ کے ساتھ حسنِ سلوک پر دو وجہ سے مقدم کیا ہے:

۱۔ ماں بچے کہ حمل کے زمانے میں اور ولادت اور دودھ پلانے اور دیکھ بھال و تربیت کے سلسلہ میں باپ سے زیادہ مشقت برداشت کرتی ہے چنانچہ اس کا تذکرہ قرآن کریم صراحتہ ملتا ہے۔ فرمایا

وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ وَهْنًا عَلَىٰ وَهْنٍ وَفِصَالُهُ فِي عَامَيْنِ أَنِ اشْكُرْ لِي وَلِوَالِدَيْكَ ۖ إِلَيَّ الْمَصِيرُ ﴿١٤﴾ لقمان-۱۴

اور ہم نے انسان کو تاکید کی اس کے ماں باپ سے متعلق اس کی ماں نے ضعف پر ضعف اٹھا کر اسے پیٹ میں رکھا اور دو برس میں اس کا دودھ چھوٹتا ہے تو میری اور اپنے ماں باپ کی شکر گزاری کیا کر میری ہی طرف واپسی ہے۔

اور ابھی کچھ پہلے ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ فرمان مبارک بھی سن چکے ہیں جو آپ نے اس شخص کے جواب میں فرمایا تھا جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ عرض کیا تھا کہ میں نے اپنی والدہ کو اپنی گردن پر سفر کروایا ہے جس کے جواب میں آپ نے فرمایا تھا کہ ممکن ہے کہ ایک دردزہ کے برابر ہو جائے۔

اس سلسلہ میں جو دلچسپ واقعات مذکور ہیں ان میں سے یہ بھی ہے کہ ایک صاحب نے ایک اعرابی (بدو) کو دیکھا اپنی ماں کو طواف کی حالت میں اٹھائے ہوئے تھا یہ کہتے سنا۔

إني لها مطية لا أذعر
میں ان کے لیے ایک سواری ہوں ڈرتی نہیں

إذا الركاب نفرت لا أنفر :
اور جب اونٹ بدک جائیں تو میں نہیں بدکتا

Marfat.com

ما حملت وأرضعتنی أکثر !!!! اللہ ربی ذو الجلال أکبر !

انہوں نے جو مجھے حالت حمل میں اٹھائے رکھا اور پھر دودھ پلایا وہ بہت بڑا احسان ہے میرا رب ذوالجلال اللہ تعالیٰ بہت بڑا ہے

پھر وہ حضرت عبداللہ بن عباس کی طرف متوجہ ہوئے اور ان سے کہا: آپ کا کیا خیال ہے کیا میں نے ان کا حق ادا کر دیا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا نہیں بخدا نہیں اور نہ ان کے درد زہ میں سے ایک درد زہ کے برابر بھی۔

۲۔ ماں۔ جس میں فطرۃً محبت پیار و شفقت ہوتی ہے وہ۔ باپ سے زیادہ رحم دل دیکھ بھال و اہتمام کرنے والی ہوتی ہے بچہ جب ماں میں محبت، رحم دلی اور مامتا کو دیکھتا ہے تو کبھی ماں کے حق میں تساہل برتنے لگتا ہے اس لیے شریعتِ مطہرہ نے بچے کو یہ وصیت کی کہ وہ ماں کے ساتھ زیادہ حسنِ سلوک کرے اور ان کی فرمانبرداری و اطاعت کرے تاکہ ان کے حق میں تساہل نہ ہو اور ان کے ساتھ نیکی اور احترام اور ان کے اکرام میں کمی نہ ہو۔

ماں کی محبت و شفقت کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ بچہ خواہ کتنا ہی نافرمان اور ماں کا مذاق اڑانے والا اور اس سے روگردانی کرنے والا کیوں نہ ہو لیکن بچے پر جب کوئی مصیبت آپڑے یا کسی حادثہ کا شکار ہو جائے تو ماں تمام باتیں بھول جاتی ہے۔

ابو اللیث سمرقندی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں علقمہ نامی ایک نوجوان تھا وہ بیمار ہوا اور سخت بیمار ہو گیا تو اس سے کہا گیا کہ تم لاالہ الا اللہ پڑھ لو لیکن اس کی زبان ہی نہیں چلی، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس واقعہ کا تذکرہ کیا گیا، تو آپ نے پوچھا کہ کیا اس کے والدین زندہ ہیں؟ آپ کو بتلایا گیا کہ اس کے والد کا تو انتقال ہو چکا ہے لیکن اس کی ماں بڑی عمر کی اب بھی موجود ہے، آپ نے اس کو پیغام بھیجا وہ آ گئی، آپؐ نے اس سے اس نوجوان کے احوال پوچھے، تو اس نے کہا: اے اللہ کے رسول وہ اتنی اتنی نمازیں پڑھتا تھا، اتنے اتنے روزے رکھتا تھا اور اتنے پیسے خرچ کرتا تھا جس کی مقدار و تعداد ہمیں معلوم نہیں ہے۔

آپ نے فرمایا: اس کا تمہارے ساتھ کیسا برتاؤ تھا اور تمہارا اس کے ساتھ کیا معاملہ تھا؟ اس عورت نے کہا: اے اللہ کے رسول میں اس سے ناراض ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: ایسا کیوں ہے؟ اس نے کہا کہ وہ مجھ پر اپنی بیوی کو ترجیح دیتا تھا اور مختلف معاملات میں اس کی بات مانتا تھا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((سخط أمه حجب لسانه عن شهادة أن لا إله إلا الله)).

اس کی ماں کی ناراضگی نے اس کی زبان کو کلمۂ لاالہ الااللہ کی شہادت دینے سے روک دیا ہے۔

پھر آپ نے فرمایا: اے بلال، جاؤ اور بہت سی لکڑیاں جمع کرو تاکہ میں اس نوجوان کو آگ میں جلا دوں، تو اس عورت نے کہا اے اللہ کے رسول: میرے بیٹے اور جگر گوشے کو آپ میرے سامنے آگ میں ڈالی دیں گے؟ بھلا بتایئے کہ میرا دل اسے کیسے برداشت کرے گا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تمہیں یہ بات پسند ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی

مغفرت کردے تو تم اس سے راضی ہوجاؤ اس لیے کہ بخدا جب تک تم اس سے ناراض رہوگی اسے اس کی نماز وصدقہ کچھ بھی فائدہ نہیں پہنچائے گا، چنانچہ اس عورت نے اپنے ہاتھ اٹھائے اور کہا میں آسمان میں اللہ تعالیٰ کو اور اے اللہ کے رسول آپ اور تمام حاضرین کو اس بات کا گواہ بناتی ہوں کہ میں اس سے راضی ہوگئی۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بلال جاؤ اور جاکر دیکھو کہ کیا علقمہ کلمہ لا الٰہ الا اللہ پڑھنے پر قادر ہوگئے ہیں؛ اس لیے کہ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اللہ کے رسول سے شرم کی وجہ سے ان کی ماں نے وہ بات کہہ دی ہو جو ان کے دل میں نہ ہو، چنانچہ حضرت بلال گئے اور جب دروازے کے پاس پہنچے تو سنا کہ علقمہ لا الہ الا اللہ پڑھ رہے ہیں، اور پھر اسی روز ان کا انتقال ہوگیا اور ان کو غسل وکفن دے دیا گیا، نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے ان کی نماز جنازہ پڑھی اور پھر قبر کے کنارے کھڑے ہوکر فرمایا! اے مہاجرین وانصار کی جماعت جو شخص بھی اپنی بیوی کو اپنی ماں پر ترجیح دے تو اس پر اللہ کی لعنت ہے، اور اس کی نہ کوئی عبادت قبول ہوگی نہ فرض. اس حدیث کو طبرانی وامام احمد نے کچھ دوسرے الفاظ سے روایت کیا ہے، مندرجہ بالا دونوں وجوہ کی وجہ سے ماں کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا باپ سے حسنِ سلوک کرنے پر مقدم ہے

اس لیے معلمین اور تربیت کرنے والوں کو یہ بات سمجھ اور جان لینا چاہیے تاکہ اپنے اہم اور بڑے فریضہ سے سبکدوش ہوسکیں جو یہ ہے کہ بچے کو نیکی وحسنِ سلوک کی حقیقت سمجھائیں اور ماں سے نرمی کا برتاؤ کرنے اس کی دیکھ بھال کرنے اور اس کے حقوق پورے کرنے کی تلقین کریں۔

۵ - والدین کے ساتھ نیکی وحسن سلوک کرنے کے آداب

تربیت کرنے والوں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کو ماں باپ کے ساتھ رہن سہن کے آداب سکھائیں جو اس ترتیب سے ہیں کہ: ان کے آگے نہ چلیں، اور ان کو ان کا نام لے کر نہ پکاریں، اور ان سے آگے بڑھ کر نہ بیٹھیں، اور ان کی نصیحت سے تنگ دل نہ ہوں، اور اس کھانے کو نہ کھائیں جس پر ان کی نظریں ہوں، اور ان سے اونچی جگہ پر نہ بیٹھیں اور ان کے حکم کی خلاف ورزی نہ کریں۔

ان آداب کی رعایت کرنے کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ کا درجِ ذیل فرمان بنیاد واساس ہے:

﴿ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ
اِحْسَانًا ۭ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ
اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا
وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ۝ وَاخْفِضْ لَهُمَا
جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا

اور تمہارا رب حکم کر چکا کہ نہ پوجو اس کے سوائے اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرو اگر ان میں سے ایک یا دونوں تمہارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو ان کو ہوں نہ کہو اور نہ ان کو جھڑکو اور ان سے ادب کے بات کہو اور ان کے سامنے کندھے جھکا دو عاجزی

Marfat.com

كما ربيني صغيرا ۝)۔ الاسراء۔ ۲۳ و ۲۴

کر کے نیاز مندی سے اور کہو اے رب ان پر رحم فرما جیسا انہوں نے مجھ کو چھوٹا سا پالا۔

اسی طرح نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کا یہ فرمانِ مبارک

«مابر أباه من سدد إليه الطرف بغضب»۔

اس شخص نے اپنے والد کیساتھ نیکی نہیں کی جس نے ان کی طرف غصہ سے دیکھا۔

مجمع الزوائد ج ۸۔

نیز حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک صاحب آئے ان کے ساتھ ایک بوڑھے آدمی بھی تھے، آپ نے ان سے پوچھا: یہ تمہارے ساتھ کون صاحب ہیں؟ انہوں نے کہا: میرے والد ہیں، آپ نے ارشاد فرمایا:

«فلا تمش أمامه، ولا تجلس قبله، ولا تدعه باسمه، ولا تستب له»۔

پھر تو تم ان کے آگے مت چلو، اور نہ ان سے پہلے بیٹھو اور نہ ان کو ان کا نام لے کر پکارو، اور نہ ان کو گالی دلانے کا ذریعہ بنو۔

مجمع الزوائد (ج ۸۔ ۱۳۶)

ذیل میں سلفِ صالحین کے کچھ ایسے واقعات پیش کیے جاتے ہیں جن کا تعلق والدین کے ساتھ مندرجہ بالا آداب ملحوظ رکھنے اور ان کی پابندی کرنے سے ہے:

✿ "عیون الاخبار" کے مصنف نے یہ واقعہ لکھا ہے کہ عمر بن زید سے پوچھا گیا کہ آپ کے بیٹے نے آپ کے ساتھ کیا حسنِ سلوک کیا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: میں دن میں کبھی نہیں چلا مگر وہ میرے پیچھے ہوتا تھا، اور رات میں وہ میرے آگے ہوتا تھا، اور وہ اس چھت پر کبھی نہیں چڑھا جس کے نیچے میں بیٹھا ہوں۔

✿ مجمع الزوائد کے مصنف نے یہ قصہ لکھا ہے کہ ابو غسان ضبی فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ حرہ (کالے سنگریزے والی جگہ) میں چل رہا تھا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے میری ملاقات ہوئی تو انہوں نے فرمایا: یہ کون صاحب ہیں؟ میں نے کہا یہ میرے والد ہیں۔ تو انہوں نے فرمایا کہ اپنے والد کے آگے مت چلو ان کے پیچھے چلو، یا ایک جانب کنارہ پر، اور اپنے اور ان کے درمیان کسی کو حائل نہ بننے دو۔ اور اپنے والد کے مکان کی چھت پر نہ چلو اور اس ہڈی کو نہ کھاؤ جس کی جانب تمہارے والد نے دیکھا ہو اس لیے کہ ہو سکتا ہے کہ انہیں وہ مرغوب ہو۔

✿ عیون الاخبار میں لکھا ہے خلیفہ مامون رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے فضل بن یحیٰی سے زیادہ کسی کو اپنے والد کے ساتھ حسن سلوک اور تعظیم کرتے نہیں دیکھا وہ اپنے والد کے نہایت فرمانبردار و مطیع تھے ان کے والد گرم پانی سے وضو کیا کرتے تھے دونوں باپ بیٹے ایک مرتبہ جیل میں تھے ایک سردی کی رات میں دربانوں نے ان کو لکڑیاں لے جانے سے روک

Marfat.com

دیا جب ان کے والد بیٹی بستر پہ دراز ہو گئے تو فضل اس برتن کے پاس گئے جس میں پانی گرم کیا جاتا تھا اور اس کو پانی سے بھرا پھر اسے چراغ کی لو کے قریب کر دیا: اور صبح تک اسے ہاتھ میں پکڑے کھڑے رہے، یہ نیک کام انہوں نے اس لیے کیا تاکہ ان کے والد گرم پانی سے وضو کر سکیں۔

✿ صالح عباسی ایک مرتبہ خلیفہ منصور کی مجلس میں حاضر ہوئے ان کی عادت یہ تھی کہ یہ جب منصور سے بات چیت کرتے تو کثرت سے یہ کہا کرتے تھے میرے والد رحمہ اللہ، تو منصور کے دربان ربیع نے ان سے کہا: آپ امیر المؤمنین کے سامنے اتنی کثرت سے اپنے والد پر رحم کی دعا نہ کیا کریں، تو انہوں نے فرمایا اس بات کے کہنے پر میں تمہیں قطعاً ملامت نہیں کروں گا، اس لیے کہ تم نے والدین کی حلاوت و محبت کا مزہ ہی نہیں چکھا، یہ سن کر منصور مسکرا دیے اور فرمایا یہ اس شخص کی سزا ہے جو بنو ہاشم کی عیب جوئی کرے۔

✿ اور ابن حبان اپنی صحیح میں روایت کرتے ہیں کہ ایک صاحب حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور عرض کیا کہ میرے والد مجھ پر زور دیتے رہے حتیٰ کہ میری شادی کرا دی، اور اب وہ مجھے بیوی کو طلاق دینے کا حکم دے رہے ہیں، انہوں نے فرمایا کہ میں تو تمہیں یہ حکم نہیں دے سکتا کہ تم اپنے والدین کی نافرمانی کرو اور نہ تمہیں یہ حکم دیتا ہوں کہ تم اپنی بیوی کو طلاق دے دو، البتہ اگر تم چاہو تو تمہیں وہ حدیث سنا دوں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ: والد جنت کے دروازوں میں سے درمیانہ دروازہ ہے، تم چاہو تو اس دروازے کی حفاظت کر لو اور چاہو تو چھوڑ دو، راوی کہتے ہیں کہ میرا خیال یہ ہے کہ عطاء نے فرمایا کہ تم اسے طلاق دے دو۔

ابن ماجہ اور ترمذی کی روایت میں یہ آتا ہے کہ ایک صاحب حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور عرض کیا کہ میری ایک بیوی ہے اور میری والدہ مجھے حکم دے رہی ہیں کہ میں اسے طلاق دے دوں، تو انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ نے فرمایا کہ والدہ جنت کے دروازوں میں سے بیچ کا دروازہ ہے پس اگر تم چاہو تو اسے ضائع کر دو اور اگر چاہو تو اس کی حفاظت کر لو۔

✿ اور ابن ماجہ اور ابن حبان اپنی کتاب صحیح میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میرے نکاح میں ایک عورت تھی جو مجھے پسند تھی لیکن میرے والد حضرت عمر کو وہ ناپسند تھی، تو انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ اسے طلاق دے دو تو میں نے اس سے انکار کر دیا، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ واقعہ آپ سے ذکر کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ اسے طلاق دے دو۔

Marfat.com

ف نافرمانی وعقوق سے ڈرانا

عقوق کے معنی نافرمانی اور مخالفت کرنے اور حق ادا نہ کرنے کے ہیں جس میں غصے کے وقت لڑکے کا باپ کی طرف تیز نگاہوں سے دیکھنا بھی داخل ہے۔

عقوق و نافرمانی میں یہ بھی داخل ہے کہ لڑکا اپنے آپ کو باپ کے برابر و مساوی سمجھے۔

نافرمانی وعقوق میں یہ بھی داخل ہے کہ لڑکا والدین کے ہاتھ چومنے کو بُرا سمجھے یا اس کے احترام میں کھڑا نہ ہو۔

اور عقوق میں یہ بھی داخل ہے کہ لڑکا دھوکے اور خود فریبی کا شکار ہو جائے اور وہ والد کا تعارف کروانے سے شرمائے خصوصاً ایسی صورت میں جبکہ لڑکا کسی بڑے منصب وعہدہ پر فائز ہو۔

اور نافرمانی میں یہ بھی داخل ہے کہ لڑکا اپنے ضرورت مند والدین کے نان ونفقہ کا خیال نہ کرے اور وہ اس پر دعویٰ کرنے پر مجبور ہو جائیں تاکہ قاضی اُن نان نفقہ لڑکے پر لازم کر دے۔

اور سب سے بڑی نافرمانی یہ ہے کہ لڑکا والدین کے کام پر ناک منہ چڑھائے اُف کرے اور اس سے تنگ دل ہو اور اپنی آواز ان سے اونچی کرے اور ان کی شان میں گستاخی کرے سخت وست جملے کہے یا اُن کی توہین کرے اور بُرا بھلا کہے اور اُن کی شخصیت کو مجروح کرے۔

اس لئے اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عقوق و نافرمانی سے ڈرائیں اور یہ بتلائیں کہ نافرمان پر کتنا بڑا گناہ اور بھوج ہوتا ہے۔ اور اسکی نیکیاں برباد ہو جاتی ہیں اور دنیا و آخرت میں اس کا بدلہ اس کو ضرور ملتا ہے تو اس میں کوئی تعجب کی بات نہیں۔

امام بخاری و مسلم حضرت ابوبکرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں سب بڑا گناہ نہ بتلاؤں تین بار آپ نے یہ فرمایا ہم نے عرض کیا کیوں نہیں اے اللہ کے رسول آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانا اور والدین کی نافرمانی کرنا اور آپؐ ٹیک لگائے ہوئے تو سیدھے ہو کر بیٹھ گئے اور پھر فرمایا ''اور ہاں جھوٹ بات اور جھوٹی گواہی اور پھر آپ بار بار اسے دہراتے رہے حتیٰ کہ ہم نے کہا کہ کاش آپ خاموش ہو جاتے اور بار بار کہنے کی زحمت نہ اٹھائے۔

اور امام احمد و نسائی و بزار و حاکم حضرت عبداللہ بن عمروؓ بن العاصؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

الثلاثة حرم الله تبارك وتعالى عليهم الجنة : مدمن الخمر، والعاق لوالديه،

تین آدمی ایسے ہیں جن پر اللہ تبارک وتعالیٰ نے جنت حرام کر دی ہے: شراب پینے پر مداومت کرنے والا:

Marfat.com

والدیوث الذی یقر الخبث فی أهله)۔ اور اپنے والدین کی نافرمانی کرنے والا، اور وہ دیوث شخص جو اپنی بیوی میں بدکرداری کو برقرار رکھے۔

اور امام بخاری و مسلم حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

((من الکبائر شتم الرجل والدیه))۔ کبیرہ گناہوں میں سے یہ بھی ہے کہ انسان اپنے والدین کو گالی دے۔

پوچھا گیا کہ اے اللہ کے رسول: کیا کوئی شخص اپنے والد کو بھی گالی دیتا ہے! آپ نے ارشاد فرمایا: جی ہاں کسی دوسرے آدمی کے باپ کو گالی دے اور وہ پھر اس کے والد کو گالی دے، اور دوسرے کی ماں کو گالی دے تو وہ اس کی ماں کو گالی دے

اور امام احمد وغیرہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دس کلمات کے ذریعہ وصیت کی، فرمایا: اللہ کے ساتھ کسی کو شریک مت کرنا چاہے تمہیں قتل کر دیا جائے اور جلا ڈالا جائے۔ اور والدین کی نافرمانی نہ کرنا چاہے وہ تمہیں یہ حکم کیوں نہ دیں کہ تم اپنے مال اور اہل و عیال کو بھی چھوڑ دو...

اور حاکم اور اصبہانی حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمام گناہوں کی سزا اللہ تعالیٰ روز قیامت تک جب تک چاہتے ہیں مؤخر فرماتے رہتے ہیں سوائے والدین کی نافرمانی کے۔ کہ اللہ تعالیٰ والدین کی نافرمانی کرنے والے کی: اس کو مرنے سے قبل دنیا ہی میں دے دیتے ہیں۔

اور اس سے قبل ہم حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ کی حدیث "نیکی کرنے میں باپ پر ماں کو مقدم کرنا" والی بحث کے ذیل میں ذکر کر چکے ہیں، لہٰذا اگر والدین کی نافرمانی کا نتیجہ و سزا دیکھنا ہو تو اسے ملاحظہ فرمالیجیے۔

اور اصبہانی وغیرہ ابوالعباس اصم سے وہ حضرت عوام بن حوشب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں ایک مرتبہ ایک بستی میں اترا جس کے ایک طرف ایک مقبرہ تھا، عصر کے بعد ایک قبر شق ہو گئی اور اس میں سے ایک ایسا شخص نکلا جس کا سر گدھے کے سر کی طرح تھا اور باقی جسم انسان کے جسم کی طرح تھا، اس نے تین مرتبہ گدھے کی سی آواز نکالی اور پھر قبر اس پر بند ہو گئی۔

اچانک کیا دیکھا کہ ایک بڑھیا بال یا اون کات رہی ہے، ایک عورت نے کہا تم اس بڑھیا کو دیکھ رہے ہو؟ میں نے پوچھا: اس کو کیا ہو گیا ہے؟ اس نے کہا: یہ اس کی ماں ہے، میں نے پوچھا اس کا کیا قصہ ہے؟ اس نے کہا کہ یہ لڑکا شراب پیا کرتا تھا جب یہ واپس آتا تو اس کی ماں اس سے کہتی: بیٹے اللہ سے ڈرو تم کب تک شراب پیتے رہو گے؟ تو وہ اس سے کہتا: تم تو اس طرح چیختی ہو جس طرح گدھا چیختا ہے، اس نے کہا کہ پھر وہ عصر کے بعد مر گیا، وہ عورت کہتی ہے کہ اس کی قبر روزانہ عصر کے بعد شق ہوتی ہے اور وہ لڑکا تین مرتبہ گدھے کی آواز نکالتا ہے اور پھر قبر اس

Marfat.com

پر بند ہو جاتی ہے۔

یہ وہ اہم بنیادیں ہیں جن پر تربیت کرنے والوں کو اپنے بچوں کی نشو ونما کرنا چاہیئے اور انہیں یہ سکھانا چاہیے تاکہ بچہ تدریجاً نیکی کی راہ پر چلے اور شروع ہی سے والدین کے حق کو پہچان لے۔

اور جب بچہ بچپن ہی سے ان حقوق کو صحیح طور سے اسلام کی منشا کے مطابق ادا کرے گا تو ظاہر بات ہے کہ رشتہ داروں، پڑوسیوں اور استاذ وغیرہ کے حقوق بدرجہ اولی صحیح طور سے ادا کرے گا، اس لیے کہ والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنے کی عادت ہی تمام معاشرتی اچھائیوں کی جڑ ہے، اس لیے کہ جس بچے کی نیک کام کرنے اور والدین کے احترام کی عادت ہوگی اس کے لیے پڑوسیوں کا احترام بڑوں کی قدر ومنزلت کا خیال رکھنا اور استاذ کی تعظیم اور تمام لوگوں کا احترام کرنا آسان ہوگا۔

ان تمام وجوہ کی وجہ سے میں والدین کے حقوق پر دوسرے ان تمام معاشرتی واجتماعی حقوق کی بنسبت زیادہ روشنی ڈالوں گا جن کی تفصیل آئندہ آئے گی، اس لیے کہ والدین کے ساتھ نیکی کرنے کی عادت تمام اچھائیوں وفضائل کی بنیاد ہے، بلکہ تمام وہ حقوق کا جو معاشرہ میں پائے جاتے ہیں ان کی حقیقت ومبدأ ومرکز ہی یہ ہی ہے۔

گذشتہ ذکر کی ہوئی تفصیل کی روشنی میں جو اہم اصول اور بنیادی باتیں سامنے آئی ہیں جن کا بچوں کو سکھانا ضروری ہے انہیں ہم تربیت کرنیوالوں کے سامنے پیش کرتے ہیں:

۱۔ والدین کے ہر حکم کی اطاعت کرنا اور اسے بجالانا سوائے اس حکم کے جو اللہ کی نافرمانی کا موجب ہو۔
۲۔ ان سے نرمی واحترام سے خطاب کرنا۔
۳۔ جب وہ داخل ہوں تو ان کے احترام کے لیے کھڑا ہونا۔
۴۔ صبح وشام اور دیگر مواقع پر ان کے ہاتھ چومنا (عربوں میں والدین واساتذہ کے ہاتھ اور پیشانی چومنے کا رواج ہے)۔
۵۔ ان کی عزت وشہرت، نام نمود اور شرافت ومال کی حفاظت کرنا۔
۶۔ ان کا اکرام کرنا اور جو وہ طلب کریں وہ ان کو دینا۔
۷۔ تمام امور اور مختلف کاموں میں ان سے مشورہ کرنا۔
۸۔ ان کے لیے کثرت سے دعاء واستغفار کرنا۔
۹۔ اگر ان کا کوئی مہمان آجائے تو دروازے کے قریب بیٹھنا اور ان کی نظر کا خیال رکھنا تاکہ اگر وہ کسی چیز کا چپکے سے حکم دیں تو اسے بجالاسکے۔

Marfat.com

۱۰۔ خود بخود ان کے حکم کے بغیر ایسے کام کرنا جو انہیں خوش کرنے والے ہوں۔
۱۱۔ ان کے سامنے زیادہ زور سے بات نہ کرنا۔
۱۲۔ جب وہ بات کرتے ہوں تو ان کی بات نہ کاٹنا۔
۱۳۔ ان کی اجازت کے بغیر گھر سے نہ نکلنا۔
۱۴۔ جب وہ سوئے ہوئے ہوں تو ان کو پریشان نہ کرنا۔
۱۵۔ بیوی بچوں کو ان پر ترجیح نہ دینا۔
۱۶۔ اگر ان کا کیا ہوا کوئی کام پسند نہ ہو تو اس پر ان کو ملامت نہ کرنا۔
۱۷۔ ان کے سامنے بلا وجہ نہ ہنسنا۔
۱۸۔ برتن میں ان کے سامنے سے نہ کھانا۔
۱۹۔ کھانے میں ان کے ابتدا کرنے سے پہلے خود ابتدا نہ کرنا۔
۲۰۔ اگر وہ بیٹھے ہوں تو ان کے سامنے سونے اور لیٹنے سے بچنا چاہیے مگر یہ کہ وہ اجازت، دے دیں۔
۲۱۔ ان کے سامنے ٹانگیں پھیلا کر نہ بیٹھنا۔
۲۲۔ ان سے پہلے کسی جگہ داخل نہ ہونا اور ان سے آگے نہ چلنا۔
۲۳۔ اگر وہ پکاریں تو ان کی آواز پر فوراً لبیک کہنا۔
۲۴۔ ان کے ساتھیوں اور دوستوں کا اکرام کرنا ان کی زندگی میں بھی اور ان کے مرنے کے بعد بھی۔
۲۵۔ ایسے شخص کے ساتھ نہ رہنا جو اپنے والدین کے ساتھ حسنِ سلوک نہ کرتا ہو۔
۲۶۔ ان کے لیے دعا کرنا خصوصاً ان کی وفات کے بعد اس لیے کہ انہیں اس سے فائدہ پہنچتا ہے اور کثرت سے اللہ تعالیٰ کا درجِ ذیل فرمان پڑھنا:

«رب ارحمهما كما ربياني صغيرا».

اے میرے پروردگار ان پر اسی طرح رحم فرمائیے جس طرح میرے بچپن میں انہوں نے میری پرورش کی۔

۲۔ رشتہ داروں کا حق

رشتہ داروں سے۔ مراد وہ افراد ہیں جن سے نسب و رشتہ کی وجہ سے تعلق ہو اور ان کی ترتیب یہ ہے: والدین، دادا دادیاں، بھائی بہن، چچا چچیاں، بھائی کی اولاد، بہن کی اولاد، ماموں ممانیاں، پھر وہ رشتے دار جن کا درجہ ان کے بعد آتا ہے۔ قریب سے قریب تر کے لحاظ سے، ان رشتہ داروں کو شریعت نے ارحام (قرابت دار) دو وجہ سے کہا ہے:

۱۔ اس لیے کہ رحم رَحِمن سے مشتق ہے۔ اس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں نہایت تاکید سے بیان کیا

Marfat.com

ہے جسے ابوداؤد و ترمذی نے حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا: اللہ جل شانہٗ ارشاد فرماتے ہیں کہ:

((أنا الله وأنا الرحمٰن خلقت الرحم وشققت لها اسماً من اسمی، فمن وصلها وصلته ومن قطعها قطعته))

میں اللہ ہوں اور میں رحمٰن ہوں میں نے رحم (رشتہ داری) کو پیدا کیا اور اس کا نام اپنے نام سے بنایا، لہٰذا جو اسے جوڑے گا اور صلہ رحمی کرے گا میں اس کی حاجت پوری کروں گا، اور جو قطع رحمی کرے گا میں اس کو قطع کردوں گا۔

اور ظاہر ہے کہ رحم (رشتہ داری) کا اللہ کے نام سے مشتق ہونا ہی اپنے عزیز و اقارب کے حق میں شفقت و رحمت اور الفت و محبت کا باعث ہے۔

۲۔ قرابت اس جگہ سے منتقل ہوئی ہے جس کی طرف انسان کی نسبت ہے اور اسی کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صلہ رحمی کے واجب ہونے اور قطع رحمی سے بچانے کے سلسلہ میں مدنظر رکھا ہے۔

اور بلاشبہ یہ ایک ایسی چیز ہے جو قرابت داری کے جذبہ کو گہرائیوں سے حرکت دیتی ہے، اور بلند ترین برادرانہ جذبات و احساسات کو ابھارتی ہے۔

ان حقائق کے کھل کر سامنے آجانے کے بعد تربیت کرنے والوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ عملی میدان میں وہ خوب جد و جہد اور محنت کریں تاکہ جب بچہ سنِ شعور کو پہنچے تو اس وقت سے قرابت داروں اور رشتہ داروں کے حقوق اس کو ذہن نشین کرا دیے جائیں تاکہ بچے کی طبیعت میں دوسروں کے ساتھ مل بیٹھنے کی عادت فطرت بن جائے اور اس کی گھٹی میں ان لوگوں کی محبت پڑ جائے جو اس سے رشتہ داری اور نسب کا رابطہ رکھتے ہیں، تاکہ بچہ جب بڑا ہو اور اس کی عقل پختہ ہو جائے تو ان حضرات کے ساتھ جو احسان اور محبت کرنا چاہیئے وہ کر سکے اور بڑوں کا ــــــ احترام اور چھوٹوں پر شفقت کرے، اور اگر ان پر کوئی مصیبت آن پڑے تو غم کی وجہ سے اس پر آنسو بہائے، اور ان کی خستہ حالی اور مصیبت کے وقت ان کے ساتھ احسان کرے اور ان کی امداد کرنے میں کسی قسم کی کوتاہی نہ کرے، اور یہ بات اسوقت تک نہیں ہو سکتی جب تک بچے کو یہ اچھے اخلاق سکھا نہ دیے جائیں اور ان فضائل و مکارم کا عادی نہ بنا دیا جائے۔

ایسی صورت میں جب ہم کتاب اللہ کی تلاوت کرتے ہیں اور ان آیات کو پڑھتے ہیں جو صلہ رحمی پر ابھارتی اور قرابت داروں کے ساتھ احسان و بھلائی کا حکم دیتی ہیں تو اس پر ہمیں ذرہ تعجب بھی نہیں ہوتا، تربیت کرنے والوں کے لیے ہم ان آیات میں سے چند آیات پیش کرتے ہیں:

((وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ۝)) النساء-۱

اور اللہ سے ڈرتے رہو جس کے واسطے سے آپس میں سوال کرتے ہو۔ اور قرابت داروں سے خبردار

Marfat.com

رہو، اور بے شک اللہ تم پر نگہبان ہے۔

اور فرمایا:

((وَاٰتِ ذَاالْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا)). بنی اسرائیل ۲۶

اور دے قرابت والے کو اس کا حق اور محتاج کو اور مسافر کو اور بیجا مت اڑا۔

اور فرمایا:

((وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَ الْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَ الْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى)). النساء-۳۶

اور بندگی کرو اللہ کی اور شریک نہ کرو کسی کو اس کا اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو اور قرابت والوں کے ساتھ اور یتیموں اور فقیروں اور ہمسایۂ قریب کے ساتھ۔

اور اس کے مقابلہ پر قرآنِ کریم قطع رحمی سے ڈراتا ہے، اور اس قطعِ تعلق کو بغاوت اور زمین پر ایسا فساد قرار دیتا ہے، جس کا کرنے والا لعنت اور برے گھر کا مستحق ہوتا ہے چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

((وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَ يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ۝)). الرعد-۲۵

اور جو لوگ اللہ کا عہد توڑتے ہیں مضبوط کرنے کے بعد اور قطع کرتے ہیں اس چیز کو جس کے جوڑنے کا اللہ نے حکم دیا ہے اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے لیے لعنت ہے اور ان کے لیے برا گھر ہے۔

نیز ارشاد فرمایا:

((فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ۝)). محمد-۲۲ و ۲۳

اگر تم کنارہ کش رہو تو آیا تم کو یہ احتمال بھی ہے کہ تم لوگ دنیا میں فساد مچا دو گے اور آپس میں قطعِ قرابت کر لو گے یہی لوگ تو ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے سو انہیں بہرا کر دیا اور ان کی آنکھوں کو اندھا کر دیا ہے۔

جب یہ اس شخص کا انجام اور سزا ہے جو اپنے رشتہ داروں سے ظالمانہ اور معاندانہ سلوک کرتا ہے تو ایسی صورتِ حال میں تربیت کرنے والوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ جن کی تربیت ان کے ذمہ ہے وہ ان کے سامنے قطعِ رحمی کے انجام اور اس پر جو برے نتائج مرتب ہوتے ہیں ان کو بیان کریں، اسی طرح ان کو وہ ثمرات و فوائد بھی بیان کرنا چاہیئے جو صلہ رحمی اور قرابت داری کے حقوق ادا کرنے پر حاصل ہوتے ہیں۔

تربیت کرنے والوں کیلیے ہم صلہ رحمی کے وہ شاندار نتائج و عظیم ثمرات پیش کرتے ہیں جن کی نشاندہی مربی اوّل نبی کریم

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم نے کی ہے تاکہ ان کو آپ لوگ اپنی اولاد کے سامنے بیان کریں اور ان کو ان کی تعلیم دیں جن کی تربیت آپ کے ذمے ہے:

● صلہ رحمی اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لانے کا شعار اور طرۂ امتیاز ہے اس لیے کہ امام بخاری و مسلم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((من کان یؤمن باللہ والیوم الآخر فلیکرم ضیفه
ومن کان یؤمن باللہ والیوم الآخر فلیصل رحمه
ومن کان یؤمن باللہ والیوم الآخر
فلیقل خیرًا أو لیصمت)).

جو شخص اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اسے چاہیے کہ اپنے مہمان کا اکرام کرے
اور جو شخص اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہو اسے چاہیے کہ صلہ رحمی کرے
اور جو شخص اللہ اور روزِ قیامت پر ایمان رکھتا ہو
اسے چاہیے کہ اچھی بات کہے ورنہ چپ خاموش رہے۔

● صلہ رحمی عمر کو بڑھاتی اور رزق میں برکت دیتی ہے، اس لیے کہ امام بخاری و مسلم رحمہما اللہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:

((من أحب أن یبسط له فی رزقه
وینسأله فی أثره فلیصل رحمه)).

جو شخص یہ پسند کرے کہ اس کا رزق بڑھا دیا جائے
اور اس کی عمر دراز کر دی جائے تو اسے چاہیے کہ صلہ رحمی کرے۔

● صلہ رحمی بری موت سے بچاتی ہے، اس لیے کہ ابو یعلی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((إن الصدقة وصلة الرحم یزید اللہ بهما فی العمر
ویدفع بهما میتة السوء، ویدفع بهما المکروہ والمحذور)).

صدقہ اور صلہ رحمی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ عمر بڑھا دیتے ہیں اور بری موت سے بچاتے ہیں
اور ان کے ذریعے ہر بری اور تکلیف دہ چیز دور فرما دیتے ہیں۔

● صلہ رحمی سے بستیاں آباد ہوتی ہیں اور مال بڑھتا ہے اس لیے کہ طبرانی اور حاکم حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

((إن اللہ یعمر بالقوم الدیار ویثمر لهم الأموال
وما نظر إلیه منذ خلقهم بغضًا لهم
قیل: وکیف ذاک یا رسول اللہ؟
قال: ((بصلتهم الرحم)).

اللہ تعالیٰ قوموں کے گھروں کو آباد کرتا ہے اور انکے مال کو بڑھاتا ہے
اور ان کی پیدائش سے ان کی طرف بغض کی نگاہ سے نہیں دیکھا
پوچھا گیا اے اللہ کے رسول ایسا کیوں ہوا؟
فرمایا: ان کی صلہ رحمی کی وجہ سے۔

● صلہ رحمی گناہوں کی مغفرت اور غلطیوں کا کفارہ بنتی ہے اس لیے کہ ابن حبان اور حاکم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ ایک صاحب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: میں نے یک بہت بڑا گناہ کیا ہے، کیا میرے لئے توبہ کا کوئی راستہ ہے؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تمہاری والدہ زندہ ہیں۔ انہوں نے

Marfat.com

کہا: جی نہیں، آپ نے فرمایا: کیا تمہاری خالہ حیات ہیں؟ انہوں نے کہا: جی ہاں۔ آپ نے ارشاد فرمایا: ان کے ساتھ حسنِ سلوک اور نیکی کرو۔

● صلہ رحمی حساب کتاب کو آسان کرتی ہے اور اس کے کرنے والے کو جنت میں داخل کرتی ہے۔ اس لیے کہ بزار اور طبرانی اور حاکم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((ثلاث من كن فيه حاسبه الله حسابًا يسيرًا وأدخله الجنة برحمته قالوا: وما هي يا رسول الله بأبي أنت وأمي؟ قال: تعطي من حرمك وتصل من قطعك، وتعفو عمن ظلمك فإذا فعلت ذلك يدخلك الله الجنة)).

تین خصلتیں ایسی ہیں جو جس شخص میں بھی پائی جائیں گی اللہ تعالیٰ اس سے آسان حساب لیں گے اور اسے اپنی رحمت سے جنت میں داخل فرمائیں گے صحابہ نے پوچھا، اے اللہ کے رسول ہمارے ماں باپ آپ پر قربان ہو کیا ہیں؟ آپ نے ارشاد فرمایا: اس کو دو جو تمہیں محروم رکھے اور جو قطع رحمی کرے تو اس سے صلہ رحمی کرو اور جو تم پر ظلم کرے تم اس کو معاف کر دو، جب تم ایسا کر لو گے تو اللہ تعالیٰ تمہیں جنت میں داخل فرمائیگا۔

اور امام بخاری اور مسلم حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا:

((لا يدخل الجنة قاطع رحم)).

قطع رحمی کرنے والا جنت میں داخل نہ ہوگا۔

● صلہ رحمی صلہ رحمی کرنے والے کو قیامت میں بلند درجات تک پہنچا دیتی ہے۔ اس لیے کہ بزار و طبرانی حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ألا أدلكم على ما يرفع الله به الدرجات؟ قالوا: نعم يا رسول الله قال: تحلم على من جهل عليك وتعفو عمن ظلمك، وتعطي من حرمك وتصل من قطعك)).

کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتلاؤں جس سے اللہ تعالیٰ درجات بلند فرماتے ہیں؟ صحابہ نے عرض کیا: جی ہاں اے اللہ کے رسول آپ نے فرمایا: جو تمہارے ساتھ جہالت سے پیش آئے اور زیادتی کرے تم اس سے بردباری سے پیش آؤ، اور جو تم پر ظلم کرے تم اسے معاف کر دو اور جو تمہیں محروم کر دے تم اس کو دو! اور جو قطع رحمی کرے تم اس کے ساتھ صلہ رحمی کرو۔

لہٰذا جب مربی بچے کے سامنے یہ فضائل رکھے گا جو صلہ رحمی کرنے والے کو حاصل ہوتے ہیں تو ظاہر بات ہے کہ بچہ کلیتہً اپنے رشتہ داروں کی محبت اور صلہ رحمی کی جانب راغب ہوگا اور ان کے حقیقی مرتبہ کو پہچانے گا، اور ان کے حق کو ادا کرے گا، اور ان کی خوشی و غم میں برابر کا شریک ہوگا، اور پریشان حال اور خستہ حال رشتہ داروں کی پریشانی دور کریگا اور بخدا یہ نیکی کی غایت و انتہا اور صلہ رحمی کا منتہیٰ ہے۔

Marfat.com

اس لیے ہمیں ایسے معلموں اور مربیوں کی سخت ضرورت ہے جو بچوں کو یہ حقائق سمجھائیں اور ان مکارمِ اخلاق اور خصالِ حمیدہ کی جانب ان کی رہنمائی کریں۔

۳- پڑوسی کا حق

تربیت کرنے والوں کو جن حقوق کا بہت اہتمام کرنا چاہیئے اور بہت خیال رکھنا چاہیئے ان میں سے پڑوسی کا حق بھی ہے، لیکن پڑوسی کون ہے؟ ہر وہ شخص جو تمہارے دائیں بائیں اوپر نیچے چالیس گھر تک پڑوس میں رہتا ہو۔ لہٰذا یہ سب کے سب آپ کے پڑوسی ہیں اور ان سب کے آپ کے اوپر کچھ حقوق ہیں اور آپ کے ذمہ ان کے کچھ فرائض ہیں، پڑوس کے یہ معنیٰ اُس حدیث سے مستفاد ہیں جو حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے امام طبرانی نے روایت کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک صاحب رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کیا اے اللہ کے رسول میں فلاں حضرات کے محلہ میں ٹھہرا تھا، ان میں سب سے زیادہ تکلیف مجھے اس سے پہنچی جو مجھ سے سب سے زیادہ قریب تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر و عمر و علی رضی اللہ عنہم کو حکم دیا کہ مسجد کے دروازے پر کھڑے ہو کر زور سے یہ اعلان کریں کہ سن لو چالیس گھر تک پڑوسی ہوتا ہے، اور جنت میں وہ شخص داخل نہیں ہوگا جس کا پڑوسی اس کے شر سے ڈرتا رہتا ہو۔

اسلام کی نظر میں پڑوسی کے حقوق کا محور چار بنیادی اصول ہیں: یہ کہ انسان اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ پہنچائے اور اس کو اس شخص سے بچائے جو اسے ایذا پہنچانا چاہتا ہو۔ اور اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے، اور اس کی بدمزاجی اور اکھڑپن کا بردباری و درگزر سے بدلہ دے۔

الف - پڑوسی سے تکلیف اور ایذا کو دور رکھنا:

ایذاء کی مختلف اقسام ہیں جن سے زنا، چوری، گالم گلوچ، برا بھلا کہنا، کوڑا کرکٹ وغیرہ کا ڈالنا بھی داخل ہے ان میں سب سے خطرناک چیز زنا، چوری اور عزت و آبرو پر ڈاکہ ڈالنا ہے، اور یہ ان چیزوں میں سے ہے جن کی تاکید رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت کی تھی جب آپ اپنے صحابہ کرام کو بہترین خصال و عادات کی ترغیب دے رہے تھے، اور انہیں برے افعال سے منع کر رہے تھے، چنانچہ امام احمد و طبرانی حضرت مقداد بن الاسود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ سے ارشاد فرمایا: تم زنا کے بارے میں کیا کہتے ہو؟ انہوں نے عرض کیا حرام ہے اور اسے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے حرام کیا ہے لہٰذا وہ قیامت تک کے لیے حرام ہے۔ راوی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انسان دس عورتوں سے زنا کرے یہ بات اس کی نسبت معمولی ہے کہ انسان اپنے پڑوسی کی بیوی سے زنا کرے۔

راوی کہتے ہیں کہ پھر آپ نے پوچھا کہ تم چوری کے بارے میں کیا کہتے ہو؟ انہوں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کے

رسول نے اسے حرام کیا ہے لہٰذا یہ حرام ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ انسان دس آدمیوں کے مال کو چرائے یہ اس سے کم ہے کہ آدمی پڑوسی کے یہاں چوری کرے۔

رہا ہاتھ اور زبان سے ایذا پہنچانا تو یہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کے اس فرمان مبارک کے مضمون میں داخل ہے:

«واللہ لا یؤمن ، واللہ لا یؤمن ، واللہ لا یؤمن ، قیل : من یارسول اللہ ؟ قال : الذی لا یأمن جارہ بوائقہ»۔ بخاری و مسلم

بخدا وہ شخص مؤمن نہیں، بخدا وہ شخص مؤمن نہیں، بخدا وہ شخص مؤمن نہیں، پوچھا گیا کون اے اللہ کے رسول؟ تو آپ نے فرمایا وہ شخص جس کا پڑوسی اسکے شر سے امن میں نہ ہوں۔

اور خلیفہ عبدالملک بن مروان کے بارے میں مروی ہے کہ انہوں نے اپنے بچوں کے استاذ سے کہا جب تم انہیں شعر سکھاؤ تو انہیں صرف اس قسم کے اشعار سکھاؤ جو عجیر سلولی کے درج ذیل اشعار کی طرح ہوں:

یبین الجار حین یبین عنی ولم تأنس إلیَّ کلاب جاری
میرا پڑوسی جب مجھ سے جدا ہوتا ہے تو میرے پڑوسی کے کتے بھی مجھ سے مانوس نہیں ہوتے

و تظعن جارتی من جنب بیتی ولم تستر بستر من جدار
اور میری پڑوسن میرے گھر کے پاس سے جب گزرتی ہے تو اسطرح کہ اس نے دیوار کی آڑ بھی نہیں کی ہوئی ہوتی ہے

و تأمن أن ألما لح حین آتی علیہا وھی واضعۃ الخمار
اور جب میں آتا ہوں تو وہ اس بات سے بے خطر ہوتی ہے کہ میں اسے اس حالت میں دیکھ لوں گا کہ وہ دوپٹہ نہ اوڑھے ہوئے ہو

کذلک ھدی آبائی قدیمًا توارثہ النجار عن النجار
یہ میرے آباء واجداد کی پرانی عادت ہے جو ایک دوسرے کو وراثت میں ملی ہے

اور پڑوسی کی عزت و آبرو کی حفاظت کے سلسلہ میں مندرجہ بالا اشعار کے مشابہ حاتم طائی کے درج ذیل اشعار بھی ہیں:

إذا مابتّ أختل عرس جاری لیخفینی الظلام فماخفیت !!
جب چپکے سے میں اپنے پڑوسی کی شادی کی رات کا منظر رات کی تاریکی میں چھپکر بھی دیکھنا چاہوں تب بھی میں چھپ نہیں سکتا

أأفضح جارتی و أخون جاری فلا واللہ أفعل ماحییت !!
کیا میں اپنی پڑوسن کو رسوا کردوں اور پڑوسی کے ساتھ خیانت کروں نہیں بخدا ہرگز نہیں جب تک میں زندہ ہوں ایسا نہیں کرسکتا۔

(o)(o)(o)(o)(o)(o)(o)(o)(o)(o)(o)(o)

Marfat.com

اس طرح کے اشعار عنترہ کے ہیں:

وأغض طرفی إن بدت لی جارتی — حتی یواری جارتی مأواها

اور اگر میری پڑوسن سامنے آجائے تو میں نگاہ جھکا لیتا ہوں — جب تک کہ میری پڑوسن اپنے گھر میں نہ چلی جائے

پڑوسی کو حقارت کی نگاہ سے دیکھنا بھی پڑوسی کو ایذا پہنچانے کے مرادف ہے۔ جیسا کہ یہ ان لوگوں کی عادت ہوا کرتی ہے جو صحیح اسلامی تربیت حاصل نہ کر سکے ہوں، ایسے لوگوں کی عادت یہ ہوتی ہے کہ وہ غریب پڑوسیوں کو ذلیل سمجھتے ہیں اور اپنے قبیلے کے مسکین شخص کی تحقیر کرتے ہیں، حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

فما أحد منا بمهد بجاره — أذاة ولا مزر به وهو عائد،

ہم میں سے کوئی شخص بھی اپنے پڑوسی کو ایذا نہیں — پہنچاتا اور نہ اسکی تذلیل کرتا ہے ایسی حالت میں کہ وہ احسان کرنیوالا ہو

لأنا نرى حق الجوار أمانة — ويحفظه منا الكريم المعاهد

اس لیے کہ پڑوس کے حق کو ہم ایک امانت سمجھتے ہیں — اور اس کی حفاظت ہم میں سے ہر شریف وعہد پورا کرنیوالا شخص کرتا ہے

ب - پڑوسی کی حفاظت

پڑوسی کی حمایت وحفاظت اور اس پر ظلم نہ کرنا پاکیزگیٔ نفس کے اثرات میں سے ایک اثر ہے بلکہ اسلام کی نظر میں اعلیٰ ترین مکارم اخلاق میں سے ایک عظیم منقبت ہے۔ اور انسان کی بلند ہمتی وشرافت کی علامت ہی یہ ہے کہ وہ اپنے پڑوسی کو مصیبت سے نجات دلائے اور اس کی پریشانی دور کرے، اور پڑوسی کی حمایت وحفاظت کرنا عرب کے ان مشہور ترین مفاخر اور کارناموں میں سے ہے جس کے تذکرے سے ان کے اشعار پُر اور دواوین بھرے پڑے ہیں، حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

ولا ضيفنا عند القرى بمدفع — وما جارنا فی النائبات بمسلم

اور ہمارا مہمان میزبانی کے وقت دور نہیں کیا جاتا — اور ہمارا پڑوسی آفات ومصیبتوں کے وقت تن تنہا نہیں چھوڑا جاتا ہے

اور فرمایا:

يواسون مولاهم فی الغنی — ويحمون جارهم إن ظلم

مالداری کی حالت میں اپنے دوستوں سے غمخواری کرتے ہیں — اور اگر ان کے پڑوسی پر ظلم ہو تو اسے بچاتے ہیں

اور حسان بن نشیہ فرماتے ہیں:

أبوا أن يبيحوا جارهم لعدوهم — وقد ثار نقع الموت حتى تكوثرا

انہوں نے اس بات سے انکار کر دیا کہ اپنے پڑوسی کو دشمن کے سپرد کر دیں — ایسی حالت میں کہ موت کی گرد وغبار اڑ رہی جب تک کہ وہ مغلوب نہ ہو جائیں

کوفہ میں امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا ایک پڑوسی تھا وہ جب اپنے کام سے واپس آتا تو گھر میں یہ شعر پڑھتا:

Marfat.com

أضاعونی وأی فتی أضاعوا — ليوم كريهة وسداد ثغر.

انہوں نے مجھے ضائع کردیا اور کیسے زبردست نوجوان کو انہوں نے گم کردیا — مصیبت کے دن اور سرحد کی حفاظت کے لیے کام آنیوالے کو

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ اس کے اس شعر پڑھنے کو سنا کرتے تھے، ایک مرتبہ اتفاق یہ ہوا کہ ایک رات کو پہرہ داروں اور محافظوں نے اس پڑوسی کو پکڑ کر قید کرلیا، اس رات امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کو اس کی آواز سننے میں نہیں آئی، دوسرے دن انہوں نے تحقیق کی تو معلوم ہوا کہ اسے قید کرلیا گیا ہے، چنانچہ امام صاحب حاکم وقت عیسیٰ بن موسیٰ کے پاس گئے اور ان سے پڑوسی کے آزاد کرنے کی درخواست کی، تو انہوں نے اسے فوراً آزاد کردیا، جب وہ نوجوان قید سے باہر آیا تو امام ابو حنیفہ نے اسے بلایا اور چپکے سے اس سے کہا: اے نوجوان کیا ہم نے تمہیں ضائع و برباد کردیا؟ اس نے کہا جی نہیں بلکہ آپ نے تو بہت احسان اور اکرام کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزاء خیر دے اور یہ شعر پڑھا،

وما ضرنا أنا قليل وجارنا — عزيز وجار الأكثرين ذليل

ہمیں اس سے کچھ نقصان نہیں کہ ہم کم ہیں اور ہمارے پڑوسی — زبردست ہیں اور اکثر لوگوں کے پڑوسی تو معمولی و ذلیل ہوتے ہیں

پڑوسی کی حفاظت اور اس سے ظلم کے دور کرنے اور اس کو ذلیل و رسوا نہ کرنے کے بارے میں اصل اور بنیاد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی وہ حدیث ہے جسے بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«المسلم أخو المسلم لا يظلمه ولا يسلمه: من كان في حاجة أخيه كان الله في حاجته، ومن فرج عن مسلم كربة فرج الله عنه كربة من كرب يوم القيامة، ومن ستر مسلمًا ستره الله يوم القيامة».

مسلمان مسلمان کا بھائی ہے نہ اس پر ظلم کرتا ہے نہ اسے دشمن کے حوالے کرتا ہے
جو شخص اپنے بھائی کی حاجت روائی میں مصروف ہوتا ہے
اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری کرتا ہے، اور جو شخص کسی مسلمان کی
تکلیف دور کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ قیامت کی پریشانیوں میں سے کسی پریشانی
دور فرمائے گا اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرتا ہے
اللہ تعالیٰ قیامت میں اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔

لہٰذا اگر عام مسلمان کے لیے یہ واجب و لازم ہے تو پڑوسی کے لیے تو اور زیادہ لازم و ضروری ہوگا اس لیے کہ پڑوسی کے اپنے پڑوسی پر بہت سے حقوق و فرائض عائد ہوتے ہیں۔

ج - پڑوسی کیساتھ حسنِ سلوک کرنا:

پڑوسیوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا صرف یہ نہیں ہے کہ انسان اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ پہنچائے یا اپنے دست و بازو یا مرتبہ و مکان کی طاقت کے بل بوتے پر کسی ظالم و سرکش کو ظلم و زیادتی سے روک دے۔ بلکہ اچھے سلوک میں یہ بھی داخل ہے کہ مصیبت کے وقت پڑوسی کے ساتھ تعزیت کرے، اور خوشی کے موقعہ پر مبارکباد دے، اور بیماری کی صورت میں

Marfat.com

عیادت کرے، اور سلام کرنے میں پہلی کرے، اور دین ودنیا کے معاملات میں اپنے علم وفہم کے مطابق اس کی رہنمائی ان چیزوں کی جانب کرے جو اسے فائدہ پہنچائیں، بہرحال اکرام کی جو شکل بھی ہو اس کو اختیار کرے اور پڑوسی کے ساتھ حسنِ سلوک کرے۔

اس حسنِ سلوک کے بارے میں اصل اور بنیاد وہ حدیث ہے جسے خرائطی اور طبرانی نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے اور انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

جس شخص نے اپنے اہل وعیال ومال کی حفاظت کے لیے اپنے پڑوسی پر اپنے گھر کے دروازے بند کر دیے تو وہ مؤمن (کامل) نہیں، اور وہ شخص بھی مؤمن نہیں جس کا پڑوسی اس کے شر سے مامون وبے خطر نہ ہو، کیا تم جانتے ہو پڑوسی کا کیا حق ہے؟ وہ جب تم سے مدد طلب کرے تو تم اس کی مدد کرو، اور جب قرض مانگے تو اسے قرض دو، اور جب وہ کسی چیز کا محتاج ہو تو اس کی حاجت روائی کرو، اور جب بیمار ہو تو اس کی عیادت کرو، اور جب اسے کوئی خیر وبھلائی حاصل ہو تو اسے مبارک باد دو، اور جب اسے کوئی مصیبت پہنچے تو اس کی تعزیت کرو، اور جب اس کا انتقال ہو جائے تو اس کے جنازے میں شریک ہو، اور اپنا مکان اس کے مکان سے اونچا نہ بناؤ تاکہ اس کی ہوا نہ رک جائے مگر یہ کہ وہ اجازت دے دے (تو کوئی حرج نہیں) اور تم اسے اپنی ہانڈی کی بھاپ سے تکلیف نہ پہنچاؤ مگر یہ کہ تم اس میں سے اسے بھی دیدو، اور اگر تم کوئی پھل خریدو تو اس کو بھی اس میں سے ہدیہ کر دیا کرو، اور اگر ایسا نہ کر سکو تو چپکے سے چھپا کر لے جاؤ، اور ایسا نہ ہو کہ تمہارا بیٹا پھل باہر لیجائے تاکہ اسے دیکھ کر پڑوسی کے لڑکے کو تکلیف نہ ہو۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑوسی کے اکرام کرنے کو ایمان کی خصلتوں میں سے شمار کیا ہے چنانچہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((من کان یؤمن باللہ والیوم الآخر فلیکرم جارہ)). بخاری ومسلم

جو شخص اللہ اور قیامت کے دن پر یقین رکھتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اپنے پڑوسی کا اکرام کرے۔

اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

((وَ بِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِی الْقُرْبٰی وَ الْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنِ وَ الْجَارِ ذِی الْقُرْبٰی وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ وَابْنِ السَّبِیْلِ)). النساء-۳۶

اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو اور قرابت داروں کے ساتھ اور یتیموں اور فقیروں اور ہمسایۂ قریب اور ہمسایۂ اجنبی اور پاس بیٹھنے والے اور مسافر کے ساتھ۔

قریبی اور دور کے پڑوسیوں کے ان حقوق کی جس سے تائید ہوتی ہے وہ حدیث وہ ہے جس سے طبرانی نے حضرت

جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے:

«الجیران ثلاثة: جار له حق وهو المشرك، وجار له حقان وهو المسلم له حق الجوار وحق الإسلام، وجار له ثلاثة حقوق مسلم له رحم فله حق الجوار والإسلام والرحم».

پڑوسی تین ہیں: ایک وہ پڑوسی جس کا ایک حق ہے اور وہ مشرک پڑوسی ہے اور ایک پڑوسی وہ ہے جس کے دو حق ہیں اور وہ مسلمان پڑوسی ہے جسکا ایک حق پڑوس کی وجہ سے ہے اور ایک حق اسلام کی وجہ سے ہے، اور ایک وہ پڑوسی ہے جسکے تین حق ہیں اور وہ مسلمان رشتہ دار ہے جس کا حق پڑوس، اسلام، اور رشتہ داری کی وجہ سے ہے۔

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن عمر کے پاس تھا اُن کا ایک غلام دنبہ کے کھال اتار رہا تھا تو انہوں نے فرمایا اے لڑکے جب تم کھال اتار چکو تو پہلے ہمارے یہودی پڑوسی سے ابتداء کرنا (یہ بات انہوں نے تین مرتبہ کہی) اس لئے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے۔

«ما زال جبريل عليه السلام يوصيني بالجار حتى ظننت أنه سيورثه».

بخاری و مسلم

حضرت جبریل علیہ السلام مجھے پڑوسی کے بارے میں ہمیشہ وصیت کرتے رہے حتی کہ مجھے یہ گمان ہونے لگا کہ وہ اس کو وارث قرار دے دیں گے۔

قرآن کریم کے احکام وآداب کا خیال رکھنے والے پڑوسی کے حقوق کا پورا پورا خیال رکھتے ہیں اور ان کا خوب حق ادا کرتے ہیں حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ جب کوئی عورت انصار کے دو نیک گھرانوں میں سے کسی کے یہاں اترتی ہے تو اسے کوئی پرواہ نہیں ہوتی سوائے اس کے کہ وہ اپنے والدین کے ہاں اترے۔

پڑوسی کے ساتھ احسان میں یہ بھی داخل ہے کہ وہ اگر آگ نمک پانی وغیرہ مانگے تو وہ اسے دے دیا جائے اور گھریلو سامان اور روزمرہ کی وہ اشیاء جو لوگ عام طور سے عاریتاً لیتے دیتے رہتے ہیں، وہ عاریتاً دے دیں مثلاً ہانڈی پیالہ چھری کلہاڑی چھلنی وغیرہ ہو اور بہت سے مفسرین نے اللہ تعالیٰ کے فرمان (ویمنعون الماعون) میں وارد ماعون کو انہی اشیاء وغیرہ پر محمول کیا ہے۔ اس لئے کہ ان کا نہ دینا کمینگی اور دناءت نفس پر دلالت کرتا ہے شاعر مہیار کہتے ہیں۔

لجارهم من دارهم مثل مالهم — على راحة من عيشهم ولغوب

ان کے پڑوسی کو ان کے گھر سے وہ فوائد حاصل کرتے ہیں — جو انکو اپنے گھر میں خوشحال زندگی اور خستہ حالی دونوں صورتوں میں حاصل ہوتے ہیں

اہل عرب ابوداؤد کعب بن امامہ کو پڑوسیوں کے ساتھ حسن سلوک کرنے میں مثال کے طور پر پیش کیا کرتے تھے چنانچہ ضرب المثل ہے ''جار کجار ابی داؤد'' ایسا پڑوسی ہے جیسا کہ ابوداؤد کا پڑوسی) ابوداؤد کی عادت یہ تھی کہ اُن کے کسی پڑوسی اونٹ یا دنبہ یا بھیڑ مر جائے تو وہ اس کے مالک کو اس کے بدلے دوسرا جانور دے دیا کرتے تھے اور

Marfat.com

اگر پڑوسی مرجائے تو اس کے گھر والوں کو اس کی دیت کی مقدار جتنا مال اپنے پاس سے دیا کرتے تھے۔

علامہ خوارزمی "مفید العلوم" میں لکھتے ہیں کہ عبداللہ بن المبارک کا ایک یہودی پڑوسی تھا، اس نے اپنا گھر بیچنا چاہا تو اس سے پوچھا گیا: کتنے میں بیچو گے؟ اس نے کہا: دو ہزار میں، تو اس سے کہا گیا کہ تمہارا مکان تو ایک ہزار کے برابر کا ہے، تو اس نے کہا، تم نے بالکل سچ کہا لیکن بات یہ ہے کہ ایک ہزار تو مکان کی قیمت ہے اور ایک ہزار عبداللہ بن مبارک کے پڑوس کے بدلہ میں ہیں، حضرت عبداللہ بن المبارک کو یہ بتلایا گیا تو انہوں نے اس یہودی کو بلا کر اس گھر کی قیمت اس کے حوالے کی اور فرمایا کہ اسے نہ بیچو۔ بتلائیے اگر اس یہودی نے حضرت عبداللہ بن المبارک کے حسنِ اخلاق اور اچھے برتاؤ کو نہ دیکھا ہوتا تو گھر کے بیچنے میں یہ موقف ہرگز اختیار نہ کرتا۔

د۔ پڑوسی کی ایذا رسانی کو برداشت کرنا:

انسان کے لیے یہ قابلِ تعریف بات ہے کہ وہ اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ پہنچائے، اور یہ بھی باعثِ اعزاز ہے کہ وہ اس کی حفاظت کرے اور اس کے بدخواہوں کو اس سے دور رکھے، اور یہ بھی باعثِ فضل ہے کہ حسبِ مقدرت اس کے ساتھ حسنِ سلوک کرے، ایک فضیلت اور بھی ہے اور وہ یہ کہ اس کی غلطیوں سے چشم پوشی اور درگزر کرے اور اس کی کوتاہیوں سے صرفِ نظر کرے اور اس کی اکثر زیادتیوں کو معاف کر دے اور خاص کر وہ برائی جو بلا قصد و ارادہ اس سے سرزد ہو جائے، ایسی برائی جس پر وہ نادم ہو اور اس سلسلہ میں معذرت پیش کر چکا ہو، حریری اپنی کتاب مقامات میں لکھتے ہیں کہ میں پڑوسی کا خیال رکھتا ہوں خواہ وہ ظلم کیوں نہ کرے۔

بلاشبہ جو شخص ایسے شخص کے ساتھ بردباری اور حلم سے پیش آئے گا جو اس کے ساتھ زیادتی کرتا ہو اور جو ایسے شخص کے ساتھ احسان کرے گا جو اس کے ساتھ برا سلوک کرے، اور ظالم کو معاف کرے گا تو وہ انسانیت و شرافت کے اعلیٰ ترین مرتبہ پر فائز ہوگا اور قیامت کے روز سعادت و خوش بختی کے بلند ترین مقام پر ہوگا، بزار اور طبرانی حضرت عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتلاؤں جس سے اللہ تعالیٰ درجات بلند فرماتے ہیں؟ صحابہ نے عرض کیا، اے اللہ کے رسول ضرور بتلائیے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو تمہارے ساتھ زیادتی کرے اس سے بردباری سے پیش آؤ، اور جو تم پر ظلم کرے اسے معاف کر دو، اور جو تمہیں نہ دے تم اسے دو، اور جو تمہارے ساتھ قطع رحمی کرے تم اس کے ساتھ صلہ رحمی کرو۔

بسا اوقات گناہگار سے درگزر کرنا اور برائی کرنیوالے کو معاف کرنا اس کی بداخلاقی کی دوا اور اس کی کجی اور انحراف کے درست کرنے کا ذریعہ بنتا ہے چنانچہ جفاکشی الفت سے اور عداوت صلح سے اور بغض محبت سے بدل جاتا ہے اور واقعی

اللہ جل شانہ نے قرآنِ کریم میں بالکل بجا فرمایا ہے:

((وَلَا تَسْتَوِی الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ، اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِيْمٌ ۝)).

فصلت ۳۴

اور نیکی اور بدی برابر نہیں ہوتی آپ نیکی سے (بدی کو) ٹال دیا کیجیے تو پھر یہ ہوگا کہ جس شخص میں اور آپ میں عداوت ہے وہ ایسا ہو جائے گا جیسا کوئی ولی دوست ہوتا ہے۔

علماءِ اخلاق و تربیت کے یہاں یہ مسلم ہے کہ برائی کا بدلہ برائی یا اس سے زیادہ برائی سے دینا اور اس پر جو برے اثرات اور خراب نتائج مرتب ہوتے ہیں ان کی پرواہ نہ کرنا تنگ دلی اور غصہ کی تیزی کو کنٹرول کرنے سے عاجز ہونے کی دلیل ہے، لوگوں میں اخلاق اور سیادت و قیادت میں تفاوت و تفاضل، ان کے انجام کار کے بارے میں تدبر، اور نتائج کے بارے میں غور و فکر، اور انفعالی جذبہ کے جوش کو کنٹرول کرنے سے ہوتا ہے۔ اسی لیے غصہ کے وقت جو شخص خود پر کنٹرول رکھے وہ طاقتور ترین آدمی ہے اور نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کی نظر میں سب سے بڑا پہلوان ہے[1]

پڑوس کے حقوق کے سلسلہ میں یہ اہم بنیادی اصول ہیں اور پڑوسی کے ساتھ معاملہ کرنے کے سلسلہ میں اہم ترین بنیادیں ہیں، اس لیے تربیت کرنے والوں کو چاہیئے کہ بچہ جب شعور کی عمر کو پہنچ جائے تو اس بات کی پوری کوشش کریں کہ اس میں پڑوسیوں کے ساتھ حسنِ سلوک اور پڑوسیوں کے حقوق کے خیال کی اچھی عادت پیدا کریں، تاکہ جب وہ اس عمر کو پہنچے جس میں وہ دوسروں کے ساتھ معاملات کرنے کے قابل ہو، اور ان کے ساتھ رہے، ان کا پڑوسی بنے تو انہیں ایذا نہ پہنچائے، اور انہیں ہر قسم کے ظلم و زیادتی سے بچائے، اور ان کے ساتھ نیکی و حسنِ سلوک کرے، اور ان کے برے سلوک و زیادتی و ایذا کو برداشت کرے۔

پڑوس کے حقوق کے سلسلہ میں ان چاروں اصولوں کو دو چیزوں کے بغیر بچے میں پیدا نہیں کیا جا سکتا:

۱۔ مختلف مناسبات اور مواقع پر بچوں کو یہ چیزیں زبانی سمجھانا۔

۲۔ پڑوسیوں کے جو بچے اس کے ہم عصر ہیں ان کے ساتھ اس کو عملی شکل میں تطبیق دینا۔

اور یہ ایک حقیقت ہے کہ جب بچے میں بچپن ہی سے یہ اچھی عادات پیدا ہو جائیں گی تو اس میں دوسروں کے ساتھ مل بیٹھنے کا شوق اور عادت پیدا ہوگی، بلکہ وہ حقیقی معنوں میں ایک گھل مل کر رہنے والا انسان بنے گا بلکہ اس کے دل سے گوشہ نشینی، لوگوں سے بیزاری کا خیال تک نکل جائے گا جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ جہاں بھی ہوگا اپنے وجود کو ثابت کرے گا، اور جہاں ہوگا اپنی شخصیت کو ظاہر و ممتاز کرے گا، جس کا اصل سبب وہ معاشرتی تربیت ہوگی جو اس کی گھٹی میں پڑی ہوگی، اور اس میں یہ چیزیں تدریجاً پیدا ہوئی ہوں گی اور اس نے ان کے وسائل و اسباب کو اختیار کیا ہوگا۔

---

[1] چنانچہ حدیث میں آتا ہے کہ آدمی پچھاڑنے سے طاقتور شمار نہیں ہوتا بلکہ پہلوان وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے اوپر کنٹرول رکھے۔

Marfat.com

اس لیے تربیت کرنے والوں کو ان وسائل اور بنیادی اصولوں کو مدِنظر رکھنا چاہیے جو بچے کی شخصیت کو جلا بخشیں اور اس کو باعظمت اور فاضل و باکمال شخصیت بنادیں۔

۴۔ استاذ کا حق اور وہ اہم اور عظیم معاشرتی حقوق جن کا تربیت کرنے والوں کو بہت اہتمام کرنا چاہیئے اور ان کو ہمیشہ مدنظر رکھنا چاہیے اور ان پر بہت کڑی نظر رکھنا چاہیے ان میں سے یہ بھی ہے کہ بچے کی تربیت اس طرح کی جائے کہ وہ استاذ کے احترام اکرام اور اس کے حقوق ادا کرنے کا عادی بنے تاکہ بچے میں وہ عظیم معاشرتی ادب پیدا ہو جو اسے اپنے استاذ مربی و مرشد کے حقوق ادا کرنے کا عادی بنائے، اور خصوصاً جب کہ معلم نیک و متقی ہو اور مکارم اخلاق میں ممتاز ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے علماء کے اکرام اور اساتذہ کے احترام کے سلسلہ میں تربیت کرنے والوں کو شاندار وصیتوں اور زبردست توجیہات سے بہرہ ور کیا ہے تاکہ لوگوں کو ان کا فضل و مرتبہ معلوم ہو جائے اور شاگرد اپنے اساتذہ کے حقوق ادا کریں اور ان کے ساتھ ادب سے رہیں۔

ان معطر ارشادات و توجیہات و وصایا کا گلدستہ ذیل میں پیش کیا جاتا ہے:

امام احمد و طبرانی اور حاکم حضرت عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((لیس من أمتی من لم یجل کبیرنا ویرحم صغیرنا، ویعرف لعالمنا (حقه)۔

وہ شخص میری امت میں سے نہیں جو ہمارے بڑوں کا احترام نہ کرے اور چھوٹوں پر رحم نہ کرے، اور علماء کے حق کو نہ پہچانے۔

اور طبرانی "معجم اوسط" میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

((تعلموا العلم، وتعلموا للعلم السکینة والوقار، وتواضعوا لمن تعلمون منه))۔

علم حاصل کرو اور علم کے حاصل کرنے کیلئے وقار اور سکون کو سیکھو اور جن سے علم حاصل کرتے ہو ان کے سامنے تواضع اختیار کرو۔

اور طبرانی "معجم کبیر" میں حضرت ابوامامہ رضی اللہ سے اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

((ثلاث لا یستخف بهم إلا منافق ذو الشیبة فی الإسلام وذو العلم وإمام مقسط)).

تین آدمیوں کی تحقیر منافق ہی کیا کرتا ہے: مسلمان بوڑھا اور عالم اور منصف حاکم۔

اور امام احمد حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نے ارشاد فرمایا:

((اللهم لا يدركني زمان لا يتبع فيه العليم ولا يستحيي فيه من الحليم قلوبهم قلوب الأعاجم وألسنتهم ألسنة العرب)).

اے اللہ میں ایسا زمانہ نہ دیکھوں جسمیں علم والوں کی پیروی نہ کیجائے اور حلیم و بردبار سے حیاء نہ کی جائے جن کے دل عجمیوں کے سے ہوں گے اور ان کی زبانیں عربوں کی سی ہوں گی

اور امام بخاری حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم شہداء احد کو دفن کرنے میں دو آدمیوں کو ایک ساتھ دفن کر رہے تھے اور یہ پوچھتے جا رہے تھے کہ ان دونوں میں سے قرآنِ کریم کس نے زیادہ حاصل کیا ہے؟ جس کی طرف اشارہ کیا جاتا اسے پہلے قبر میں رکھتے۔

ان ہدایات و وصایا کا خلاصہ درج ذیل امور کی شکل میں نکلتا ہے:

✿ طالب علم کو چاہیے کہ استاذ کے سامنے تواضع اختیار کرے، اور اس کی رائے اور مشورہ سے اعراض نہ کرے، بلکہ اس کے ساتھ ایسا بن کر رہے جیسے مریض ماہر طبیب کے سامنے ہوتا ہے کہ اپنے بارے میں اس سے مشورہ کرتا ہے اور اس کی مرضی پر عمل کر کے اس کو خوش کرتا ہے، بلکہ طالبعلم کو یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ استاذ کے سامنے اس کا ذلیل ہونا ہی اس کی عزت ہے، اور اس کے سامنے جھکنا باعثِ فخر اور اس کے سامنے تواضع اختیار کرنا رفعت و بلندی کا ذریعہ ہے۔

لکھا ہے کہ امام شافعی رحمہ اللہ کو اس بات پر ملامت کی گئی کہ وہ علماء کے سامنے اتنی زیادہ تواضع کیوں اختیار کرتے ہیں تو انہوں نے فرمایا:

أهين لهم نفسي فهم يكرمونها ولن تكرم النفس التي لا تهينها

میں انکے سامنے اپنے آپکو ذلیل کرتا ہوں تو وہ اسکا اکرام کرتے ہیں اور اس نفس کا ہرگز اکرام نہیں کیا جاتا جس کو تم ذلیل نہ کرو

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما باوجود جلالتِ قدر اور عظمت و بلند مقام پر فائز ہونے کے حضرت زید بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کی سواری کی پالان پکڑ لیتے تھے اور فرماتے تھے: ہمیں اپنے علماء کے ساتھ اسی طرح کا سلوک کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

اور امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے خلف احمر سے فرمایا کہ میں آپ کے سامنے ہی بیٹھوں گا اسی لیے کہ ہمیں یہ حکم دیا گیا ہے کہ ہم استاذوں کے ساتھ تواضع اختیار کریں۔

اور امام غزالی رحمہ اللہ نے فرمایا: علم تواضع اور کامل توجہ کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتا۔

✿ شاگرد کو چاہیے کہ وہ استاذ کو عظمت و احترام کی نگاہ سے دیکھے اور اس کو کامل سمجھے، اسی صورت سے اس سے استفادہ ہو سکتا ہے اور فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

امام شافعی رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے کہ میں امام مالک کے سامنے صفحات اس خوف سے آہستہ پلٹا کرتا تھا کہ وہ آواز نہ سن لیں۔

ربیع کہتے ہیں: بخدا میں نے امام شافعی کے رعب کی وجہ سے کبھی یہ جرأت نہ کی کہ میں ایسی حالت میں پانی پیوں کہ امام شافعی مجھے دیکھ رہے ہوں۔

خلیفہ مہدی کی اولاد میں سے کوئی لڑکا شریک کے پاس حاضر ہوا، اور دیوار سے ٹیک لگالی اور ان سے ایک حدیث کے بارے میں سوال کیا، تو شریک اس کی طرف متوجہ نہ ہوئے، اس لڑکے نے پھر سوال کیا لیکن شریک نے پھر بھی کوئی جواب نہ دیا، تو اس لڑکے نے کہا کہ خلیفہ کے بیٹے کی اس طرح سے توہین کی جائے گی؟! تو انہوں نے فرمایا: نہیں یہ بات نہیں بلکہ اللہ کے یہاں علم اس سے برتر و بالا ہے کہ میں اسے ضائع کر دوں (یعنی حلقۂ علم میں اس طرح ٹیک لگا کر بیٹھنا علم کی شان کے خلاف ہے)۔

طالبِ علم کو چاہیئے کہ استاذ سے تم یا تُو کے ساتھ خطاب نہ کرے بلکہ نہایت ادب سے استاذ صاحب یا استاذجی یا حضرت مولانا کے الفاظ سے مخاطب کرے، اسی طرح استاذ کی غیر موجودگی میں بھی استاذ کا نام اس طرح سے لے کہ جسے سن کر دوسرے شخص کو اس کی عظمت و احترام معلوم ہو مثلاً یہ کہے کہ ہمارے فاضل استاذ صاحب نے یوں فرمایا، یا ہمارے فلاں استاذ صاحب نے یہ فرمایا یا ہمارے فلاں مرشد نے اس طرح فرمایا۔

✿ شاگرد کو چاہیے کہ علم و استاذ کے حق کو پہچانے اور اس کے مرتبہ و فضل کو یاد رکھے۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں: میں جب کسی صاحب سے حدیث سن لیتا ہوں تو میں زندگی بھر کے لیے ان کا غلام بن جاتا ہوں، اور انہوں نے فرمایا: میں نے کبھی کسی سے کوئی بات نہیں سنی مگر میں اسکی خدمت کے لیے اس کے پاس اس سے زیادہ مرتبہ جاتا ہوں جتنی بار میں نے اس سے سُنا ہوتا ہے۔

اور اللہ تعالیٰ رحم فرمائے شوقی پر وہ فرماتے ہیں،

قم للمعلم وفّه التبجيلا — كاد المعلم أن يكون رسولاً

استاذ کے احترام میں کھڑے ہو جاؤ اور خوب اچھی طرح سے انکا اکرام کرو — قریب ہے کہ استاذ رسول و پیغامبر کے درجہ کو پہنچ جائے

أعلمت أشرف أو أجلّ من الذى — يبنى وينشئ أنفساً وعقولاً

کیا آپ کو اس شخص سے برتر و بالا کوئی شخص معلوم ہے — جو نفوس و عقول کی تعمیر و آبیاری کرے

طالبِ علم کو چاہیے کہ وہ اپنے اساتذہ کے لیے ساری زندگی دعا کرتا رہے اور ان کے انتقال کے بعد ان کی اولاد و اعزہ رشتہ داروں اور ان کے دوستوں کا خیال رکھے، اور ان کی قبر پر حاضری دیا کرے، اور ان کے لیے استغفار کیا کرے، اور ہر موقعہ پر ان کی طرف سے صدقہ و خیرات کیا کرے، اور علم، دین اور اخلاق میں ان کی عادات و طریقوں کی رعایت رکھے

اور ان کی حرکات وسکنات کی پیروی کرے، اور ان کے طور طریقوں کو بہترین نمونہ اور قابلِ تقلید مثال سمجھ کر اپنائے۔

✿ طالبِ علم کو چاہیئے کہ اپنے استاذ کی سخت گیری وسخت مزاجی کو برداشت کرے، اور اس کی وجہ سے ان کے ساتھ رہنے اور ان سے استفادہ سے محروم نہ رہے، اور استاذ کی ناراضگی ودرشتگی کے موقعہ پر طالب علم کو چاہیے کہ وہ اپنی غلطی پر معذرت پیش کرے اور توبہ کرے، اور استاذ کے غصہ کا موجب اور سبب اپنے آپ ہی کو گردانے اور خود کو ہی سزاوار ٹھہرائے، ایسی صورت میں استاذ کی محبت برقرار رہے گی اور اس کا دل خوش رہے گا اور طالب علم کو بھی دین ودنیا اور آخرت کے منافع حاصل ہوں گے۔

بعض سلف سے یہ مقولہ منقول ہے کہ جو شخص بھی تعلیم حاصل کرنے میں صبر وتحمل سے کام نہیں لے گا وہ ساری عمر جہالت کی تاریکی میں پڑا رہے گا، اور جو اس سلسلہ میں صبر وتحمل سے کام لے گا وہ دنیا وآخرت کی عزت حاصل کریگا۔

اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ میں نے طالب علمی کی حالت میں ذلت اختیار کی تو میں اس وقت معزز ومحترم بن گیا جب میں مطلوب بنا۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سفیان بن عیینہ سے کہا گیا کہ آپ کے پاس روئے زمین کے مختلف ممالک سے لوگ آتے ہیں آپ ان پر غصہ ہوتے ہیں جس سے ڈر ہے کہ وہ لوگ واپس لوٹ جائیں یا آپ کو چھوڑ بیٹھیں؛ تو انہوں نے ان صاحب سے فرمایا: اگر وہ اپنے فائدے کی چیز میری بداخلاقی کی وجہ سے چھوڑ بیٹھیں تو پھر تو وہ بڑے بے وقوف لوگ ہوں گے۔

اور کسی کہنے والے نے کہا ہے:

إن المعلم والطبيب كلاهما	لا ينصحان[1] إذا هما لم يكرما
استاذ اور طبیب دونوں کے دونوں	کا اگر اکرام نہ کیا جائے تو وہ نصیحت وخیر خواہی نہیں کرتے
فاصبر لدائك إن جفوت طبيبه	واصبر لجهلك إن جفوت معلما
اسلیے تم اپنی بیماری کی وجہ سے صبر کرو اگر اسکے معالج کو سخت مزاج پاؤ	اور اگر معلم واستاذ کو سخت پاؤ تو اپنے جہل کی وجہ سے صبر سے کام لو

✿ طالبِ علم کو چاہیے کہ وہ اپنے استاذ کے سامنے نہایت سکون، تواضع اور احترام سے بیٹھے، اور ہمہ تن گوش اس کی طرف متوجہ رہے اور مکمل طور سے اس کی طرف کان لگائے رہے اور بلا ضرورت دائیں بائیں آگے پیچھے نہ دیکھے۔

طالبِ علم پر یہ بھی لازم ہے کہ وہ اپنے استاذ کے سامنے ہر اس حرکت سے دور رہے جو وقار کے خلاف اور ادب وحیاء کے منافی ہو۔ لہٰذا اس کی طرف نگاہ بھر کر نہ دیکھے اور اگر کہیں سے شور وغوغا کی آواز آجائے تو اس کی وجہ سے

---

[1] یہ بات ہر استاذ پر منطبق نہیں ہوتی اس لیے کہ بعض معلمین واطباء صرف اللہ کی رضاء کے لیے کام کرتے ہیں ان کا مقصد نہ کوئی بدلہ حاصل کرنا ہوتا ہے نہ شکریہ وصول کرنا۔

Marfat.com

تشویش نہ پڑے نہ اس کی طرف توجہ کرے اور خصوصاً اس حالت میں جب کہ استاذ سبق پڑھا رہا ہو، اور اپنے ہاتھوں پاؤں یا جسم کے کسی حصے سے نہ کھیلے، اور ناک میں انگلی نہ ڈالے نہ اس سے گندگی نکالے، نہ منہ پھاڑ کر کھولے، اور نہ دانت بجائے، اور نہ زمین پر ہتھیلی مارے، نہ زمین پر لکیریں کھینچے، نہ ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کرے اور نہ اپنے کپڑوں سے کھیلے، اور استاذ سے بلاضرورت زیادہ بات نہ کرے، اور نہ کوئی ایسی بات نقل کرے جو عجیب و غریب یا مضحکہ خیز ہو اور پھر زور سے قہقہہ لگانا پڑے، اگر ایسا ہو بھی جائے تو بلا آواز صرف مسکراہٹ پر اکتفا کرے، اور بلاضرورت زیادہ نہ کھائے۔ اور جہاں تک ہو سکے تھوکنے یا ناک کی ریزش نکالنے سے بچے، اور اس کی ضرورت پڑ ہی جائے تو دور ایک طرف ہو کر رومال یا ٹیشو پیپر کو اس مقصد کے لیے استعمال کرے، اور اگر چھینک آجائے تو حسبِ مقدرت آواز کو پست کرلے اور منہ کو رومال وغیرہ سے ڈھانپ لے، اور جب جمائی آئے تو اول تو جتنا ہو سکے اسے روکنے کی کوشش کرے ورنہ منہ پر ہاتھ رکھ لے۔

طالبِ علم پر استاذ کے جو حقوق آتے ہیں ان کے سلسلہ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہے کہ:

آپ پر علم کا ایک حق یہ بھی ہے کہ آپ لوگوں کو عمومی سلام کریں اور استاذ کو خصوصی سلام کریں، اور ان کے سامنے باادب بیٹھیں، اور ان کے سامنے ہاتھوں سے اشارہ نہ کریں، اور نہ کسی کو آنکھ سے اشارہ کریں، اور نہ ان کے فرمان کے خلاف کسی دوسرے کا کوئی قول نقل کریں، اور نہ ان کے سامنے کسی کی غیبت کریں، اور نہ ان کی لغزش کی گرفت کی تاک میں رہیں، اور اگر ایسا ہو جائے تو ان کے عذر کو فوراً قبول کرلیں، اور صرف اللہ کی خوشنودی و رضا کے لیے ان کا احترام کریں، اور اگر انہیں کوئی ضرورت درپیش ہو تو اوروں سے قبل آپ اس کو پورا کرنے کی کوشش کریں، اور ان کی مجلس میں کسی سے سرگوشی نہ کریں، نہ ان کے کپڑے پکڑیں اور اگر وہ تھکے ہوئے ہوں تو ان کو مجبور نہ کریں، اور ان کی صحبت کے طویل ہونے سے سیر نہ ہو اس لیے کہ ان کی مثال اس کھجور کے درخت کی سی ہے جس کے پھل کے گرنے کا انتظار کیا جاتا ہے کہ کب اس کا پھل گرے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنی اس وصیت میں ان تمام حقوق کو جمع کر کے پیش کر دیا ہے جو کافی، وافی اور شافی ہیں۔

✿ طالبِ علم کو چاہیے کہ استاذ کی درسگاہ گھر یا ان کی خصوصی نشست گاہ میں ان کی اجازت کے بغیر قطعاً داخل نہ ہو چاہے وہاں استاذ تن تنہا ہو یا کسی اور کے ہمراہ، اور پھر اگر ان سے اجازت طلب کرے اور وہ اجازت نہ دیں تو واپس لوٹ جائے مکرر سہ کرر اجازت طلب نہ کرے، اور اگر اسے یہ معلوم نہ ہو کہ استاذ کو اس کی آمد کی خبر ہوئی ہے یا نہیں تو تین مرتبہ سے زیادہ اجازت طلب نہ کرے، اور دروازے کو آہستہ آہستہ ادب و احترام سے ناخن کے ذریعہ کھٹکھٹانا چاہیے یا پھر کوئی کڑا یا کنڈی یا گھنٹی بجا کر، اور اگر کمرہ وغیرہ دروازے سے دور ہو تو ضرورت کے مطابق آواز یا زور سے کھٹکھٹانے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

طالبِ علم کو چاہیئے کہ استاذ کے پاس اچھی ہیئت، پاک صاف ستھرے کپڑوں میں حاضر ہو خصوصاً اگر علم کا حلقہ قائم ہو تو اور بھی اہتمام کرنا چاہیے اس لیے کہ یہ ذکر اور عبادت کیلیے اکٹھا ہونے کی مجلس ہے۔

طالبِ علم کو چاہیے کہ جب استاذ کے پاس جائے تو اس کا دل دوسرے دھندوں سے فارغ ۔ اور نفس نفسیاتی ضروریات سے یکسو ہو تاکہ استاذ کی بات یاد رکھ سکے اور جو وہ کہے اس کے لیے سینہ منشرح ہو، اور طالب علم کو چاہیے کہ جب وہ مجلسِ علم میں جائے اور استاذ وہاں موجود نہ ہو تو استاذ کا انتظار کرے تاکہ کوئی حصۂ درس فوت نہ ہو جائے، وہاں پہنچ کر استاد کو بلانے کے لیے دروازہ وغیرہ نہیں کھٹکھٹانا چاہیے، اور اگر استاذ آرام فرما ہوں تو ان کے جاگنے کا انتظار کرنا چاہیے یا پھر اس وقت واپس لوٹ جانا چاہیے اور پھر دوبارہ حاضر ہو جانا چاہیئے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ وہ علم حاصل کرنے کیلیے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے دروازے پر بیٹھ کر ان کے جاگنے کا انتظار کیا کرتے تھے، ان سے جب کہا جاتا کہ کیا ہم ان کو جگا نہ دیں؛ تو وہ فرماتے: نہیں، اور بسا اوقات ایسا ہوتا کہ وہ کافی طویل انتظار کرتے تھے اور دھوپ تیز ہو جایا کرتی تھی، یہی سلفِ صالحین کی عادت تھی۔

✿ طالبِ علم کو چاہیے کہ جب استاذ کو کسی حکم کی کوئی دلیل یا کوئی نیا فائدہ بیان کرتے سنے یا کسی واقعہ کو نقل کرتے یا شعر کو پڑھتے سنے اور اسے وہ پہلے سے یاد ہو تو اس کو چاہیے کہ استاذ کی طرف ہمہ تن گوش ہو کر اس طرح سنے گویا وہ اس سے فائدہ اٹھانے والا اور ایسا پیاسا ہے کہ اس سے اس کی سیرابی کا انتظام ہو رہا ہے اور اس سے قبل اس نے یہ بات ہرگز نہیں سُنی تھی۔

حضرت عطاء فرماتے ہیں کہ میں جب کسی صاحب سے کوئی حدیث سنتا ہوں اور وہ مجھے پہلے سے بہت اچھی طرح سے معلوم ہوتی ہے لیکن میں پھر بھی اس کے سامنے اپنی ہیئت سے یہ ظاہر کرتا ہوں کہ مجھے وہ بالکل بھی معلوم نہیں ہے اور انہی سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ جب کوئی نوجوان کوئی حدیث بیان کرتا ہے تو میں اسے کان لگا کر ایسے سنتا ہوں گویا میں نے پہلے کبھی نہ سنی ہو حالانکہ میں وہ حدیث اس کی پیدائش سے قبل سن چکا ہوتا ہوں۔

دوست کے صفات اور دوستی کے آداب کے بارے میں ابو تمام مندرجہ ذیل اشعار کہتے ہیں:

من لی بإنسان إذا أغضبته ... وجهلت كان الحلم ردَّ جوابه !

مجھے ایسا انسان کون بتلائے گا کہ اگر میں اسے ناراض کردوں ... اور اسکے ساتھ اچھا سلوک نہ کروں تو وہ حلم و بردباری سے میرا جواب دے

وإذا طلبت إلى المدام شربت من ... أخلاقه وسكرت من آدابه !

اور اگر مجھے شراب کی خواہش ہو تو میں اس کے اخلاق کے ... جام نوش کروں اور اسکے آداب و اخلاق سے مست و سرشار ہو جاؤں

اور مخلد بن حسین نے حضرت عبداللہ بن مبارک سے فرمایا: ہم کثرتِ احادیث کی بنسبت ادب کے زیادہ محتاج ہیں۔

اور بعض حضرات سے مروی ہے کہ انہوں نے اپنے بیٹے سے کہا: اے میرے بیٹے تم ادب کا ایک باب سیکھ لو یہ مجھے اس سے زیادہ محبوب ہے کہ تم علوم کے ابواب میں سے ستر باب سیکھو۔

اور حضرت سفیانِ بن عیینہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی اصل میزان و معیار ہیں اور پرکھنے کے لیے تمام اشیاء کو آپ کے اخلاق، سیرت اور عادات واطوار پر ہی پیش کیا جائے گا، جو اس کے موافق ہو وہ حق ہے اور جو اس کے خلاف ہو وہ باطل ہے۔

اور ابنِ سیرین کہتے ہیں: لوگ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے طور طریقوں اور سیرتِ سلف کو اس طرح سیکھا کرتے تھے جس طرح کہ علم کو سیکھتے تھے۔

یہ بات ضرور یاد رکھنا چاہیئے کہ جن آداب کا تذکرہ کیا گیا ہے یہ ان معلمین کے حق میں ہیں جو خود متقی ہوں، دین کا حق ادا کرتے ہوں، اور اللہ کی عظمت و بڑائی پر یقین رکھتے ہوں، اور اسلام پر عقیدت و شریعت ہونے کے اعتبار سے اور قرآن کریم پر منہاج اور دستور ہونے کے اعتبار سے ایمان رکھتے ہوں، ایسے معلمین واساتذہ کے احترام کا طلباء اور بچوں کو عادی بنانا چاہیے، اور ان کے فضل و مرتبہ کو ان کے ذہن نشین کرانا چاہیئے اور ان کے حقوق اس وقت تک ادا کرتے رہنا چاہیے جب تک وہ صحیح و سیدھے راستے اور صراطِ مستقیم پر قائم ہوں۔

رہے وہ اساتذہ و معلمین جو ملحد و بے دین قسم کے ہیں اور لادین مربی تو ان کے لیے نہ تو قلوب میں کوئی عظمت ہے نہ نفوس میں احترام، اس لیے کہ انہوں نے الحاد و بے دینی کی وجہ سے اپنی کرامت و انسانیت کو برباد کر دیا ہے اور اپنے اعتبار اور ہیبت و وقار کو کفر و ضلال کی وجہ سے ختم کر دیا ہے۔

لہٰذا باپ کو چاہیے کہ اگر اسے یہ معلوم ہو جائے کہ کوئی ملحد قسم کا استاذ اس کے بچے کو کفر کے مبادی اور گمراہی و زیغ کی باتوں کی تلقین کرتا ہے۔ تو اس پر اللہ کے لیے ناراض ہو، بلکہ اسے چاہیے کہ ساری دنیا کو سر پر اٹھا لے اور اس قسم کی باغی جماعتوں اور دوسروں کے ایجنٹ خائن لوگوں کے برخلاف اس کی رگوں میں اسلام کی حمیت کو جوش مارنا چاہیئے۔ یہاں تک کہ اسے یہ محسوس ہونے لگے کہ یہ بشری زہریلے جراثیم اپنے بلوں میں داخل ہو گئے ہیں اور اپنے گھونسلوں میں چھپ گئے ہیں اور اب ان کے لیے سر اٹھانے یا زبان سے کوئی بات کرنے کا بھی موقعہ نہیں رہا ہے:

((بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ، وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُونَ)) الانبیاء - ۱۸

ہم تو حق کو باطل کے اوپر پھینک مارتے ہیں، سو وہ اس کا بھیجا نکال دیتا ہے تو وہ دفعۃً مٹ جاتا ہے۔ اور تمہاری (بڑی) کم بختی آئے گی اس سے کہ جو تم گھڑتے رہتے ہو۔

Marfat.com

وتراہ یصغی للحدیث بسمعہ وبقلبہ ولعلہ أدری بہ

اور آپ اس کو بات کی جانب کان لگا کر سننے والا اور دل سے متوجہ ہونیوالا پائینگے حالانکہ وہ مجھ سے زیادہ اسکو جاننے والا ہوتا ہے

یہ معاملہ تو ایک دوست کا اپنے دوست کے ساتھ ہونا چاہیے تو پھر استاذ کے ساتھ معاملہ تو اس سے بھی زیادہ اہم اور نازک ہے۔

طالب علم جو بات جانتا ہو اور جو چیز سمجھ چکا ہو اسے بار بار نہیں پوچھنا چاہیے اور نہ اس کے سمجھنے کی درخواست کرنا چاہیئے اس لیے کہ اس سے وقت ضائع ہوتا ہے اور بسا اوقات استاذ تنگ دل ہو جاتا ہے، امام زہری فرماتے ہیں کہ حدیث کا اعادہ کرنا اور لوٹانا چٹان کے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے سے زیادہ سخت کام ہے۔

طالب علم کو غور سے سننے اور سمجھنے کی کوشش کرنے میں کسی قسم کی تقصیر و کوتاہی نہیں کرنا چاہیے اور نہ اپنے ذہن کو کسی بات یا دوسرے امر میں مشغول کرنا چاہیئے جس کی وجہ سے استاذ سے پھر دوبارہ اعادۂ کلام کی درخواست کرنا پڑے، اس لیے کہ یہ اسارتِ ادب اور بے ادبی ہے، طالبِ علم کو شروع ہی سے حاضر الذہن اور استاذ کی طرف ہمہ تن گوش متوجہ ہونا چاہیے۔

اور اگر استاذ سے دور ہونے کی وجہ سے بات نہ سن سکے یا کوشش کے باوجود سمجھ نہ سکے تو ایسی صورت میں طالب علم کو یہ حق ہے کہ استاذ سے اعادۂ کلام اور سمجھنے کی درخواست کرے اور نہایت عمدگی سے اپنے عذر کو واضح کر دے۔

یہ وہ اہم آداب و اخلاق ہیں جو بچے کو اپنے استاذوں و مربیوں سے حاصل کرنا چاہیئے، اور یہ نہایت اعلیٰ تربیتی آداب اور شاندار معاشرتی حقوق ہیں۔

اور یہ ایک ظاہر سی بات ہے کہ بچہ جب ان آداب کو سیکھنے سکھانے والے ماحول میں آنکھیں کھولے گا، اور شروع ہی سے ان حقوق کے اپنائے کا عادی ہوگا تو ظاہر ہے کہ بچہ ان لوگوں کے حقوق بھی ادا کرے گا جن کے حقوق اس پر لاگو ہوتے ہیں۔ اس لیے کہ وہ اس کی تعلیم تربیت، تعلیم اخلاق اور تعمیر شخصیت کا سبب بنے ہیں۔

اس میں کسی کا بھی اختلاف نہیں کہ معلموں اور مربیوں کو بچے کی اخلاقی و معاشرتی تربیت کو علمی و ثقافتی تعلیم پر مقدم رکھنا چاہیئے اس لیے کہ جیسا مشہور ہے مکارمِ اخلاق سے آراستہ ہونا تعلیمِ مسائل پر مقدم ہے۔ اسی لیے سلفِ صالحین رحمہم اللہ اپنے بچوں اور شاگردوں کو ادب سکھانے اور باادب بنانے کا علم کی تلقین اور علوم و معرفت سے آراستہ کرنے سے زیادہ اہتمام کرتے تھے۔

حضرت حبیب بن شہید اپنے بیٹے سے فرماتے ہیں: اے میرے بیٹے فقہاء و علماء کے ساتھ رہنا، اور ان سے علم کی باتیں، اور ادب سیکھنا، اس لیے کہ یہ مجھے بہت سی حدیثوں سے زیادہ محبوب و پسندیدہ ہے۔

Marfat.com

اور اللہ تعالیٰ رحم فرمائے مندرجہ ذیل شعر کہنے والے پر:

إن عادت العقرب عدنا لها ... وكانت النعل لها حاضرة

اگر بچھو نے دوبارہ حملہ کرنا چاہا تو ہم بھی پھر اس پر حملہ کر دیں گے ... اور اس کو ختم کرنے کیلیے جوتا حاضر ہوگا

باپ کے لیے صرف اتنی بات کافی نہیں ہے کہ وہ اللہ کے لیے ناراض ہونے کی خاطر اس ملحد استاذ اور اس گمراہ خائن مربی کے آڑے آجائے بلکہ والد کو چاہیے کہ اپنے بیٹے میں علمی جرأت اور حق بات کھلم کھلا کہنے کی عادت پیدا کرے تاکہ بچے میں اعداءِ اسلام کے مقابلہ کی عادت پیدا ہو خواہ دین دشمنوں کو کتنی ہی طاقت نفوذ اور تسلط کیوں نہ حاصل ہو۔

اور جب اعداءِ اسلام منجملہ وہ استاذ ہو یا غیر استاذ" کو یہ معلوم ہو جائے گا کہ پوری قوم ان کی تاک میں ہے۔ اور انکے افعال واقوال پر نکیر کرنے اور اس کی تردید کے لیے سب جھوٹے بڑے تلے ہوئے ہیں تو آپ ہی بتلائیے کہ ایسی صورتِ حال میں کیا ان میں سے کوئی شخص بھی یہ جرأت کرے گا کہ الحاد پھیلائے؟

ان مجرموں میں سے کوئی بھی مجرم یہ طاقت رکھے گا کہ اسلام پر حملہ کرے؟

اور پھر کیا کبھی ہمارے کانوں میں یا دیکھنے میں یہ بات آئے گی کہ کسی دشمن نے اللہ تعالیٰ کی ذات پر حملہ کرنے کے لیے زبان دراز کی یا رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت پر طعن وتشنیع کرنا چاہی؟ ظاہر بات ہے کہ ایسا کبھی بھی نہ ہوگا۔

اس لیے والدین کا یہ فریضہ ہے کہ وہ اس حقیقت کو خوب سمجھیں اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے سلسلہ میں ان کی جو ذمہ داری ہے اسے پورا کریں، اور ہر ایجنٹ وخائن کے سامنے سینہ سپر رہیں، اور بچوں میں جرأت اور اعداءِ اسلام سے مقابلہ کی عادت پیدا کریں، تاکہ دین کے دشمنوں کے ایجنٹ سرکشی وبغاوت نہ کر سکیں، اور دشمنوں اور بزدلوں کو اپنے بلوں سے باہر آنے کا موقعہ نہ ملے، اور عزت ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اللہ اور اس کے رسول اور مؤمنوں کے لیے ہو جائے۔

اللہ تعالیٰ ایسے شخص پر رحم فرمائے جو ان لوگوں کے سامنے اپنی قوت اور جہاد کی عظمت اور حق بات کہنے کی جرأت عیاں کر دے۔

۵۔ ساتھی کا حق

بچے کے لیے جن امور کا اختیار کرنا مربیوں کے لیے بہت اہمیت رکھتا ہے ان میں سے مؤمن ساتھی اور اچھے ہمنشین کا انتخاب بھی ہے۔ اس لیے کہ اس کا بچے کی استقامت اور اس کے امور کی اصلاح اور اخلاق کی درستگی پر بہت بڑا اثر پڑتا ہے، اور واقعی سچ کہا جس نے یہ مقولہ کہا ہے کہ ساتھی کھینچنے والا ہوتا ہے اور اس نے بھی سچ کہا جس نے یہ مثل پیش کی ہے کہ تم مجھ سے یہ نہ پوچھو کہ میں کون ہوں بلکہ مجھ سے پوچھو کہ تم کس کیساتھ اٹھتے بیٹھتے ہو اس سے تم مجھے پہچان لوگے کہ میں کون ہوں۔

اور اللہ تعالیٰ اس شاعر پر رحم فرمائے جس نے درجِ ذیل شعر کہا ہے:

Marfat.com

عن المرء لاتسل وسل عن قرينه — فكل قرين بالمقارن يقتدى

انسان کے بارے میں نہ پوچھو بلکہ اسکے ساتھی کے بارے میں سوال کرو — اس لیے کہ ہر ساتھی اپنے ساتھی کی اقتدا کرتا ہے

اور لیجیے اس سلسلہ میں مربی اوّل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرامین مبارک بھی سن لیں کہ آپ نے والدین اور مربیوں کو اپنے بچوں اور ان لوگوں کیلیے جن کی تربیت کی ذمہ داری ان پر عائد ہوتی ہے کس طرح اچھے رفقاء کے اختیار کرنے کی تعلیم دی ہے۔

امام بخاری و مسلم حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:

((مثل الجليس الصالح والجليس السوء كمثل حامل المسك ونافخ الكير، فحامل المسك إما أن يحذيك، أو تشتري منه أو تجد منه ريحا طيبة ونافخ الكير إما أن يحرق ثيابك أو تجد منه ريحا منتنة)).

اچھے ساتھی اور برے ساتھی کی مثال مشک والے اور بھٹی دھونکنے والے کی سی ہے مشک والا یا تو تمہیں مشک (بلا عوض) دے دیگا، یا تم اس سے خرید لوگے یا اس کے پاس سے تمہیں اچھی خوشبو آئے گی۔ اور بھٹی دھونکنے والا یا تو تمہارے کپڑے جلا دے گا یا اس کے پاس سے تمہیں گندی بدبو آئے گی۔

اور ابو داؤد و ترمذی نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((لا تصاحب إلا مؤمنا، ولا يأكل طعامك إلا تقي)).

تم ساتھ نہ رہنا مگر مؤمن کے، اور تمہارا کھانا نہ کھائے مگر متقی آدمی۔

اور ابن عساکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

((إياك وقرين السوء فإنك به تعرف)).

تم برے ساتھی سے بچو اس لیے کہ تمہیں اسی کے ذریعہ سے پہچانا جائے گا۔

اور امام ترمذی و ابو داؤد نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں:

((المرء على دين خليله، فلينظر أحدكم من يخالل)).

انسان اپنے دوست کے مذہب پر ہوتا ہے اس لیے تم میں سے ہر شخص کو یہ دیکھ لینا چاہیے کہ وہ کس سے دوستی کر رہا ہے۔

❊ ❊ ❊

ان تمام امور کی وجہ سے مربی پر یہ لازم ہے کہ بچے کے لیے اچھے ساتھیوں کا انتخاب کرے اور خصوصاً جب بچہ سنِ تمیز و شعور کو پہنچ جائے تو اس کے لیے اس کی عمر کے ایسے نیک صالح ساتھیوں کی جماعت منتخب کرنا چاہیے جن کے ساتھ

Marfat.com

وہ اٹھے بیٹھے، اور کھیلے کودے، اور پڑھے لکھے، اور ان سے ملا جلا کرے، اور ان کی بیمار پرسی کرے، اور جب وہ کامیاب وکامران ہوں تو انہیں تحفہ تحائف پیش کرے، اور اگر وہ صحیح بات بھول جائیں تو انہیں یاد دلا دے، اور اگر وہ حاجت مند ہوں تو ان کی امداد کرے، ایسے مواقع فراہم کرنے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ بچہ بلا کسی شک وشبہ کے ان فطری معاشرتی بھلائی وخیر کے امور میں آگے بڑھنے کے وصف پر نشوونما پائے گا، اور مستقبل میں وہ ایک ایسا متوازن فعال مرد بنے گا جو معاشرے کے حق کو ایسے صحیح طریقے پر ادا کرے گا جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے اور جس کا اسلام حکم دیتا ہے۔

سوال یہ ہے کہ مصاحبت ورفاقت کے وہ اہم حقوق کیا ہیں جن کا بچوں میں پیدا کرنا اور راسخ کرنا تربیت کرنے والوں پر لازم ہے۔

یہ حقوق درج ذیل ہیں:

الف- ملاقات کے وقت سلام کرنا[1]:

اس لیے کہ بخاری ومسلم حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ ایک صاحب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: اسلام کے آداب میں سے کونسا ادب زیادہ بہتر ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا:

«تطعم الطعام، وتقرأ السلام على من عرفت ومن لم تعرف».

تم کھانا کھلاؤ اور سلام کرو ہر اس شخص کو بھی جس کو تم جانتے ہو اور اس کو بھی جس کو تم نہیں جانتے۔

اور امام مسلم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

«لا تدخلوا الجنة حتى تؤمنوا، ولا تؤمنوا حتى تحابوا، أولا أدلكم على شئ إذا فعلتموه تحاببتم؟ أفشوا السلام بينكم».

تم جنت میں اس وقت تک داخل نہ ہوگے جب تک مؤمن نہ بن جاؤ۔ اور تم مؤمن اس وقت تک نہیں بن سکتے جب تک کہ آپس میں محبت نہ کرو۔ کیا میں تمہیں ایک ایسی چیز نہ بتلا دوں کہ جب تم اسے اختیار کرلو تو آپس میں محبت پیدا ہوجائے۔ آپس میں سلام کو عام کرو۔

---

[1] سلام کا طریقہ اور اس کے آداب "معاشرتی آداب کو اختیار کرنا" کے عنوان کے ذیل میں انشاءاللہ آئندہ آجائیں گے۔

ب۔ اگر بیمار ہو تو اس کی بیمار پرسی و عیادت کرنا :

اس لیے کہ امام بخاری حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

((عودوا المریض، وأطعموا الجائع، وفکوا العانی)).

بیمار کی عیادت کرو، اور بھوکے کو کھانا کھلاؤ، اور قیدی کو آزاد کراؤ۔

اور امام بخاری و مسلم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا :

((حق المسلم علی المسلم خمس: رد السلام، وعیادۃ المریض، واتباع الجنائز، وإجابۃ الدعوۃ، وتشمیت العاطس)).

ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر پانچ حق ہیں: سلام کا جواب دینا، بیمار کی عیادت کرنا، جنازہ کی اتباع کرنا اور دعوت قبول کرنا، اور چھینک کا جواب دینا۔

ج۔ چھینک آنے پر اس کا جواب دینا :

اس لیے کہ امام بخاری حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا :

((إذا عطس أحدکم فلیقل: الحمد للہ، ولیقل لہ أخوہ أو صاحبہ: یرحمک اللہ، فإذا قال لہ: یرحمک اللہ فلیقل: یہدیکم اللہ ویصلح بالکم)).

جب تم میں سے کسی شخص کو چھینک آئے تو اسے چاہیئے کہ الحمد للہ کہے، اور اس کا بھائی یا اس کا ساتھی اس کو: یرحمک اللہ (اللہ تم پر رحم کرے) کہے اور جب اسکا ساتھی یا بھائی اسے یرحمک اللہ کہے تو اسے چاہیئے کہ وہ یہدیکم اللہ ویصلح بالکم کہے (یعنی اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہاری حالت درست کرے)۔

⁂ ⁂ ⁂

د۔ اللہ کی رضا و خوشنودی حاصل کرنے کے لیے اس سے ملاقات کرنا:

ابن ماجہ اور ترمذی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

((من عاد مریضًا أو زار أخًا فی اللہ ناداہ مناد بأن طبت وطاب ممشاک وتبوأت من الجنۃ منزلًا)).

جو شخص کسی مریض کی عیادت کرتا ہے یا اپنے مسلمان بھائی کی زیارت کرتا ہے تو اسے ایک فرشتہ یہ ندا دیتا ہے کہ تم اچھے رہو اور تمہارا یہ چلنا مبارک ہو اور تم نے جنت میں اپنا گھر بنا لیا۔

⁂ ⁂ ⁂

اور امام مسلم رحمہ اللہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ ایک صاحب نے اپنے دینی بھائی سے ملنے کا

Marfat.com

ارادہ کیا جو کسی دوسری بستی میں رہتا تھا، تو اللہ تعالیٰ نے اس بستی کے سرے پر اپنا ایک فرشتہ اس کے انتظار میں بٹھا دیا وہ شخص جب وہاں پہنچا تو اس فرشتے نے پوچھا کہ تم کہاں جا رہے ہو؟ اس نے جواب دیا کہ اس بستی میں میرا ایک بھائی ہے اس کے پاس جا رہا ہوں، اس فرشتے نے کہا: کیا تمہارا اس پر کوئی حق ہے جس کی تم تکمیل کرنا چاہتے ہو؟ اس نے کہا: نہیں بس میں اس سے اللہ کے لیے محبت کرتا ہوں، تو اس فرشتے نے کہا: میں اللہ کی طرف سے تمہاری جانب بھیجا گیا ہوں تاکہ تمہیں بتلا دوں کہ جس طرح تم نے اس شخص سے اللہ کے لیے محبت کی ہے اس طرح اللہ بھی تم سے محبت کرتا ہے۔

۵۔ سختی و پریشانی کے وقت امداد کرنا:

امام بخاری و مسلم حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((المسلم أخو المسلم لا يظلمه ولا يسلمه، ومن كان في حاجة أخيه كان الله في حاجته ومن فرّج عن مسلم كربةً فرج الله عنه كربةً من كرب يوم القيامة، ومن ستر مسلمًا ستره الله يوم القيامة)).

مسلمان مسلمان کا بھائی ہے نہ اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اسے بے یار و مددگار چھوڑتا ہے، جو شخص اپنے بھائی کی ضرورت پوری کرنے میں لگتا ہے، اللہ اس کی حاجت پوری کرتا ہے، اور جو شخص کسی مسلمان سے کوئی پریشانی دور کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کی پریشانیوں میں سے کسی پریشانی کو دور فرمائیں گے، اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرتا ہے قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اس کی پردہ پوشی فرمائیں گے۔

۶۔ مسلمان کی دعوت قبول کرنا:

امام بخاری اور مسلم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((حق المسلم على المسلم خمس: رد السلام، وعيادة المريض، واتباع الجنائز، وإجابة الدعوة، وتشميت العاطس)).

ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر پانچ حق ہیں: سلام کا جواب دینا، بیمار کی عیادت کرنا، جنازے کے ساتھ جانا، دعوت قبول کرنا، اور چھینک کا جواب دینا۔

ز۔ مختلف مہینوں اور عیدوں کی آمد پر حسب عادت مبارک باد دینا:

دیلمی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں:

((من لقی أخاہ عند الانصراف من الجمعة فلیقل: تقبل اللہ منا ومنك)).

جو شخص جمعہ سے واپسی پر اپنے کسی بھائی سے ملے تو اسے چاہیئے کہ وہ یہ کہہ دے: اللہ تعالیٰ ہماری اور آپ کی جانب سے قبول فرمائے۔

❊ ❊ ❊

صاحب "مقاصد" خالد بن معدان سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ سے عید کے روز ملے تو انہوں نے حضرت واثلہ سے فرمایا: اللہ تعالیٰ میری اور آپ کی طرف سے قبول فرمائے تو حضرت واثلہ نے بھی ان سے اسی طرح کے جملے کہے۔

صحیحین میں آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جب حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی توبہ قبول فرمالی تو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ ان کو مبارک باد دینے کے لیے کھڑے ہو گئے اور انہیں مبارک باد دی۔

جامع کبیر کے مؤلف حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مرفوع روایت نقل کرتے ہیں:

((أتدرون ما حق الجار؟ إن استعان بك أعنته، وإن استقرضك أقرضته، وإن أصابه خير هنأته، وإن أصابته مصيبة عزيته)).

کیا تم جانتے ہو کہ پڑوسی کا کیا حق ہے؟ اگر وہ تم سے مدد مانگے تو تم اس کی اعانت کرو۔ اور اگر وہ تم سے قرض مانگے تو تم اسے قرض دو۔ اور اگر اسے کوئی خیر حاصل ہو تو تم اسے مبارک باد دو۔ اور اگر اسے کوئی مصیبت پہنچ جائے تو تم اس سے تعزیت کرو۔

❊ ❊ ❊

ح۔ مختلف موقعوں اور مناسبات میں ہدیہ دینا

طبرانی معجم اوسط میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

تهادوا تحابوا

ایک دوسرے کو ہدیہ دو محبت پیدا کرو

اور طبرانی معجم اوسط ہی میں حضرت عائشہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے

((یا نساء المؤمنین تهادین ولو فرسن شاة. فإنه ینبت المودة ویذهب

اے مومنوں کی عورتوں ایک دوسرے کو ہدیہ دیا کرو چاہے دنبہ کا ایک کھر ہی کیوں نہ ہو اس لئے کہ اس

Marfat.com

الضغائن)).

سے محبت پیدا ہوتی ہے اور کینہ ختم ہو جاتا ہے۔

اور دیلمی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((علیکم بالهدایا فإنها تورث المودة وتذهب بالضغائن)).

ہدیہ دینے کو اختیار کیا کرو اس لیے کہ یہ مودت کو پیدا کرتا ہے اور کینہ کو ختم کر دیتا ہے۔

اور امام مالک نے "موطأ" میں روایت نقل کی ہے:

((تصافحوا یذهب الغل، وتهادوا تحابوا وتذهب الشحناء)).

آپس میں مصافحہ کیا کرو یہ کینہ دور کر دیتا ہے۔ اور آپس میں ہدیہ دیا کرو آپس میں محبت پیدا ہوتی ہے اور بغض و کینہ ختم ہو جاتا ہے۔

دائمی اور مستقل مؤمن رفیق اور ساتھی کے حقوق سے وقتی اور تھوڑی سی دیر کے ساتھی کے حقوق بھی متفرع ہوتے ہیں، وقتی ساتھی سے مراد وہ شخص ہے جو آپ کے ساتھ کسی سفر میں یا رفیقِ درس یا ملازمت کا ساتھی ہو قرآنِ کریم نے مندرجہ ذیل الفاظ سے اسے تعبیر کیا ہے:

((وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ)). النساء-۳۶ اور پاس بیٹھنے والے۔

ایسے رفیق کے ساتھ بھی ہر اس شخص کو جو اس کا پڑوسی ہو شفقت و محبت، اکرام، تعاون، ایثار، نرمی اور اچھے اخلاق کا مظاہرہ کرنا چاہیئے، ہمارے لیے حقیقی مقتدیٰ اور کامل نمونۂ اقتداء رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ سفر و حضر، جنگ و آشتی و امن، اور اقامت اور کوچ ہر حال میں بہترین سلوک و نرم مزاجی سے پیش آنے کا بہترین نمونہ اپنے امت کے لیے چھوڑا ہے۔

امام طبرانی اپنی سند کے ساتھ یہ روایت نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ کے ایک صحابی بھی تھے، دونوں اپنی اپنی سواریوں پر سوار تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک گھنے درختوں والی جگہ پہنچے تو آپ نے دو ٹہنیاں توڑیں جن میں سے ایک ٹیڑھی سی تھی تو آپ نے ان دونوں میں جو سیدھی اور اچھی تھی وہ اپنے ساتھی کو دے دی، ان صاحب نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول آپ اسکے مجھ سے زیادہ حق دار تھے! تو آپ نے ارشاد فرمایا: اے فلاں ہرگز نہیں، یہ بات نہیں ہے اس لیے کہ ہر وہ شخص جو کسی کے ساتھ رفیق بنتا ہے اس سے اپنے ساتھیوں کے بارے میں پوچھا جائے گا چاہے وہ ایک گھڑی کی رفاقت کیوں نہ ہو۔

ربیعہ بن ابی عبدالرحمٰن فرماتے ہیں: ایک مروت سفر کی ہوتی ہے اور ایک مروت اقامت و حضر کی، سفر میں مروت کا تقاضہ یہ ہے کہ انسان زادِ راہ کو خرچ کرے اور ساتھیوں سے اختلاف نہ کرے، اور کثرت سے دل لگی کرے، لیکن ایسا

مذاق نہ ہو جو اللہ کی ناراضگی کا موجب ہو، اور اقامت وحضر میں مروت یہ ہے کہ مسجد مستقل آیا جایا کرے، اور قرآن کریم کی تلاوت کرے، اور اللہ کے واسطے بہت سے دوست بنائے۔

بعض بنو اسد والوں کی جانب یہ اشعار منسوب ہیں:

إذا ما رفيقي لم يكن خلف ناقتي — له مركب فضلاً فلا حملت رجلي

اگر میرے ساتھی کے لیے میری اونٹنی پر سواری — کی فاضل جگہ نہ ہو تو وہ اونٹنی مجھے بھی نہ اٹھائے

ولم يك من زادي له شطر مزودي — فلا كنت ذا زاد ولا كنت ذا فضل

اور اگر میرے توشہ میں سے ایک حصہ کے برابر اسکا حصہ نہ ہو — تو میں نہ توشہ والا ہوں اور نہ احسان کرنے کے قابل رہوں

شريكان فيما نحن فيه وقدأرى — علىّ له فضلاً بما نال من فضلي

ہمارے پاس جو کچھ ہے اسمیں ہم دونوں ایک دوسرے کے شریک ہیں — اور میرے زائد حصہ میں سے جو وہ لیتا ہے اسے میں اسکا اپنے اوپر احسان سمجھتا ہوں

حضراتِ مربین ساتھی کے حق اور دوست کا احترام کرنے کے سلسلہ میں یہ وہ اہم بنیادی اصول اور قواعد وضوابط ہیں جن کا بچوں کو آنکھ کھولنے سے ہی سکھانا اور ان کا عادی بنانا چاہیئے، اور بچے میں معاشرتی شعور پیدا کرنے اور اللہ کے لیے محبت کرنے کی عادت ڈالنے کے سلسلہ میں یہ سب سے بڑے عوامل واسباب ہیں، یہ جذبہ جب محبت واخلاص، وفاء، ایثار اور تعاون وخیر خواہی کی بنیادوں پر قائم ہو تو اس سے مسلم معاشرے میں اتحاد اور سلامتی اور استقرار وامن کی بنیادیں راسخ ومستحکم ہوں گی اور عدل وانصاف اور مساوات وبھائی چارگی کی فضاء اطرافِ عالم اور تمام سرزمین میں پھیل جائے گی، کیوں؟ اس لیے کہ مسلمان نے اسلام کا زندہ نمونہ اپنے اخلاق وعادات چال چلن اور معاملہ وبرتاؤ کے ذریعہ ہر ذی بصیرت کے سامنے پیش کر دیا ہوگا۔

ہمارا اسلامی معاشرہ ایسے فاضل تربیت کرنے والوں اور باوصف والدین کا کس قدر محتاج ہے جو اچھی تربیت اور شاندار اخلاق کے ذریعہ شروع ہی سے بچے میں یہ بنیادی چیزیں پیدا کر دیں تاکہ بچہ اچھی عادات میں نشو ونما پائے اور اعلیٰ ترین اخلاق اور بے نفسی کی وصف کو لیکر بڑھے پلے۔

۶- بڑے کا حق

بڑے سے مراد ہر وہ شخص ہے جو آپ سے عمر میں بڑا ہو، علم میں بڑا ہو، دین وتقوی میں بڑا ہو اور عزت وشرافت وقدر ومنزلت میں برتر ہو۔

یہ مذکورہ بالا حضرات اگر اپنے دین میں مخلص، اور اپنے رب کی شریعت کو مضبوطی سے تھامنے والے ہوں تو لوگوں پر یہ لازم ہوگا کہ ان کی قدر ومنزلت پہچانیں، اور ان کے حق کو ادا کریں، اور ان کے احترام کے فریضہ کو ادا کریں تاکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حکم کی اتباع وتعمیل ہو جائے جس نے معاشرہ کو ایسے افراد کے مرتبہ سے روشناس کرایا اور

لوگوں پر ان کے حق کو لازم کر دیا۔

بڑوں کے احترام کے سلسلہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شاندار توجیہات وارشادات کا ایک معطر گلدستہ پیشِ خدمت ہے

امام ترمذی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

«ما أكرم شاب شيخاً لسنه إلا قيض الله له من يكرمه عند سنه».

کوئی بھی نوجوان شخص کسی عمر رسیدہ شخص کا احترام اس کی بڑی عمر کی وجہ سے نہیں کرتا مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کے لیے ایسے افراد مقرر کر لیتا ہے۔ جو اس کا احترام اس وقت کریں گے جب وہ اس بڑی عمر کو پہنچ جائے۔

٭ ٭ ٭

اور ابو داؤد و ترمذی حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

«ليس منا من لم يرحم صغيرنا ويعرف حق كبيرنا».

وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو چھوٹوں پر رحم نہ کرے اور ہمارے بڑوں کے حق کو نہ پہچانے

اور ابو داؤد و ترمذی حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

«إن من إجلال الله تعالى إكرام ذي الشيبة المسلم، وحامل القرآن غير الغالي فيه والجافي عنه، وإكرام ذي السلطان المقسط».

اللہ کی عظمت واحترام کا تقاضا یہ ہے کہ مسلمان عمر رسیدہ شخص کا اکرام کیا جائے اور اس قرآن کریم کے عامل و حافظ کا جو اس میں نہ غلو کرنے والا ہو نہ اس کو چھوڑنے والا اور عادل بادشاہ کا

اور ابو داؤد میمون بن ابی شبیب رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک سائل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس سے گزرا تو انہوں نے روئی کا ایک ٹکڑا اسے دے دیا' اور ایک ذی وجاہت وصاحب حیثیت وخوش پوشاک شخص گزرا تو انہوں نے اسے بٹھایا اور جب وہ شخص کھانا کھا کر چلا گیا تو اس کے بارے میں حضرت عائشہؓ سے سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے

«أنزلوا الناس منازلهم».

لوگوں کو انکے مقام پر رکھا کرو۔

ایک دوسری روایت میں یوں ہے کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا ہے کہ ہم ہر شخص کو اس کے مناسب درجہ دیا کریں (جیسا ہو اس کے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کریں)۔

امام مسلم حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«أرانی فی المنام أتسوك بسواك، فجاءنی رجلان أحدهما أكبر من الآخر، فناولت السواك الأصغر (منهما) فقيل لی: كبر، فدفعته إلى الأكبر منهما».

میں نے خواب میں دیکھا کہ میں مسواک سے مسواک کر رہا ہوں، اسی اثناء میں میرے پاس دو صاحبان آئے جن میں سے ایک دوسرے سے بڑا تھا، تو میں نے مسواک ان دونوں میں سے چھوٹے کو دے دی، تو مجھ سے کہا گیا کہ بڑے کو دیجیے، لہٰذا میں نے وہ مسواک ان دونوں میں جو بڑا تھا اس کے حوالے کر دی۔

٭ ٭ ٭

٭ ٭ ٭

احادیثِ مبارکہ کے اس مجموعہ سے ہم مندرجہ ذیل خلاصہ نکالتے ہیں:

الف - بڑے کو اس کی حسبِ شان مرتبہ دینا:

مثلاً یہ کہ معاملات میں اس سے مشورہ لیا جائے، مجلس میں اسے آگے بڑھایا جائے، ضیافت میں اس سے ابتدا کیجائے تاکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اُس فرمانِ مبارک پر عمل ہو جس میں آپ نے یہ حکم دیا ہے کہ لوگوں سے ان کے حسبِ مرتبہ سلوک کیا کرو، اس کی مزید تاکید اس روایت سے بھی ہوتی ہے جسے امام احمد نے سندِ صحیح سے شہاب بن عباد سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے وفد عبدالقیس کے بعض حضرات سے یہ سنا کہ وہ یہ کہہ رہے تھے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے تو حاضرینِ مجلس کی خوشی میں اضافہ ہو گیا، اور جب ہم ان کے قریب پہنچے تو ان حضرات نے ہمارے لیے جگہ چھوڑ دی اور جب ہم بیٹھ گئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خوش آمدید کہا اور ہمیں آگے بلا لیا پھر ہماری طرف غور سے دیکھ کر پوچھا، تمہارا سردار و سربراہ کون ہے؟ ہم سب نے منذر بن عائذ کی طرف اشارہ کیا، جب منذر آپ کے قریب ہوئے تو سب لوگوں نے ان کے لیے جگہ چھوڑ دی اور منذر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچ گئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دائیں جانب بیٹھ گئے، تو آپ نے انہیں خوش آمدید کہا اور ان سے نرمی سے بات کی اور ان کے شہر و ملک کے بارے میں سوال کیا۔ الخ

محدثین کے یہاں یہ بات متفق علیہ اور طے شدہ ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ضیافت کی ابتداء رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کرتے تھے اور پھر ان حضرات سے جو آپ کی دائیں جانب ہوتے تھے اور یہی طریقہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم

کی سنت بھی ہے۔

ب۔ تمام امور میں بڑے سے ابتدا کرنا:

مثلاً یہ کہ جماعت کی نماز اور لوگوں سے بات چیت کرنے اور معاملات کے وقت لینے دینے میں بڑے کو چھوٹے پر مقدم رکھا جائے، اس لیے کہ امام مسلم حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (اصلاحِ صف) کے لیے ہمارے کاندھوں کو ہاتھ لگا کر فرمایا کرتے تھے:

«استووا ولا تختلفوا فتختلف قلوبكم ليلني منكم أولوا الأحلام والنهى ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم».

سیدھے ہو جاؤ اور آگے پیچھے نہ ہو کہ اس کی وجہ سے تمہارے دلوں میں اختلاف پیدا ہو، میرے قریب تم میں سے عقل و سمجھ والے ہونا چاہیں، اور پھر وہ لوگ جو ان سے قریب قریب ہوں اور پھر وہ لوگ جو اس معاملہ میں ان سے قریب ہوں۔

* * *

اور امام بخاری و مسلم ابو یحییٰ انصاری سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: عبداللہ بن سہل اور محیصہ بن مسعود سرزمین خیبر گئے جہاں اس وقت صلح ہو چکی تھی یہ دونوں الگ الگ ہو گئے چنانچہ محیصہ عبداللہ کے پاس گئے جو خون میں لت پت پڑے تھے، پھر محیصہ مدینہ منورہ آئے، پھر عبدالرحمٰن بن سہل اور مسعود کے دونوں بیٹے محیصہ اور حویصہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، عبدالرحمٰن نے بات کرنا چاہی تو نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا: بڑے کو بات کرنے کا موقعہ دو بڑے کو بات کرنے دو، عبدالرحمٰن ان سب سے چھوٹے تھے إلخ۔

اور ابھی کچھ پہلے ہم مسواک والی حدیث ذکر کر چکے ہیں جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں یہ حکم دیا گیا تھا کہ مسواک بڑے شخص کو دیں۔

ج۔ چھوٹے کو بڑے کی بے حرمتی کرنے سے ڈرانا:

مثلاً یہ کہ چھوٹا بڑے کا مذاق اڑائے یا اس پر ہنسے یا اس کو برا بھلا کہے، یا اس کی موجودگی میں بے ادبی سے پیش آئے، یا اس کو منہ در منہ ڈانٹے وغیرہ، اس لیے کہ طبرانی اپنی کتاب "معجم کبیر" میں حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«ثلاث لا يستخف بهم إلا منافق: الشيبة في الإسلام، وذو العلم،

تین آدمیوں کی توہین منافق ہی کر سکتا ہے: ایک وہ شخص جو حالتِ اسلام میں بڑھاپے کو پہنچا ہو، اور عالم،

Marfat.com

وإمام مقسط)). اور عادل امام و بادشاہ۔

بڑوں کے احترام کے سلسلہ میں واردان ارشادات سے بہت سے دینی معاشرتی آداب و احکام متفرع ہوتے ہیں جن کا تعلق احترام سے ہے، اس لیے تربیت کرنے والوں کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کو ان آداب کا عادی بنائیں اور ان پر عمل کرنے کا انہیں حکم دیں، اور وہ درجِ ذیل ہیں۔

الف - حیاء

یہ ایک ایسی عادت ہے جو انسان کو برائیوں کے چھوڑنے پر ابھارتی اور بڑوں کے حقوق میں کوتاہی کرنے سے روکتی ہے، اور ہر حقدار کو اس کا حق دینے پر مجبور کرتی ہے، اسی لیے حیاء ہر طرح سے خیر ہی خیر ہے جیسا کہ بخاری و مسلم نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

حیاء کی فضیلت پر وہ روایت بھی دلالت کرتی ہے جسے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے روایت کیا ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ اگر حیاء کسی انسانی روپ میں ہوتی تو نیک و صالح آدمی ہوتی اور اگر فحش و برائی انسانی شکل میں ہوتی تو بہت برا آدمی ہوتی۔

اور ابن ماجہ اور ترمذی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

((ما كان الفحش في شيئ إلا شانه، وما كان الحياء في شيئ إلا زانه)). فحش و بے حیائی کسی بھی چیز میں نہیں ہوتی مگر یہ کہ اسے عیب دار بنا دیتی ہے، اور حیاء کسی بھی چیز میں نہیں ہوتی مگر یہ کہ اسے مزین و آراستہ بنا دیتی ہے۔

اور امام مالک اور ابن ماجہ حضرتِ زید بن طلحہ بن رکانہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((إن لكل دين خلقا وخلق الإسلام الحياء)). ہر دین کی ایک عادت مزاج اور طرۂ امتیاز ہوا کرتا ہے اور اسلام کا طرۂ امتیاز حیاء ہے۔

اور بخاری و مسلم نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں:

(... والحياء شعبة من الإيمان)). ... اور حیاء ایمان کا شعبہ ہے۔

حیاء کی منقبت و فضیلت کے سلسلہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ان توجیہات و ارشادات کے بعد صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی اولاد کا اس عالی شان عادت و وصف سے متصف ہونا اور اپنے سے بڑوں اور عمر رسیدہ حضرات کے سامنے اس

Marfat.com

وصف کے آثار کا ان پر ظاہر ہونا کوئی تعجب کی بات نہیں ہے۔

امام بخاری و مسلم حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں نوعمر تھا اور آپ کی احادیث یاد کر لیا کرتا تھا، لیکن بات کرنے سے اس لیے رک جاتا تھا کہ وہاں مجھ سے زیادہ عمر والے حضرات موجود ہوا کرتے تھے۔

ب - آنے والے کے استقبال کیلیے کھڑا ہونا:

آنے والے مثلاً مہمان یا مسافر یا عالم یا بڑے کے لیے کھڑا ہونا ایک نہایت شاندار معاشرتی ادب ہے، جس کا بچوں کو حکم دینا چاہیے اور انہیں اس کا عادی بنانا چاہیئے، جس کے ادلہ درج ذیل ہیں:

الف - بخاری و ابوداؤد و ترمذی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کسی کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشابہ نہیں پایا نہ عادات و اخلاق میں نہ چال چلن میں، نہ طور طریقے اور اٹھنے بیٹھنے میں، فرماتی ہیں جب حضرت فاطمہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا کرتی تھیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے استقبال کے لیے کھڑے ہو جاتے انہیں چومتے اور پھر انہیں اپنی جگہ پر بٹھا لیتے تھے، اور جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس جاتے تھے تو وہ آپ کے لیے اپنی جگہ سے کھڑی ہو جاتی تھیں اور آپ کو چوم لیتی تھیں اور آپ کو اپنی جگہ پر بٹھا لیا کرتی تھیں۔

ب - اور نسائی اور ابوداؤد حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہم سے گفتگو فرمایا کرتے تھے، پھر جب آپ کھڑے ہو جاتے تھے تو ہم بھی کھڑے ہو جاتے تھے اور ہم اس وقت تک کھڑے رہتے تھے جب تک آپ اپنی ازواج مطہرات میں سے کسی کے گھر داخل نہ ہو جائیں۔

ج - ابوداؤد عمر بن السائب سے روایت کرتے ہیں کہ انہیں یہ خبر ملی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ تشریف فرما تھے کہ اسی اثناء میں آپ کے رضاعی (دودھ کے رشتہ والے) والد آ گئے تو آپ نے ان کے لیے اپنا کپڑا بچھا دیا اور ان کو اس پر بٹھایا، پھر آپ کی رضاعی والدہ آئیں تو آپ نے اپنے کپڑے کا دوسرا حصہ ان کے لیے بچھا دیا اور وہ اس پر بیٹھ گئیں، پھر آپ کے دودھ شریک بھائی آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو گئے اور انہیں اپنے سامنے بٹھایا۔

د - بخاری و مسلم روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ مسجد کے قریب آ گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار سے فرمایا: اپنے سردار کی جانب کھڑے ہو جاؤ یا یہ فرمایا کہ اپنے بڑے کے لیے کھڑے ہو جاؤ۔

ہ - وہ صحیح احادیث جن سے کھڑے ہونے کا جواز معلوم ہوتا ہے ان میں سے وہ حدیث بھی ہے جو بخاری و

مسلم نے ابن مالک سے روایت کی ہے جس میں وہ غزوۂ تبوک سے اپنے پیچھے رہ جانے کا قصہ بیان فرماتے ہیں. وہ کہتے ہیں کہ: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات کی غرض سے گیا تو لوگ مجھ سے فوج در فوج ملے، اور میری توبہ قبول ہونے پر مجھے مبارک باد دینے لگے اور کہنے لگے: اللہ نے آپ کی توبہ قبول فرمالی آپ کو مبارک ہو، میں جب مسجدِ نبوی میں داخل ہوا تو دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں اور آپ کے اردگرد لوگ بیٹھے ہیں. حضرت طلحہ بن عبیداللہ مجھے دیکھ کر تیزی سے میری طرف بڑھے اور مجھ سے مصافحہ کیا اور مجھے مبارک باد دی۔

ان احادیث اور ان جیسی دیگر احادیث سے علماء و مجتہدین نے اس بات پر استدلال کیا ہے کہ مختلف مواقع اور مناسبتوں کے موقعہ پر اہلِ علم اور اربابِ فضل و کمال کیلئے کھڑا ہونا جائز ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کھڑے ہونے کی ممانعت کے سلسلہ میں جو روایات میں آتا ہے تو اس سے وہ شخص مراد ہے جو اپنی ذات کے لیے لوگوں کو کھڑا کرانا چاہتا ہو. اور اس کا خواہشمند اور دلدادہ ہو. نیز وہ اس قیام پر محمول ہے جس میں قیام کی کسی خاص ایسی صورت کو اختیار کیا جائے جس میں کبر و تعظیم کے معنی پائے جاتے ہوں، جیسے کہ بعض عجمی بعض کے لیے کیا کرتے تھے. مثلاً یہ کہ قابلِ احترام شخصیت اعزاز و اکرام کے ساتھ بیٹھی رہے اور اس کے اردگرد لوگ کھڑے ہوں،

ج- بڑے کے ہاتھ چومنا :

جن معاشرتی آداب کا بچوں کو عادی بنانا چاہیئے اور جن کے سکھانے کی مربیوں کو کوشش کرنا چاہیے اور بچوں کو اس کی عادت ڈالوانا چاہیے ان میں سے بڑے کے ہاتھ چومنا بھی ہے. اس لیے کہ اس معاشرتی ادب کے سکھانے سے بچے میں تواضع و احترام اور نرمی سے پیش آنے اور ہر شخص سے اس کی حسبِ حیثیت برتاؤ کرنے کی عادت ڈالنے میں بڑی مدد ملتی ہے۔

بڑوں کے ہاتھ چومنے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عمل اور ائمہ کا اجتہاد دلالت کرتا ہے:

الف - امام احمد و بخاری (اپنی کتاب "الادب المفرد" میں) اور ابوداؤد اور ابن الأعرابی حضرت زارع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں (جو وفدِ عبدالقیس کے ساتھ تھے) کہ وہ فرماتے ہیں کہ ہم جب مدینہ منورہ پہنچے تو جلدی جلدی اپنے کجاووں سے نکلے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ مبارک اور پاؤں مبارک کو چومنے لگے۔

ب - امام بخاری "الادب المفرد" میں حضرت وازع بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ جب ہم وہاں پہنچے تو ہمیں بتلایا گیا کہ یہ اللہ کے رسول ہیں، تو ہم نے آپ کے مبارک ہاتھ اور پاؤں چومنا شروع کر دیے۔

ج - ابن عساکر ابوعمار سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے سوار ہونے کے لیے ایک

Marfat.com

جانور قریب کیا گیا، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کی پالان کو پکڑ لیا، تو حضرت زید نے فرمایا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے چچازاد بھائی آپ ایک طرف ہو جائیے، تو انہوں نے فرمایا کہ ہمیں اپنے بڑوں اور علماء کے ساتھ اسی طرح کا برتاؤ کرنے کا حکم دیا گیا ہے، حضرت زید نے فرمایا: ذرا مجھے اپنا ہاتھ دیجیے، انہوں نے ہاتھ بڑھا دیا تو حضرت زید نے ان کا ہاتھ چوم کر فرمایا: ہمیں اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اہلِ بیت کے ساتھ اس طرح کے برتاؤ کا حکم دیا گیا ہے۔

د۔ بخاری الادب المفرد میں حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے ہاتھ اور پاؤں چومتے دیکھا ہے۔

ہ۔ حافظ ابوبکر المقری حضرت ابومالک اشجعی سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضرت ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ مجھے اپنا وہ دستِ مبارک دیجیے جس سے آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ مبارک پر بیعت کی تھی، انہوں نے اپنا ہاتھ بڑھا دیا۔ تو میں نے اسے چوم لیا۔

اہلِ علم وفضل کے ہاتھ چومنے کے سلسلہ میں منقول بے شمار روایات میں سے یہ چند روایتیں ہیں اس لیے تربیت کرنے والوں کا فرض ہے کہ وہ بچوں کو اس بہترین عادت اور شاندار طریقے کا عادی بنائیں۔ تاکہ وہ بڑوں کے احترام اور علماء کی عزت وعظمت اور دوسروں سے معاملہ کرنے میں تواضع وانکساری اور بے مثال وبلند اخلاق وعادات میں بڑھیں پلیں۔

البتہ تربیت کرنے والوں کو چاہیے کہ بچے کو بڑوں وغیرہ کے احترام کے لیے کھڑا ہونے اور ان کے ہاتھ چومنے کی عادت ڈالنے کے سلسلہ میں دو اہم امور کا ضرور خیال رکھیں:

۱۔ کہ وہ اس معاملہ میں ضرورت سے زیادہ غلو نہ کریں اور کھڑے ہونے اور ہاتھ چومنے میں متعارف دائرہ اور حد سے باہر نہ نکلیں اس لیے کہ غلو کرنے کی وجہ سے برائیوں سے چشم پوشی اور حق وراہِ راست سے دوری ہوتی ہے اور احترام کی حقیقت معکوس ہو جاتی ہے، اور بچے کی شخصیت پارہ پارہ ہو جاتی ہے۔

۲۔ اس حد سے آگے نہ بڑھیں جس کا اسلامی شریعت نے حکم دیا ہے مثلاً قیام وکھڑے ہونے کے دوران جھکنا یا چومتے وقت بہت زیادہ جھکنا اور رکوع کی سی کیفیت پیدا ہو جانا۔

دوسروں کے حقوق کی رعایت کے سلسلہ میں یہ وہ اہم امور اور اساسی بنیادیں ہیں جنہیں اسلام نے مقرر کیا ہے اس لیے تربیت کرنے والوں کو چاہیے کہ بچوں کو ان کا عادی بنائیں، اور ان کی تلقین کریں۔ اور ان کی طرف رہنمائی کرتے رہیں۔ تاکہ بچے میں شروع ہی سے بڑے کے احترام اور عمر رسیدہ لوگوں کے اکرام کی عادت پیدا ہو، اور شروع ہی سے وہ اپنے سے بڑے کے حق کو سمجھے اور اپنے سے علم وفضل اور مرتبہ میں بڑے کے ادب کا عادی ہو۔

بلاشبہ مربی اگر لوگوں کے سامنے بچے کو دوسرے کے احترام کی عادت ڈلوانے اور باادب رہنے، اور ان

Marfat.com

کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کے سلسلہ میں ان آداب و قواعد کو پیش کرے گا تو بچہ اصحابِ فضل و کمال کے احترام اور عمر رسیدہ لوگوں کے اکرام کی جانب پورے طور سے مائل ہوگا، اور واقعۃً یہ ادب کی انتہا اور احترام و اکرام کا منتہیٰ ہے اس لیے آج ہمیں ایسے کریم مربیوں اور فاضل معلموں کی سخت ضرورت ہے جو تربیت کے سلسلہ میں اسلام کے حقائق کو سمجھیں۔

اور پھر عزم و جزم اور پوری قوت سے معاشرے کے افراد کو یہ اخلاق سکھانے اور ان کو ان اچھائیوں کا عادی بنانے اور ان صفات کے ان میں پیدا کرنے کی پوری کوشش کریں۔

اگر یہ حضرات اس راستے پر چل پڑیں گے اور اس طریقے اور نظام کو نافذ کرنے کا عزمِ مصمم کرلیں گے تو امتِ اسلامیہ شاندار معاشرتی اخلاق اور بلند و بالا اسلامی آداب کی چوٹی تک پہنچ جائے گی، اور واقعی اس روز مومنوں کو نئی پود و باکمال معاشرے اور امن و استقرار و استحکام کو دیکھ کر خوشی ہوگی۔

ثالثاً: عمومی معاشرتی آداب کا پابند ہونا

بچے کی معاشرتی تربیت کے سلسلہ میں اسلام نے جن قواعد کو مقرر و متعین کیا ہے ان میں سے یہ بھی ہے کہ بچے کو شروع ہی سے عمومی معاشرتی آداب کا عادی بنایا جائے، اور اہم بنیادی تربیتی اصولوں کی اسے عادت ڈلوائی جائے، تاکہ بچہ جب گود سے نکلے اور بچپن کے ایام و سالوں کو پھلانگنے لگے اور اشیاء کی حقیقتوں سے واقف ہو تو دوسروں کے ساتھ اس کا برتاؤ اور معاملہ نہایت اچھا اور ہمدردانہ ہو اور معاشرہ میں اس کا کردار و طرز زندگی محبت و ملاطفت اور اخلاقِ عالیہ پر مشتمل ہو۔

بلاشبہ یہ اجتماعی و معاشرتی آداب جن کی تفصیل میں اس بحث میں ذکر کروں گا ان کا پورا تعلق "نفسیاتی اصول کی تخم ریزی" کی اس بحث سے ہے جس کو ہم نے اس فصل کی ابتداء میں تفصیل سے بیان کیا ہے، اس لیے کہ جب معاشرتی معاملات یا عمومی آداب پر عمل کا مدار ایمان و تقویٰ کے عقیدے اور اخوت و رحمت اور ایثار و حلم و بردباری کے بنیادی اصولوں پر ہوگا تو اس کا اثر یہ ہوگا کہ بچے کی معاشرتی تربیت انتہائی بلندی اور قابلِ ذکر درجہ تک پہنچی ہوگی بلکہ بچہ اپنے چال چلن، عادات و اخلاق اور لوگوں سے معاملات و برتاؤ میں کامل و مکمل شخصیت اور عقل مند و ذکی شخص اور حکیم اور متوازن آدمی کی صورت میں ظاہر ہوگا۔

اسلام نے بچے کی اخلاقی تربیت اور معاشرتی و اجتماعی شخصیت سازی کے تربیتی اصول مقرر کرنے میں اسی چیز کا اہتمام کیا ہے۔

چونکہ ہم معاشرتی تربیت کی ہر بحث کے لیے ایسے واضح اور مفصل خطوط مرتب کرتے ہیں جو مربیوں کے لیے میدانِ عمل اور طریقۂ کار واضح اور راستہ روشن کر دیں، اس لیے اس بحث کے بھی تفصیلی اہم خطوط و نقاط درج ذیل ہیں:

۱۔ کھانے پینے کے آداب۔
۲۔ سلام کے آداب۔
۳۔ اجازت طلب کرنے کے آداب۔

Marfat.com

۴۔ مجلس کے آداب۔
۵۔ بات چیت کے آداب۔
۶۔ مزاح ومذاق کے آداب۔
۷۔ مبارک باد دینے کے آداب۔
۸۔ بیمار پرسی کے آداب۔
۹۔ تعزیت کے آداب۔
۱۰۔ چھینک اور جمائی کے آداب۔

اگر خدا نے چاہا تو ان معاشرتی آداب میں سے ہر ادب پر میں تفصیلی روشنی ڈالوں گا، تاکہ مربی بچوں میں ان کی تخم ریزی کی کوشش کریں، اللہ ہی پر بھروسہ ہے اور وہی مددگار ہے:

① کھانے پینے کے آداب

کھانے کے کچھ آداب ہیں جو مربی کو بچے کو سکھانا چاہیے، اور ان کی جانب اس کی رہنمائی کرنا چاہیئے، اور اس کو یہ دیکھتے رہنا چاہیے کہ بچہ ان پر کتنا عمل کر رہا ہے، وہ آداب مندرجہ ذیل ترتیب کے مطابق ہیں:

الف۔ کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد ہاتھوں کا دھونا:

اس لیے کہ ابوداؤد اور ترمذی حضرت سلمانِ فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«برکة الطعام الوضوء قبله والوضوء بعده».

کھانے میں برکت اس کے شروع کرنے سے قبل اور کھانے کے بعد وضو کرنے میں ہے (یعنی ہاتھ دھونے میں ہے)۔

اور ابن ماجہ اور بیہقی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

«من أحب أن يكثر الله خير بيته فليتوضأ إذا حضر غداؤه وإذا رفع».

جو شخص یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے گھر کی برکت وخیر بڑھا دے تو اسے چاہیئے کہ جب اس کا کھانا آئے تو اس سے پہلے بھی ہاتھ دھوئے اور جب اسے اٹھایا جائے تب بھی ہاتھ دھوئے

⁂ ⁂ ⁂

Marfat.com

ب - کھانے کے شروع میں بسم اللہ اور اخیر میں الحمد للہ پڑھنا

اس لیے کہ ابوداؤد و ترمذی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

((إذا أكل أحدكم فليذكر اسم الله تعالىٰ فإن نسي أن يذكر اسم الله تعالىٰ في أوله فليقل : باسم الله أوله وآخره)).

جب تم میں سے کوئی شخص کھائے تو اللہ تعالیٰ کا نام لیکر (شروع کرے) اور اگر شروع میں اللہ تعالیٰ کا نام لینا بھول جائے تو یہ کہے: میں اس کے شروع اور اخیر میں اللہ تعالیٰ کا نام لے کر کھاتا ہوں۔

اور امام احمد وغیرہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کھاتے یا پیتے تھے تو یہ فرماتے تھے:

((الحمد لله الذي أطعمنا وسقانا وجعلنا من المسلمين)).

تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور ہمیں مسلمانوں میں سے بنایا۔

ج - جو کھانا بھی سامنے آئے اس کی برائی نہ کرے:

اس لیے کہ بخاری و مسلم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی کسی کھانے کی برائی نہیں کی، اگر آپ کو اچھا معلوم ہوتا تھا تو نوش فرمالیتے تھے، اور اگر مرغوب نہ ہوتا تو چھوڑ دیتے تھے

د - دائیں ہاتھ سے اور اپنے سامنے سے کھانا:

اس لیے کہ امام مسلم حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بچہ تھا، اور برتن میں میرا ہاتھ اِدھر اُدھر چلا جاتا تھا تو مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((يا غلام سم الله، وكل بيمينك، وكل مما يليك)).

لڑکے اللہ کا نام لو، اور اپنے دائیں ہاتھ سے کھاؤ، اور اپنے قریب سے کھاؤ۔

ہ - ٹیک لگا کر نہ کھانا:

اس لیے کہ ٹیک لگا کر کھانا صحت کے لیے بھی نقصان دہ ہے اور اسمیں تکبر کا شائبہ بھی پایا جاتا ہے۔ امام بخاری حضرت

Marfat.com

ابو جحیفہ وہب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«لا آکل متکئاً». میں ٹیک لگا کر نہیں کھاتا۔

اور امام مسلم حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دو زانو ایڑھیوں کے بل بیٹھ کر کھجوریں کھاتے دیکھا ہے۔

و۔ کھاتے وقت باتیں کرنا مستحب ہے:

اس لیے کہ امام مسلم حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھر والوں سے سالن مانگا تو انہوں نے عرض کیا کہ ہمارے پاس تو صرف سرکہ ہی ہے، آپ نے وہ منگوایا اور اس سے کھانے لگے اور فرمانے لگے کہ سرکہ تو بہترین سالن ہے، بہترین سالن سرکہ ہے، اور نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے صحیح حدیث میں یہ بھی مروی ہے کہ اکثر مواقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دسترخوان پر کھاتے ہوئے اپنے صحابہ سے باتیں کیا کرتے تھے۔

ز۔ کھانے سے فارغ ہو کر میزبان کے لیے دعا کرنا مستحب ہے:

اس لیے کہ ابو داؤد و ترمذی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے تو وہ روٹی اور زیتون کا تیل لائے[1]۔ آپ نے وہ نوش فرمایا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«أفطر عندکم الصائمون، و أکل طعامکم الأبرار، وصلت علیکم الملائکة». تمہارے یہاں روزدار افطار کریں۔ اور تمہارا کھانا نیک لوگ کھائیں، اور فرشتے تمہارے لیے استغفار کریں۔

ح۔ اگر کوئی بڑا موجود ہو تو اس سے قبل کھانا شروع نہ کرنا:

اس لیے کہ امام مسلم اپنی "صحیح" میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ جب ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی کھانے میں شریک ہوتے تو اس وقت تک برتن میں ہاتھ نہیں ڈالتے تھے جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا دستِ مبارک برتن میں نہ ڈالیں۔

---

[1] مسند احمد و طبرانی میں یہ الفاظ ہیں کہ وہ منقے لائے یہی درست ہے۔ حافظ کہتے ہیں کہ زبیب کا لفظ غلط سے زیت بن گیا ہے۔

Marfat.com

ط۔ نعمت کی بے وقعتی اور توہین نہ کرنا:

اس لیے کہ امام مسلم حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی کھانے کی چیز نوش فرماتے تھے تو اپنی تینوں انگلیوں کو چاٹ لیا کرتے تھے، اور آپ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی شخص کا لقمہ گر جائے تو اسے چاہیے کہ اسے اٹھالے، اور اگر اس پر کچھ لگ گیا ہو تو اسے دور کر دے اور کھالے، اور اس کو شیطان کے لیے پڑا نہ رہنے دے، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ حکم دیا کہ ہم پیالے کو انگلی سے چاٹ لیں، اور یہ فرمایا کہ تمہیں کیا معلوم کہ تمہارے کھانے کے کس حصے میں برکت ہے۔

پینے کے آداب درج ذیل ہیں:

الف۔ بسم اللہ پڑھ کر پینا، اخیر میں الحمد للہ پڑھنا، اور تین سانس میں پینا:

اس لیے کہ امام ترمذی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔

((لا تشربوا واحدا كشرب البعير، ولكن اشربوا مثنى وثلاث، وسموا إذا أنتم شربتم، واحمدوا إذا أنتم رفعتم)).

اونٹ کی طرح ایک سانس میں مت پیو، بلکہ دو یا تین مرتبہ میں پیو، اور جب پیو تو اللہ کا نام لے کر پیو اور جب پی چکو تو اللہ کی تعریف بیان کیا کرو۔

ب۔ مشکیزہ کے منہ سے منہ لگا کر پینا مکروہ ہے:

اس لیے کہ امام بخاری و امام مسلم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا ہے کہ مشک یا مشکیزے کے منہ سے منہ لگا کر پیا جائے، اس لئے کہ یہ انداز عمومی مذاق و مزاج اور معاشرہ کے ذوق کے منافی بھی ہے، اور یہ ڈر بھی ہے کہ پانی میں کوئی ایسی چیز پڑی ہو جو صحت کے لیے مضر ہو اور اس طرح پینے میں اس کا علم نہ ہو سکے۔

ج۔ پانی وغیرہ کو پھونک کر پینے کی ممانعت:

اس لیے کہ امام ترمذی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے برتن میں منہ لگے ہونے کی حالت میں سانس لینے اور پانی میں پھونک کر پینے سے منع فرمایا ہے، پانی پیتے پیتے برتن منہ میں لگے لگے سانس لینے اور پانی میں پھونکنے کے طبی نقصانات اور اس حرکت کا معاشرتی اخلاق کے منافی ہونا کوئی

Marfat.com

ڈھکی چھپی بات نہیں۔

د - بیٹھ کر کھانا پینا مستحب ہے

اس لیے کہ امام مسلم حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے کہ کوئی شخص کھڑے ہو کر پانی پیے، حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت انس سے پوچھا کہ کھڑے ہو کر کھانے کا کیا حکم ہے؟ تو انہوں نے فرمایا، یہ تو اور بھی برا ہے۔ مسلم کی ایک روایت میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص کھڑے ہو کر پانی نہ پیے اور جو شخص بھول جائے (اور کھڑے ہو کر پی لے) تو اسے چاہیے کہ قے کر لے۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں جو آتا ہے کہ آپ نے کھڑے ہو کر پیا تو یہ محض بیانِ جواز کے لیے تھا مثلاً یہ کہ پانی پینے والا کسی ایسے مقام پر ہو جہاں کھڑے ہو کر پینا بیٹھ کر پینے سے زیادہ افضل ہو مثلاً حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا آبِ زم زم اس بنیاد پر کھڑے ہو کر پینا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

(لایرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر)۔

اللہ تعالیٰ تمہارے لیے آسانی چاہتے ہیں اور تمہارے لیے تنگی اور عسر نہیں چاہتے۔

۸ - سونے اور چاندی کے برتن میں پانی پینے کی ممانعت:

اس لیے کہ بخاری و مسلم حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

(الذی یشرب فی آنیۃ الفضۃ فانما یجرجر فی بطنہ نار جہنم)۔

جو شخص چاندی کے برتن میں پیتا ہے وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ بھرتا ہے۔

اور مسلم کی روایت میں آتا ہے کہ:

(ان شرب فی إناء من ذہب أو فضۃ فانما یجرجر فی بطنہ نار من جہنم)۔

جو شخص سونے یا چاندی کے برتن میں پیتا ہے تو وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ دہکاتا ہے۔

اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ان چیزوں کے برتن استعمال کرنے سے تکبر اور بڑائی پیدا ہوتی ہے اور غریبوں کی کرامت مجروح ہوتی ہے۔

۹۔ پیٹ کو کھانے اور پینے سے خوب بھرنے کی ممانعت

اس لیئے کہ امام احمد و ترمذی وغیرہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((ما ملأ آدمی وعاء شرًا من بطنه، بحسب ابن آدم لقیمات یقمن صلبه، فإن کان لا بد فاعلاً فثلث لطعامه، وثلث لشرابه، وثلث لنفسه)).

کسی آدمی نے اپنے پیٹ سے بدتر کسی برتن کو نہیں بھرا، ابن آدم کے لیے وہ چند لقمے کافی ہیں جو اس کی کمر کو سیدھا کر دیں، لیکن اگر تم اور زیادہ کھانا چاہتے ہو تو ایک حصے کو کھانے کے لیے کرو، اور ایک حصے کو پانی کے لیے، اور ایک حصہ کو سانس لینے کے لیے۔

اس لیے مربیوں کو چاہیے کہ خود بھی ان آداب کے پابند بنیں اور اپنی اولاد کو بھی ان کی تعلیم دیں تاکہ معاشرتی زندگی میں وہ ان کے عادی بنیں اور لوگوں کے ساتھ معاملات اور رہن سہن میں ان کو اپنائیں۔

(۲) سلام کے آداب

سلام کرنے کے کچھ آداب ہیں، تربیت کرنے والوں کو یہ آداب بچے میں راسخ کرنا چاہیے اور اس کو اسکا عادی بنانا چاہیے، اور وہ آداب حسبِ ترتیب ذیل ہیں:

الف۔ بچے کو یہ سکھایا جائے کہ شریعت نے سلام کرنے کا حکم دیا ہے:

اللہ تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں سلام کرنے کا حکم دیا ہے چنانچہ ارشاد فرماتے ہیں:

((یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتًا غَیْرَ بُیُوْتِكُمْ حَتّٰی تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓی اَهْلِهَا)).

النور۔ ۲۷

اے ایمان والو تم اپنے (خاص) گھروں کے سوا دوسرے گھروں میں داخل مت ہو جب تک کہ اجازت حاصل نہ کر لو اور ان کے رہنے والوں کو سلام نہ کر لو۔

نیز فرمایا:

((فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُیُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِكُمْ تَحِیَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَیِّبَةً)).

النور۔ ۶۱

پھر جب تم گھروں میں داخل ہونے لگو تو اپنے لوگوں کو سلام کر لیا کرو (جو) دعا کے طور پر اللہ کی طرف سے (مقرر) ہے بابرکت (اور) عمدہ (چیز)۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کو جو آداب تعلیم دیے ہیں ان میں آپ نے بھی حکم دیا ہے چنانچہ امام بخاری و مسلم حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ ایک صاحب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

سے سوال کیا کہ اسلام میں کیا چیز زیادہ بہتر ہے: تو آپ نے ارشاد فرمایا:

«تطعم الطعام، وتقرأ السلام على من عرفت ومن لم تعرف».

کھانا کھلاؤ اور سلام کرو اس کو بھی جس کو تم جانتے ہو اور اس کو بھی جس کو تم نہیں پہچانتے۔

اور امام مسلم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

«لا تدخلوا الجنة حتى تؤمنوا، ولا تؤمنوا حتى تحابوا، أولا أدلكم على شيء إذا فعلتموه تحاببتم؛ أفشوا السلام بينكم».

تم جنت میں اس وقت تک داخل نہ ہوگے جب تک مؤمن نہ بن جاؤ اور مؤمن اس وقت تک نہ بنو گے جب تک آپس میں محبت نہ کرو، کیا میں تمہیں ایک ایسی چیز نہ بتلا دوں کہ جب تم وہ کرلو تو آپس میں محبت کرنے لگو گے؛ آپس میں سلام کو پھیلاؤ (سلام کرنے کا رواج ڈالو)۔

* * *

ب۔ سلام کرنے کا طریقہ سکھانا:

جس کا طریقہ یہ ہے کہ سلام کرنے والا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہے، اور جواب دینے والا جمع کے صیغے کے ساتھ: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہے، چاہے سلام کرنے والا اکیلا تنہا کیوں نہ ہو تب بھی جواب میں جمع کا صیغہ وعلیکم السلام الخ ہی استعمال کرنا چاہیئے۔

سلام کرنے کا یہ طریقہ صحیح احادیث سے ثابت ہے چنانچہ ابوداؤد و ترمذی حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہما کی روایت کرتے ہیں کہ ایک صاحب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: السلام علیکم، آپ نے ان کے سلام کا جواب دیا اور وہ صاحب بیٹھ گئے تو ——— نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دس (نیکیاں) مل گئیں۔ پھر ایک اور صاحب آئے اور انہوں نے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہا۔ آپ نے ان کو سلام کا جواب دیا اور وہ بھی بیٹھ گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیس (نیکیاں) مل گئیں، پھر ایک اور صاحب آئے اور انہوں نے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہا تو آپ نے ان کے سلام کا جواب دیا اور وہ بھی بیٹھ گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تیس (نیکیاں) مل گئیں۔

اور امام بخاری و امام مسلم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ جبرئیل علیہ السلام آپ کو سلام کہہ رہے ہیں۔ تو میں نے عرض کیا: وعلیہ السلام

Marfat.com

ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

ج۔ بچے کو سلام کے آداب سکھائے جائیں

اور وہ یہ ہیں کہ سوار پیدل چلنے والے کو، اور چلنے والا بیٹھنے والے کو، اور کم تعداد والے زیادہ تعداد والوں: اور چھوٹا بڑے کو سلام کرے، اس لیے کہ امام بخاری و مسلم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ:

«یسلم الراکب علی الماشی، والماشی علی القاعد والقلیل علی الکثیر».

سوار پیادہ پا کو سلام کرے اور چلنے والا بیٹھے ہوئے کو اور کم تعداد والے زیادہ تعداد والوں کو۔

اور بخاری کی روایت میں ہے چھوٹا بڑے کو سلام کرے

د۔ بچے کو اس طرح سے سلام کرنے سے روکنا جس میں دوسروں کے ساتھ مشابہت ہوتی ہے:

اس لئے کہ امام ترمذی حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«لیس منا من تشبہ بغیرنا، لا تشبہوا بالیہود ولا بالنصاریٰ، فإن تسلیم الیہود الإشارۃ بالأصابع، وتسلیم النصاریٰ الإشارۃ بالأکف».

وہ شخص ہم میں سے نہیں جو دوسروں کی مشابہت اختیار کرے نہ یہود کے ساتھ مشابہت اختیار کرو اور نہ عیسائیوں کے ساتھ اس لئے کہ یہود کے سلام کا طریقہ انگلیوں سے اشارہ ہے' اور عیسائیوں کا سلام ہاتھ سے اشارہ کرنا ہے۔

اس ممانعت کا مقصد یہ ہے کہ امت سلامیہ کی خصوصیات کو دوسری اور قوموں اور امتوں سے ممتاز و الگ تھلگ رکھا جائے' معاشرتی آداب میں بھی اور اخلاق اور چال چلن کی خصوصیات اور امتیازی اوصاف میں بھی۔

ہ۔ مربی کو چاہیے کہ وہ بچوں کو سلام کرنے میں پہل کرے:

تاکہ بچے اس سے یہ عادت سیکھیں اور اس کے عادی ہوں اور ساتھ ہی ساتھ مربی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی بھی ہو جائے۔ اس لئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بھی بچوں کے پاس سے گزرتے تھے تو انہیں سلام کیا کرتے تھے چنانچہ امام بخاری و مسلم حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ بچوں کے پاس سے گزرے تو انہوں نے بچوں

Marfat.com

کو سلام کیا اور فرمایا کہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام بھی اسی طرح کیا کرتے تھے، مسلم کی روایت میں آتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بچوں کے پاس سے گزرے تو آپ نے انہیں سلام کیا، اور ابو داؤد کی روایت میں آتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم چند بچوں کے پاس سے گزرے جو کھیل میں مصروف تھے تو آپ نے انہیں سلام کیا۔ اور ابن السنی کی روایت میں ہے کہ آپ نے ان سے فرمایا: اے بچو السلام علیکم

و۔ بچوں کو یہ سکھایا جائے کہ وہ غیر مسلموں کے سلام کے جواب میں لفظ: وعلیکم کہا کریں:

اس لیے کہ بخاری و مسلم حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب اہلِ کتاب تمہیں سلام کیا کریں تو تم: وعلیکم کہہ دیا کرو۔ اسی طرح یہ بھی سکھانا چاہیے کہ کافروں کو سلام کرنے میں پہل نہ کریں، اس لیے کہ مسلم کی روایت میں ہے کہ یہود و نصاریٰ کو سلام کرنے میں پہل نہ کرو۔

ز۔ بچے کو یہ سکھایا جائے کہ سلام کرنے میں پہل کرنا سنت ہے اور سلام کا جواب دینا واجب ہے

اس لیے کہ ابن السنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

«من أجاب السلام فهو له، ومن لم يجب فليس منا».

جس نے سلام کا جواب دیا تو یہ اس کے لیے باعثِ اجر ہے، اور جس نے جواب نہیں دیا تو وہ ہم میں سے نہیں۔

اور امام ترمذی حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ پوچھا گیا، اے اللہ کے رسول دو آدمی ایک دوسرے سے ملتے ہیں کون پہلے سلام کرے؟ آپ نے ارشاد فرمایا: وہ جس کا اللہ سے تعلق زیادہ ہو، اور ابو داؤد کی روایت میں آتا ہے کہ اس شخص کو اللہ سے زیادہ قرب حاصل ہوگا جو سلام میں پہل کرنے والا ہو۔

مربی کو چاہیے کہ بچے کو یہ بھی سکھائے کہ بعض مخصوص حالات میں سلام کرنا مکروہ و ممنوع بھی ہے، اور وہ یہ ہیں: وضو کرنے والے کو سلام کرنا، غسل خانے میں جو شخص ہو اس کو سلام کرنا، کھانا کھانے والے، لڑنے والے، قرآن کریم کی تلاوت کرنے والے، اللہ کا ذکر کرنے والے، حج میں تلبیہ پڑھنے والے، اور جمعہ وغیرہ میں خطبہ دینے اور تقریر کرنے والے، اور مسجد وغیرہ میں وعظ و نصیحت کرنے والے، فقہ پڑھانے والے، یا درس و تدریس میں مشغول شخص یا کسی علمی تحقیق میں مصروف آدمی، یا مؤذن یا اقامت کہنے والے، یا قضاءِ حاجت میں مشغول شخص کو، یا فیصلہ میں مشغول قاضی و جج کو، یا اس طرح اور کسی اس جیسے کام میں مشغول آدمی کو سلام نہیں کرنا چاہیے، اور اگر کسی شخص نے کسی ایسی حالت میں سلام کیا تو

سلام کرنا مستحب نہیں ہے تو ایسی صورت میں سلام کرنے والے کے سلام کا جواب دینا لازم نہیں ہوتا۔
لہٰذا مربیوں کو چاہیے کہ سلام کے آداب کی پابندی کریں اور اپنے بچوں کو یہ آداب سکھائیں تاکہ وہ بھی معاشرتی زندگی اور لوگوں سے معاملات میں اس کے عادی بنیں۔

۳۳ اجازت مانگنے کے آداب

اجازت طلب کرنے کے بھی کچھ آداب ہیں، ان آداب کو بچوں میں راسخ کرنا اور وہ بچوں کو سکھانا مربی کا فریضہ ہے، تاکہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے درجِ ذیل فرمانِ مبارک کی تعمیل ہو:

((يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ۭ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَاۗءِ ۭ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ۭ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ۭ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰي بَعْضٍ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ)) النور۔ ۵۸ و ۵۹

اے ایمان والو تمہارے مملوکوں کو اور تم میں جو (لڑکے) حدِ بلوغ کو نہیں پہنچے ہیں ان کو تم سے تین وقتوں میں اجازت لینا چاہیے (ایک) نمازِ صبح سے پہلے (دوسرے) جب دوپہر کو اپنے کپڑے اتار دیا کرتے ہو، اور (تیسرے) بعد نمازِ عشاء (یہ) تین وقت تمہارے پردہ کے ہیں۔ ان (اوقات) کے سوا نہ تم پر کوئی الزام ہے اور نہ ان پر، وہ بکثرت تمہارے پاس آتے جاتے رہتے ہیں کوئی کسی کے پاس اسی طرح اللہ تم سے احکام کھول کر بیان کرتا ہے اور اللہ بڑا علم والا ہے بڑے حکمت والا ہے، اور جب تم میں سے لڑکے بلوغ کو پہنچ جائیں تو انہیں بھی اجازت لینا چاہیے جیسا کہ ان کے اگلے لوگ اجازت لے چکے ہیں۔

اس قرآنی نص میں اللہ تعالیٰ مربیوں کو یہ حکم دے رہے ہیں کہ وہ اپنے ان بچوں کو جو ابھی تک سنِ بلوغ کو نہیں پہنچے ہیں یہ تعلیم دیں کہ وہ تین حالات و اوقات میں گھر میں جانے کے لیے اجازت مانگا کریں:

۱۔ فجر سے پہلے اس لیے کہ اس وقت لوگ بستروں میں سوئے ہوئے ہوتے ہیں۔

۲۔ دوپہر کے وقت جو کہ قیلولہ کا وقت ہوتا ہے، اور اس وقت بعض مرتبہ یہ بھی ہوتا ہے کہ انسان اپنی بیوی کے ساتھ ہوتا ہے اور کپڑے اتارے ہوئے ہوتا ہے۔

۳۔ نمازِ عشاء کے بعد اس لیے کہ یہ آرام اور سونے کا وقت ہوتا ہے۔

Marfat.com

ان تین اوقات میں اجازت طلب کر کے جانے کو اس لیے مشروع قرار دیا گیا ہے کہ ان میں یہ خطرہ ہوتا ہے کہ انسان خود یا عورت کسی ایسی حالت میں ہو جس پر وہ یہ پسند نہ کرتے ہوں کہ ان کے چھوٹے بچے مطلع ہوں۔

لیکن جب بچے سنِ بلوغ کو پہنچ جائیں اور سمجھدار ہو جائیں تو ان کو چاہیے کہ وہ ان اوقات میں بھی اجازت طلب کر کے اندر جائیں اور ان کے علاوہ دوسرے اوقات میں بھی ؛ تاکہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے درجِ ذیل فرمانِ مبارک کی تعمیل ہو جائے ؛

((وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؛)) النور ۔ ۵۹

اور جب تم میں کے لڑکے بلوغ کو پہنچ جائیں تو انہیں بھی اجازت لینا چاہیے جیسا کہ ان کے اگلے لوگ اجازت لے چکے ہیں۔

قرآنِ کریم کی ان رہنمائیوں سے یہ بات صاف معلوم ہوتی ہے کہ اسلام بچوں کی معاشرتی تربیت اور کردار و اخلاق سازی کا بہت اہتمام کرتا ہے تاکہ بچہ جب سنِ بلوغ کو پہنچے تو وہ آداب و اخلاق و تصرفات اور اپنی تمام زندگی میں ایک کامل انسان کا زندہ نمونہ ہو۔

اجازت طلب کرنے کے اور بھی مختلف آداب ہیں جو ترتیب سے ذیل میں پیش کیے جاتے ہیں :

الف ۔ پہلے سلام کرے پھر اجازت طلب کرے

اس لیے کہ ابو داؤد روایت کرتے ہیں کہ بنو عامر کے ایک صاحب نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت طلب کی، آپ گھر میں تھے، ان صاحب نے عرض کیا : کیا میں داخل ہو سکتا ہوں ؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خادم سے ارشاد فرمایا : ان صاحب کے پاس جا کر ان کو اجازت طلب کرنے کا طریقہ سکھاؤ اور ان سے کہو کہ وہ یوں کہیں : السلام علیکم ! کیا میں داخل ہو سکتا ہوں ؛ ان صاحب نے یہ بات سُن لی اور فوراً عرض کیا : السلام علیکم ، کیا میں داخل ہو سکتا ہوں ؛ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو داخل ہونے کی اجازت دے دی اور وہ اندر آ گئے۔

ب ۔ اجازت طلب کرتے وقت اپنا نام یا کُنیت یا لقب ذکر کرنا چاہیئے :

اس لیے کہ بخاری و مسلم میں اسراء سے متعلق مشہور حدیث میں یہ آتا ہے کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام مجھے آسمانِ دنیا کی طرف لے گئے ، اور وہاں جانے کی اجازت طلب کی، تو ان سے پوچھا گیا کہ کون صاحب ہیں ؛ تو انہوں نے فرمایا : جبرئیل، پوچھا : آپ کے ساتھ اور کون ہے ؛ انہوں نے کہا : محمد، پھر مجھے دوسرے آسمان پر لے گئے اور پھر تیسرے پر، اور ہر آسمان کے دروازے پر یہی سوال ہوتا ـــ کون ہے ؛

وہ کہتے : جبرئیل۔

اور بخاری و مسلم میں حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک باغ کے کنویں پ
تشریف فرما ہوئے اور حضرت ابو بکر تشریف لائے اور اجازت طلب کی، تو حضرت ابو موسیٰ نے پوچھا کون صاحب ہیں
انہوں نے فرمایا: ابو بکر، پھر حضرت عمر تشریف لائے اور اجازت مانگی، تو انہوں نے پوچھا کون ہے؟ انہوں نے فرمایا: عمر ہ
حضرت عثمان تشریف لائے اور انہوں نے بھی اسی طرح کیا۔

اور بخاری و مسلم میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت
میں حاضر ہوا اور دروازہ کھٹکھٹایا، تو آپ نے فرمایا: کون ہے؟ میں نے عرض کیا: میں ہوں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا: میں ہوں میں ہوں کیا ہوتا ہے؟ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا یہ مجمل کلمہ آپ کو ناپسند ہوا۔

ج - تین مرتبہ اجازت طلب کرنا چاہیئے :

اس لیے کہ بخاری و مسلم میں حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
ارشاد فرمایا: اجازت تین مرتبہ طلب کرنا چاہیئے پھر اگر اجازت مل جائے تو بہتر ورنہ واپس ہو جاؤ۔

بہتر یہ ہے کہ پہلی مرتبہ اجازت طلب کرنے اور دوسری مرتبہ کے اجازت طلب کرنے کے درمیان میں اتنا فاصلہ
ہونا چاہیے جس میں انسان چار رکعات پڑھ لے۔ اس لیے کہ ہو سکتا ہے کہ جس سے اجازت طلب کی جا رہی ہے وہ نماز
پڑھ رہا ہو یا قضاء حاجت کے لیے گیا ہوا ہو۔

د - بہت زور سے دروازہ نہیں کھٹکھٹانا چاہیئے :

خاص طور پر اس وقت جب اس مکان کا مالک اس کا والد ہو یا استاذ ہو یا اور کوئی بزرگ ہو۔ امام بخاری اپنی کتا
"الأدب المفرد" میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے کو انگلیوں
سے کھٹکھٹایا جاتا تھا، اور سلف صالحین اپنے بزرگوں کے دروازوں کو ناخن سے کھٹکھٹایا کرتے تھے، جس سے صاف
معلوم ہوتا ہے کہ وہ کتنے باادب تھے اور دوسروں کا کس قدر احترام کیا کرتے تھے، یہ طریقہ اس شخص کے لیے تو بہت ا
ہے جس کی نشست دروازے کے قریب ہی ہو۔ لیکن جس کا کمرہ وغیرہ دروازے سے دور واقع ہو تو اس کا دروازہ آ
زور سے کھٹکھٹانا چاہیئے جس سے مقصود حاصل ہو جائے، اور گھر والا اس کی آواز کو سن لے، اور اگر دروازے پر آ
کل کیطرح گھنٹی لگی ہو تو اسے آرام سے آہستہ سے بجانا چاہیئے، تاکہ اندر والوں کو بجانے والے کی نرم مزاجی، عمدہ اخلاق
اور حسن معاملہ کا اندازہ ہو جائے۔

Marfat.com

۸۔ اجازت طلب کرتے وقت دروازے سے ایک طرف کو ہٹ جانا چاہیے:

تاکہ دروازہ کھولنے کے وقت کسی اجنبی عورت کی پے پردگی نہ ہو، اس لیے کہ اجازت طلب کرنے کا حکم ہی اس لیے دیا گیا ہے تاکہ نامحرم پر نگاہ نہ پڑے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو اسی کی تاکید کی تھی، چنانچہ امام بخاری و مسلم روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: اجازت طلب کرنے کو اس لیے مشروع کیا گیا ہے تاکہ نگاہ نہ پڑے۔

اور طبرانی حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ گھروں کے دروازے کے بالکل سامنے مت کھڑے ہوا کرو، بلکہ ایک طرف کھڑے ہو کر اجازت طلب کیا کرو، پھر اگر تمہیں اجازت مل جائے تو اندر داخل ہو جاؤ ورنہ واپس چلے جاؤ، اور ابوداؤد روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کے دروازے پر تشریف لیجاتے تو بالکل دروازے کے سامنے ہرگز کھڑے نہ ہوتے تھے بلکہ اس کی دائیں یا بائیں جانب کھڑے ہو کر فرماتے: السلام علیکم، السلام علیکم۔

اور بخاری و مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے کسی کے گھر میں جھانک کر دیکھا تو اس گھر والوں کے لیے یہ جائز ہے کہ وہ اس کی آنکھ پھوڑ ڈالیں۔ اور نسائی کی ایک روایت میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے کسی کے گھر میں جھانک کر دیکھا اور انہوں نے اس کی آنکھ پھوڑ ڈالی تو ان پر نہ کوئی دیت ہے اور نہ ان سے قصاص لیا جائے گا۔

۹۔ اگر گھر والا یہ کہہ دے کہ تشریف لیجائیے تو واپس لوٹ جانا چاہیے:

اس لیے کہ اللہ تبارک تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

((يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ۭ)) النور۔ ۲۷ و ۲۸

اے ایمان والو تم اپنے (خاص) گھروں کے سوا دوسرے گھروں میں داخل مت ہو جب تک کہ اجازت حاصل نہ کرلو اور ان کے رہنے والوں کو سلام نہ کرلو، تمہارے حق میں یہی بہتر ہے، تاکہ تم خیال رکھو، پھر اگر ان میں تمہیں کوئی (آدمی) نہ معلوم ہو تو بھی ان میں داخل نہ ہو جب تک تم کو اجازت نہ مل جائے، اور اگر تم سے کہہ دیا جائے کہ لوٹ جاؤ تو لوٹ آیا کرو یہی تمہارے حق میں پاکیزہ تر ہے۔

Marfat.com

اجازت طلب کرنے والے کو چاہیے کہ واپس لوٹنے میں کسی قسم کی تنگ دلی اور بوجھ محسوس نہ کرے اس لیے کہ ایسی صورت میں وہ اللہ تعالیٰ جل شانہ کے حکم پر عمل کر رہا ہے۔

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ بعض مہاجرین فرمایا کرتے تھے کہ میں نے ساری زندگی اس آیت کے مضمون پر عمل کرنے کی کوشش کی لیکن اس کا موقعہ ہی نہ ملا، میں چاہتا تھا کہ میں کسی کے در پر جاؤں اور اجازت طلب کروں اور وہ کہہ دے کہ واپس چلے جائیے۔ اور میں خوشی خوشی واپس لوٹ آؤں۔

اجازت طلب کرنے کے آداب کے سلسلہ میں یہ وہ اہم قواعد وضوابط ہیں جو اسلام نے مقرر کیے ہیں، اس لیے مربیوں کو ان کی پابندی کرنا چاہیئے، اور یہ آداب بچوں کو سکھانا چاہیئے تاکہ عملی زندگی میں وہ اس کے عادی بنیں اور اسی کے مطابق لوگوں سے معاملہ کریں۔

(۴) آدابِ مجلس

مجلس کے بھی کچھ آداب ہیں جو بچوں کو سکھانا چاہیئے، اور مربی کو چاہیئے کہ ان آداب کی طرف بچوں کی رہنمائی کرے، اور وہ جب ان پر عمل کر رہے ہوں تو ان پر نظر رکھے۔ اور وہ آداب ترتیبِ ذیل کے مطابق ہیں:

الف - مجلس میں جس سے ملے اس سے مصافحہ کرے:

اس لیے کہ ابن السنی اور ابوداؤد نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: جب دو مسلمان ملتے ہیں اور مصافحہ کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرتے ہیں، تو اللہ تعالیٰ ان دونوں کی مغفرت فرما دیتا ہے۔

اور ترمذی وابن ماجہ وغیرہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کوئی بھی دو مسلمان ایسے نہیں ہیں کہ وہ آپس میں ایک دوسرے سے ملیں اور مصافحہ کریں مگر یہ کہ ان کے جدا ہونے سے قبل ہی اللہ تعالیٰ ان دونوں کی مغفرت کر دیتا ہے۔

اور امام مالک اپنی "موطا" میں حضرت عطاء خراسانی سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آپس میں مصافحہ کیا کرو، اس سے حقد وحسد دور ہو جاتا ہے، اور ہدیہ دیا کرو اس سے محبت پیدا ہوتی ہے اور عداوت ختم ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

ب۔ صاحبِ مکان جس جگہ بٹھائے اسی جگہ بیٹھ جانا چاہیئے:

اس لیے کہ صاحبِ مکان ہی اپنے مہمان کو بٹھانے کی جگہ کو خوب جانتا ہے۔ اور اسی کو یہ حق بھی ہے کہ جہاں چاہے وہاں بٹھائے، اور یہ مثل شروع ہی سے مشہور ہے کہ اہلِ مکہ مکہ کی گھاٹیوں سے بخوبی واقف ہیں۔ اور آج کل یہ مثل مشہور ہے کہ گھر والا گھر میں موجودہ چیزوں سے بخوبی واقف ہوتا ہے، اور یہ اللہ تعالیٰ کے درجِ ذیل فرمانِ مبارک کے موافق ہے۔

((فَإِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَا اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ۚ)).

النور۔ ۲۸

پھر اگر ان میں تمہیں کوئی (آدمی) نہ معلوم ہو تو بھی ان میں داخل نہ ہو جب تک تم کو اجازت نہ مل جائے، اور اگر تم سے کہہ دیا جائے کہ رخصت جاؤ تو لوٹ آیا کرو یہی تمہارے حق میں پاکیزہ تر ہے۔

مندرجہ بالا آیت کے فیصلہ کے مطابق مہمان ہر چیز میں اپنے میزبان کے اشارہ کا تابع ہے۔ حتیٰ کہ اگر وہ اس سے واپس جانے کو کہہ دے تو وہ اس میں بھی اس کی بات مان لے، اور یہ بات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمانِ مبارک سے بھی جوڑ کھاتی ہے کہ: جو شخص کسی کے گھر جائے تو اسے چاہیے کہ اس جگہ پر بیٹھے جہاں گھر والے بیٹھنے کا اشارہ کریں، اس لیے کہ گھر والے اپنے گھر کے راز کو بخوبی جانتے ہیں (ملاحظہ ہو مجمع الزوائد)۔

ج۔ لوگوں کے ساتھ صف میں بیٹھے درمیان میں جا کر نہ بیٹھے:

یہ ایک معاشرتی ادب ہے اس لیے کہ اگر درمیان میں جا کر بیٹھے گا تو بعض دوسرے لوگوں کی طرف پیٹھ ہو جائے گی، جس سے دوسروں کو ایذا رسانی ہوگی اور وہ اسے برا بھلا کہیں گے۔

ابوداؤد سندِ حسن سے حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حلقہ کے درمیان میں بیٹھنے والے پر لعنت بھیجی ہے، اور ترمذی ابو مجلز سے روایت کرتے ہیں کہ ایک صاحب حلقہ کے بیچ میں بیٹھ گئے، تو حضرت حذیفہ نے ان سے فرمایا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی ایسا شخص ملعون ہے جو حلقہ کے درمیان میں بیٹھے،

یہ حکم اس وقت ہے جب مجلس میں جگہ ہو، لیکن اگر مجلس تنگ ہو اور اس کی وجہ سے کچھ لوگ حلقہ کے درمیان میں بیٹھنے پر مجبور ہو جائیں تو ایسی صورت میں نہ کوئی گناہ ہے اور نہ کچھ حرج، اس لیے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں:

((وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ)).

ج-۷۸

اور اس نے تم پر دین کے بارے میں کوئی تنگی نہیں کی۔

د۔ دو شخصوں کے درمیان ان کی اجازت کے بغیر نہ بیٹھے:

اس لیے کہ ترمذی وابوداؤد حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کسی شخص کے لیے یہ حلال نہیں ہے کہ وہ دو آدمیوں کے درمیان بیٹھ کر تفریق کا سبب بنے مگر یہ کہ وہ خود بیٹھنے کی اجازت دے دیں، ایک روایت میں ہے کہ کوئی شخص دو آدمیوں کے درمیان ان کی اجازت کے بغیر نہ بیٹھے۔

ہ۔ آنے والے کو چاہیئے کہ اسی جگہ بیٹھ جائے جہاں مجلس ختم ہو رہی ہو:

اس لیے کہ ابوداؤد اور ترمذی حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ ہم جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے تو اس جگہ بیٹھ جاتے تھے جہاں جگہ ہوتی تھی۔

یہ حکم اس صورت میں ہے جب کہ آنے والا شخص عام آدمی ہو۔ لیکن اگر آنے والا عالم یا ذی وجاہت ہو تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں کہ حاضرین یا گھر والا اس کو مناسب جگہ پر بٹھائے، اس لیے کہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام فرماتے ہیں کہ لوگوں کو ان کی جگہ دو (یعنی جو جس حیثیت کا مالک ہو اس کے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کرو) اور اس سے قبل (بڑے کا حق) کے عنوان کے تحت ہم یہ ذکر کر چکے ہیں کہ جب عبدالقیس کا وفد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے کس طرح انہیں خوش آمدید کہا اور ان کے لیے جگہ کشادہ کی، اور ان کے سربراہ منذر بن عائذ کو اپنے قریب بلایا اور ان کو خوش آمدید کہہ کر پیار سے اپنی دائیں جانب بٹھایا۔

و۔ مجلس میں اگر کوئی تیسرا فرد موجود ہو تو دو آدمیوں کو آپس میں سرگوشی نہیں کرنا چاہیے:

اس لیے کہ بخاری ومسلم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«إذا كنتم ثلاثة فلا يتناجى اثنان دون الثالث من أجل أن ذلك يحزنه».

جب تم تین آدمی ہو تو تیسرے کو چھوڑ کر دو آدمیوں کو آپس میں سرگوشی نہیں کرنی چاہیے تاکہ اس سے اس کو تکلیف نہ ہو۔

* * *

اس سے منع کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اس کی وجہ سے وہ تیسرا شخص مختلف قسم کی بدگمانیوں میں گرفتار ہو جائے گا اور اپنی جانب اہتمام وپرواہ نہ ہونے کی وجہ سے غمگین ہو جائے گا۔ لیکن یہ کہ اگر ان دو کے علاوہ دو یا اس سے زیادہ اور افراد موجود ہوں تو پھر اگر

دو آدمی آپس میں سرگوشی کرلیں تو اس میں کوئی حرج نہیں، بشرطیکہ اس طرح سرگوشی کی جائے جس سے کسی کے دل میں بدگمانی پیدا نہ ہو۔

ز۔ اگر کوئی شخص کسی وجہ سے مجلس سے اُٹھ کر چلا جائے اور پھر مجلس میں واپس آجائے تو اپنی جگہ کا وہی زیادہ حقدار ہے کسی اور کو وہاں نہیں بیٹھنا چاہیئے:

اس لیے کہ امام مسلم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«إذا قام أحدكم من مجلس ثم رجع إليه فهو أحق به».

جب تم میں سے کوئی شخص مجلس سے چلا جائے اور پھر دوبارہ واپس آئے تو وہ اس (سابقہ) جگہ کا زیادہ حقدار ہے۔

ح۔ مجلس سے جاتے وقت اجازت طلب کرنا چاہیئے:

اس لیے کہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام ارشاد فرماتے ہیں کہ: اجازت طلب کرنے کا حکم اس لیے دیا گیا ہے تاکہ (نامحرم پر) نگاہ نہ پڑے (ملاحظہ ہو بخاری و مسلم) اور ——— داخل ہونے اور واپس جانے دونوں کے لیے۔ گھروں اور نامحرم عورتوں پر نگاہ پڑنے سے بچانے اور عزت و آبرو کی حفاظت کے سلسلہ میں اسلام نے جو بہت زیادہ اہتمام کیا ہے یہ اجازت طلب کرنا اسی کی خاطر ہے۔

ط۔ مجلس کے دوران فضول باتوں وغیرہ کے کفارہ کی دعا کا پڑھنا:

اس لیے کہ حاکم حضرت ابوبرزہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مجلس سے کھڑے ہونے کا ارادہ فرماتے تھے تو فرماتے:

«سبحانك اللهم وبحمدك أشهد أن لا إله إلا أنت أستغفرك وأتوب إليك».

اے اللہ میں آپ کی پاکی اور آپ ہی کی حمد بیان کرتا ہوں، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، آپ ہی سے میں مغفرت طلب کرتا ہوں اور آپ ہی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

ایک صاحب نے دریافت کیا کہ اے اللہ کے رسول آج کل آپ ایک ایسی دعا پڑھتے ہیں جو اس سے قبل نہیں پڑھا کرتے تھے تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ یہ دعا ان غلطیوں وغیرہ کا کفارہ ہے جو مجلس میں صادر ہو جاتی ہیں۔

مجلس کے آداب کے سلسلہ میں جو اہم آداب اسلام نے مقرر کیے ہیں وہ یہ ہیں جو ہم نے بیان کیے، اس لیے مرہیوں

Marfat.com

کو ان پر عمل کرنا چاہیے، اور خود اپنے آپ کو اس کا عادی بنانا چاہیے، اور بچوں کو یہ آداب سکھانا چاہیے تاکہ وہ بھی معاشرتی زندگی اور لوگوں کے ساتھ معاملات میں ان کو اپنائیں۔

⑤ بات چیت کے آداب

وہ معاشرتی اہم آداب جن کی طرف مربیوں کو بہت توجہ دینا چاہیے ان میں سے یہ بھی ہے کہ وہ بچپن سے ہی اپنے بچوں کو بات چیت کرنے کے آداب بتلائیں، اور گفتگو کا طریقہ سکھائیں، اور جواب دینے کے اصول ذہن نشین کرائیں، تاکہ بچہ جب بڑا ہو اور بلوغ کی عمر کو پہنچے تو اسے یہ معلوم ہو کہ لوگوں سے کس طرح گفتگو کرے اور ان کی بات کس طرح سنے؟ اور وہ یہ جانتا ہو کہ لوگوں سے کیا اندازِ کلام اختیار کرے اور کس طرزِ گفتگو سے لوگوں کے دل موہ لے گا؟

گفتگو کے کچھ آداب ہم ذیل میں پیش کر رہے ہیں تاکہ تربیت کرنے والوں کے لیے یادداشت اور بصیرت کا ذریعہ بنیں،

الف۔ فصیح عربی میں گفتگو کرنا:

اس لیے کہ عربی زبان قرآنِ کریم کی زبان ہے، اور ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان ہے، اور اسلام کے اوّل جانثار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی زبان ہے۔

اس لیے اس فصیح و بلیغ زبان سے اعراض کر کے ایسی عامی زبان بولنا جس کا عربی زبان سے نہ کوئی تعلق ہے نہ واسطہ اس زبان کی بہت بڑی ناشکری اور ناقدری ہوگی، اور ویسے بھی فصاحت و بلاغت سے گفتگو کرنا انسان کے لیے ایک زیور ہے اور شیریں اندازِ گفتگو انسان کا جمال ہے۔

امام حاکم اپنی کتاب "المستدرک" میں حضرت علی بن الحسین رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لائے، اور انہوں نے دو پوشاکیں پہنی ہوئی تھیں، اور انہوں نے بالوں کی دو لٹیں بنائی ہوئی تھیں، وہ سفید رنگ کے گورے چٹے آدمی تھے، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دیکھا تو آپ مسکرا دیے حضرت عباس نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپ کو ہنسی کیوں آگئی؟ اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ خوش و خرم رکھے، تو آپ نے ارشاد فرمایا: مجھے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے چچا کا حسن جمال بڑا اچھا لگا، تو حضرت عباس نے فرمایا کہ جمال کیا چیز ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، زبان (گفتگو کا انداز) اور عسکری یہ الفاظ روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے پوچھا کہ انسان کا جمال کیا چیز ہے؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا: اس کی فصاحت و بلاغت۔

اور شیرازی اور دیلمی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ہم نے عرض کیا:

Marfat.com

اے اللہ کے رسول ہم نے آپ سے زیادہ فصیح و بلیغ نہیں دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے لحن اختیار کرنے والا بنا کر نہیں بھیجا، اللہ نے میرے لیے بہترین کلام کا انتخاب فرمایا ہے، اور وہ اس کی کتاب قرآنِ کریم ہے۔

ب۔ بات چیت کے دوران آرام آرام سے گفتگو کرنا :

بات چیت کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ انسان آرام آرام سے گفتگو کرے، تاکہ سننے والا بات سمجھ سکے، اور حاضرینِ مجلس بات کی حقیقت سمجھ کر اس پر غور کر سکیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم امت کی تعلیم کے لیے اسی طرح کیا کرتے تھے چنانچہ امام بخاری و مسلم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تم لوگوں کیطرح جلدی جلدی بات چیت نہیں کرتے تھے، آپ اس طرح گفتگو فرمایا کرتے تھے کہ اگر اس کو کوئی شمار کرنا چاہے تو شمار کر لے، اور اسماعیلی اپنی روایت میں یہ الفاظ بھی نقل کرتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی گفتگو ایسی صاف و واضح ہوتی تھی کہ دلوں تک پہنچ جاتی تھی، اور ابو داؤد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی گفتگو ایسی صاف و واضح ہوتی تھی کہ جسے ہر سننے والا سمجھ لیا کرتا تھا۔

ج۔ فصاحت و بلاغت میں بہت زیادہ تکلف کی ممانعت :

بات چیت کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ انسان بہت اعلیٰ و اونچی زبان کے استعمال کرنے اور فصاحت و بلاغت میں تکلف سے بچے، اس لیے کہ ابو داؤد و ترمذی سندِ جید سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس بلاغت (و فصاحت) اختیار کرنے والے شخص کو مبغوض رکھتے ہیں کہ جو اپنی زبان اس طرح گھمائے اور ہلائے جس طرح گائے اِدھر اُدھر (منہ میں) زبان ہلاتی ہے۔

اور بخاری و مسلم میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی بات فرماتے تو اسے تین مرتبہ دہراتے تاکہ بات سمجھی جا سکے، اور جب کسی قوم کے پاس آتے تو انہیں سلام کرتے... اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایسی فصیح و واضح گفتگو فرماتے جس میں نہ بہت تطویل ہوتی اور نہ بہت اختصار، اور بہت زیادہ بات چیت کرنے اور منہ پھاڑ کر تکلف سے بولنے کو ناپسند فرماتے تھے۔

د۔ لوگوں کی سمجھ بوجھ کے مطابق بات چیت کرنا :

گفتگو کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ بات کرنے والا ایسا اسلوب اختیار کرے جو لوگوں کی ثقافت و معیار کے مناسب

Marfat.com

ومطابق ہو۔ اور ان کی عقول وسمجھ اور عمر سے جوڑ کھاتا ہو۔ اس لیے کہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام ارشاد فرماتے ہیں: ہم انبیاء کی جماعت کو یہ حکم دیا گیا کہ ہم لوگوں سے ان کی عقل وسمجھ کے مطابق گفتگو کریں[1]۔

اور صحیح بخاری میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے موقوفاً مروی ہے کہ لوگوں سے ایسی باتیں کرو جنہیں وہ سمجھتے جانتے ہوں۔ کیا تم یہ پسند کرتے ہو کہ اللہ اور اس کے رسول کو جھٹلایا جائے۔

اور صحیح مسلم کے مقدمہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ تم کسی بھی قوم سے کوئی ایسی گفتگو نہیں کروگے جو ان کی عقل اور ان کی دسترس سے بالا ہو۔ مگر یہ کہ وہ بعض کے لیے امتحان وفتنہ بنے گی۔

اور دیلمی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوع روایت نقل کرتے ہیں کہ میری امت کو میری احادیث میں سے ایسی احادیث بتلاؤ۔ جو ان کی عقول وسمجھ برداشت کرسکیں تاکہ ان کے لیے فتنے کا ذریعہ نہ بنیں۔

۸۔ ایسی گفتگو کرنا جو نہ بہت مختصر ہو اور نہ بہت طویل:

گفتگو کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ گفتگو کو اس کا پورا حق دیا جائے، بات نہ تو اتنی مختصر ہو کہ مقصود کے سمجھنے میں مخل ہو جائے اور نہ اتنی طویل ہو کہ تھکا دے۔ تاکہ سننے والوں پر اس گفتگو کا پورا اثر ہو اور ان کو اس کے سننے سمجھنے کا شوق ہو۔ امام مسلم حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتا تھا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز درمیانی ہوتی تھی اور آپ کا خطبہ بھی درمیانے درجہ کا ہوتا تھا (نہ بہت مختصر نہ بہت طویل)۔

اور امام احمد اور ابوداؤد حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کی حدیث روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں رسولِ اکرم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جمعہ میں شریک ہوا، چنانچہ آپ ایک عصا یا کمان پر ٹیک لگا کر کھڑے ہوئے، اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کی، اور آپ کی گفتگو کے کلمات نہایت ہلکے پھلکے پاکیزہ اور مبارک تھے۔

اور بخاری ومسلم ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ ہر جمعرات کو وعظ کیا کرتے تھے ایک روز ایک صاحب نے ان سے کہا اے ابوعبدالرحمٰن میرا دل چاہتا ہے کہ آپ ہمیں ہر دن نصیحت ووعظ کیا کریں؟ تو انہوں نے یہ فرمایا کہ مجھے اس سے صرف یہ بات روکتی ہے کہ میں یہ پسند نہیں کرتا کہ تم تنگ دل ہو جاؤ اور میں وعظ ونصیحت کرنے میں تمہارا اسی طرح خیال رکھتا ہوں جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خیال کیا کرتے تھے۔ تاکہ ہم تنگ دل وآزردہ خاطر نہ ہو جائیں۔

البتہ گفتگو میں اشعار سے استشہاد پیش کرنا اور ضرب امثال پر مشتمل اقوال وامثال بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اس لئے کہ حضرت علی بن ابی طالبؓ فرماتے ہیں کہ بدن کی طرح دل بھی تھک جایا کرتے اور آزردہ ہو جاتے ہیں۔ اس

---

[1] ملاحظہ ہو مسند دیلمی اس حدیث کی سند ضعیف ہے لیکن اس کے بہت سے شواہد ہیں جن کی وجہ سے یہ حدیث حسن لغیرہ کے مرتبے کو پہنچ گئی ہے۔ ملاحظہ ہو عجلونی کی کتاب کشف الخفاء امرنا کے لفظ کے ضمن میں۔

لیے ان کی خاطر اچھی اچھی پُرحکمت باتیں تلاش کیا کرو۔

و۔ گفتگو کرنے والے کی طرف پوری طرح متوجہ ہونا اور ہمہ تن گوش ہو کر اس کی بات سُننا:

گفتگو کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ بات کرنے والے کی طرف مکمل توجہ کی جائے، تاکہ سننے والا متکلم کی بات محفوظ رکھ سکے اور گفتگو کا پورا احاطہ کر سکے، چنانچہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین سے کوئی بات کرتے تھے تو وہ حضرات پوری توجہ اور کامل اہتمام سے آپ کی بات سنتے تھے اور یہ معلوم ہوتا تھا گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہیں اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہر ایک شخص کی طرف پوری توجہ دیا کرتے تھے جو آپ سے کچھ پوچھے یا سوال کرے، بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تو اس شخص کی طرف پورے طور سے متوجہ ہو جاتے تھے، اور اس سے نہایت نرمی اور ملاطفت فرماتے تھے، چنانچہ ابوداؤد حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے کسی ایسے شخص کو نہیں دیکھا جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے کان میں چپکے سے کوئی بات کرنا چاہتا ہو، اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے اپنے سر کو اس سے قبل ہٹا لیں کہ وہ شخص آپ سے اپنے سر کو خود ہٹائے، اور میں نے کبھی یہ نہیں دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی شخص کا ہاتھ اپنے دستِ مبارک میں لے کر اس وقت تک چھوڑا ہو جب تک کہ وہ خود اپنا ہاتھ آپ کے ہاتھ سے نہ چھڑائے۔

ز۔ بات کرنے والے کو تمام مخاطبین اور حاضرین کی طرف توجہ دینا چاہیئے:

گفتگو کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ بات کرنے والا اپنی توجہ و نظر تمام حاضرین کی طرف متوجہ رکھے تاکہ ان میں سے ہر فرد یہ محسوس کرے کہ وہ اسی سے مخاطب ہے یا اس سے خاص طور سے بات کر رہا ہے۔

طبرانی سند حسن کے ساتھ حضرت عمرو بن العاصؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بات چیت کرتے ہوئے میری طرف اس قدر متوجہ ہوتے کہ مجھے یہ گمان ہونے لگا کہ میں سب لوگوں میں بہتر ہوں تو میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول کیا میں بہتر ہوں یا ابوبکرؓ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "ابوبکرؓ ہے" میں نے پوچھا اے اللہ کے رسول میں بہتر ہوں یا عمرؓ تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ "عمر" تو میں نے پوچھا کہ اے اللہ کے رسول میں بہتر ہوں یا عثمان تو آپ نے ارشاد فرمایا "عثمان" تو جب میں نے رسول اللہ سے سوال جواب کیا تو آپ نے حقیقت بیان فرما دی اور میں نے تمنا کی کاش میں آپ سے یہ سوال ہی نہ کرتا

ح۔ گفتگو کے دوران اور گفتگو کے بعد اصحابِ مجلس سے دل لگی اور خوش کلامی کرنا:

گفتگو کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ بات کرنے والا بات چیت کے دوران اور اس کے بعد لوگوں سے خوش کلامی اور دل لگی کرتا رہے، تاکہ لوگ تنگ دل نہ ہوں اور گفتگو کے دوران آزردہ خاطر نہ ہو جائیں۔

امام احمد حضرت ام الدرداء رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ حضرت ابوالدرداء جب بات کرتے تھے تو مسکراتے تھے، میں نے ان سے کہا کہ آپ دورانِ گفتگو جو مسکرایا کرتے ہیں ایسا نہ ہو کہ اس کی وجہ سے لوگ آپ کو احمق سمجھنے لگیں، تو حضرت ابوالدرداء نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ کو کبھی گفتگو کرتے دیکھا یا سنا نہیں مگر یہ کہ آپ مسکرایا کرتے تھے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع اور پیروی کی خاطر حضرت ابوالدرداء بھی اثناءِ گفتگو مسکرایا کرتے تھے۔

اور امام مسلم حضرت سماک بن حرب سے روایت کرتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں میں نے حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ کیا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت میں بیٹھا کرتے تھے؟ حضرت جابر نے فرمایا ہاں بہت بیٹھا کرتا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ آپ جس جگہ صبح کی نماز پڑھتے تھے وہیں سورج نکلنے تک بیٹھے رہتے تھے، جب سورج نکل جاتا تو آپ کھڑے ہو جاتے تھے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی ہی میں باتیں کیا کرتے تھے چنانچہ کبھی کبھی زمانہ جاہلیت کی باتیں بھی ہوتی تھیں اور سب ہنسنے لگ جاتے — اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیا کرتے تھے۔

یہ وہ اہم ترین آداب ہیں جو اسلام نے گفتگو کے آداب کے سلسلہ میں مقرر کیے ہیں۔ اس لیے تربیت کرنیوالوں کو ان پر عمل پیرا ہونا چاہیے، اور یہ آداب بچوں کو سکھانا چاہیے تاکہ وہ عملی زندگی میں اس کے عادی ہوں اور لوگوں کے ساتھ معاملہ میں ان پر عمل پیرا ہوں۔

(۶) مذاق کے آداب

مسلمان اپنی عملی زندگی میں اس وقت کتنا بھلا لگتا ہے جب وہ حقیقت و واقعیت کے ساتھ ساتھ دل لگی، خوش اسلوبی و مزاح اور شیریں کلامی اور ضرب الامثال و پرحکم باتوں کو بھی جمع کر لیتا ہے۔

اور اس وقت مسلمان کتنا شاندار و محترم ہوتا ہے جب وہ اپنے شیریں اندازِ گفتگو سے دلوں پر قبضہ کر لیتا ہے۔ اور اچھے

Marfat.com

بناؤ اور خوش خلقی و دل لگی سے نفوس کو اپنا قیدی بنالیتا ہے!! اس کی وجہ یہ ہے کہ اسلام اپنے شاندار اور اچھے بنیادی اصولوں کی وجہ سے مسلمان کو اس بات کا حکم دیتا ہے کہ وہ دوسرے سے مانوس ہو اور دوسروں کو اپنے سے مانوس کرے، خوش اخلاق، خوش طبع اور خندہ پیشانی والا اور اچھے اوصاف کا مالک ہو اچھے کام ـــــ اور بہترین برتاؤ کرنے والا ہو، تاکہ جب وہ لوگوں سے ملے جلے، ان کے ساتھ اکٹھا ہو تو وہ اس کی طرف راغب ہوں، اور اس کی طرف کھچیں اور اس کے اردگرد رہیں، افراد کی تربیت اور معاشرے کے بنانے اور لوگوں کی رہنمائی میں یہ وہ غایت ہے جس کا... اسلام بہت زیادہ خواہاں ہے۔

لیکن کیا مسلمان کو یہ حق پہنچتا ہے کہ دل لگی اور مزاح میں جو چاہے کر گزرے اور جو بات چاہے زبان سے نکال دے، یا اس کے لیے کچھ آداب اور قواعد وضوابط ہیں؟

جی ہاں مذاق و دل لگی کے بھی کچھ قواعد و آداب ہیں جو ذیل میں ترتیب سے بیان کیے جا رہے ہیں:

الف۔ مذاق و مزاح میں بہت افراط اور حدود سے تجاوز نہیں کرنا چاہیے:

اس لیے کہ امام بخاری "الأدب المفرد" میں اور امام بیہقی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں کھیل کود والوں میں سے نہیں ہوں اور نہ وہ مجھ سے ہیں۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ مزاح میں کثرت اور دل لگی اور مذاق میں افراط مسلمان کو اس کے اس اصلی فرض سے نکال دیتا ہے جس کے لیے انسان کو پیدا کیا گیا ہے، اور وہ ہے اللہ تعالیٰ کی عبادت اور روئے زمین پر اللہ کے حکم کو نافذ کرنا اور نیک صالح معاشرہ کو تشکیل دینا، وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جنہوں نے مدرسۂ نبوت میں تربیت حاصل کی تھی وہ آپس میں ہنسی مذاق تو کرتے تھے لیکن جب عملی میدان میں قدم رکھتے تھے تو وہی حضرات ہی کامل و مکمل مرد معلوم ہوتے تھے، امام بخاری "الأدب المفرد" میں روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ایک دوسرے کی طرف تربوز اچھال دیا کرتے تھے لیکن میدانِ عمل میں اور وقت پڑنے پر وہ زبردست مرد میدان ثابت ہوتے تھے۔

زیادہ ہنسی مذاق سے دل مردہ ہو جاتا ہے اور عداوت و دشمنی پیدا ہو جاتی ہے، اور چھوٹا بڑے پر جری ہو جاتا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو بہت زیادہ ہنستا ہے اس کا رعب کم ہو جاتا ہے اور جو مذاق کرتا ہے اس کی ہیبت کم ہو جاتی ہے۔

ب۔ مذاق میں کسی کو تکلیف نہ دینا اور کسی کے ساتھ برائی نہ کرنا:

مذاق گھر بار، رشتہ داروں، بھائیوں اور دوسروں کے ساتھ اچھی چیز ہے لیکن اس کی شرط یہ ہے کہ ایسا مذاق ہو جس

Marfat.com

سے کسی کو ایذا نہ پہنچے، یا کسی مخلوق کی توہین و تذلیل نہ ہوتی ہو یا کسی کے غمگین کرنے کا ذریعہ نہ ہو۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام کو ایسے مذاق سے منع فرماتے تھے جس سے کسی کی دل آزاری ہو چنانچہ ذیل میں اس کے چند نمونے پیش کیے جاتے ہیں:

ابوداؤد و ترمذی میں حضرت عبداللہ بن السائب اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا:

((لایأخذن أحدکم متاع أخیه لاعباً ولاجاداً ومن أخذعصا أخیه فلیردها)).

تم میں سے کوئی شخص کسی کا سامان نہ مذاق میں لے نہ حقیقت میں، اور جو شخص اپنے (مسلمان) بھائی کا عصا بھی لے تو اسے چاہیے کہ وہ اسے واپس لوٹا دے۔

اور ابوداؤد حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ہم سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے یہ بیان کیا کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جا رہے تھے کہ ان میں سے ایک صاحب سو گئے تو ان میں سے کوئی آدمی گیا اور ایک رسی اٹھا لایا اور ان صاحب کے پاس ڈال دی جس سے وہ صاحب ڈر گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((لا یحل لمسلم أن یروع مسلماً)).

کسی مسلمان کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ کسی مسلمان کو ڈرائے۔

جنگ خندق کے موقع پر حضرت زید بن ثابتؓ مسلمانوں کے ساتھ ملکر مٹی اٹھا رہے تھے کہ ان کو اونگھ آنے لگی اسی اثناء میں حضرت عمارہ بن حزم آ گئے اور انہوں نے ان کے ہتھیار اٹھا لئے اور حضرت زید کو پتہ بھی نہ چلا تو رسول اللہؐ نے حضرت عمارہؓ کو اس سے روک دیا۔

اور بزار و طبرانی و ابن حبان حضرت عامر بن ربعیہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک صاحب نے ایک صاحب کی جوتی اٹھا لی اور مزاقاً اسے چھپا دیا یہ بات رسول اللہ کے علم میں لائی گئی تو نبی کریمؐ نے ارشاد فرمایا۔

((لا ترّوعوا المسلم، فإن روعة المسلم ظلم عظیم)).

کسی مسلمان کو نہ ڈراؤ اس لئے کہ مسلمان کو گھبرا دینا بہت بڑا ظلم ہے۔

آپ ہی بتلائیے کہ ایسی صورت حال میں اس شخص کا کیا حکم ہوگا جو مزاق میں کسی کی عزت اچھالتا ہو اور مزاق میں غیبت کرتا ہو اور مزاق ہی میں کسی کی تذلیل کرتا ہو اور مزاق ہی میں دین کی حرمت پامال کرتا ہو ظاہر ہے کہ ایسا شخص گنہگار ہوگا اور خواہ اسے پتہ ہو یا نہ ہو وہ حرام و ناجائز میں گرفتار ہے۔

Marfat.com

ج - مذاق میں جھوٹ اور غلط بات سے بچنا :

بہت سے وہ لوگ جو مجلسیں قائم کرتے ہیں اور مذاق کیا کرتے ہیں وہ ہنسانے والی کہانیاں گھڑا کرتے ہیں۔ اور ایسے من گھڑت واقعات و کہانیاں پیش کرتے ہیں جو لوگوں کو ہنسائیں خوش کریں اور ان کی خوشی و مسرت میں اضافہ کا سبب ہو، یہ ایک حقیقت ہے کہ اس طرح کی ملمع سازی اور من گھڑت چیزیں جھوٹ میں شامل ہیں، اور اسلام اس سے روکتا ہے، اور ایسے لوگوں کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سخت سرزنش کی ہے، ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی و بیہقی حضرت بہز بن حکیم کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

((ویل للذی یحدث بالحدیث لیضحك به القوم فیکذب ویل له ویل له)).

ہلاکت ہو اس شخص کے لیے جو لوگوں کو ہنسانے کے لیے کوئی بات کہے اور اس میں جھوٹ بولے اس کے لیے ہلاکت ہو اس کے لیے ہلاکت ہو۔

٭ ٭ ٭

اور امام احمد اور ابوداؤد حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا :

((کبرت خیانة أن تحدث أخاك حدیثاً هو لك مصدق وأنت له کاذب)).

یہ بہت بڑی خیانت ہے کہ تم اپنے بھائی سے کوئی بات کہو جس میں وہ تمہیں سچا سمجھ رہا ہو اور تم اس سے جھوٹ بول رہے ہو۔

٭ ٭ ٭

اور امام احمد و طبرانی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ :

((لا یؤمن العبد الإیمان کله حتی یترك الکذب فی المزاحة، والمراء وإن کان صادقاً)).

کوئی شخص بھی اس وقت تک کامل مؤمن نہیں بن سکتا جب تک کہ مذاق میں جھوٹ بولنے اور جھگڑے کو چاہے اس میں حق بجانب کیوں نہ ہو چھوڑ نہ دے۔

ہمارے شہروں میں ایک عام بدعت جو پھیل گئی ہے وہ ہے اپریل فول کی عادت، جو ایک نہایت گندی ناپسندیدہ اور خراب چیز ہے، جسے ہم نے اہل مغرب سے لیا ہے، جس کا ہمارے بلند اسلامی اخلاق اور شاندار عادات سے کوئی تعلق نہیں، اور بلاشبہ یہ ایک جھوٹ ہے جو قطعاً حرام ہے اور کھلا ہوا جھوٹ اور گندہ مذاق ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے چوں کہ ہمارے لیے ہر چیز میں ایک بہترین نمونہ چھوڑا ہے، اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مزاح و مذاق کے چند نمونے پیش کیے جاتے ہیں تاکہ یہ معلوم ہو جائے کہ آپ کس طرح مزاح فرمایا کرتے تھے۔

Marfat.com

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم مذاق میں بھی حق بات ہی فرمایا کرتے تھے:

امام ترمذی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دیہاتی شخص تھے جن کا نام زاہر تھا، وہ دیہات کا تحفہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا کرتے تھے، پھر جب وہ واپس اپنے علاقے جانا چاہتے تھے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان کو تحفے تحائف دیا کرتے تھے، چنانچہ آپ نے ایک موقعہ پر ارشاد فرمایا کہ زاہر ہمارے دیہاتی دوست ہیں اور ہم ان کے شہری دوست ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے محبت فرمایا کرتے تھے، حضرت زاہر کوئی خوبصورت سے آدمی نہ تھے، ایک روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے اور وہ اپنا سامان بیچ رہے تھے، تو آپ نے انہیں پیچھے کی جانب سے پکڑ لیا، وہ آپ کو نہ دیکھ سکے۔ زاہر نے کہا: کون صاحب ہیں مجھے چھوڑ دیجیے، پھر جب مڑ کر انہوں نے دیکھا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچان گئے تو پھر جتنا بھی اپنی پشت کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سینۂ اطہر سے ملا سکتے تھے ملا دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھ سے یہ غلام کون خریدے گا؟ تو انہوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ایسی صورت میں تو آپ مجھے کھوٹا پائیں گے (یعنی میری قیمت کوئی زیادہ نہ لگے گی) تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم اللہ تعالیٰ کے یہاں تو کم قیمت والے نہیں ہو یا یہ فرمایا کہ تم اللہ کے یہاں تو بہت قیمتی ہو۔

اور سنن ابی داؤد میں حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا: غزوۂ تبوک کے موقعہ پر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ چمڑے کے ایک چھوٹے سے قبہ میں تشریف فرما تھے، میں نے سلام عرض کیا، آپ نے جواب دیا اور فرمایا کہ داخل ہو جاؤ، میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول کیا میں پورا داخل ہو جاؤں، تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ پورے داخل ہو جاؤ چنانچہ میں داخل ہو گیا۔

اور ترمذی و احمد حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک صاحب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سواری کے لیے جانور مانگنے آئے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ ہم تمہیں اونٹنی کے بچے پر سوار کرا دیں گے، وہ واقعۃً بچہ سمجھ کر کہنے لگے کہ اے اللہ کے رسول میں اونٹنی کے بچے کا کیا کروں گا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اونٹ کو بھی تو اونٹنی ہی جنتی ہے۔

اور ابن بکار حضرت زید بن اسلم سے روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت (جن کو ام ایمن الحبشیہ کہا جاتا تھا) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا کہ میرے شوہر آپ کو یاد کر رہے ہیں، تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ کون؟ وہی جن کی آنکھوں میں سفیدی ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ ان کی آنکھوں میں سفیدی تو نہیں ہے تو آپ نے ارشاد فرمایا: کیوں نہیں ان کی آنکھ میں تو سفیدی ہے۔ انہوں نے کہا کہ: بخدا ایسا نہیں ہے، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کوئی شخص بھی ایسا نہیں ہے کہ اس کی آنکھوں میں سفیدی نہ ہو سب کی آنکھوں میں سفیدی ضرور ہوتی ہے (آپ کی مراد بیاض (سفیدی) سے وہ سفیدی تھی جو پتلی کے چاروں طرف ہوا کرتی ہے)۔

Marfat.com

اور ترمذی حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک بوڑھی عورت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول اللہ سے دعا کیجیے کہ اللہ مجھے جنت میں داخل فرما دے، تو آپ نے ارشاد فرمایا: اے فلاں کی ماں جنت میں تو بوڑھی عورت داخل نہیں ہوگی، راوی کہتے ہیں کہ وہ روتی ہوئی واپس جانے لگیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کو یہ بات بتلا دو کہ وہ بڑھاپے کی حالت میں جنت میں داخل نہ ہوگی اور اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

((اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ۙ فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ۙ عُرُبًا اَتْرَابًا ۙ)).

ہم نے وہاں کی عورتوں کو خاص طور پر بنایا ہے یعنی ہم نے انہیں ایسا بنا دیا ہے کہ وہ کنواری رہیں گی اور محبوبہ اور ہم عمر۔

الواقعہ: ۳۵ تا ۳۷

آپ کی مراد یہ تھی کہ وہ جنت میں اس حالت میں داخل ہوگی کہ وہ نوجوان ہوگی۔

اس لیے مربیوں کو چاہیے کہ مزاح کے آداب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ پر عمل پیرا ہوں، اور یہ آداب بچوں کو سکھائیں تاکہ لوگوں کے ساتھ میل جول میں وہ ان کے عادی ہوں اور معاشرے میں اسی طرح کا برتاؤ کریں۔

⑦ مُبارک باد دینے کے آداب

بچے کی تربیت شخصیت سازی اور اس کی معاشرتی اصلاح کے سلسلہ میں جن آداب معاشرت کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے ان میں یہ بھی داخل ہے کہ بچے کو مبارک باد دینے کے آداب کا عادی بنایا جائے اور اسے یہ سکھایا جائے کہ اس کا طریقہ اور اصول کیا ہیں۔ تاکہ اس کی طبیعت میں لوگوں کے ساتھ اجتماع واتصال اور مل بیٹھنے کی عادت پیدا ہو اور جو لوگ اس سے ملتے ہیں، جن کا اس سے تعلق ہے، ان کے ساتھ اخوت ومودت اور محبت کے روابط اس میں مستحکم ہوں چونکہ وہ مناسبات جن میں لوگ ایک دوسرے کو مبارک باد کے پیغام پیش کیا کرتے ہیں وہ بہت سی ہیں۔ اس لیے عمومی طور سے مربیوں اور خاص کر والدین کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شاگردوں اور بچوں کو اپنے ساتھ ان لوگوں کے پاس لیجائیں جنہیں وہ کسی خوشی یا کسی اور موقعہ پر مبارکباد پیش کرنا چاہتے ہوں تاکہ وہ حالت وکیفیت ان کے دلوں اور یادداشت میں محفوظ ہو جائے اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ وہ ان کی طبیعت اور عادت بن جائے۔

مسلمان اپنی زندگی میں جو بھی نیک کام کرتا ہے اس کا بدل اس کو ضرور ملتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے یہاں اجر وثواب بھی، تو مسلمان کو مبارک باد پیش کرنا، اس کے ساتھ نرمی کا برتاؤ، اور اس کو خوش کرنا، اسلام کی نظر میں بہت بڑی نیکی ہے: اور فرائض

---

[1] مراد یہ ہے کہ وہ ہم عمر ہوں گی، عُرُب یعنی اپنے شوہروں کو چاہنے والیاں اور اتراب سے وہ مراد ہیں جو ہم عمر ہوں۔

Marfat.com

کے بعد اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب عمل ہے، بلکہ یہ مغفرت کا ذریعہ اور جنت تک پہنچانے کا راستہ ہے:

امام طبرانی "معجمِ صغیر" میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص اپنے بھائی کو خوش کرنے کے لیے اس طریقے کیساتھ ملتا ہے جو اسے پسند ہو تو اللہ تعالیٰ روزِ قیامت اسے خوش کر دیں گے۔

اور طبرانی "معجمِ کبیر" میں حضرت حسنِ بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«إن من موجبات المغفرة إدخالك السرور على أخيك المسلم».

اسبابِ مغفرت میں سے یہ بھی ہے کہ تم اپنے مسلمان بھائی کو خوش کر دو۔

اور طبرانی "معجم کبیر" و "معجم اوسط" میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«إن أحب الأعمال إلى الله تعالى بعد الفرائض إدخال السرور على المسلم».

فرائض کے بعد محبوب ترین عمل اللہ تعالیٰ کے یہاں مسلمان کو خوش کرنا ہے۔

اور طبرانی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«من أدخل على أهل بيت من المسلمين سرورًا لم يرض الله له ثوابًا دون الجنة».

جو کسی مسلمان گھرانے کو خوش کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت سے کم ثواب پر راضی نہیں ہوتے۔

مبارکباد دینے کے کچھ آداب ہیں جنہیں ذیل میں ہم ملخص طور پر پیش کرتے ہیں:

الف۔ مبارک باد کے موقعہ پر اہتمام اور خوشی کا اظہار:

اس لیے کہ بخاری و مسلم میں حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی توبہ کے قصہ میں یہ آتا ہے کہ حضرت کعب فرماتے ہیں کہ میں نے کسی پکارنے والے کی آواز سنی جو نہایت بلند آواز سے کہہ رہا تھا کہ اے کعب بن مالک مبارک ہو، یہ سننا تھا کہ لوگ مجھے مبارک باد دینے لگے، اور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف چل پڑا، لوگ میری توبہ قبول ہونے پر فوج در فوج مجھے مبارک باد پیش کرتے جا رہے تھے اور یہ کہہ رہے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی جو توبہ قبول کی ہے یہ آپ کو مبارک ہو، یہاں تک کہ میں مسجد میں داخل ہو گیا اور دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارد گرد لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، مجھے دیکھ کر حضرت طلحہ بن عبیداللہ دوڑتے ہوئے میری طرف بڑھے اور مجھ سے مصافحہ کیا اور مجھے مبارک باد دی، حضرت کعب حضرت طلحہ کی اس عزت افزائی کو ہمیشہ یاد کیا کرتے تھے، کعب فرماتے ہیں کہ جب میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کو سلام کیا تو آپ کے چہرۂ مبارک سے خوشی چھلک رہی تھی، اور آپ نے ارشاد فرمایا: جب سے تمہاری ماں نے تمہیں جنا ہے اس وقت سے لے کر آج تک تم پر اس سے مبارک اور بہترین دن نہیں آیا ہے[1]

ب - ایسے مواقع پر مسنون دُعاؤں اور مناسب و عمدہ عبارت استعمال کرنا:

سنتِ نبوی ہمیں یہ تعلیم دیتی ہے کہ ہم ایسے عمدہ کلمات اور شاندار و بہترین دعاؤں کے ساتھ مبارک باد پیش کریں جن کا سیکھنا مسلمان پر لازمی ہے، اور مناسب وقت پر ان کلمات سے مبارک باد کا اظہار ضروری ہے، اس قسم کے بعض دلچسپ واقعات اور وہ کلمات جن کی طرف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے رہنمائی کی ہے اور جو آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور سلفِ صالحین رحمہم اللہ سے مروی ہیں ان کو آئندہ صفحات میں ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے:

۱- بچے کی پیدائش پر مبارک باد:

ایسے شخص کو مبارک باد دیتے وقت یہ کہنا چاہیئے کہ:

«بورك لك بالموهوب، وشكرت الواهب، ورزقت بره، وبلغ أشده».

اللہ تعالیٰ آپ کے اس بچے کو مبارک کرے اور آپ کو اللہ کے شکر ادا کرنے کی توفیق ہو۔ اور یہ بچہ آپکا فرمانبردار و نیک ہو اور جوانی کو پہنچے۔

جس کو مبارک باد دی جارہی ہے اسے چاہیے کہ ان الفاظ کا جواب اس طرح دے:

«بارك الله لك وبارك عليك و رزقك الله مثله».

اللہ تعالیٰ آپ کو بھی مبارک کرے اور اپنی برکتوں سے آپ کو نوازے، اور آپ کو بھی اس جیسی نعمت عطا فرمائے۔

مندرجہ بالا عبارتیں حضرت حسین بن علی و حسن بصری رضی اللہ عنہم سے مروی ہیں۔

۲- سفر سے واپس آنے والے کو مُبارک باد:

ایسے شخص کو ان الفاظ سے مبارک باد دینا مستحب ہے:

«الحمد لله الذي سلمك وجمع الشمل

تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے جس نے آپ کو محفوظ

---

[1] حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے قصے کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ بلا عذر غزوۂ تبوک سے پیچھے رہ گئے تھے، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پچاس یوم تک کے لیے ان کے بائیکاٹ کا حکم دے دیا، پچاس دن کے بعد ان کی اور ان کے دونوں ساتھیوں کی توبہ قبول ہونے کے سلسلہ میں آیاتِ قرآنیہ نازل ہوئیں اور لوگوں کی مبارک باد دینے کا سلسلہ پیش آیا۔ قصہ کی تفصیل دیکھنے کے لیے ریاض الصالحین کا باب التوبہ دیکھیں۔

بك وأكرمك)). رکھا اور کامیاب فرمایا اور آپ کا اکرام کیا۔

یہ کلمات بعض سلفِ صالحین سے مروی ہیں۔

٣۔ جہاد سے واپس آنے والے کو مبارک باد:

ایسے شخص سے یہ کہنا مستحب ہے:

(الحمد لله الذی نصرك ، وأعزك وأكرمك)). تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے تمہاری مدد فرمائی۔ اور عزت دی اور اکرام فرمایا۔

اس لیے کہ مسلم ونسائی وغیرہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک غزوے میں تشریف لے گئے تھے، جب وہاں سے واپس تشریف لائے تو میں نے آپ کا استقبال کیا اور آپ کا دستِ مبارک پکڑ کر عرض کیا:

(الحمد لله الذی نصرك، وأعزك وأكرمك)). تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے آپ کی مدد فرمائی، اور اعزاز واکرام فرمایا۔

اسی طرح اگر یہ کہا جائے کہ:

(الحمد لله الذی سلمك وجمع الشمل بك وأكرمك)). تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے جس نے تمہاری حفاظت فرمائی اور کامیاب فرمایا اور اکرام کیا۔

تو بھی کوئی حرج نہیں ہے۔

٤۔ حج کر کے واپس آنے والے کو مبارک باد

حاجی کو مبارک باد دینے کے لیے یہ کلمات کہنا بہتر ہے:

(قبل الله حجك وغفر ذنبك وأخلف نفقتك)). اللہ تعالیٰ آپ کا حج قبول فرمائے، اور گناہ معاف فرمائے اور آپ کے خرچ کا نعم البدل عطا فرمائے۔

اس لیے کہ ابن السنی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ایک صاحب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میں حج پر جانا چاہتا ہوں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان صاحب کے ساتھ ساتھ چلے اور فرمایا:

(یاغلام! زودك الله التقوى اے صاحب زادے اللہ تعالیٰ تمہیں تقویٰ نصیب فرمائے

Marfat.com

ووجهك فی الخیر، وكفالك الهم»۔

اور خیر میں لگائے رکھے اور تمہارے ہموم و پریشانیوں کو دور فرمائے۔

پھر جب وہ صاحب حج سے واپس ہوئے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا:

«یا غلام قبل الله حجك، وغفر ذنبك، وأخلف نفقتك».

صاحب زادے! اللہ تمہارا حج قبول فرمائے، اور گناہ معاف فرمائے، اور تمہارے اخراجات کا بدل عطا فرمائے

۵۔ نکاح و شادی پر مبارکباد:

میاں بیوی کو نکاح ہونے پر اس طرح مبارک باد دینا چاہیے کہ: اللہ تم میں برکت دے، اور اپنی برکتیں نازل فرمائے، اور تم دونوں کو خیر و عافیت سے یکجا رکھے، اس لیے کہ ابوداؤد و ترمذی وغیرہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی شخص کو شادی کی مبارک باد دیتے تھے تو فرمایا کرتے تھے:

«بارك الله لك، وبارك عليك، وجمع بينكما فی خیر».

اللہ تم میں برکت دے، اور تم پر برکتیں نازل فرمائے، اور تم دونوں کو خیر و عافیت سے یکجا رکھے۔

بالرفاء البنین یعنی "تم ایک ساتھ رہو اور اولاد ہونے" کے الفاظ کہنا مکروہ ہے، اس لیے کہ مبارک باد کے یہ الفاظ زمانۂ جاہلیت میں مبارک بادی کے الفاظ تھے، چنانچہ امام احمد و نسائی وغیرہ حضرت عقیل بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے جشم کی ایک عورت سے شادی کی، تو کچھ لوگ آئے اور انہوں نے بالرفاء والبنین کے الفاظ سے مبارک باد دی۔ تو انہوں نے فرمایا کہ ایسے الفاظ نہ کہو اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے منع فرمایا ہے، تو انہوں نے کہا کہ اے ابوزید تو پھر ہم کیا کہا کریں؟ تو انہوں نے فرمایا کہ یہ کہا کرو:

«بارك الله لكم وبارك عليكم».

اللہ تم میں برکت دے اور تمہارے اوپر برکتیں نازل فرمائے۔

ہمیں اسی طرح مبارک باد دینے کا حکم دیا جاتا تھا۔

۶۔ عید پر مبارک باد:

عید کی نماز کے بعد ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان سے یہ کہنا چاہیئے:

«تقبل الله منا ومنك».

اللہ تعالیٰ میری اور آپ کی طرف سے قبول فرمائے۔

کتاب "المقاصد" میں لکھا ہے کہ عید کے بارے میں آتا ہے کہ خالد بن معدان عید کے روز حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ سے ملے تو انہوں نے حضرت واثلہ سے فرمایا: تقبل الله منا ومنك، تو حضرت واثلہ نے بھی یہی الفاظ دہرائے

Marfat.com

اور ان کی نسبت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کی۔

۷۔ احسان کرنے والے کا شکریہ ادا کرنا:

جو شخص کسی کے ساتھ احسان کرے تو اس کے لیے مستحب یہ ہے کہ وہ اس محسن سے کہے:

«بارك الله في أهلك ومالك وجزاك الله خيرًا»۔

اللہ تعالیٰ تمہارے اہل و مال میں برکت دے، اور تمہیں جزاء خیر عطا فرمائے۔

اس لیے کہ نسائی و ابن ماجہ حضرت عبداللہ بن ابی ربیعہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے چالیس ہزار درہم قرضہ لیے اور پھر جب آپ کے پاس پیسہ آگیا تو مجھے پیسے واپس دیے اور فرمایا:

«بارك الله في أهلك ومالك، إنما جزاء السلف الحمد والثناء»۔

اللہ تعالیٰ تمہارے اہل و مال میں برکت دے قرض دینے والے کا بدلہ یہ ہے کہ اس کی تعریف کی جائے اور شکریہ ادا کیا جائے۔

* * *

اور ترمذی حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«من صنع إليه معروف فقال لفاعله جزاك الله خيرًا فقد أبلغ في الثناء»۔

جس کے ساتھ کوئی احسان کیا گیا ہو اور وہ اس کو جزاک اللہ خیرًا کہہ دے، تو اس نے شکریہ ادا کرنے میں مبالغہ کر دیا۔

مبارک باد دینے والے کے لیے بہتر یہ ہے کہ وہ ان الفاظ کی پابندی کرے جو ماثور و منقول ہیں، لیکن اگر اپنی طرف سے تعبیر یا الفاظ میں کچھ اضافہ کرنا ہو تو عمدہ لطیف الفاظ سے دعا دے، لیکن یہ یاد رہے کہ کوئی لفظ یا تعبیر ایسی نہ ہو جو کسی دوسری قوم یا غیر مسلموں سے لی گئی ہو یا زمانۂ جاہلیت کی عکاسی کرتی ہو۔ تاکہ مسلمان ایسے مواقع پر بھی اپنے عقیدے اور اسلامی اصولوں کا پابند رہے۔

ج۔ مبارک باد دینے کے ساتھ ساتھ ہدیہ بھی پیش کرنا مستحب ہے:

جس کے یہاں بچہ پیدا ہو یا جو شخص سفر سے واپس آئے یا جس کی شادی ہو یا اس طرح کی دوسری خوشیوں کے موقعہ پر مستحب یہ ہے کہ مبارک باد پیش کرنے کے ساتھ ساتھ ہدیہ بھی پیش کیا جائے، اس لیے کہ بہت سی احادیث میں ہدیہ دینے پر ابھارا گیا ہے اور اس کی جانب رغبت دلائی گئی ہے، چنانچہ ملاحظہ فرمائیے:

طبرانی و عسکری حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں:

«تهادوا وهاجروا تورثوا أبناءكم مجدًا»۔

ہدیہ دو اور ہجرت کرو تاکہ اپنے بچوں کو باعزت بنا سکو۔

Marfat.com

وأقيلوا الكرام عثراتهم)). اور شریف لوگوں کی لغزشوں سے درگزر کر دیا کرو۔

طبرانی اپنی کتاب "معجم اوسط" میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((یا نساء المؤمنین تهادین ولو فرسن شاة، فإنه ینبت المودة ویذهب الضغائن)). اے مسلمانوں کی عورتو آپس میں ہدیہ دیا کرو چاہے دنبہ (بکری) کا کھر ہی کیوں نہ ہو۔ اس لیے کہ اس سے محبت پیدا ہوتی ہے اور کینہ دور ہو جاتا ہے۔

امام بخاری "الادب المفرد" میں اور امام احمد حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت نقل کرتے ہیں:

((تهادوا فإن الهدیة تذهب وحر الصدر)). ہدیہ دیا کرو اس لیے کہ ہدیہ سینہ کے کینے کو دور کیا کرتا ہے۔

اور دیلمی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں:

((علیکم بالهدایا فإنها تورث المودة وتذهب الضغائن)). ہدیہ دیا کرو اس لیے کہ اس سے محبت پیدا ہوتی ہے اور کینہ و حسد ختم ہو جاتا ہے۔

اور طبرانی "معجم اوسط" میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں:

((تهادوا تحابوا)). آپس میں ایک دوسرے کو ہدیہ دو اور محبت پیدا کرو۔

مندرجہ بالا احادیث سے جب یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ لوگوں کو ایک دوسرے کو بلا کسی موقعہ و مناسبت کے ہدیہ دینا چاہیے تو پھر کسی خوشی کے موقعہ پر ہدیہ دینے کی تاکید تو اور زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ اس لیے کہ اس ہدیہ دینے کا امت کے اتحاد اور جماعتِ مسلمین میں وحدت پیدا کرنے میں بڑا ہاتھ ہے اور اس سے مسلم معاشرے میں محبت و بھائی چارگی کی فضا پیدا کرنے اور اخلاص و بے لوثی پیدا کرنے میں بڑی مدد ملتی ہے۔

اس لیے تربیت کرنے والوں کو چاہیے کہ اپنے خاندانوں اور اولاد میں مبارکبادی کے آداب راسخ کریں، تاکہ وہ دنیاوی زندگی میں اور لوگوں کے ساتھ معاملات کرتے وقت ان چیزوں کے عادی بنیں۔

⑧ بیمار پرسی و عیادت کے آداب

وہ اہم ترین معاشرتی آداب جن کی طرف مربیوں کو بہت توجہ دینی چاہیے اور جن کا اپنے بچوں کو عادی بنانا چاہیئے بیمار کی عیادت کے آداب بھی ہیں، تاکہ بچے میں شروع ہی سے دوسروں کے درد و غم میں شریک ہونے اور دوسروں کی تکلیف کے احساس کرنے کی عادت جاگزین ہو جائے۔ اور یہ بالکل کھلی ہوئی بات ہے کہ جب شروع ہی سے بچوں میں

Marfat.com

یہ وصف پیدا ہو جائے گا اور یہ عادت ان میں جاگزین ہو جائے گی تو وہ محبت ایثار اور ہمدردی میں لگے رہیں گے، بلکہ یہ اوصاف ان میں فطری خلقی اور ایک عادت سی بن جائیں گے، اور پھر وہ کسی حق کی ادائیگی میں کوتاہی نہیں کریں گے، اور کسی فریضہ کی ادائیگی سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، بلکہ قوم کے افراد کے غم اور خوشی میں برابر کے شریک ہوں گے، اور ان کے امور و احوال اور ہموم غموم کا احساس کریں گے، اور ان کے غموں کو بانٹ لیں گے اور خوشی میں اضافے کا ذریعہ بنیں گے، اور بجذبہ وہ منتہی ہے جس کا اسلام خواہاں ہے اور معاشرہ میں اچھی عادات اور اخلاقِ عالیہ اور بلند ظرفی پیدا کرنے اور ان امور کا افراد کو عادی بنانے کے سلسلہ میں اسلام اس کا خواہشمند ہے۔

اس لیے اسلام نے بیمار کی عیادت و بیمار پرسی کا حکم دیا ہے، بلکہ اس عبادت کو مسلمان کا مسلمان پر حق قرار دیا ہے۔

بخاری و مسلم حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بیمار کی عیادت اور جنازے کے ساتھ جانے اور چھینکنے والے کو یرحمک اللہ کہنے اور قسم کھانے والے کی قسم پورا کرنے اور مظلوم کی مدد اور دعوت دینے والے کی دعوت قبول کرنے اور سلام کو عام کرنے کا حکم دیا ہے۔

اور بخاری و مسلم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((حق المسلم على المسلم خمس: رد السلام وعيادة المريض، واتباع الجنائز، وإجابة الداعي، وإفشاء السلام)).

ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر پانچ حق ہیں: سلام کا جواب دینا، بیمار کی بیمار پرسی کرنا، جنازے کیساتھ جانا، دعوت قبول کرنا، اور سلام کا پھیلانا۔

اس وجہ سے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نیک کاموں اور بھلائیوں میں ایک دوسرے سے سبقت لے جاتے تھے ان نیک کاموں میں سے بیمار کی عیادت بھی ہے تاکہ بارگاہِ رب العزت وذوالجلال میں جنت کے اعلیٰ مقام و مرتبہ کے مستحق بنیں۔ چنانچہ امام بخاری "الادب المفرد" میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آج تم میں سے کس نے روزہ رکھا ہے؟ حضرت ابوبکر نے عرض کیا: میں نے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا تم میں سے کس نے آج بیمار کی بیمار پرسی کی ہے؟ حضرت ابوبکر نے عرض کیا: میں نے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا: تم میں سے کون آج کسی جنازے میں شریک ہوا ہے؟ تو حضرت ابوبکر نے فرمایا: میں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا: تم میں سے کس نے آج کسی مسکین کو کھانا کھلایا ہے؟ حضرت ابوبکر نے عرض کیا: میں نے، حدیث کے رواۃ میں سے ایک راوی مروان کہتے ہیں کہ مجھے یہ روایت پہنچی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کسی شخص میں بھی یہ اوصاف جمع نہیں ہوں گے مگر یہ کہ وہ جنت میں داخل ہوگا۔

بیمار کی عیادت کے کچھ آداب ہیں جنہیں ہم ذیل میں ترتیب سے بیان کریں گے:

Marfat.com

الف۔ بیمار پُرسی میں جلدی کرنا

اس لیے کہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا:

((إذا مرض فعدہ))۔ جب وہ (مسلمان) بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت کیجائے۔

اس حدیث کے مطابق مناسب یہ ہے کہ عیادت بیماری کی ابتداء ہی سے ہو۔

لیکن چند احادیث ایسی ہیں جو اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ عیادت تین دن گزرنے کے بعد ہونا چاہیئے اُن احادیث میں سے کچھ درجِ ذیل ہیں:

ابن ماجہ اور بیہقی روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کسی مریض کی عیادت تین دن سے قبل نہ کرتے تھے۔

اور طبرانی "معجم اوسط" میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ تین دن گزرنے کے بعد عیادت کرنا سنت ہے۔

اور اعمش رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ ہم مجلس میں بیٹھا کرتے تھے، اور جب تین دن کوئی شخص مجلس سے غیر حاضر ہوتو ہم اس کے بارے میں دریافت کرتے، پھر اگر وہ بیمار ہوتا تھا تو ہم اس کی عیادت کر لیا کرتے تھے۔ ان احادیث میں تطبیق اس طرح دی جائے گی کہ اگر مرض بہت خطرناک ہو تو فوری عیادت کرنا چاہیے، اور اگر عام بیماری ہو تو مندرجہ بالا احادیث کے مطابق تین دن کے بعد عیادت کرنا چاہیئے۔

ب۔ عیادت کے لیے جانے کی صورت میں کم بیٹھنا یا مریض کی خواہش پر زیادہ دیر تک بیٹھنا:

اگر مریض ایسی خطرناک حالت میں ہو کہ اسے دیکھ بھال اور نگہداشت کرنے والوں کی حاجت ہو۔ اور وہ عورتوں میں سے ہوں، تو ایسی صورت میں بہت مختصر سے وقت میں عیادت کر لینا چاہیے۔ اور اگر بیمار تسلی بخش حالت میں ہو اور عیادت کے لیے آنے والوں سے مانوس ہو اور ان سے گفت شنید سے اس کا دل بہلتا ہو تو ذرا زیادہ دیر تک بیٹھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ و بار مریض کے یہاں جانا تو اس میں بہتر یہ ہے کہ ایک دن چھوڑ کر جایا جائے بشرطیکہ مریض کی حالت بہتر ہو، اس لیے کہ بزار اور بیہقی و طبرانی و حاکم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((زرغبا تزدد حبا))۔ کبھی کبھی ملاقات کیا کرو محبت بڑھے گی۔

اور ابن درید نے کتنا عمدہ شعر کہا ہے:

Marfat.com

عليك بإغباب الزيارة إنها — إذا كثرت كانت إلى الهجر مسلكا
ملاقات کبھی کبھی کیا کرو اس لیے کہ جب ملاقات — بہت زیادہ کی جانے لگے تو وہ جدائی کیلیے راستہ بن جاتی ہے
فإني رأيت الغيث يسأم دائما — ويسأل بالأيدي إذا هو أمسكا
اسلیے کہ میں نے دیکھا ہے کہ جب بارش مسلسل ہو تو لوگ تنگدل ہو جاتے ہیں — اور اگر برسنا بند ہو جائے تو لوگ ہاتھ اٹھا کر دعا مانگتے ہیں

ج۔ مریض کے پاس جا کر اس کیلیے دعا کرنا:

بخاری و مسلم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بعض اہل و عیال کی عیادت کرتے تو اپنا دایاں ہاتھ پھیرتے ہوئے یہ فرماتے:

«اللهم رب الناس، أذهب البأس — اے اللہ لوگوں کے پروردگار، بیماری کو دور کر دیجیے
اشف أنت الشافي، لا شفاء إلا — اور شفا دے دیں آپ ہی شفا بخشنے والے ہیں، حقیقی
شفاؤك، شفاءً لا يغادر سقماً».

اور ابو داؤد و ترمذی و حاکم حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص کسی ایسے بیمار کی عیادت کو جائے جس کی موت کا وقت ابھی نہ آیا ہو اور اس کے پاس جا کر سات مرتبہ یہ پڑھے:

«أسأل الله العظيم رب العرش العظيم — میں عظیم اللہ سے جو کہ عظیم عرش کا رب ہے یہ سوال
أن يشفيك». — کرتا ہوں کہ وہ تمہیں شفاء دے دے۔

مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کو اس بیماری سے شفاء عطا فرما دیتے ہیں۔

د۔ مریض کو یہ یاد دلانا کہ وہ درد و تکلیف کی جگہ اپنا ہاتھ رکھ کر مسنون دعائیں پڑھے:

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابو عبداللہ عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بدن میں درد کی شکایت کی تو رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ اپنا ہاتھ جسم کے اس حصہ پر رکھو جہاں درد ہے اور پھر تین مرتبہ بسم اللہ کہو اور پھر سات مرتبہ "آعوذ بعزة الله وقدرته من شر ما اجدو احاذر" پڑھو یعنی میں اللہ کے عزت و جلال اور قدرت کے ذریعہ سے پناہ مانگتا ہوں اس درد و تکلیف

Marfat.com

کے شر سے جس میں مبتلا ہوں اور جس کا مجھے خوف ہے۔

۸۔ بیمار کے اہل وعیال سے بیمار کی حالت وکیفیت کے بارے میں پوچھتے رہنا:

اسی لیے کہ امام بخاری رحمہ اللہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ان ایام میں تشریف لائے جن دنوں میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم مرض الوفات میں تھے، تو لوگوں نے کہا: اے ابوالحسن (حضرت علی کی کنیت ہے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طبیعت کیسی ہے؛ تو انہوں نے فرمایا، خدا کا شکر ہے پہلے سے اچھے ہیں۔

۹۔ بیمار پرسی کرنے والے کیلیے مستحب یہ ہے کہ بیمار کے سرہانے بیٹھے:

اس لیے کہ بخاری "الادب المفرد" میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی بیمار کی عیادت کو جاتے تو اس کے سر کے پاس تشریف فرما ہو جاتے اور پھر سات مرتبہ یہ فرماتے:

«أسأل الله العظيم رب العرش العظيم أن يشفيك».

میں اس عظیم اللہ سے جو پروردگار ہے عرشے عظیم کا یہ سوال کرتا ہوں کہ وہ تمہیں شفا دے۔

پھر اگر اس بیمار کی زندگی کے ایام باقی ہوتے تھے تو وہ اس بیماری سے شفا پا جاتا تھا۔

ز۔ مریض کو شفایابی اور عمرِ طویل کی دُعا وغیرہ دے کر خوش کرنا:

اس لئے کہ ترمذی اور ابن ماجہ حضرت ابوسعید الخدری سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم کسی بیمار کے پاس جاؤ تو اسے لمبی عمر پانے کے دعا دیا کرو اس لئے کہ اس سے تقدیر تو نہیں بدلتی البتہ مریض کا دل خوش ہو جاتا ہے اور بیمار کو یہ کہہ دینا چاہیے۔ لا باس طهور ان شاء الله (پریشانی کی کوئی بات نہیں ہے خدا نے چاہا تو گناہ سے طہارت کا ذریعہ ہے جیسا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں وارد ہوا ہے۔

ح۔ بیمار پرسی کرنے والوں کو بیمار سے اپنے لئے دعا کی درخواست کرنا چاہیے

اس لئے کہ ابن ماجہ اور ابن السنی حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم کسی بیمار کے پاس جاؤ تو اس سے کہو کہ وہ تمہارے لئے دعا کرے اس لئے کہ اس کا دعا کرنا ایسا ہے جیسا کہ فرشتوں کا دعا کرنا۔

ط۔ بیمار اگر جان کنی کے عالم میں ہو تو اسے کلمہ لاالہ الا اللہ یاد دلانا:

اس لیے کہ امام مسلم رحمہ اللہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:

((لقنوا موتاکم لا إله إلا الله)). اپنے قریب المرگ لوگوں کو لاالہ الا اللہ کی تلقین کیا کرو۔

اور ابو داؤد اور حاکم حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:

((من كان آخر كلامه لا إله إلا الله دخل الجنة)). جس شخص کی آخری بات لاالہ الا اللہ ہو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

مریض کی عیادت کے سلسلہ میں یہ وہ اہم آداب ہیں جو اسلام نے مقرر کیے ہیں اس لیے مربیوں کو چاہیے کہ انہیں نافذ کریں اور اپنی اولاد کو سکھائیں، تاکہ زندگی میں وہ ان کے عادی بنیں اور لوگوں کے ساتھ اسی طرح کا برتاؤ کریں۔

⑨ تعزیت کے آداب

وہ معاشرتی آداب جن کا مربیوں کو اہتمام کرنا چاہیے اور ان کی طرف بھرپور توجہ دینا چاہیے ان میں سے تعزیت کے آداب بھی ہیں، اگر کسی کے عزیز کا انتقال ہو جائے یا کسی کی کوئی عزیز ترین چیز گم جائے تو اس پر تعزیت کرنا چاہیے تعزیت کا مطلب یہ ہے کہ اچھے اور لطیف کلمات اور مسنون دعاؤں کے ذریعہ سے میت کے پسماندگان کو اس طرح سے تعزیت کرنا جس سے ان کا غم کم ہو اور مصیبت کا جھیلنا ان کے لیے آسان ہو جائے، تعزیت کرنا مستحب ہے خواہ ذمی کیوں نہ ہو۔ اس لیے کہ ابن ماجہ و بیہقی حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((ما من مؤمن يعزي أخاه بمصيبته إلا كساه الله عز وجل من حلل الكرامة)). کوئی مؤمن ایسا نہیں ہے کہ جو مصیبت کے موقعہ پر اپنے بھائی سے تعزیت کرے مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اسے اعزاز و اکرام کی پوشاک پہنائیں گے۔

⁂ ⁂ ⁂

اور ترمذی و بیہقی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص کسی مصیبت زدہ سے تعزیت کرتا ہے تو اس کو بھی اس کے برابر اجر و ثواب ملتا ہے

اور مناسب یہ ہے کہ تعزیت گھر کے تمام افراد اور رشتہ داروں چھوٹوں بڑوں عورتوں مردوں سب سے کی جائے (البتہ اجنبی عورتیں اس سے مستثنیٰ ہیں۔ ان سے ان کے اعزہ ہی تعزیت کریں گے) یہ تعزیت خواہ دفن سے پہلے ہو یا دفن کے بعد بشرطیکہ تین دن کے اندر اندر ہو، الا یہ کہ تعزیت کرنے والا یا جس سے تعزیت کی جائے گی وہ موجود نہ ہوں تو ایسی صورت میں تین دن کے بعد تعزیت کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے۔

تعزیت کے بھی کچھ آداب ہیں جن میں سے اہم اہم درج ذیل ہیں:

الف۔ جہاں تک ہو سکے مسنون کلمات سے تعزیت کیجائے:

امام نووی اپنی کتاب "الاذکار" میں لکھتے ہیں: تعزیت کے سب سے بہترین الفاظ وہ ہیں جو صحیح بخاری و مسلم میں حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے مروی ہیں وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک صاحبزادی نے آپ کو بلانے کے لیے پیغام بھیجا کہ ان کا بچہ جان کنی کے عالم میں ہے، تو آپ نے اس پیغام لانے والے سے کہا کہ: جاؤ اور ان سے جا کر یہ کہہ دو:

((إن لله ما أخذ، وله ما أعطى وكل شيء عنده بأجل مسمى، فمرها فلتصبر ولتحتسب)).

بے شک اللہ نے جو واپس لے لیا وہ بھی اس کا ہے اور جو دیا وہ بھی اس کا ہے اور ہر چیز کا اللہ کے یہاں ایک وقت مقرر ہے، اس لیے انہیں جا کر کہدو کہ وہ صبر کریں اور اجر کی امید رکھیں۔

اور امام نووی لکھتے ہیں: تعزیت جن الفاظ سے کرنا چاہیے ان میں کوئی قید نہیں ہے۔ جس لفظ سے بھی تعزیت کی جائے مقصد حاصل ہو جائے گا۔ البتہ ہمارے اصحاب نے یہ مستحب جانا ہے کہ مسلمان دوسرے مسلمان سے تعزیت کرتے ہوئے ان الفاظ کو ادا کرے:

((أعظم الله أجرك، وأحسن عزاءك وغفر لميتك)).

اللہ تعالیٰ تمہارا اجر بڑھائے، اور صبر جمیل کی توفیق دے، اور تمہارے میت کی مغفرت فرمائے۔

اور مسلمان اگر کسی کافر سے تعزیت کرے تو یہ کہے: ((أعظم الله أجرك، وأحسن عزاءك)) اور کافر اگر مسلمان سے تعزیت کرے تو کہے: ((أحسن الله عزاءك وغفر لميتك)) اور اگر کافر کسی کافر سے تعزیت کرے تو کہے: ((أخلف الله عليك)) اللہ تمہیں اس کا بدل دے۔

Marfat.com

ب۔ میت کے گھر والوں کیلیے کھانے کا بندوبست کرنا:

شریعتِ اسلام نے یہ مستحب قرار دیا ہے کہ میت کے گھر والوں کے لیے کھانے کا بندوبست کیا جائے، اس لیے کہ یہ نیکی واحسان میں داخل ہے، اور اس سے امت کے افراد کا رابطہ قوی ومضبوط ہوتا ہے، اور اس لیے بھی کہ میت والے جنازے وغیرہ کے امور میں مشغول ہوں گے، اور اس حادثہ کی وجہ سے شکستہ دل ہوں گے، ابوداؤد، ابن ماجہ اور ترمذی حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آل جعفر کے لیے کھانا بنالو[1] اس لیے کہ ان پر ایک ایسی مصیبت آن پڑی ہے جو انہیں اس سے غافل کر دے گی، ائمہ کرام کا اس پر اتفاق ہے کہ میت کے گھر والوں کا ان لوگوں کے لیے کھانا پکوانا مکروہ ہے جو تعزیت وغیرہ کے لیے آتے ہیں، اس لیے کہ حضرت جریر کی حدیث میں آتا ہے کہ ہم میت کے اہل وعیال کے یہاں اکٹھے ہونے، اور دفن کے بعد کھلانے کے لیے کھانا بنانے کو نوحہ میں شمار کیا کرتے تھے[2]۔

بعض لوگ تعزیت کے دوران کھانا بنواتے ہیں یا دعوت دیتے ہیں یہ نہایت بدترین بدعت ہے جس کا شریعت میں کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ اس لیے اگر تعزیت کرنے والے کو کسی قسم کی دعوت وضیافت دی جائے تو اسے اس کو قطعاً رد کر دینا چاہیے، کیوں کہ یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے اور اسلامی آداب کے منافی ہے۔

ج۔ جس سے تعزیت وغم خواری کرنا ہے اس سے غم واندوہ کا اظہار کرنا:

اور وہ اس طرح کہ اگر وہاں قرآن کی تلاوت ہو رہی ہو تو خشوع وخضوع سے کان لگا کر سنے، اور ایسی حدیثیں بیان کرے جو مصائب سے متعلق ہوں، اور ماثور ومنقول الفاظ سے تعزیت کے الفاظ ادا کرے، اور اسی طرح کے اور ایسے کلمات ادا کرے جو موقع کی مناسبت اور تعزیت سے ربط رکھتے ہوں۔

لیکن مسکرانا یا ہنسنا یا فضول لغو باتیں کرنا یا غیر مناسب اور غیر متعلق قسم کی باتیں کرنا، یا ہنسانے والی باتیں کرنا یہ مصیبت زدہ کے سامنے بے ادبی اور اساءتِ ادب ہے۔ اور ایسی صورت میں ایسا شخص چاہے سمجھے یا نہ سمجھے گناہ میں ضرور گرفتار ہوگا۔

اس لیے میت پر اظہارِ ترحم اور غم وملال کا اظہار اور اس کے مناقب کا بیان کرنا ہی وہ بہترین طریقہ ہے جس

---

[1] آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آلِ جعفر کو جب جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے غزوہ موتہ میں شہید ہونے کی اطلاع دی تو اس وقت اپنے گھر والوں کو ان کے لیے کھانے کا بندوبست کرنے کا حکم دیا۔

[2] فقہاء نے اس سے ان لوگوں کو مستثنیٰ کیا ہے جو تعزیت کے لیے دور دراز سے آتے ہوں اور میت والوں کے لیے اس کے سوا کوئی چارہ نہ ہو کہ ان کی ضیافت کریں۔

Marfat.com

سے اہلِ میت کے ساتھ تعزیت کی جاسکتی ہے، اور سلفِ صالحین اسی طرح کیا کرتے تھے اور اسی انداز سے غم خواری و تعزیت کرتے تھے چنانچہ ابوداؤد و نسائی حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے ایک طویل حدیث نقل کرتے ہیں جس میں آتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ سے پوچھا: اے فاطمہ تم گھر سے کس کام کے لیے نکلی تھیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ ان لوگوں کے یہاں گئی تھی جن کے یہاں فلاں صاحب کا انتقال ہوگیا تھا، ان سے ہمدردی کا اظہار کیا اور میت کی تعزیت کی۔

د۔ کسی منکر کو دیکھ کر عمدگی سے نصیحت کرنا:

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ تعزیت کرنے والا جب کسی کے گھر تعزیت کو جاتا ہے تو وہاں خلافِ شرع اور ناپسندیدہ اشیاء کا مشاہدہ کرتا ہے مثلاً مرنے والے کی تصویر یا تلاوتِ قرآن کے وقت سگریٹ نوشی، یا غمناک موسیقی۔ یا تعزیت کے لیے آنے والوں کے لیے کھانا پیش کرنا، یا اس کے علاوہ اور ایسی منکر چیزیں جو دین میں ممنوع ہیں، بتلائیے ایسے صورت میں تعزیت کرنے والے کا کیا موقف ہونا چاہیئے؟ یا ایسی صورت میں اسلام اس پر کیا فریضہ عائد کرتا ہے؟

ایسے شخص کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ خیر خواہی کے انداز میں جرأت مندی سے حق بات کہہ دے اور حق کہنے میں کسی ملامت کرنے والے کی مطلق پرواہ نہ کرے، اور نہ ایسے موقعہ کی نزاکت حق کہنے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فریضہ سے مانع بنے، اور لوگوں کا ڈر اسے نصیحت کرنے اور صحیح بات کہنے اور بری بات سے روکنے میں رکاوٹ نہ بنے، اس لیے کہ اللہ ہی اس لائق ہے کہ اس سے ڈرا جائے۔

ابنِ ماجہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص اپنے آپ کو حقیر نہ سمجھے، صحابہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ہم میں سے کوئی شخص اپنے آپ کو حقیر کیسے سمجھے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس طرح کہ وہ یہ سمجھے کہ اس کو فلاں بات کہنا چاہیئے لیکن اس موقعہ پر وہ بات نہ کرے اور اللہ تعالیٰ اس سے قیامت کے روز یہ فرمائے: بتلاؤ تمہیں میرے سلسلہ میں فلاں فلاں بات کہنے سے کون سی چیز مانع تھی؟ وہ شخص کہے گا: لوگوں کا خوف وڈر، تو اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: تو مجھ سے ڈرنے کا زیادہ مستحق تھا۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے صحابہ سے بیعت لیا کرتے تھے تو ان سے اس بات پر بیعت لیتے تھے کہ وہ فرمانبرداری واطاعت کریں گے اور ہر مسلمان کے ساتھ خیر خواہی کریں گے چنانچہ بخاری و مسلم حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک پر فرمانبرداری واطاعت اور ہر مسلمان کے ساتھ خیر خواہی کرنے پر بیعت کی۔

Marfat.com

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو جو برائیوں کو بدل سکتے ہیں لیکن پھر بھی ان کے مٹانے کی کوشش نہیں کرتے ایسے لوگوں کو مرنے سے پہلے اللہ کے عذاب میں گرفتار ہونے سے ڈرایا ہے، چنانچہ ابوداؤد حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ:

« ما من رجل یکون فی قوم یعمل فیهم بالمعاصی یقدرون أن یغیروا علیه ولا یغیرون إلا أصابهم الله منه بعقاب قبل أن یموتوا ».

کوئی شخص ایسا نہیں ہے کہ جو کسی ایسی قوم میں گناہ کرے جو اس کو اس سے روکنے کی قدرت رکھتے ہوں اور پھر بھی اس شخص کو اس سے نہ روکیں مگر یہ کہ اللہ انہیں اس کی وجہ سے مرنے سے پہلے عذاب دے گا۔

بلاشبہ اچھی باتوں کا حکم دینا نرمی اور پیار اور اچھے طریقے، مناسب حکیمانہ انداز سے ہونا چاہیے، تاکہ قلوب وعظ و نصیحت سنیں اور نفوس پر اس کا اثر ہو۔ اور بسا اوقات اخلاص و حکمت نرم انداز سے کہی گئی ایک بات بھی سننے والے کو ایک دوسرے قسم کا انسان بنا دیتی ہے، اور وہ اللہ کے نیک صالح مومن بندوں میں سے بن جاتا ہے اللہ جل شانہ نے بالکل درست فرمایا ہے:

« اُدْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُم بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ». النحل - ۱۲۵

بلائیے اپنے رب کی راہ پر پکی باتیں سمجھا کر اور بھلی طرح نصیحت سنا کر، اور الزام دیجیے ان کو جس طرح بہتر ہو۔

تعزیت کے آداب کے سلسلہ میں یہ وہ اہم قواعد ہیں جو اسلام نے مقرر کیے ہیں، اس لیے مربیوں کو چاہیے کہ اپنے بچوں کی ان کی طرف رہنمائی کریں تاکہ لوگوں کے ساتھ معاملات اور معاشرتی زندگی میں وہ ان کے عادی بنیں۔

(۱۰) چھینک اور جمائی کے آداب

وہ معاشرتی آداب جن کا اسلام نے حکم دیا ہے اور لوگوں کو ان کے اپنانے پر ابھارا ہے ان میں سے چھینک اور جمائی کے آداب بھی ہیں، مربیوں کو اپنے بچوں کو یہ آداب سکھانا چاہیے اور ان کا بہت اہتمام و خیال رکھنا چاہیے، تاکہ ان آداب پر عمل کر کے اور ان اخلاق سے متصف ہو کر بچے اچھے اور شاندار روپ میں ظاہر ہوں۔

چھینک کے وہ آداب کیا ہیں جن کی طرف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے رہنمائی کی ہے؟

الف۔ حمد وثناء اور ہدایت ورحمت کے الفاظ کا پابند ہونا جیسا کہ احادیث سے ثابت ہے:

امام بخاری حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو وہ: الحمد للہ کہے اور اس کا بھائی یا ساتھی اس کے جواب میں: یرحمک اللہ کہے، جب اس کو (اس کا ساتھی) یرحمک اللہ کہے تو اسے چاہیے کہ وہ: ((یھدیکم اللہ ویصلح بالکم)) کہے یعنی اللہ آپ کو ہدایت دے اور آپ کی حالت درست کرے۔ اور ابوداؤد وترمذی کی روایت میں آتا ہے کہ وہ اسے: ((یغفر اللہ لنا ولکم)) کہے یعنی اللہ ہماری اور تمہاری مغفرت کرے۔

ان احادیث سے مندرجہ ذیل امور ثابت ہوتے ہیں:

چھینکنے والا الحمد للہ یا الحمد للہ رب العالمین یا الحمد للہ علی کل حال[1] کہے۔

اور اس کا ساتھی اسے: یرحمک اللہ کہے۔

اور چھینکنے والا اس کے جواب میں: یھدیکم اللہ ویصلح بالکم یا یغفر اللہ لنا ولکم کہے۔

مسلمان کو ان کلمات کی پابندی کرنا چاہیے اس لیے کہ یہ کلمات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں۔

ب۔ اگر چھینکنے والا الحمد للہ نہ کہے تو اس کا جواب نہ دیا جائے:

اس لیے کہ امام مسلم رحمہ اللہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا:

((إذا عطس أحدکم فحمد اللہ فشمتوہ فإذا لم یحمد اللہ فلا تشمتوہ)).

جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے اور وہ الحمد للہ کہے تو اس کو جواب دو، اور اگر وہ الحمد للہ نہ کہے تو اس کو چھینک کا جواب نہ دو۔

* * *

اور بخاری ومسلم حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود دو آدمیوں کو چھینک آئی، ان میں سے ایک کو آپ نے چھینک کا جواب دیا دوسرے کو نہ دیا، جس کو آپ نے جواب نہ دیا تھا اس نے عرض کیا کہ: فلاں آدمی کو چھینک آئی تو آپ نے اس کو جواب دیا اور مجھے چھینک

---

[1] جیسا کہ یہ الفاظ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی بعض روایات میں منقول ہیں، ملاحظہ ہو امام نووی کی کتاب الاذکار کا باب چھینک آنے والے کا جواب اور چھائی کا حکم۔

Marfat.com

آئی تو آپ نے جواب نہ دیا؟ تو رسولِ اکرم علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

((ھذا حمد اللہ وانت لم تحمد اللہ)). اس نے تو الحمدللہ کہا تھا اور تم نے الحمدللہ نہیں کہا

حاضرین میں سے اگر کوئی صاحب الحمدللہ کہہ دیں تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں تاکہ چھینکنے والے کو چھینک کے بعد الحمدللہ یاد آجائے۔

ج۔ چھینک کے وقت منہ پر ہاتھ یا رومال رکھ لینا چاہیے اور جہاں تک ہوسکے آواز کو دبانا چاہیے:

اس لیے کہ ابوداؤد و ترمذی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب چھینک آتی تھی تو آپ اپنا ہاتھ یا کپڑا منہ پر رکھ لیا کرتے تھے اور اس کے ذریعہ سے آواز کو پست کر لیا کرتے تھے۔

اور ابن السنی حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ چھینک اور جمائی لینے میں آواز کو بلند کرنے کو ناپسند رکھتے ہیں۔

د۔ تین مرتبہ چھینک آنے تک جواب دینا:

اگر کسی شخص کو مسلسل بار بار چھینک آئے تو ایسی صورت میں سنت یہ ہے کہ سننے والا اسے تین مرتبہ تک جواب دے اس لیے کہ مسلم و ابوداؤد و ترمذی حضرت سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک صاحب کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے چھینک آئی۔ میں وہیں موجود تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے جواب میں یرحمک اللہ فرمایا، انہیں دوبارہ چھینک آئی یا تیسری مرتبہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

یرحمک اللہ، ان صاحب کو زکام ہوگیا ہے۔

تین مرتبہ کے بعد جواب نہیں دینا چاہیے اس لیے کہ ابن السنی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو اس کے ہم نشین کو یرحمک اللہ کہنا چاہیے، اور جب وہ تین مرتبہ سے زیادہ چھینکے تو اسے مزکوم (زکام زدہ) کہنا چاہیئے، اور تین مرتبہ کے بعد یرحمک اللہ نہیں کہنا چاہیئے۔

بہت سے علماء نے یہ مستحب بتلایا ہے کہ تین مرتبہ چھینک آنے پر اس کے ساتھی اس کے لیے صحت و سلامتی کی دعا کریں، اور اس کو یرحمک اللہ نہ کہا جائے۔

۸ - غیر مسلم کو چھینک آنے پر یہدیکم اللہ کے ذریعہ سے جواب دینا چاہیئے :

اس لیے کہ ابوداؤد و ترمذی حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ یہودی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس قصداً چھینکا کرتے تھے تاکہ آپ ان کی چھینک کے جواب میں انہیں یرحمکم اللہ فرمادیں، آپ انہیں جواب میں: یہدیکم اللہ ویصلح بالکم (اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہاری اصلاح کرے) فرمایا کرتے تھے۔

و - اجنبی جوان عورت کی چھینک کا جواب نہیں دیا جائے گا :

اکثر علماء و مجتہدین کا مذہب یہ ہے کہ اگر اجنبی عورت کو چھینک آئے تو اس کی چھینک کا جواب دینا مکروہِ تحریمی ہے ہاں اگر کوئی بوڑھی عورت ہو تو مکروہ نہیں۔

ابن الجوزی فرماتے ہیں کہ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ ان کے پاس ایک عابد بیٹھے تھے کہ امام احمد کی اہلیہ کو چھینک آئی تو ان عابد نے جواب میں یرحمک اللہ کہا، تو امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ جاہل عابد ہے۔ ان کی مراد یہ تھی کہ ان عابد کو یہ مسئلہ معلوم نہیں ہے کہ اجنبی عورت کی چھینک کا جواب دینا مکروہ ہے۔

جمائی کے آداب درجِ ذیل ہیں :

الف - جہاں تک ہو سکے جمائی کو دبایا جائے :

اس لیے کہ امام بخاری حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند کرتے ہیں اور جمائی کو ناپسند فرماتے ہیں، لہٰذا جب تم میں سے کسی شخص کو چھینک آئے اور وہ الحمدللہ کہے تو جو شخص بھی اسے سنے اس پر لازم ہے کہ وہ اسکے جواب میں یرحمک اللہ کہے لیکن جمائی شیطان کے اثر سے آتی ہے لہٰذا جب تم میں سے کسی شخص کو جمائی آنے لگے تو جہاں تک ہو سکے اس شخص کو روکنا چاہیے، اس لیے کہ جب تم میں سے کوئی شخص جمائی لیتا ہے تو شیطان اس پر ہنستا ہے۔

ب - جمائی کے آتے وقت منہ پر ہاتھ رکھ لینا چاہیئے :

اس لیے کہ امام مسلم حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کسی شخص کو جمائی آئے تو اسے اپنا ہاتھ منہ پر رکھ لینا چاہیئے، اس

لیے کہ شیطان داخل ہو جاتا ہے۔

اکثر علماء و مجتہدین کا مذہب یہ ہے کہ جمائی کے وقت منہ پر ہاتھ کا رکھنا مستحب ہے چاہے جمائی نماز کی حالت میں آئے یا نماز کے باہر۔

ج۔ جمائی کے وقت آواز بلند کرنا مکروہ ہے:

اس لیے کہ امام مسلم اور احمد و ترمذی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند کرتا ہے اور جمائی کو ناپسند، لہٰذا جب تم میں سے کسی شخص کو جمائی آئے تو اسے: ہاہ، ہاہ نہیں کہنا چاہیئے اس لیے کہ یہ شیطانی اثر کی وجہ سے ہوتا ہے جس کو سن کر وہ ہنستا ہے۔

اور ابن السنی حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ چھینک اور جمائی میں آواز بلند کرنے کو پسند نہیں فرماتے۔

فائدہ: سلفِ صالحین سے مروی ہے کہ جس شخص کو جمائی آرہی ہو وہ یہ تصور کرلے کہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کو کبھی جمائی نہیں آئی خدا نے چاہا تو جمائی آنا رک جائے گی۔

چھینک اور جمائی کے سلسلہ میں جو قواعد و آداب اسلام نے مقرر کیے ہیں ان میں سے یہ اہم اہم قواعد تھے، لہٰذا مربیوں کو چاہیے کہ اپنے خاندانوں، اولاد اور گھر والوں میں ان کو رائج کریں، تاکہ وہ سب بھی اپنی معاشرتی و اجتماعی زندگی اور لوگوں کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے میں ان کے عادی بنیں۔

:SSSSSSSSSSSSSSSSSS

معاشرتی و اجتماعی آداب اور میل ملاقات کے اصول و ضوابط میں سے یہ اہم آداب و قواعد تھے۔

مسلمان جب ان آداب کو عملی جامہ پہناتا ہے اور معاشرہ میں عملی طور سے ان کی تطبیق دیتا ہے، اور اپنے کردار سے انہیں پیدا کر دکھاتا ہے تو ایسی صورت میں وہ کتنا محترم اور کتنا معزز و قابلِ احترام بن جاتا ہے۔

اور مسلمان جب کھانے پینے، سلام و اجازت طلب کرنے، اور اٹھنے بیٹھنے، بات کرنے، مذاق و دل لگی، مبارکباد دینے، تعزیت کرنے، چھینکنے اور جمائی کے آداب پہچان لیتا ہے تو اخلاق و کردار کی کتنی عظیم بلندیوں پر پہنچ جاتا ہے:: اور یہ وہ آداب ہیں جنہیں اسلام نے چھوٹے بڑے، اور عورت و مرد، اور حاکم و محکوم، اور امیر اور بازاری، اور عالم و جاہل سب پر واجب و لازم کیا ہے، تاکہ مسلمانوں میں باوجود اختلافِ جنس و زبان اور ثقافت و الوان کے تغایر کے باوجود، انسانی وجود میں باکمال معاشرے کی علامات کھلی آنکھوں سے متجسد و موجود نظر آئیں۔

اور واقعۃً ایک طویل زمانے تک یہ آداب مسلمان معاشرہ میں مجسم موجود رہے، جب مسلمانوں کی اپنی حکومت

اور بادشاہت اور مملکت و تشخص تھا، اس وقت جب کہ مسلمان خلیفہ وحاکم یہ آداب لازم قرار دیا کرتا تھا، اور اس بات کی نگرانی کرتا تھا کہ کون ان کو عملی تطبیق دے رہا ہے اور کون اس سلسلہ میں کوتاہی کر رہا ہے، اس وقت جبکہ اسلامی معاشرہ ایک دوسرے کی خیر خواہی اور بھلائی ایک دوسرے کا معاون و مددگار اور ہاتھ بٹانے والا ہوتا تھا: اور ایک دوسرے کے حالات کا باریک بینی سے جائزہ لیا کرتا تھا، اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ ادا کرتا تھا.. یہ وہ دور تھا جس میں لوگ فوج در فوج دین اسلام میں داخل ہوا کرتے تھے، جس کی وجہ یہ تھی کہ جب لوگ مسلمانوں کو دیکھتے تھے تو اسلام کو ان کے عادات و اخلاق میں عملی شکل میں موجود پاتے تھے، اور اسلام ان کے طور طریقوں اور حالات میں متمثل ہوا کرتا تھا، اور لینے دینے و دیگر معاملات میں نمایاں و کھلا ہوا ہوتا تھا، جس کا طبعی اثر یہ ہوتا تھا کہ لوگ اسلامی عدل و انصاف کو قبول کرتے تھے اور خوشی خوشی اسلام کے ابدی پیغام پر ایمان لاتے تھے، یہ ہیں مسلمانوں کے اخلاق اور ان کے معاشرتی آداب.

اصولی اور صحیح بات یہ ہے کہ اس اُمت کے آخری زمانے والوں کی اصلاح بھی اسی سے ہوگی جس سے پہلے والوں کی اصلاح ہوئی تھی، اس لیے آج کے مربیوں کو چاہیے کہ وہ اپنے عزائم بلند رکھیں، ہمتیں تیز کر دیں: اور قوی کو مجتمع رکھیں، اور اس مسلمان معاشرے اور نئی پود میں ان شاندار معاشرتی آداب کے پیدا کرنے اور ان کو ان کا عادی بنانے کے لیے اپنی بلند ہمتی اور قوتِ عزم سے کام لیں، اور ان کے بچپن ہی سے عملی مجاہدے کا آغاز کر دیں، تاکہ حسبِ منشا نتیجہ حاصل ہو، اور شاندار پھل حاصل ہو، ان کے اس مجاہدے کا اللہ ان کو بڑا اجر دے گا اور اگر انہوں نے اپنی اس ذمہ داری کو پورا کر لیا اور اپنے فرض کو ادا کر لیا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز ـــــ ان کے لیے زبردست اجر و ثواب مقرر کر دے گا، اللہ تعالیٰ مخلص و سچے عاملین کو بہت اچھا بدلہ دیتا ہے اور اچھے کام کرنے والوں کے اجر کو ہرگز ضائع نہیں کرتا۔

اخیر میں مناسب سمجھتا ہوں کہ دو اہم مسائل کی طرف اشارہ کرتا چلوں:

الف ۔ جن معاشرتی آداب کا پہلے تذکرہ ہو چکا ہے ان کا اہتمام اسلام اور مسلمانوں کے سوا کسی دین یا عقیدہ یا مذہب و معاشرہ نے نہیں کیا.

ب ۔ یہ آداب اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ اسلام ایک ایسا عظیم الشان معاشرتی دین ہے جو تمام انسانی معاشروں کی اصلاح کے لیے بھیجا گیا ہے وہ صرف انفرادی دین نہیں ہے اور نہ کوئی کاہنوں کا قانون ہے، اور نہ ہی دینِ اسلام کا تمدنی دین یا نام کا مذہب ہے:

((هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ

یہ تو اللہ کی مخلوق ہوئی اب مجھے دکھاؤ کہ اس (اللہ) کے علاوہ جو ہیں انہوں نے کیا چیزیں پیدا کی ہیں، اصل یہ ہے

Marfat.com

ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ)). تقمن - ۱۱ کہ ظالم لوگ صریح گمراہی میں (مبتلا) ہیں۔

رابعاً۔ نگرانی اور معاشرتی تنقید

بچے کی کردار سازی اور معاشرتی سطح پر اس کی تربیت کے اہم ترین اجتماعی و معاشرتی بنیادی اصولوں میں سے یہ بھی ہے کہ بچے کو شروع ہی سے اس بات کا عادی بنا دیا جائے کہ وہ معاشرہ پر نظر رکھے اور موقعہ بموقعہ ضرورت کیمطابق تنقید و اصلاح کرتا رہے اور جن کے ساتھ اٹھتا بیٹھتا ہے یا جن کے ساتھ اس کا تعاون یا میل جول ہے، ان کی خیر خواہی و اصلاح کے لیے کوشاں رہے اور جس شخص میں بھی انحراف یا شذوذ محسوس ہو اس کے ساتھ خیر خواہی و نصیحت کرتا رہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ بچے کو شروع ہی سے اسلام کے اس بنیادی اہم قاعدے اور اصول کا عادی بنا دیا جائے جو اس پر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے سلسلہ میں عائد ہوتا ہے۔ جو اسلام کے ان اساسی قواعد میں سے ہے جو عوامی رائے کی حفاظت اور فساد و انحراف سے جنگ اور امتِ اسلامیہ کے کارناموں اور تشخصات اور اعلیٰ اخلاق کی حفاظت کے لیے مقرر کیے گیے ہیں۔

اس لیے ہمیں ایسے مربیوں کی سخت ضرورت ہے جو حقیقت پسند و فرض شناس ہوں، جو بچے کے آنکھ کھولتے ہی اس میں جرأت و شجاعت و حق گوئی کی صفت پیدا کر دیں، تاکہ بچہ جب اس عمر کو پہنچ جائے جس میں اس میں نقد و تنقید، نصیحت و خیر خواہی، اور قول و فعل کی اہلیت پیدا ہو جائے تو وہ عمدگی سے نصیحت و خیر خواہی اور تنقید و نقد کے اپنے فریضے کو انجام دے سکے، بلکہ دعوت الی اللہ کے میدان کا شہسوار اور اسلام کی دعوت و پیغام پہنچانے کا سپاہی، اور کجی و انحراف دور کرنے والا بن جائے: اور اس سلسلہ میں اسے نہ کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ ہو، اور نہ کوئی ظالم و جابر اسے کلمۂ حق کہنے سے روک سکے۔

لیکن سوچنے کی بات یہ ہے کہ وہ اصول و مراحل کیا ہیں جو بچے میں جانچنے پرکھنے، نقد و تنقید اور رائے عامہ کی حفاظت کا مادہ پیدا کر دیں؟

میں اب ان اہم اصولوں اور مراحل کو مربیوں کے سامنے پیش کرتا ہوں، تاکہ وہ تربیت اور شخصیات کی تیاری اور افراد کے بنانے کے سلسلہ میں اپنے فریضے کو ادا کر سکیں:

۱۔ رائے عامہ کی حفاظت ایک معاشرتی ذمہ داری ہے:

اسلام نے رائے عامہ کی حفاظت کو فرض قرار دیا ہے جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی شکل میں تمام امت کو شامل و محیط ہے چاہے ان میں انواع اقسام کا کتنا ہی اختلاف کیوں نہ ہو اور اس سلسلہ میں ان میں نہ کوئی امتیاز ہے

Marfat.com

نہ تفریق، یہ فریضہ اسلام نے حکام و علماء، عوام و خواص مرد و عورت، جوان و بوڑھے، چھوٹے اور بڑے، ملازمین و افسران سب پر برابر کا فرض کیا ہے اور اس ذمہ داری کو ایک ایسی معاشرتی ذمہ داری قرار دیا ہے جس سے کوئی انسان بھی مستثنیٰ نہیں ہے ہر شخص پر اس کی حیثیت و طاقت اور ایمان کے مطابق یہ فریضہ عائد ہوتا ہے۔

اس کی بنیادی دلیل اور اساس اللہ تعالیٰ کا فرمانِ ذیل ہے:

﴿ كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ ﴾۔ آل عمران - ۱۱۰

تم ان سب امتوں سے بہتر ہو جو عالم میں بھیجی گئی ہیں اچھے کاموں کا حکم کرتے ہو اور برے کاموں سے منع کرتے ہو اور اللہ پر ایمان لاتے ہو۔

اور مسلمانوں کے اجتماعی و معاشرتی فریضے کے سلسلہ میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿ وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَيُطِيعُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ أُولَٰئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللَّهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ ﴾۔ التوبہ - ۷۱

اور ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں ایک دوسرے کے مددگار ہیں۔ نیک بات سکھلاتے ہیں اور بری بات سے منع کرتے ہیں، اور نماز قائم رکھتے ہیں۔ اور زکاۃ دیتے ہیں، اور اللہ اور اس کے رسول کے حکم پر چلتے ہیں، وہی لوگ ہیں جن پر اللہ رحم کرے گا بے شک اللہ زبردست ہے حکمت والا۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ہر اس شخص سے جو مسلمانوں کی جماعت میں شامل ہو جب بیعت لیا کرتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے تنگی و فراخی خوشی و ناخوشی دونوں حالتوں میں فرمانبرداری و اطاعت کی بیعت لیتے تھے، اور ساتھ ہی یہ بھی وعدہ لیا کرتے تھے کہ وہ جہاں بھی ہوں گے حق بات کہیں گے اور حق بات اور اللہ کا پیغام پہنچانے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی قطعاً پرواہ نہ کریں۔

امام بخاری و مسلم حضرت عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر تنگی و فراخی، خوشی و ناخوشی ہر حالت میں اطاعت و فرمانبرداری پر بیعت کی، اور اس پر بھی کہ اگر ہم پر کسی دوسرے کو ترجیح دی گئی تو ہم اسے برداشت کریں گے، اور حکام کے خلاف بغاوت نہ کریں گے مگر یہ کہ ہم ایسا کھلا ہوا کفر دیکھ لیں جس کی مخالفت کرنے کی ہماری پاس من جانب اللہ برہان و دلیل ہو، اور اسی پر بھی بیعت کی کہ ہم جہاں بھی ہوں گے حق بات کہیں گے اور اللہ کا پیغام پہنچانے میں کسی ملامت کرنے والے کی قطعاً پرواہ نہ کریں گے۔

معاشرے کو افراد پر اور افراد کو معاشرے پر جو نظر رکھنا چاہیے اس کی مثال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

Marfat.com

ایک کشتی کے ساتھ دی ہے تا کہ ہر مسلمان اپنے معاشرتی واجتماعی فریضہ دیکھ بھال ونگرانی کو محسوس کرے اور اس کے مزید تاکید ہو جائے اور ظالم کے ہاتھ کو پکڑ لیا جائے تا کہ امت کا عقیدہ واخلاق محفوظ رہے اور اس وجود وتشخص برقرار رہے اور وہ دوسروں کے ہاتھ میں کھلونا بننے اور ظالموں وجابروں کے پنجہ استبدار میں جانے سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے محفوظ ہو جائے' امام بخاری وترمذی حضرت نعمان بن بشیرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس شخص کی مثال جو اللہ کی حدود پر قائم ہو اور اس کے مثال جو اللہ کی حدود کی خلاف ورزی کرتا ہو اس قوم کی طرح ہے جو کشتی میں قرعہ اندازی سے سوار ہوئی ہو اور بعض اوراوپر لی منزل ملی ہو اور بعض کو نچلی' جو لوگ نچلی منزل میں ہوں وہ پانی لینے کے لئے اوپر کی منزل والوں کے پاس سے گزرتے ہوں اگر نچلی منزل والے یہ سوچ لیں کہ اگر ہم اپنی منزل میں سوراخ کر لیں اور اوپر والوں کو تکلیف نہ دیا کریں تو ایسی صورت حال میں اوپر کی منزل والے ان کو یہ سوراخ کر لینے دیں تو سب کے سب ہلاک ہو جائیں گے۔ اور اگر اوپر والے ان کا ہاتھ پکڑ لیں (اور ان کو سوراخ نہ کرنے دیں) وہ خود بھی بچ جائیں گے اور دوسرں کو بھی بچا لیں گے۔

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر امت اسلامیہ کے تما افراد پر واجب ولازم ہے اور یہ ہر مسلم فرد پر اجتماعی ومعاشرتی فریضہ ہے اس کی تاکید اس سے بھی ہوتی ہے کہ بنی اسرائیل اس لئے لعنت کے مستحق بنے کہ انہوں نے ایک دوسرے کو برائی سے نہ روکا' اور کوئی انسان بھی اللہ کی لعنت کا مستحق اس وقت تک نہیں بنتا جب تک کہ کسی ایک فریضے کو ترک نہ کرے جو اس کے ذمہ فرض ہو اس لئے

آیت

﴿لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ﴾ مائدہ۔۸ بنی اسرائیل میں کافر ملعون ہوئے۔

اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اچھی باتوں کا حکم دینا اور بری باتوں سے روکنا ہر مسلمان مرد وعورت جوان وبوڑھے اور چھوٹے بڑے پر فرض ہے۔ اور اس کے واجب ہونے پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا درج ذیل فرمان مبارک بھی دلالت کرتا ہے۔ جسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے۔ کہ جب بنی اسرائیل گناہوں میں پڑ گئے ان کے علماء نے انہیں ان سے روکا لیکن وہ لوگ باز نہ آئے اور ان کے علماء پھر بھی ان کے ساتھ مجالس میں شریک ہوتے رہے۔ اور خرد ونوش میں شریک رہے تو اللہ نے ان کے دل ایک جیسے کر دیئے۔ اور ان پر حضرت داؤد وحضرت عیسیٰ ابن مریمؑ کے زبانی لعنت بھیجی' جس کی اصل وجہ ان کی نافرمانی اور حد سے تجاوز کرنا تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ٹیک لگائے آرام فرماتے ہوئے سیدھے بیٹھ گئے اور ارشاد فرمایا کہ نہیں قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے۔ جب تک کہ تم انہیں حق پر اچھی طرح سے مجبور نہ کر دو۔

اس فریضے کے واجب ہونے کی مزید تاکید اس سے بھی ہوتی ہے کہ ہر وہ شخص جو اسلام کی خاطر اور معاشرہ کی اصلاح ودرستگی کے لئے اور مفسدین اور فتنہ پردازوں کی سرکوبی کے فریضے سے پیچھے ہٹا وہ بھی ہلاک ہونے والوں کے ساتھ ہلاک ہوا

Marfat.com

چنانچہ بخاری و مسلم حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس نہایت گھبراہٹ کے عالم میں تشریف لائے اور آپ یہ فرما رہے تھے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، ہلاکت ہو عربوں کے لیے اس شر سے جو قریب آچکا ہے، آج کے دن یاجوج وماجوج کی سد میں اتنا سوراخ ہو گیا ہے اور آپ نے انگوٹھے اور اس کے برابر والی انگلی سے حلقہ بنا کر اشارہ کیا، تو میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول کیا ہم اس وقت بھی ہلاک کیے جاسکتے ہیں جب ہم میں نیک لوگ موجود ہوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں! جب برائیاں عام ہو جائیں۔

اس کے واجب ہونے کی مزید تاکید اس سے بھی ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ امت میں سے کسی بھی فرد کی حتیٰ کہ صلحاء واتقیاء کی دعا بھی قبول نہیں فرماتے اس لیے کہ انہوں نے گمراہوں کی رہنمائی وہدایت اور ظالموں کی مقاومت ومقابلے کے فریضہ سے روگردانی کی تھی چنانچہ امام ترمذی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے تم امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ضرور کرو ورنہ قریب ہے کہ اللہ تم پر عذاب نازل فرما دے اور پھر تم دعا مانگو تو اسے بھی قبول نہ کرے۔

اور ابن ماجہ وابن حبان حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، میں نے چہرہ دیکھ کر سمجھ لیا کہ کوئی معاملہ درپیش ہے۔ آپ نے وضو کیا اور کسی سے کوئی بات نہ کی، میں کمرے کی دیوار سے لگ کر کھڑی ہو گئی تاکہ آپ کی گفتگو سن سکوں، چنانچہ آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی اور فرمایا: اے لوگو: اللہ تعالیٰ تم سے ارشاد فرماتا ہے کہ تم اچھی باتوں کا حکم دیتے رہو، اور بری باتوں سے روکتے رہو اس سے قبل کہ تم مجھ سے دعا مانگو اور میں تمہاری دعا قبول نہ کروں، اور تم مجھ سے سوال کرو اور میں عطا نہ کروں، اور تم مجھ سے مدد طلب کرو اور میں تمہاری مدد نہ کروں، آپ نے ان سے یہ فرمایا اور منبر سے نیچے تشریف لے آئے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ حدیث ہے جسے امام مسلم نے روایت کیا ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ تم میں سے جو شخص کسی بری بات کو دیکھے تو اسے اپنے ہاتھ سے درست کر دے اگر یہ طاقت نہ ہو تو زبان سے اس پر نکیر کرے اور اگر اتنی طاقت بھی نہ ہو تو دل سے اسے برا سمجھے یہ ایمان کا سب سے کم تر درجہ ہے۔ اس حدیث سے بعض حضرات اس بات پر دلیل پیش کرتے ہیں کہ ہاتھ اور قوت بازو کے ذریعے برائی کا مٹانا حکام اور امراء کا کام ہے اور زبان سے یہ فریضہ ادا کرنا علماء کا کام ہے اور دل سے بُرا سمجھنا عوام کا کام ہے۔ لیکن یہ استدلال بے بنیاد ہے۔ اس حدیث سے اس پر کوئی دلیل پیش نہیں کی جاسکتی ہے۔ اس لئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان مبارک (من رای منکم منکرا) میں لفظ من عموم پر دلالت کرتا ہے اور ہر اس شخص کو شامل ہے جو کسی منکر و برائی کو ہاتھ یا زبان سے مٹا سکتا ہو یا دل سے اسے بُرا سمجھے

Marfat.com

خواہ وہ حاکم و بادشاہ ہو یا عالم یا عام آدمی بشرطیکہ وہ اس خطرناک انجام کو سمجھ لیں جو نکیر نہ کرنے کی صورت میں اس برائی کے پھیلنے پر مرتب ہوگا، اور یہ اس عمومی حکم کی وجہ سے جس پر ابھی ابھی ذکر کردہ حدیث دلالت کر رہی ہے، اور اس لیے بھی کہ اللہ تعالیٰ کے فرمانِ مبارک:

((وَلْتَكُنْ مِنْكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ))

آل عمران-۱۰۴

اور چاہیے کہ تم میں ایک جماعت ایسی رہے جو بلاتی رہے نیک کام کی طرف، اور اچھے کاموں کا حکم کرتی رہے، اور برائی سے منع کریں، اور وہی اپنی مراد کو پہنچے۔

میں کلمہ "امت" تمام امت کو شامل ہے چاہے اس کا تعلق کسی بھی طبقے اور معاشرے سے ہو خواہ وہ حکام ہوں یا علماء یا عوام، ورنہ پھر یہ کیسے ممکن ہوگا کہ امت ان لوگوں کی تاک میں رہے جو اس امت کے دین و اخلاق کے خلاف سازشیں کرتے ہیں، اور اس کے عقائد و مقدس احکامات کا مذاق اڑاتے ہیں، اور روئے زمین پر فساد و ظلم کا بازار گرم کرتے ہیں، اور وہ یہ چاہتے ہیں کہ اپنے منہ سے اللہ کے نور کو بجھا ڈالیں، اگر تمام امت مل کر برائی کا مقابلہ نہ کرے، ظالموں و جابروں کے سامنے ایک صف واحد بن کر کھڑی نہ ہو تو پھر وہ ان کے سامنے سدِ سکندری کس طرح بن سکے گی۔

اس لیے مربیوں کو چاہیے کہ نئی پود کی نفوس اور قول و فعل میں جرأتِ ادبی اور شجاعت نفسانی پیدا کریں تاکہ بچہ شروع ہی سے دوسروں کے حقوق کی حفاظت اور فریضۂ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی ادائیگی اور ہر شخص پر مصلحانہ و خیر خواہانہ نقد پر پلے بڑھے۔

۲۔ اس سلسلہ میں قابلِ اتباع ضروری اصول:

اچھی باتوں کا حکم دینے اور بُری باتوں سے روکنے کے کچھ ضروری اصول اور ایسی لازمی شروط ہیں جو مربیوں کو اپنے اندر پیدا کرنا چاہیے اور اپنے بچوں کو ان کی تعلیم دینا چاہیئے اور چھوٹوں کو ان کی تلقین کرنا چاہیے۔ تاکہ بچہ ان اصولوں کو سمجھے اور ان قواعد کے مطابق زندگی گزارے، اور پھر جب وہ دعوت الی اللہ کے فریضہ کو انجام دے گا اور دوسروں کو اچھی باتوں کا حکم دے گا، اور بُری باتوں سے روکے گا تو اس کی بات پر زیادہ لبیک کہی جائے گی اور اس کا دوسروں پر زیادہ اثر ہوگا۔

اکثر علماء و دعاۃ کے خیال میں وہ اصول درج ذیل ہیں:

الف ۔ داعی کا قول اس کے فعل کے مطابق ہو:

اس لیے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

Marfat.com

« يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ » الصف۔ ۲و۳

اے ایمان والو ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو، اللہ کے نزدیک یہ بات بہت ناراضی کی ہے کہ ایسی بات کہو جو کرو نہیں۔

اور ارشادِ ربانی ہے:

« اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ » البقرہ۔ ۴۴

کیا حکم کرتے ہو لوگوں کو نیک کام کا اور اپنے آپ کو بھولتے ہو اور تم تو کتاب پڑھتے ہو پھر سوچتے کیوں نہیں۔

اور نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کے اس فرمانِ مبارک کی وجہ سے جسے بخاری و مسلم حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کے روز ایک شخص کو لایا جائے گا اور اس کو آگ میں ڈال دیا جائے گا۔ تو لوگ اس سے کہیں گے کہ اے فلانے! تمہیں کیا ہو گیا؟ کیا تم اچھی باتوں کا حکم نہیں دیتے تھے اور بری باتوں سے نہیں روکتے تھے؟ تو وہ کہے گا: کیوں نہیں! میں دوسروں کو اچھی بات کا حکم دیا کرتا تھا لیکن خود ان پر عمل نہیں کرتا تھا اور دوسروں کو برائیوں سے روکتا تھا لیکن خود برائیاں کیا کرتا تھا۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمانِ مبارک کی وجہ سے جسے ابن ابی الدنیا اور بیہقی روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس رات مجھے اسراء پر لیجایا گیا میرا گزر ایک ایسی قوم پر ہوا جن کے منہ آگ کی قینچیوں سے کاٹے جا رہے تھے، میں نے حضرت جبرئیل سے معلوم کیا کہ یہ کون لوگ ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا کہ یہ آپ کی امت کے وہ خطیب ہیں جو ایسی باتیں کہتے تھے جن پر خود عمل نہیں کرتے تھے۔ اور اللہ تعالیٰ کی کتاب پڑھتے تھے لیکن اس پر عمل نہیں کرتے تھے۔

سلفِ صالحین رحمہم اللہ کی عادت یہ تھی کہ وہ اپنی نفوس اور اپنی اولاد و گھر والوں کے محاسبے اور ان کو اچھی باتوں کا حکم دینے اور تقویٰ و عملِ صالح کی ترغیب دینے سے قبل دعوت الی اللہ اور دوسروں کو تعلیم دینے سے تنگ دل ہوا کرتے تھے۔

چنانچہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کی عادتِ مبارکہ یہ تھی کہ وہ دوسروں کو اچھی بات کا حکم دینے اور بری باتوں سے روکنے سے قبل اپنے گھر والوں کو جمع کر کے ان سے فرماتے تھے: حمد و صلاۃ کے بعد سن لو کہ میں لوگوں کو فلاں فلاں چیز کی دعوت دوں گا اور فلاں فلاں بات سے روکوں گا، اور میں خدائے ذوالجلال کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ یاد رکھو کہ اگر مجھے تم میں سے کسی کی طرف سے یہ اطلاع ملے گی کہ اس نے وہ کام کیا جس سے میں نے لوگوں کو روکا ہے یا اس نے اس کام کو چھوڑ دیا جس کا میں نے لوگوں کو حکم دیا ہے تو میں اسے سخت ترین سزا دوں گا۔ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ باہر جاتے اور جو بات کہنا چاہتے وہ لوگوں سے فرما دیتے، اور پھر کوئی شخص بھی اطاعت و فرمانبرداری کیے بغیر نہیں رہ پاتا تھا۔

اور یہ حضرت مالک بن دینار جب لوگوں سے مندرجہ ذیل حدیث بیان کرتے کہ "کوئی شخص بھی ایسا نہیں کہ وہ کوئی وعظ

Marfat.com

کرے مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس سے یہ سوال کرے گا کہ اس نے ایسا کیوں کیا'' [1] تو رونے لگتے اور پھر فرماتے کہ کیا تم سمجھتے ہو کہ تمھیں وعظ کر کے میری آنکھیں ٹھنڈی ہو جاتی ہیں حالانکہ مجھے یہ بخوبی معلوم ہے کہ اللہ مجھ سے اس وعظ کے بارے میں باز پرس کرے گا۔ مجھ سے پوچھے گا کہ تم نے یہ وعظ کس لئے کیا تھا؟ تو میں یہ عرض کروں کہ اللہ آپ میرے دل کے حال کو بخوبی جانتے والے ہیں اگر مجھے یہ بات معلوم نہ ہوتی کہ آپ وعظ و نصیحت کو پسند کرتے ہیں تو میں کبھی دو آدمیوں کے سامنے بھی وعظ و نصیحت نہ کرتا اس لئے دعاۃ واعظین کو اپنے اندر یہ شاندار و عظیم عادت پیدا کرنا چاہیے تا کہ لوگ ان کی بات قبول کریں اور ان کے وعظ و نصیحت پر لبیک کہیں۔

ب۔ جس برائی سے روک رہے ہوں وہ متفق علیہ برائی اور امر منکر ہونا چاہیے

جن امور میں اہل علم و مصلحین کے دو آدمیوں کا بھی اختلاف نہیں ہو سکتا یہ بھی ہے کہ جس برائی و منکر سے مسلمان روک رہا ہے وہ ایسی برائی ہو جس کے برا ہونے پر فقہاء و آئمہ مجتہدین متفق ہوں لیکن اگر کوئی امر ایسا ہو جس میں قابل اعتماد مجتہدین کا اختلاف ہو تو شریعت کی نظر میں وہ عمل منکر شمار نہ ہوگا اس لئے کسی حنفی المذہب کو اجتہادی مسائل کسی شافعی المذہب پر نکیر نہیں کرنا چاہیے' اور اس طرح کسی حنبلی المذہب کو کسی مالکی المذہب پر اعتراض و نکیر نہیں کرنا چاہیے اس لئے کہ ان تمام آئمہ میں سے ہر امام نے حجت و دلیل کے ساتھ صحیح حکم اور حقیقت تک اپنی سی کوشش کی ہے۔ اور ان آئمہ میں سے ہر امام نے اپنے مذہب کی آبیاری شریعت کے مشہور و معروف مصادر و مراجع قرآن کریم سنت نبویہ اجماع اور قیاس سے کی ہے۔ اس لئے ایسی صورت میں کسی دوسرے مذہب کے پیروکار پر نکیر کا کیا مطلب جبکہ وہ ایک ایسے امام کی پیروی کر رہا اور تقویٰ و ورع میں مقتدیٰ اور زکاوت و فہم اور مہارت میں آیت اللہ ہے' اور یہ مثل تو پہلے سے مشہور چلی آ رہی ہے کہ من قلد عالما لقی اللہ سالما جو شخص کسی عالم کی تقلید کرے گا وہ اللہ سے صحیح سالم و محفوظ رہ کر ملاقات کرے گا۔ رہے وہ لوگ دوسروں پر اس لئے نکیر کرتے ہیں کہ وہ مقلد ہیں اور ان کا دعویٰ یہ ہے کہ وہ اس زمانے کے مجتہدین میں سے ہیں تو یہ لوگ اپنے اس تشدد انہ اور سخت موقف کی وجہ سے امت کی وحدت کو ختم کرنے والے ہیں اور مسلمانوں کی جماعت کی عزت و فتح و کامرانی کے سفر میں روڑے اٹکانے والے ہیں۔

ایسے حضرات کو ہم یہ خیر خواہانہ مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اپنے موقف کو بدلے اور اپنی تیزی و شدت اور غلو میں کمی کریں اور مسلمانوں کے ان سخت و شدید حالات کو سمجھیں جو انہیں ڈرا دھمکا رہے ہیں اور ان خطرناک سازشوں کو پہچانیں جو انہیں چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہیں۔ اور اس بنیادی بات پر عمل کریں جو اس بات کی دعوت دیتی ہے کہ ہم اس پر عمل کریں۔

---

[1] اس حدیث کو بیہقی اور ابن الدنیا نے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

جس میں متفق ومتحد ہیں اور جس میں ہمارا ایک دوسرے سے اختلاف ہے اس میں ہم ایک دوسرے کو معذور سمجھیں، اگر یہ حضرات اس نصیحت پر واقعۃً عمل پیرا ہو جائیں تو ان کا شمار ان لوگوں میں ہوگا جو امت کی وحدت وقوت کے لیے کام کرنے والے ہیں بلکہ وہ فتح ونصرت کے باب میں جماعت مسلمین کے لیے مرجع وسند بن جائیں گے، اور پھر یہ مخلص کارکنوں کے ساتھ مل کر اسلامی مملکت قائم کرنے کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں صرف کرنے والوں میں شمار ہوں گے اور یہ بات اللہ کے لیے کچھ بھی مشکل نہیں ہے۔

ج۔ بُرائی پر نکیر کرنے میں تدریج سے کام لینا چاہیے:

برائی کے ازالہ میں مرحلہ وار تدریجاً کام کرنا چاہیے، چنانچہ پہلے مرحلہ میں بغیر تجسس کے منکر پر مطلع ہونے کی کوشش کرے، پھر اس برائی کے مرتکب کو یہ جتلا دے کہ یہ کام برا ہے، پھر وعظ ونصیحت اور اللہ کے خوف سے ڈرا کر اس برائی سے روکنے کی کوشش کرے، لیکن اگر کسی شخص پر اس وعظ ونصیحت کا بھی اثر نہ ہو تو اسے سختی سے سرزنش کرنا چاہیے، اور اگر اس کا اثر بھی نہ ہو تو پھر ڈرانا دھمکانا چاہیے کہ برائی کرنے والے کے ساتھ ایسا ایسا کیا جائے گا، اور پھر اس برائی کو قوت بازو سے ختم کر دینا چاہیے مثلاً ممنوع کھیل کود کے سامان کا توڑنا، شراب کے مٹکوں کا ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا، اور لوگوں پر زیادتی وعدوان سے روک دینا: اور پھر اس برائی کو بغیر ہتھیار کے جماعت وافراد کی معاونت سے ختم کرنا: افراد کے حق میں ضرورت کی خاطر ایسا کرنا روا ہے لیکن جتنی حاجت وضرورت ہو اسی پر اکتفا کرنا چاہیے، البتہ یہ بات ملحوظِ خاطر رہے کہ اس سے لوگوں میں فتنہ وفساد نہ پھیلے، اس کے بعد یہ درجہ آتا ہے کہ قوم سب کی سب یا اس کی ایک جماعت اس منکر کو ختم کرنے کے لیے قوت واسلحہ کو استعمال کرے، لیکن اس کام کے لیے صرف چند افراد کو نہیں اٹھ کھڑے ہونا چاہیے اس لیے کہ اس سے تو فتنہ اور بڑھتا ہے اور فساد میں اضافہ ہوتا ہے اور ملک تباہ ہو جاتا ہے۔[1]

برائی کی روک تھام کے سلسلہ میں فقہاء نے جو بنیادی نقطہ ذکر کیا ہے وہ یہ ہے کہ اگر اس برائی کو نرمی سے ختم کیا جا سکتا ہو تو سختی اختیار نہیں کرنا چاہیئے، چنانچہ اگر کوئی شخص کسی برائی کو نصیحت اور نرمی سے ختم کر سکتا ہو تو اس کو سختی اور درشتگی اختیار نہیں کرنا چاہیئے، اور اگر درشتگی اور سخت کلامی سے کام چل سکتا ہو تو ہاتھ سے منکر کو مٹانے کی کوشش کرنا درست نہیں ہے۔ اور اس پر اور مراحل کو بھی قیاس کر لیجئے۔

اس لیے مصلحین کو چاہیے کہ وہ برائیوں کی اصلاح کے لیے ان حکیمانہ اصول وقواعد کو سمجھیں اور ان کی پیروی کریں اور حکمت سے کام لیں، تاکہ ایسی غلطیوں میں گرفتار نہ ہوں جن کا نتیجہ برا نکلتا ہے، اور حقیقت یہ ہے کہ جسے حکمت کی دولت دیدی گئی ہو تو واقعی اسے بہت بڑی بھلائی کا مالک بنا دیا گیا۔

---

[1] ملاحظہ ہو امام غزالی کی کتاب احیاء العلوم (۲-۲۹۲) کچھ تصرف کے ساتھ۔

Marfat.com

د - مصلح کو نرم مزاج و خوش اخلاق ہونا چاہیے :

لوگوں کو خیر کی طرف بلانے اور برائیوں سے روکنے والے حضرات کو جن عمدہ صفات سے متصف ہونا ضروری ہے ان میں سے نرم مزاجی اور خوش اخلاقی بھی ہے، تاکہ دوسروں پر پورا اثر ہو اور دوسرے اس کی بات پر فوراً لبیک کہیں؛ اور نرم مزاجی، بردباری اور رفق یہ ایسی صفات ہیں جنہیں دعوت و اصلاح اور تبلیغ دین میں لگنے والوں کا امتیازی وصف ہونا چاہیے، بلکہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام اس کا حکم دیا کرتے تھے اور اپنے صحابہ کے لیے اس سلسلہ میں آپ مقتدیٰ و نمونہ تھے۔

بیہقی حضرت عمرو بن شعیب سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اچھی بات کا حکم دے تو اسے چاہیے کہ عمدگی سے دے۔

اور امام مسلم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: نرمی کسی چیز میں شامل نہیں ہوتی مگر یہ کہ اسے زینت بخشتی ہے اور اسے کسی چیز سے بھی جدا نہیں کیا جاتا مگر یہ کہ وہ اسے عیب دار بنا دیتی ہے۔

مسلم کی ایک روایت میں آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ رفیق و مہربان ہیں اور رفق و نرمی کو پسند فرماتے ہیں اور نرمی پر وہ کچھ عطا فرماتے ہیں جو سختی اور اس کے سوا کسی اور چیز پر عطا نہیں کرتے۔

نرمی و رفق میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نمونہ اور مقتدیٰ تھے جس کی روشن مثال مندرجہ ذیل مثالوں میں عملی طور سے سامنے آتی ہے :

امام بخاری حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ایک اعرابی نے مسجد میں پیشاب کر دیا، لوگ ان کی طرف بڑھے تاکہ انہیں سرزنش کریں، تو نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا: اسے چھوڑ دو اور اس کے پیشاب پر پانی کا ایک ڈول بہا دو۔ اس لیے کہ تم لوگوں کو نرمی پیدا کرنے کے لیے بھیجا گیا سختی پیدا کرنے کے لیے نہیں۔

امام احمد سند جید کے ساتھ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک نوجوان نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آکر عرض کیا کہ اے اللہ کے نبی کیا آپ مجھے زنا کی اجازت دیں گے، لوگ اس پر برس پڑے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو میرے قریب کر دو، میرے قریب آجاؤ، وہ نوجوان قریب آگئے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیٹھ گئے، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: کیا تم اپنی ماں کے لیے زنا پسند کرتے ہو؟ انہوں نے کہا جی نہیں اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر قربان کر دے، تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ اسی طرح دوسرے لوگ بھی اپنی ماؤں کے ساتھ یہ کام پسند نہیں کرتے۔ پوچھا کیا تم اپنی بیٹی کے لیے اسے پسند کرتے ہو۔ انہوں نے کہا: جی نہیں، اللہ مجھے آپ پر قربان کر دے، تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ اسی طرح اور لوگ بھی اپنی بیٹیوں کے لیے اسے پسند نہیں کرتے، راوی ابن عوف نے یہ الفاظ بھی ذکر کیے ہیں کہ آپ صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم نے پوچھی اور خالہ کا بھی اسطرح تذکرہ کیا، اور ان میں سے ہر ایک کے جواب میں اس نوجوان نے یہی کہا: کہ جی نہیں، اللہ مجھے آپ پر قربان کردے، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ہر مرتبہ یہی فرمایا کہ اسی طرح اور لوگ بھی اسے پسند نہیں کرتے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دستِ مبارک اس کے سینے پر رکھا اور فرمایا اے اللہ اس کے دل کو پاک کردے، اور اس کے گناہ کو بخش دے اور اس کی شرمگاہ کی حفاظت فرما، چنانچہ اس دعا کا یہ اثر ہوا کہ زنا ان صاحب کے سب سے زیادہ ناپسندیدہ چیز ہوگئی۔

امام مسلم روایت کرتے ہیں کہ حضرت معاویہ بن الحکم السلمی رضی اللہ عنہ نے ایک دن بیان کیا کہ وہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نماز پڑھ رہے تھے کہ کسی کو چھینک آگئی، تو میں نے اس کے جواب میں یرحمک اللہ کہہ دیا، لوگ مجھے گھور گھور کر دیکھنے لگے، تو میں نے کہا: میری ماں مجھے گم کردے تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ مجھے گھور رہے ہو، انہوں نے یہ سن کر اپنی رانوں پر ہاتھ مارنا شروع کردیے، جب میں نے یہ دیکھا کہ وہ لوگ مجھے خاموش کرنا چاہتے ہیں تو میں خاموش ہوگیا، پھر جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ چکے، تو میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوجائیں، میں نے نہ آپ سے قبل اور نہ آپ کے بعد کوئی ایسا معلم دیکھا جو آپ سے زیادہ اچھے انداز سے تعلیم دینے والا ہو، بخدا نہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ڈانٹا نہ مارا نہ برا بھلا کہا، بلکہ یہ فرمایا کہ یہ نماز ایسی عبادت ہے کہ جس میں لوگوں کی باتیں وغیرہ منع ہیں، نماز تو تسبیح وتکبیر اور قرآن کریم کی تلاوت کا نام ہے۔

ایک واعظ ابوجعفر منصور کے پاس گئے اور ان سے بہت سخت باتیں کیں تو ابوجعفر نے کہا: جناب ذرا کی نرمی کیجیے، اللہ تعالیٰ نے آپ سے زیادہ بہتر شخصیت یعنی حضرت موسیٰ کو مجھ سے بدتر یعنی فرعون کے پاس جب بھیجا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا تھا:

((فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى)) طٰہٰ ۔ ۴۴

پھر اس سے نرم گفتگو کرنا شاید کہ وہ نصیحت قبول کرے یا ڈر ہی جائے۔

وہ صاحب اپنی اس فروگذاشت پر شرمندہ ہوئے اور سمجھ گئے کہ واقعۃً وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے افضل نہیں ہیں اور ابوجعفر فرعون سے کمتر نہیں ہیں، اللہ جل شانہٗ نے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مندرجہ ذیل آیت سے خطاب فرمایا تو بالکل سچ فرمایا ارشاد فرمایا:

((فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ))

سو کچھ اللہ ہی کی رحمت ہے کہ آپ ان کو نرم دل ملے اور اگر آپ تند خو، سخت دل ہوتے تو وہ آپ کے پاس سے متفرق ہوجاتے۔ سو آپ ان کو معاف کریں اور ان کے لیے بخشش مانگیں، اور کام میں ان سے مشورہ لیں، پھر جب اس

Marfat.com

إِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِينَ)) کام کا قصد کر چکیں تو اللہ پر بھروسہ کریں اللہ توکل کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔
آل عمران۔ ۱۵۹

۸۔ تکلیف و ابتلاءات پر صبر کرے:

یہ یقینی بات ہے کہ جو شخص معاشرے پر تنقید کرے گا، اور جو دعوت الی اللہ کا فریضہ انجام دے گا وہ مختلف قسم کی تکالیف اور آزمائشوں کا نشانہ بنے گا، اس لیے کہ اسے متکبروں کی انا اور جاہلوں کی حماقت اور مذاق اڑانے والوں کے مذاق کا سامنا کرنا پڑے گا، اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ ہر زمانے اور ہر جگہ اللہ کی سنت رہی ہے اور تمام انبیاء و دعاۃ و مصلحین کے ساتھ یہ ہوتا رہا ہے:

((الٓمّٓ ۝ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ۝ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ)).
عنکبوت۔ ۱ تا ۳

الف لام میم کیا لوگوں نے یہ خیال کیا ہے کہ محض یہ کہنے سے کہ ہم ایمان لے آئے چھوٹ جائیں گے اور وہ آزمائے نہیں جائیں گے۔ اور ہم تو انہیں بھی آزما چکے ہیں جو ان کے قبل گزرے ہیں۔ سو اللہ ان لوگوں کو جان کر رہے گا جو سچے تھے اور جھوٹوں کو بھی جان کر رہے گا۔

ارشاد فرمایا:

((اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ؕ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ)) البقرہ۔ ۲۱۴

کیا تم کو یہ خیال ہے کہ جنت میں چلے جاؤ گے حالانکہ تم پر ان لوگوں جیسے حالات نہیں گزرے جو تم سے پہلے ہو چکے کہ ان کو سختی پہنچی اور تکلیف اور جھنجھوڑ جھنجھوڑائے گئے یہاں تک کہ رسول اور جو اس کے ساتھ ایمان لائے وہ کہنے لگے کہ اللہ کی مدد کب آئے گی، سن رکھو کہ اللہ کی مدد قریب ہے۔

اسی لیے حضرت لقمان علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو وعظ کرتے ہوئے یہ نصیحت کی:

((يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ)).
لقمان۔ ۱۷

اے میرے بیٹے نماز کو قائم رکھ اور اچھے کاموں کی نصیحت کیا کر اور برے کام سے منع کیا کر اور جو کچھ پیش آئے اس پر صبر کیا کر، بے شک یہ (صبر) ہمت کے کاموں میں سے ہے۔

اس وجہ سے اللہ کے راستہ میں آزمائش و امتحان جنت تک پہنچانے کا ذریعہ اور گذشتہ گناہوں کے لیے کفارہ ہے ارشاد ربانی ہے:

((فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ اُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ)).

پھر وہ لوگ کہ ہجرت کی انہوں نے اور اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میری راہ میں ستائے گئے اور لڑے اور مارے گئے، البتہ میں ان سے ان کی برائیاں دور کروں گا اور ان کو داخل کروں گا ان باغوں میں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، یہ اللہ کے یہاں سے بدلہ ہے اور اللہ کے یہاں اچھا بدلہ ہے۔ آل عمران ۱۹۵

اور ترمذی و ابن ماجہ و ابنِ حبان و حاکم حضرت سعد بن اَبی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ہم نے عرض کیا اے اللہ کے رسول! لوگوں میں سب سے زیادہ امتحان و آزمائش کس پر آتی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((الأنبياء ثم الأمثل فالأمثل يبتلى الرجل على حسب دينه ، فإن كان دينه صلباً اشتد بلاؤه ، وإن كان في دينه رقة ابتلاه الله على حسب دينه ، فما يبرح البلاء بالعبد حتى يتركه يمشي على الأرض وما عليه خطيئة)).

انبیاء پر پھر ان پر جو ان سے مشابہ ہوں اور زیادہ مشابہ ہوں: انسان پر آزمائش اس کے دین کے حساب سے آتی ہے، لہٰذا اگر وہ اپنے دین میں سخت ہے تو اس پر آزمائش بھی سخت آئے گی۔ اور اگر اس کا دین ہلکا پھلکا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا امتحان اس کے دین کے اعتبار سے لیتے ہیں، انسان پر مسلسل ابتلاءات آتے رہتے ہیں یہاں تک کہ وہ اسے ایسا (پاک صاف) بنا دیتے ہیں کہ وہ زمین پر ایسی حالت میں چلتا ہے کہ اس پر کوئی بھی گناہ نہیں ہوتا۔

* * *

اور امام مسلم رحمہ اللہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ جنت کو مشکلات و تکلیف دہ چیزوں سے گھیر لیا گیا ہے اور جہنم کو شہوات و لذائذ سے۔ خیر خواہ داعی اور نقاد مجاہد کے لیے اتنی بات کافی ہے کہ وہ مبلغوں اور داعیوں کے سردار نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نقش قدم پر چلے جنہیں وہ وہ تکالیف اور مصائب پہنچے جو نہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے کسی داعی کو پہنچے ہوں گے اور نہ آپ کے بعد، اور آپ نے ایسے الزامات و تہمتوں کا سامنا کیا جس کا نہ کسی نے سامنا کیا ہے نہ کرے گا: مشرکوں نے آپ کو تبلیغ و دعوت کے کام سے روکنے کے لیے آپ کو بہکانے اور لالچ دینے کا راستہ اختیار کیا، لیکن نہ آپ بھٹکے نہ آپ نے ان کے سامنے ہتھیار ڈالے، پھر ان مشرکوں نے آپ اور ان تمام حضرات کا جو آپ کے ممد و معاون تھے سب کے بائیکاٹ کا حربہ استعمال کیا تاکہ اس کی وجہ سے آپ دعوت و تبلیغ سے رک جائیں لیکن آپ میں پھر بھی کسی قسم کی نرمی یا ان کی طرف رجحان پیدا نہ ہوا، تو اخیر میں انہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ آپ کو اچانک قتل کر دیا جائے تاکہ اس طریقے

سے آپ کی دعوت و تبلیغ کا راستہ بند ہو جائے، لیکن اس سے بھی آپ پر کوئی فرق نہ پڑا، اور اس سب کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسی طریقے سے دعوت الی اللہ کے کام میں منہمک رہے اور مختلف قسم کی اذیتیں برداشت کرتے رہے، اور نہایت ثابت قدمی سے اپنے موقف پر ڈٹے رہے، حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد و نصرت اور فتح و کامیابی نے آپ کے قدم چومے۔

لہٰذا جو لوگ اسلام کے پیغام پہنچانے کا جھنڈا اپنے ہاتھوں میں لیتے ہیں اور روئے زمین پر اللہ تعالیٰ کا حکم نافذ کرنا جن کا نصب العین ہے اگر وہ واقعۃً کامیابی کے امیدوار اور مستقبل میں حقیقی نصرت و فتح کے آرزومند ہیں تو ان کے لیے مناسب یہ ہے کہ وہ اپنے آپ کو صبر کا عادی بنائیں اور اللہ کے راستے کی تکالیف و مشقتیں برداشت کریں۔

بعض اوقات ایسے موقعہ پر ذہن میں ایک سوال پیدا ہوتا ہے اور وہ یہ کہ اگر کسی برائی پر نکیر و اعتراض کرنے والے کو یہ معلوم ہو کہ اسے اپنی جان کے تلف ہونے کا ڈر ہے اور وہ یہ سمجھتا ہے کہ اس کے بغیر وہ برائی ختم بھی نہ ہوگی تو کیا ایسی صورت میں وہ اس برائی کو بدل ڈالے۔

بظاہر تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ اس کے لیے یہ جائز ہے کہ وہ اس برائی کو بدل ڈالے اس لیے کہ حضرت لقمانِ حکیم کی زبانی اللہ تعالیٰ کا فرمان مبارک ہے:

((وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا اَصَابَكَ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝)). لقمان - ۱۷

اور اچھے کاموں کی نصیحت کیا کرو اور برے کام سے منع کیا کرو اور جو کچھ پیش آئے اس پر صبر کیا کرو، بے شک یہ (صبر) ہمت کے کاموں میں سے ہے۔

قرآن کریم کی اس آیت نے منکر کے بدلنے کے اس حکمِ الٰہی کو جان کے خوف یا اس برائی کے ازالہ کی امید پر موقوف نہیں رکھا ہے۔ جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر رضاءِ الٰہی کی نیت ہو تو مسلمان کو چاہیے کہ ہر صورت میں منکر کے بدلنے کے لیے برسرِ پیکار ہو جائے، اور کسی قسم کی پرواہ نہ کرے، اس لیے کہ ایسا کر گزرنا اور یہ اقدام کرنا ایمان کا تقاضہ اور ضروری امور میں سے ہے۔

ابوبکر بن العربی فرماتے ہیں کہ جو شخص برائی کے زائل ہونے کی امید رکھتا ہو اور اس کے بدلنے کے سلسلہ میں اسے پٹائی یا جان سے مارے جانے کا خوف ہو تو ایسی خطرناک صورتحال میں بھی اکثر علماء کے مذہب کے مطابق اس کو برائی کے ازالہ کی کوشش کرنا چاہیے لیکن اگر اس برائی کے ختم ہونے کی امید نہ ہو تو پھر اس کا کیا فائدہ ہے؟ علماء کے اس قول کو نقل کرنے کے بعد ابن عربی اس پر لکھتے ہیں: میری رائے یہ ہے کہ اگر نیت خالص ہو تو انسان کو یہ اقدام کر ہی لینا چاہیے خواہ نتیجہ کچھ بھی نکلے اس کی مطلق پرواہ نہیں کرنا چاہیے[1]

شیخ علی زادہ کی کتاب "شرح شرعۃ الاسلام" میں لکھا ہے کہ مداہنت کر کے لوگوں کی خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرنا چاہیے، اور کسی کی ملامت برا بھلا کہنے اور مار پٹائی بلکہ قتل سے بھی نہیں ڈرنا چاہیے، اس لیے کہ سلفِ صالحین حکام و امراء پر

---

[1] ملاحظہ ہو شرح شرعۃ الاسلام للشیخ علی زادہ (ص - ۲۹۰) یاد رہے کہ ابوبکر بن العربی مالکیہ کے علماء میں سے ہیں۔

Marfat.com

نکیر کیا کرتے تھے اور حق بات کہنے میں مطلقاً کسی کی پرواہ نہ کرتے تھے۔

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے والے کو ان چیزوں کے ساتھ ساتھ علم سے بھی لازمی طور پر متصف ہونا چاہیئے۔ تاکہ اس کی تنقید و نصیحت اور امر و نہی شریعت کے احکام اور اس کے بنیادی اصولوں کے مطابق ہو۔

معاشرے کے افراد پر تنقید اور رائے عامہ کی حفاظت و رعایت کے سلسلہ میں یہ اہم اور ضروری قواعد و ضوابط ہیں، اس لیے مربیوں کو انہیں اپنے اندر پیدا کرنا چاہیے۔ اور اپنی اولاد کو ان کی تعلیم دینا چاہیے، تاکہ بچہ جیسے ہی زندگی کے مدرسہ میں داخل ہو اور اس کے میدان میں قدم رکھے اور اس کی مسئولیات و ضروریات کو اٹھانے کے قابل ہو تو وہ ان آداب سے متصف ہو۔

۳ ۔ سلف صالحین کے موقف اور کارناموں سے ہمیشہ نصیحت حاصل کرتے رہنا:

وہ عوامل جو مسلمان میں جرأت و شجاعت راسخ کرتے ہیں اور دوسروں کی آراء و افکار کے خیال رکھنے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے سلسلہ میں فیصلہ کن موقف اختیار کرنے میں ممد و معاون ثابت ہوتے ہیں، ان عوامل میں سے ان تاریخی یادگار مواقف اور کارناموں کا پیش کرنا بھی ہے جو سلف صالحین اور ہمارے بہادر بزرگوں نے برائی کے بدلنے اور کجی اور انحراف کے دور کرنے کے سلسلہ میں اختیار کیے تھے، اور حقیقت یہ ہے کہ اگر ان کارناموں کو صحیح طریقے سے پیش کیا جائے تو واقعتاً ان کا نئی پود کی نفوس اور جوانوں کے عزائم پر بہت اچھا اثر پڑتا ہے، بلکہ یہ مواقف ان کو اس بات پر مجبور کر دیتے ہیں کہ وہ بھی ان مفسدین و ملحدین اور کج روؤں کے مقابلہ پر جرأت و بہادری کے ساتھ ڈٹ جائیں جو اسلام کی حرمت کا کوئی خیال نہیں رکھتے، اور جن کی نظر میں اخلاقِ عالیہ کی کوئی قدر و قیمت نہیں ہے۔ اور اس قماش کے لوگوں کی اس دور میں جس میں ہم جی رہے ہیں کوئی کمی نہیں ہے۔

لیجیے ان شاندار و فیصلہ کن مواقف میں سے چند آپ کے سامنے ذیل میں عبرت و بصیرت کے لیے پیش کیے جا رہے ہیں:

الف ۔ روایت کیا جاتا ہے کہ زاہد ابو غیاث بخاری کے قبرستان میں رہا کرتے تھے، ایک روز اپنے بھائی کی ملاقات کے لیے شہر چلے گئے، حاکم نصر بن احمد کے لڑکے جن کے ساتھ گانے بجانے والے گانے بجانے کے سامان کے ساتھ ان کے مکان سے نکل رہے تھے، اس دن امیر کی طرف سے ضیافت کا دن تھا، جب ان زاہد کی نظر ان لوگوں پر پڑی تو انہوں نے دل میں اپنے نفس کو مخاطب کر کے کہا: اے نفس بڑا سخت موقع ہے، اگر تو اس وقت خاموش رہا تو اس گناہ میں تو بھی شریک شمار ہوگا، پھر سر آسمان کی طرف اٹھا کر اللہ سے مدد مانگی، اور لاٹھی سنبھالی اور ایک دم ان لوگوں پر ٹوٹ پڑے، وہ لوگ دم دبا کر الٹے پاؤں حاکم کے محل کی طرف بھاگ کھڑے ہوئے، اور حاکم کو پورا قصہ سنا ڈالا، اس نے فوراً ان کو طلب کیا اور ان سے کہا: کیا آپ کو یہ معلوم نہیں ہے کہ جو شخص حاکم و بادشاہ کے خلاف بغاوت کرتا ہے اسکو جیل میں بھیج دیا جاتا ہے:

Marfat.com

ابوغیاث نے حاکم وقت سے کہا: کیا آپ کو یہ نہیں معلوم کہ جو شخص رحمٰن کے ساتھ بغاوت کرتا ہے اس کو آگ میں داخل کر دیا جاتا ہے؟ حاکم نے کہا یہ بتلایئے کہ آپ کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا ذمہ دار کس نے بنا دیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: اس ذات نے جس نے آپ کو حکومت دی ہے، اس نے کہا کہ مجھے تو خلیفۃ المسلمین نے حاکم بنایا ہے. ابوغیاث نے فرمایا کہ مجھے یہ ذمہ داری خلیفہ کے رب نے سونپی ہے. اس حاکم نے یہ سن کر ان سے کہا کہ میں آپ کو سمرقند کا امر بالمعروف کا ذمہ دار بناتا ہوں، انہوں نے فرمایا میں اس عہدہ سے استعفیٰ دیتا ہوں. حاکم نے کہا آپ بھی عجیب آدمی ہیں، جب یہ ذمہ داری آپ کو سونپی نہیں گئی تھی تو آپ مفت میں یہ کام انجام دیتے تھے، اور جب آپ کو اس پر مقرر کیا جا رہا ہے تو آپ اس سے رک رہے ہیں.

ابوغیاث نے فرمایا کہ بات یہ ہے کہ اگر آج آپ مجھے اس عہدہ پر بٹھائیں گے تو کل کو معزول کر دیں گے. اور جب میرا رب مجھے اس عہدہ پر مقرر کرے گا تو مجھے کوئی شخص معزول نہیں کر سکتا، حاکم نے یہ سن کر کہا: مانگیے جو آپ کو مانگنا ہے! تو انہوں نے فرمایا کہ میرا سوال یہ ہے کہ آپ مجھے میری جوانی لوٹا دیں. اس نے کہا: یہ کام میرے اختیار میں نہیں ہے، اس کے علاوہ اور کوئی ضرورت و فرمائش ہو تو فرمایئے؟ ابوغیاث نے فرمایا کہ آپ دوزخ کے داروغہ کو یہ خط لکھ دیں کہ مجھے عذاب نہ دے، تو امیر نے کہا کہ یہ بھی میرے اختیار میں نہیں ہے، اس کے علاوہ اور کوئی ضرورت ہو تو بتلائیں؟ انہوں نے کہا کہ آپ جنت کے داروغہ رضوان کو یہ لکھ بھیجیں کہ وہ مجھے جنت میں داخل کر دیں. امیر نے کہا کہ یہ کام بھی میرے دائرۂ اختیار میں نہیں ہے تو ابوغیاث نے فرمایا: یہ تمام امور اس رب کے قبضہ میں ہیں جو تمام حاجات و ضروریات اور تمام چیزوں کا مالک ہے، میں اس سے جو چیز بھی مانگتا ہوں وہ مجھے عطا فرما دیتا ہے، یہ سن کر حاکم نے ان کو جانے کی اجازت دے دی[1]

ب۔ امام غزالی "احیاء العلوم" میں لکھتے ہیں: اصمعی کہتے ہیں کہ عطاء بن ابی رباح خلیفہ عبدالملک بن مروان کے پاس گئے، وہ اس وقت اپنے تخت پر جلوہ افروز تھے، ان کے اردگرد ہر قبیلہ کے معززین بیٹھے ہوئے تھے، یہ واقعہ اس وقت کا ہے جب وہ اپنے دورِ خلافت میں مکہ مکرمہ حج کے لیے گئے ہوئے تھے، جب خلیفہ عبدالملک نے حضرت عطاء کو دیکھا تو ان کے لیے کھڑے ہو گئے اور ان کو اپنے ساتھ تخت پر بٹھا لیا، اور خود ان کے سامنے بیٹھ گئے اور ان سے فرمایا: اے ابو محمد (حضرت عطاء کی کنیت ہے) فرمایئے کیسے تشریف آوری ہوئی، کیا کام ہے؟ انہوں نے فرمایا: اے امیر المؤمنین اللہ اور اس کے رسول کے حرم میں اللہ سے ڈریے، اور اس کی آبادکاری و دیکھ بھال میں لگے رہیے، اور مہاجرین و انصار کی اولاد کے سلسلہ میں خوفِ خدا سے کام لیجیے، اس لیے کہ اس منصب تک آپ انہی کی وجہ سے پہنچے ہیں، اور سرحد پر رہنے والے لوگوں کے سلسلہ میں اللہ سے ڈرتے رہیے اس لیے کہ وہ مسلمانوں کے لیے بمنزلہ قلعہ و حصار کے ہیں، اور مسلمانوں کے امور و معاملات کی دیکھ بھال کرتے رہیئے اس لیے کہ آپ اور صرف آپ ہی سے ان کے بارے میں سوال کیا جائے

---

[1] ملاحظہ ہو کتاب شرح شرعۃ الاسلام مؤلفہ شیخ علی زادہ (ص ۔ ۴۹۷)۔

Marfat.com

گا. اور جو لوگ آپ کے در پر آتے ہیں ان کے بارے میں بھی اللہ سے ڈریے ان سے غافل ہرگز نہ ہوں اور نہ اپنا دروازہ ان کے لیے بند کیجیے۔

امیر المؤمنین نے کہا: بہت اچھا میں ایسا ہی کروں گا، پھر حضرت عطاء وہاں سے اٹھ کھڑے ہوئے تو خلیفہ عبدالملک نے ان کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: اے ابو محمد آپ نے ہم سے دوسروں کی ضرورتوں اور حاجتوں کا تذکرہ کیا اور ہم نے انہیں پورا کر دیا، اچھا اب اپنی حاجت وضرورت بھی تو بتلائیے؛ تو انہوں نے ارشاد فرمایا کہ مجھے مخلوق سے کوئی حاجت اور ضرورت نہیں، اور یہ کہہ کر نکل کھڑے ہوئے تو عبدالملک نے فرمایا: بخدا عزت وشرافت کا بلند مرتبہ یہ ہے۔

ج۔ کتاب "الشقائق النعمانیۃ لعلماء الدولۃ العثمانیۃ" میں لکھا ہے کہ سلطان سلیم خان نے خزانوں کے محافظین ایک سو پچاس آدمیوں کو قتل کرنے کا حکم دیا، اس کی اطلاع عالم مفتی علاؤالدین علی بن احمد المفتی کو پہنچ گئی، وہ سیدھے دیوان عالی میں چلے گئے، اس زمانے میں دستور یہ تھا کہ مفتی صاحب کسی بڑے حادثے و معاملے کے سلسلہ میں ہی دیوان عالی میں جایا کرتے تھے، چنانچہ ان کو دیکھ کر دیوان کے لوگ حیرت میں پڑ گئے، جب یہ دیوان میں پہنچے تو وزراء کو سلام کیا انہوں نے ان کا استقبال کیا، اور مجلس کی مسند صدارت پر ان کو بٹھا دیا، اور ان سے عرض کیا کہ عالی جناب کو کس چیز نے دیوانِ عالی میں تشریف لانے پر مجبور کر دیا؛ تو انہوں نے فرمایا کہ میں بادشاہ سے ملنا چاہتا ہوں مجھے ان سے کچھ بات کرنا ہے. چنانچہ انہوں نے بادشاہ سلیم خاں کو ان کی آمد کی اطلاع دی، بادشاہ نے صرف اکیلے انہیں ملنے کی اجازت دے دی. چنانچہ یہ تشریف لے گئے انہیں سلام کیا اور بیٹھ گئے پھر فرمایا:

فتوٰی و افتاء سے تعلق رکھنے والوں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ بادشاہ کی آخرت کی حفاظت کریں، اور میں نے یہ سنا ہے کہ آپ نے ایک سو پچاس ایسے آدمیوں کے قتل کرنے کا حکم دیا ہے جن کا قتل کرنا شرعاً درست نہیں ہے، اس لیے آپ کو انہیں معاف کر دینا چاہیئے، بادشاہ نہایت سخت تھا وہ یہ سن کر غصہ ہو گیا اور کہنے لگا: آپ امورِ سلطنت میں دخل دے رہے ہیں یہ آپ کی ذمہ داری اور فرضِ منصبی میں داخل نہیں ہے، تو انہوں نے فرمایا: نہیں بلکہ میں تو آپ کی آخرت کے معاملہ سے بحث کر رہا ہوں، اور یہ میری ذمہ داری اور فرضِ منصبی ہے، آپ اگر ان کو معاف کر دیں گے تو نجات پا جائیں گے ورنہ آپ کو دردناک سزا ملے گی، یہ سن کر ان کے غصہ کی شدت کم ہو گئی اور انہوں نے ان سب کو معاف کر دیا، پھر کچھ دیر ان کے ساتھ باتیں کرتے رہے، پھر جب انہوں نے اٹھنا چاہا تو بادشاہ سے کہا کہ میں نے آپ کی آخرت کے سلسلہ میں آپ سے گفتگو کی تھی، مروت کے سلسلہ میں آپ سے ایک بات کہنا باقی ہے. بادشاہ نے کہا وہ کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: یہ بادشاہ کے غلام ہیں، کیا سلطنت کی شان کے یہ مناسب ہے کہ یہ خود لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلائیں؛ بادشاہ نے کہا بالکل نہیں. تو انہوں نے فرمایا کہ پھر ان کو ان کے مناصب میں پکا کر دیجیے، بادشاہ نے یہ بات قبول کر لی اور کہا: میں ان کو لوگوں کی خدمت کرنے میں کوتاہی کرنے پر سزا دوں گا، مفتی صاحب نے فرمایا: یہ درست ہے۔ اس لیے کہ سزا دینے کا معاملہ بادشاہ کے سپرد ہے، یہ کہہ کر سلام

Marfat.com

کیا اور وہاں سے عزت و شکریہ کے ساتھ واپس ہو لیے۔

د ۔ مصر کی عدالتِ عالیہ شرعیہ کے نائب، شیخ محمد سلیمان رحمہ اللہ روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں کہ مجھ سے میرے محترم دوست محمد فہمی نافوری باشا احمد آفندی سے اور وہ اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے جو کہ خدیوی اسماعیل کے زمانے میں جامعہ ازہر کے شیوخ میں سے تھے انہوں نے بیان کیا ہے کہ جب حبشہ اور مصر کے درمیان جنگ شروع ہوئی۔ اور مصر کے لشکر کے قائدین میں باہمی اختلاف کی وجہ سے مصر کو شکست پر شکست اٹھانا پڑی تو اس سے خدیوی اسماعیل تنگ دل ہو گئے، چنانچہ ایک دن جب وہ سخت پریشان ہو گئے تو دل بہلانے کے لیے شریف باشا کے ساتھ سواری پر نکلے، شریف باشا نے کہا کہ بتلائیے اگر کوئی آفت سر پر نازل ہو گئی تو آپ اس سے بچاؤ کی کیا تدبیر اختیار کریں گے؟ اور اس کی مدافعت کس طرح کریں گے؟ تو انہوں نے کہا کہ اللہ نے مجھے اس بات کا عادی بنا دیا ہے کہ جب مجھ پر اس طرح کی کوئی پریشانی آجائے تو میں "صحیح بخاری" کی طرف رجوع کرتا ہوں، میرے لیے نیک صالح علماء اس کا ختم شروع کر دیتے ہیں، اور اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ مجھے اس پریشانی سے نجات دلا دیتے ہیں۔

خدیوی اسماعیل نے شریف باشا سے کہا کہ شیخ الازہر سے بات کیجیے اس زمانے میں شیخ الازہر شیخ عروسی تھے۔ انہوں نے صالحین علماء کی ایک جماعت کو جمع کیا اور جامعہ ازہر کی پرانی مسجد و محراب کے سامنے بخاری شریف پڑھنا شروع کر دی، لیکن اس کے باوجود بھی پے در پے شکست کی خبریں آتی رہیں، تو خدیوی شریف باشا کے ساتھ علماء کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے غصہ میں کہا: یا تو آپ لوگ جو پڑھ رہے ہیں وہ "صحیح بخاری" نہیں ہے یا پھر آپ لوگ ان علماءِ صالحین میں سے نہیں ہیں جو سلفِ صالحین کے دور میں ہوا کرتے تھے، اس لیے کہ آپ لوگوں اور آپ کے اس پڑھنے کی وجہ سے کچھ بھی فائدہ نہیں ہوا۔ علماء یہ سن کر خاموش و مبہوت ہو گئے، صف کے اخیر میں ایک شیخ تھے وہ آگے بڑھے اور انہوں نے فرمایا: اے اسماعیل ذرا سوچ کر بات کیجیے، اس لیے کہ ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث پہنچی ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ:

((لتأمرن بالمعروف ، ولتنهون عن المنكر، أو ليسلطن الله عليكم أشراركم فيدعو خياركم فلا يستجاب لهم)).

تم امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے رہو ورنہ اللہ تعالیٰ تم پر تمہارے بدترین آدمی مسلط کر دے گا پھر تمہارے اچھے لوگ بھی دعا کریں گے لیکن ان کی دعا بھی قبول نہ ہوگی۔

یہ سن کر علماء اور مبہوت ہو گئے اور خدیوی شریف باشا کے ساتھ چلا گیا اور اس کے بعد اس نے ایک لفظ بھی نہ کہا۔ دوسرے علماء اس شیخ کو ملامت اور تنبیہ کرنے لگے، ابھی وہ اس نوک جھونک میں مصروف تھے کہ شریف باشا واپس آئے اور پوچھنے لگے کہ ابھی جن شیخ نے خدیوی سے مکالمہ کیا تھا وہ کہاں ہیں؟ ان عالم نے کہا کہ میں یہ موجود ہوں، چنانچہ شریف انہیں اپنے ساتھ لے گیا، اور اب وہ علماء جو ابھی ذرا دیر قبل انہیں برا بھلا کہہ رہے تھے وہ ان عالم کو اس طرح الوداع کہنے لگے جیسے اب

Marfat.com

ن کے واپس لوٹنے کی کوئی امید نہ ہو، شریف باشا ان کے ساتھ گیا اور دونوں خدیوی کے محل میں داخل ہو گئے، وہاں پہنچے خدیوی ملاقات کے کمرے میں بیٹھے ہوئے تھے، اور ان کے سامنے ایک کرسی رکھی تھی جس پر خدیوی نے ان عالم کو بٹھا یا اور ان سے کہا: آپ نے مجھ سے جو بات جامعہ ازہر میں کہی تھی اب پھر دہرائیے، شیخ نے اپنی بات پھر دہرادی اور حدیث اور اس کی شرح بھی پھر سے سنادی، خدیوی نے ان سے کہا کہ ہم نے ایسا کیا جرم کیا ہے جس کے سبب ہم پر یہ مصیبت نازل ہوئی ہے؟

شیخ نے کہا: جناب من کیا عدالتوں نے ایسا قانون جاری نہیں کیا ہے جس سے ربا کو جائز کر دیا گیا ہے؟ کیا زنا کی اجازت نہیں ہے؟ کیا شراب خوری کی کھلی چھوٹ نہیں ہے؟ کیا....؟ کیا....؟ اور خدیوی کے سامنے اس قسم کے بہت سے ایسے حرام و ناجائز امور کا تذکرہ کیا جو بلا کسی روک ٹوک ملک میں کیے جا رہے تھے، پھر فرمایا کہ بتلائیے ان کے ہوتے ہوئے ہم اللہ کی مدد کی امید کس طرح رکھ سکتے ہیں؟! خدیوی نے کہا: جب دوسروں کے ساتھ ہمارا رہن سہن ہے اور ان کی تہذیب ہی یہ ہے تو پھر ہم کیا کر سکتے ہیں؟ تو ان عالم نے فرمایا کہ پھر "صحیح بخاری" کا کیا قصور ہے؟ اور پھر علماء کیا کر سکتے ہیں؟ یہ سن کر خدیوی کچھ دیر کے لیے سوچ میں پڑ گئے، اور کافی دیر تک گردن جھکائے رہے پھر کہا: آپ نے بالکل سچ کہا، آپ نے بالکل ٹھیک فرمایا، پھر وہ عالم ازہر کی جانب واپس ہو گئے، وہاں انکے ساتھی ان کی طرف سے بالکل مایوس ہو چکے تھے، جب ان لوگوں نے انہیں دیکھا تو انہیں ایسی خوشی ہوئی گویا ان کو دوسری زندگی ملی ہو۔[1]

۸۔ "کنز الجوہر فی تاریخ الازہر" کے مصنف لکھتے ہیں کہ ۱۳۰۹ھ میں جامع ازہر کے شیخ، شیخ شرقاوی کے پاس ایک بستی "شرقیۃ بلبیس" والے حاضر ہوئے، اور ان سے تذکرہ کیا کہ محمد بک الالفی کے متبعین نے ان پر ظلم کیا ہے، اور ان سے اتنی زیادہ مقدار میں مال کا مطالبہ کیا ہے جو وہ ادا نہیں کر سکتے، یہ سن کر شیخ کو بہت غصہ آیا اور فوراً ازہر گئے، اور مشائخ کو جمع کیا اور جامع ازہر کے دروازے بند کر دیے، اور انہوں نے ایسا اس وقت کیا جب پہلے مراد بک اور ابراہیم بک جو کہ صاحب اختیار اور ذمہ دار تھے ان سے بات کر لی لیکن انہوں نے کچھ نہ کیا، اور اس اہم مسئلہ پر کوئی لب کشائی نہ کی اور کوئی قدم نہ اٹھایا۔

اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ علماء و مشائخ نے لوگوں کو اس ظلم کے خلاف احتجاج کرنے کیلیے بازاروں و دکانوں کو بند کرنے اور ہڑتال کرنے کا حکم دیدیا، اور پھر دوسرے روز ابراہیم بک اور مراد بک کے گھر کے سامنے پہنچے، بہت سے عوام بھی ان کے ساتھ ساتھ تھے، یہ سب لوگ دروازے کے پاس اس طرح جمع ہو گئے کہ ابراہیم بک انہیں دیکھ لے، چنانچہ اس نے اپنے پرائیویٹ سیکرٹری ایوب بک کو ان کے پاس بھیجا وہ ان کے پاس آیا اور ان سے جمع ہونے کا سبب معلوم کیا، تو ان حضرات نے کہا: ہم عدل و انصاف چاہتے ہیں، اور جن ظلموں اور بھاری ٹیکسوں کو تم لوگوں نے جاری کیا ہے ان کو ختم کرانا چاہتے ہیں، تو اس نے کہا کہ اس وقت یہ تمام باتیں تو مانی نہیں جا سکتیں، اس لیے کہ اگر ہم انکو مان لیں تو ہم پر زندگی تنگ ہو جائے گی، تو ان حضرات

---

[1] ملاحظہ ہو شیخ محمد سلیمان کی کتاب "من اخلاق العلماء" (ص ۹۷-)۔

نے کہا کہ یہ تو اس وقت کوئی ایسا معقول عذر نہیں ہے، اس کی کیا ضرورت ہے کہ ملازمین اور اخراجات کو بڑھایا جائے، امیر لوگوں کو دینے سے امیر بنتا ہے نہ کہ دوسروں سے لینے سے۔

اس سیکرٹری نے کہا اچھا میں آپ کا پیغام پہنچا کر واپس آتا ہوں، اس کے بعد مجلس کے حاضرین منتشر ہو گئے۔ اور علماء جامعہ ازہر واپس چلے گئے اور اِدھر اُدھر اطراف کے رہنے والے جمع ہو گئے، تو مراد بک نے ان لوگوں کو یہ پیغام بھیجا کہ میں آپ لوگوں کی دو باتوں کے سوا سب باتیں مان لیتا ہوں، ایک تو بولاق کا دیوان اور دوسری بات جالکیہ کے بارے میں آپ لوگوں کا آخری مطالبہ، پھر اس نے چار علماء کو طلب کیا ان کے نام متعین کر دیے، چنانچہ وہ اس کے پاس جبزہ گئے۔ تو اس نے ان سے نہایت نرمی اور ملاطفت سے بات چیت کی، اور ان سے درخواست کی کہ وہ صلح کا کوئی راستہ تلاش کریں، تیسرے دن حکام و علماء ابراہیم بک کے گھر میں جمع ہوئے، ان میں شیخ شرقاوی بھی تھے اور اس بات پر صلح ہوئی کہ ظالمانہ ٹیکس ختم کر دیے جائیں، اور لوگوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا جائے، اور قاضی نے اس سلسلہ میں ایک خط و تحریر لکھ دی، جس پر باشا اور حکام نے دستخط کر دیے اور اس طرح سے یہ فتنہ ختم ہو گیا۔

سلفِ صالحین کے اس طرح کے مواقف و کارناموں کی بے شمار مثالیں ہیں[1] جو سب کی سب اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ لوگوں نے اچھائی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کا فریضہ ادا کیا، تاکہ معاشرہ اس بات سے محفوظ رہے کہ کوئی اس سے کھیلے یا اس میں انتشار پیدا کرے، اور امت میں باہمی ارتباط اور بندھن مضبوطی سے قائم رہے، اس لیے کہ معاشرے میں فرد کی مثال عمارت کی اینٹوں میں سے ایک اینٹ کی سی ہے۔ اس لیے اسے چاہیئے کہ لوگوں کی توجہ اس طرف مرکوز کرے جس میں فائدہ ہو، اور مفاسد و نقصان دور کرے اور لوگوں کے ساتھ مل کر معاشرہ کی عمارت کو خالص اسلامی عقیدے اور بہترین اخلاقی اصولوں پر قائم کرنے میں ہاتھ بٹائے، اور کسی کی ملامت کی پرواہ کیے بغیر حق بات کہے، اسلام نے اپنی نہایت شاندار توجیہات و اصلاحات کے ذریعہ ہر مسلمان کو جہاں اپنا محافظ و نگران بنایا ہے اس طرح اس نے اسے دوسروں کا بھی رقیب و نگران مقرر کیا ہے، تاکہ معاشرہ کی تعمیر و اصلاح کے سلسلہ میں وہ اپنی عظیم ذمہ داری اور فرضِ منصبی پورا کر سکے، اور لوگوں کو حق و صبر کی وصیت کرتا رہے، اور اللہ تعالیٰ نے قرآنِ عظیم میں بالکل سچ ارشاد فرمایا ہے:

﴿ وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۝ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝ ﴾۔ العصر ۱ تا ۳

قسم ہے زمانہ کی کہ انسان بڑا خسارہ میں ہے، مگر وہ لوگ نہیں جو ایمان لائے اور جنہوں نے اچھے کام کیے، اور ایک دوسرے کو حق کی فہمائش کرتے رہے اور ایک دوسرے کو پابندی کی فہمائش کرتے رہے۔

---

[1] جو ان واقعات کی اور تفصیل جاننا چاہے، اسے چاہیے کہ ہماری کتاب "الی ورثۃ الانبیاء" اور مجاہد شہید شیخ عبدالعزیز کی کتاب "الاسلام بین العلماء والحکام" اور شیخ محمد سلیمان کی کتاب "من اخلاق العلماء" اور ان سطور کی طرف رجوع کرے جو امام غزالی نے اپنی کتاب "احیاء العلوم" میں لکھی ہیں ان کتابوں میں علماء و سلفِ صالحین کے ایسے مجاہدانہ کارنامے ملیں گے جو تشفی کا سامان مہیا کر دیں گے۔

Marfat.com

معاشرہ کی دیکھ بھال اور اس پر نقد و تنقید اور رائے عامہ کی حفاظت جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی شکل میں پائی جاتی ہے اس کے سلسلہ میں اسلام کے وضع کردہ یہ اہم قواعد و اصول ہیں جن کے ساتھ ایک اور چیز بھی میں مربیوں کے سامنے پیش کر رہا ہوں تاکہ وہ اس کی طرف خصوصی توجہ کریں، اور اس کی نصیحت کیا کریں، اور اس پر محنت کریں۔ اور وہ یہ ہے کہ اسلام کے زندگی کے ہر شعبے، حصے اور نظام پر محیط ہونے کے تصور کے مفہوم کو صحیح کیا جائے، یعنی اس کا ایسا محیط و عام ہونا جو فرد و جماعت کے مصالح میں موافقت پیدا کر دے اور امت کی سیاست اور تمام عالم کی سلامتی کو متضمن ہو، ایسا محیط ہونا جو دین و دنیا — روح — مادہ — تلوار — قرآن اور عبادت و جہاد میں سے ہر ایک کو یکجا جمع کر دے۔

ایسا محیط ہونا جو عقیدہ و ایمان، تقویٰ و احسان، نماز و روزہ، اور خیر و بھلائی اور تکلیف پر صبر کرنے اور صدق و وفا، اور محبت و اخوت اور جود و سخاء اور عہد و میثاق اور عزم و قصد اور جنگ و آشتی، صلح و امن اور سزا و جزا کی شکل میں مجسم موجود ہو۔

اللہ تعالیٰ کے فرمانِ مبارک کی درجِ ذیل آیات صاف صاف برحق اعلان کر رہی ہیں۔ اور اس مفہوم کی تصحیح کر رہی ہیں اور اس محیط و شامل ہونے کی اس خصوصیت کی طرف رہنمائی کر رہی ہیں، ملاحظہ ہو فرمانِ ربانی:

((لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَ الْمَسٰكِيْنَ وَ ابْنَ السَّبِيْلِ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتَى الزَّكٰوةَ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ۗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ۗ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَ الْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ۗ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ ۢ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ۗ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۗ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ

نیکی یہی کچھ نہیں کہ اپنا منہ مشرق کی طرف یا مغرب کی طرف کر دو، لیکن بڑی نیکی تو یہ ہے کہ جو کوئی اللہ اور قیامت کے دن اور فرشتوں اور سب کتابوں اور پیغمبروں پر ایمان لائے، اور اس کی محبت پر مال دے رشتہ داروں کو اور یتیموں کو اور محتاجوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو، اور گردنیں چھڑائے، اور قائم رکھے نماز کو اور زکاۃ دیا کرے، اور جب عہد کرے تو اپنے اقرار کو پورا کرنے والے ہو، اور سختی اور تکلیف اور برائی کے وقت میں صبر کرنے والے ہوں، یہی لوگ سچے ہیں اور یہی پرہیزگار ہیں۔ اے ایمان والو تم پر فرض ہوا قصاص (برابری کرنا) مقتولوں میں آزاد کے بدلے آزاد اور غلام کے بدلے غلام اور عورت کے بدلے عورت، پھر جس کو معاف کیا جائے اس کے بھائی کی طرف سے کچھ بھی تو تابعداری کرنی چاہیئے موافق دستور کے، اور اس کو خوبی کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے، یہ آسانی ہے تمہارے رب کی طرف سے اور مہربانی، پھر جو اس فیصلہ کے بعد زیادتی کرے تو

Marfat.com

فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ﴾ البقرہ۔ ۱۷۸ تا ۱۷۹

ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ اور تمہارے واسطے قصاص میں بڑی زندگی ہے اے عقل مندو تاکہ تم بچتے رہو۔

مسلمان جب یہ گمان کرتا ہے کہ اسلام صرف عبادت ہی عبادت پر مشتمل دین کا نام ہے اس میں جہاد وغیرہ کچھ نہیں تو ایسے موقعہ پر وہ کتنا جاہل ہونے کا ثبوت دیتا ہے؟

اسی طرح یہ کتنا بڑا وہم اور دھوکہ ہے کہ انسان یہ تصور کرے کہ اسلام حکومت کو منظم کرنے اور زندگی کے دوسرے شئون و حالات کے مرتب کرنے کی دعوت نہیں دیتا؛

﴿ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ﴾ البقرہ۔ ۸۵

کیا تم مانتے ہو بعض کتاب کو اور بعض کو نہیں مانتے۔ سو کوئی سزا نہیں اس کی جو تم میں یہ کام کرتا ہے مگر رسوائی دنیا کی زندگی میں اور قیامت کے دن پہنچائے جائیں گے سخت سے سخت عذاب میں۔

اخیر میں میں مربیوں کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ بچہ دیکھ بھال اور اجتماعی و معاشرتی روک ٹوک کی تربیت اس وقت نہیں حاصل کر سکتا جب تک ہم اس کے خوف و شرم اور حیا کا علاج نہ کرلیں، اس کے علاج کا طریقہ ہم "نفسیاتی تربیت کی ذمہ داری" کی بحث کے ذیل میں ذکر چکے ہیں۔ اس لیے مربی کو چاہیئے کہ اس کا مطالعہ کرے، تاکہ اسے معلوم ہو کہ بچے میں جرأت و بہادری اور شجاعت پیدا کرنے کے لیے اسلام نے کیا طریقہ اختیار کیا ہے۔ اور اس کو شرمندگی، احساس کمتری اور خوف و ڈر اور اِدھر اُدھر چھپ کر زندگی گزارنے کی عادت سے بچانے کے لیے کیا طریقے اختیار کیے ہیں۔ واقعی اللہ اگر سیدھا راستہ نہ دکھائے تو کوئی بھی نہیں دکھا سکتا۔



جنسی تربیت کی ذمہ داریاں

جنسی تربیت کی ذمہ داری

جنسی تربیت سے مقصد یہ ہے کہ بچہ جب ان معاملات کو سمجھنے کے قابل ہو جائے جو جنس سے تعلق رکھتے ہیں اور شادی اور انسانی خواہشات سے متعلق ہیں تو بچے کو ان امور کے بارے میں سمجھا دیا جائے اور وہ امور اس کے ذہن نشین کر دیے جائیں تاکہ جب وہ جوانی کی عمر میں داخل ہو اور عنفوانِ شباب میں قدم رکھے اور زندگی کے راز ہائے سربستہ سے واقف ہو تو اسے حلال و حرام کا علم ہو، اور اسلام کے ممتاز ترین طور طریقے اور کردار اس کی عادت و طبیعت بن جائے اور وہ شہوت رانی کے پیچھے پیچھے نہ دوڑتا پھرے، اور وہ آزادی کے راستے میں بھٹک نہ جائے۔

میرے خیال میں یہ جنسی تربیت جس کا مربیوں کو اہتمام کرنا چاہیے اور جس کی طرف بھرپور توجہ دینا چاہیے یہ مندرجہ ذیل مراحل پر مشتمل ہے:

- سات سال سے دس سال تک کی عمر جسے ہوشیاری و سمجھداری کا زمانہ کہا جاتا ہے اس میں بچے کو کسی کے گھر وغیرہ جانے کی صورت میں اجازت طلب کرنے اور اِدھر اُدھر دیکھنے کے آداب سکھلا دینا چاہیئے۔
- اور دس سے چودہ سال کی عمر جسے قریب البلوغ کی عمر کہا جاتا ہے اس میں بچے کو ان تمام چیزوں سے دُور رکھنا چاہیئے جو جنسی جذبات کو بھڑکانے والی ہوں۔
- اور چودہ سے سولہ سال کی عمر جسے بلوغ کا زمانہ کہا جاتا ہے اس میں اگر اس کی شادی تیار ہو تو اسے جنسی روابط و جنسی اتصال کے آداب سکھا دینا چاہیئے۔
- بالغ ہونے کے بعد شباب و جوانی کا جو زمانہ کہلاتا ہے اس میں اگر بچے کی فوری شادی نہ کر سکیں تو اسے پاکدامنی کے آداب و محاسن بتلانا چاہیئے۔
- اور آخری بات یہ کہ بچہ جب سنِ شعور کو پہنچ جائے تو کیا کھل کر صراحۃً اس سے جنسی باتیں کر لینا چاہیئے؛ اب میں

Marfat.com

مربی حضرات کے سامنے ان مباحث کو ترتیب سے تفصیل سے بیان کروں گا تاکہ انہیں معلوم ہو کہ اپنے بچوں کو ان کا حکم کس طرح دیں، اور اس طرف کس انداز سے بچوں کی رہنمائی کرنا چاہیے؛ اور تاکہ یہ معلوم ہو جائے کہ اس عظیم دینِ اسلام نے تربیت کے کسی گوشہ کو نہیں چھوڑا بلکہ ہر گوشے کی جانب تربیت کرنے والوں کی رہنمائی کی ہے، اور اس کو ان کے لیے واضح کیا ہے، تاکہ وہ تربیت و رہنمائی کے سلسلہ میں اللہ کی طرف سے مفوضہ ذمہ داری مکمل طور سے انجام دے سکیں۔

لیجیے ذیل میں ان مباحث کو ترتیب سے مرحلہ وار ذکر کیا جا رہا ہے، اللہ تعالیٰ صحیح لکھنے کی توفیق دے:

① اجازت طلب کرنے کے آداب

محترم مربی حضرات! میں اس فصل میں آپ کے سامنے اجازت طلب کرنے کے آداب نہیں بیان کروں گا اس لیے کہ میں انہیں گذشتہ فصل میں مفصل بیان کر چکا ہوں۔

بلکہ میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ ——— بچوں کو ان اوقات میں گھر والوں کے پاس جاتے وقت اجازت طلب کرنے کے اصول بتلا دیں جن اوقات میں مرد و عورت ایسی حالت میں ہوتے ہیں جس میں وہ کسی چھوٹے بچے کو بھی سامنے آنے دینا نہیں چاہتے، اور وہ یہ پسند نہیں کرتے کہ بچے ان پر مطلع ہوں۔

خاندان و گھرانوں سے متعلق ان آداب کو قرآنِ کریم نے نہایت وضاحت سے درجِ ذیل آیات میں بیان فرما دیا ہے:

((يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِيَسْتَأْذِنْكُمُ الَّذِينَ مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ وَالَّذِينَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ۚ مِنْ قَبْلِ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَحِينَ تَضَعُونَ ثِيَابَكُمْ مِنَ الظَّهِيرَةِ وَمِنْ بَعْدِ صَلَاةِ الْعِشَاءِ ۚ ثَلَاثُ عَوْرَاتٍ لَكُمْ ۚ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌ بَعْدَهُنَّ ۚ طَوَّافُونَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝ وَإِذَا بَلَغَ الْأَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَأْذِنُوا كَمَا اسْتَأْذَنَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ)).

النور - ۵۸ و ۵۹

اے ایمان والو تمہارے مملوکوں کو اور تم میں جو (لڑکے) حدِ بلوغ کو نہیں پہنچے ہیں ان کو تم سے تین وقتوں میں اجازت لینا چاہیے۔ (ایک) نمازِ صبح سے پہلے (دوسرے) جب دوپہر کو اپنے کپڑے اتار دیا کرتے ہو، اور (تیسرے) بعد نمازِ عشاء (یہ) تین وقت تمہارے پردے کے ہیں۔ ان (اوقات) کے سوا نہ تم پر کوئی الزام ہے اور نہ ان پر۔ وہ بکثرت تمہارے پاس آتے جاتے رہتے ہیں کوئی کسی کے پاس۔ اسی طرح اللہ تم سے کھول کر احکام بیان کرتا ہے اور اللہ بڑا علم والا ہے بڑا حکمت والا ہے۔ اور جب تم میں کے لڑکے بلوغ کو پہنچ جائیں تو انہیں بھی اجازت لینا چاہیے جیسا کہ ان کے اگلے لوگ اجازت لے چکے ہیں۔

Marfat.com

اس قرآنی نص کے ذریعہ اللہ تعالیٰ مربیوں کو نابالغ چھوٹے بچوں کو گھر والوں کے پاس جانے کے وقت اجازت طلب کرنے کے سلسلہ میں گھریلو تربیت کے اصول سے مطلع فرما رہے ہیں۔

یہ اجازت طلب کرنا تین حالات میں ہوگا:

۱۔ نمازِ فجر سے قبل اس لیے کہ لوگ اس وقت عام طور سے بستروں میں سوئے ہوئے ہوتے ہیں۔

۲۔ دوپہر کے وقت اس لیے کہ بعض مرتبہ اس وقت بھی انسان اپنے گھر والوں کے ساتھ مختصر سے لباس میں ہوتا ہے۔

۳۔ عشاء کی نماز کے بعد اس لیے کہ یہ وقت آرام وسونے کا ہوتا ہے۔

بچے کو ان اوقات میں گھر میں جاتے وقت اجازت طلب کرنے کے جو آداب سکھائے جا رہے ہیں، ظاہر ہے کہ اس کی مصلحت یہ ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ بچہ اچانک بلا اطلاع ماں باپ کو ایسی حالت میں نہ دیکھ لے جس میں وہ بچے کے سامنے جانا پسند نہیں کرتے۔

لیکن جب بچہ بلوغ کی عمر کو پہنچ جائے اور بڑا ہو جائے تو ایسی صورت میں تربیت کرنے والوں کو چاہیے کہ اسے ان تین اوقات اور ان کے علاوہ دوسرے اوقات میں بھی داخل ہوتے وقت اجازت طلب کرنے کے آداب سکھائے جائیں، اس لیے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

((وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ)). النور - ۵۹

اور جب تم میں کے لڑکے بلوغ کو پہنچ جائیں تو انہیں بھی اجازت لینا چاہیے، جیسا کہ ان کے اگلے لوگ اجازت لے چکے ہیں۔

جس شخص کو تربیت کے اصول وقواعد کی ذرا بھی سوجھ بوجھ ہوگی وہ یقینی طور سے یہ بات جان لے گا کہ قرآنِ کریم کی یہ ہدایات وتوجیہات نہایت وضاحت سے اس بات پر دلالت کر رہی ہیں کہ اسلام نے بچے کے سمجھ وعقل کی عمر کو پہنچتے ہی اس بات کا نہایت اہتمام شروع کر دیا کہ بچے کی تربیت ایسی ہو کہ وہ حیا وشرم کا پتلا اور بہترین معاشرتی کردار اور شاندار اسلامی آداب کا مالک ہو تاکہ جب وہ جوانی کی عمر کو پہنچے تو اپنے عمدہ اخلاق اور قابلِ تعریف کارناموں کی ایک زندہ مثال ہو۔

یہ کتنی رسوا کن اور شرمندگی کی بات ہوگی کہ بچہ جب اچانک شب خوابی کے کمرے میں داخل ہو تو ماں باپ کو جنسی فعل میں مشغول دیکھ لے۔ اور پھر وہاں سے باہر آکر اپنے چھوٹے ہم عمر ساتھیوں کے سامنے اس منظر کو بیان کرے؟ اور پھر دوبارہ جب یہ نقشہ وتصویر اس کے ذہن میں آئے گی اور وہ سارا نقشہ اس کے خیال میں گردش کرے گا تو وہ کس قدر مبہوت وحیرت زدہ ہو جائے گا؟

اور پھر اگر اس میں صنفِ نازک کی طرف میلان کا احساس پیدا ہو جائے اور وہ اس سے قبل صنفِ نازک سے

Marfat.com

اتصال وملاپ اوراس سے خواہش ولذت پوری کرنے کے طریقے کو دیکھ چکا ہو تو اس میں انحراف کس قدر جلد ترقی پاجائے گا؟

اس لیے اگر تربیت کرنے والے اپنے بچوں میں عمدہ اخلاق، اوران کی شخصیت کو اسلامی ممتاز شخصیت، اور معاشرہ کا بہترین فرد بنانا چاہتے ہیں تو انہیں چاہیئے کہ وہ قرآنی ہدایت کے بموجب بچوں کو عقل وشعور کی منزل میں قدم رکھتے ہی یہ بتلادیں کہ انہیں گھر میں داخل ہوتے وقت اجازت طلب کرنا چاہیئے۔

(۲) دیکھنے کے آداب

جن اہم امور پر مربی کو اپنی توجہ مرکوز رکھنا چاہیئے اوراس کا بہت اہتمام کرنا چاہیئے ان میں سے یہ بھی ہے کہ بچے میں جب شعور پیدا ہوجائے تو اسے دیکھنے کے آداب سکھانا چاہیئے، اور اسے ان کا عادی بنانا چاہیئے، تاکہ بچے کو یہ خوب اچھی طرح معلوم ہوجائے کہ اسے کہاں نظر ڈالنا جائز ہے اور کہاں اور کدھر دیکھنا حرام ہے، اس میں اس کے مستقبل ودیگر معاملات کی بھلائی مضمر ہے اور اس صورت میں بلوغ کی عمر اور سمجھداری کی حدود کو پہنچنے پر اس کے اخلاق درست رہ سکتے ہیں۔

دیکھنے کے جو آداب بچے کو سکھانا چاہیئے اور جن کا اسے عادی بنانا لازمی ہے وہ ترتیب وار درج ذیل ہیں:

الف - محارم کی طرف دیکھنے کے آداب:

جس عورت سے نکاح کرنا انسان پر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے حرام ہو اسے مرد کے محارم کہا جاتا ہے۔

اور ہر وہ مرد جس سے عورت کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے نکاح کرنا جائز ہو اسے عورت کے محارم کہا جاتا ہے تو اس لحاظ سے محارم میں یہ لوگ داخل ہیں:

● نسب کی وجہ سے حرام ہونے والی عورتیں: اور وہ سات ہیں جنہیں اللہ تبارک وتعالیٰ نے درج ذیل فرمانِ مبارک میں ذکر کیا ہے:

«حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ وَأَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْأَخِ وَبَنٰتُ الْأُخْتِ» النساء ۲۳

حرام ہوئی ہیں تم پر تمہاری مائیں اور بیٹیاں اور بہنیں اور پھوپھیاں اور خالائیں اور بیٹیاں بھائی کی اور بہن کی۔

● وہ عورتیں جو رشتۂ زواج کی وجہ سے حرام ہوتی ہیں: اور وہ چار عورتیں ہیں:

۱۔ والد کی بیوی، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

«وَلَا تَنْكِحُوا مَا نَكَحَ آبَاؤُكُمْ مِنَ النِّسَاءِ» النساء ۲۲

اور نکاح میں نہ لاؤ ان عورتوں کو جن کو تمہارے باپ نکاح میں لائے۔

Marfat.com

۲۔ بیٹے کی بیوی، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

((وَحَلَائِلُ أَبْنَائِكُمُ الَّذِينَ مِنْ أَصْلَابِكُمْ)). النساء۔۲۳

اور عورتیں تمہارے ان بیٹوں کی جو تمہاری پشت سے ہیں۔

۳۔ بیوی کی والدہ، اس لیے کہ ارشادِ ربانی ہے:

((وَأُمَّهَاتُ نِسَائِكُمْ)). النساء۔۲۳

اور تمہاری عورتوں کی مائیں۔

۴۔ بیوی کی بیٹی، اس لیے کہ ارشادِ باری ہے:

((وَرَبَائِبُكُمُ اللَّاتِي فِي حُجُورِكُمْ مِنْ نِسَائِكُمُ اللَّاتِي دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ۖ فَإِنْ لَمْ تَكُونُوا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ)). النساء۔۲۳

اور انکی بیٹیاں جو تمہاری پرورش میں ہیں، جن کو کہ تمہاری ان عورتوں نے جنا ہے جن سے تم نے صحبت کی، اور اگر تم نے ان سے صحبت نہیں کی تو تم پر کچھ گناہ نہیں۔

● دودھ کی وجہ[1] سے حرام ہونے والی عورتیں: ارشاد ربانی ہے:

((وَأُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِي أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ مِنَ الرَّضَاعَةِ)).

اور تمہاری ماؤں نے تمہیں دودھ پلایا ہے اور دودھ کی بہنیں۔

اور امام مسلم اور اصحابِ سنن نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کا ارشادِ عالی نقل کرتے ہیں:

((يحرم من الرضاع ما يحرم من النسب)).

رضاعت سے بھی وہ عورتیں حرام ہو جاتی ہیں جو نسب کی وجہ سے حرام ہوتی ہیں۔

لہٰذا نسب کی وجہ سے جو عورتیں حرام ہیں جیسے ماں بیٹی بہن چچی خالہ بھتیجی بھانجی اس طرح یہ رشتے رضاعت اور دودھ کی وجہ سے بھی حرام ہو جاتے ہیں جیسے رضاعی ماں رضاعی بہن رضاعی بیٹی وغیرہ وغیرہ۔

مرد کے لیے اپنی محرم عورتوں کا سینہ سے اوپر اور گھٹنوں سے نیچے کا حصہ اس صورت میں دیکھنا جائز ہے جس میں خود وہ اور عورت دونوں شہوت اور نفسانی خواہش سے مأمون ہوں۔ لیکن اگر سفلی جذبات کے بھڑکنے کا خدشہ ہو تو احتیاطاً اس کو دیکھنا بھی حرام ہے۔

اس لیے مرد کو اپنی محرم عورتوں کے ظاہری و باطنی مواضع زینت کی طرف دیکھنا درست ہے مثلاً سر، سر کے بال، گردن اوپری سینہ، کان، بازو، گھٹنے سے نیچے پنڈلی سے قدم تک اور چہرہ۔

اس کے علاوہ جسم کا اور حصہ مثلاً پیٹ پیٹھ اور ران تو ان مواضع کی طرف دیکھنا ہرگز بھی جائز نہیں ہے۔ اور اس مسئلہ کی اصل ارشادِ ربانی ہے:

---

[1] دودھ جس کی وجہ سے حرمت ثابت ہوتی ہے وہ حنفیہ کے یہاں ایک مرتبہ منہ مار کر پینا بھی حرام کرنے والا ہے، اور فقہاء شوافع کے یہاں پانچ مختلف اوقات میں دودھ پینا ہے، لیکن احتیاط اسی میں ہے جو حنفیہ نے اختیار کیا ہے۔

Marfat.com

« وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ أَوْ آبَائِهِنَّ أَوْ آبَاءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوْ أَبْنَائِهِنَّ أَوْ أَبْنَاءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوْ إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِي إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِي أَخَوَاتِهِنَّ ». النور - ٣١

اور اپنی زینت ظاہر نہ ہونے دیں مگر ہاں اپنے شوہر اور اپنے باپ پر اور اپنے شوہر کے باپ پر، اور اپنے بیٹوں پر اور اپنے شوہر کے بیٹوں پر اور اپنے بھائیوں پر اور اپنے بھائیوں کے لڑکوں پر یا اپنی بہنوں کے لڑکوں پر۔

محرم مرد خصوصاً جب کہ بلوغ کی عمر کو پہنچ گیا ہو تو اس کے لیے یہ قطعاً حرام ہے کہ وہ اپنی محارم میں سے کسی عورت کو ایسی حالت میں دیکھے جب اس نے مختصر سا لباس پہنا ہوا ہو جو گھٹنوں سے اوپر ہو اور رانیں کھلی ہوئی ہوں یا اس نے ایسا باریک کپڑا پہنا ہو جس سے جسم کا اندرونی حصہ نظر آتا ہو اور جسم کا ایسا حصہ ظاہر ہو رہا ہو جس کی طرف دیکھنا حرام ہے، اسی طرح بیٹی اور دوسری عورت پر بھی یہ حرام ہے کہ وہ اپنے کسی محرم کا گھٹنوں اور ناف کے درمیان کا حصہ دیکھے خواہ وہ اس کا بیٹا ہو یا اس کا بھائی ہو یا باپ ہو، چاہے اسے فتنہ کا ڈر نہ بھی ہو اور خواہشِ نفس اور جذبات پر کنٹرول بھی ہو۔ چاہے حمام میں غسل کرانے اور مالش کرنے کے لیے کیوں نہ ہو:

« تِلْكَ حُدُودُ اللهِ فَلَا تَعْتَدُوهَا ، وَمَنْ يَتَعَدَّ حُدُودَ اللهِ فَأُولَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ۝ ». البقرہ - ٢٢٩

یہ اللہ کی مقرر کی ہوئی حدیں ہیں۔ سو ان کے آگے نہ بڑھو اور جو کوئی بڑھا چلے اللہ کی مقرر کی ہوئی حدوں سے سو وہی لوگ ظالم ہیں۔

ب - جس سے شادی کرنیکا ارادہ ہو اس کی طرف دیکھنے کے آداب:

شریعتِ اسلامیہ نے شادی کرنے والے کو اپنی منگیتر کی طرف دیکھنے کی اجازت دی ہے۔ اسی طرح لڑکی کو بھی اس بات کی اجازت ہے کہ وہ اپنے ہونے والے شوہر کو دیکھ لے، تاکہ دونوں شریکِ حیات ایک دوسرے کو خوشدلی سے پسند کر سکیں، اور اس کی دلیل نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ فرمانِ مبارک ہے جو آپ نے حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا تھا جسے امام مسلم نے روایت کیا ہے فرمایا:

« انظر إليها فإنه أحرى أن يؤدم بينكما ».

اس کو دیکھ لو اس لیے کہ اس کی وجہ سے تمہارے رشتۂ ازدواج کو دوام ملے گا۔

یعنی دیکھ لینا محبت والفت کو دائم کرنے کا ذریعہ ہوتا ہے۔

اور امام مسلم ونسائی روایت کرتے ہیں کہ ایک صاحب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو بتلایا کہ انہوں نے ایک انصاری عورت سے شادی کر لی ہے، تو آپ نے ان سے پوچھا: کیا تم نے اسے دیکھ لیا تھا؟ انہوں نے عرض کیا: جی نہیں، تو آپ نے ارشاد فرمایا:

Marfat.com

((انظر إليها فإن في أعين الأنصار شيئاً)).

اس کو دیکھ لو اس لیے کہ انصار کی عورتوں کی آنکھوں میں کچھ ہوتا ہے۔

یعنی آنکھیں ذرا چھوٹی ہوتی ہے۔ لیکن اس نظر ڈالنے اور دیکھنے کے بھی کچھ آداب ہیں۔ دیکھنے والے کے لیے ان کی رعایت کرنا بہت ضروری ہے۔ اور وہ درج ذیل ہیں۔

۱۔ اگر لڑکے کا لڑکی سے نکاح کرنے کا پکا ارادہ ہو تو لڑکی کے صرف چہرے اور ہاتھوں کو دیکھ سکتا ہے۔

۲۔ اگر ضرورت پڑے تو اس کی صورت اپنے ذہن میں رکھنے کے لیے کئی بار نظر ڈالنا بھی جائز ہے۔

۳۔ لڑکی اور لڑکا دیکھنے اور شادی طے ہونے والی مجلس میں ایک دوسرے سے بات بھی کر سکتے ہیں۔

۴۔ منگیتر سے مصافحہ کرنے کی کسی صورت میں اجازت نہیں ہے، اس لیے کہ شادی سے قبل وہ لڑکی اجنبیہ ہوتی ہے اور اجنبیہ سے مصافحہ کرنا حرام ہے، اس لیے کہ امام بخاری حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیعت لیتے وقت بھی کبھی کسی عورت کے ہاتھ کو نہ چھوا ہاں آپ عورتوں سے زبانی بیعت لیا کرتے تھے۔

۵۔ جس لڑکی سے نکاح کا ارادہ ہو اس کے کسی عزیز کی موجودگی کے بغیر تنہائی میں دونوں کا اکٹھا ہونا جائز نہیں ہے۔ اس لیے کہ اسلام اجنبیہ کے ساتھ خلوت کو حرام قرار دیتا ہے، چنانچہ امام بخاری و مسلم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ذیل نقل کرتے ہیں:

((ألا لا يخلون رجل بامرأة، ولا تسافرن امرأة إلا ومعها ذو محرم)).

کسی لوکسی مرد کو کسی (اجنبی) عورت کے ساتھ تنہائی میں یکجا نہیں ہونا چاہیئے۔ اور نہ کسی عورت کو بغیر محرم کے سفر کرنا چاہیئے۔

اس کے ساتھ ساتھ اس جانب بھی اشارہ کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ آزاد خاندانوں میں آج کل یہ جو رواج عام ہو گیا ہے کہ لڑکا اپنی منگیتر کے ساتھ بغیر کسی قید و حدود کے بلا حجاب ملتا رہتا ہے، جس کا جواز یہ بیان کیا جاتا ہے تاکہ دونوں ایک دوسرے کے عادات و اخلاق سے واقف ہو جائیں، تو یہ طریقہ اسلام کے بالکل خلاف ہے۔ اسلام اس کے خلاف جنگ کرتا ہے۔ اس لیے کہ یہ اخلاق و انسانی شرافت کے ادنیٰ سے ادنیٰ اصول و ضوابط کے بھی خلاف ہے۔ اس لیے کہ اس میل جول کی وجہ سے لڑکے کی بنسبت لڑکی کا نام زیادہ بدنام ہوتا ہے، اس لیے کہ ہو سکتا ہے کہ یہ شادی نہ ہو سکے اور اس لڑکی پر تہمت و اتہام لگ جائے، اور لوگ اس پر شبہ کرنے لگیں۔ اور اس کی وجہ سے لوگ اس لڑکی سے شادی کرنے سے ہی گریز کرنے لگیں، جس کا مطلب یہ ہوگا کہ لڑکی بڑی عمر تک کساد بازاری کا شکار ہو کر بغیر شادی کے ہی بیٹھی رہ جائے گی۔

اس غلط رواج کا ایک پہلو اور بھی ہے اور وہ یہ کہ اس گندی و ناجائز ملاقات کا حقیقی مقصد بھی حاصل نہ ہو سکے گا۔ اس لیے کہ ایسی ملاقاتوں میں دونوں فریقین میں سے ہر ایک نہایت تکلف کا مظاہرہ کرتا ہے۔ اور ہم نے کتنے ہی ایسے مردوں اور عورتوں

Marfat.com

کے واقعات سنے ہیں جو منگیتری کے کئی سالوں تک ایک دوسرے سے وابستہ رہے لیکن شادی کے بعد بہت ہی مختصر سے وقفہ میں ان میں آپس میں اختلافات پیدا ہو جاتی ہیں اور طلاق واقع ہو جاتی ہے۔ تو بتلائیے کہ شادی سے قبل ایک دوسرے سے میل ملاقات سے بھی اخلاق کا کیا پتہ چلا؟ اس لیے عقلمندوں کو اس سے عبرت و نصیحت حاصل کر لینا چاہیے۔

ج - بیوی کی طرف دیکھنے کے آداب:

مرد اپنی بیوی کے جسم کے ہر حصہ کو شہوت کی نظر سے بھی دیکھ سکتا ہے اور بغیر شہوت کے بھی، اس لیے کہ جب بوس وکنار اور ہمبستری جائز ہے تو اس سے کم درجہ کی چیز یعنی بیوی کے جسم کے کسی بھی حصہ پر نظر ڈالنا بدرجہ اولیٰ جائز ہونا چاہیے۔ اگرچہ افضل یہ ہے کہ میاں بیوی میں سے ہر ایک دوسرے کی شرمگاہ کو نہ دیکھے اس لیے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں آتا ہے کہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے اس حالت میں تشریف لے گئے نہ انہوں نے میری (اس چیز کی) طرف دیکھا اور نہ میں نے آپ کی (اس چیز کی) طرف دیکھا۔[1] بہر حال دونوں کے لیے ایک دوسرے کے جسم کے ہر حصہ پر نظر ڈالنا جائز ہے، اس کی دلیل وہ روایت ہے جسے ابو داؤد، ترمذی اور نسائی نے حضرت معاویہ بن حیدہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول: جسم کے کون سے ایسے مستور حصے ہیں جنہیں ہم دیکھ سکتے ہیں اور کون سے ایسے ہیں جنہیں ہم نہیں دیکھ سکتے تو آپ نے ارشاد فرمایا:

« احفظ عورتك إلا من زوجتك أو ما ملكت يمينك »

تم اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرو سوائے اپنی بیوی اور باندی کے۔

اور اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

« وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ ۝ إِلَّا عَلَىٰ أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ ۝ » المومنین - ۵ و ۶

اور جو اپنی شرمگاہوں کی نگہداشت رکھنے والے ہیں، ہاں اپنی بیویوں اور باندیوں سے نہیں کہ (اس سلسلہ میں) ان پر کوئی الزام نہیں۔

د - اجنبی عورت کی طرف دیکھنے کے آداب:

بالغ آدمی کے لیے اجنبی عورت کی طرف دیکھنا جائز نہیں ہے چاہے وہ جذبات کو ابھارنے والی نہ بھی ہو، لیکن یہ سمجھنا چاہیے کہ اجنبی عورت سے کیا مراد ہے اور اجنبی مرد کون ہوتا ہے؟

اجنبی مرد: وہ ہے کہ جس سے عورت کے لیے نکاح کرنا جائز ہو جیسے کہ چچا زاد بھائی، پھوپھی زاد بھائی،

[1] ملاحظہ ہو فتح القدیر ج - ۸ کتاب الحظر کی فصل النظر۔

Marfat.com

ماموں زاد بھائی، خالہ زاد بھائی اور بہن کا شوہر اور خالہ کا شوہر۔

اجنبی عورت: یہ وہ عورت ہے جس سے مرد کو نکاح کرنا درست ہو جیسے چچا زاد بہن، پھوپھی زاد بہن، ماموں زاد بہن اور خالہ زاد بہن اور بھابھی اور چچی اور ممانی اور سالی اور بیوی کی چچی اور پھوپھی۔

جو حکم مرد کا ہے وہی اس بچے کا ہے جو مراہق و قریب البلوغ ہو، اور بدصورت و خوبصورت عورت میں فرق کر سکتا ہو. اس لیے ایسے لڑکے کو بھی اجنبی عورت کی طرف دیکھنا ناجائز ہے۔

اجنبی عورتوں کی طرف دیکھنے کے حرام ہونے کی اصل دلیل اللہ تبارک وتعالیٰ کا فرمان ذیل ہے:

((قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَ يَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ۭ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ)).

النور - ۳۰ و ۳۱

آپ ایمان والوں سے کہہ دیجیے کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں، اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں، یہ ان کے حق میں زیادہ صفائی کی بات ہے، بے شک اللہ کو سب کچھ خبر ہے جو کچھ لوگ کیا کرتے ہیں. اور آپ کہہ دیجیے ایمان والیوں سے کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت رکھیں۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث ذیل ہیں:

طبرانی و حاکم صحیح سند سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ جل شانہٗ سے روایت کرتے ہیں کہ:

((النظرة سهم من سهام إبليس، من تركها من مخافتي أبدلته إيمانا يجد حلاوته في قلبه)).

نگاہِ بد شیطان کے زہریلے تیروں میں سے ایک تیر ہے، جو میرے ڈر سے اسے چھوڑ دے گا تو میں اس کے بدلہ اس کے دل میں ایسا ایمان پیدا کر دوں گا جس کی شیرینی وہ اپنے دل میں محسوس کرے گا۔

اور امام احمد و طبرانی حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((ما من مسلم ينظر إلى محاسن امرأة ثم يغض بصره إلا أحدث الله له عبادة يجد حلاوتها في قلبه)).

کوئی مسلمان ایسا نہیں کہ جس کی نظر کسی عورت کے حسن و جمال پر پڑے اور پھر وہ اپنی نگاہ اس سے جھکا لے مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اسے ایسی عبادت کی توفیق دیتے ہیں جس کی حلاوت اسے اپنے دل میں محسوس ہوتی ہے۔

⁂

اور امام احمد و ابنِ حبان اپنی صحیح میں اور حاکم حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((اضمنوا لی ستا أضمن لکم الجنة : اصدقوا إذا حدثتم، وأوفوا إذا وعدتم، وأدوا إذا ائتمنتم، واحفظوا فروجکم، وغضوا أبصارکم، وکفوا أیدیکم)).

تم اپنے بدن کی چھ چیزوں کی مجھے ضمانت دے دو میں تمہارے لیے جنت کا ضامن بن جاؤں گا: جب بات کرو تو سچ بولو، اور جب وعدہ کرو تو اسے پورا کرو۔ اور جب تمہارے پاس امانت رکھائی جائے تو اسے ادا کرو، اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو، اور اپنی نگاہوں کو نیچا رکھو، اور اپنے ہاتھوں کو روکے رکھو۔

* * *

اور امام بخاری و مسلم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

((کتب علی ابن آدم نصیبه من الزنا فهو مدرك لامحالة، العینان زناهما النظر، والأذنان زناهما الاستماع، واللسان زناه الکلام، والید زناها البطش، والرجل زناها الخطی، والقلب یهوی ویتمنی، ویصدق ذلك الفرج أو یکذبه)).

ہر انسان پر اس کا زنا کا حصہ لکھ دیا گیا ہے جو اس کو ضرور پہنچ کر رہے گا۔ آنکھوں کا زنا (اجنبی عورتوں کا) دیکھنا ہے، اور کانوں کا زنا سننا ہے، اور زبان کا زنا بات کرنا ہے، اور ہاتھ کا زنا پکڑنا ہے، اور پاؤں کا زنا چلنا ہے، اور دل خواہش و تمنا کرتا ہے، اور شرمگاہ یا اس کی تصدیق کرتی ہے یا اس کی تکذیب کر دیتی ہے۔

* * *

اور امام مسلم و ترمذی حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اچانک نظر پڑ جانے کے بارے میں دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کہ اپنی نگاہ کو (فوراً) ہٹا لو۔

اور ابو داؤد و ترمذی حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں ایک مرتبہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں تھی اور آپ کے پاس حضرت میمونہ بھی بیٹھی ہوئی تھیں کہ سامنے سے ابنِ ام مکتوم آنے لگے، یہ اس وقت کا واقعہ ہے جب ہمیں پردہ کرنے کا حکم دے دیا گیا تھا، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم دونوں ان سے پردہ کر لو، تو ہم دونوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول کیا یہ نابینا نہیں ہیں؟ یہ تو ہمیں نہ دیکھ سکتے ہیں اور نہ ہی پہچان سکتے ہیں! اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کیا تم دونوں بھی نابینا ہو؟ کیا تم دونوں ان کو نہیں دیکھ سکتی ہو؟!

یہ تمام نصوص نہایت صراحت سے یہ وضاحت کر رہی ہیں کہ کسی انسان کا اجنبی عورت کو دیکھنا حرام ہے۔ اور اسی طرح عورت کو اجنبی مرد کی طرف دیکھنا بھی حرام ہے، بشرطیکہ وہ دونوں ایک مجلس میں ہوں اور دیکھنے سے فتنہ میں پڑنے کا ڈر ہو۔

Marfat.com

(ظلال القرآن کے مؤلف کے قول کے مطابق نگاہ پست رکھنے سے اسلام جو مقصد حاصل کرنا چاہتا ہے وہ یہ ہے کہ ایک ایسا پاک صاف معاشرہ پیدا کیا جائے جس میں ہر لمحہ و ہر وقت شہوات و جذباتِ نفسانیہ اور حیوانی خواہشات کو اُبھارا نہ جاتا ہو ہر طرف سے سفلی جذبات بھڑکانے والے مستقل مناظر و اشیاء لازمی طور سے انسان کو شہوت و خواہشاتِ نفسانیہ کی ایک ایسی آگ میں جھونک دیتے ہیں جو نہ ماند پڑتی ہے اور نہ سیراب کرتی ہے، نامحرموں کو دیکھنا اور جذبات برانگیختہ کرنے والی حرکات اور عریاں زیب و زینت اور ننگے جسم ان کا سوائے اس کے اور کوئی کام نہیں ہوتا کہ وہ اس حیوانی دیوانی شہوت و جذبات کی آگ کو بھڑکا دیں۔ اسلام نے پاک صاف معاشرہ قائم کرنے کے لیے جن وسائل کو اختیار کیا ہے ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ جذبات کے برانگیختہ کرنے والے امور سے روکا اور اس نے دونوں جنسوں کے درمیان جو گہرا فطری دافع ہے اسے برقرار و محفوظ رکھا اور قوتِ طبیعی کے ذریعہ فرضی اور مصنوعی جذبات برانگیختہ کرنے والی چیزوں سے پاک رکھا۔

ایک زمانے میں یہ مشہور ہو گیا تھا کہ پاک و صاف نظر بازی اور صاف ستھری گفتگو اور ہلکا پھلکا تھوڑا میل جول و اختلاط اور دونوں جنسوں کے درمیان دل لگی، مذاق اور چھپے ہوئے فتنہ کے مقامات پر مطلع ہونا... ان سب کے بارے میں یہ مشہور تھا کہ یہ محبوس و مقید رغبتوں کے لیے راحت و سکون پہنچانے اور نفسیاتی پیچیدگیوں کو دور کرنے اور غصے کے روکنے کا ذریعہ ہے اور جنسی دباؤ کی تیزی میں کمی آجاتی ہے اور جنسی ہیجان اسکی وجہ سے جو نامناسب اثرات پڑتے ہیں ان میں کمی ہو جاتی ہے... لیکن ان نظریات و افکار کا دامن تھامنے والے اس بات کو بھول گئے کہ مرد و عورت کے درمیان جو ایک فطری لگاؤ اور میلان ہے وہ دنیاوی زندگی میں ایک نہایت گہرا تعلق و میلان ہے، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے اس تعلق و ارتباط کے ساتھ زندگی کے روئے زمین پر امتداد و پھیلاؤ کو مربوط کر رکھا ہے، اور اس دنیا میں انسان کو اپنا خلیفہ بنایا ہے، اس لیے مرد و زن کا ایک دوسرے کی طرف یہ میلان ایک مستمر و دائمی میلان ہے، جو ایک وقت تک کے لیے ٹھنڈا پڑ جاتا ہے، لیکن پھر دوبارہ ابھر جاتا ہے، اور اس کے بھڑکنے اور ابھرنے میں ہمیشہ پہلے سے زیادہ تیزی ہوتی ہے جو اسے راحت کے حصول کے لیے مادی اتصال کی جانب راغب کرتی ہے، لیکن اگر یہ مقصد حاصل نہ ہو تو جوش میں آئے ہوئے اعصاب درماندہ ہو جاتے ہیں اور اس کی مثال ایک مستقل و دائمی عذاب کی سی بن جاتی ہے۔

چنانچہ دیکھنا اور بدنظری بھی جذبات کو برانگیختہ کرتی ہے۔ اور حرکات و سکنات بھی، اور ہنسی مذاق و دل لگی بھی، اور اس طبعی میلان کے آثار چڑھاؤ بھی جذبات کو ابھارتے ہیں... اور امن کا راستہ یہ ہے کہ ان جذبات کے بھڑکانے والے امور کو کم سے کم اور محدود سے محدود تر کیا جائے، تاکہ یہ فطری میلان اپنی طبعی حدود کے دائرے میں رہے، اور پھر جائز و حلال نکاح کے راستے سے طبعی طریقے سے اس داعیہ کی آواز پر لبیک کہا جائے، یہ ہی وہ طریقہ ہے جسے اسلام نے منتخب کیا ہے، اور جنسِ بشر کے نفسانی سکون اور فکری استقرار اور عصبانی راحت اور اس محفوظ و سلیم رابطے کے لیے پسند کیا ہے

Marfat.com

جو تمام اولادِ آدم کو ایک دوسرے سے مربوط رکھتا ہے)۔

بدنظری اور ادھر ادھر نگاہ دوڑاتے پھرنے سے جذبات میں جو ابھار پیدا ہوتا ہے اس سلسلہ میں کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

كل الحوادث مبداها من النظر — ومعظم النار من مستصغر الشرر
تمام حوادث کی ابتدا نظر ہی سے ہوتی ہے — اور عام طور سے آگ چھوٹی سی چنگاری سے لگتی ہے
كم نظرة فعلت في قلب صاحبها — فعل السهام بلا قوس ولا وتر
کتنی ہی مرتبہ بدنظری دیکھنے والے کے دل پر — بغیر تیر و کمان کے تیر کا سا اثر کرتی ہے
والمرء ما دام ذا عين يقلبها — في أعين الغيد موقوف على خطر
اور انسان جب تک اپنی نگاہ کو حسیناؤں — کی آنکھیں وغیرہ دیکھنے میں مصروف رکھے گا خطرہ میں رہے گا
يسر مقلته ما ضر مهجته — لا مرحبًا بسرور عاد بالضرر
اسکی نگاہ کو وہ چیز سرور بخشتی ہے جو اسکی جان کو نقصان پہنچاتی ہے — ایسی خوشی نامبارک ہو جو نقصان کا ذریعہ بنے

اور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے درجِ ذیل ارشادِ مبارک بالکل سچ فرمایا:

((ثلاثة لا ترى أعينهم النار: عين حرست في سبيل الله، وعين بكت من خشية الله، وعين كفت عن محارم الله)).
طبرانی

تین قسم کے آدمی ایسے ہیں کہ ان کی آنکھیں (دوزخ کی) آگ کو نہ دیکھیں گی، ایک وہ آنکھ جو اللہ کے راستے میں چوکیداری کرتی ہو۔ اور ایک وہ آنکھ جو اللہ کے خوف سے روئی ہوں ایک وہ آنکھ جو نامحرموں اور ممنوع جگہوں سے رک گئی ہو۔

۷۔ مرد کے مرد کی طرف دیکھنے کے آداب:

مرد کے لیے مرد کی ناف سے گھٹنے تک کا حصہ دیکھنا جائز نہیں ہے۔ چاہے قریبی رشتہ دار ہو یا دور کا، خواہ مسلمان ہو یا کافر۔

جسم کے اس حصے کے علاوہ پیٹ پیٹھ سینہ تو اس کی طرف اس صورت میں دیکھنا جائز ہے جب دیکھنے والے کو اپنے جذبات کے بھڑکنے کا ڈر نہ ہو۔

اس دیکھنے کے سلسلہ میں اصل وہ روایت ہے جسے امام مسلم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: مرد کو مرد کی شرمگاہ کی طرف نہیں دیکھنا چاہیے اور عورت کو عورت کی شرمگاہ کی جانب۔

اور امام احمد و اصحابِ سنن روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ تم اپنی شرمگاہ کی حفاظت کر

Marfat.com

سوائے اپنی بیوی اور باندیوں کے۔

اور امام حاکم روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صاحب کو ران کھولے ہوئے دیکھا تو انہیں تنبیہ اور رہنمائی کرنے کے لیے فرمایا کہ اپنی ران کو ڈھک لو، اس لیے کہ ران شرمگاہ میں داخل ہے، اور ترمذی کی ایک روایت میں آتا ہے کہ: ران شرمگاہ ہے۔

لہٰذا ان نصوص سے یہ معلوم ہوا کہ:

کسی شخص کو اپنی ناف سے گھٹنے تک کا کوئی حصہ بھی کسی صورت میں کھولنا جائز نہیں ہے نہ ریاضت و ورزش میں، اور نہ تیرنے کے لیے، اور نہ کسی تدریب و مشق میں، نہ حمام و غسل گاہ میں خواہ شہوت و جذبات سے امن ہی کیوں نہ ہو، اور اگر بالفرض کوئی شخص کسی کو اس کے جسم کے کسی حصے کے کھولنے کا حکم دے تو اسے چاہیے کہ وہ ہرگز اس کی بات نہ مانے، اس لیے کہ حدیثِ نبوی میں آتا ہے کہ خدا کی معصیت و نافرمانی کے سلسلہ میں کسی کی اطاعت نہیں کی جائے گی۔

مالکیہ کی طرف جو یہ بات منسوب ہے کہ ان کے یہاں مستور حصہ صرف اگلی اور پچھلی شرمگاہ کا حصہ ہے، اس کے علاوہ جسم کا دوسرا حصہ کھولنا جائز ہے، تو یہ دعویٰ قطعاً درست نہیں ہے بلکہ یہ ناسمجھی اور کم علمی ہے۔

شرمگاہ و جسم کے مستور حصوں کی مالکیہ کے یہاں دو قسمیں ہیں؛

۱۔ نماز کے اعتبار سے مستور ہونا۔

۲۔ نظر ڈالنے اور دیکھنے کے اعتبار سے مستور و عورت ہونا۔

نماز کے اعتبار سے مستور حصے کی دو قسمیں ہیں؛

عورتِ غلیظہ: جو اگلی اور پچھلی شرمگاہ کا نام ہے۔

عورتِ خفیفہ: جو ناف اور گھٹنے کے درمیان کا حصہ ہے۔

- لہٰذا اگر نماز میں عورتِ غلیظہ کھل جائے تو نماز کو ہر صورت میں لوٹایا جائے گا، خواہ اس کا وقت نکل چکا ہو یا نہ نکلا ہو۔
- اور اگر نماز میں عورتِ خفیفہ کھل جائے تو ایسی صورت میں جب تک نماز کا وقت باقی ہو اس وقت تک اس کا اعادہ کیا جائے گا لیکن اگر اس کا وقت نکل جائے تو پھر اس کے اعادہ کا حکم نہیں ہے۔

رہی دیکھنے کے لحاظ سے عورت: تو اس سلسلہ میں عورتِ غلیظہ اور خفیفہ دونوں کا کھولنا حرام ہے۔

- لہٰذا مرد کا مستور حصہ دوسرے مرد کے لیے ناف سے گھٹنے تک ہے۔
- اور عورت کا مستور حصہ دوسری عورت کے لیے اگر دونوں مسلمان ہوں تو ناف سے گھٹنے تک ہی ہے۔
- اور مسلمان عورت کا حکم کافر عورت کے ساتھ یہ ہے کہ مسلمان عورت کا سارا جسم کافر عورت کے لیے مستور ہے سوائے اس کے چہرے اور ہاتھوں کے، ایک قول تو یہ ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ مسلمان عورت کا تمام بدن کافر

Marfat.com

عورت کے سامنے مستور رہنا چاہیے۔

◎ اور عورت کا اپنے محارم کے لیے مستور حصہ چہرے ـــــــ ہاتھوں اور سر اور گردن اور پاؤں کے علاوہ تمام حصہ ہے۔ لہٰذا ان اعضاء کے علاوہ اور کسی حصے کی طرف نگاہ ڈالنا جائز نہیں ہے[1]

اس لیے فقہِ مالکی کی اس عبارت سے یہ معلوم ہوا کہ چاروں ائمہ فقہاء اس بات پر متفق ہیں کہ مرد کے لیے دوسرے مرد کا ناف سے گھٹنے تک کا حصہ مستور و شرمگاہ کے حکم میں ہے اس لیے دونوں کا ایک دوسرے کے اس حصے کی جانب دیکھنا حرام ہے اور اس کے علاوہ جسم کو دیکھنا جائز ہے[2]

---

[1] یہ مالکی مذہب ہے جو مختصراً "دسوقی علی الشرح الکبیر" کے حاشیہ سے لیا گیا ہے۔

[2] بخاری و مسلم میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل خیبر سے جنگ کی، حضرت انس فرماتے ہیں کہ ہم نے وہاں صبح کی نماز پڑھی، پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سواری پر سوار ہوئے اور آپ کے پیچھے ابو طلحہ اور میں سوار تھا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر میں سواری کو دوڑایا تو میرے گھٹنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ران پر لگنے لگے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ران سے آپ کی چادر ہٹ گئی تو میں آپ کی ران کی سفیدی کو دیکھنے لگا...

امام نووی مسلم کی شرح میں لکھتے ہیں کہ حضرت انس کی حدیث اس پر محمول ہے کہ سواری دوڑانے اور حملہ کرنے کی وجہ سے بلا قصد و اختیار نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ران اچانک کھل گئی تھی، لیکن اس روایت میں یہ کہیں نہیں ہے کہ آپ نے باوجود موقع ملنے کے پھر بھی اپنی ران کو نہ چھپایا، رہا حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہ فرمانا کہ میں نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کی ران کو دیکھ رہا تھا تو یہ بھی اس پر محمول ہے کہ ان کی نگاہ اچانک ران پر پڑ گئی تھی قصداً انہوں نے ایسا نہ کیا تھا۔

علامہ ابن حزم ظاہری نے حضرت انس کی اس حدیث سے یہ استدلال کیا ہے کہ مرد کی ران مستور حصے میں داخل نہیں ہے۔ لیکن فقہاء نے مختلف وجوہ سے انکی تردید کی ہے اور جوابات دیئے ہیں جو درج ذیل ہیں:

۱۔ مختلف احادیث سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مرد کی ران بھی عورت ہے، ان میں سب سے قوی وہ حدیث ہے جسے امام مالک و احمد و ابو داؤد و ترمذی نے روایت کیا ہے اور امام بخاری نے اپنی صحیح میں معلقاً روایت کیا ہے کہ حضرت جرہد کہتے ہیں کہ میرے پاس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ہوا، مجھ پر ایک چادر پڑی تھی اور میری ران کھلی ہوئی تھی تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ اپنی رانوں کو چھپا لو اس لیے کہ ران عورت ہے۔

۲۔ علماء اصول لکھتے ہیں کہ جب دو حدیثوں میں تعارض ہو جائے تو اگر ان میں تطبیق ممکن ہو تو تطبیق دے دی جائے گی اور امام نووی نے حضرت انس و حضرت جرہد کی حدیثوں کے درمیان تطبیق اس طرح دی ہے کہ حضرت انس کی حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ران کے کھلنے کا جو ذکر ہے وہ بوقت خیبر پیش آنے کی وجہ سے بلا اختیار کھل گئی تھی جیسا کہ ابھی ذکر ہو چکا ہے۔

۳۔ اور اگر دو متعارض حدیثوں میں تطبیق کی کوئی صورت نہ نکلے تو پھر علماء اصول لکھتے ہیں کہ ـــــــ اگر ایک روایت حرام قرار دینے والی ہو اور دوسری مباح قرار دینے والی ہو تو ایسی صورت میں حرام قرار دینے والی کو ترجیح ہوگی، اس لیے علماء اصول کے اس قاعدے کے مطابق علماء نے حرمت کی جانب کو ترجیح دی ہے کہ بلا ضرورت ران کھولنا حرام ہے۔

۴۔ بخاری و مسلم میں آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کو نبوت سے قبل بچپن ہی میں کشف عورت سے محفوظ رکھا تو بھلا پھر نبوت کے بعد بالقصد و الاختیار آپ کو اس پر کیسے برقرار رکھ سکتے ہیں۔

۵۔ ائمہ مجتہدین کا اس پر اتفاق ہے کہ انسان کی ران عورت ہے اور اس کی طرف دیکھنا حرام ہے اور سوائے اہل ظواہر اور بعض ان کے ہم مذہبوں کے کسی نے اس مسئلہ میں شذوذ اختیار نہیں کیا ہے اور جیسا کہ آپ نے پڑھ لیا بڑے بڑے علماء نے ان کی تردید کی ہے اور ان کی رائے کو بوجہ قرار دیا ہے۔

۶۔ بلا ضرورت رانوں کا کھولنا ذوقِ سلیم کے بھی خلاف ہے، بلکہ اسلام نے جو پاکیزہ حیاء کی تعلیم دی ہے اس سے بھی متصادم ہے۔ اور اسلامی اخلاق اور معاشرے کے آداب کے بھی منافی ہے۔

Marfat.com

و۔ عورت کے عورت کی جانب دیکھنے کے آداب :

عورت کو عورت کی ناف سے گھٹنے تک کے جسم کا دیکھنا جائز نہیں ہے خواہ وہ اس کی قریبی رشتہ دار ہو یا دُور کی اور چاہے وہ مسلمان ہو یا کافر۔

اس کی دلیل وہی حدیث ہے جو پہلے ذکر کی جا چکی ہے کہ مرد مرد کے مستور جسم کی طرف نہ دیکھے اور عورت عورت کے مستور جسم کو نہ دیکھے ، اور وہ حدیث جسے حاکم نے روایت کیا ہے کہ گھٹنے اور ناف کے درمیان کا حصہ مستور حصہ ہے اور وہ حدیث کہ ران عورت ہے۔

لہٰذا ان نصوص سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عورت کے لیے یہ حرام ہے کہ وہ اپنی بیٹی ، بہن ، ماں ، پڑوسن یا سہیلی کی ران کو دیکھے خواہ حمام میں ہو یا کسی اور مقام پر۔

اس ممانعت کی حکمت یہ ہے کہ ــــ بھڑکانے والے منظر اور جذبات ابھارنے والی چیز کو دیکھ کر عورت طبعی جذبات کے بھڑکنے اور فطری خواہش کے برانگیختہ ہونے سے محفوظ رہے ، اس لیے کہ بعض مرتبہ ان مناظر کے دیکھنے سے جذبات کا ابھار و جوش عورت کو عورت سے خواہش پوری کرنے کی طرف راغب کر دیتا ہے ، اور عورت عورت سے مل کر اپنی شہوت کو پوری کرتی ہے ، اور اپنے جذبات کو ٹھنڈا کر لیتی ہے۔

صحیح احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ مرد مرد پر اکتفا کریں گے اور عورتیں عورتوں پر یعنی دونوں فریق اپنے ہم جنس سے اپنی خواہش پوری کریں گے۔

اس لیے غیرت مند مسلمان عورتوں کو دوسری عورتوں کے جسم کے مستور حصوں کو دیکھنے سے اجتناب کرنا چاہیے ، چاہے یہ جھانک تانک غسل کے لیے کپڑے بدلنے کے دوران ہو یا حمام میں جسم کے ملنے کے دوران یا شادی کی ان ننگی مجالس میں جہاں نہایت بازاری طرز کی بے حجابی اور جسم کی ناپسندیدہ عریانی کے ایسے مناظر ہوتے ہیں جن سے پیشانی پسینہ آلود ہو جاتی ہے۔

باغیرت مردوں کو چاہیے کہ وہ اپنی بیویوں اور بیٹیوں کو عوامی حمام میں جانے سے روکیں ، اس لیے کہ وہاں جسم کا کھولنا اور عریانی اور دوسرے بے شمار مفاسد و برائیاں ہوتی ہیں جیسا کہ ہم آج اپنے اوسط درجے کے معاشرے میں بچشم خود دیکھ رہے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے :

نسائی اور ترمذی اور حاکم نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا :

((من کان یؤمن باللہ والیوم الآخر فلا — جو شخص اللہ اور قیامت کے دن پر یقین رکھتا ہو اسے

Marfat.com

يدخل حليلته الحمام)). چاہیے کہ اپنی بیوی کو حمام میں نہ لے جائے۔

اور طبرانی روایت کرتے ہیں کہ حمص یا شام کی عورتیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو انہوں نے فرمایا: کیا تم وہیں کی عورتیں ہو جہاں کی عورتیں حمام میں جاتی ہیں؟ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ نے ارشاد فرمایا:

((ما من امرأة تضع ثيابها في غير بيت زوجها إلا هتكت الستر بينها وبين ربها)). کوئی عورت ایسی نہیں کہ جو اپنے کپڑے شوہر کے گھر کے علاوہ کسی اور جگہ اتارے مگر یہ کہ اس نے اپنے اور اپنے رب کے درمیان کا پردہ چاک کر دیا۔

اور ابنِ ماجہ اور ابوداؤد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

((ستفتح عليكم أرض العجم، وستجدون فيها بيوتاً يقال لها: الحمامات فلا يدخلها الرجال إلا بالأزار، وامنعوها النساء إلا مريضة أو نفساء)). تمہارے لیے سرزمین عجم فتح کر دی جائے گی، اور تم وہاں ایسے مکان پاؤ گے جنہیں حمام کہا جاتا ہے۔ اس لیے وہاں مرد بغیر تہبند کے نہ جائیں اور عورتوں کو وہاں جانے سے روکو سوائے بیمار یا نفاس والی عورت کے۔

ز۔ کافر عورت کے مسلمان عورت کی طرف دیکھنے کے آداب:

مسلمان عورت کو کسی کافر عورت کے سامنے اپنے حسن و جمال کا اظہار یا جسم کا کوئی حصہ اس کے سامنے کھولنا جائز نہیں، ہاں کام کاج کے وقت جو حصہ کھل جاتا ہے جیسے ہاتھ پاؤں چہرہ یہ کھول سکتی ہے اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کا سورۂ نور والا ارشادِ عمومی ہے:

((وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ ... أَوْ نِسَائِهِنَّ ...)). النور - ۳۱ اور اپنی زینت ظاہر نہ ہونے دیں مگر ہاں شوہروں پر اور اپنی (ہم مذہب) عورتوں پر۔

تو اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان او نسائھن "یعنی اپنی عورتیں" اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان عورت کے لئے اپنی زیب و زینت کا اظہار صالح اور مسلمان عورتوں کے سامنے تو جائز ہے لیکن اگر کسی مجلس میں غیر مسلم یا بدکردار مسلمان عورتیں موجود ہوں تو ایسے مواقع پر مسلمان عورت کو اپنی زینت یا جسم کا کھولنا درست نہیں ہے۔

اس حرمت کی علت وہی ہے جو دسوقی نے حاشیے میں تحریر ہے کہ آزاد مسلمان عورت کو کافر آزاد عورت کے سامنے چہرہ و ہاتھ کے علاوہ کوئی اور حصہ کھولنا نہیں چاہیے یہی صحیح قول ہے اور اس کی حکمت یہ ہے کہ وہ کافر عورت اپنے کافر شوہر سے اس مسلمان عورت کا حسن و جمال نہ بیان کر سکے اس لیے یہ حرمت اس کے عورت ہونے کی وجہ سے

نہیں بلکہ اس مذکورہ بالا مصلحت کی وجہ سے ہے۔

اسی طرح مسلمان عورت کے لیے یہ بھی حرام ہے کہ وہ اپنے جسم کے خوبصورتی و حسن وجمال والے اعضاء کسی بدکردار مسلمان عورت کے سامنے کھولے تاکہ وہ اس کے حسن وجمال کا تذکرہ مردوں سے نہ کرے "الہدیۃ العلائیۃ" میں لکھا ہے کہ کسی نیک وصالح عورت کے لیے یہ مناسب نہیں کہ اس کے جسم کو کوئی بدکردار عورت دیکھے تاکہ وہ اس کے جسم اور حسن وجمال کا دوسرے مردوں سے تذکرہ نہ کر سکے لہٰذا نیک، عورت کو ایسی عورتوں کے سامنے اپنا دوپٹہ اور اوڑھنی نہیں اتارنا چاہیے۔

جناب ابوالاعلیٰ مودودی صاحب اللہ تعالیٰ کے اس فرمان: ((أَوْ نِسَائِهِنَّ)) کا ایک عجیب منفرد مطلب ذکر کرتے ہیں جو انہوں نے اپنی کتاب میں سورۂ نور کی تفسیر کے ذیل میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فرمان مبارک ((أَوْ نِسَائِهِنَّ)) سے وہ خاص عورتیں مراد ہیں جن کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا کام کاج وخدمت کا تعلق ہو یا تعارف ہو خواہ وہ مسلمان ہو یا غیر مسلم، اور آیت کا مقصد یہ ہے کہ وہ ان اجنبی عورتوں کے دائرے میں نہ جائے جن کے اخلاق وعادات وطور طریقوں کا کچھ پتہ نہیں یا ایسی عورتیں جن کے ظاہری حالات مشتبہ ہوں اور ان پر اعتماد نہ کیا جا سکتا ہو، اس لیے اس معاملہ میں دینی اختلاف کا اعتبار نہیں ہے بلکہ یہاں اخلاقی اختلاف مراد ہے۔ اس لیے مسلمان عورتوں کو بلا حجاب اپنی زینت کا اظہار اور ایسی شریف گھرانے کی عورتیں جو معروف گھرانوں سے تعلق رکھتی ہیں اور ان کا خاندان عادات واخلاق میں معروف ہو ان کے سامنے مسلمان عورت اپنی زینت وجمال کا اظہار کر سکتی ہے خواہ وہ عورتیں مسلمان ہوں یا غیر مسلم۔

لیکن ایسی فاسق وبدکردار عورتیں جن میں شرم وحیا نہیں ہے اور ان کے اخلاق وعادات قابلِ اعتماد نہیں تو ایسی عورتوں سے ہر مومن صالح عورت کو پردہ کرنا چاہیئے، خواہ وہ عورتیں مسلمان ہی کیوں نہ ہوں اس لیے کہ ان کی صحبت اخلاق کے خراب کرنے اور بگاڑنے میں مردوں کی صحبت سے کم نقصان دہ نہیں ہے۔

لیکن آپ بتلائیے کہ ایسی غیر مسلم شریف زادیاں اور اعلیٰ کردار واخلاق کی مالک غیر مسلم عورتیں کہاں پائی جاتی ہیں؟ میرا تو اندازہ یہ ہے کہ ایسی غیر مسلم شاذ ونادر ہی کہیں پائی جائیں، اس لیے مسلمان عورت کو اپنے دین واخلاق وکردار کو غیر مسلموں کے اخلاق وکردار سے بچانے کے لیے بہت احتیاط کرنا چاہیے، اور اسی طرح ایسی مسلمان عورتوں سے بھی بچنا چاہیے جو آزاد ہوں جن کے یہاں حرمت وشرافت کا کوئی خیال نہ کیا جاتا ہو۔

ح۔ امرد یعنی بے ریش لڑکوں کی طرف دیکھنے کے آداب:

امرد اس جوان کو کہتے ہیں جس کی داڑھی ابھی تک نہ نکلی ہو یعنی وہ لڑکا جو دس سے پندرہ سال کے درمیان عمر کا ہو۔

خرید وفروخت لین دین علاج وتعلیم وغیرہ ضروریات کے لیے امرد کی طرف دیکھنا جائز ہے لیکن اگر اس کی طرف

Marfat.com

دیکھنے کا مقصد اس کے حسن وجمال سے لذت اندوزی ہو تو یہ حرام ہے اس لیے کہ اس سے جذبات بھڑکتے ہیں جو فتنے کا ذریعہ بن جاتے ہیں۔

اس طرح کی نظربازی کی حرمت کی دلیل اللہ تعالیٰ کا فرمانِ مبارک ہے:

﴿قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ﴾۔ النور۔۳۰ آپ ایمان والوں سے کہہ دیجیے کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں۔

سلفِ صالحین نے بے ریش خوبصورت لڑکوں کی طرف دیکھنے اور ان کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے سے روکنے پر بہت زور دیا ہے چنانچہ:

◎ حسن بن ذکوان فرماتے ہیں: مالداروں کے بچوں کے ساتھ نہ بیٹھو اس لیے کہ ان کی شکلیں کنواری لڑکیوں کی سی ہوتی ہیں اور یہ عورتوں سے بڑا فتنہ ہوتے ہیں۔

◎ سفیانِ ثوری ایک مرتبہ حمام میں داخل ہوئے، وہاں ایک خوبصورت بچہ بھی آگیا تو انہوں نے فرمایا اس کو یہاں سے لیجاؤ اس لیے کہ ہر عورت کے ساتھ ایک شیطان ہوتا ہے اور بے ریش لڑکے کے ساتھ سترہ شیطان ہوتے ہیں۔

◎ ایک صاحب امام احمد رحمہ اللہ کے پاس آئے اور ان کے ساتھ ایک خوبصورت سا لڑکا بھی تھا، تو امام احمد نے ان صاحب سے پوچھا: تمہارے ساتھ یہ کون ہے؟ ان صاحب نے کہا: میرا بھانجا ہے۔ تو امام صاحب نے فرمایا: اس کو دوبارہ ہمارے پاس لے کر مت آنا اور نہ اس کو اپنے ساتھ لے کر ادھر اُدھر پھرنا: تاکہ جو لوگ تمہیں اور اسے نہیں جانتے وہ تمہارے اوپر بدگمانی نہ کرنے لگ جائیں۔

◎ اور حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جب تم کسی شخص کو بے ریش لڑکے کی طرف غور سے دیکھتے ہوئے دیکھو تو اس پر بدگمانی کرلو۔

بلاضرورت بے ریش لڑکوں کی طرف دیکھنے کی حرمت وممانعت کی حکمت یہ ہے تاکہ برائی اور گناہ میں گرفتار ہونے کا راستہ بند اور فساد کی بیخ کنی ہو جائے۔

پاکباز ومتقی مسلمان وہ ہے جو ہمیشہ اپنے دین واخلاق وشہرت کی حفاظت کرے اور خوب احتیاط سے تہمت کے مواقع سے بچتا رہے۔

ط۔ عورت کے اجنبی مرد کی طرف دیکھنے کے آداب:

مسلمان عورت راستوں میں چلتے ہوئے یا جائز قسم کے کھیل میں مشغول یا کاروبار خرید وفروخت وغیرہ میں مصروف مردوں کو دیکھ سکتی ہے۔ اس کے جائز ہونے کی دلیل وہ روایت ہے جو بخاری ومسلم میں مروی ہے کہ عید کے روز اہل حبشہ کے کچھ لوگ مسجد کے میدان میں نیزہ بازی کر رہے تھے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں دیکھنے لگے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

Marfat.com

آپ کے پیچھے کھڑے ہوکر انہیں دیکھنے لگیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ان سے چھپایا ہوا تھا اور آپ سے وقت تک کھڑے رہے جب تک حضرت عائشہ کا دل نہیں بھر گیا اور وہ خود وہاں سے ہٹ نہ گئیں اور یہ سن سات ھجری کا واقعہ ہے۔

رہی وہ حدیث جس میں یہ آتا ہے کہ تم دونوں (ازواج مطہرات ام سلمہؓ و میمونہؓ مراد ہے) ان سے پردہ کرلو اور اس میں یہ الفاظ ہیں کہ کیا تم دونوں نابینا ہو کیا تم دونوں ان کو نہیں دیکھ رہی ہو (یعنی نابینا صحابی حضرت ابن ام مکتوم کو) تو یہ اس لئے کہ حضرت ام سلمہ و حضرت میمونہؓ ایک ہی مجلس میں موجود تھیں اور اسی مجلس میں حضرت ابن ام مکتوم بھی آ گئے تھے اس لئے ان کو ان صحابیؓ کو آمنے سامنے بیٹھ کر دیکھنے پر تنبیہ تھی۔

جناب مودودی صاحب اپنی کتاب ''حجاب'' میں لکھتے ہیں کہ یہاں عورت کے مرد کے جانب دیکھنے اور مرد کے عورت کی جانب دیکھنے میں دونوں صنفوں کی نفسیاتی خصوصیات کے اعتبار سے ایک دقیق سا فرق ہے۔ اور وہ یہ کہ مرد کے طبیعت میں جرت و اقدام ہوا کرتا ہے چنانچہ جب کسی چیز کو پسند کرتا ہے تو اس کے حاصل کرنے اور اس تک پہنچنے کی پوری کوشش کرتا ہے۔ لیکن عورت کی طبیعت میں حیاء کی وجہ سے رکاوٹ اور بھاگنے کا مادہ ہوتا ہے اور عورت جب تک اپنی فطرت پر برقرار رہے اور حیاء کے لباس کو اتار نہ پھینکے تو یہ ناممکن ہے اس میں بے باکی جرات بے حیائی و اقدام کی ایسی کیفیت پیدا ہو جائے کہ جس کی وجہ سے وہ خود بخود اپنی پسندیدہ و محبوب چیز کی طرف آگے بڑھے اور شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دونوں جنسوں کے درمیان اس طبعی فرق کی رعایت رکھی ہے۔ اس لئے عورت کے اجنبی مرد کے جانب دیکھنے سے روکنے اور منع کرنے میں وہ تشدد و سختی اختیار نہیں کی جو مرد کو اجنبی عورت کی طرف دیکھنے کے سلسلے میں اختیار کی ہے اور حضرت عائشہؓ کی وہ حدیث مشہور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حبشہ والوں کا وہ کھیل دیکھا یا تھا جو وہ مسجد کی ایک طرف اپنے نیزوں سے کھیل رہے تھے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عورتوں کا مردوں کی طرف دیکھنا بالکل ممنوع نہیں ہے ممنوع وہ صورت جب کہ مرد و عورتیں ایک مجلس میں جمع ہوں اور ایک دوسرے کو گور گور کر دیکھ رہے ہوں۔ جیسے کہ ایک مجلس میں حضرت ام سلمہؓ و میمونہؓ موجود تھیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حضرت ابن ام مکتوم سے پردے کا حکم دیا اس طرح ایسی نظر بازی کی بھی ممانعت ہے جس سے فتنہ کا اندیشہ ہو۔

علامہ ابن حجر عسقلانی بخاری کی شرح میں لکھتے ہیں کہ حدیث عائشہؓ یعنی جس میں ان کے اہل حبشہ کی جانب دیکھنے کا تذکرہ آتا ہے اس پر استدلال کیا گیا ہے کہ اجنبی عورت اجنبی مرد کو دیکھ سکتی ہے اجنبی مرد اجنبی عورت کو نہیں دیکھ سکتا اور اس کے دلیل یہ بھی ہے کہ عورتیں مسجد اور بازار اور سفر میں نقاب ڈال کر جاتی ہیں تا کہ مرد ان کو نہ دیکھیں لیکن مردوں کو یہ کبھی حکم نہیں دیا گیا کہ وہ بھی اپنے چہرے پر نقاب ڈالا کریں تا کہ عورتیں انہیں نہ دیکھ سکیں اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دونوں کے ایک

Marfat.com

دوسرے کی طرف دیکھنے کا حکم مختلف ہے۔

اسی سے امام غزالی نے جواز کی دلیل لی ہے۔ اور فرمایا ہے کہ ہم یہ نہیں کہتے ہیں کہ مرد کا چہرہ عورت کے لیے بالکل ایسا ہی ہے جیسا کہ عورت کا چہرہ مرد کے لیے، اس لیے اگر فتنہ کا خوف ہو تو عورت کا مرد کی طرف دیکھنا حرام ہوگا ورنہ نہیں، اس لیے کہ مرد ہمیشہ سے چہرہ کھلا رکھتے چلے آئے ہیں، اور عورتیں نقاب ڈالتی آئی ہیں، لہٰذا اگر دونوں کا حکم ایک ہی ہوتا تو مردوں کو بھی نقاب اوڑھنے کا حکم ہوتا یا عورتوں کو گھر سے باہر نکلنے سے بالکل ہی روک دیا جاتا...

اس تمام تفصیل کا خلاصہ یہ ہے کہ عورت اجنبی مرد کو دو شرطوں کے ساتھ دیکھ سکتی ہے:

۱۔ دیکھنے کی وجہ سے کسی فتنہ کا اندیشہ نہ ہو۔

۲۔ ایک ہی مجلس میں آمنے سامنے منہ در منہ نہ بیٹھے ہوں۔

ی۔ چھوٹے بچے کے مستور جسم کی طرف دیکھنے کے آداب[1]:

فقہاء لکھتے ہیں کہ چار سال سے کم عمر کا بچہ چاہے لڑکا ہو یا لڑکی اس کا جسم عورت (ستر کے حکم میں) نہیں مگر جب چار سال سے زیادہ عمر کا ہو جائے تو اس کا مستور جسم آگے اور پیچھے والی شرمگاہ اور اس کے اطراف ہیں... اور جب وہ بڑا ہو کر حدِ شہوت کو پہنچ جائے تو اس کا ستر بالغ کے ستر کی طرح ہوگا جیسا کہ اس کی تفصیل پہلے ذکر کی جا چکی ہے۔ بچے کو بچپن ہی میں پردے کا جتنا زیادہ عادی بنا دیا جائے اتنا ہی اچھا ہوتا ہے۔

ک۔ ضرورت ومجبوری کے حالات جن میں دیکھنا جائز ہے:

پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ مرد کو اجنبی عورت کی طرف دیکھنا جائز نہیں چاہے وہ جذبات کو برانگیختہ کرنے والی اور بدصورت ہی کیوں نہ ہو، چاہے شہوت کی نظر سے دیکھا جائے یا بغیر شہوت کے۔

اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمانِ مبارک عام ہے ارشاد ہے:

﴿قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَ يَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ﴾ النور۔ ۳۰

آپ ایمان والوں سے کہہ دیجیے کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں۔

اور اس لیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمانِ مبارک: «اصرف بصرك»[2] اپنی نگاہ ہٹالو ان سب کو شامل ہے۔

---

[1] ملاحظہ ہو ابن عابدین کی کتاب رد المحتار ج۔۱ کا باب شروط الصلاۃ۔

[2] امام مسلم روایت کرتے ہیں کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام سے نامحرم پر اچانک نظر پڑ جانے کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی نگاہ کو (فوراً) ہٹالو۔

لیکن اس دیکھنے کے حرام ہونے کے حکم سے ضرورت و مجبوری کے چند حالات مستثنیٰ ہیں جو ترتیب سے ذیل میں ذکر کیے جاتے ہیں :

① شادی کی نیت سے دیکھنا : اس موضوع پر اس سے قبل "جس عورت کو پیغام نکاح دیا گیا ہو اس کی طرف دیکھنے کے آداب" کے عنوان کے ذیل میں مفصل کلام گزر چکا ہے۔

② تعلیم کی غرض سے دیکھنا[1] : اجنبی عورت کے غیر آراستہ و غیر مزین چہرے کی طرف تعلیم کے قصد سے اس شرط سے دیکھنا جائز ہے کہ :

- وہ علم جسے وہ حاصل کر رہی ہو وہ ایسا علم ہو جسے شریعت نے معتبر مانا ہو اور اس میں دین و دنیا کی کامیابی مضمر ہو۔
- اور یہ کہ وہ علم عورت کے خصوصی دائرے سے متعلق ہو جیسا کہ عورت کو بیمار کی خدمت کے اصول اور زچہ بچہ کے فن کی تعلیم دینا۔
- اس کے چہرے کی طرف دیکھنے میں فتنہ کا ڈر نہ ہو۔
- تعلیم دینے کے لیے تنہائی و خلوت کا موقعہ نہ ملتا ہو۔
- مردوں کی جگہ تعلیم دینے والی عورتیں میسر نہ ہوں۔

بلاشبہ اسلام نے جب ان قیود کو مقرر کیا ہے تو اس نے یہ چاہا ہے کہ ایک پاک صاف معاشرہ کو وجود بخشے جس میں شکوک و شبہات اور تہمتوں کا کوئی وجود نہ ہو تاکہ لڑکی پاکباز و باعصمت رہے، اور کوئی گناہگار ہاتھ اس تک نہ پہنچ سکے، کوئی خائن آنکھ اس کو نہ دیکھ سکے، اور اللہ برتر و بزرگ نے بالکل سچ فرمایا ہے :

((ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۭ)). اس سے وہ جلد پہچان لی جایا کریں گی اور اس لیے انہیں ستایا نہ جائے گا۔ الاحزاب - ۵۹

③ علاج کی غرض سے دیکھنا : طبیب و معالج ضرورت پڑنے پر اجنبی عورت کے اس مقام کو دیکھ سکتا ہے جس کا علاج کر رہا ہے۔ اس لیے کہ امام مسلم حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پچھنے لگوانے کی اجازت طلب کی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوطیبہ کو پچھنے لگانے کا حکم دیا۔

طبیب کے لیے درج ذیل شروط کے ساتھ عورت کا علاج جائز ہے :

① طبیب نیک و دیندار شریف آدمی اور صاحب علم و فن ہو۔

---

[1] فتنہ اور خطرہ سے بچاؤ کا طریقہ یہ ہے کہ عورت عورت ہی سے تعلیم حاصل کرے ورنہ بصورت دیگر کسی نہ کسی موقعہ پر انسان پھسل جاتا ہے اور حرامکاری کا مرتکب ہو جاتا ہے۔ جس کی مثالیں وقتاً فوقتاً سامنے آتی رہتی ہیں پھر بھی اگر تعلیم والی معلمہ میسر نہ ہو تو مرد پردے کے پیچھے رہ کر تعلیم دے اجنبی عورت سے میل جول اس کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا اس کی طرف دیکھنا قطعاً ممنوع ہے۔

② طبیب عورت کے جسم کے اتنے ہی حصے کو کھولے جتنے حصے کے کھولنے کی ضرورت ہو۔
③ بشرطیکہ اس طبیب کے قائم مقام کوئی اس فن کی ماہر طبیبہ موجود نہ ہو، ورنہ مرد کو دکھانا درست نہیں۔
④ علاج اس عورت کے محرم یا شوہر یا اس کی والدہ یا بہن یا پڑوسن وغیرہ کسی ذمہ دار کی موجودگی میں ہو۔
⑤ معالج کافر نہ ہو الا یہ کہ مسلمان طبیب ہی نہ ملے۔

لہٰذا جب یہ تمام شروط پائی جائیں گی تو ایسی صورت میں طبیب کے لیے یہ جائز ہو جائے گا کہ وہ کسی اجنبی عورت کے جسم کے کسی حصے کو دیکھے یا اسے چھوئے، اس لیے کہ دین اسلام ایک ایسا دین ہے جو لوگوں کو مشقت و پریشانی سے بچاتا ہے اور آسانی و سہولت پیدا کرتا ہے اور یہ اعلان کرتا ہے:

((وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ)) الحج۔۷۸، اور اس نے تم پر دین کے بارے میں کوئی تنگی نہیں کی۔

((يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ)) البقرہ۔۱۸۵ اللہ تم پر آسانی چاہتا ہے اور تم پر دشواری نہیں چاہتا۔

⑩ **شہادت یا قانونی فیصلہ کے لیے دیکھنا**: قاضی یا گواہ کے لیے یہ جائز ہے کہ وہ اجنبی عورت کے چہرے اور ہاتھوں کو دیکھے چاہے فتنہ کا ڈر بھی ہو اس لیے کہ اس دیکھنے میں حق کا اثبات اور ظلم کو دور کرنا مضمر ہے، ایسی حالت میں صرف اس لیے دیکھنے کی اجازت دی گئی ہے کہ نقاب اوڑھنے والی عورت کو بغیر نقاب ہٹوائے قاضی اور گواہ شناخت نہیں کر سکتا، اس لیے شناخت کے واسطے عورت کے لیے ذرا سی دیر کے لیے چہرے کا کھولنا جائز ہے، تاکہ اس کی تعیین ہو جائے اور کسی قسم کا الملط ملط ہونے اور معاشرہ میں کسی کے حق کے ضائع ہونے کا ڈر نہ رہے۔

اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اسلام ایک حقیقی و واقعی اور زندہ مذہب ہے جو لوگوں کی ضروریات کا خیال رکھتا ہے اور ان کے حقوق کی حفاظت کرتا ہے:

((وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ)) المائدہ۔۵۰ اور اللہ سے بہتر کون ہے حکم کرنے والا یقین کرنے والوں کے واسطے۔

اس مقام پر میں ایک یادگار تاریخی قصہ نقل کرنا چاہتا ہوں تاکہ حمیت و غیرت رکھنے والے مرد یہ جان لیں کہ ہمارے آباء و اجداد اور سلف صالحین خواہ شرعاً چہرہ کھولنا جائز بھی ہو تب بھی دوسروں کے سامنے عورت کا چہرہ کھولنے سے کتنے متنفر و آزردہ خاطر ہوا کرتے تھے۔

تیسری صدی ہجری میں ری اور اہواز کے قاضی موسیٰ بن اسحاق لوگوں کے مقدمات میں غور کرنے بیٹھے، دعویٰ پیش کرنے والوں میں ایک عورت بھی تھی جو اپنے شوہر پر پانچ سو دینار مہر کا مطالبہ کر رہی تھی، لیکن شوہر نے انکار کیا کہ اس کا میرے ذمے کوئی حق نہیں ہے۔ قاضی نے مرد سے کہا: گواہ پیش کرو، اس نے کہا: میں گواہ لایا ہوں۔ تو ان گواہوں میں سے ایک سے قاضی نے کہا کہ اس شخص کی بیوی کی طرف دیکھ لو تاکہ اپنی گواہی دیتے وقت تم اس کی طرف اشارہ کر سکو، چنانچہ گواہ

Marfat.com

کھڑا ہوا اور اس عورت سے کہا، کھڑی ہو جاؤ، تو اس کے شوہر نے کہا: اس عورت سے تم کیا چاہتے ہو؟

اس شخص کو بتلایا گیا کہ گواہ کے لیے یہ ضروری ہے کہ تمہاری بیوی کو پہچاننے کے لیے اس کے چہرے کو بلا نقاب دیکھ لے تاکہ اس کو پہچان سکے، شوہر کو یہ اچھا معلوم نہ ہوا کہ لوگوں کے سامنے اس کی بیوی گواہوں کو اپنا چہرہ دکھلائے چنانچہ اس نے زور سے چیخ کر کہا: میں قاضی صاحب کو اس بات پر گواہ بناتا ہوں کہ میرے ذمہ میری بیوی کا وہ مہر لازم ہے جس کا وہ دعویٰ کر رہی ہے، اور یہ اپنا چہرہ ننگا نہیں کرے گی۔

اس کی بیوی نے جب یہ آواز سنی تو اس کو یہ بات بہت بڑی معلوم ہوئی کہ اس کا شوہر اس کے چہرے کو گواہوں کے سامنے نہیں کھلوانا چاہتا، اور وہ اسے دوسروں کی نگاہ سے محفوظ رکھنا چاہتا ہے، تو بیوی نے بلند آواز سے قاضی صاحب سے کہا: قاضی صاحب میں آپ کو گواہ بناتی ہوں کہ میں نے اپنا یہ مہر شوہر کو ہبہ کر دیا ہے، اور دنیا و آخرت دونوں میں انہیں اس سے بری کر دیا ہے۔ یہ بات سن کر قاضی صاحب نے اپنے ارد گرد بیٹھنے والوں سے مخاطب ہو کر کہا کہ اس واقعہ کو مکارم اخلاق کے رجسٹر میں درج کر لو۔

اس لیے تربیت کرنے والوں کو چاہیے کہ دیکھنے کے بارے میں اسلام کے آداب پر عمل کریں چاہے وہ آداب محارم و رشتہ داروں کی طرف دیکھنے کے سلسلہ میں ہوں یا منگیتر کی طرف دیکھنے کے سلسلے میں، یا شوہر کے بیوی کی طرف یا مرد کے اجنبی عورت کی طرف دیکھنے کے آداب ہوں، یا مرد کے مرد کی طرف دیکھنے کے، یا عورت کے عورت کی طرف دیکھنے کے، یا کافر عورت کے مسلمان عورت کی طرف دیکھنے کے آداب ہوں، یا مرد کے بے ریش لڑکے کی طرف دیکھنے کے آداب ہوں، یا عورت کے اجنبی مرد کی طرف دیکھنے کے آداب ہوں، یا بچے کی مستور جسم کی طرف دیکھنے سے متعلق ہوں، یا تعلیم دینے کے ارادے سے دیکھنے کے سلسلہ میں ہوں، یا علاج معالجہ کی غرض سے دیکھنے یا فیصلہ کرنے و گواہی دینے کے لیے دیکھنے کے سلسلہ کے آداب ہوں۔

دیکھنے کے سلسلہ کے یہ تمام آداب ایسے ہیں کہ والدین، ماؤں اور مربیوں سب کو اپنے بچوں کے لیے اس سلسلہ میں عملی نمونہ پیش کرنا چاہیئے، اور خوب عمدگی سے ان کو ان کی تعلیم و تربیت دینا چاہیئے، بشرطیکہ وہ اپنے بچوں کے لیے عمدہ اخلاق اور ممتاز اسلامی شخصیت اور شاندار معاشرتی کردار اور عالی شان اسلامی تربیت کے خواہاں ہوں، اگر وہ ایسا کریں گے تو اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ انہیں عطا کرے گا اور اس روز جس روز نہ مال فائدہ پہنچائے گا اور نہ اولاد، اس روز اللہ تعالیٰ ان کے اجر و ثواب میں کسی قسم کی کمی نہیں کریں گے۔

۳- بچے کو جنسی جذبات اُبھارنے والی چیزوں سے دُور رکھنا:

مربی پر اسلام نے جو بڑی ذمہ داریاں عائد کی ہیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ وہ اپنے بچے کو ان تمام چیزوں سے دُور رکھے جو اس کے جنسی جذبات کو بھڑکائیں اور اخلاق کو خراب کریں، یہ کام اس وقت شروع کر دینا چاہیے جب بچہ بالغ ہونے کی عمر کے قریب پہنچ جائے، اور یہ زمانہ دس سال کی عمر سے بالغ ہونے تک کا زمانہ ہے۔

علماءِ تربیت و اخلاق اس بات پر متفق ہیں کہ بلوغ کے قریب قریب کا زمانہ انسانی زندگی کا خطرناک ترین دَور ہوتا ہے۔ اس لیے اگر مربی یہ سمجھ لے کہ اسے بچے کی کس طرح تربیت کرنا ہے؟ اور اسے فساد و برائی کی دلدل اور آزاد و خراب ماحول کی نجاست سے کس طرح دُور رکھنا ہے؛ اور اسے شاندار تربیت کس طرح دینا ہے، تو پھر عام طور سے بچہ بہترین اخلاق اور شاندار سیرت و کردار اور شاندار اسلامی تربیت کا نمونہ بنتا ہے۔

اسلام نے سرپرستوں اور مربیوں کو بچوں کو جذبات بھڑکانے اور شہوانی خیالات ابھارنے والی چیزوں سے دُور رکھنے کا جو حکم دیا ہے اس پر درجِ ذیل آیات دلالت کرتی ہیں، اللہ تعالیٰ سورۂ نور میں ارشاد فرماتے ہیں:

((وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلَىٰ جُيُوبِهِنَّ ۖ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ أَوْ آبَائِهِنَّ أَوْ آبَاءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوْ أَبْنَائِهِنَّ .... أَوِ الطِّفْلِ الَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُوا عَلَىٰ عَوْرَاتِ النِّسَاءِ)).

اور اپنے دوپٹے اپنے سینوں پر ڈالے رہا کریں، اور اپنی زینت ظاہر نہ ہونے دیں مگر ہاں اپنے شوہر پر اور اپنے باپ پر اپنے شوہر کے باپ پر اور اپنے بیٹوں پر .... اور ان لڑکوں پر جو ابھی تک عورتوں کی پردہ کی بات سے واقف نہیں ہوئے ہیں۔

النور-۳۱

قرآنِ کریم کی اس نص سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بچہ جب چھوٹا ہو اور عورتوں کے حالات و پوشیدہ اعضاء اور ان کے محرک جذبات ہونے سے بے خبر ہو تو ایسے زمانے میں بچے کے عورتوں کے پاس جانے میں کوئی حرج نہیں ہے، لیکن جب وہ بالغ ہونے کے قریب ہو جائے یا اس عمر کے قریب ہو یعنی نو سال کی عمر کے بعد کا زمانہ تو پھر اس زمانے میں اس کو عورتوں کے پاس جانے کا موقعہ نہیں دینا چاہیئے۔ اس لیے کہ اس عمر میں وہ بدصورت و خوب صورت میں فرق کر سکتا ہے، اور اس عمر میں اگر وہ کوئی شہوت انگیز منظر دیکھ لے تو اس کے دل میں شہوانی خیالات گردش کرنے لگتے ہیں۔

علامہ ابن کثیر آیت:

((أَوِ الطِّفْلِ الَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُوا عَلَىٰ عَوْرَاتِ النِّسَاءِ)).

اور ان لڑکوں پر جو ابھی عورتوں کی پردہ کی بات سے واقف نہیں ہوئے ہیں۔

النور-۳۱

کے ذیل میں لکھتے ہیں: یعنی وہ بچے جو نو عمری کی وجہ سے عورتوں کے نشیب و فراز اور داخلی حالات سے واقف نہ ہوں۔

Marfat.com

عورتوں کی سریلی آواز اور چلنے میں لہرانے ونزاکت اور حرکات وسکنات کو نہ سمجھتے ہوں، لہٰذا اگر بچہ چھوٹا ہو اور ان چیزوں کو نہ سمجھتا ہو تو اس کے عورتوں کے پاس جانے آنے میں کوئی حرج نہیں ہے، لیکن اگر وہ قریب البلوغ ہو، یا اس عمر کے نزدیک تر پہنچ گیا ہے کہ وہ ان چیزوں کو سمجھنے بوجھنے لگ گیا ہے، اور خوبصورت وبدصورت میں فرق کر سکتا ہے تو پھر اس کو عورتوں کے پاس آنے جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی، چنانچہ بخاری ومسلم میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمانِ مبارک موجود ہے:

«إياكم والدخول على النساء»
قيل، يارسول الله أفرأيت الحمو؟ «قال: الحمو الموت».

تم عورتوں کے پاس آنے جانے سے بچو، عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول بتلائیے کہ دیور کا کیا حکم ہے آپ نے فرمایا کہ وہ تو موت (کی طرح) ہے۔

حاکم اور ابوداؤد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

«مروا أولادكم بالصلاة وهم أبناء سبع سنين، واضربوهم عليها وهم أبناء عشر، وفرقوا بينهم في المضاجع».

تمہارے بچے سات سال کے ہو جائیں تو انہیں نماز کا حکم دو اور جب دس سال کے ہو جائیں تو اس پر مارو اور ان کے بستر علیحدہ علیحدہ کر دو۔

اس نص سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ والدین شرعاً اس کے مامور ہیں کہ بچے جب دس سال کے ہو جائیں تو ان کے بستر اور بچھونے الگ الگ کر دیں، تاکہ ایسا نہ ہو کہ وہ بلوغ کی عمر کے قریب پہنچ گئے ہوں اور ایک بچھونے میں ایک ساتھ لیٹنے کی وجہ سے وہ نیند یا بیداری کی حالت میں ایک دوسرے کے مستور حصے کو دیکھ لیں جس سے ان کے جنسی جذبات بھڑکیں یا ان کے اخلاق خراب ہوں۔

یہ اس بات کی قطعی دلیل ہے کہ اسلام سرپرستوں کو یہ حکم دیتا ہے کہ وہ بچے کو شہوانی جذبات اور جنسی خیالات بھڑکانے والے محرکات سے بچانے کے لئے مثبت اور احتیاطی تدابیر اختیار کریں تاکہ بچہ نیک صالح بڑھے پلے اور اچھی تربیت اور عمدہ اخلاق کا حامل

امام بخاری روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ۱۰ ذالحجہ کو حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کو سواری پر اپنے پیچھے بٹھایا ہوا تھا اس وقت حضرت فضل بالغ ہونے کے قریب قریب عمر کو پہنچ چکے تھے حضرت فضل خثعم قبیلہ سے تعلق رکھنی والی ایک اس عورت کی جانب دیکھنے لگے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے دینی امور کے بارے میں پوچھ رہی تھی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فضل کی ٹھوڑی پکڑ کر ان کا چہرہ اس عورت کی طرف سے دوسری طرف پھیر دیا۔

ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ حضرت عباس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ نے اپنے چچازاد بھائی کی گردن دوسری طرف موڑ دی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

Marfat.com

((رأيت شاباً وشابةً فلم آمن عليهما الفتنة))۔

میں نے ایک نوجوان لڑکے اور لڑکی کو (ایک دوسرے کی طرف دیکھتے ہوئے) دیکھا تو مجھے ان دونوں پر فتنہ میں پڑنے کا ڈر ہوا۔

حضرت فضل کے چہرے کو اس عورت کی طرف دیکھنے سے روکنے کے لیے دوسری طرف پھیرنے کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فعل اور آپ کے اس فرمان سے کہ مجھے ان دونوں کے فتنے کا ڈر ہوا، اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم قریب البلوغ بچے اور بالغ نوجوان کی تربیت کا بہت خیال رکھتے تھے، اور آپ اس کے اخلاق کی اصلاح اور جنسی قوت کے کنٹرول میں رکھنے کا اہتمام فرماتے تھے تاکہ وہ آزمائش و فتنہ میں گرفتار نہ ہو جائے اور فساد و گناہ کے گڑھے میں نہ گر جائے۔

معاشرہ کی اصلاح اور بچے کی تربیت اور قوم کی کجی کی اصلاح کے سلسلہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ نہایت شاندار تربیت و رہنمائی ہے۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصلاحی مواقف اور تربیتی انداز کی اس طرح کی بے شمار مثالیں ملتی ہیں۔

ابھی ہم نے جو احادیث و آیات ذکر کی ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے کہ مربی کے لیے اپنے بچے کو جذبات ابھارنے اور جنسی خواہشات کے بھڑکانے والی چیزوں سے دُور رکھنا بہت ضروری ہے تاکہ وہ بے حیائی کے جال میں نہ پھنسے۔ اور گمراہی کے گڑھوں میں گر کر آزادی و بدکرداری کی زندگی نہ گزارے، بچے کو جنسی جذبات کے بھڑکانے والی چیزوں سے بچانے اور ان سے دُور رکھنے کے سلسلہ میں مربی کی ذمہ داری دو باتوں میں منحصر ہے:

۱۔ داخلی نگرانی کی ذمہ داری۔
۲۔ خارجی نگرانی کی مسئولیت۔

❶ داخلی طور پر نگرانی:

مربی کو چاہیے کہ وہ تمام چیزیں جو بچے میں جنسی جذبات کو بھڑکانے اور اس جوش کو ابھارنے کا ذریعہ ہیں ان سے روکنے کے لیے اسلام کے قواعد و ضوابط کی پابندی کرے:

✿ بچہ جب شعور کی عمر کو پہنچ جائے تو راحت و آرام اور سونے کے اوقات میں بچے کا گھر والوں کے پاس جانا: مثلاً صبح کی نماز سے پہلے، اور دوپہر کے وقت، اور عشاء کے بعد بلا اجازت داخل نہ ہونا چاہیئے، یہ ایسے اوقات ہیں جن میں بچہ کسی منظر کو دیکھ کر بھڑک سکتا ہے اس لیے بچہ جب اچانک اپنے ماں باپ کو ننگے بدن اور غیر مناسب حالات میں دیکھے گا تو ظاہر ہے اس سے اس کے جنسی جذبات مشتعل ہوں گے۔

Marfat.com

لہٰذا جیسا کہ ہم پہلے بتلا چکے ہیں مربی کا فرض ہے کہ وہ بچے کو ان اوقات وغیرہ میں والدین کے کمرے میں جانے سے پہلے اجازت طلب کرنے کے آداب سکھائے۔

✿ نو سال کی عمر کے بعد جبکہ بچے کے بلوغ کے قریب قریب کی عمر ہوتی ہے اس میں اجنبی خوبصورت عورت کے پاس جانے سے روکنا چاہیئے اس سے بھی جنسی جذبات بھڑک اٹھتے ہیں۔

✿ اس لیے جیسا کہ ہم نے پہلے بیان کیا ہے مربی کو چاہیئے کہ وہ قریب البلوغ بچے کو اجنبی عورتوں کے پاس جانے سے روکے۔

✿ دس سال یا اس سے زائد عمر ہونے پر بچے کو اپنی بہن یا بھائیوں کے ساتھ ایک بستر پر سونے نہیں دینا چاہیئے جو کہ جنسی جذبات بھڑکانے کا سبب ہے خصوصاً جب کہ ایک ہی لحاف میں سوئیں۔

لہٰذا مربی کو بچوں کے بستر الگ الگ کر دینا چاہیئے جیسا کہ اس سے قبل ذکر کیا جا چکا ہے۔

✿ بچہ جب شعور کی عمر پالے یا اس سے زیادہ عمر کا ہو جائے تو اس کا عورت کے مستور جسم کے کسی کھلے ہوئے حصے کو غور سے دیکھنا بھی اس کے جنسی جذبات کو ابھارتا ہے، لہٰذا مربی کو چاہیئے کہ بچے کو شروع ہی سے دیکھنے کے آداب بھی سکھائے جیسا کہ اس سے قبل بیان ہو چکا ہے۔

✿ گھر میں ٹیلی ویژن وغیرہ میں، اور اس کے علاوہ ڈراموں وغیرہ مخرب اخلاق چیزوں کے دیکھنے کا موقعہ فراہم کرنا جو بچے کے جنسی جذبات کو مشتعل کر دیتا ہے۔ لہٰذا جیسا کہ ہم پہلے بتلا چکے ہیں مربی کا یہ بھی فریضہ ہے کہ وہ گھر میں ٹیلی ویژن نہ آنے دے، اس لیے کہ اس کا وجود اخلاق و کردار کے لیے سب سے بڑا خطرہ ہے۔

✿ بچے کو اس بات کی مکمل آزادی دے دینا کہ وہ جو چاہے کرے، جتنی ننگی ننگی تصاویر اور فحش رسالے اور عشقیہ ناول اور محرک جذبات کیسٹ وغیرہ رکھنا چاہے رکھے اور اس سے کسی قسم کی باز پرس نہ ہو نہ اس کی دیکھ بھال ہو۔ اس سے بھی بچہ کے جنسی جذبات میں اشتعال و جوش پیدا ہوتا ہے، اس لیے مربی کو چاہیے کہ بچے کی پوری نگرانی کرے اور اس کی کتابوں وغیرہ کی جانچ پڑتال کرتا رہے تاکہ اس کی طبیعت اور اخلاق و کردار کا اندازہ رہے، اور اگر اس کے سامان میں کوئی مخرب اخلاق، ناجائز و غلط چیز ملے تو اس کی اصلاح کر سکے۔

✿ بچہ جب بلوغ کے قریب ہو تو اس کو اس بات کا موقعہ فراہم کرنا کہ وہ اپنی عزیز و رشتہ دار لڑکیوں یا پڑوسنوں سے دوستی کرتا پھرے اور دلیل یہ دی جائے کہ ان کے ساتھ پڑھتا اور تیاری کرتا ہے، یہ بھی جنسی جذبات کے بھڑکانے کا ایک ذریعہ ہے، اس لیے مربی کو چاہیئے کہ اپنے لڑکے یا لڑکی کے لیے یہ موقع کبھی فراہم نہ ہونے دے کہ وہ لڑکوں یا لڑکیوں سے تعلقات پیدا کرے اس لیے کہ ان تعلقات کا اخلاق و کردار پر بہت برا اثر پڑتا ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی کئی چیزیں ہیں جو جنسی جذبات کے مشتعل کرنے اور بچے کے اخلاق خراب کرنے اور اس کی آزادی و بے حیائی اور اخلاق باختگی کا ذریعہ بنتی ہیں۔

Marfat.com

اس لیے مربی کو چاہیے کہ اپنی عمدہ تربیت اور اچھی رہنمائی اور حکمت کے ذریعہ بچے کو ان تمام چیزوں سے دُور رکھے، اور بچے کی اچھی تربیت اور اصلاح کے لیے تمام اچھے طریقوں کو بروئے کار لائے۔

❺ بیرونی وخارجی دیکھ بھال :

داخلی دیکھ بھال کی اہمیت کی طرح خارجی دیکھ بھال بھی کم اہم نہیں ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ بچے کے اخلاق خراب کرنے کے بے شمار وسائل ہیں، لہٰذا اے محترم مربی اگر میں آپ کے سامنے ایسے خطرناک ذرائع ووسائل پیش کردوں جو بچے کے جنسی جذبات کو برانگیختہ کرتے اور ان کی شہوت کو ابھارتے ہیں تو اس میں کوئی مضائقہ معلوم نہیں ہوتا تاکہ آپ کو بھی ان تمام مخرب اخلاق چیزوں اور مہلک بیماریوں کی پوری معلومات رہیں :

(۱) سینما، تھیٹر اور ڈراموں کی بُرائیاں وفساد :

اس لیے کہ ان میں جنسی جذبات کو برانگیختہ کرنے اور شہوت کو ابھارنے والی چیزیں پیش کی جاتی ہیں اور بے حیائی وآزادی کے مناظر دکھائے جاتے ہیں۔

نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آج سینما وتھیٹر آزادی وبے حیائی کا وسیلہ اور بے باکی واخلاق باختگی کا مرکز بن گئے ہیں، بلکہ گندی ذہنیت اور خسیس وپست اخلاق رکھنے والے یہودی اور ایسے مسلمان جو اسلام اور مسلمان ہونے کا جھوٹا دعویٰ کرتے ہیں ان کے یہاں سینما وتھیٹر کے ذریعہ جنس وآبرو کی تجارت مال کمانے اور ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کا ایک عظیم دروازہ بن گئے ہیں۔

(۲) عورتوں کے شرمناک لباس کا فتنہ :

اس لیے کہ یہ عُریاں وشرمناک لباس قریب البلوغ لڑکوں اور جوانوں کی نظر اپنی طرف مبذول کرتے ہیں، چنانچہ ان بازاری قسم کی فتنہ سامانیوں اور ان عریاں لباسوں کو دیکھ کر یہ لوگ اپنے استقلال وسمجھ کو کھو بیٹھتے ہیں، پھر یہ لوگ جسم کو عریاں کرکے سامنے آنے والی ان خوبصورت عورتوں کا اپنی نگاہوں سے تعاقب کرنے کی بھی طاقت نہیں رکھتے چہ جائیکہ وہ ان جذبات کا مقابلہ کریں جو ان کے خیالات وافکار میں اس سے بھی آگے کے پیدا ہوتے ہیں۔

بتلائیے کہ قریب البلوغ لڑکا یا نوجوان آدمی فتنوں اور مفاسد کے اس زبردست ریلے کے سامنے کیا کرے؛ واقعی اس سے اعصاب میں کھچاؤ اور اخلاق میں فساد پیدا ہوتا ہے۔ اور یہ چیز جدوجہد اور مفید کاموں سے روک دیتی ہے۔

Marfat.com

ان لباسوں کا موجد کون ہے؟

یہ تاجروں کی ایک مٹھی بھر جماعت ہے جن کی اکثریت ان یہودیوں پر مشتمل ہے جو یہ چاہتے ہیں کہ ہر طرف انتشار پھیلے اور معاشرے اور قوموں میں سے عمدہ اخلاق وضوابط کی بیخ کنی کر دی جائے، تاکہ ان کے قویٰ مضمحل ہو جائیں اور ان پر غلبہ اور ان کی باگ ڈور کا مالک بننا آسان ہو جائے۔

ان لوگوں کے عقائد ہم سے بالکل مختلف ہیں اور ان کے اخلاق وعادات ہم سے بالکل جدا ہیں۔

نفسیاتی طور پر دوسروں کی پیروی اور احساسِ کہتری اور اندھی تقلید کے مرض میں گرفتار ہونا ایسے اسباب ہیں جو ہمارے ملک کی ناسمجھ اور غیر پختہ عقل کی عورتوں کو اس بات پر آمادہ کرتے ہیں کہ وہ اپنی خواہشات وجذبات کی رو میں بہہ کر ان رسوا کن لباسوں کو استعمال کریں جن کا مقصد فتنہ انگیزی اور دوسروں کے جذبات کو ابھارنا اور مشتعل کرنا ہے۔

میری سمجھ میں نہیں آتا کہ مسلمان عورت یہ کس طرح پسند کرتی ہے کہ اس بدبودار گندے ریلے میں بہہ جائے جو اس سے اس کی خصوصیات واصلیت کو چھین لے، اور ترقی، تہذیب وتمدن کے نام سے اسے ایک بدنما ومکروہ شکل میں پیش کرے۔ خطرے کی سب سے بڑی بات یہ ہے کہ لباس کے فیشن کے اسی ریلے کی کوئی انتہا اور حد نہیں ہے، بلکہ اس کا چسکہ ہر نئے لباس کی طرف راغب کرتا ہے، اور ہر ایسے لباس کی طرف متوجہ کر دیتا ہے جو جاذبِ نظر اور دوسروں کی تعجب خیز نگاہوں کو متوجہ کرنے والا ہو۔

لباس کی مختلف اصناف واقسام نے فتنہ سامانی اور دوسروں کے جذبات برانگیختہ کرنے کے مختلف انداز پیدا کرنے میں بڑا تفنن اختیار کر لیا ہے۔ اور اس دوڑ نے کوئی بھی وسیلہ نہیں چھوڑا ہر طریقے اور انداز کو اپنایا خواہ وہ کتنا ہی رسوا کن اور شرمناک کیوں نہ ہو، اور چاہے اس سے انسان کی کرامت اور شرافت پر کتنا ہی بٹہ کیوں نہ لگے اور چاہے وہ انسان کو حیوان سے بھی کم قیمت کا سامان کیوں نہ بنا دے۔

اس زمانے کی عورت ہر اس چیز کے سامنے گردن جھکا دیتی اور فرمانبردار ہو جاتی ہے جسے ان کو کھلونا بنانے والے ان کے ہاتھ پسند کرتے ہیں، اور عورتوں کے ذہن میں یہ بات بیٹھ گئی ہے کہ ان عالمی لباسو اور پوشاکوں سے دور رہنا ان کیلئے ترقی سے محروم ہو جانے اور ترقی اور آگے بڑھنے سے پیچھے رہ جانے کا سبب ہے جیسا کہ لوگ عام طور سے کہتے ہیں۔

اور اگر یورپ اور امریکہ کی عورت لباس کے اس مہلک وتیز وتند سیلاب کے ساتھ بہنے میں کوئی حرج محسوس نہیں کرتی تو کم از کم مسلمان عورت کو تو یہ سمجھنا چاہیے کہ اس وبا میں کتنی عظیم اور کتنی بڑی تباہی ہے۔

اس کو یہ محسوس کرنا چاہیئے کہ اس کی وجہ سے غیر شادی شدہ لوگوں میں اضطراب وبے چینی پیدا ہوتی ہے، جو ان کو جنسی انتشار وآوارگی کی طرف لے جاتی ہے۔ اس کو یہ سمجھنا چاہیئے کہ اس کی خرابی یہ ہے کہ یہ فیشن بعض جاہل غریب عورتوں کو چوری چھپے زنا پر مجبور کر دیتا ہے، تاکہ وہ مال وروپیہ پیسہ حاصل کر کے ان حسین وجمیل لباسوں کو پہن کر خوبصورت سے خوبصورت

Marfat.com

اور حسن و جمال کا پیکر بن کر دوسروں کے سامنے جائیں۔

اس کو ان لباسوں میں یہ خرابی سمجھ لینا چاہیئے کہ بہت سے شوہروں اور بیویوں میں اس لیے لڑائی جھگڑے اور اختلافات پیدا ہوتے ہیں کہ عورت نئے سے نئے فیشن کے لباس کو پہن کر اپنے اس شوق کی تسکین کرنا چاہتی ہے۔

مسلمان عورت سے اس بات کا مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ اپنے اسلامی آداب، اخلاق اور قانونِ شریعت کی حدود میں رہے اور معاشرہ کی درستگی و اطمینان و سکون کا خیال رکھے، اور وہ حشمت و وقار کے مظاہر اور پردہ و نقاب اور اسلامی لباس کے استعمال کے ذریعہ قریب البلوغ لڑکوں اور غیر شادی شدہ نوجوانوں پر رحم کھائے ورنہ شرعاً اس کو اسلام کے اصولوں سے منحرف اور فسوق و عصیان کی وادیوں میں بھٹکنے والا اور خواہشات اور کج روی اور گمراہی کے دام میں گرفتار قرار دیا جائے گا۔

((وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ)).

الاحزاب۔ ۳۶

اور کسی مومن یا مومنہ کے لئے یہ درست نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسولؐ کسی امر کا حکم دے دیں تو پھر انکو اپنے (اس) امر میں کوئی اختیار باقی رہ جائے۔

(۳) کھلم کھلا اور پوشیدہ قحبہ خانوں کا فساد:

اس لئے کہ وہاں ایسے لوگ موجود ہوتے ہیں جن میں شرافت، غیرت اور حمیت نام کی کوئی چیز نہیں پائی جاتی اور ایسی عورتیں جمع ہوتی ہیں جن کے دل میں حیاء پاک دامنی اور عزت و کرامت کی کوئی چیز نہیں ہوتی یہ سب کے سب گناہوں کے ان جالوں میں اس لئے جمع ہوتے ہیں تا کہ اباحیت و آزادی کے میدان میں خست و دنائت وہ کمینہ پن میں خنزیر و سور کی طرح بن جائیں اور جنس و شہوت کے جوش میں حیوانوں کی طرح جفتی کر سکیں۔

یہ کمینہ پن آزادی و بے راہ روی اور خرابی کے میدان ہیں یہ بے حیائی اور زنا کے اڈے ہیں جن میں ہر وقت لذت پسند اور جسمانی کیف کے شوقین اور آوارگی و آزادی کے دلدادہ آتے جاتے ہیں۔

یہ ایک ایسی متعدی بیماری ہے جو مغربی تہذیب کی اندھی تقلید کی وجہ سے ہم کو بھی لگ گئی ہے۔ یا ہم نے اس مغربی تہذیب کے صرف ظاہر کو دیکھا اور باطن پر غور نہیں کیا اس لئے اس مرض میں ہم بھی گرفتار ہو گئے ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ ہم اپنے وقت کو لغویات میں برباد اور زندگی کے قیمتی سرمائے کو ضائع کر رہے ہیں۔

ورنہ پھر اس کا کیا مطلب ہے کہ ایک احمق انسان اپنا وقت اور مال عورتوں کے نظارے اور گناہ کے کمانے اور آزادی کی طرف تدریجاً بڑھنے اور خواہش و منکرات کے ارتکاب میں برباد کرے اور ان میں سے کوئی چیز بھی انسان کو دنیا یا آخرت میں کبھی بھی فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔

یہ قحبہ خانے خواہ پوشیدہ ہوں یا کھلم کھلا یہ درحقیقت جنسی اتصال اور شہوت رانی کے طوفان کو برپا کرنے کے وسیع وکشادہ دروازے ہیں، اس لیے کہ یہ ایسے گندے جوہڑ ہیں جن میں گناہ اور معصیت کے جراثیم مختلف انواع واقسام کی شکل میں پلتے اور بڑھتے ہیں، ان کے جذبات برانگیختہ کرنے والے مناظر دیکھ کر انسان اپنے قابو سے باہر ہوجاتا ہے، اور اللہ کے حکم کو بھول جاتا ہے، اور پھر جب وہ گناہگار چہرے اور ننگے بدن اور حسن وجمال کی فتنہ سامانیاں دیکھتا ہے تو آہستہ آہستہ آزاد طبع وآزاد منش بن جاتا ہے۔

اور نشہ آور چیزوں اور مخدرات کے استعمال سے بند دروازے کھل جاتے اور خوابیدہ فتنے بیدار ہوجاتے ہیں، اور لوگ حقیقت پسندی اور استقامت اور اپنے مقام سے ہٹ کر چھچھوری حرکتوں اور قبیح کھیل کود اور حرامکاری اور ناجائز میل ملاپ وغیرہ میں مشغول ہوجاتے ہیں.

ان فاسد وگندے مقامات اور گناہ وحرام کاری کے ان اڈوں میں جو ناجائز وحرام تعلقات کے بیج جڑ پکڑ لیتے ہیں، تو اس کی وجہ سے کتنے ہی خاندان برباد ہوجاتے اور کتنے ہی گھرانے اجڑ جاتے ہیں. اور کتنی ہی عورتیں بے باک واخلاق باختہ بن جاتی ہیں، اور مروت واخلاق کا جنازہ نکل جاتا ہے. اور ناجائز کاموں کا ارتکاب ہوتا ہے اور مال ودولت حرام کاری میں لٹائی جاتی ہے۔

ان قحبہ خانوں کا فتنہ صرف یہیں تک نہیں رک جاتا بلکہ ان کے فساد کا اثر بہت سی ان لڑکیوں تک پہنچ جاتا ہے جن کے قدم اس گڑھے میں اس لیے پھسل جاتے ہیں تاکہ مال ودولت حاصل کرسکیں، اور ساتھ ہی لذت وخواہش بھی پوری ہو، اور عارضی کیف وشوق بھی پورا ہوجائے، چاہے اس کے نتیجے میں کتنے ہی مصائب وآلام کا خمیازہ کیوں نہ بھگتنا پڑے، اس صورت حال سے متعلق ــــ تربیت کرنے والے افراد کے سامنے میں اس بات کے چند نمونے اور مثالیں پیش کرنا چاہتا ہوں کہ کتنی ہی معصوم لڑکیاں اس گندگی کے گڑھے میں گری ہیں تاکہ صحیح صورت حال ان کے سامنے کھل کر واضح ہوجائے:

الف ۔ ریاضت کی تعلیم دینے والی ایک معلمہ، لڑکیوں کے ایک ثانوی مدرسہ کی دسویں جماعت کی طالبات کو ریاضت کا ایک درس دے رہی تھیں کہ اچانک ایک لڑکی چکرا کر زمین پر گر پڑی، چنانچہ اس کو طبی امداد دینے کے لیے فوراً ہسپتال منتقل کردیا گیا. جب ڈاکٹروں نے اس کا چیک اپ کیا تو معلوم ہوا کہ وہ طالبہ زنا کی وجہ سے حاملہ تھی.

جب اس سلسلہ میں تحقیق ہوئی تو معلوم ہوا کہ اس طالبہ اور اس کی پانچ ہم عمر طالبات کا اس قسم کے عیاشی کے اڈوں اور قحبہ خانوں میں سے شہر کے ایک قحبہ خانے سے اتصال تھا، لیکن اس کا علم نہ اس کے گھر والوں کو تھا اور نہ مدرسہ والوں کو۔

تحقیق جب مزید آگے بڑھی تو معلوم ہوا کہ ان طالبات میں سے ایک طالبہ اسکول میں داخل ہونے سے قبل ہی اس قسم کے بے حیائی کے کام اپنی فاحشہ وبدکردار ماں کی مرضی سے کیا کرتی تھی، اور اس نے اپنے سنہرے جال کے ذریعہ سے اپنی دوسری سہیلیوں کو بھی برائی اور حرام کاری کے دام میں گرفتار کرادیا، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ آج ان کو اس بے حیائی اور رسوائی اور

Marfat.com

دردناک صورت حال کا منہ دیکھنا پڑا۔

وزارتِ تعلیم سے تعلق رکھنے والے ذمہ دار حضرات نے اس موضوع کو دبا دیا اور اس حادثہ کی فائل کو اس لیے داخلِ دفتر کر دیا تاکہ رسوائی نہ ہو، واقعی بری صحبت کا گمراہ کرنے اور حرام کاری میں مبتلا کرنے میں بڑا ہاتھ ہوتا ہے۔

ب ۔ ایک آزاد طبع شہوت پرست باپ جس کا مطمحِ نظر ہی آوارگی اور عورتوں سے میل ملاپ کے ذریعہ اپنی خواہش کو پورا کرنا تھا۔ اور جس کا کام اس کے سوا اور کوئی نہ تھا کہ حیوانوں کی طرح شہوت رانی کرتا پھرے، ایک دن وہ اپنی خواہش پوری کرنے زنا کے ان چکلوں میں سے ایک پوشیدہ و مخفی اڈے گیا تو کیا دیکھا کہ اس اڈے کا مالک گاہکوں کو زانیہ و فاحشہ عورتوں کی تصویریں دکھا رہا ہے، اچانک اس کی نظر اپنی ایک طالبہ لڑکی پر پڑی تو اس کی تصویر دیکھ کر اس کے اوسان خطا ہو گئے، لیکن اس نے صحیح صورتِ حال پر مطلع ہونے کے لیے اپنے حواس قابو میں رکھے۔ اور اس شخص سے کہا کہ میں اس تصویر والی کو چاہتا ہوں، تو اس نے کہا کہ فلاں کمرے میں چلے جائیے وہ لڑکی آپ کو وہاں بالکل تیار موجود ملے گی۔

وہ شخص وہاں گیا تو اس نے دیکھا کہ اس کی بیٹی گاہکوں کے استقبال کے لیے مکمل طور سے تیار بیٹھی ہوئی ہے، لیکن جب اس لڑکی نے اپنے والد کو اپنے سامنے کھڑا دیکھا تو وہ گھبرا گئی اور اس پر دہشت طاری ہو گئی، اور اچانک اس کو شدید صدمہ پہنچا اور وہ نہایت گھبراہٹ کے عالم میں باپ کی گرفت سے اپنے آپ کو بچانے کے لیے تیزی سے دروازے کی طرف بھاگی۔

باپ نے جب یہ قبیح منظر دیکھا تو اس کے دماغ میں غیرت و حمیت نے جوش مارا۔ اور عزت و آبرو کو بچانے کے لیے اس کی رگوں میں خون دوڑنے لگا، چنانچہ اس نے بلا تامل بپھرے شیر کی طرح اپنی بیٹی پر حملہ کر دیا تاکہ اس کا گلا گھونٹ دے۔ لیکن فوراً لوگ ادھر ادھر سے دوڑ پڑے۔ اور وہ اپنا دل ٹھنڈا نہ کر سکا۔ اور گویا یہاں پر اس سین کا پردہ گر گیا۔ اور پھر یہ معلوم نہ ہو سکا کہ اس لڑکی کا انجام کیا ہوا۔

جو لوگ اس واقعہ کے تانے بانے سے واقف ہیں ان کا کہنا تھا کہ یہ لڑکی اس بدکرداری میں غلط صحبت کی وجہ سے گرفتار ہو گئی تھی، اس لیے کہ پڑوس کی ایک لڑکی اس کے ساتھ سکول جایا کرتی تھی اس نے اس لڑکی کو یہ سبز باغ دکھا کر اس کو اس دردناک انجام تک پہنچایا تھا، لیکن اس لڑکی کے گھر والوں میں سے کسی کے خواب و خیال میں بھی یہ بات نہ تھی کہ ان کی بیٹی بجائے اسکول جانے کے بے حیائی کے ایک ایسے مرکز اڈے میں جاتی ہے جہاں اس نے اپنی عزت و شرافت و پاکدامنی کو دفن کر دیا ہے، واقعی سچ ہے کہ بری صحبت انسان کو گمراہ و خراب کرنے میں سب سے بڑا ذریعہ و سبب ہوتی ہے۔

ج ۔ مجھ سے بعض ان غیرت مند مخلص اساتذہ نے بیان کیا جن پر مجھے پورا بھروسہ و اعتماد ہے کہ ایک روز وہ شہر کے ایک قہوہ خانے میں اپنے ایک دوست کو تلاش کرنے گئے، وہ اس قہوہ خانے میں داخل ہو ہی رہے تھے کہ انہوں نے دیکھا کہ طلباء و طالبات قہوہ خانے کی اوپر کی منزل کی طرف چلے جا رہے ہیں، ان کے دل میں بھی یہ خواہش پیدا ہوئی کہ اوپر جا کر دیکھیں

Marfat.com

یہ لوگ اوپر کہاں جارہے ہیں؛ اور کیوں جارہے ہیں؛

یہ جیسے ہی اوپر پہنچے تو وہاں کا ہولناک و حیا سوز منظر دیکھ کر حیران و ششدر رہ گئے: اس لیے کہ انہوں نے دیکھا کہ اوپر جانے والوں کی اکثریت طلباء و طالبات پر مشتمل ہے: اور ان میں سے کوئی کسی سے بوسہ بازی میں مصروف ہے، کوئی کسی سے بغلگیر ہے، کوئی غزلیہ و عشقیہ اشعار پڑھ رہا اور بڑی ڈھٹائی کیساتھ بے ہنگم طریقے سے ہنس رہا ہے کوئی دوسروں کے جذبات برانگیختہ کرنے کے سامان مہیا کر رہا ہے۔

انہوں نے خود اپنے نفس سے پوچھا کہ یہ لوگ یہاں کیسے پہنچے؛ اور ان کا ایک دوسرے سے تعلق و ربط کیسے قائم ہوا؛ اور کون ان لوگوں کو اس جگہ تک لے کر آیا ہے؛

درحقیقت آزادی بے راہ روی اور فاحشہ کے یہ ایسے اسباق ہیں جو انہوں نے ٹیلی ویژن اور سینما سے حاصل کیے ہیں: جو انہوں نے فحش رسالوں سے سیکھے ہیں، جو انہوں نے عشقیہ ناولوں اور فحش گانوں سے سرِ راہ سیکھے ہیں، جس کا نتیجہ اس دردناک انجام اور غمناک عاقبت کی شکل میں ظاہر ہوا، ان کے گھر والوں کو اپنے بچوں بچیوں کے ان معاملات کی کچھ خبر نہیں ہے: واقعۃً برے ماحول کا انسان کو خراب کرنے اور بگاڑنے میں بہت دخل ہوتا ہے۔

د۔ بہت سے اداروں کے سربراہ مردوں اور عورتوں اور اسکولوں کے پرنسپل مردوں اور عورتوں نے مجھ سے یہ بیان کیا ہے کہ دفتری کام کاج کے دوران انہیں بہت سے ایسے خطوط ملے ہیں جو اسکولوں میں ڈاک کے ذریعہ سے آتے ہیں، جن میں عشق و محبت کی باتیں اور اشعار ہوتے ہیں، جن کے لکھنے والے وہ طلبہ و طالبات ہوتے ہیں جنہوں نے اپنی تعلیم کا بیشتر قیمتی وقت کس چیز میں خرچ کیا! اس خط کے لکھنے میں جسے ایک عاشق اپنی معشوقہ کو لکھتا ہے یا کوئی محبوبہ اپنے عاشق کو لکھتی ہے۔ جس کا اصل سبب یہ ہوتا ہے کہ ماں باپ ان کی نگرانی میں کوتاہی کرتے ہیں یا اسکول والے صحیح تربیت نہیں دیتے یا پھر اس معاشرتی عمومی فساد کا اثر ہے جو ہر جگہ ہر معاشرے میں پھیل چکا ہے۔

اولاد چاہے لڑکا ہو یا لڑکی جب وہ عقیدہ سے ناواقف اور اخلاق سے عاری ہوگی اور اس کا ضمیر مردہ ہوگا اور برے لوگوں سے میل جول اور بدکرداروں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا ہوگا تو اس کا لازمی اثر یہ ہوگا کہ اس رسوا کن انجام اور مہلک عاقبت کو ہی پہنچے گا۔ واقعی برے ماحول اور گندی صحبت انسان کو گمراہ کرنے اور بگاڑنے میں بڑا کردار ادا کرتی ہے۔

(۴) معاشرے میں فحش مناظر کا فساد:

جوان آدمی یا قریب البلوغ لڑکا جب سڑکوں یا عام جگہوں پر نگاہ دوڑاتا ہے تو کیا دیکھتا ہے؛

وہ ان ننگی تصویروں کو دیکھتا ہے جنہوں نے سینماؤں، رسالوں، اخبارات اور پوسٹروں اور سڑکوں اور گھروں اور مجالس و محافل پر یلغار کر رکھی ہے۔

Marfat.com

وہ ان عورتوں کو دیکھتا ہے جو لباس پہن کر بھی عریاں ونگی ہوتی ہیں، اور وہ زیب وزینت سے آراستہ ہوکر اور بن سنور کر شعلۂ جوالہ بن کر نکلتی ہیں. وہ ایسی عورتوں کو جن کے یہاں عزت وشرافت کا کوئی خیال اور اخلاق کی کوئی قدر وقیمت نہیں ان کو نہایت بے ہودہ لباس میں دیکھتا ہے.

وہ دیکھتا ہے کہ طلباء وطالبات جب اسکول کالج جاتے اور وہاں سے واپس ہوتے ہیں تو ایک دوسرے سے ایسے ملے جلے اور آپس میں ایسے خلط ملط ہوتے ہیں کہ وہ گندی دل کا سا منظر پیش کر رہے ہوتے ہیں، اور بسا اوقات ہم نے آزاد منش بے حیا طلبا کو سر راہ بے باک وآزاد لڑکیوں سے گندہ ہنسی مذاق کرتے دیکھا ہے اور نہایت فحش کلمات سنے ہیں.

وہ دیکھتا ہے کہ قریب البلوغ لڑکے اور لڑکیاں سینما کے دروازے پر کھڑے ہوکر بے حیائی اور حرام کاری کی تعلیم دینے والی تصویروں کو دیکھ رہے ہیں. اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایسے لڑکے کسی اپنی ہم عمر لڑکی سے وقت مقرر کر لیتے ہیں یا اچانک اسی وقت اس لڑکی کا ٹکٹ خرید کر دونوں مل کر گندی فحش فلم یا عریاں فلم اور بے ہودہ ڈرامہ دیکھتے ہیں، بچہ ابھی بالغ بھی نہیں ہوتا یا بالغ ہوتے ہی جوانی کے جوش کے ابتدائی ایام میں وہ یہ سب چیزیں اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہے بلکہ اس سے بھی آگے کے مراحل تک دیکھ لیتا ہے، بلاشبہ گندے ماحول اور خراب سوسائٹی کا گمراہ کرنے اور اخلاق بگاڑنے میں بہت بڑا دخل ہوتا ہے.

(۵) بُری صحبت کے نقصانات:

قسم اوّل کی وہ فصل جس میں ہم نے بچوں کے خراب ہونے کے اسباب ذکر کیے ہیں اس میں ہم یہ ذکر کر چکے ہیں کہ وہ بڑے عوامل جو بچے کو بگاڑ دیتے ہیں ان میں برے ساتھی اور بری صحبت بھی ہے، خصوصاً اگر لڑکا بے وقوف سا ہو، اور اس کا ایمان و عقیدہ کمزور ہو، اخلاق مضبوط نہ ہوں، تو وہ برے لوگوں اور آوارہ مزاج لڑکوں کی صحبت سے بہت جلد متأثر ہو جاتا ہے، اور وہ بہت جلد ان سے گندی خصلتیں اور برے اخلاق سیکھ لیتا ہے، بلکہ نہایت تیزی سے ان کے ساتھ بدبختی وشقاوت کے راستے پر چلنے لگ جاتا ہے، اور ان کی طرح جرم واخلاق باختگی اس کی بھی طبیعت بن جاتی ہے، اور کج روی وبداخلاقی اس کی فطرت بن جاتی ہے، اور پھر اس کو راہِ راست پر لانا اور گمراہی کے غار سے نکالنا اور بدبختی کے گڑھے سے باہر لانا بہت مشکل ہو جاتا ہے.

میرے محترم مربی صاحبان! جب ہم قحبہ خانوں کے فساد کا تذکرہ کر رہے تھے، تو آپ نے دیکھ لیا ہوگا کہ بُری صحبت کانئی پود اور نوعمر لڑکے لڑکیوں کو برائی کی طرف لیجانے اور آزادی وفحاشی کے ماحول تک پہنچانے میں کتنا بڑا اثر ہو ہے، اس لیے کہ نبی کریم صادق ومصدوق صلی اللہ علیہ وسلم کے حسبِ ارشاد ساتھی کا انتخاب اور اس کی دیکھ بھال بہت ضروری ہے، چنانچہ ابنِ حبان روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((المرء علی دین خلیاہ فلینظر — انسان اپنے ساتھی کے مذہب پر ہوتا ہے اس لیے تمہیں

Marfat.com

أحدكم من يخالل)).

اور ارشاد فرمایا:

((إياك وقرين السوء فإنك تعرف به)).

ابن عساکر

اور اللہ رحم فرمائے اس شاعر پر جس نے یہ شعر کہا ہے:

عن المرأ لا تسأل وسل عن قرينه ... فكل قرين بالمقارن يقتدى

خود انسان کے بارے میں نہ پوچھو بلکہ اسی کے ساتھی کے بارے میں پوچھو ... اس لیے کہ ہر شخص اپنے ساتھی کی اقتدا و پیروی کرتا ہے

دیکھ لینا چاہیئے کہ کس سے دوستی کر رہے ہو۔

تم بُرے ساتھی سے بچو اس لیے کہ تمہیں اسی کے ذریعہ سے پہچانا جائے گا۔

(۶) دونوں جنسوں (مرد وزن) کے باہمی اختلاط کا فساد:

لڑکے اور لڑکیاں جب شعور کی عمر کو پہنچتی ہیں اور بالغ ہونے کے قریب کی عمر میں ہوں تو ان کا باہمی اختلاط و میل جول ان کی عادات و اخلاق، علم و صحت، جسم و اعصاب پر بہت بڑا اثر پڑتا ہے۔

آج بہت سے اسلامی معاشروں میں بھی مرد وزن کے باہمی اختلاط کی بدعت اسکولوں کالجوں دفتروں اور کاروباری اداروں میں اس بنیاد پر شروع ہو گئی ہے کہ دونوں جنسوں کا آپس میں اختلاط طبیعت کو نکھار بخشتا ہے، اور چھپی ہوئی شہوت کا رخ پھیر دیتا ہے اس لیے کہ مرد وزن کا اجتماع ایک مانوس و عام چیز بن جاتی ہے۔

اس سے قبل عقلی تربیت کی ذمہ داری کی فصل میں ہم اس کی مفصل و مدلل تردید پیش کر چکے ہیں، اور ہر وہ شخص جو یہ سمجھتا ہے کہ دونوں جنسوں کے درمیان اختلاط چھپے ہوئے جذبات کو مہذب بناتا ہے اور شہوت کی حدیں مقرر کر دیتا ہے اور مرد و عورت کا میل ملاقات ایک فطری اور مانوس چیز بن جاتی ہے اس کے اس نظریہ کا رد پہلے آچکا ہے، آپ بھی اس مذکورہ بالا فصل کو ملاحظہ کیجیے، وہاں اختلاط کے دعوے داروں کی تردید کے ضمن میں جو بحث کی ہے وہ پڑھ لیجیے ان شاء اللہ پوری تشفی ہو جائے گی۔

محترم مربی حضرات! بچوں کے اخلاقی فساد اور جنسی جذبات کے بھڑکانے کے یہ اہم اسباب و سائل ہیں، اور درحقیقت یہ نہایت تباہ کن وسائل اور مہلک ترین اسباب ہیں جیسا کہ آپ خود ملاحظہ کر چکے ہیں۔

اس لیے آپ کو چاہیئے کہ بچے کی دیکھ بھال کے سلسلہ میں اپنی ذمہ داری پوری طرح ادا کریں خواہ یہ مسئولیت خارجی نگرانی کی ہو یا داخلی دیکھ بھال کی۔

لیکن یہ سوچنا چاہیئے کہ کیا یہ دیکھ بھال و نگرانی ہی کافی ہے یا کچھ اور ایسے مثبت وسائل بھی ہیں جنہیں بچوں کی اصلاح کے لیے مربیوں کو ضرور اختیار کرنا چاہیئے۔

Marfat.com

بچّے کے اخلاق درست کرنے والے وسائل :

میرے خیال میں تین مثبت ایسے وسائل ہیں کہ اگر مربیوں نے ان کو اختیار کر لیا تو بچہ اخلاقی طور پر درست اور ٹھیک ہو جائے گا، اور جنسی طور پر اپنے اوپر کنٹرول کرے گا، اور پھر وہ اپنی پاکبازی وعفت میں فرشتے کی طرح، اور اخلاق وکردار میں نبی کی طرح، اور روحانیت وتقوٰی میں مرشد کی طرح بن جائے گا اور وہ ترتیب وار تینوں وسائل یہ ہیں:

① ذہن سازی۔ ② ڈرانا ومتنبہ کرنا۔ ③ ربط وتعلق۔

① ذہن سازی :

اس بات میں کوئی بھی دو فرد اختلاف نہیں کریں گے کہ اگر شروع ہی سے بچے کے ذہن نشین کرا دیا جائے کہ یہ معاشرتی فساد اور اخلاقی آزادی وکمزوری جو اسلامی ماحول ومعاشروں میں بھی ہر جگہ پھیل گئی ہے یہ یہودی صہیونی وشیوعی اور صلیبی اور استعماری سازشوں کا نتیجہ ہے، تو پھر جب بچہ بڑا ہوگا تو اس میں اتنی پختگی سمجھ اور شعور پیدا ہو چکا ہوگا جو اسے شہوات ولذات میں بہنے سے روک دے گا، اور بہت سے فتنوں اور فساد سے رکاوٹ بن جائے گا۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ان لوگوں کے یہاں فساد کے درج ذیل وسائل ہیں: عورت، سینما، ڈرامے۔ رسالے، اخبارات، ٹیلیویژن، ریڈیو، لباس، ننگی تصاویر کی اشاعت، اور اخلاق باختگی کے کھلم کھلا اور پوشیدہ قحبہ خانے ومراکز اور اس جیسی چیزیں ان سازشوں کے جال کے بارے میں اس کتاب کے "مسئولیت وذمہ داری کو محسوس کرنا" نامی عنوان کے ذیل میں ہم نے شواہد وادلہ جمع کر دیئے ہیں، اور اس سے قبل "عقلی تربیت کی ذمہ داری" کی فصل کے تحت ہم ان سازشوں کے بارے میں پہلے بھی اشارہ کر چکے ہیں۔

لہٰذا آپ ان دونوں بحثوں کو دیکھ لیجیے آپ کو انشاء اللہ تشفی کا پورا سامان مل جائے گا یہاں پر اس میں کوئی مضائقہ نہیں معلوم ہوتا ہے کہ ہم آپ کے سامنے نہایت اختصار سے ان سازشوں کے طویل وعریض خطوط اور طریقے بیان کر دیں تاکہ آپ کے ذہن میں یہ بات راسخ ہو جائے کہ اعداء اسلام اسلامی ماحول ومعاشرہ کو بگاڑنے کے لیے کس طرح منظم طریقے سے کام کرتے ہیں۔

یہود اور ماسونیت (فری میسن)

ان لوگوں نے اس "فرائڈ" کی آراء کو اپنا لیا ہے جو انسانی زندگی کی ہر چیز کو جنسی داعیہ اور شہوت ولذات کے سمندر میں غرق ہونے سے تعبیر کرتا ہے۔

◉ ان لوگوں نے "کارل مارکس" یہودی کی آراء کو اختیار کر لیا ہے جس نے ان کے عقائد واخلاق کو خراب کر ڈالا اور مذہب کو لغو قرار دیا، اور خدا کے ہونے کے عقیدہ کی مخالفت کی، اور جب کارل مارکس سے یہ پوچھا گیا کہ خدائی عقیدے کا بدل کیا ہے؛ تو اس نے کہا کہ اس کا بدل سیر وسیاحت اور ڈرامہ بازی ہے۔ لوگوں کو کھیل کود میں مست کر کے خدائی کے عقیدے

سے غافل کردو۔

◉ انہوں نے اس "نیتشہ" کی آراء کو پسند کیا ہے جس نے اخلاق کا جنازہ نکال دیا، اور ہر شخص کو اس بات کی کھلی چھٹی دے دی کہ وہ خواہشات پوری کرنے کے لیے جو چاہے کر گزرے۔

◉ ان کی کوشش وجدوجہد صرف اس لیے ہے کہ عورت اور جنس کے راستہ سے ہر جگہ سے اخلاق کا جنازہ نکل جائے، ان لوگوں اور ماسونیوں (فری میسن والوں) کے اقوال میں سے یہ قول بھی مشہور ہے کہ ہمیں چاہیئے کہ ہم عورت کو قابو میں کرلیں اور اس کو اپنے دام میں لے لیں، لہٰذا جس روز بھی وہ اپنا ہاتھ ہماری طرف بڑھا دے گی اس روز ہم حرامکاری کا بیج بونے میں کامیاب ہو جائیں گے اور دین پرستوں کا لشکر پارہ پارہ ہو جائے گا۔

استعمار ونصرانیت

مستعمرین کے ایک بڑے پوپ کا کہنا ہے کہ شراب کا جام اور مغنیہ وفاحشہ عورت امت محمدیہ کو تہ وبالا کرنے کا اتنا بڑا کام کرسکتے ہیں جو کام ایک ہزار توپیں نہیں کرسکتیں۔ اس لیے اس قوم کو مادہ اور شہوات کی دنیا میں غرق کردو۔

اور پوپ زویمر نے قدس میں پادریوں کی ایک مجلس میں کہا کہ تم نے مسلمانوں کے ملک میں ایسے لوگ پیدا کردیے ہیں جن کا خدا سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اور واقعی مسلمانوں کی نئی پود ویسی ہی بن گئی جیسا استعمار نے چاہا کہ نہ انہیں مقدسات کا کوئی خیال ہے نہ توجہ، اور وہ راحت پسند اور سست بن گئے، اور ان کا مطمح نظر دنیا کی لذت وشہوت ہی بن کر رہ گیا، اگر وہ پڑھتے ہیں تو شہوت رانی کے لیے، اور اگر مال جمع کرتے ہیں تو عیاشی کے لیے، اور اگر کسی بلند منصب پر پہنچ بھی جائیں گے تب بھی لذت وشہوت کے لیے ہر چیز قربان کردیں گے

شیوعیت (کمیونزم) ومادی مذاہب

محترم قارئین "مسئولیت وذمہ داری کے احساس" کے عنوان کے تحت عنقریب آپ کے سامنے وہ باتیں آجائیں گے جو کمیونسٹوں نے اپنی مخفی رپورٹوں میں کہی ہیں۔ لیکن ہم اس وقت صرف درج ذیل قول کے ذکر کرنے پر اکتفا کرتے ہیں، اس لیے کہ اس کا ہمارے موضوع سے تعلق ہے:

"ہم ایسی چیزوں کے عام کرنے میں کامیاب ہو گئے ہیں جو دین کی بنیادیں تباہ کردیں مثلاً قصے، ڈرامے، تقاریر، اخبارات، رسالے اور ایسی کتابیں جو الحاد کو رائج کرتی اور اس کی طرف دعوت دیتی ہیں اور دین اور دینداروں کا مذاق اڑاتی ہیں اور وہ صرف اور صرف علم کی دعوت دیتی ہیں اور اس کو زبردست وغالب خدا مانتی ہیں۔

ان سازشوں ومنصوبوں اور اقوال سے یہ بات صاف معلوم ہو گئی کہ یہودیت اور ماسونیت (فری میسن تنظیم) اور شیوعیت (کمیونزم) وصلیبیت اور نصرانیت واستعمار سب ایک دوسرے کے معاون، دوست اور مددگار اور ہم پیالہ وہم نوالہ ہیں جو سب کے سب مل کر یہ چاہتے ہیں کہ شراب، جنس، ڈراموں، رسالوں، اخبارات اور ریڈیو ٹیلی ویژن کے پروگراموں اور لادینی کتب ومطبوعات اور اخلاق سوز قصے کہانیوں اور ڈراموں کے ذریعہ اسلامی معاشروں کو ختم وتباہ کردیا جائے۔

Marfat.com

اور افسوس کی بات یہ ہے کہ وہ اپنے اس گندے و قبیح مقصود و مطلوب اور قبیح و خبیث غرض تک پہنچنے میں کامیاب ہو گئے ہیں، اور ہم بچشم خود اپنی قوم و جماعت کے ایسے نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کو دیکھتے ہیں جو ہماری ہی زبان بولتے ہیں اور اسلام سے وابستہ ہیں لیکن حیوانوں کی طرح شہوات و جنس کی طرف دوڑ رہے ہیں اور آزادی و بے راہ روی و اخلاق باختگی میں دوسروں کی اندھی تقلید کر رہے ہیں۔ اور وہ اب ایسی دردناک حالت تک پہنچ گئے ہیں کہ ان کا مطمح نظر اور مقصود سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ وہ بے حیائی و رذالت اور جنس کی دلدل و گڑھے میں پڑے رہیں۔ اور فحش فلمیں یا اخلاق سوز ڈرامے یا گندے سین دیکھیں، یا کسی ایسی جگہ کو تلاش کر لیں جہاں پہنچ کر اپنی مردانگی عزت و کرامت کا جلوس نکال دیں، اور بے حیائی کے اس در پر سجدہ ریز ہو جائیں اب ان کا یہی کام رہ گیا ہے[1]

اس لیے اے تربیت کرنے والو آپ کا کام یہ ہے کہ آپ اپنی اولاد و جگر گوشوں میں دین کی صحیح سوچ و سمجھ پیدا کریں تاکہ وہ دشمنوں کے دام اور مکاروں کے جال سے واقف ہوں، اور ان کو یہ تبلا دینے میں کوئی قباحت نہیں ہے کہ اگر وہ فساد کی دلدل میں پھنس گئے اور آزادی و اباحیت کے پیچھے ہو لیے تو وہ چاہے سمجھیں یا نہ سمجھیں وہ درحقیقت اسلام کی سرزمین اور مسلمانوں کے شہروں میں یہودیت، صلیبیت اور شیوعیت کے نافذ کرنے والے اور ماسونیت و استعمار اور نصرانیت کی سازشوں اور منصوبوں کو کامیاب بنانے والے بن جائیں گے، میں سمجھتا ہوں کہ اگر صحیح طور سے ذہن بنا دیا جائے تو یہ عقلی و وجدانی طور پر بچوں کو اس سے روکنے کا بہت بڑا ذریعہ بن سکتا ہے جس کا لازمی اثر یہ ہوگا کہ وہ خود بخود فواحش و حرام چیزوں سے رک جائیں گے۔

(۲) ڈرانا اور متنبہ کرنا:

اگر مربی اپنی توجیہات و نصائح میں اس وسیلہ کو اختیار کر لیں تو میرا خیال یہ ہے کہ بچے کو حرام سے روکنے اور فواحش سے باز رکھنے کے لیے یہ وسیلہ مثبت وسائل میں سے سب سے کامیاب ترین وسیلہ و ذریعہ ہوگا۔ اس لیے کہ یہ ذریعہ بچے کے سامنے ان خطرات کی حقیقی صورت پیش کر دے گا جو شہوات کے سیلاب میں بہنے اور آزادی و اباحیت کے جال میں پھنسنے کا لازمی اثر ہوتا ہے۔

ذیل میں مربیوں کے سامنے میں اُن اہم خطرات کو پیش کر رہا ہوں جو زنا اور ناجائز طور سے مرد و زن کے اختلاط اور نامناسب تعلقات کی وجہ سے وجود میں آتے ہیں، تاکہ صورت حال کھل کر سامنے آجائے اور آپ بچوں کے ذہن بنانے اور ہوشیار و متنبہ کرنے کے اپنے فریضہ کو ادا کر سکیں، اور بچہ ناجائز و حرام چیزوں اور پسندیدہ آزادی و اختلاط سے رک جائے۔

---

[1] ملاحظہ ہو ہماری کتاب "وسائل نشر و اشاعت کے بارے میں اسلام کا فیصلہ" (ص ۵۸ و ۵۹)۔

Marfat.com

لیجیے اب آپ کے سامنے زنا کے خطرناک اثرات پیش کیے جاتے ہیں[1]:

الف ۔ صحت کو پہنچنے والے نقصانات:

○ مرض سیلان:

جو زنا کی وجہ سے ایک دوسرے میں منتقل ہوتا ہے اور رحم و خصیتین میں شدید اور مزمن قسم کے التہابات پیدا کر دیتا ہے جو کبھی بانجھ ہونے تک پہنچا دیتا ہے، اور اس سے مفاصل و جوڑوں میں درد کی شکایت بھی پیدا ہو جاتی ہے۔ اور اس سے بچے کو نقصان بھی پہنچ سکتا ہے، اور اس کی وجہ سے بچے کی آنکھوں میں سوزش پیدا ہو جاتی ہے جو کبھی اندھا تک کر دیتی ہے۔

○ آتشک کی بیماری:

جس کو عوام کی زبان میں انگریزی بیماری کہا جاتا ہے، اس لیے کہ اسکی ابتداء ان انگریزی معاشروں سے ہوئی ہے جہاں زنا کثرت سے ہوتا ہے، اور جہاں کے لوگ اس بے حیائی کے کام میں بہت زیادہ مبتلا ہیں۔

○ اعضاءِ تناسل کے زخم:

یہ مرض بھی حرامکاری و زنا کی وجہ سے منتقل ہوتا ہے جو بلغم کی نالیوں میں سوزش پیدا کر دیتا ہے اور کبھی کبھی لاعلاج زخم و پیپ بھرے پھوڑوں کا سبب بنتا ہے اور پیشاب کی نالیوں میں جلن پیدا ہو جاتی ہے۔ اور جوڑوں میں درد اور انگلیوں وغیرہ میں ورم ہو جاتا ہے۔

○ سوزاک:

جو زنا کے راستے سے ایک دوسرے میں منتقل ہوتا ہے۔ اور اعضاءِ تناسل میں دردناک سوزش اور زخم پیدا کر دیتا ہے جو کبھی سارے جسم کو لپیٹ میں لے لیتا ہے۔

○ قبل از وقت بالغ ہو جانا:

اس مرض کے بعض وہ بچے شکار ہوتے ہیں جو وقت سے پہلے شہوت کے جوش اور غدود کے مکمل تیار ہونے سے قبل جنسی جذبات کے بھڑکنے کے عادی ہو جاتے ہیں جس کا اثر بدن کے اعضاء کی شکل و صورت کے بگاڑ اور نفسیاتی اور اعصابی امراض کے ظہور کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔ اور اس کے علاوہ اور دوسرے بہت سے وہ امراض بھی جن کا جسم اور صحت سے تعلق ہے۔

ب ۔ نفسیاتی و اخلاقی نقصانات:

اس قسم کے شہوت پرست اور حیوانیت کی طرف مائل لوگ کبھی مندرجہ ذیل امراض کا شکار ہو جاتے ہیں:

---

[1] ملاحظہ ہو عبدالباقی رمضون کی کتاب "اختلاط و بے حجابی کے نقصانات" تھوڑے سے تصرف کے ساتھ۔

Marfat.com

○ جنسی انحراف کے مرض میں گرفتار ہونا یعنی مردوں کا لواطت اور عورتوں کا ہم جنس پرستی کے مرض میں مبتلا ہونا. یہ مرض درحقیقت بہت خطرناک مرض ہے جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ مرد مرد پر اور عورتیں عورتوں پر اکتفا کر لیتی ہیں، یہ ایک ایسا مرض ہے جسمیں بہت سی وہ قومیں مبتلا ہیں جو تہذیب و تمدن اور ثقافت و ترقی کی دعوے دار ہیں، جیسے کہ یورپ و امریکہ. چنانچہ وہاں پانچ لاکھ کے قریب مرد و عورتیں ایسی ہیں جو نیویارک امریکا میں اس مرض کا شکار ہیں، یہ وہ ہیں جو کھلم کھلا پیشے کے طور پر اس فحش کام کو اپنائے ہوئے ہیں. ان کے علاوہ چوری چھپے اور در پردہ جو مرد اور عورتیں اس میں مبتلا ہیں ان کی کثرت کا آپ خود ہی اندازہ لگا لیجیے.

○ جنسی ہوس کی بیماری چنانچہ آپ اس مرض کے مریض کو ہر وقت اپنے شہوانی اور جنسی خیالات، شادی، بوسہ بازی، لپٹنا چمٹنا، بوس و کنار، اور عورتوں کے اعضاء، چہرے، آنکھوں، گردن، ہونٹوں، پستانوں، شرمگاہ، رانوں وغیرہ کے خیالات میں غرق دیکھیں گے، آپ دیکھیں گے کہ وہ ہر چیز سے کنارہ کش و الگ تھلگ ہوگا، نسیان کا مرض اس میں بڑھ جائے گا. اس میں کسی کام کا اہتمام نہیں رہے گا. غفلت بڑھ جائے گی، تیقظ و سوجھ بوجھ ختم ہو جائے گی. آپ کو وہ بے وقوف و غبی معلوم ہوگا یا غمگین و مصیبت زدہ نظر آئے گا، اس مرض کی وجہ سے جسم نحیف و لاغر اور حافظہ کمزور ہو جاتا ہے، اور نفس میں اضطراب و بے چینی کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔

انسانی معاشروں میں زنا کے جو برے اخلاقی اثرات

عمومی طور سے لوگوں پر پڑتے ہیں وہ یہ ہیں :

○ نوجوان شہوت و جنس کے پیچھے پڑے رہتے ہیں. اور شراب و چرس و افیم وغیرہ کے نشے میں دھت رہتے ہیں.
○ معاشرہ آزاد و بے راہ رو، جسمانی، اخلاقی، نفسیاتی اور عقلی طور پر بیمار ہو جاتا ہے۔
○ قتل و اغوا اور آبروریزی کے اقدامات عام ہوتے ہیں.
○ افیون، حشیش وغیرہ مخدرات و منشیات کو پھیلانے والوں کی کثرت.
○ جنس و شہوات کے تاجر اور دوشیزاؤں کو بیچنے والے اور فاحشہ عورتوں کو اجرت پر دینے والے دلالوں کی فراوانی.
○ اطباء، وکلاء، حکام اور قانون دان افراد کی ایسی جماعتیں جن کا کام مال و دولت اور عورت کی رشوت کے عوض جرائم کی پردہ پوشی اور دوسروں کے حقوق کی حق تلفی کرنا ہے.
○ بے حیائی و بے حجابی و عریانی کی علانیہ مجالس جن میں شریک افراد بغیر کسی شرم و حیا کے اخلاق و انسانیت کے ہر لباس سے یکسر عاری ہو جاتے ہیں.
○ ہر طرف پائے جانے والے ایسے سستے قحبہ خانے و جنسی مراکز جہاں فاحشہ عورتیں کرایہ پر دستیاب ہوتی ہیں.
○ زانیہ و فاحشہ عورتوں کی ایسی بڑی تعداد جو زناکاری کو پیٹ پالنے کے لیے اختیار کرتی ہیں.

Marfat.com

- فحش گانے اور جذبات برانگیختہ کرنے والی موسیقی اور گناہ آلود ہیجان خیز ڈرامے۔
- جنس و جنسیات پر مشتمل کتابیں، اور ننگے اور فحش رسالے، اور بے حیائی و رقص و سرود کے مراکز۔
- ان ہیپیوں کی ٹولیاں اور جماعتیں جو اباحیت پسند ہیں اور حیوانوں اور گبریلے کے ساتھ مشابہت رکھتے ہیں۔
- ان لامذہب مادر پدر آزاد لوگوں کی فوج جو نشہ میں دھت، اور شراب و کباب، زنا اور ہر قسم کے گناہ میں مستغرق رہتے ہیں۔
- ایسے اباحیت و آزادی پسند جو ہر قسم کی شرافت و اخلاق کے منکر اور ہر بے حیائی کے کام کے جائز قرار دینے والے اور خواہشات اور نفس کے ساتھ ساتھ چلنے والے ہیں۔

اس کے علاوہ اور دیگر بے شمار و لاتعداد دوسرے نقصانات جو اس آزادی و بے حیائی کی وجہ سے جنم لیتے ہیں۔

اس بے راہ روی و آزادی کا نتیجہ یہ نکلا کہ ۱۹۶۲ء میں خروشیف نے یہ اعلان کیا کہ روس کا مستقبل سخت خطرے میں ہے، اور روس کے نوجوانوں کا مستقبل غیر یقینی ہے، اس لیے کہ وہ آزاد و بداخلاق ہو گئے ہیں اور شہوت پرستی میں غرق رہتے ہیں۔

انہی دنوں میں کنیڈی نے بھی اس بات کی صراحت کی کہ امریکا کا مستقبل بھی خطرے میں ہے۔ اس لیے کہ وہاں کے نوجوان بھی آزاد اور شہوت میں مستغرق ہیں۔ انہیں اپنی اس ذمہ داری کا قطعاً احساس نہیں ہے جو ان کے کاندھوں پر ڈالی گئی ہے۔ اور ہر وہ سات نوجوان جنہیں فوجی بھرتی کے لیے پیش کیا جاتا ہے ان میں سے چھ اس کے اس لیے اہل نہیں ہوتے کہ وہ آزاد، عیاشی اور شہوت پرستی میں غرق ہوتے ہیں، جس کی وجہ سے ان کی نفسیاتی اور جسمانی صلاحیت ختم ہو چکی ہوتی ہے

مغرب و مشرق میں آزادی اور اباحیت کا جو مرض عام تھا اب وہ اسلامی ممالک میں بھی سرایت کر گیا ہے۔ اور افسوس ہے کہ اب ہم یہ سنتے ہیں کہ زنا کے چکلے اور بے حیائی کے مراکز اور جوئے کے اڈے اور مجرمانہ ڈراموں کے مراکز اور شراب و منشیات کے مراکز اور رقص و سرود و عریانی کے اڈے اِدھر اُدھر کثرت سے موجود ہیں، اور اکثر بلادِ اسلامیہ میں حکام مسئولین کے سامنے منہ در منہ یہ سب کچھ ہو رہا ہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔

اور اب تو بہت حسرت و افسوس کے ساتھ یہ بھی سننے میں آنے لگا ہے کہ بلا کسی روک ٹوک اور نکیر کے ملک کے طول و عرض میں جنس و شہوت پرستی کے ایسے دلال موجود ہیں جو لڑکیاں بیچتے اور فاحشہ عورتیں کرایہ پر دیتے ہیں۔

اور ہمارے ملک کے بہت سے نوجوان بلا کسی گرفت و روک ٹوک کے لذت پرستی اور جنس اور عورت سے لذت اندوزی اور شراب نوشی کے لیے وہاں جاتے ہیں جس کا علم ہر چھوٹے بڑے مسلمان اور تمام لوگوں کو ہے۔

Marfat.com

ج۔ معاشرتی نقصانات وخطرات

یہ ایک تسلیم شدہ امر ہے کہ زناء وغیرہ کا ارتکاب فرد و خاندان سب کے لیے برابر کا نقصان دہ ہے بلکہ اگر دیکھا جائے تو اس کا بُرا اثر پورے معاشرے پر پڑتا ہے۔

ان مضر اثرات میں سے یہ ہے کہ اس سے خاندان کے چولیں ہل جاتی ہیں اس لئے کہ مجرد و غیر شادی نوجوان جب ناجائز زرائع سے اپنی حیوانی خواہش پوری کر لیتا ہے تو اسے یہ سوچنے کی بھی ضرورت نہیں رہتی کہ وہ ایک خاندان بسائی اور اولاد وجود میں لائے اسی طرح فاحشہ اور زانیہ عورت بھی حمل کی خواہش مند نہیں ہوتی اور وہ نہ بچے کی ماں بننا چاہتی ہے۔ اس لئے کہ وہ سمجھتی ہے کہ اس سے اسے نفسیاتی و جسمانی نقصان پہنچے گا اس لئے وہ کسی نہ کسی وسیلہ سے اس سے جان چھڑانے کی کوشش کرتی ہے۔

ان خطرات میں سے بچوں اور نومولود پر ظلم بھی ہے اس لئے کہ ایسا معاشرہ جس میں لوگ شادی سے دور بھاگیں اور آزادی پرست اور عیاش طبع ہوں تو وہاں ایسے بچوں کی کثرت ہوگی جن کی نا کوئی حیثیت ہوگی نہ سلسلہ نسل اور یہ بچوں پر بہت بڑا ظلم ہے۔

ان پر اس لئے ظلم ہے کہ ایسا بچہ والدین کی شفقت سے محروم ہوتا ہے۔ اور بھلا ایسے بچے کو محبت و شفقت اور پیار کہاں میسر آ سکتا ہے جو ہسپتالوں اور نرسوں میں پلے بڑے اور تربیت پائے۔

اور ان پر یہ بھی ظلم ہے کہ بچے کو جب یہ معلوم ہوگا کہ وہ حرام کاری اور زناء کی پیداوار اور ننگ و عار کا ذریعہ ہے تو وہ نفسیاتی طور پر الجھن میں گرفتار ہو جائے گا اور ہو سکتا ہے کہ اخلاقی طور پر اس میں بھی کج روی و انحراف پیدا ہو جائے اور عام طور سے ایسا بچہ معاشرہ و افراد کے لئے جرم کا آلہ و ذریعہ بن جاتا ہے۔ بلکہ امن و سکون کے لیے بھی خطرہ ثابت ہوتا ہے۔

ان آفات میں سے یہ بھی ہے کہ مرد و عورت دونوں برابر طور پر بدبختی و محرومی کا شکار رہتے ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ مرد و زن دونوں خوشی کی زندگی و مسرت حاصل نہیں کر پاتے اور نہ اس شادی کے بغیر پرسکون زندگی حاصل ہو سکتی ہے جو محبت و پیار کے سائے میں پروان چڑھتی ہے۔ چنانچہ جن معاشروں میں شادی کا رواج نہیں ہے اور جہاں کے باشندے آزادی کے متوالے اور حرام کاری کے دلدادہ ہیں وہاں یہ چیز بلکل معدوم ہے۔

ان مضر اثرات میں سے صلہ رحمی و رشتہ داری کا خاتمہ بھی ہے اس لئے کہ جب غیر شادی شدہ آدمی اپنی شہوت پرستی اور لذت کوشی کے لیے حرام و ناجائز طریقے کو اختیار کرے گا تو آپ خود مشاہدہ کریں گے تو ایسا شخص اپنے نیک صالح رشتہ داروں کی نظر میں حقیر و ذلیل ہو جائے گا اور لوگ اس سے کنارہ کشی کریں گے جس کا لازمی اثر یہ ہوگا کہ اس کے دل میں نافرمانی و سازش و گروہ بندی ہو جائے گی اور ان کے اور اس کے درمیان عداوت و بغض کی آگ بھڑک اٹھے گی۔

Marfat.com

دینِ اسلام کی نظر میں اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے کے بعد قطع رحمی اور عقوق و نافرمانی سے بڑھ کر کوئی گناہ نہیں ہے۔
اس کے علاوہ اور بھی بہت سے مضر اثرات و نقصان ہیں جو کسی صاحبِ بصیرت و عقل مند پر مخفی نہیں ہیں۔

د - اقتصادی نقصانات:

کوئی دو آدمی بھی اس سے اختلاف نہیں کریں گے کہ جو لوگ حرام کاری کے ذریعہ لذت حاصل کرنے اور شہوت پرستی کے چکر میں پڑ جاتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو جائز طریقے سے نکاح و شادی نہیں کرتے، اور گناہ و حرامکاری کے چکر میں پھنس جاتے ہیں، اور اس قسم کے لوگ امت کی اقتصادی حالت کو نقصان پہنچانے کا ذریعہ بنتے ہیں اور یہ اس لیے کہ:

قوی کمزور ہو جاتے ہیں۔
پیداوار کم ہو جاتی ہے۔
اور ناجائز طریقے سے آمدنی کمانے کا رجحان بڑھ جاتا ہے۔

- رہا قوی کمزور ہونے کا مسئلہ

تو یہ اس لئے کہ ایسا غیر شادی شدہ نوجوان جو لذت کشی و حرام کاری کے درپے ہو جاتا ہے وہ عقلی طور پر مریض اور جسمانی اور اخلاقی و نفسیاتی طور پر بیمار ہو جاتا ہے۔

اور یہ کھلی ہوئی بات ہے کہ جب کوئی شخص بیمار ہو جائے تو اس کے قوی ضعیف ہو جاتے ہیں اور جسم کمزور ہو جاتا ہے اور ہمت ختم ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے وہ پورے طریقے سے نہ اپنے فرائض کو ادا کر پاتا ہے اور نہ صحیح طریقے سے کسی فریضہ کو سمجھ سکتا ہے جس کا لازمی اثر یہ ہوتا ہے کہ اقتصادی حالت خراب اور ترقی رک جاتی ہے۔

- پیداوار کی قلت

اس لئے کہ مال و دولت شہوت پرستی پوری کرنے اور عورتوں سے لذت کوشی میں پوری کر دی جاتی ہے۔ اور وہ پیداوار اور تجارت و کاروبار کے کام نہیں آتی اور اس لئے بھی کہ آزاد و آوارہ آدمی نہ تو کوئی کام تندہی سے کرتا ہے اور نہ کر سکتا ہے۔ اور نہ اپنی ذمہ داری پوری کرتا ہے اس لئے کہ اس پر دین اور مذہب کی طرف سے کوئی روک ٹوک نہیں ہوتی اور اس کے قلب و ضمیر میں اخلاقی طور سے تنبیہ کرنے والا کوئی نہیں ہوتا جس سے اخلاق خراب اور اقتصاد برباد ہو جاتا ہے

- کمائی کے ناجائز طریقے اختیار کرنا

یہ اس لیے کہ آزاد منش ایسا چھچھورا آدمی جس میں خدا کا خوف و تقویٰ ذرا بھی نہ ہو تو وہ ہر طریقے سے مال حاصل کر کے اپنی مادی خواہش پوری کرنے کی کوشش کرے گا۔ چاہے وہ ربا اور جوئے کے راستے ہو یا کھیل کود و عیاش کے راستے سے

Marfat.com

یا رشوت وڈاکہ کے ذریعہ سے، یا آبرو اور عزت فروشی کے ذریعہ سے، اور خواہ وہ ننگی تصاویر کی تجارت کے ذریعہ سے ہو یا فحش وگندے رسالوں کی فروخت کے ذریعے سے، خواہ فحش وگندی فلموں کی تجارت سے ہو، یا منشیات ومخدرات کے بیچنے کے ذریعہ سے، یا فحش غیر اخلاقی کتابوں اور عشقیہ ناولوں وڈراموں کے ذریعے سے۔

مال جمع کرنے کے اس کے علاوہ اور دوسرے بہت سے ناجائز طریقے ہیں جن کا اثر معاشرے کے لیے سوائے نقصان و ضرر اور فقر وفاقہ وبے کاری اور مکارم اخلاق اور عزت وشرافت کو ختم کرنے کے اور کچھ نہیں ہوتا۔ اس لیے کہ اس کی وجہ سے پیداوار کی طاقت ختم اور کمائی کے جائز طریقے معطل ہوجاتے ہیں، اور پورا معاشرہ خیانت اور چوری کا شکار ہوجاتا ہے۔ اور انسانیت اور خود غرضی کے دام میں گرفتار ہوجاتا ہے اور لذت وخواہش کا غلام بن جاتا ہے۔

اور یہ تمام چیزیں امت وقوم کی ترقی میں رکاوٹ اور اقتصادی حیثیت کو کمزور اور پیداوار کی قوت کو ختم کرنے میں۔

۷- دینی اور اخروی نقصانات:

اور سب سے آخری بات یہ ہے کہ ایسا نوجوان جو اللہ کی ممنوع کردہ چیزوں سے نہ رکے اور شہوت وفتنہ کی جگہوں پر اپنے آپ کو نہ روکے تو وہ ایسی چار قبیح باتوں کا شکار ہوجاتا ہے جن کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا ہے: طبرانی اپنی کتاب "معجم اوسط" میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((إياكم والزنا، فإن فيه أربع خصال: يذهب بهاء الوجه، ويقطع الرزق، ويسخط الرحمٰن، ويبيب الخلود في النار)).

تم زنا سے بچو اس لیے کہ اس میں چار باتیں پائی جاتی ہیں: چہرے کی رونق ختم ہوجاتی ہے، رزق ختم ہوجاتا ہے، اللہ ناراض ہوجاتا ہے، اور آگ جہنم میں ہمیشہ رہنے کا ذریعہ بنتا ہے۔

اور اس کا اخروی نقصان یہ بھی ہے کہ زانی جب زنا کرتا ہے تو ایمان کے دائرہ سے نکل جاتا ہے، چنانچہ امام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

لا يزني الزاني حين يزني وهو مؤمن...)).

نہیں زنا کرتا زنا کرنے والا ایسی حالت میں کہ وہ مؤمن ہو۔

اور اس کا آخرت کے اعتبار سے یہ بھی نقصان ہے کہ زنا کرنے والا اگر اس گناہ پر مصر رہے اور توبہ نہ کرے اور ت پر مرجائے تو اللہ تبارک وتعالیٰ قیامت کے روز اس کو دوگنا عذاب دے گا سورۂ فرقان میں ارشادِ ہے:

((وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ۙ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا)).

الفرقان ۶۸ و ۶۹

اور جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو نہیں پکارتے اور جس (انسان کی) جان کو اللہ نے محفوظ قرار دے دیا ہے اسے قتل نہیں کرتے مگر ہاں حق پر اور نہ زنا کرتے ہیں، اور جو کوئی ایسا کرے گا اس کو سزا سے سابقہ پڑے گا قیامت کے دن اس کا عذاب بڑھتا جائے گا وہ اس میں (ہمیشہ) ذلیل ہو کر پڑا رہے گا۔

محترم مربی حضرات یہ وہ اہم اور بڑے خطرات و نقصانات ہیں جو اس بے حیائی کے کام زنا کے ارتکاب کی وجہ سے رونما ہوتے ہیں، اور جیسا کہ آپ نے دیکھ لیا یہ نہایت خطرناک نقصانات ہیں جو صحت کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں اور اخلاق کو بھی، نفس کے لیے بھی ضرر رساں ہیں اور عقل کے لیے بھی، دین کو بھی مضرت پہنچاتے ہیں اور خاندان کو بھی، اور معاشرہ کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔ اور اقتصادیات کو بھی۔

لہٰذا اگر بچے کو بچپن ہی سے ان نقصانات سے ڈرایا جائے اور ان حضرات کو سمجھا دیا جائے تو اس کا اثر یہ ہوگا کہ وہ پاکبازی اور پاکدامنی میں نشوونما پائے گا اور فواحش و محرمات سے رکے گا اور طور طریقے میں اسلام کے بتلائے ہوئے طریقے پر چلے گا اور وہ اپنی فطری خواہش جائز ملاپ اور اسلامی طریقے کے مطابق نکاح و شادی سے پورا کرے گا تاکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمانِ مبارک پر عمل پیرا ہو سکے۔

((یا معشر الشباب من استطاع منکم الباءۃ فلیتزوج)). کتب صحاح ستہ

اے نوجوانوں کی جماعت تم میں سے جو شخص شادی کے اخراجات برداشت کر سکتا ہو اسے چاہیے کہ وہ شادی کر لے۔

بچوں کی تربیت و رہنمائی کے جو حضرات ذمہ دار ہیں انہیں چاہیئے کہ دیگر امور سے بچنے کی تعلیم کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل امور سے بچنے کی بھی بچے کو ترغیب دیں:

ارتداد سے بچنا۔
الحاد و بے دینی سے بچنا۔
ناجائز و حرام کھیل کود سے بچنا۔
اندھی تقلید سے بچنا۔
برے اور گندے ساتھیوں سے بچنا۔
بداخلاقی سے اجتناب کرنا۔
عمومی طور سے حرام چیزوں سے بچنا۔

Marfat.com

اس کتاب کی قسم ثالث کے عنوان "احتیاطی تدابیر اور بچنے کا قاعدہ" کے تحت ان چیزوں سے بچنے اور اس کے اسباب کی تفصیل آپ کو مفصل ملے گی لہٰذا اگر تشنگی دور کرنا ہے تو اس بحث کو پڑھ لیجیے۔

بلاشبہ اگر بچے کو مرتد ہونے اور الحاد و بددینی سے دور رہنے کی ترغیب دی جائے گی تو وہ کفر و گمراہی و آزادی کے دام میں گرفتار ہونے سے بچ جائے گا۔

اور ناجائز کھیل و کود سے بچنے کی تعلیم کے سبب بچہ شہوت پرستی و لذت کوشی کی دلدل میں پھنسنے سے بچ جائے گا۔

اور اندھی تقلید سے بچنے کی عادت ڈالنے کی وجہ سے اپنی شخصیت و وقار کو ختم ہونے سے بچا لے گا۔

اور برے ساتھیوں سے اجتناب کی نصیحت کے سبب بچہ نفسیاتی انحراف اور اخلاقی گراوٹ سے بچ جائے گا۔

اور بداخلاقی کے امور سے بچانے کی بدولت بچہ برائی اور بداخلاقی اور گناہوں کی دلدل میں پھنس جانے سے بچ جائے گا۔

اور حرام سے بچنے کی نصیحت کرنا بچے کو مفاسد اور امراض اور نفسیاتی بیماریوں کا نشانہ بننے سے بچائے گا اور یہ سب کچھ درحقیقت بچے کی اصلاح اور عقیدے کی پختگی اور اخلاق کی درستگی اور جسم کی قوت اور عقل کی پختگی اور عمدہ شخصیت سازی کا ذریعہ ہے۔ کام کرنے والوں کو اسی طرز پر محنت کرنا چاہیے۔

(۳) ربط و تعلق:

یہ یقینی بات ہے کہ بچہ کا عقل و سمجھ کی عمر کو پہنچنے اور شعور کے پختہ ہونے کی عمر ہی سے اگر اعتقادی رابطہ مضبوط ہو اور روحانی فکری تاریخی معاشرتی اور ریاضی روابط اس کے مرتبط ہوں، اور اس صورتِ حال پر وہ جوانی کی عمر کو پہنچ جائے تو بلاشک و شبہ بچہ ایمان و تقویٰ پر پلے بڑھے گا، بلکہ عقیدہ ربانی کی ایک ایسی قوت اس کے پاس ہوگی جس کے سبب وہ جاہلیت کے امور پر غلبہ پائے گا، اور خواہشات پر فتحیاب ہوگا۔ اور حق و ہدایت اور صراطِ مستقیم پر گامزن رہے گا۔

اور کیا عقیدہ و افکار اور روح کے ربط سے زیادہ کوئی عظیم ربط ہو سکتا ہے؟

اور کیا مرشدِ ربانی اور شریف ساتھی کی صحبت و رفاقت سے بڑھ کر کوئی صحبت ہو سکتی ہے؟

اور کیا حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور سلفِ صالحین کے طریقے و کردار سے بڑھ کر کسی کا کردار ہو سکتا ہے؟

اس لیے مربی پر لازم ہے کہ وہ بچے کا رابطہ عقیدہ سے مضبوط کرے اور اس کو عبادت سے وابستہ رکھے، اور کسی مرشد و بزرگ سے متعلق رکھے، اور اچھی صحبت میں لگائے، اور دعوت و تبلیغ اور ـــــ دعوت دینے والے حضرات کے ساتھ اس کا جوڑ رکھے، اور مسجد، ذکرِ خداوندی، مراقبہ اور تلاوتِ قرآنِ کریم سے اس کا رابطہ رکھے۔ اور انبیاء کرام علیہم السلام کی سیرت

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور سلفِ صالحین اور بزرگوں اور بڑوں کی تاریخ و سیرت سے اس کو مرتبط رکھے۔

محترم مربی حضرات اگر آپ اس بات کے خواہشمند ہوں کہ آپ اس تعلق وارتباط کو اس صحیح و مکمل طریقے سے قائم رکھیں جو اس کا حق ہے تو آپ اس کتاب کی قسمِ ثالث کی بحث "ارتباط و ربط کا قاعدہ" پڑھیے تمام تفصیل وہاں مل جائے گی، جسے پڑھ کر آپ ان شاء اللہ بچے کی بہترین ایمانی تربیت اور شاندار اخلاقی تیاری کا منصوبہ اور طریقہ پالیں گے۔

میں آپ کو اس طرف بھی متوجہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ بچے کی اصلاح اور اس کے کردار و اخلاق کی درستگی میں ایمانی تربیت[1] کا بڑا دخل واثر ہوا کرتا ہے، اس لیے کہ جب بچے کی تربیت ہی اللہ تعالیٰ جل شانہ پر ایمانِ کامل ہونے پر ہوگی اور یہ کہ اللہ تعالیٰ ظاہر و باطن سب کو دیکھ رہا ہے۔ اور اٹھنے بیٹھنے چلنے پھرنے میں ہر وقت اس سے ڈرتے رہنا چاہیے، تو ظاہر ہے اس کا اثر یہ ہوگا کہ وہ ایک کامل و مکمل انسان اور نیک صالح نوجوان بن جائے گا جسے کوئی بھی مادی چیز بہکا نہیں سکے گی، اور کوئی بھی خواہش اسے اپنا غلام نہیں بنائے گی، اور شیطان اس پر غالب نہ ہو سکے گا اور اس کے دل میں نفسِ امارہ وسوسہ نہ پیدا کر سکے گا، اور ایسی صورتِ حال میں اگر اسے کوئی پری پیکر حسن و جمال اور عزت و عہدہ کی مالک عورت بھی اپنی طرف راغب کرنا چاہے گی تب بھی وہ یہ کہہ دے گا کہ میں تو اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں، اور اگر شیطان اس کے دل میں وسوسہ پیدا کرے گا تو وہ کہہ دے گا تو مجھ پر حکومت نہیں کر سکتا، اور اگر برے ساتھی اس کے لیے گناہ و فاحشہ کو مزین کر کے پیش کریں گے تو وہ کہے گا کہ میں تو جاہل لوگوں کو پسند نہیں کرتا۔

اصلاح و تربیت کا یہ اسلامی راستہ اور طریقہ ہے، اسلام فرد کی اصلاح نفسِ انسانی کی اندرونی اصلاح سے کرتا ہے نہ کہ صرف باہر کی اصلاح سے، اسلام اصلاح و تربیت کی ابتدا ضمیر کی پاکیزگی اور وجدان کی آراستگی اور شعور کی لطافت سے کرتا ہے، اور ظاہر و باطن میں اللہ کے دیکھنے کے احساس کو پیدا کرتا ہے۔ اور انسان میں دل کی گہرائیوں سے یہ احساس پیدا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر انسان کے ساتھ ہے اور اس کو دیکھ رہا ہے اور اس کے ظاہر و باطن پر مطلع ہے، اور دلوں اور آنکھوں کی خیانت پر بھی مطلع ہے۔ تربیت کرنے والوں کو اس طریقے کو اپنانا اور اس کے مطابق عمل کرنا چاہیے۔

اس تمام تفصیل کے بعد خلاصہ کے طور پر یہ کہنا چاہتا ہوں کہ:

تمام تربیت کرنے والے خواہ وہ باپ ہوں یا ماں یا مصلح ہوں یا معلم، اگر یہ تربیت کرنے والے بچے کی اصلاح اور تربیت و تیاری میں ذہنی پختگی روک ٹوک اور رابطہ و تعلق پیدا کرنے میں اسلام کے مثبت وسائل کو اختیار کریں گے تو بچہ ہر اس چیز سے دور رہے گا جو اس کے جنسی جذبات کو ابھارے، اور اس کے اخلاق کو خراب کرے۔ اور کج روی اور فساد کے اسباب اور انحراف و اخلاق باختگی سے قطعاً دور رہے گا، بلکہ وہ معاشرے میں ہدایت کا چاند اور اصلاح کا سورج بن کر روئے زمین پر فرشتے کی شکل میں چلے پھرے گا، اس لیے کہ اس کی نفس صاف شفاف، دل پاکیزہ، اخلاق شاندار اور معاملہ بہترین، اور معاشرت

---

[1] ملاحظہ ہو "ایمانی تربیت کی ذمہ داری" کی فصل جہاں آپ کی تشفی و سیرابی کا پورا سامان موجود ہے۔

Marfat.com

اچھی اور تقویٰ وطہارت اعلیٰ معیار کو پہنچی ہوئی ہوگی۔

اے اللہ تمام مربیوں کو اس بات کی توفیق عطا فرما کہ وہ بچے کی تربیت میں اسلامی طریقے اپنائیں۔ تاکہ اس روز آپ کے سامنے اپنی مسئولیت سے بری ہو سکیں جس روز نہ مال و دولت فائدہ پہنچائے گی نہ اولاد، اور تاکہ وہ مسلمان معاشرے کو اسلام کو پوری طرح سے نافذ کرتے ہوئے اور قرآنِ کریم کے اصول و قواعد پر مکمل عمل پیرا اور اللہ کے راستے میں پیہم جہاد کرتے ہوئے دیکھ لیں اور عزت و بزرگی کی بلندیوں پر دیکھ کر مؤمن اللہ کی مدد و نصرت پر خوش و شاد ہوں۔

(۴) بچے کو بالغ ہونے سے پہلے اور بالغ ہونے کے بعد کے احکام سکھانا:

ماں باپ، اساتذہ و مرشدین وغیرہ مربیوں پر اسلام نے جو بڑی ذمہ داریاں عائد کی ہیں ان میں سے یہ بھی ایک ذمہ داری ہے کہ بچہ جب سمجھدار ہو جائے تو اسے وہ شرعی احکام سکھانا چاہیے جن کا تعلق اس کے فطری جذبات اور جنسی پختگی سے ہے۔ اس تعلیم دینے میں لڑکا اور لڑکی دونوں برابر ہیں، اس لیے کہ شرعاً دونوں مکلف ہیں، اور اللہ جل شانہ اور مربیوں اور پورے معاشرے کے سامنے مرد و زن سب ہی سے اپنے عمل کا سوال کیا جائے گا، اسی لیے مربی پر لازم ہے کہ جب بچہ بلوغ کے قریب کی عمر کو پہنچ جائے جو بارہ سال سے پندرہ سال کی عمر ہوا کرتی ہے تو اس عمر میں اس بچے کو یہ بتلا دینا چاہیے کہ جب اسے انزال ہو جائے[1] اور ایسا پانی اس کے عضوِ تناسل سے نکلے جس میں تیزی اور لذت ہو تو ایسی صورت میں وہ بالغ ہو گیا اور شرعی طور سے مکلف بن جاتا ہے اور اس پر تمام وہ احکامات اور فرائض لازم ہو جاتے ہیں جو بڑے مردوں پر لازم ہوتے ہیں۔

مربی پر یہ بھی لازم ہے کہ جب لڑکی کی عمر نو سال یا اس سے زیادہ عمر کی ہو جائے تو اس کو یہ بتلا دے کہ اگر اسے سوتے میں احتلام ہو جائے (یعنی سوتے میں مرد سے ہم بستری کراتے ہوئے دیکھ لے) اور جاگنے کے بعد اسے اپنے کپڑوں پر زرد رنگ کا پتلا سا پانی نظر آجائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ بالغ ہو گئی ہے۔ اور شرعی احکام کی مکلف ہو گئی ہے۔ اور اس پر وہ تمام فرائض و واجبات لازم ہو گئے ہیں جو بڑی عورتوں پر فرض ہیں۔

مربی پر یہ بھی واجب ہے کہ اگر لڑکی نو سال یا اس سے زیادہ عمر کی ہو جائے تو اسے یہ بتلا دے کہ اگر اسے آگے سے حیض (ماہواری) کا خون آنے لگے تو وہ بالغ اور مکلف ہو گئی ہے اور اس پر وہ تمام فرائض و واجبات لازم ہو گئے ہیں جو بڑی عورتوں پر لازم ہیں۔

اسلام ان اہم امور و معاملات میں والدین پر یہ ذمہ داری عائد کرتا ہے کہ وہ بچوں کو یہ احکام بتلا دیں۔ تاکہ انہیں بھی وقت

---

[1] مرد کے عضو سے جو پانی منی کی شکل میں نکلتا ہے وہ سفید ہوتا ہے اور کھجور کے گابھے کی طرح کی سی بو ہوتی ہے، یا ایسی جیسی گندھے ہوئے آٹے میں ہوتی ہے۔ لیکن جب یہ مادہ (پانی منی) خشک ہو جائے تو اس کی بو ایسی ہوتی ہے جیسے کہ انڈے کی سفیدی کی بو۔

Marfat.com

سے اس کا علم ہو اور تمام وہ چیزیں جو ان کی جنسی زندگی و فطری خواہشات سے متعلق ہیں ان کو وہ خوب سمجھتے ہوں اور انہیں وہ ذمہ داریاں اور فرائض بھی معلوم ہوں جو ان پر شرعی طور سے اس عمر کو پہنچنے پر لازم ہو جاتے ہیں۔

ہم نے کتنی ہی لڑکیوں کے بارے میں یہ سنا کہ وہ ایک زمانے تک ناپاک رہیں اس لیے کہ انہیں جنابت و حیض وغیرہ کے احکام کا قطعاً کوئی علم ہی نہ تھا۔

اور ہم کتنے ہی لڑکوں کے بارے میں جانتے ہیں کہ وہ جوان ہو چکے لیکن وہ جنابت اور ناپاکی کی حالت ہی میں رہے اس لیے کہ انہیں یہ معلوم ہی نہیں تھا کہ احتلام یا جنابت کی وجہ سے کیا احکام لاگو ہوتے ہیں۔

ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ کوئی لڑکی یا لڑکا حالتِ جنابت میں نماز پڑھ لے یا لڑکی ماہواری کے ایام میں نماز پڑھتی رہے اور یہ سمجھیں کہ وہ اللہ کی اطاعت و فرمانبرداری کا حق ادا کر رہے ہیں اور عبادت کر رہے ہیں۔

اس لیے آپ ہی بتلائیے کہ یہ کس کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچے کو بالغ ہونے کی عمر تک پہنچنے سے قبل اور بلوغ کے قریب جنسی امور کے بارے میں بتلائے اور ان کی خواہشات کے سلسلہ میں ان کو سمجھائے؟

بلاشبہ اس کی ذمہ داری سب سے پہلے والدین پر عائد ہوتی ہے پھر دوسرے نمبر پر ان لوگوں پر جو اس کی تعلیم و تربیت کے ذمہ دار معلمین و اساتذہ ہیں۔

ورنہ گر ایسا نہ کیا گیا تو بچہ ان احکامات سے جو اس کے رب کے حق سے متعلق ہیں اور جو اس کی ذات اور اس کے دین سے متعلق ہیں ان سب کے بارے میں بالکل نابلد اور جاہل ہوگا اور وہ یہ سمجھتا رہے گا کہ وہ بالکل ٹھیک کر رہا ہے۔

لہٰذا تربیت کرنے والے حضرات کے سامنے میں وہ اہم شرعی احکام پیش کر رہا ہوں جو بچے کی بلوغ سے تعلق رکھتے ہیں، اور جو اسے احتلام کی عمر کو پہنچنے کے قریب سکھانا چاہیئے، تاکہ آپ حضرات بچوں کو یہ احکام اس وقت بتلا دیں جب وہ مرد نہ بنے ہوں، اور لڑکیوں کو یہ احکام اس وقت ہی سے سکھا دیں جس وقت کہ وہ پوری عورت نہ بنی ہوں۔

لیجیے وہ احکام ملاحظہ فرمائیے:

۱۔ بچہ چاہے لڑکا ہو یا لڑکی اگر اس کو احتلام یاد ہو لیکن جاگنے کے بعد اس کو اپنے کپڑے پر تری (منی) نظر نہ آئے تو اس پر غسل واجب نہیں ہوگا، اس لیے کہ امام احمد و نسائی حضرت خولہ بنت حکیم رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس عورت کے بارے میں استفسار کیا جو خواب میں وہ کیفیت دیکھے جو مرد دیکھتا ہے، تو آپ نے ارشاد فرمایا:

((لیس علیہا غسل حتی تنزل،	اس پر غسل اس وقت تک واجب نہ ہوگا جب تک کہ
کما أن الرجل لیس علیہ	اسے انزال نہ ہو جائے جیسا کہ مرد پر غسل اس وقت تک

Marfat.com

غسل حتی ینزل)). واجب نہیں ہوتا جب تک کہ اسے انزال نہ ہوجائے۔

اور نسائی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس عورت کے بارے میں پوچھا جسے سوتے میں احتلام ہوجائے تو آپ نے ارشاد فرمایا:

((إذا رأت الماء فلتغتسل)). جب پانی دیکھ لے (انزال ہوجائے) تو اسے چاہیئے کہ غسل کرے۔

۲۔ مولود چاہے لڑکا ہو یا لڑکی اگر جاگنے کے بعد اس کو اپنے کپڑوں پر تری نظر آجائے یعنی منی لگی ہوئی معلوم ہو اور اس کو احتلام یاد نہ ہو تو اس پر غسل واجب ہوگا اس لیے کہ نسائی کے علاوہ تمام اصحاب صحاح ستہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جسے کپڑوں پر تری لگی ہوئی معلوم ہو لیکن خواب یاد نہ ہو، تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ وہ غسل کرے گا، اور اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو یہ خواب دیکھے کہ اسے احتلام ہوگیا ہے لیکن کپڑوں پر تری معلوم نہ ہو تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ اس پر غسل واجب نہیں ہے، تو حضرت ام سلیم نے ارشاد فرمایا کہ اگر عورت خواب میں یہ دیکھ لے تو اس پر غسل واجب ہوگا؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ جی ہاں! اس لیے کہ عورتیں بھی مردوں کی طرح ہی ہیں۔

۳۔ مرد و زن میں سے کسی کو اگر انزالِ منی (پانی کا نکلنا) شہوت اور کودنے کے ساتھ ہوجائے خواہ کسی بھی طریق سے ہو اس سے غسل واجب ہوجاتا ہے، اس لیے کہ امام احمد اور ابن ماجہ اور ترمذی حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں ایک ایسا شخص تھا جس کی مذی کثرت سے نکلا کرتی تھی تو میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے بارے میں دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مذی[1] کے نکلنے سے وضوء واجب ہوتا ہے اور منی کی وجہ سے غسل۔

اور مسند احمد کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جب پانی کود کر نکلے تو جنابت کا غسل کیا کرو اور اگر کود کر نہ نکلے تو پھر غسل واجب نہیں ہے۔

یعنی اگر عضوِ تناسل سے منی شہوت ولذت کے ساتھ اچھل کر نکلے تو غسل واجب ہے گویا اس حدیث میں اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے کہ اگر منی کا نکلنا بغیر شہوت کے کسی مرض و بیماری یا برودت یا پیٹھ پر ضرب یا کسی بھاری چیز اٹھانے کی وجہ سے ہو تو اس سے غسل واجب نہیں ہوتا ہے۔

۴۔ عضوِ تناسل کا سر یعنی سپاری جس کے اوپر کی کھال ختنہ کے وقت کاٹ دی جاتی ہے اس سپاری کا اگلے یا پچھلے حصے میں داخل ہوجانا اس کام کے کرنے اور کروانے والے دونوں پر غسل واجب کر دیتا ہے۔ خواہ اس صورت میں انزال ہو یا نہ ہو اس لیے کہ امام مسلم حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

---

[1] مذی اس پانی کو کہا جاتا ہے جو اس وقت نکلا کرتا ہے جب انسان اپنی بیوی کے ساتھ بوس وکنار کرتا ہے یا عورتوں کے ہیجان خیز مناظر کو دیکھ کر نکلتا ہے۔

Marfat.com

ارشاد فرمایا ہے کہ مرد جب عورت کے چاروں اعضاء یعنی ہاتھوں و پاؤں کے درمیان بیٹھ جائے اور اس کی شرمگاہ عورت کی شرمگاہ سے مل جائے تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔

اور عبداللہ بن وہب کی مسند میں ہے کہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جب دونوں ختنے کے مقام مل جائیں اور حشفہ (سپاری) چھپ جائے تو غسل واجب ہو گیا خواہ انزال ہو یا نہ ہو۔

۵۔ حیض[1] و نفاس[2] کی مدت کا ختم ہو جانا بھی عورت پر غسل کو واجب کر دیتا ہے، اس لیے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

((وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ)) البقرۃ۔۲۲۲ اور ان کے نزدیک نہ ہو جب تک پاک نہ ہو جائیں۔[3]

یعنی جب تک غسل نہ کر لیں۔ اور امام بخاری حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ فاطمہ بنت ابی حبیش کو استحاضہ آیا کرتا تھا، انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ رگ (کا خون) ہے حیض نہیں ہے لہٰذا جب تمہیں حیض آنے لگے تو نماز چھوڑ دینا اور جب اس کے ایام گزر جائیں تو غسل کر کے نماز پڑھ لینا۔

نفاس کے بعد غسل کرنا بھی ضروری ہے جو اجماع کے ذریعہ ثابت ہے اور حیض پر قیاس کرتے ہوئے بھی۔

۶۔ یہ ایک بدیہی سی بات ہے کہ بچہ جب غسل واجب کرنے والی چیزوں کو جان لے گا تو اسے اس کے فرائض واجبات وسنن اور طریقہ بھی جاننا چاہیئے، تاکہ اگر اس کو جنابت پیش آجائے تو اسے یہ معلوم ہو کہ وہ پاک ہونے کے لیے غسل کس طرح کرے، لیجیے اب آپ کے سامنے غسل کے فرائض سنتیں اور طریقہ ذکر کیا جاتا ہے تاکہ آپ بچوں کو سکھا سکیں:

غسل کے فرائض میں منہ اور ناک اور تمام بدن کا دھونا داخل ہے۔ اس لیے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

((وَإِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا)) المائدہ۔۶ اور اگر تم کو جنابت ہو تو خوب اچھی طرح پاک ہو۔

جن چیزوں کے دھونے میں مشقت و تکلیف ہے۔ ان کا دھونا ضروری نہیں ہے جیسے کہ آنکھ کا اندرونی حصہ، اور جن چیزوں کے دھونے میں کوئی مشقت نہیں ان کا دھونا ضروری ہے۔ منہ اور ناک کا اندرونی حصہ ایسا ہے کہ اس کے دھونے میں کوئی پریشانی و تکلیف نہیں ہے اس لیے ان کا دھونا ضروری ہے۔

---

[1] حیض اس خون کو کہتے ہیں جو بالغ عورت کے رحم سے بلا کسی بیماری کے اور سن ایاس (پچاس سال کی عمر) کو پہنچنے سے قبل آتا ہے۔ اور حیض کی کم از کم مدت تین دن و تین رات ہے، اور زیادہ سے زیادہ مدت دس دن ہے، اور عورت جن ایام میں پاک رہتی ہے ان کی کم از کم مدت پندرہ دن ہے اور زیادہ کی کوئی مدت مقرر نہیں ہے۔

[2] نفاس وہ خون ہے جو بچہ پیدا ہونے کے بعد عورت کے رحم سے آتا ہے، اس کی کم از کم مدت کی کوئی حد مقرر نہیں ہے، اور یہ زیادہ سے زیادہ چالیس دن تک آتا ہے۔

[3] استحاضہ اس خون کو کہتے ہیں جو عورت کو ایام حیض میں تین دن سے کم یا دس دن سے زیادہ آیا کرتا ہے یا نفاس کے چالیس دن گزرنے کے بعد آیا کرتا ہے، یہ تمام احکام امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی فقہ کے مطابق ہیں۔

Marfat.com

ابوداؤد وترمذی نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ ہر بال کے نیچے جنابت وناپاکی ہوتی ہے اس لیے بالوں کو بھگولیا کرو اور جلد کو صاف کرلیا کرو یعنی پانی کے ذریعہ سارے بدن کو دھویا کرو۔

ان شرعی احکامات کی وجہ سے بدن کے ان تمام حصوں کا دھونا ضروری ہے جن کے دھونے میں کوئی نقصان نہ ہو جیسے ناف کا سوراخ اور عورت کی شرمگاہ کا ظاہری حصہ اور تنگ انگوٹھی کے نیچے کا جسم اور کانوں کا ظاہری حصہ اور بغل کے اندر کا حصہ۔

غسل کی سنتیں اور طریقہ یہ ہے کہ پہلے دونوں ہاتھ اور شرمگاہ کو دھوئے اور جسم پر موجود نجاست کو دور کردے، پھر نماز کا سا وضو کرے، البتہ پاؤں کو آخر میں دھولے، پھر اپنے تمام بدن پر تین مرتبہ پانی بہائے پھر ایسی جگہ پر پاؤں دھولے جہاں پانی جمع نہ ہوتا ہو۔

اس کی دلیل وہ روایت ہے جسے صحاح ستہ والوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے میری خالہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے بیان فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے غسلِ جنابت کے واسطے پانی رکھ دیا، تو آپ نے دو یا تین مرتبہ اپنے ہاتھ دھوئے، پھر اپنے ہاتھ برتن میں ڈال دیے اور ان سے اپنی شرمگاہ پر پانی ڈالا اور بائیں ہاتھ سے اسے دھویا، پھر اپنا بایاں ہاتھ زمین پر زور سے رگڑا تاکہ نجاست دور ہوجائے، پھر ویسا ہی وضو کیا جیسا کہ نماز کے لیے کرتے تھے، پھر اپنے سر پر تین چلو پانی ڈالا ہر مرتبہ چلو بھر کر پانی لیا تھا، پھر اپنے سارے بدن کو دھو لیا، پھر اس جگہ سے ایک طرف کو ہٹے اور اپنے پاؤں دھولیے پھر میں آپ کے پاس رومال لے کر حاضر ہوئی تو آپ نے اسے واپس فرمادیا۔

اگر کسی مرد نے سر پر چوٹی باندھی ہوئی ہو تو بالوں کے درمیان پانی پہنچانے کے لیے مرد پر ان لٹوں کا کھولنا ضروری ہے، لیکن عورت کے لیے لٹوں کا کھولنا فرض نہیں ہے بلکہ اس کے لیے صرف اتنی بات کافی ہے کہ پانی بالوں کی جڑ تک پہنچ جائے، اس لیے کہ ابوداؤد روایت کرتے ہیں کہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں پوچھا تھا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ مرد اپنے بالوں کو کھول دے اور پھر سر دھوئے یہاں تک کہ پانی بالوں کی جڑوں تک پہنچ جائے، لیکن عورت پر بالوں کا کھولنا ضروری نہیں ہے لہٰذا وہ اپنے سر پر تین چلو بھر کر پانی ڈال لے۔ اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ پوچھا گیا: کیا میں جنابت اور حیض کی حالت میں (بالوں کو) کھول لیا کروں؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ نہیں تمہارے لیے یہ بات کافی ہے کہ تم اپنے سر پر تین چلو بھر کر پانی ڈال لو پھر اپنے (سب جسم) پر پانی ڈال کر طہارت حاصل کرلو۔

غسل کی سنتوں و مستحبات میں سے یہ بھی ہے کہ پہلے نیت کرے، پھر بسم اللہ پڑھے، پھر مسواک کرے اور داڑھی و انگلیوں کے درمیان خلال کرے، اور جسم کے اس حصے کو ملے جس کو مل سکتا ہو۔

اور اگر کسی پر غسل واجب ہو اور اسے پانی نہ ملے، یا اسے پانی استعمال کرنے کی وجہ سے بیماری کے بڑھنے کا ڈر ہو، یا

سردی ہو اور پانی گرم کرنے کے لیے کوئی چیز نہ ہو یا دشمن کا خوف ہو یا پیاس سے ہلاکت کا خدشہ ہو...

تو ایسی صورت میں تیمم کرنا جائز ہے، اور تیمم کا طریقہ یہ ہے کہ زمین کی جنس کی کسی بھی چیز مثلاً ریت، پتھر، یا مٹی پر دو مرتبہ ہاتھ مارے، ایک مرتبہ چہرے پر مسح کرنے کے لیے، اور ایک مرتبہ ہاتھوں سے کہنیوں تک مسح کے واسطے، اس لیے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ سورۂ مائدہ میں ارشاد فرماتے ہیں:

((فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ)) مائدہ-۶

پھر نہ پاؤ تم پانی تو قصد کرو پاک مٹی کا اور مل لو اس سے اپنے منہ اور ہاتھ۔

اور اس لیے کہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام ارشاد فرماتے ہیں کہ:

((التيمم ضربتان: ضربة للوجه، وضربة للذراعين إلى المرفقين)). دار قطنی وحاکم وصححہ۔

تیمم دو مرتبہ ہاتھ مارنے کا نام ہے ایک مرتبہ چہرے کے لیے، اور ایک مرتبہ ہاتھوں کے لیے کہنیوں تک۔

تیمم میں یہ نیت شرط ہے کہ انسان ایسی عبادتِ مقصودہ کے لیے تیمم کر رہا ہے جو بغیر طہارت ادا نہیں ہو سکتی، اور حدثِ اصغر اور حدثِ اکبر (یعنی غسل کے لیے) دونوں کو دور کرنے کے لیے تیمم ایک ہی طریقے سے کیا جاتا ہے یعنی چاہے وضوء کی حاجت ہو یا غسل کی دونوں کے لیے تیمم کا ایک ہی طریقہ ہے۔

۷۔ یہ بھی ظاہر سی بات ہے کہ بچے کو یہ بھی سیکھ لینا چاہیئے کہ اگر وہ جنابت کی حالت میں ہو تو اس پر کیا چیز حرام ہو جاتی ہے، تاکہ وہ حرام و ناجائز میں گرفتار نہ ہو جائے۔

جنبی مردوں اور عذر والی عورتوں پر اسلام نے جو چیزیں ممنوع قرار دی ہیں ان میں سے اہم اہم ــــ ذیل میں بیان کی جاتی ہیں:

* حائضہ اور نفاس والی عورت پر روزہ رکھنا اور نماز پڑھنا حرام ہے تمام مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے، باقی قضا رکھے گی یا نہیں؟ تو عورت پر روزے کی قضا ہے نماز کی قضا نہیں، اس لیے کہ اربابِ صحاح ستہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ہمیں یہ اعذار لاحق ہوا کرتے تھے تو ہمیں روزے کی قضا کا حکم دیا جاتا تھا لیکن نماز کی قضا کا حکم نہیں دیا جاتا تھا۔

* ایسے ایام وحالات میں عورت کے لیے مسجد میں جانا بھی حرام ہے اس لیے کہ ابوداؤد روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں مسجد کو حائضہ عورت و جنبی کے لیے حلال نہیں قرار دیتا۔

* جنبی و حائضہ پر کعبۃ اللہ کا طواف کرنا بھی حرام ہے اس لیے کہ کعبہ مسجد میں داخل ہے جہاں حائضہ و جنبی کو جانا ممنوع ہے جیسا کہ ابھی ذکر ہوا۔

* ایام حیض و نفاس میں شوہر بیوی کے ناف سے لے کر گھٹنے تک کے حصہ سے بغیر کپڑے کے فائدہ نہیں اٹھا سکتا اس

Marfat.com

لیے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ:

((فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ)). سو تم حیض کے وقت عورتوں سے الگ رہو۔

اور اس لیے بھی کہ ابوداؤد حضرت عبداللہ بن سعد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ اگر میری بیوی حیض میں ہو تو میں اس سے کیا فائدہ اٹھا سکتا ہوں؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا: کپڑے کے اوپر سے فائدہ اٹھا سکتے ہو۔ اور بخاری و مسلم کی روایت میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ازواج مطہرات میں سے کسی (حالت حیض میں) اس وقت تک مباشرت (جسم کا ملاپ) نہیں فرماتے تھے جب تک کہ انہیں کپڑا باندھنے کا حکم نہ دے دیں۔

* جنابت اور حیض و نفاس کی حالت میں بھی قرآنِ کریم کا پڑھنا ممنوع ہے اس لیے کہ ترمذی اور ابنِ ماجہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ: حائض عورت اور جنبی ــــ قرآنِ کریم کی کچھ بھی تلاوت نہیں کر سکتے۔

یہ حکم اس وقت ہے جب قرآنِ کریم تلاوت کی غرض سے پڑھا جائے، لیکن اگر اسے ذکر یا حمد و ثناء کی نیت سے پڑھا جائے مثلاً بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا الحمد للہ رب العالمین یا ہو اللہ احد کا پڑھنا یا کوئی حائضہ عورت یا جنبی معلم ہو اور یہ تعلیم کی غرض سے ایک ایک حرف کر کے تعلیم دیں تو اس میں کسی کے یہاں بھی کوئی مضائقہ نہیں ہے اس لیے کہ یہ معذور ہیں اور ضرورت بھی ہے۔

اگر حیض یا نفاس والی عورت استانی یا شاگرد ہو تو کیا ان کو قرآنِ کریم کا پڑھنا اور اس کو چھونا جائز ہے؟

امام احمد رحمہ اللہ کے مذہب میں ایک قول و ایک روایت یہ ہے کہ حائضہ و نفاس والی عورت کے لیے قرآنِ کریم کی تلاوت جائز ہے اسی کو شیخ ابن تیمیہ نے پسند کیا ہے جیسا کہ کتاب "الانصاف" میں ہے۔

امام مالک رحمہ اللہ کے یہاں حائضہ اور نفاس والی عورت کے لیے قرآنِ کریم کی تلاوت اور اس کا چھونا اس صورت میں جائز ہے جب وہ استانی یا طالبہ ہو جیسا کہ "شرحِ صغیر" للدردیر بحاشیہ الصاوی (۱-۶۵ و ۹۲ و ۹۳) میں ہے اس مذہب میں معلمات و طالبات کے لیے بہت آسانی ہے۔

امام مالک کے یہاں جنبی (اور حائض و نفساء کے لیے بدرجہ اولیٰ) سوتے وقت تھوڑے قرآنِ کریم کا پڑھنا یا کسی خوف کے وقت یا تبرک کے لیے یا کسی درد و نظر لگنے پر پڑھنا یا کسی شرعی حکم کی کسی دلیل کے لیے پیش کرنا درست ہے[1]۔

ایسے شخص کو جو بے وضو ہو اس طرح جنبی حائضہ و نفاس والی عورت کے لیے قرآنِ کریم کا بغیر جزدان اور غلاف کے چھونا ناجائز ہے، جزدان و غلاف سے وہ مراد ہے جو قرآنِ کریم سے بالکل الگ ہوتا ہے، اس لیے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

---

[1] شیخ عبدالفتاح ابوغدہ کی کتاب "فتح باب العنایہ بشرح کتاب النقایہ" (۱-۲۱۷ و ۲۱۸) میں پیش کردہ تحقیق ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

((لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ)). الواقعہ۔۷۹ اس کو وہی چھوتے ہیں جو پاک بنائے گئے ہیں۔

اور اس لیے کہ حاکم "مستدرک" میں حضرت حکیم بن حزام سے اس روایت کی تصحیح کرتے ہوئے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ جب مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن بھیجا تو مجھ سے فرمایا: کہ پاک ہوئے اور طہارت حاصل کیے بغیر قرآنِ کریم کو نہ چھونا۔ اور بخاری میں حضرت ابو وائل سے مروی ہے کہ وہ اپنی حائضہ جاریہ کو حضرت ابو رزین کے پاس قرآنِ کریم لانے کے لیے بھیجا کرتے تھے تو وہ اس کو اس ڈورے سے پکڑا کرتی تھیں جسے غلاف وجزدان کو لٹکانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور حضرت ابو وائل وحضرت ابو رزین رحمہما اللہ کبارِ تابعین میں سے ہیں۔

جنبی آدمی پر نماز پڑھنا حرام ہے، اس لیے کہ اس میں قرآنِ کریم کی تلاوت کرنا پڑے گی جیسا کہ ابھی اس کا تذکرہ گزر چکا ہے، اور اسی طرح نماز کے لیے مسجد میں جانا پڑے گا، اور جنبی پر طواف کرنا بھی حرام ہے جیسا کہ ابھی حدیث میں گزرا ہے کہ میں مسجد کو جنبی اور حائضہ عورت کے لیے حلال نہیں گردانتا۔

رہا جنبی کا روزہ رکھنا تو یہ بالکل درست ہے لیکن اگر جنابت کی وجہ سے نماز میں تاخیر ہو جائے تو ایسی صورت میں گناہ ہوگا۔

جو شخص احتلام دیکھ کر بیدار ہوا اور اسے اپنے کپڑوں پر منی لگی ملے تو اگر وہ تر ہو تو وہ بغیر دھوئے پاک نہیں ہوگی اور اگر وہ خشک ہو گئی ہو تو رگڑنے سے بھی کپڑا پاک ہو جاتا ہے، اس لیے کہ دار قطنی اپنی "سنن" میں اور بزار اپنی "مسند" میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ اگر منی خشک ہوتی تو میں اسے رگڑ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے چھڑا دیا کرتی تھی اور اگر وہ تر ہوتی تو میں اسے دھو لیا کرتی تھی، اور ایک روایت میں یہ آتا ہے کہ پھر آپ نماز کے لیے تشریف لے جایا کرتے تھے اور پانی سے دھونے کے نشانات آپ کے کپڑے پر نظر آتے تھے۔

اس لیے اے تربیت کرنے والو آپ کو چاہیئے کہ آپ یہ تمام احکامات بچوں کو اس وقت سکھانا شروع کر دیں جب وہ سمجھدار ہو جائیں، تاکہ جب وہ بڑے ہوں اور ان شرعی احکام کے مکلف بنیں اور عبادات ان پر فرض ہو جائیں تو انہیں یہ معلوم ہو کہ کیا کرنا جائز ہے اور کیا کرنا ناجائز ہے، اور خواہشات اور بلوغ سے تعلق رکھنے والی چیزوں کے شرعی احکام ان کو معلوم ہوں۔ اور فقہ فی الدین اور علمِ دین کی سمجھ کی برکت کے حامل اور علم وتعلیم کی فضیلت حاصل کرنے والے بنیں۔ بخاری ومسلم کی روایت ہے واقعی نبی برحق صلی اللہ علیہ وسلم نے بالکل سچ فرمایا ہے:

((من يرد الله به خيرا يفقهه في الدين)). جس سے اللہ تعالیٰ بھلائی چاہتے ہیں اسے دین کی سمجھ عطا فرما دیتے ہیں۔

Marfat.com

⑤ شادی اور جنسی تعلقات:

اللہ تعالیٰ نے جب انسان کو پیدا کیا تو اس میں بہت سی خواہشات و آرزوئیں اور ایسے جذبات بھی پیدا کیے جو انسان کی نسل کو باقی رکھنے اور بشر کے محفوظ رکھنے کے لیے ضروری تھے، اور ایسے احکام و قوانین نازل فرما دیے جو ان خواہشات و جذبات کی حاجت روائی کرتے ہیں، اور جو ان کے نمو و بقا و استمرار کے ضامن ہیں۔

اسلام نے شادی کا جو نظام مقرر کیا ہے یہ درحقیقت اس انسانی خواہش کی تکمیل ہے جو اس کو دوسری جنس کی طرف ہوا کرتی ہے، اس نظام کا مقصد یہ ہے کہ انسان اپنی جنسی فطرت اور طبعی جذبات کے ساتھ صحیح مناسبت، اہتمام اور مناسب طریقے سے چل سکے، اور اس کی راہ میں کوئی مشکل درپیش نہ آئے، اور زندگی کے مصائب اور شہوات کی برانگیختگی اور فطری جذبات سے متاثر نہ ہو۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ کے سامنے وہ حقائق بیان کر دوں جو جنسی جذبات سے متعلق ہیں اور شادی کی حکمت سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان حقائق کا دو چیزوں سے تعلق ہے:

الف۔ جنس کے بارے میں اسلام کی رائے۔

ب۔ اللہ تعالیٰ نے شادی کا نظام کیوں مقرر فرمایا؟

جنس سے متعلق اسلام کی رائے:

۱۔ جیسے ہم قسم اوّل میں پہلے بیان کر چکے ہیں کہ دینِ اسلام میں انسان کے فطری جذبات کا خیال رکھا گیا ہے[1] اور اس کی غرض یہ ہے کہ انسان کے جذبات و خواہشات کو پورا کیا جائے تاکہ معاشرے میں موجود کوئی فرد بھی اپنی فطری حدود کو نہ پھلانگے، اور ایسے راستے پر چلنے کی قطعاً کوشش نہ کرے جو اس کی جبلت و فطرت کے ساتھ متصادم ہو، بلکہ اس سیدھے اور صحیح راستے کے مطابق اپنے قدم اٹھائے جسے اسلام نے مقرر کر دیا ہے اور وہ شادی کا راستہ ہے، اور اللہ تعالیٰ قرآنِ کریم میں بالکل سچ فرماتے ہیں:

((وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً)).

روم - ۲۱

اور اسی کی نشانیوں میں ہے کہ اس نے تمہارے لیے تمہاری ہی جنس کی بیویاں بنائیں تاکہ تم ان سے سکون حاصل کرو، اور اس نے تمہارے (یعنی میاں بیوی کے) درمیان محبت و ہمدردی پیدا کر دی۔

---

[1] ملاحظہ فرمائیے وہ تحریر جو ہم نے "شادی کے پریشان کن مراحل" نامی اپنی کتاب کی فصل "اسلام میں رہبانیت نہیں" (ص۔ ۱۹) ایڈیشن دوم میں تحریر کی ہے۔ نیز اس کتاب تربیۃ الاولاد کی قسم اول میں "شادی انسانی فطرت ہے" کے عنوان کے تحت بھی تشفی بخش بحث ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

اس لیے ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ دینِ اسلام نے عبادت کے لیے فراغت اور اللہ کا قرب حاصل کرنے کے لیے شادی سے اعراض اور اس سے منہ موڑنے کو حرام قرار دیا ہے، اور خصوصاً ایسی صورت میں جب کہ مسلمان شادی پر قدرت بھی رکھتا ہو اور اس کے لیے اسباب و وسائل بھی مہیا ہوں، بلکہ ہم تو یہ دیکھتے ہیں کہ شریعت اسلام نے بلا کسی رورعایت کے نہایت سختی سے ہر اس دعوت کی مخالفت کی جو مکروہ ترین رہبانیت اور عورتوں سے ناپسندیدہ دوری کی طرف بلاتی ہو، اس لیے کہ یہ دعوت انسانی فطرت کے معارض اور انسانی خواہشات و جذبات سے متصادم ہے۔

چنانچہ بیہقی حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے رہبانیت کے بدلے ہمیں آسان و اچھا مذہب دینِ اسلام عطا فرمایا ہے۔

اور طبرانی و بیہقی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص شادی کرنے کی قدرت رکھتا ہو اور پھر شادی نہ کرے تو وہ مجھ سے نہیں ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معاشرے کی تربیت اور نفوس کے امراض کے علاج کے سلسلہ میں جو موقف اختیار کیا ہے ان میں سے ایک موقف وہ ہے جسے بخاری و مسلم حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ذریعہ روایت کرتے ہیں کہ تین حضرات ازواجِ مطہرات کے دولت کدے پر آئے اور ان سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کے بارے میں دریافت کیا، جب ان کو آپ کی عبادت کی تفصیل بتلائی گئی تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ انہوں نے اسے کم سمجھا، اس لیے وہ کہنے لگے کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مقابلہ کہاں کر سکتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اگلے پچھلے گناہ سب معاف کر دیے ہیں۔

ان میں سے ایک نے کہا: میں تو ساری رات کھڑے ہو کر نماز پڑھتا رہوں گا۔

دوسرے نے کہا: میں ہمیشہ روزہ رکھوں گا کبھی افطار نہیں کروں گا۔

تیسرے صاحب گویا ہوئے: میں عورتوں سے کنارہ کشی کروں گا کبھی شادی نہ کروں گا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے (اور جب آپ کو یہ واقعہ بتلایا گیا تو) آپ نے فرمایا: کیا تم لوگوں نے فلاں فلاں بات کہی ہے؟! سن لو میں تم سب سے زیادہ خدا سے ڈرنے والا اور متقی ہوں لیکن میں پھر بھی روزہ بھی رکھتا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں اور نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں، اور عورتوں سے شادی بھی کرتا ہوں، لہٰذا جو شخص میری سنت سے اعراض کرے گا اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ موقف —— اس بات کی بہت بڑی و عظیم دلیل ہے کہ اسلام ایک دینِ فطرت ہے اور انسانی زندگی کی شریعت ہے اور جب تک کہ قیامت قائم نہ ہوگی اس وقت تک ہمیشہ رہنے والا پیغام ہے۔ اور یقین رکھنے والوں کے لیے اللہ کے فیصلے سے بڑھ کر کس کا فیصلہ ہو سکتا ہے؟

Marfat.com

۲۔ اسلام نے جنس کے بارے میں جو صحیح اور سچا نظریہ پیش کیا ہے اس میں یہ بھی ہے کہ جائز طریقے سے شہوت پوری کرنے اور شادی کے ذریعہ جنسی خواہش کے پورا کرنے کو اسلام نے ان اعمالِ صالحہ میں سے شمار کیا ہے۔ جن کا کرنے والا اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور اجر و ثواب کا مستحق بن جاتا ہے۔

امام مسلم اپنی صحیح میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چند صحابہ نے نبی اکرم علیہ الصلاۃ والسلام سے عرض کیا: اے اللہ کے رسول مالدار لوگ سارا اجر و ثواب کما لے گئے، اس لیے کہ وہ ہماری طرح سے نماز پڑھتے ہیں، اور اسی طرح روزے رکھتے ہیں جس طرح ہم روزہ رکھتے ہیں۔ اور زائد مال اللہ کے راستے میں صدقہ کر دیا کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا اللہ تعالیٰ نے تمہیں صدقہ کے قابل نہیں بنایا ہے! ہر سبحان اللہ پر صدقہ کا اجر ملتا ہے، اور ہر اللہ اکبر پر صدقہ کا ثواب ملتا ہے، اور ہر لا الہ الا اللہ پر صدقہ کا اجر ملتا ہے۔ اور ہر الحمد للہ پر صدقہ کا ثواب ملتا ہے۔ اور امر بالمعروف کرنا (اچھی باتوں کا حکم دینا) صدقہ ہے۔ اور بری باتوں سے روکنا صدقہ ہے، اور انسان ہمبستری کرتا ہے اس پر بھی صدقہ کا اجر ملتا ہے۔

صحابہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ہم میں سے کوئی شخص اپنی خواہش پوری کرتا ہے کیا اس پر بھی اس کو اجر ملے گا؟

نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا: بتلاؤ اگر وہ شخص اس شہوت کو حرام جگہ سے پوری کرتا تو کیا اس پر گناہ ہوتا؟

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: جی ہاں!

آپ نے ارشاد فرمایا: تو اسی طرح جب وہ شخص اس کو حلال و جائز طریقے سے پوری کرتا ہے تو اس پر اس کو اجر ملتا ہے۔

جو لوگ اسلام پر یہ الزام لگاتے ہیں کہ اس میں جنسی جذبات کو مار دیا گیا ہے انہیں اسلام کے جنس سے متعلق ان احکامات و حقائق اور اس کے واضح اور کھلے ہوئے موقف کو سمجھ لینا چاہیے۔

۳۔ وہ امور جن کا مردوں کو جاننا ضروری ہے۔ ان میں سے یہ بھی ہے کہ عورت سے خواہش پوری کرنے پر صدقہ کا جو ثواب ملتا ہے اس کا مفہوم یہ نہیں ہے کہ انسان ہر وقت اپنی شہوت رانی اور جنسی جذبات کو پورا کرنے میں ہی لگا رہے، اور بیوی اور اس کی محبت میں اتنا آگے بڑھ جائے جس کی وجہ سے وہ اپنے فرائضِ منصبی اور جہاد فی سبیل اللہ اور اسلام کی نصرت و اعلاء کلمۃ اللہ جیسے اہم کاموں سے بھی غافل ہو جائے، اس لیے کہ اسلام نے ہمیں ایک ایسا متوازن طاقتور آدمی تیار کر کے دیا ہے جو دنیاوی زندگی میں ہر حق دار کو اس کا حق دے گا اور ایک حق پر دوسرے کو غالب نہ کرے گا نہ ایک فریضے کو دوسرے فریضے پر بلکہ اگر کسی موقعہ پر اسلام: جہاد یا دعوت الی اللہ سے متعلق کسی امر کا اس کی دنیوی ضرورت یا بیوی بچوں یا مال کی حاجت سے تصادم و ٹکراؤ ہو ایسے موقعہ پر مسلمان کا کام یہ ہے کہ وہ جہاد اور دعوت الی اللہ کو ہر دنیوی ضرورت و حاجت اور شخصی منفعت اور خاندانی اور وطنی تقاضوں پر مقدم رکھے۔ اس لیے کہ اسلامی معاشرے کو قائم رکھنا، اور مسلمان حکومت کی اساس و ستونوں کو مضبوط کرنا، اور بھٹکی ہوئی انسانیت کی اسلام کی طرف رہنمائی ہی سب سے بڑی غایت و منتہا ہے۔ بلکہ مسلمان کی نظر میں یہ تمام مقاصد اغراض

Marfat.com

اور سب سے برتر و بالا ہے۔

حضرت ربعی بن عامر رضی اللہ عنہ جنگِ قادسیہ میں جب رستم کے سامنے کھڑے ہوئے تو ان کے موقف میں یہ چیز کھل کر سامنے آتی ہے چنانچہ انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس لیے بھیجا ہے کہ ہم لوگوں کو بندوں کی عبادت سے نکال کر خدا کی عبادت کی طرف لے آئیں۔ اور دنیا کی تنگی سے اس کی وسعت اور دیگر مذاہب و ادیان کے ظلم سے اسلام کے عدل کی طرف نکالیں۔

محترم مربی صاحبان! آپ کے سامنے ان واقعات کے چند نمونے پیش کیے جاتے ہیں، جن میں ہمارے سلفِ صالحین نے اسلام اور جہاد فی سبیل اللہ کی مصلحت کو ہر ذاتی مصلحت، شخصی منفعت اور خاندانی اور قبیلے کے فائدے پر ترجیح دی، اور خصوصاً بیوی بچوں سے متعلق امر میں:

الف۔ حضرت حنظلہ بن ابی عامر رضی اللہ عنہ جیسے مؤمن صحابی جن کی شادی حضرت جمیلہ بنت ابی عامر سے جمعہ کی شب کو ہوئی صبح ہی کو منادی نے اعلان کیا کہ جہاد کے لیے نکل کھڑے ہو، حضرت حنظلہ نے جیسے ہی یہ آواز سنی اپنی تلوار گردن میں لٹکائی زرہ پہنی اور اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر جنگِ احد کے لیے میدان کارزار کی طرف نکل کھڑے ہوئے، چنانچہ جب جنگ شروع ہوئی تو یہ نہایت بہادری سے لڑے، پھر مسلمانوں نے دیکھا کہ حضرت حنظلہ لڑتے ہوئے مشرکوں کی صفوں میں ابوسفیان کو تلاش کر رہے ہیں، حتیٰ کہ انہوں نے ان کو پالیا اور فوراً ہی ان پر حملہ آور ہوئے۔ ابوسفیان گر گئے، حضرت حنظلہ نے انہیں اپنی تلوار سے ذبح کرنا چاہا اتنے میں ابوسفیان نے قریش کو مدد کے لیے پکارا تو ان کی آواز چند نوجوانوں نے سن لی اور وہ حضرت حنظلہ پر ٹوٹ پڑے، اور ان پر ایسے شدید وار کیے کہ وہ شہید ہو گئے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو عالمِ غیب سے مطلع فرمایا، تو آپ نے اپنے صحابۂ کرام سے فرمایا کہ میں نے فرشتوں کو آسمان و زمین کے درمیان حضرت حنظلہ کو چاندی کے برتن میں غسل دیتے ہوئے دیکھا[1] صحابہ جلدی سے حضرت حنظلہ کے جسدِ اطہر کو دیکھنے دوڑ پڑے تو کیا دیکھا کہ ان کے سر سے پانی ٹپک رہا ہے، چنانچہ ان کی بیوی سے اصل بات معلوم کی گئی تو انہوں نے بتلایا کہ انہوں نے جب جنگ کے لیے اعلان سنا تو اس وقت جنابت کی حالت میں تھے جلدی میں غسل نہ کر سکے تھے، اور جہاد کے لیے بلا غسل کیے ہی نکل کھڑے ہوئے، اللہ نے انہیں یہ اعزاز بخشا کہ فرشتوں کے ذریعے انہیں غسل دلوایا۔

ب۔ حضرت عبداللہ بن ابی بکر رضی اللہ عنہما نے حضرت عاتکہ بنت زید رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا، جو نہایت حسین و جمیل با اخلاق اور با ادب تھیں ان کی وجہ سے حضرت عبداللہ جہاد و جنگ میں جانے میں سست پڑ گئے تو ان کے والد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے انہیں ان کو طلاق دینے کا حکم دیا اور دلیل یہ دی کہ ان کی وجہ سے عبداللہ جنگ و جہاد سے رک گئے ہیں اس لیے طلاق دے دیں، چنانچہ انہوں نے انہیں طلاق دے دی، جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ عبداللہ کے پاس گزرے تو انہوں نے سنا کہ عبداللہ یہ شعر پڑھ رہے ہیں:

---

[1] یہ حدیث حنظلہ امام ترمذی و امام احمد نے نقل کی ہے۔

Marfat.com

فلم أر مثلی طلق الیوم مثلها ولا مثلها فی غیر ذنب تطلق

میں نے کسی اپنے جیسے شخص کو اس جیسی عورت کو طلاق دیتے نہیں دیکھا اور نہ اس جیسی عورت کو بلا کسی گناہ کے طلاق دی جاتی ہے

لها خلق جزل و رأی ومنصب علی کبر منی وإنی لوامق

وہ بڑے اعلیٰ اخلاق اور رائے ومنصب کی مالک ہے باوجود میرے بڑے ہونے کے اور میں اس سے محبت کرنیوالا ہوں

یہ اشعار سن کر ان کے والد کو رحم آگیا تو انہوں نے اپنے بیٹے سے کہا کہ ان سے رجوع کرلو چنانچہ انہوں نے رجوع کرلیا اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوۂ طائف میں شریک ہوئے، اور ایک تیر ان کو لگا چنانچہ اس کے بعد ان کا مدینہ منورہ میں انتقال ہوگیا۔

ج - طبرانی وابن اسحاق روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوخیثمہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کچھ دن کا سفر کرکے واپس لوٹے سخت گرمی کا دن تھا، گھر پہنچے تو دیکھا ان کی دونوں بیویاں ان کے باغ کے دو خیموں میں موجود ہیں اور ہر ایک نے چھپر پر پانی چھڑکا ہوا ہے اور پینے کے لیے پانی ٹھنڈا کرکے رکھا ہوا ہے۔ اور کھانا تیار ہے، چنانچہ جب وہ وہاں پہنچے تو خیمہ کے دروازے پر کھڑے ہوئے اور اپنی دونوں بیویوں اور ان کے تیار کردہ ساز وسامان کو دیکھ کر فرمانے لگے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو دھوپ اور گرمی میں ہوں اور ابوخیثمہ ٹھنڈی چھاؤں، تیار کھانے اور خوب ورت بیویوں اور مال ودولت کے ساتھ مقیم ہو۔ یہ تو کوئی انصاف نہیں ہوا؟!

پھر فرمانے لگے: بخدا میں تم میں سے کسی کے خیمے میں بھی اس وقت تک نہیں جاؤں گا جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جاکر نہ مل آؤں چنانچہ ان کی دونوں بیویوں نے ان کے لیے زادِ راہ تیار کیا اور اونٹ کس کر سامنے کردیا گیا۔ اور وہ اس پر بیٹھ کر کوچ کر گئے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاش میں نکل کھڑے ہوئے حتیٰ کہ آپ کو وہاں جا ملے جہاں آپ غزوۂ تبوک کے لیے مقیم تھے۔

بلاشبہ امتِ اسلامیہ اور جوانانِ اسلام جب اللہ واس کے رسول کی محبت، اور جہاد فی سبیل اللہ، اور دعوت الی اللہ کی محبت میں دنیا کی ہر سستی ومہنگی چیز قربان کردیتے ہیں۔ تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ ان کو زمین میں حکومت دیتا ہے، اور ان کے خوف کو امن سے اور ان کے ضعف وکمزوری کو قوت سے بدل دیتا ہے، اور دنیا ان کی غلام زیرِ حکومت اور ساری انسانیت ان کے حکم کے تابع اور ان کے منع کرنے کی پابند ہوجاتی ہے... ایسا اگر نہ ہوگا اور لوگ ایسا نہ کریں گے تو پھر اللہ تعالیٰ کے فیصلے اور گرفت کا انتظار کرنا چاہیے اللہ ان پر اپنا عذاب وسزا نازل کرے گا اور اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو کبھی بھی ہدایت نہیں فرماتے جو اس کی اطاعت نہ کریں، اور اس کے بتلائے ہوئے راستے اور طریقے سے ہٹ جائیں۔

اور اللہ جل شانہ قرآنِ کریم میں بالکل بجا فرماتے ہیں:

﴿قُلْ إِنْ كَانَ آبَاؤُكُمْ وَ آپ کہہ دیجیے کہ اگر تمہارے باپ اور بیٹے اور بھائی اور

اَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ
وَ اَمْوَالُ ۨ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ
كَسَادَهَا وَ مَسٰكِنُ ۚ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ
اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ
سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴾ التوبہ۔۲۴

عورتیں اور برادری اور مال جو تم نے کمائے ہیں اور سوداگری
جس کے بند ہونے سے تم ڈرتے ہو اور حویلیاں جن کو پسند
کرتے ہو تم کو اللہ اور اس کے رسول سے اور اس کی راہ
میں لڑنے سے زیادہ پیاری ہیں تو انتظار کرو یہاں تک کہ
اللہ اپنا حکم بھیجے۔ اور اللہ تعالیٰ نافرمان لوگوں کو راستہ
نہیں دیتا۔

ہمیں دعوت و تبلیغ اور جہاد میں عورت کے کردار سے بھی بے خبر نہیں رہنا چاہیے اس لیے کہ اگر ضرورت پڑے اور موقعہ درپیش آجائے تو اسلام نے عورت کو بھی جہاد میں جانے کا مکلف بنایا ہے۔

پچھلے دور میں مسلمان عورت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ اکرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے ساتھ تلوار لے کر کھڑی ہوئی، اور اس نے زخمیوں کا علاج کیا، اور بیماروں کی دیکھ بھال کی، اور مقتولین کو ٹھکانوں پر پہنچایا اور ساتھ ہی کھانا بھی پکایا۔

اس کے ادلہ ذیل میں پیش کیے جارہے ہیں:

الف ۔ امام مسلم حضرت رُبَیِّع بنت معوذ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتی ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوات میں شریک ہوا کرتے تھے اور بیماروں و مقتولین کو مدینہ منورہ پہنچایا کرتے تھے۔

اور ام عطیہ انصاریہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سات غزوات (جنگوں) میں شریک رہی ہوں، میں ان کے سامان کی حفاظت کرتی تھی، ان کے لیے کھانا پکاتی تھی، اور زخمیوں کا علاج کرتی تھی، اور بیماروں کی تیمارداری کرتی تھی۔

ب ۔ ابن ہشام اپنی کتاب "سیرت" میں روایت کرتے ہیں کہ ام سعد بنت سعد بن الربیع حضرت ام عمارہ کے پاس گئیں، تو میں نے ان سے کہا کہ خالہ جان ذرا مجھے اس کی تفصیل تو بتلائیے جو کچھ آپ نے غزوۂ احد میں کیا تھا، تو انہوں نے فرمایا کہ میں دن کے ابتدائی حصے میں نکلی اور میں یہ دیکھنے لگی کہ لوگ کیا کر رہے ہیں، میرے پاس پانی کا مشکیزہ تھا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچی، آپ صحابہ کرام کے ساتھ مل کر لڑ رہے تھے، اس وقت تک جنگ مسلمانوں کے حق میں تھی، لیکن پھر جب مسلمان شکست کھانے لگے تو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف گئی اور میں لڑنے لگی اور تلوار لے کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے مدافعت کرنے لگی اور ساتھ ہی تیر بھی مارتی رہی حتیٰ کہ میں خود بھی زخمی ہو گئی۔

ج ۔ ابن ہشام روایت کرتے ہیں کہ حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب رضی اللہ عنہا نے جب ایک یہودی کو قلعے میں گھومتے ہوئے دیکھا، تو انہوں نے کمر کسی اور ایک لکڑی اٹھائی اور قلعہ میں داخل ہو گئیں، اور اس کو اتنا مارا کہ اسے ختم کر ڈالا۔

Marfat.com

اس سلسلہ میں اگر ہم مثالیں پیش کرنا چاہیں تو بے شمار مثالیں موجود ہیں جو شمار نہیں کی جا سکتیں۔

رہا تبلیغ اور دعوتِ دین اور اچھی باتوں کا حکم دینے اور بری باتوں سے منع کرنے کے سلسلہ میں عورت کی ذمہ داری و فریضہ تو یہ فریضہ عورت پر بھی مرد کی طرح عائد ہوتا ہے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

((وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝)). التوبہ- ۷۱

اور ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں ایک دوسرے کی مددگار ہیں، سکھلاتے ہیں نیک بات اور منع کرتے ہیں بری بات سے، اور نماز قائم رکھتے ہیں. اور زکاۃ دیتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کے حکم پر چلتے ہیں، وہی لوگ ہیں جن پر اللہ رحم کرے گا. بے شک اللہ زبردست حکمت والا ہے۔

یہ وہ اہم اسلامی نظریات ہیں جو بچے کے ذہن میں اس وقت سے ڈال دینا چاہیے جب وہ شعور و سمجھ کی عمر کو پہنچے، تاکہ جب شادی و منگنی کا زمانہ آئے اور شادی کی چوکھٹ پر قدم رکھے تو اسے معلوم ہو کہ عورت سے ملاپ ایک نہایت اہم اور عظیم مقصد کے حصول کے لیے وسیلہ ہے. اور وہ مقصد ہے حکومتِ اسلامیہ کا قیام اگر وہ یہ سمجھ لے گا تو شادی کے بعد متوازن زندگی گزارے گا، اور ہر صاحبِ حق کو بلا کسی تأمل کے اس کا حق ادا کرے گا، اور کسی فریضے یا واجب میں کوئی سستی یا کوتاہی نہیں کرے گا. یہ ہے حقیقی اسلام اور اس کا مفہوم و حقیقت۔

رہا یہ مسئلہ کہ اللہ تعالیٰ نے شادی کو کیوں مشروع کیا ہے[1]:

اس سلسلہ میں ہم اس کتاب کی قسم اوّل میں "شادی ایک معاشرتی مصلحت ہے" کے عنوان کے تحت شادی کی مشروعیت کی حکمت بیان کر چکے ہیں. اور لیجیے اب ہم یاددہانی اور فائدہ کی غرض سے مختصراً ان اہم فوائد کو ذکر کیے دیتے ہیں جو شادی کرنے والے کو شادی سے حاصل ہوتے ہیں:

شادی کا ایک فائدہ نسب کی حفاظت ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

((وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً)). النحل- ۷۲

اور اللہ نے پیدا کیں تمہارے لیے تمہاری ہی قسم سے عورتیں اور تم کو تمہاری عورتوں سے بیٹے اور پوتے دیے۔

شادی کے فوائد میں سے یہ بھی ہے کہ معاشرہ اخلاقی بے راہ روی سے بچ جاتا اور محفوظ ہو جاتا ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: اے نوجوانوں کی جماعت تم میں سے جو شخص شادی کی قدرت رکھتا ہو اسے چاہیے کہ شادی کر لے اس لیے کہ اس

[1] ہماری کتاب "شادی کی مشکلات" کا مطالعہ کیجیے ان شاء اللہ آپ کو یہ بحث وہاں نہایت مفصل ملے گی۔

سے نگاہ جھکی رہتی ہے اور شرمگاہ محفوظ رہتی ہے۔ (بخاری و مسلم وغیرہ)

ایک فائدہ یہ ہے کہ میاں بیوی مل کر خاندان کی ذمہ داری اٹھاتے ہیں، نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام ارشاد فرماتے ہیں کہ مرد اپنے گھر کا رکھوالا و ذمہ دار ہے اور اس سے اس کی رعایا کے بارے میں باز پرس ہوگی، اور عورت اپنے شوہر کے گھر کی رکھوالی ہے اور اس سے اس کی رعایا کے بارے میں سوال ہوگا۔ (بخاری و مسلم)

ایک فائدہ یہ ہے کہ معاشرہ بہت سی بیماریوں اور آفات سے محفوظ ہو جاتا ہے، نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام ارشاد فرماتے ہیں کہ نہ نقصان اٹھاؤ نہ نقصان پہنچاؤ۔ (موطأ مالک و ابن ماجہ)

شادی کے فوائد میں سے روحانی و نفسیاتی سکون بھی ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

((وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً))۔

الروم-۲۱

اور اس کی نشانیوں میں ہے کہ اس نے تمہارے لیے تمہاری ہی جنس کی بیویاں بنائیں تاکہ تم ان سے سکون حاصل کرو، اور اس نے تمہارے (یعنی میاں بیوی کے) درمیان محبت و ہمدردی پیدا کر دی۔

شادی کے فوائد میں سے اسلام کے لیے نیک صالح ذریت کو پیدا کرنا بھی ہے، نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کا ارشاد مبارک ہے کہ نکاح کرو اور نسل پیدا کرو تم تعداد میں بڑھ جاؤ گے، اس لیے کہ میں روزِ قیامت تمہارے ذریعہ سے دوسری امتوں پر فخر کروں گا (عبدالرزاق و بیہقی)۔

اس لیے مربی صاحبان! بچہ جب شادی سے متعلق ان حقائق کو سمجھ لے گا تو وہ کلی طور پر شادی کی طرف رجوع اختیار کرے گا، اور جہاں تک اس سے ہو سکے گا اس کو اختیار کرنے کی کوشش کرے گا۔

محترم مربی صاحبان! میں آپ کے کان میں چپکے سے ایک نصیحت بھی کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ:

اے والدِ محترم! اگر آپ کے پاس گنجائش ہو اور مادی طور پر آپ قوت رکھتے ہوں تو آپ کو چاہیے کہ آپ شادی کے امور طے کرنے اور اسے آسان کرنے کے لیے اپنے بیٹے کا ہاتھ بٹائیں، تاکہ اسے ان نفسیاتی پریشانیوں اور جنسی خیالات سے چھٹکارا دلا دیں جو اس کی عقل و سمجھ پر سوار ہو کر اس کی تعلیم اور مقصدِ اصلی کے درمیان رکاوٹ بن سکتے ہیں۔ اور ساتھ ہی اس طرح سے آپ اسے اس اخلاقی بے راہ روی سے بھی نجات دلا دیں گے جو اس کی صحت کو خراب اور شہرت کو داغدار کرنے والی ہے۔ اور یہ اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک کہ ہم اس کے لیے ایک طرف تو شادی کے اسباب نہ پیدا کر دیں، اور دوسری طرف مادی اعتبار سے اس کے اخراجات کا بندوبست نہ کر دیں، اس سلسلہ میں کسی قسم کی کوتاہی یا سستی نوجوان لڑکے کو خطرناک انجام اور بدترین نتائج میں گرفتار کرا دیتی ہے۔

ہم نے کتنے ہی ایسے والدین کے بارے میں سنا ہے کہ جو کھاتے پیتے اور مالدار ہیں لیکن انہوں نے اپنی اولاد کی شادی

کے سلسلے میں ان کی مادی امداد میں بخل سے کام لیا اور بہانہ یہ بنایا کہ ان کی اولاد بالغ ہے اور ان کے اخراجات ونفقات کی اب ان پر ذمہ داری نہیں ہے لیکن انہیں یہ معلوم نہیں کہ جو مال وپیسہ وہ اس سلسلہ میں خرچ کریں گے اس کی مثال اس نجات دہندہ کشتی کی سی ہے جو خود ان کو ان نفسیاتی بے چینیوں، اخلاقی خرابیوں اور فکری اضطراب سے بچائے گی جو انہیں مال کے خرچ کرنے میں بخل کرنے اور ان کی مدد کرنے سے ہاتھ کھینچنے اور ان کی شادی کے اسباب مہیا کرنے کی وجہ سے درپیش آسکتے ہیں.

مالدار باپ اپنے بچے پر خرچ کے سلسلہ میں بخل سے کیوں کام لیتا ہے؟! اس کے لیے شادی کے مواقع کیوں فراہم نہیں کرتا؟ کیا وہ یہ سمجھتا ہے کہ وہ خود ہمیشہ کے لیے زندہ رہے گا؟

جو مال اس کے پاس ہے کیا وہ یہ سمجھتا ہے کہ وہ اسے آخرت میں اپنے ساتھ لے جائے گا؟

لازمی بات ہے کہ اسے بھی مرنا ہے اور اسے ایک ایسے چھوٹے سے گڑھے میں دفن کر دیا جائے گا جس میں نہ ساز وسامان ہوگا، نہ بچھونا اوڑھنا، اور نہ زیب وزینت کا سامان، اور یقینی طور پر اس کا تمام مال ورثہ ہی کو ملے گا.

اس لیے مالدار باپ کو پیسہ خرچ کرنے میں سخاوت کرنا چاہیئے، اور جس مال میں اللہ نے اسے اپنا خلیفہ بنایا ہے اسے خرچ کرنے، اور پہلے ان پر خرچ کرے جو اس کی کفالت میں ہیں: اور اپنے لڑکے کی شادی کے اسباب مہیا کرنے میں بھرپور کوشش کرے. اور اس حدیث کو خوب غور سے سنے جسے امام مسلم روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:-

((دینار أنفقته فی سبیل الله، ودینار أنفقته علی رقبة، ودینار تصدقت به علی مسکین، ودینار أنفقته علی أهلك، أعظمها أجراً ما أنفقته علی أهلك)).

ایک دینار وہ ہے جو تم اللہ کے راستے میں خرچ کرو ایک وہ ہے جو غلام کو آزاد کرنے کے لئے خرچ کرو اور ایک وہ ہے جو کسی غریب پر صدقہ کرو اور ایک دینار وہ ہے جو تم اپنے اہل وعیال پر خرچ کرو ان سب میں زیادہ اجر وثواب والا وہ دینار ہے جسے تم اپنے اہل وعیال پر خرچ کرو

* * *

اللہ تعالیٰ اچھے کام کرنے والوں کے اجر وثواب کو کبھی ضائع نہیں فرماتے ہیں[1]

محترم تربیت کرنے والے حضرات اگر آپ چاہیں کہ آپ کو یہ معلوم ہو جائے کہ اسلام میں بیوی کے انتخاب میں کس طریق کو اپنایا ہے تو اس کے لئے آپ اس کی قسم اول میں ''شادی انتخاب واختیار کا نام ہے'' عنوان والی بحث مطالعہ کر لیجئے انشاء اللہ آپ کو وہاں کافی بحث مل جائے گی۔ اور پھر آپ اس کے علاوہ کوئی چارہ کار نہیں پائیں گے کہ آپ اپنے لڑکے کے لئے ایسی نیک بیوی منتخب و تلاش کریں جس کی طرف وہ دیکھ کر خوش ہو جائے اور جب وہ اسے کسی بات

---

[1] ملاحظہ ہو مولف کی کتاب ''شادی کی مشکلات'' صفحہ ۶۴ میں ہر باپ کو یہ نصیحت کرتا ہوں کہ وہ کتاب شادی کی مشکلات اور اسلام کی روشنی میں ان کا علاج نہ پڑھ لے تاکہ شادی میں جو مشکلات پیش آتی ہیں اسلام نے ان کے حل کرنے کا جو عملی طریقہ بتایا ہے، وہ آپ کو معلوم ہو سکے

Marfat.com

حکم دے تو وہ اس کی فرمانبرداری کرے، اور جب وہ اس سے دور ہو تو وہ اس کی عزت و آبرو اور مال و دولت کی حفاظت کرے، اور جب اللہ تعالیٰ اس کو اس عورت سے بچہ دے تو وہ اللہ سے یہ دعا مانگے:

((رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا)).

اے ہمارے پروردگار ہم کو ہماری بیویوں اور ہماری اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما، اور ہم کو پرہیزگاروں کا سردار بنا دے۔ الفرقان-۷۴

اور اس کی بیوی اس بچے کی تربیت و رہنمائی کرنے میں اس مرد کی مددگار و معاون ہو تاکہ وہ بچہ زندگی میں فعال و کامیاب عضو بن سکے۔

اس سب تفصیل و بیان کے بعد اب ہم ان مراحل کی وضاحت کرنا چاہتے ہیں، جو شادی کرنے والے شخص کو پہلی رات درپیش آتے ہیں، تاکہ انسان کو معلوم ہو کہ ان مواقع میں اس کو کیا موقف اختیار کرنا چاہیئے۔ یہ مراحل اس وقت سے شروع ہوتے ہیں جب لڑکا اپنی دلہن کے ساتھ خلوت میں جاتا ہے، اور پھر اس وقت سے جنسی فعل کے اختتام تک، تاکہ جو شخص جاننا چاہے تو اسے معلوم ہو جائے کہ اسلام نے اپنی کامل و مکمل قانون سازی سے ہمیں ہر چیز کی تعلیم دی ہے حتیٰ کہ شادی کی پہلی رات کے آداب بھی اور زن و شوہر کی زندگی کے اصول بھی۔

وہ مراحل یہ ہیں کہ درج ذیل اقدامات اختیار کیے جائیں:

۱۔ دولہا کو اپنا ہاتھ دلہن کے سر پر رکھ کر اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کا نام لینا چاہیئے۔ اور دلہن کے لیے برکت کی دعا کرنا چاہیئے، اس لیے کہ بخاری و ابوداؤد وغیرہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص کسی عورت سے شادی کرے تو اسے چاہیئے کہ اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر اللہ جل شانہ کا نام لے اور برکت کی دعا کرے اور یہ کہے:

((اللهم إني أسألك من خيرها وخير ما جبلتها عليه وأعوذ بك من شرها وشر ما جبلتها عليه)).

اے اللہ میں آپ سے اس عورت کی خیر اور جس طبیعت و عادت پر وہ پیدا کی گئی ہے اس کی خیر مانگتا ہوں، اور آپ سے اس کے شر اور جس شر پر وہ پیدا کی گئی اس کے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔

۲۔ دولہا اور دلہن کو چاہیئے کہ وہ دونوں دو دو رکعت نفل پڑھ کر اللہ سے دعا مانگیں، اس لیے کہ ابن ابی شیبہ سند جید کے ساتھ حضرت شقیق سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ایک شخص جن کو ابو حریز کہا جاتا ہے وہ آئے اور انہوں نے عرض کیا کہ میں نے ایک کنواری لڑکی سے شادی کی ہے، اور مجھے ڈر ہے کہ کہیں وہ مجھ سے نفرت نہ کرنے لگ جائے، تو ان سے

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: الفت ومحبت پیدا کرنے والے اللہ تعالیٰ ہیں. اور بغض ونفرت شیطان دلوں میں ڈالتا ہے، شیطان یہ چاہتا ہے کہ تمہیں وہ چیز ناپسند کرادے جو تمہارے لیے حلال ہے. جب وہ لڑکی تمہارے پاس آئے تو تم اسے یہ حکم دینا کہ وہ تمہارے پیچھے دو رکعت نماز پڑھے اور تم یہ دعا مانگنا: اے اللہ میرے لیے میری بیوی میں برکت دے دے اور اس کے لیے مجھ میں، اے اللہ ہمیں جب تک اکٹھا رکھیں خیریت کے ساتھ رکھیے گا اور جب ہمارے درمیان تفریق جدائی پیدا فرمائیں تو خیر وبھلائی کی طرف تفریق کرائیے گا۔

۳- دولہا کو چاہیے کہ دلہن سے نرمی سے بات کرے اور اسے کھانے یا پینے کی کوئی چیز پیش کرے، اس لیے کہ امام احمد اپنی مسند میں روایت کرتے ہیں کہ حضرت اسماء بنت یزید بن السکن فرماتی ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو منہ دکھانے کے لیے آراستہ وپیراستہ کیا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب ان کے پاس تشریف لائے تو دودھ کا ایک بڑا پیالہ ساتھ لائے، خود تناول فرمایا اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو دے دیا، تو انہوں نے اپنا سر جھکا لیا اور شرما گئیں۔

اور ترمذی ونسائی سندِ جید کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

«أكمل المؤمنين إيمانا أحسنهم خلقا وألطفهم بأهله».

مؤمنوں میں کامل ترین ایمان والا شخص وہ ہے جو ان میں سب سے بہتر اخلاق والا ہو، اور اپنے گھر والوں کے ساتھ نرم ہو۔

اور ترمذی حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

«خيركم خيركم لأهله وأنا خيركم لأهلي».

تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے ساتھ اچھا ہو۔ اور میں اپنے گھر والوں کے ساتھ تم سب میں زیادہ بہتر سلوک والا ہوں۔

❊ ❊ ❊

بلاشبہ دلہن کے ساتھ ملاطفت ونرمی اس کو مانوس کرنے اور اس سے وحشت کو دور کرنے کا بھی ایک ذریعہ ہے اور ساتھ ہی باہمی مودت ومحبت کے بندھن مضبوط کرنے کا بھی، اس لیے کہ جیسا کہ مشہور ہے ہر آنے والے کے ساتھ ایک قسم کی دہشت بھی ساتھ آتی ہے اور ہر اجنبی پر وحشت طاری ہوتی ہے۔

۴- مباشرت وہم بستری کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ دولہا ودلہن دونوں اپنے کپڑے اتار دیں اس لیے کہ کپڑے اتارنے سے ایک تو بدن کو راحت ملتی ہے اور کروٹ وغیرہ لینے میں بھی آسانی ہوتی ہے، اور اس سے لذت وسرور بھی بڑھ جاتا ہے: اور بیوی سے اُنس وپیار میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

البتہ افضل یہ ہے کہ چادر یا لحاف کے نیچے ہو کر تمام جسم ننگا کریں۔ اس لیے کہ امام احمد وترمذی وابوداؤد نبی کریم صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

«إن الله تعالىٰ حيي ستير يحب الحياء والستر».

اللہ تعالیٰ باحیاء پردہ والے ہیں اور حیاء و پردہ کو پسند فرماتے ہیں۔

اور امام ترمذی نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ تم برہنہ ہونے سے بچو اس لیے کہ تمہارے ساتھ وہ (فرشتے) ہیں جو تم سے سوائے قضاء حاجت کے وقت اور اس وقت کہ جب انسان اپنی بیوی سے ہمبستری کرتا ہے اور کسی وقت جدا نہیں ہوتے لہٰذا ان سے حیا کرو اور ان کا اکرام کرو۔

اور اس سے قبل ہم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی وہ حدیث ذکر کر چکے ہیں جس میں انہوں نے ارشاد فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے اس حالت میں تشریف لے گئے کہ نہ آپ نے میرا (ستر) دیکھا اور نہ میں نے آپ کا (ستر) دیکھا۔

ستر کی فضیلت کی تاکید اس روایت سے بھی ہوتی ہے جسے امام ترمذی نے ضعیف سند سے روایت کیا ہے کہ جب تم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی سے ہم بستری کرے تو دونوں کو اس طرح برہنہ نہیں ہونا چاہیے جس طرح گدھے عریاں ہوتے ہیں۔

۵۔ ہم بستری کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ ابتداء میں چھیڑ چھاڑ اور بوس و کنار وغیرہ بھی ہونا چاہیئے۔ اس لیے کہ ابو منصور دیلمی مسند فردوس میں نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی پر اس طرح نہ چڑھ جایا کرے جس طرح جانور چڑھ جاتا ہے۔ دونوں کے درمیان پہلے کوئی قاصد ہونا چاہیئے، پوچھا گیا کہ اے اللہ کے رسول! قاصد کون ہے۔ تو آپ ارشاد فرمایا: بات چیت کرنا اور بوسہ، اور ابو منصور ہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ تین چیزیں عجز و کمزوری میں داخل ہیں، اور ان میں سے یہ بھی شمار فرمایا کہ انسان اپنی بیوی یا باندی سے ہم بستری کرے اور اس کے ساتھ جنسی فعل ایک دم شروع کر دے اور اس سے قبل اس سے دل لگی اور بوس و کنار نہ کرے۔ اور اس طرح یہ کہ وہ اس سے اپنی حاجت اس سے قبل پوری کرے کہ وہ عورت اپنی خواہش اس سے پوری کر سکے۔[1]

اس حدیث سے ہم یہ ثابت کرتے ہیں کہ شوہر کو چاہیئے کہ وہ جنسی فعل کے دوران اس بات کو ملحوظِ خاطر رکھے کہ اس کی بیوی بھی اس کے ساتھ لذت اندوزی اور انزال میں برابر کی شریک رہے۔

امام غزالی اپنی کتاب "احیاء العلوم" میں لکھتے ہیں کہ جب شوہر اپنی خواہش پوری کر چکے تو اسے چاہیے کہ اپنی بیوی کو بھی اس بات کا موقعہ دے کہ وہ بھی اس سے اپنی خواہش پوری کر سکے، اس لیے کہ بسا اوقات عورت کو دیر سے انزال ہوتا ہے، اور وہ پوری جوش میں ہوتی ہے اس لیے ایسے موقعہ پر اس سے ہٹ جانا اس کی ایذاء کا ذریعہ بنتا ہے اور انزال میں

---

[1] یہ دونوں حدیثیں اگرچہ ضعیف ہیں لیکن معنی کے اعتبار سے بالکل درست ہیں اس لیے کہ بیوی کے ساتھ دل لگی اور بوس کنار کرنے میں اس کو مانوس کرنا، اور جنسی خواہش کو ابھارنا، اور نفسیاتی طور پر ہم بستری کے لیے آمادہ کرنا، اور ہمبستری میں لذت و کیف پیدا کرنا ہے۔

Marfat.com

میاں بیوی کا مختلف ہونا نفرت پیدا کرنے کا ذریعہ ہوتا ہے چاہے شوہر کو کتنی جلدی ہی انزال ہو جایا کرتا ہو، اور مرد و زن کا انزال میں ایک دوسرے کے ساتھ متحد ہونا عورت کے لیے نہایت لذت بخش ہوتا ہے[1]

۶ - اور جماع کے آداب میں یہ بھی داخل ہے کہ شوہر مندرجہ ذیل دعا مانگے، اس لیے کہ امام بخاری حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص جب اپنی بیوی کے پاس جائے تو اگر یہ دعا پڑھ لیا کرے:

((بسم اللہ ، اللّٰھم جنبنا الشیطان وجنب الشیطان ما رزقتنا)).

بسم اللہ، اے اللہ ہم کو شیطان سے بچا لے اور شیطان کو اس (اولاد) سے دور فرما دے جو آپ ہمیں عطا فرمائیں۔

تو اگر اللہ نے ان کے لیے اولاد لکھی ہوگی تو اس کو شیطان کبھی بھی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

۷ - بیوی سے جس کیفیت سے چاہے ہمبستری کر سکتا ہے بشرطیکہ یہ کام فرج (اگلے راستے) کے ذریعہ سے ہو۔ اس لیے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

((نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ)).

تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں سو جاؤ اپنی کھیتی میں جہاں سے چاہو۔

البقرہ - ۲۲۳

مطلب یہ ہے کہ اپنی بیویوں سے ہمبستری اسی راہ سے جہاں سے ولادت ہوتی ہے جس کیفیت سے چاہے کر سکتا ہے خواہ سامنے کی طرف سے ہو یا پیچھے کی طرف سے یا پہلو کے بل لیٹ کر۔

امام بخاری حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: یہود یہ کہا کرتے تھے کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے فرج (اگلے راستے) میں پیچھے کی طرف سے ہم بستری کرے تو لڑکا بھینگا پیدا ہوتا ہے اس پر آیت:

((نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ)).

تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں سو جاؤ اپنی کھیتی میں جہاں سے چاہو۔

البقرہ - ۲۲۳

نازل ہوئی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ چاہے پیچھے کی طرف سے کرو یا آگے کی طرف سے بشرطیکہ ہمبستری اگلے حصے فرج ہی میں ہو۔

جماع کی سب سے بہترین شکل اور طریقہ یہ ہے کہ مرد عورت کے اوپر آجائے، عورت چت لیٹی ہوئی ہو اور اس نے اپنی ٹانگیں کھڑی کی ہوئی ہوں، پھر مرد عورت کو اس کے ہاتھوں اور ٹانگوں کے درمیان جو جگہ رہے اس سے اپنی گرفت میں لے لے، حتیٰ کہ دونوں ایک دوسرے سے اپنی لذت و خواہش پوری کر لیں۔

جماع کا یہ طریقہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے اس بیان سے ماخوذ ہے جو انہوں نے ہمبستری کی معروف شکل

---

[1] ملاحظہ ہو کتاب احیاء علوم الدین (۲ - ۵۰) ہمبستری کے آداب کا باب۔

Marfat.com

بیان فرمائی تھی، اور یہ اس حدیث میں مذکور ہے جسے امام مسلم حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ انصار و مہاجرین کی ایک جماعت میں باہمی اختلاف ہوا، تو انصار نے کہا کہ غسل اس وقت تک واجب نہیں ہوگا جب تک کہ منی یعنی کودتا ہوا شہوت والا پانی نہ نکلے، اور مہاجرین نے کہا کہ نہیں بلکہ جب مرد و زن باہم اختلاط کرلیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔ حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا کہ میں تمہاری تسلی کرائے دیتا ہوں، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ سے اجازت چاہی تو انہوں نے مجھے اجازت دے دی۔ میں نے ان سے عرض کیا: اماں جان! میں آپ سے ایک مسئلہ پوچھنا چاہتا ہوں لیکن مجھے آپ سے وہ دریافت کرتے ہوئے شرم آرہی ہے۔ انہوں نے فرمایا: تم مجھ سے جو کچھ دریافت کرنا چاہتے ہو کرلو، جیسے تم اپنی حقیقی ماں سے بلا جھجک پوچھ لیتے ہو مجھ سے بھی پوچھ لو میں بھی تو تمہاری ماں کی طرح ہوں۔

میں نے عرض کیا کہ، غسل کس چیز سے واجب ہوتا ہے؟

انہوں نے فرمایا: تم نے صحیح خبر رکھنے والے سے پوچھا ہے، رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جب مرد عورت کے چاروں گوشوں (یعنی ہاتھوں اور پاؤں) کے درمیان بیٹھ جائے اور ختنے کی جگہ سے ختنے کی جگہ مل جائے تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔

۸۔ اور اگر ایک مرتبہ ہم بستری کے بعد دوبارہ پھر ہمبستری کی خواہش ہو تو مستحب یہ ہے کہ پہلے وضو کرے، اس لیے کہ دونوں ہم بستریوں کے درمیان وضو کرنے سے نشاط میں اضافہ ہو جاتا ہے، اس لیے کہ امام مسلم و ابوداؤد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی سے صحبت کرے، اور دوبارہ پھر وہی کام کرنا چاہے تو اسے چاہیے کہ وضو کرلے اس لیے کہ وضو کرنے سے دوبارہ صحبت کرنے میں زیادہ نشاط پیدا ہو جاتا ہے۔

اور اگر دونوں جماعوں کے درمیان غسل کرلیا جائے تو یہ اور زیادہ بہتر ہے۔ اس لیے کہ ابوداؤد و نسائی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ ایک روز آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سب ازواجِ مطہرات کے پاس تشریف لے گئے، اور ہر ایک کے یہاں غسل فرمایا، حدیث کے راوی حضرت ابورافع نے فرمایا کہ اے اللہ کے رسول آپ نے ایک مرتبہ ہی غسل کیوں نہیں کرلیا؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ زیادہ بہتر اچھا اور صفائی ستھرائی والا ہے۔

۹۔ میاں بیوی دونوں کے حق میں افضل یہ ہے کہ غسل کرنے میں جلدی کریں اور اگر سستی کی وجہ سے غسل نہ کرسکیں تو پھر مستحب یہ ہے کہ سونے سے قبل وضو کرکے سوئیں اس لیے کہ امام مسلم حضرت عبداللہ بن قیس رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا کہ جنابت کی صورت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے؟ کیا سونے سے قبل غسل کرلیا کرتے تھے یا غسل سے قبل ہی سو جایا کرتے تھے؟

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ارشاد فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں طرح کیا کرتے تھے، بسا اوقات غسل کرکے

Marfat.com

سویا کرتے تھے، اور بسا اوقات وضو کر کے سو جایا کرتے تھے، میں نے کہا خدا کا شکر ہے کہ اس نے اس معاملہ میں ہمارے لیے آسانی پیدا فرما دی۔

غسل زیادہ بہتر اس لیے ہے کہ جب ان کی صبح آنکھ کھلے گی تو سستی اور کسی مشقت کے بغیر نماز فجر جلدی ادا کرنا آسان ہو جائے گی خصوصاً سردی کے موسم میں اور جب نزلہ زکام اور سردی بھی ہو۔

۱۰ - میاں بیوی ایک غسل خانے میں ایک ساتھ بھی غسل کر سکتے ہیں، اس لیے کہ امام بخاری و مسلم حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کیا کرتے تھے جو آپ کے اور میرے درمیان رکھا ہوتا تھا، ہم دونوں کے ہاتھ ایک دوسرے کے ہاتھ سے اس برتن میں ٹکرایا کرتے تھے، آپ مجھ سے سبقت لے جایا کرتے تھے حتیٰ کہ میں یہ کہا کرتی تھی کہ میرے لیے بھی چھوڑ دیجیے، میرے لیے بھی چھوڑ دیجیے، حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ ہم دونوں حالتِ جنابت میں ہوا کرتے تھے۔

میاں بیوی دونوں عریاں ہو کر ایک ساتھ بھی غسل کر سکتے ہیں، لیکن ستر کو ڈھانکنا افضل ہے اس لیے کہ حدیث میں آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس بات کا زیادہ حقدار ہے کہ اس سے حیا کی جائے۔ یہ حدیث امام نسائی کے علاوہ اور ارباب سنن نے نقل کی ہے۔

میاں بیوی کے لیے مندرجہ ذیل ممنوع باتوں سے احتراز کرنا ضروری ہے:

۱۔ میاں بیوی کے لیے یہ قطعاً حرام ہے کہ وہ دوسروں کے سامنے آپس کی ہم بستری کی کیفیات زبان یا اشارے کنائے میں بیان کریں یا اس وقت پیش آنے والی کوئی حرکت یا بات نقل کریں، اس لیے کہ مسلم و ابوداؤد حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کے یہاں درجہ کے اعتبار سے سب سے بدتر آدمی وہ شخص ہوگا کہ جو اپنی بیوی سے ہم بستری کرے اور اس کی بیوی اس سے صحبت کرے پھر وہ شخص اس کے راز دوسروں کے سامنے بیان کرتا پھرے۔

اور امام احمد و ابوداؤد حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہمارے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی، پھر جب سلام پھیر چکے تو ہماری طرف متوجہ ہوئے اور ارشاد فرمایا: اپنی جگہ بیٹھے رہو، بتلاؤ کیا تم میں کوئی ایسا شخص ہے کہ جو اپنی بیوی کے پاس جاتا ہے اور دروازہ بند کر کے پردہ گرا کر ہم بستری کرتا ہے پھر باہر آ کر لوگوں کو یہ بتلاتا ہے کہ میں نے اپنی بیوی سے ایسا ایسا کیا؟ میں نے اپنی بیوی سے یہ یہ کیا؟ سب حاضرین خاموش رہے، پھر آپ عورتوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کیا تم میں کوئی ایسی عورت ہے جو اس قسم کی باتیں کرتی ہو؟ تو ایک لڑکی اپنے ایک گھٹنے کے بل کھڑی ہو کر اوپر کو ہو گئی تاکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسے دیکھ لیں اور اس کی بات سن لیں اور اس نے کہا:

بخدا مرد بھی ایسا کرتے ہیں اور عورتیں بھی ایسا کرتی ہیں، تو نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا: کہ کیا تم جانتے ہو ایسا کرنے والے کی مثال کیا ہے؟ ایسا کرنے والے کی مثال اس شیطان مرد و شیطان عورت کی طرح ہے کہ جو ایک دوسرے سے سرِ راہ ملا ہو اور اس نے لوگوں کے سامنے اس سے اپنی خواہش پوری کر لی ہو۔

۲۔ مرد کے لیے عورت کے پچھلے راستے میں صحبت کرنا حرام ہے، اس لیے کہ نسائی و ابن حبان سندِ جید کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی طرف نظرِ رحمت نہیں فرمائیں گے جو اپنی بیوی کے ساتھ پچھلے راستے میں صحبت کرے۔

اور ابن عدی و ابو داؤد و احمد نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص عورتوں سے پچھلے راستے میں صحبت کرتا ہے وہ ملعون ہے۔

اور اصحابِ سنن، ابو داؤد و ترمذی و ابنِ ماجہ سندِ صحیح کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص حائضہ عورت سے ہم بستری کرے یا عورت سے پچھلے راستے میں صحبت کرے یا کاہن و نجومی کے پاس جائے اور اس کی بات کو سچ سمجھے تو اس نے اس کی تکفیر کی جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا ہے۔

اور نسائی حضرت طاؤس رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو اپنی بیوی سے پچھلے راستے میں صحبت کرے تو انہوں نے فرمایا کہ یہ شخص مجھ سے کفر کے بارے میں سوال کر رہا ہے۔ یہ صحیح سند سے منقول ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ پچھلے راستے سے صحبت کرنا جسم و صحت کے لیے مضر اور اخلاق و شرافت کے خلاف ہے اور شذوذ و انحراف کی علامات میں سے ایک بڑی علامت ہے، اس گندی حرکت کے بارے میں ہم پوری تفصیل جسمانی تربیت کی ذمہ داری کی بحث میں پیش کر چکے ہیں، اس کا مطالعہ کیجیے ان شاء اللہ نہایت مفصل و تسلی بخش بحث پائیں گے۔

۳۔ حیض و نفاس کی حالت میں عورت سے ہم بستری کرنا حرام ہے اس لیے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

((فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ)) البقرہ-۲۲۲ سو تم حیض کے وقت عورتوں سے الگ رہو۔

اور اس سے قبل ہم وہ حدیث بھی ذکر کر چکے ہیں کہ جو شخص حائضہ عورت سے ہم بستری کرے تو اس نے اس کی تکفیر کی جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے۔

حالت نفاس میں عورت سے ہمبستری کرنے کی حرمت قیاس سے ثابت ہے یعنی نفاس کو حیض پر قیاس کیا گیا ہے اس لیے کہ دونوں کا سبب اور علت ایک ہی ہے اور یہ حرمت اجماعِ امت سے بھی ثابت ہے۔

گذشتہ بحث میں ہم یہ تذکرہ کر چکے ہیں کہ شوہر حیض و نفاس کی حالت میں اپنی بیوی کے ناف اور گھٹنوں کے

Marfat.com

درمیان کے حصہ سے لباس کے اوپر سے فائدہ اٹھاسکتا ہے، البتہ لباس کے نیچے اس جسم کے حصہ سے فائدہ اٹھانا درست نہیں ہے، اور اس جگہ سے فائدہ اٹھانے کی حرمت کی حکمت یہ ہے کہ نفسِ امارہ کو اس سے بچایا جاسکے کہ وہ شرعاً حرام اور مضرِ صحت حرکت میں گرفتار ہو جائے، اور بات یہ ہے کہ جیسے جو شخص چراگاہ کے اردگرد اپنے جانور چراتا ہے اس بات کا ڈر ہوتا ہے کہ جانور چراگاہ میں نہ گھس جائیں اسی طرح بغیر کپڑے کے اس جگہ سے فائدہ اٹھانے میں یہ ڈر ہے کہ انسان بے قابو ہو کر جماع نہ کر بیٹھے، اور مسلمان کو چاہیئے کہ اپنے دین وصحت کے معاملے میں محتاط رہے اور اپنے معاملات وتصرفات وکردار میں اس پہلو کو اختیار کرے جو زیادہ احتیاط، تقوٰی اور ورع کا ہو۔

طبی رو سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ حیض ونفاس کی حالت میں ہمبستری کرنا مندرجہ ذیل امراض پیدا کر دیتا ہے:

۱۔ عورت کے اعضاء تناسل میں درد اور بسا اوقات رحم وبچہ دانی وغیرہ اندرونی اعضاء میں التہاب پیدا ہو جاتا ہے، جس سے عورت کی صحت کو شدید نقصان پہنچتا ہے، اور بسا اوقات اس کا انجام یہ ہوتا ہے کہ بچہ دانی ضائع ہو جاتی ہے، اور عورت بانجھ ہو جاتی ہے۔

۲۔ مرد کے عضو تناسل میں حیض کے خون وغیرہ کسی فاسد مادے کا داخل ہو جانا کبھی سیلان کی طرح پیپ وغیرہ مواد جاری کر دیتا ہے اور سوزش پیدا کر دیتا ہے اور کبھی ان کا دائرۂ اثر خصیتین تک پہنچ جاتا ہے اور انہیں بھی نقصان پہنچاتا ہے جس کی وجہ سے مرد نامرد ہو جاتا ہے، اور اگر عورت کے خون میں آتشک کے جراثیم موجود ہوں تو مرد کو بھی آتشک ہو جاتا ہے۔

بہرحال حائضہ عورت سے ایامِ حیض میں صحبت کرنے سے کبھی ایسا ہوتا ہے کہ مرد اولاد پیدا کرنے کے قابل نہیں رہتا، اور کبھی عورت بانجھ ہو جاتی ہے، اور اس سے اعضاءِ تناسل میں سوزش والتہاب پیدا ہوتا ہے، اور صحت خراب ہو جاتی ہے جو بہت ہی بڑا نقصان ہے، اسی لیے تمام عالم کے اطباء اس بات پر متفق ہیں کہ عورت سے ان ایام میں قطعاً دور رہنا چاہیے، اور یہی حکم اللہ تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں نازل فرمایا ہے:

﴿ وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ ﴾[1] البقرہ-۲۲۲

اور آپ سے حیض کا حکم پوچھتے ہیں آپ کہہ دیجیے کہ وہ گندگی ہے۔ سو تم حیض کے وقت عورتوں سے الگ رہو۔

جو شخص اپنی بیوی سے حالتِ حیض یا نفاس میں ہمبستری کر بیٹھے تو اسے چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ سے اس گناہ کی معافی مانگے، اور سچی توبہ کرے، اور اپنے کیے پر نادم ہو، اور خوب توبہ واستغفار کرے، جمہورِ فقہاء کا اس بارے میں یہی مذہب ہے، البتہ

---

[1] ملاحظہ ہو تفسیر مراغی آیت ﴿ ویسألونك عن المحیض قل هو أذی ... ﴾ شیخ مراغی نے مندرجہ بالا نقصانات ومضر اثرات جدید دور کے بڑے بڑے اطباء سے نقل کیے ہیں۔

Marfat.com

حضرت ابن عباس وقتادہ واوزاعی واسحاق وامام احمد کی ایک دوسری روایت اور امام شافعی کا قدیم قول یہ ہے کہ ایسا شخص ایک دینار کے برابر یا آدھے دینار[1] کی مقدار صدقہ کرے، اور اس پورے یا آدھے درہم کے صدقہ کرنے میں اس شخص کی مالی حالت، مالداری وغربت کا خیال رکھا گیا ہے، یا خونِ حیض کے سرخ یا زرد ہونے پر مدار ہے، جیسا کہ اس حدیث میں مروی ہے جو اصحابِ سنن وطبرانی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ: ایک دینار یا آدھا دینار صدقہ کرے گا، اور ترمذی کی روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ اگر خون لال رنگ کا آرہا ہو تو ایک دینار صدقہ کرے گا، اور اگر خون زرد رنگ کا ہو تو آدھا دینار صدقہ دے گا۔

اطبا اہلِ علم واس فن کے ماہرین یہ نصیحت کرتے ہیں کہ:

۱۔ جنسی خواہش پوری کرنے اور ہمبستری کرنے میں اعتدال سے کام لینا چاہیئے، اور درمیانہ روی یہ ہے کہ ہر ہفتے میں یہ کام دو مرتبہ کیا جائے، ہاں خصوصی حالات یا طبعی آثار چڑھاؤ کے اعتبار سے انسان اس میں کمی یا زیادتی بھی کر سکتا ہے، لیکن اس میں زیادتی ہرگز نہیں کرنا چاہیئے اس لیے کہ اس سے جسم کو نقصان پہنچتا ہے، عقل کمزور ہو جاتی ہے، اور انسان بے ہمت ہو کر کام کاج کے قابل نہیں رہتا، اور اسلام نے انسان پر جو ذمہ داریاں عائد کی ہیں انہیں پورا نہیں کر پاتا۔

۲۔ پہلے چھیڑ چھاڑ دل لگی کرنا چاہیئے پھر جنسی فعل شروع کرنا چاہیے جیسا کہ اس سے قبل ذکر کیا جا چکا ہے۔

۳۔ مرد کو ہمبستری کے لئے مناسب وقت منتخب کر لینا چاہیے اس لئے کہ عورت حساس مزاج ہوتی ہے لہٰذا اگر مرد اس سے ایسے وقت میں صحبت کرے گا جو اس کی مرضی خلاف ہو یا اس وقت وہ بیمار یا تھکی ہوئی ہو تو یہ عورت کے ساتھ زبردستی ہوگی جس سے عداوت وبغض پیدا ہوگا اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ جدائی تک نوبت پہنچ جائے۔

۴۔ مرد کو عورت سے جدا ہونے سے قبل یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ عورت بھی پوری طرح سیر ہو گئی ہے اور اسکی لذت بھی پوری ہو گئی ہے یا نہیں جیسا کہ یہ مسئلہ بھی ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں۔

۵۔ ہم بستری بارہ مہینوں تمام اوقات وایام میں جائز ہے اور دن ورات ہر وقت کی جا سکتی ہے سوائے اس کے کہ مرد وعورت روزے دار ہوں یا عورت حیض ونفاس کی حالت میں ہو۔

لیکن سنت یہ ہے کہ ہم بستری جمعہ کی شب یا جمعہ کے دن کرنے چاہیے اس لئے کہ امام بخاری رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ جو شخص جمعے کے دن غسل جنابت کرے اور پھر نماز کو جائے تو وہ ایسا ہے کہ گویا اس نے اونٹ صدقہ کیا دوسری گھڑی میں جائے تو اس کو گائے کے برابر صدقہ کا ثواب ملتا ہے اور جو تیسری گھڑی میں جمعہ

---

[1] ایک دینار چاندی کے بارہ درہم کے برابر ہوتا ہے اور ایک درہم تین گرام کے مساوی ہے اور چاندی کا ایک گرام شامی سکے کے مطابق تقریباً ایک سو دس شامی قرش کے برابر ہے۔

Marfat.com

کے لیے جائے اسے سینگ دار مینڈھے کے برابر صدقہ کا ثواب ملتا ہے، اور جو چوتھی گھڑی میں جائے اسے مرغی کے برابر ثواب ملتا ہے، اور جو پانچویں گھڑی میں جائے اسے انڈے کے برابر ثواب ملتا ہے، پھر جب امام (خطبے کے لیے) نکل آئے تو فرشتے خطبہ و ذکر سننے کے لیے حاضر ہو جاتے ہیں۔

اور ابوداؤد و نسائی کی حدیث میں آتا ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن غسل پر مجبور کرے (یعنی بیوی سے ہمبستری کر کے اسے غسل پر مجبور کرے) اور خود بھی غسل کرے اور جلدی کرے اور نماز کے لیے اوّل وقت میں جائے اور سوار نہ ہو پیدل چل کر جائے اور امام کے قریب بیٹھے، اور غور سے سنے، اور لغوبات نہ کرے تو اسے ہر قدم اٹھانے پر ایک سال کے روزے اور کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔

۶۔ عورت کو چاہیے کہ مرد کے مزاج کا خیال رکھے اور مرد کے مزاج کو پہچانے اور جس وقت وہ جو زیب و زینت یا پیار کی باتیں یا ہم بستری چاہتا ہو، تو اس میں اس کی خواہش کا احترام کرے، اور ایسا کوئی کام نہ کرے جس سے اس کی دل شکنی ہو۔ لہٰذا اس کی اجازت کے بغیر نفل روزہ بھی نہیں رکھنا چاہیئے، چنانچہ امام بخاری و مسلم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ جب مرد اپنی بیوی کو اپنے بستر پر بلائے اور وہ اس کے پاس نہ جائے اور شوہر اس وجہ سے اس سے ناراض ہو کر رات گزارے تو صبح تک اس عورت پر فرشتے لعنت بھیجتے رہتے ہیں، اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ اس وقت تک لعنت بھیجتے رہتے ہیں جب تک اس کا شوہر اس سے راضی نہ ہو جائے۔

اور امام بخاری نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ کسی عورت کے لیے ایسی حالت میں (نفل) روزہ رکھنا جائز نہیں جبکہ اس کا شوہر حاضر ہو اور اس کے پاس موجود ہو، ہاں اس کی اجازت سے روزہ رکھ سکتی ہے۔

اسلامی نقطۂ نظر سے جنس سے متعلق یہ اہم پہلو ہیں، اور شریعتِ ربانیہ کے اعتبار سے جنسی ملاپ کے یہ امتیازی آداب ہیں اس لیے اے مربی صاحبان! آپ کو چاہیے کہ آپ یہ آداب و احکام اپنے بچوں کو اس عمر میں سکھائیں جس عمر میں وہ شادی کے لائق ہو جائیں، تاکہ جب وہ اس کی چوکھٹ پر قدم رکھیں اور اس کے ذریعہ سے اپنے آپ کو پاکباز بنالیں تو انہیں یہ معلوم ہو کہ ملاپ کس طرح ہوتا ہے؟ اور شادی کس طرح کی جاتی ہے؟

اللہ جل شانہ سے میری یہ دعا ہے کہ ہمارے نوجوانوں کو ایسی نیک صالح بیویاں میسر آئیں کہ جب ان میں سے کوئی اپنی بیوی پر نظر ڈالے تو وہ اس کو خوش کر دے، اور جب وہ اسے کسی بات کا حکم کرے تو وہ اس کی فرمانبرداری کرے، اور جب وہ اس کے پاس موجود نہ ہو تو وہ اپنی عزت و آبرو اور شوہر کے مال کی حفاظت کرے۔

Marfat.com

۶- جو لوگ شادی کی قدرت نہیں رکھتے انہیں پاکباز و پاکدامن رہنا چاہیئے[1]:

کوئی بھی دو فرد اس بات میں اختلاف نہیں کریں گے کہ مال دنیاوی خوش بختی و کامیابی کی بنیاد و زندگی کی اصل ہے. اگر مال موجود ہو تو اس سے ہر عقدہ حل ہو جاتا ہے اور ہر رکاوٹ دُور ہو جاتی ہے اور مقصود حاصل ہو جاتا ہے. اور کسی نے سچ کہا ہے:

إن الدراهم في المواطن كلها — تكسو الرجال مهابةً وجمالا
دراہم (روپیہ پیسہ) ہر جگہ — لوگوں کو رعب و دبدبہ اور حُسن و جمال بخشتے ہیں

فهي اللسان لمن أراد فصاحةً — وهي السلاح لمن أراد قتالا
جو شخص فصاحت کا اظہار کرنا چاہے اس کیلیے زبان بھی یہی ہے — اور جو لڑنا چاہے اس کے لیے ہتھیار بھی یہی ہے

بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ جہاں مال ہی کو سب کچھ سمجھا جاتا ہو ایسے معاشرے میں ایک صاحب علم و اخلاق موجود ہوتا ہے لیکن نہ کوئی اس کی پرواہ کرتا ہے، نہ کوئی اس کو اہمیت دیتا ہے، اس لیے کہ وہ خستہ حال اور تنگ دست ہے، علم و فضل میں وہ خواہ امام الحرمین اور عالم ثقلین ہی کیوں نہ ہو. اللہ خوش رکھے مندرجہ ذیل شعر کہنے والے کو:

فصاحة حسان وخط ابن مقلة — وحكمة لقمان وزهد ابن أدهم
حضرت حسان کی فصاحت اور ابن مقلہ کی تحریر — اور حضرت لقمان کی حکمت و ابن ادھم کا زہد و تقوی

إذا اجتمعت في المرء والمرء مفلس — ونودي عليه لا يباع بدرهم
یہ سب چیزیں بھی اگر کسی شخص میں جمع ہو جائیں لیکن وہ ہو قلاش و مفلس — اور اس کی فروختگی کا اعلان کر دیا جائے تو ایک درہم کا بھی نہ بکے

وہ شعراء جنہوں نے جاہل معاشرے میں مال و دولت کو ترجیح دینے، اور اسی کو سب کچھ سمجھنے کا نقشہ کھینچا ہے انہوں نے بالکل بجا اور درست فرمایا ہے کہ:

تموت الأسد جوعًا في البرايا — ولحم الطير ملقى للكلاب
جنگلوں میں شیر بھوک کی وجہ سے مرتے ہیں — اور پرندوں کا گوشت کتوں کے لئے پڑا رہتا ہے

---

[1] یہ بحث کچھ تصرف و اختصار کے ساتھ ہماری کتاب "شادی کی مشکلات" کے دوسرے ایڈیشن کے صفحہ ۱۵۳ سے فصل کے آخر تک سے منقول ہے میں نے اس کو یہاں نقل کرنا اس لیے مناسب سمجھا کہ اس کا جنسی تربیت سے ارتباط ہے۔ اور اس موضوع پر ہم اس وقت بحث بھی کر رہے ہیں. اس بحث کے ساتھ اس تعلق کا اندازہ آپ کو یہ مضمون پڑھ کر خود ہی ہو جائے گا۔

Marfat.com

وذو جهل ينام على حرير　　وذو علم ينام على التراب

جاہل ریشم کے بچھونے پر سوتا ہے　　اور عالم زمین پر سوتا ہے

جیسا کہ شاہد ہے کہ مال ہی طاقت وقوت کی بنیاد اور زندگی کی سیڑھی پر چڑھنے کا ذریعہ ہے اور منزل مقصود تک پہنچنے کا یہی بنیادی ذریعہ ہے اور جاہلوں اور بے وقوفوں کے یہاں سب کچھ یہی ہے۔

لیکن آپ ہی بتلایئے کہ اگر نوجوان شادی کرنا چاہیں اور ان کے پاس مال موجود نہ ہو تو وہ کیا کریں؟ اور اگر ان کے ساتھ رہنے اٹھنے والے ان کا ہاتھ نہ بٹائیں اور ان پر رحم نہ کھائیں تو اس وقت وہ کیا کریں گے؟

وہ تو شادی کر کے اپنے آپ کو پاک باز و پاکدامن بنانا چاہتے ہیں لیکن اس تک پہنچنے کی ان کے پاس کوئی سبیل و راستہ نہیں ہے

وہ چاہتے ہیں کہ جنسی جذبات وخواہشات کو مقدس و پاکیزہ ذریعے سے پورا کریں لیکن ان کے اس عزم کو پورا کرنے کے درمیان بہت سی رکاوٹیں اور دیواریں حائل ہو جاتی ہیں۔[1]

وہ چاہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نوجوانوں کو شادی کی جو دعوت دی ہے اس پر لبیک کہیں، لیکن ان کے پاس مال موجود نہیں ہے اور وہ ایسا معاشرہ نہیں پاتے جس میں انسان پر انسان رحم کھاتا ہو۔

اس لیے ان کو پاکدامن رکھنے اور جنسی خواہش کی سرکشی و بے تابی سے روکنے کا کیا ذریعہ و طریقہ ہونا چاہیے؟

اس کا راستہ یہ ہے کہ وہ پاکدامن رہنے اور اپنے نفس کو کنٹرول کرنے کے لئے قرآن کریم کی نداء اور دعوت پر لبیک کہیں ان کی نفوس کی اصلاح کا یہی طریقہ اور پاکدامن رہنے کا یہی ایک راستہ اور نفس امارہ کے دام وفریب سے بچنے کی یہی ایک سبیل ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔

اور جن لوگوں کو نکاح کا مقدور نہیں انہیں چاہیے کہ ضبط سے کام لیں یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی کر دے۔

عفت و پاکبازی کی یہ قرآنی دعوت ایک نہایت عمدہ نفسیاتی تربیت ہے جو نوجوانوں کی نفوس قوت ارادی کو

---

[1] ملاحظہ فرمائیں ہمارے کتاب "شادی کی مشکلات اور اسلام کی روشنی میں ان کا حل" انشاء اللہ اس سلسلے میں پیش آنے والی ہر رکاوٹ پر نہایت کامیاب اسلامی علاج آپ اس میں موجود پائیں گے اور وہ آپ کو پسند بھی آئی گی اور اس کے مطابق عمل بھی کریں۔

مضبوط اور ان کے قلوب میں عزم کو راسخ کر دیتی ہے، اور ان کو فرشتہ نما انسان بنا دیتی ہے، اور اس کو سکون و قرار بخشتی ہے۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ نوجوانوں کو پاکدامنی و عفت کی چوٹی تک پہنچانے کے لیے اسلام نے کیا نظام مقرر کیا ہے؟ محترم مربی صاحبان! اس نظام کے اصول ہم "مشت زنی کا علاج و اس کی بیخ کنی[1]" کی بحث کے ضمن میں اس کتاب کی فصلِ ثالث میں ذکر کر چکے ہیں۔

اور لیجیے اب ہم آپ کے سامنے اس نظام اور اس طریقے کے تفصیلی عنوان پیش کرتے ہیں، ساتھ ہی اس بحث کو مکمل کرنے کے لیے جو بھی نئے اضافے ہو سکے وہ بھی پیش ہیں، سیدھی راہ دکھانا اللہ ہی کا کام ہے۔

تفصیلی عنوان درجِ ذیل ترتیب کے مطابق ہیں:

۱۔ چھوٹی عمر میں شادی کرنا۔
۲۔ مستقل نفل روزے رکھنا۔
۳۔ جنسی جذبات بھڑکانے والی چیزوں سے دُور رہنا۔
۴۔ فارغ وقت کو مفید مشغلے میں صرف کرنا۔
۵۔ اچھی صحبت اختیار کرنا۔
۶۔ طبی معلومات حاصل کرنا۔
۷۔ اللہ تعالیٰ کے خوف و ڈر کو مدِ نظر رکھنا۔

اس موضوع کو مکمل کرنے کے لیے جو نیا اضافہ کیا گیا ہے وہ دو نقطوں میں منحصر ہے:

۱۔ ممنوع و حرام چیزوں سے نگاہ کو پست رکھنا (نامحرموں کو نہ دیکھنا)۔
۲۔ دینی دافع اور رکاوٹ کو مضبوط بنانا، یعنی ایسا جذبۂ دینی پیدا کرنا جو محرمات سے بچنے پر مجبور کر دے۔

رہا محرمات سے نگاہ کو پست رکھنا اور نامحرموں کی طرف نہ دیکھنا تو اس سلسلہ میں تفصیلی بحث "دیکھنے کے آداب" کے ضمن میں گزر چکی ہے۔

لیکن میں ایک مرتبہ پھر قارئین کرام کی توجہ ان خطرات کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جو بدنظری سے پیدا ہوتے ہیں تاکہ مربی ہمیشہ ان کو یاد رکھے اور ذہن نشین کر لے:

اس میں کسی کو بھی کلام نہیں ہے کہ اجنبی عورت کی طرف دیکھنا شیطان کے تیروں میں سے ایک تیر ہے، جو شخص بھی اللہ کے خوف کی وجہ سے اس سے بچے گا اللہ تعالیٰ اس کے بدلے اس میں ایسا ایمان پیدا کر دے گا جس کی حلاوت اس کو اپنے دل میں محسوس ہوگی۔

---

[1] یہ بحث آپ اس کتاب کے صہ پر ملاحظہ فرمائیے۔

Marfat.com

بلاشبہ ایک مرتبہ نگاہ ڈال کر پھر دوبارہ اس طرف دیکھنے سے عورت یا مرد کی طرف جنسی کشش اور میلان ہوتا ہے اور اس کشش کے بعد مسکراہٹ کا اظہار ہوتا ہے، مسکراہٹ کے بعد بات سلام تک پہنچتی ہے، اور سلام کے بعد بات چیت شروع ہوتی ہے، اور بات چیت کے بعد دوبارہ ملاقات کا وعدہ اور وقت طے ہوتا ہے، اور پھر دوبارہ ملاقات لامحالہ ایسے انجام تک پہنچا دیتی ہے جس کے نتائج کسی کے حق میں بھی اچھے نہیں ہوتے۔

اور بہت پہلے ہی شاعر کہہ چکا ہے:

كل الحوادث مبداها من النظر — ومعظم النار من مستصغر الشرر

تمام حادثات کی ابتداء نظر و دیکھنے سے ہی ہوتی ہے — اور عام طور سے بڑی آگ چھوٹی سی چنگاری ہی سے لگتی ہے

اور آج کل کے دور کا شاعر کہتا ہے:

نظرة فابتسامة فسلام — فكلام فموعد فلقاء

پہلے دیکھنا ہوتا ہے پھر مسکرانا اور پھر سلام — پھر بات چیت پھر وعدہ اور پھر ملاقات ہو جاتی ہے

اجنبی عورت کی طرف دیکھنے کا یہ نقصان ہی بہت بڑا ہے کہ اس کی وجہ سے انسان صحیح سوچ سے محروم اور بہت سے فرائض اور واجبات سے غافل ہو جاتا ہے، اور اس کی وجہ سے قوم میں گندگی و آزادی اور بے راہ روی پیدا ہوتی ہے اور پھر گندے بے راہ رو آوارہ نوجوان لہو و لعب پرست نوجوان بن جاتے ہیں، جن کا نہ کوئی مقصد زندگی ہوتا ہے نہ کوئی غایت و غرض اور مقصود[1] بلکہ ایسے لوگ امن و استحکام کے لیے خطرناک ثابت ہوتے ہیں، اور اخلاق و شرافت کے لیے ہر نما داغ بن جاتے ہیں۔

اس وجہ سے قرآن کریم نے مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کو نگاہ کے جھکانے اور شرمگاہوں کی حفاظت کا حکم دیا ہے، اور اللہ تبارک و تعالیٰ سورۂ نور میں ارشاد فرماتے ہیں:

((قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ۭ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ)).

آپ ایمان والوں سے کہہ دیجیے کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں، یہ ان کے حق میں زیادہ صفائی کی بات ہے، بے شک اللہ کو سب کچھ خبر ہے جو کچھ لوگ کیا کرتے ہیں۔ اور آپ کہہ دیجیے ایمان والیوں سے کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور شرمگاہوں کی حفاظت رکھیں۔

النور۔ ۳۰

---

[1] ہمارا کتابچہ "ہر ایسے باپ کے لیے جو مؤمن و غیرت مند ہو" ملاحظہ فرمائیے، اس میں اجنبی عورتوں کی طرف دیکھنے اور میل و جول و اختلاط کی حرمت کی حکمت پر تشفی بخش بحث ملے گی۔

Marfat.com

عفت و پاکدامنی کی چوٹی اور عزت و شرافت کی بلندی پر پہنچنے کی اصل تدبیر اور علاج وحید ہی یہ ہے کہ محرمات سے نگاہ کو بچایا جائے اور عقل مندوں کو اس سے عبرت حاصل کر لینا چاہیئے۔

دینی دافع اور روک ٹوک کے جذبہ کو مضبوط کرنا: اس سلسلہ میں اس کتاب میں بہت سے مقامات پر ہم ایسے وسائل و اسباب ذکر کر چکے ہیں جو بچے میں عقیدۂ ربانیہ پیدا کریں، اور ان تدریجی مراحل کو بتلا چکے ہیں جو بچے میں ایمانی تربیت کے راسخ کرنے کا ذریعہ بنتے ہیں، تاکہ جب بچہ بلوغ کی عمر کے قریب پہنچے اور بالغ ہونے والا ہو اور جوانی کی چوکھٹ پر قدم رکھے تو اس کی حالت درست ہو اور اخلاق شاندار ہوں اور وہ روئے زمین پر چلنے والا ایک فرشتہ نما انسان ہو، یا لوگوں سے منقطع ایک ایسا عابد جوان کے ساتھ ساتھ چل رہا ہو۔

یہ بات کھلی ہوئی ہے کہ بچے کا عقیدۂ ربانیہ سے ارتباط اور ظاہر و باطن، کھلم کھلا و پوشیدہ دونوں حالتوں میں اللہ کے دیکھنے والا ہونے کے یقین پیدا کرنے کی تربیت، اور علم و ذکر کی مجلسوں میں حاضری، اور فرض نمازوں اور نوافل پر مداومت، اور قرآنِ کریم کی تلاوت پر باقاعدگی، اور جب راتوں کو لوگ سوتے ہوتے ہوں تہجد کی عادت، اور نفل روزے رکھنا، اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم و سلفِ صالحین رحمہم اللہ تعالیٰ کے حالات کا سننا، اور موت اور اس کے بعد پیش آنے والی چیزوں کو یاد کرنا، اور اچھے ساتھیوں اور مؤمن لوگوں سے میل جول رکھنا، یہ تمام وہ چیزیں ہیں کہ اگر نوجوان ان پر عمل پیرا ہو جائے تو اس میں دینی طور سے ایک دافع اور روکنے والی چیز پیدا ہو جائے گی، اور وہ گندگی اور خرابی کی جگہوں سے الگ تھلگ رہے گا، اور آزادی و بے راہ روی سے دور ہوگا، اور پاکدامنی کی معراج اور بلندی کی چوٹی پر پہنچا ہوا ہوگا۔

اے نوجوانو آپ لوگوں کے لیے پاکدامنی اور شرافت و کمال کے دو نمونے پیش کیے جا رہے ہیں تاکہ ان کی اقتداء و پیروی کی جا سکے:

۱۔ (حضرت یوسف علیہ السلام نوجوان ہیں ——— اور جوانی کی ابتداء، اور قوتِ مردانگی میں کمال کو پہنچے ہوئے ہیں، ان کی جوانی قابلِ رشک ہے، ایک منصب و مرتبہ اور حسن و جمال والی عورت ان کو اپنی طرف دعوت دیتی ہے، تمام دروازے بند ہیں، اور ملاپ کے راستے موجود و آسان ہیں، جیسا کہ خود قرآنِ کریم بیان کرتا ہے:

((وَرَاوَدَتْهُ الَّتِي هُوَ فِي بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَ غَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ)) ۔ یوسف - ۲۳

اور پھسلایا ان کو اسی عورت نے جس کے گھر میں تھے اپنا جی تھا منے سے اور دروازے بند کر دیے اور بولی جلدی کر۔

لیکن اس بہکانے اور ایسے خطرناک شعلۂ جوالہ فتنہ سامانی کے سامنے جو نگاہوں کو خیرہ کر دے حضرت یوسف علیہ السلام نے کیا موقف اختیار کیا؟

کیا انہوں نے ہتھیار ڈال دیے اور اس کی اطاعت کی، اور اس آبرو کے بارے میں خیانت کی جس کے سلسلہ میں ان

کو امین سمجھا گیا تھا؟ ہرگز نہیں ایسا نہیں ہوا بلکہ انہوں نے فرمایا:

«مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّیْٓ اَحْسَنَ مَثْوَایَ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝» یوسف-۲۳

خدا کی پناہ وہ عزیز میرا مالک ہے مجھ کو اچھی طرح رکھا۔ بے شک جو لوگ ناانصاف ہوں بھلائی نہیں پاتے۔

عزیز کی بیوی نے اپنی تمام تر مکاری، عیاری، وچالبازی استعمال کرلی اور بہکانے وپھسلانے کی تمام تدبیریں اختیار کرلیں، اور ان کو رام کرنے کے لیے ڈرانے دھمکانے سے بھی کام لیا، اور ان کی سختی کو ختم کرنے اور ان کو نرم کرنے کے لیے تمام حربے آزمالیے اور نہایت تنگ دلی اور غصے سے دوسری عورتوں کے سامنے کہا:

«وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ؕ وَلَئِنْ لَّمْ یَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَیُسْجَنَنَّ وَلَیَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِیْنَ ۝». یوسف-۳۲

اور میں نے اس سے اس کا جی لینا چاہا تھا لیکن وہ بچ گئے اور بے شک اگر نہ کرے گا جو میں اس کو کہتی ہوں تو قید میں پڑے گا اور بے عزت ہوگا۔

لیکن نوجوان حضرت یوسف علیہ السلام کلی طور پر خدا کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور عصمت وپاکدامنی کی دعا اور اس کے طالب ہوتے ہوئے فرماتے ہیں:

«قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا یَدْعُوْنَنِیْٓ اِلَیْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّیْ كَیْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَیْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِیْنَ ۝».

اے رب مجھ کو قید پسند ہے اس بات سے جس کی طرف مجھ کو بلاتی ہیں۔ اور اگر آپ مجھ سے ان کا فریب دور نہ فرمائیں گے تو میں ان کی طرف مائل ہوجاؤں گا اور بے عقل ہوجاؤں گا۔

یوسف-۳۳

ایک مؤمن کے ضمیر اور خوفِ خداوندی اور گناہوں کی طرف مائل کرنے والی چیزوں کے درمیان ایک عظیم امتحان وفتنہ تھا لیکن وہ حشر سامانیاں وجذبات بھڑکانے والی چیزیں ناکام ہوگئیں اور ایمان کو فتح ونصرت حاصل ہوئی[1]۔

۲۔ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے زمانے میں ایک عورت کا شوہر جہاد پر چلا گیا اور ایک طویل عرصے تک واپس نہ لوٹا، عورت کو اس کی جدائی سے بہت وحشت ہوئی اور وہ تنہائی سے اکتا گئی، اور اس کی رگوں میں عورت کا خون جوش مارنے لگا۔ اور اس میں خواہش کی آگ بھڑکنے لگی۔ اور اس کو گناہ کے ارتکاب سے ایمان اور اللہ کے حاضر وناظر ہونے کے عقیدے کے علاوہ اور کوئی چیز روکنے والی نہیں تھی۔ ایک تاریک رات میں حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے سنا کہ وہ درج ذیل اشعار پڑھ رہی ہے:

لقد طال هذا الليل واسود جانبه ۔۔۔ وأرقني أن لا حبيب ألاعبه

یہ رات نہایت طویل ہوگئی اور اس کے کنارے سیاہ ہوگئے ۔۔۔ اور مجھے اس بات نے بے خواب کردیا کہ میرا کوئی دوست نہیں جس سے میں دل لگی کروں

[1] ماخذہ ڈاکٹر مصطفےٰ عبدالواحد کی کتاب "اسلام اور جنسی مشکلات"۔

Marfat.com

فواللہ لولا اللہ تخشی عواقبہ — لحرك من هذا السرير جوانبه

بخدا اگر اللہ کی گرفت وانجام کا خوف نہ ہوتا — تو اس پلنگ کے کنارے تک ہل جاتے

دوسرے دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنی صاحبزادی ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے اور ان سے پوچھا کہ اگر کسی عورت کا شوہر موجود نہ ہو تو وہ کتنے دن تک صبر وضبط کر سکتی ہے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ چار مہینے. تو خلیفۂ راشد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے ان قائدینِ جنگ کو جو مختلف اطراف میں جنگ کر رہے تھے یہ پیغام بھیجا کہ کسی فوجی کو چار ماہ سے زیادہ اس کی بیوی کے پاس جانے سے نہ روکیں۔

یہ مؤمن عورت جو اللہ کے خوف کو محسوس کر رہی تھی اس کے اس احساس اور گناہ و بدکاری کی طرف دھکیلنے والے جذبات کے درمیان آزمائش وامتحان تھا، اس نے ان جذبات کو دبا لیا اور قوتِ ایمانی غالب آگئی۔

نوجوان مسلمان کے عفت و بلندی کی چوٹی تک پہنچنے کے منہج وراستے کے لیے یہ اہم اصول وقاعدے ہیں اور بلاشبہ اگر نوجوان آدمی اس طریقے کے ان اصولوں کو اپنا لے اور اس کے ضابطوں کے مطابق نہایت اہتمام وباریکی سے چلتا رہے، اور خوب مضبوطی سے انہیں تھامے رہے، تو وہ دنیا کی زندگی میں تمام شیطانی وسوسوں اور نفسیاتی خواہشات پر فتح حاصل کر سکتا ہے، اور اس کے پہلو میں خواہشات وجذبات اور ان کی طرف متوجہ کرنے کے جو دوافع موجود ہیں ان پر غالب آسکتا ہے. بلکہ وہ اخلاق میں انبیاء کی طرح، اور پاکیزگی میں فرشتوں کی طرح، اور پاکدامنی میں سلفِ صالحین کی طرح بن سکتا ہے، حتیٰ کہ وہ وقت آجائے جب اسے اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے بے نیاز بنا دے، اور اس پر کمائی وروزی کے دروازے کھول دے، اور یاد رکھیے اللہ تعالیٰ ہمیشہ متقی ونیک لوگوں کی سرپرستی کرتے ہیں، اور ان کے لیے ہر غم سے چھٹکارے کا راستہ اور ہر تکلیف سے نجات کی سبیل پیدا کر دیتے ہیں، اس لیے کہ خود اللہ تعالیٰ قرآنِ کریم میں ارشاد فرماتے ہیں:

((وَمَنْ يَتَّقِ اللهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا ۝ وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ)).

الطلاق - ۲و۳

اور جو کوئی اللہ سے ڈرتا ہے: اللہ اس کے لیے کشائش پیدا کر دیتا ہے. اور اسے ایسی جگہ سے رزق پہنچاتا ہے جہاں سے اسے وہم وگمان بھی نہیں ہوتا۔

نیز فرماتے ہیں:

((وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ نِكَاحًا حَتَّىٰ يُغْنِيَهُمُ اللهُ مِنْ فَضْلِهِ)).

النور - ۳۳

اور جن لوگوں کو نکاح کا مقدور نہیں انہیں چاہیے کہ ضبط سے کام لیں یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی کر دے۔

یہ پاکبازی وبلند نفسی اپنے نفس کو مارنے ودبانے میں داخل نہیں ہے جیسا کہ بعض لوگوں کا خیال ہے، اس لیے کہ علماءِ نفس

Marfat.com

وتربیت یہ کہتے ہیں کہ نفس کو مارنا ودبانا یہ ہے کہ انسان جنسی فعل کو برا سمجھے، اور جو ایسا کرتا ہو خواہ وہ شرعی طریقے شادی کے ذریعہ کیوں نہ ہو اسے گناہگار قرار دے، اسی کو رہبانیت کہتے ہیں، اور ہم اس سلسلہ میں ایک مخصوص بحث "شادی وجنسی ملاپ" کے عنوان سے پیش کر چکے ہیں۔

محترم مربی صاحبان! آپ نے مشاہدہ کر لیا ہے کہ اسلام شادی نہ کرنے کی کس قدر شدید مذمت کرتا ہے، اور رہبانیت سے کس طرح نفرت دلاتا ہے؛ اور انسانی فطرت کی آواز پر لبیک کہنے اور خواہشات کو پورا کرنے کے لیے اسلام نے شادی کو کس طرح سے مشروع وجائز قرار دیا، پھر بھلا نفس کو دبانا ومارنا کہاں کا ہوا، اصلی وواقعی اسلام یہ ہے جسے ہم نے پیش کیا۔

(لہٰذا اگر نوجوان آدمی میں جنسی خواہش بیدار ہو، اور انسان اسے محسوس کرے، تو اسلام یہ نہیں کہتا کہ اسے استغفار پڑھنا چاہیئے، یہ احساس آنا ہی برا ہے، اس لیے کہ اسلام نے صراحۃً یہ بتلایا ہے کہ یہ خواہش پیدا ہونا ایک فطری امر ہے، اس میں نہ کوئی برائی کی بات ہے اور نہ اعتراض کی۔

اور ایسے موقعہ پر وہ اس کا پابند نہیں ہے کہ اس رغبت کے احساس کو ہی ختم کر ڈالے، تاکہ وہ دوسروں اور خود اپنی نگاہ میں بھی پاک صاف رہے... اور نہ اس بات کا محتاج ہے کہ جیسے ہی یہ خیال آئے تو وہ اپنے آپ کو گناہگار سمجھنے لگے اس لیے اس حقیقت کے جاننے کے بعد تمام وہ نفسیاتی واعصابی اضطرابات ختم ہو جانا چاہیئں جو گناہ کے احساس سے پیدا ہوتے ہیں، اور جو بعض حالات میں مجرمانہ قدم اٹھانے پر مجبور کر دیتے ہیں۔

لیکن ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ اسلام نے کسی فرد کے لیے یہ جائز قرار نہیں دیا ہے کہ وہ اس فطری آواز پر جیسے بھی ممکن ہو لبیک کہے اور اسے پورا کرے، بلکہ اسلام نے اس کے لیے کچھ شرعی حدود دائرے مقرر کیے ہیں جن کے اندر رہتے ہوئے اس کا پورا کرنا جائز ہو جاتا ہے، اور ان سے باہر نکل کر ان کا پورا کرنا حرام وناجائز قرار پاتا ہے۔

یہ صحیح ہے، لیکن یہ الگ چیز ہے اور نفس کو مارنا ودبانا الگ چیز ہے، یہ حرام قرار دینا اس لیے ہے کہ اس کے بعد ایسی حدود ہیں جن سے اسی نشاط کو منظم کر دیا جاتا ہے، لیکن اس کی بیخ کنی نہیں کی جاتی، اور اگر انسان کے دل میں اس کا خیال کسی بھی لمحہ آجائے تو اسے حرام بھی نہیں قرار دیا جاتا...[1])

یہ بالکل صحیح بات ہے کہ نفس کو مارنے کا جو اسلامی تربیت میں کہیں وجود نہیں پایا جاتا لہٰذا اگر کوئی شخص غیر شادی شدہ ہے اور اس پر شہوت کا غلبہ ہو جائے، اور اس پر جنسی جذبات غالب آجائیں، اور وہ یہ سمجھنے لگے کہ وہ بدکاری میں گرفتار ہو جائے گا، تو ایسی صورت میں اس کے لیے شرعاً یہ جائز ہے کہ وہ استمناء بالید کے ذریعہ اپنی خواہش کو پورا کرے، تاکہ جوش ٹھنڈا پڑ جائے، اس لیے کہ اصول کا ایک قاعدہ ہے کہ انسان اس ضرر ونقصان کو برداشت کر لے، جس میں نقصان کم ہو، اور دو شر

---

[1] ملاحظہ ہو ڈاکٹر مصطفیٰ عبدالواحد کی کتاب "اسلام اور جنسی مشکلات"۔

اور خرابیوں اور برائیوں میں سے کم برائی اور شر کو کرے۔

اسی لیے فقہاء لکھتے ہیں کہ ہاتھ کے ذریعہ منی نکالنے کا مقصد اگر جنسی جذبات وخواہشات کو ابھارنا ہو تو یہ حرام ہے لیکن اگر کسی شخص پر شہوت کا اس قدر غلبہ ہو جائے کہ وہ بے قابو ہو جائے اور سکونِ قلب ختم ہو جائے، اور اس جنسی خواہش کی وجہ سے بدکاری میں گرفتار ہو جانے کا ڈر ہو جائے، اور ان جذبات کی تسکین کے لیے سوائے ہاتھ سے منی نکالنے (استمناء بالید) کے اور کوئی طریقہ میسر نہ ہو تو ایسا کرنا جائز ہے، اور اس کی گنجائش ہے کہ ایسا کرنے والا برابر برابر چھوٹ جائے اور اس کا نہ مؤاخذہ ہو اور نہ اس پر گناہ ہو، اور نہ اس کو ثواب ملے نہ سزا۔[1]

اس لیے جو لوگ اسلام پر یہ الزام لگاتے ہیں کہ اسلام نفس کو مارنے اور رہبانیت کا دین ہے اور اسلام جنس و جنسیات کو گندا و ناپسند و مکروہ فعل سمجھتا ہے ان کی زبان بند ہو جانا چاہیئے، جیسا کہ آپ نے بچشم خود مشاہدہ کر لیا کہ اسلام کے روشن و ابدی قوانین و اصولوں میں اس دعوٰی کی کوئی اصل و بنیاد نہیں ہے۔

اور خاتمہ میں:

میں عظیم محرر و مصنف استاذ علی طنطاوی کا ایک مضمون نقل کرتا ہوں جو نوجوانوں کے لیے موجودہ اسلامی سمجھ بوجھ کی ایک شاندار تصویر کشی کرتا ہے اور یہ سمجھدار و صاحبِ بصیرت آدمی کے لیے ایک یکتا و منفرد نمونہ اور ایسا تشفی بخش کلام ہے جو نہایت حکمت اور عمدہ طریقے سے حق کی طرف دعوت دیتا ہے۔

محترم استاذ طنطاوی اپنے ایک خط میں لکھتے ہیں: اے میرے بیٹے:

(تم مجھے بہت تردد اور حیاء و شرم سے کیوں لکھتے ہو؟

تم یہ سمجھتے ہو کہ تم ہی وہ ایک اکیلے آدمی ہو جو اپنے اعصاب میں شہوت و خواہشات کی آگ بھڑکتی ہوئی پا رہا ہے اور تمام لوگوں میں سے تم ہی ایک اکیلے ہو جو اس میں مبتلا ہوا ہے؟!

نہیں میرے بیٹے! ہرگز نہیں، اپنے اوپر ذرا مہربانی کرو، اس لیے کہ جس بیماری کا تم شکوہ کر رہے ہو وہ صرف تمہاری ہی بیماری نہیں ہے یہ تو تمام نوجوانوں کی بیماری ہے، اور تمہارے وہ خیالات جنہوں نے تمہیں سترہ سال کی عمر ہی میں بے خواب کر دیا ہے یہ تمہاری ہی خصوصیت نہیں، اس لیے کہ انہوں نے تمہارے علاوہ اور بہت سے چھوٹے اور بڑوں کو بے خواب بنایا ہے، اور ان کی آنکھوں سے لذیز ترین نیند کو چھین لیا ہے، اور کتنے ہی طلبہ کو تعلیم و اسباق سے، اور کاریگروں کو کام کاج

---

[1] یہ فقہی عبارت مرحوم علامہ شیخ محمد الحامد کی کتاب "ردود علی اباطیل" (ص۔۴۲) سے لی گئی ہے۔ اور اس کو اس سے قبل اس کتاب میں "سری عادت کا حکم" والی بحث کے ضمن میں بھی ذکر کر چکے ہیں۔

Marfat.com

اور تاجروں کو تجارت سے نکال دیا ہے۔

وہ ایام وسال جو شہوت وجسمانی اضطراب اور جنسی خواہشات کے بھڑکنے وجوش مارنے کے اعتبار سے عمر کے سخت ترین سال ہوتے ہیں ان میں جوانوں کو کیا کرنا چاہیئے؛ جوان کیا کرے کیا نہ کرے یہ اس کی سب سے بڑی مشکل اور پریشانی ہے۔

اللہ نے جو طریقہ رائج کیا ہے اور جو انسانی طبیعت ہے وہ تو اسے یہ کہتی ہے کہ شادی کر لو۔

لیکن معاشرے کے حالات واوضاع اور تعلیم کے اسلوب اس سے یہ کہتے ہیں کہ تم ان تین باتوں میں سے کسی ایک کو اختیار کر لو جو سب کی سب ہی شر اور بری ہیں لیکن یاد رکھو چوتھی بات کے بارے میں ہرگز بھی نہ سوچنا جو خیر ہی خیر ہے اور وہ شادی ہے۔

۱- یا تو اپنی نفس وجذبات کے سیلاب اور شہوت کے خوابوں میں مست ہو جاؤ اور انہی میں پڑے رہو، اور ہر وقت اسی میں مست رہو اور ان خیالات کو فحش قصوں، گندی فلموں، اور ننگی تصویروں سے غذا پہنچاتے رہو، تاکہ تمہارے نفس و دل میں وہی رچ بس جائیں، کان وآنکھ کے سامنے وہی وہ ہوں، تم جہاں نگاہ ڈالو تمہیں حسین وجمیل خوبصورت حسینائیں ہی نظر آئیں، اگر کتاب کھولو تو وہ وہاں موجود ہوں: چاند کو دیکھو تو وہاں بھی وہی نظر آئیں، اور شفق کی سرخی اور رات کی تاریکی اور بیداری کے تفکرات اور نیند کے خواب میں وہی جلوے وعشوے ہوں:

أريد لأنسى ذكرها فكأنما تمثل لى ليلى بكل سبيل

میں اس کی یاد کو بھلانا چاہتا تھا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لیلی ہر جگہ میرے سامنے ہی موجود ہے

اور پھر اس کا نتیجہ وانجام یہ ہوگا کہ تم سر چکرانے اور پاگل پن کا شکار ہو جاؤ گے یا دیوانگی یا اعصابی تناؤ کا۔

۲- یا تم وہ کام کرنے لگ جاؤ جسے استمناء بالید (ہاتھ سے منی نکالنا) کہتے ہیں۔ فقہاء اس سلسلہ میں کلام کر چکے ہیں اور شعراء اشعار کہہ چکے ہیں، اور یہ عادت اگرچہ ان تینوں میں سب سے کم نقصان دہ اور قباحت میں بھی کم ہے۔ لیکن پھر بھی اگر یہ عادت حد سے بڑھ جائے تو اس کی وجہ سے انسان پر غموں کا دور دورہ ہو جاتا ہے اور جسم مضمحل وبیمار ہو جاتا ہے۔ اور ایسا جوان شکستہ جسم بوڑھا بن جاتا ہے جو آزردہ خاطر متوحش لوگوں سے دور رہنے والا، اور ان کے میل ملاپ سے بھاگنے والا بن جاتا ہے اور زندگی سے ڈرتا ہے اور اس کی ذمہ داریاں اٹھانے سے بھاگتا ہے، اور اس کا مطلب یہ ہوا کہ ایسا آدمی اگرچہ زندہ ہے لیکن مُردوں کے قائمقام ہے۔

۳- یا تم حرامکاری کی دلدل میں دھنس جاؤ گے، اور گمراہی کے راستے پر چل پڑو گے، اور بدکاری کے اڈوں کا قصد کرو گے اور وقتی لذت اور ذرا سے مزے کے لیے اپنی صحت، جوانی اور مستقبل ودین کو داؤ پر لگا دو گے جس کا انجام یہ ہوگا کہ جس ڈگری کو تم حاصل کرنا چاہتے ہو اور جس عہدۂ ملازمت تک تم پہنچنا چاہتے ہو اور جس علم کے حصول کے خواہش مند ہو اس سے

Marfat.com

محروم ہوجاؤ گے اور تمہارے پاس تمہاری طاقت وقوت اور جوانی وشباب کا اتنا حصہ بھی باقی نہ رہے جس کے ذریعہ تم آزادرہ کر کام کرسکو۔ لیکن تمہیں پھر بھی یہ نہیں سمجھنا چاہیئے کہ اس حرام کاری سے تمہارا پیٹ بھر جائے گا۔ ہرگز نہیں! اس لیے کہ جب تم کسی ایک طوائف یا رنڈی سے ملو گے تو اس کا وصال تمہارے شوق وخواہش کو اور بڑھا دے گا جیسے کہ کھاری ونمکین پانی پینے والے کی پیاس بجھتی نہیں بلکہ اور بڑھ جاتی ہے۔ اور اگر بالفرض تم ہزاروں فاحشہ عورتوں سے بھی مل لو اور پھر تم کسی بدکار عورت کو اپنے سے اعراض کرنے والا اور اپنے دام اور قابو میں نہ آتا دیکھو گے تو تم اسی ایک اکیلی عورت کے پیچھے پڑ جاؤ گے، اور اس کی ملاقات اور وصال نہ ہونے پر تمہیں ایسی شدید تکلیف محسوس ہوگی جیسے کہ کسی شخص کو ساری زندگی کسی عورت کا وصال نصیب نہ ہوا ہو۔

مان لو کہ اگر تمہیں ایسی بازاری عورتوں پر ہر طرح سے قدرت حاصل ہو اور تمہارے پاس مال ودولت وحکومت بھی ہو تو کیا تمہارا جسم اس کی قوت رکھتا ہے؟ اور کیا تمہاری صحت اس بات کی اجازت دیتی ہے کہ شہوت وجذبات کے سارے تقاضوں کو پورا کرلو؟!

اس مرض میں گرفتار ہوکر طاقتور جسم کے افراد نڈھال ہوگئے، کتنے ہی ایسے لوگ ہیں جو قوت وطاقت میں قدرت کا عجوبہ روزگار اور پہلوانی ودوڑنے، تیراندازی وشہسواری کے مردِ میدان تھے، لیکن جب انہوں نے اپنی خواہشات وجذبات کی دعوت پر لبیک کہی اور فطری خواہش وجنسی آواز کے تابع ہوگئے تو وہ مٹی کا ڈھیر بن گئے۔

اللہ کی حکمت کے عجائبات میں سے یہ ہے کہ اس نے اچھائی ونیکی کے ساتھ اس کا ثواب صحت ونشاط کی شکل میں رکھا ہے، اور برائی وگناہ کے ساتھ اس کی سزا بیماری وطاقت کے انحطاط واضمحلال کی شکل میں رکھی ہے، آپ دیکھیں گے کہ بہت سے ایسے آدمی جو ابھی تیس سال کی عمر سے بھی آگے نہیں بڑھے لیکن وہ اپنے نفس پر ظلم وزیادتی کی وجہ سے ساٹھ سال کے بوڑھے معلوم ہوتے ہیں، اور ایک طرف ایک ساٹھ سالہ بوڑھا آدمی پاکدامنی کی وجہ سے تیس سالہ جوان معلوم ہوتا ہے۔

انگریزوں کی جو سچی ضرب الامثال مشہور ہیں ان میں سے یہ بھی ہے کہ جو شخص اپنی جوانی کی حفاظت کرے گا اس کے لیے اس کے بڑھاپے کی حفاظت کی جائے گی۔[1]

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میرے کانوں میں تمہاری یہ آواز آرہی ہے کہ یہ تو بیماری ہے اس کا علاج کیا ہے؟

اس کا علاج ودوا یہ ہے کہ تم اس طریقے کو اختیار کرو جو اللہ نے پسند کیا ہے اور ان لوگوں نے بھی جنہوں نے اللہ کی پیدا کردہ فطرت کے مطابق عمل کیا، اللہ نے جب بھی کسی چیز کو حرام کیا تو اس کی جگہ کسی چیز کو ضرور حلال کیا، ربا کو حرام قرار دیا تو تجارت کو حلال کیا، زنا کو حرام کیا تو شادی کو جائز قرار دیا، اس لیے اس کا علاج ودوا شادی ہے۔

---

[1] اس ضرب المثل سے مجھے وہ ضرب المثل یاد آگئی جو سلفِ صالحین میں سے کسی سے منقول ہے کہ ہمارے یہ اعضاء جن کی ہم نے بچپن میں حفاظت کی اللہ نے ان کی حفاظت بڑھاپے میں کی۔

Marfat.com

لیکن اگر تمہارے لیے شادی کے مواقع میسر نہیں ہیں، تو پھر اپنے نفس پر کنٹرول کرو اور ہمت بلند رکھو، اور میں اس فصل کو مغلق نہیں بنانا چاہتا میں یہ چاہتا ہوں کہ تم علم نفس کی اصطلاحوں سے اس مفہوم کو سمجھو، بات بالکل صاف ستھری اور واضح ہو جائے، اس لیے میں تمہیں ایک مثال کے ذریعہ سے سمجھانا چاہتا ہوں۔

کیا تم چائے کی اس کیتلی کو دیکھتے ہو جو آگ پر رکھی ہوئی جوش مارتی ہوتی ہے؟!

اگر تم اس کو بند کر دو اور اس کا ڈھکنا خوب اچھی طرح سے ڈھک کر کے اس کے نیچے آگ تیز کر دو تو اس میں بھرنے والی بھاپ اسے پھاڑ دے گی، اور اگر تم اس میں سوراخ کر دو گے تو اس کا سارا پانی بہہ جائے گا اور کیتلی جل جائے گی، اور اگر تم اس کے ساتھ ایسا پائپ لگا دو گے جیسا کہ انجن میں لگتا ہے تو وہ تمہارے لیے کارخانے کو چلائے گی، اور اس سے ریل چلے گی، اور اس سے عجیب عجیب کام ہوں گے۔

لہٰذا پہلی حالت تو اس شخص کی ہے جو شہوت و جنس کے خیالات میں مگن رہے اور اسی سوچ و فکر میں پڑا رہے۔

اور دوسری حالت اس شخص کی ہے جو گمراہی کے راستے پر چلے اور حرامکاری کے اڈوں پر جائے۔

اور تیسری حالت شریف النفس پاکباز شخص کی ہے۔

لہٰذا عزتِ نفس و شرافت یہ ہے کہ تم اپنی نفس کے بوجھ کو روحانی، عقلی یا قلبی یا جسمانی جدوجہد سے ہلکا پھلکا کر دو، جس کا طریقہ یہ ہے کہ اس جمع شدہ قوت کو ختم کرنے اور اس محبوس و مقید طاقت کو باہر نکالنے کے لیے اللہ کی طرف متوجہ ہو، عبادت میں استغراق و انہماک پیدا کرو اور کام کاج میں لگن، اور بحث و تحقیق میں مشغولیت، یا پھر آپ کی طبیعت آپ کیلیے جو مختلف مناظر کی تصویر کشی کرتی ہے ان کی تعبیر کے لیے فارغ ہو جائے کبھی شعر و شاعری کے قالب میں، اور کبھی سینریوں میں رنگ بھرنے کی شکل میں، اور کبھی جسمانی جدوجہد اور ورزش وغیرہ میں لگ جانے کی صورت میں، اور کبھی دینی تربیت یا ورزش و کسرت کی مشقوں کے ذریعے اپنے وقت کو مصروف کر دیجیے، اور اے میرے بیٹے انسان جو مقام و درجہ اپنے آپ کو دیتا ہے کسی اور کو نہیں دیتا، انسان اپنے اوپر کسی دوسرے کو ترجیح نہیں دیتا، چنانچہ جب انسان آئینے کے سامنے کھڑا ہوتا ہے اور اپنے کاندھوں کی گولائی اور سینے کی مضبوطی اور ہاتھوں کی قوت کو دیکھتا ہے تو اسے یہ محسوس ہوتا ہے کہ گویا یہ طاقتور متناسب فولادی جسم اس کو تمام عورتوں کے جسم سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ اور پھر ایسی صورت میں وہ یہ قطعاً پسند نہیں کرے گا کہ اسے قربانی کی بھینٹ چڑھا دے، اور اس کی قوت ختم ہو جائے، اور اس کا تنومند جسم تباہ ہو جائے۔ اور پھر وہ یہ قطعاً پسند نہیں کرے گا کہ کسی لڑکی کی سیاہ یا نیلی آنکھوں کی وجہ سے ہڈیوں کا ڈھانچہ بن جائے۔

یہ ہے دوا، شادی ہی کامل و مکمل علاج ہے، لیکن اگر وہ نہ ہو سکے تو وقتی مسکن و علاج بلند نظری و علو نفس ہے، جو ایک نہایت طاقتور نفع بخش تسکین پہنچانے والا نسخہ ہے، جس میں ذرا سا بھی نقصان و تکلیف کا احتمال نہیں۔

Marfat.com

رہا وہ ترانہ جو بے وقوف مغفل اور فساد پرور گاتے ہیں کہ :

اس معاشرتی فساد کا علاج یہ ہے کہ دونوں جنسوں (مرد وزن) کو میل جول و اختلاط کا عادی بنا دیا جائے، تاکہ اس کی عادت پڑ کر شہوت کا زور ماند پڑ جائے، اور حرامکاری کے عمومی اڈے کھول دیے جائیں تاکہ چوری چھپے چلنے والے اڈے و قحبہ خانے ختم ہو جائیں۔

یہ بالکل بودھی اور بے کار بات ہے، کافر قوموں نے مرد وزن کے اس بے محابا اختلاط کے نسخہ کو خوب آزمایا ہے لیکن ان کے یہاں فساد یا شہوت رانی کا بازار اور زیادہ گرم ہو گیا، رہے عمومی اڈے قائم کرنے کا نسخہ تو اگر ہم اسے تسلیم بھی کر لیں تو پھر تو یہ ضروری ہو گا کہ ہم یہ اڈے اتنی تعداد میں قائم کریں جو تمام نوجوانوں کو سیراب کر سکیں، اس لیے پھر تو صرف قاہرہ میں ہی دس ہزار سے زیادہ رنڈیاں اور فاحشہ عورتیں ہونا چاہییں، اس لیے کہ صرف قاہرہ میں ایسے نوجوانوں کی تعداد کم از کم ایک لاکھ ہے[1]

اور اگر ہم نے نوجوانوں کو وہاں جانے کی اجازت دے دی، اور اس کی وجہ سے وہ شادی کرنے سے رک گئے تو پھر ہم لڑکیوں کا کیا کریں گے؟ کیا ہم ان کے لیے بھی ایسے عمومے اڈے قائم کریں گے جہاں زانی مردوں کو رکھا جائے گا بخدا یہ تو بالکل بے کار اور بودھی سی بات ہے۔

یہ بات ان کی عقل کی پیداوار نہیں ہے یہ شہوات و جذبات کی آواز ہے، ان لوگوں کا مقصد اخلاق کی اصلاح نہیں اور نہ ہی ان کا مقصد عورتوں کو آگے بڑھانا ہے، نہ تہذیب و تمدن کو عام کرنا، اور نہ صحت مندانہ فضا قائم کرنا، نہ معاشرتی ماحول پیدا کرنا: یہ تو زبان سے نکلنے والے خالی الفاظ ہیں، ہر روز نیا نعرہ بلند کر دیتے اور لوگوں پر اس کی یلغار کر دیتے ہیں۔ اور اس کے ذریعہ اپنا پیغام عام کر دیتے ہیں۔ ان کا مقصد اس کے سوا اور کچھ نہیں کہ ہم اپنی لڑکیوں اور بہنوں کو ان کے لیے بازار میں لے آئیں: تاکہ یہ لوگ ان کے جسم کے مخفی اور ظاہری اعضاء کو دیکھ کر لذتِ نظر حاصل کریں۔ اور ان سے جائز و ناجائز لذت اٹھائیں، اور ان کے ساتھ تنہا سفر کریں، اور وہ بن سنور کر ان کے ساتھ محفلوں میں ناچیں گائیں، لیکن پھر بھی بعض والدین دھوکہ کھا جاتے ہیں اور وہ اپنی عزت و آبرو کو صرف اس لیے قربان کر دیتے ہیں تاکہ ان کو یہ کہا جا سکے کہ وہ ترقی یافتہ ہیں۔

اس لیے اے میرے بیٹے تم شادی کر لو، خواہ تم اب تک طالب علمی کی زندگی میں کیوں نہ ہو۔ لیکن اگر شادی نہ کر سکو تو اللہ کے خوف کو پیدا کر کے اس سے عصمت کے طالب ہو، اور عبادت و پڑھنے پڑھانے اور ریاضت و مجاہدہ وغیرہ میں منہمک ہو کر اپنے آپ کو گناہ سے محفوظ رکھو یہی اس کا بہترین علاج ہے۔

---

[1] یہ تخمینہ و تعداد پچیس سال قبل اس وقت کی ہے جب مؤلف نے "اے میرے بیٹے" نامی اپنا رسالہ شائع کیا تھا۔

Marfat.com

اے نوجوان لڑکو اور لڑکیو!:

تمہاری جنسی مشکلات کا یہی ایک حل ہے اس لیے تم اس سے ہمیشہ بچتے رہنا کہ ان لوگوں کے نعروں پر لبیک کہو جو ترقی و تمدن کا نعرہ لگاتے ہیں، اور تمہارے لیے برائی کو آراستہ کر کے پیش کرتے ہیں، اور گناہ کو یہ کہہ کر اچھا بنا کر پیش کرتے ہیں کہ اس پریشانی کا حل یہ ہے کہ بچپن ہی سے اس جذبہ کو باہمی اختلاط و میل جول کے ذریعہ مہذب بنایا جائے[1] یا حرامکاری کے ذریعہ اس خواہش کو پورا کیا جائے، اس لیے کہ یہ لوگ بلا سمجھے بوجھے تعریف کرنے والے اور جس چیز کو جانتے نہیں اس کی مدح سرائی کرنے والے ہیں، اور یہ لوگ درحقیقت یہودیت و نصرانیت اور شیوعیت و ماسونیت کی ان سازشوں کو عملی جامہ پہنا رہے ہیں۔ جن کا مقصد یہ ہے کہ اسلامی معاشرے کے جوان لڑکوں اور لڑکیوں کو بے راہ روی آزادی اور فسق و فجور کی زندگی میں مبتلا کر دیا جائے، خواہ وہ اسے جان بوجھ اور سمجھ کر کر رہے ہوں یا غیر شعوری طور پر نا سمجھی میں۔

کیا آپ کو پتہ ہے کہ یہ سب کچھ کیوں ہو رہا ہے؟

یہ سب تدبیریں اس بات کی کہ مسلمان نوجوانوں کو جہاد اور وطن و دین کی طرف سے مدافعت کے قابل نہ چھوڑا جائے،

یہ تدبیریں ہی اس لیے ہیں کہ مسلمان ظالموں سرکشوں و جابروں کے سامنے سر جھکا دیں۔

یہ سب کچھ اس لیے ہو رہا ہے کہ ہر گویے کے سامنے تالی بجائی جائے اور ہر بددین کا فیصلہ مان لیں۔

یہ تدبیر ہے اس کی کہ وہ بھیڑ بکریوں کے اس ریوڑ کی طرح بن جائیں جنہیں ڈنڈے سے ہکایا جا سکے۔

اس لیے اے جوانوں ان جھوٹے نعروں سے بچنا، اور صبر سے کام لینا۔ اور اپنے دلوں کا تعلق اللہ سے جوڑ لو، اور اپنے سروں پر اسلام کی عزت کا تاج رکھ لو، اور ہر اس فاسق و فاجر کی دعوت کو قطعی قابلِ توجہ نہ سمجھو جو آزادی کی طرف بلا رہا ہو اور نہ اس ملحد کی مدح سرائی پر کان دھرو جو مادہ پرست ہو، تم اس پر کان دھرو جو اللہ تعالیٰ اپنے قرآنِ پاک میں ارشاد فرماتے ہیں:

﴿وَلَا تَتَّبِعُوْٓا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ۝﴾۔ المائدہ۔۷۷

اور ان لوگوں کے خیالات پر مت چلو جو پہلے گمراہ ہو چکے اور گمراہ کر گئے بہتوں کو، اور سیدھی راہ سے بہک گئے۔

---

[1] آپ ہمارا رسالہ "اللہ پر ایمان رکھنے والے ہر غیرت مند باپ کے نام" مطالعہ کیجیے، اس میں اس افترا و بہتان کی اس طرح تردید کی گئی ہے جس سے کسی بھی شخص کو اس کی قباحت میں ذرا سا شبہ بھی باقی نہیں رہے گا۔

Marfat.com

۷۔ کیا جنسی مسائل بچے کے سامنے بیان کرنا چاہیے؟

بہت سے تربیت دینے والے ماں باپ یہ پوچھتے ہیں کہ کیا مربی کے لیے یہ جائز ہے کہ بچے سے صاف صاف تمام وہ چیزیں بیان کر دے جو اسے بالغ ہونے سے پہلے اور بالغ ہونے کے وقت پیش آتی ہیں؟
اور کیا مربی بچے کو اعضاءِ تناسل اور ان کا کام اور حمل و پیدائش اور اس کی کیفیات بتلا سکتا ہے؟
اور کیا مربی بچے کو یہ بھی بتلا سکتا ہے کہ جب وہ شادی کرے تو جنسی ملاپ کس طرح کرے؟
یہ تمام سوالات ایسے ہیں کہ بہت سے حضرات ان کا جواب دینے میں توقف کرتے ہیں، اس لیے کہ وہ اسکے جائز و ناجائز ہونے کا فیصلہ نہیں کر پاتے۔
وہ شرعی ادلہ جو ہم عنقریب پیش کریں گے ان سے معلوم ہوتا ہے کہ مربی اپنے بیٹے یا بیٹی کو ایسے امور بتلا سکتا ہے جن کا تعلق جنس اور شہوانی خواہشات سے ہو۔ بلکہ بعض اوقات ان کا بتلانا واجب ہو جاتا ہے اور وہ اس وقت جب ان پر کوئی شرعی حکم مرتب ہوتا ہو جیسا کہ ابھی بیان کیا جائے گا۔
لیجئے اب تفصیل سے ان دلیلوں کو ملاحظہ فرمالیجئے:
۱۔ بہت سی آیات میں جنسی اتصال و ملاپ کا تذکرہ ملتا ہے اور یہ بھی مذکور ہے کہ انسان کیسے پیدا ہوا اور زنا وغیرہ کا ذکر بھی ان میں ہے چنانچہ ارشاد باری ہے:

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝۵
اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ
فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝۶
فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الْعٰدُوْنَ ۝۷ المؤمنون۔ ۵ تا ۷

اور وہ لوگ جو اپنے شرمگاہوں کی نگہداشت رکھنے والے ہیں۔ ہاں البتہ اپنی بیویوں اور باندیوں سے نہیں کہ (اس صورت میں) ان پر کوئی الزام نہیں، ہاں جو کوئی اس کے علاوہ کا طلب گار ہوگا سو ایسے ہی لوگ تو حد سے نکل جانے والے ہیں۔

نیز ارشاد فرمایا:

اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ
اِلٰى نِسَآئِكُمْ ۭ البقرہ۔ ۱۸۷

حلال ہوا تم کو روزہ کی حالت میں بے حجاب ہونا اپنی عورتوں سے۔

نیز ارشاد فرمایا:

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ۭ قُلْ
هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَاۗءَ فِي
الْمَحِيْضِ ۙ

اور وہ آپ سے حیض کا حکم پوچھتے ہیں آپ کہہ دیجئے کہ وہ گندگی ہے سو تم حیض کے وقت عورتوں سے الگ

Marfat.com

وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ)).

البقرہ۔۲۲۲

رہو، اور جب تک پاک نہ ہو جائیں ان کے نزدیک نہ ہو، پھر جب خوب پاک ہو جائیں تو ان کے پاس جاؤ جہاں سے اللہ نے تم کو حکم دیا۔

نیز ارشاد فرمایا:

((نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۠ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۡ)). البقرہ۔۲۲۳

تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں سو اپنی کھیتی میں جاؤ جہاں سے چاہو۔

نیز ارشاد فرمایا:

((وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ)). البقرہ۔۲۳۷

اور اگر تم ان کو ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دو اور تم ان کے لیے مہر مقرر کر چکے تھے تو لازم ہوا آدھا اس کا جو تم مقرر کر چکے تھے۔

نیز ارشاد فرمایا:

((وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ)) المؤمنون۔۱۲و۱۳

اور بالیقین ہم نے انسان کو مٹی کے جوہر سے پیدا کیا، پھر ہم نے اسے نطفہ بنایا ایک محفوظ مقام میں۔

نیز ارشاد باری ہے:

((اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ۝)). الدھر۔۲

بے شک ہم نے ہی انسان کو پیدا کیا مخلوط نطفہ سے کہ ہم اسے آزمائیں، سو ہم نے اسے سنتا دیکھتا بنایا۔

نیز ارشاد فرمایا:

((وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ۭ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۭ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ۭ)).

الاحقاف۔۱۵

اور ہم نے انسان کو حکم دیا ہے کہ اپنے والدین کے ساتھ نیک سلوک کرتا رہے، اس کی ماں نے اس کو بڑی مشقت کے ساتھ پیٹ میں رکھا اور بڑی مشقت کے ساتھ اسے جنا اور اس کا حمل اور اس کی دودھ بڑھائی تیس مہینوں میں ہو پاتی ہے۔

نیز ارشاد فرمایا:

((وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاۗءَ سَبِيْلًا)). الاسراء۳۲

اور زنا کے پاس نہ جاؤ وہ بے حیائی اور بری راہ ہے۔

ارشاد باری ہے:

Marfat.com

﴿اَلزَّانِیْ لَا یَنْکِحُ اِلَّا زَانِیَةً اَوْ مُشْرِکَةً وَّالزَّانِیَةُ لَا یَنْکِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِکٌ، وَحُرِّمَ ذٰلِکَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ ۝﴾.

النور-۳

زناکار مرد نکاح بھی کسی کے ساتھ نہیں کرتا بجز زناکار عورت یا مشرکہ عورت کے، اور زناکار عورت کے ساتھ بھی کوئی نکاح نہیں کرتا بجز زانی یا مشرک کے، اور اہلِ ایمان پر یہ حرام کر دیا گیا ہے۔

نیز ارشاد فرمایا:

﴿وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَکُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ اِنَّکُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ، بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ۝﴾.

الاعراف-۸۰،۸۱

اور بھیجا لوط کو جب کہا انہوں نے اپنی قوم کو کہ کیا تم ایسی بے حیائی کرتے ہو کہ تم سے پہلے اس کو جہان میں کسی نے نہیں کیا۔ تم تو دوڑتے ہو مردوں پر شہوت کے مارے عورتوں کو چھوڑ کر، بلکہ تم لوگ ہو حد سے گزرنے والے۔

قرآنِ کریم کی مندرجہ بالا آیات نہایت وضاحت سے یہ بتلا رہی ہیں کہ انسان کو کس سے اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرنا چاہیے اور کس سے نہیں؛ اور یہ کہ رمضان کی رات میں ہمبستری کی جا سکتی ہے یا نہیں؛ اور حیض اور ایامِ حیض میں عورتوں سے دوری اور وہ مقام جو بچے کی پیدائش کی جگہ ہے اس سے بچنا، اور ہم بستری سے قبل عورت کو طلاق دینا، اور نطفہ مادۂ منویہ اور اس کا عورت کے رحم میں شکل و صورت اختیار کرنا، اور انسان کا مرد و عورت کے مادۂ منویہ سے مل کر بننا، اور بچے کا ماں کے پیٹ میں حمل بن کر ٹھہرنا، اور اس کی مدت رضاعت، اور زنا اور اس کا برا اور گندہ کام ہونا، اور وہ لوگ جو عورتوں کے بجائے مردوں سے خواہش پوری کرتے ہیں، وغیرہ وغیرہ چیزیں جن کا تعلق جنس سے ہے، اور جو خواہشِ نفس سے متعلق ہیں۔ آپ بتلائیے کہ جب بچہ شعور و سمجھ کی عمر کو پہنچ جائے اور اس کا استاذ یا مربی ان حقائق اور ان کی مراد کو اس کے سامنے بیان نہ کرے تو وہ ان آیات اور ان جیسی دوسری آیات کو کیسے سمجھے گا؟

لیکن عقل مند و سمجھدار آدمی کبھی بھی یہ نہیں کہہ سکتا کہ معلم و مربی ان جیسی آیات کے معانی کو ایسی تفسیر و تعبیر سے بدل دے جن کا اصلی معنی سے کوئی تعلق نہ ہو، یا یہ کہ ان آیات سے یونہی سرسری طور پر گزر جائے، اور نہ ان کی کوئی تفصیل بیان کرے نہ ان کے مضمون کی توضیح پیش کرے، اس لیے کہ یہ طریقہ نامناسب ہے، اور اس کا اسلامی تربیت کے قواعد سے کوئی جوڑ نہیں!!

یہ قرآنِ کریم کی دعوتِ تدبر و فہم کے بھی خلاف ہے، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

﴿کِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَیْکَ مُبٰرَکٌ لِّیَدَّبَّرُوْٓا اٰیٰتِهٖ وَلِیَتَذَکَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝﴾.

ص-۲۹

یہ (قرآن) ایک بابرکت کتاب ہے جس کو ہم نے آپ پر نازل کیا ہے، تاکہ لوگ اس کی آیتوں میں غور کریں، اور تاکہ اہلِ فہم نصیحت حاصل کریں۔

Marfat.com

بلکہ ہم تو دیکھتے ہیں کہ قرآنِ کریم ایسے لوگوں پر نکیر کرتا ہے جو قرآنِ کریم پڑھ کر اس کی آیتوں پر غور نہیں کرتے، اور ایسا کرنے والے کو بے روح، دل پر پردے پڑے ہوئے اور سخت نفس گردانتا ہے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

((اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰی قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ۝))۔ محمد۔ ۲۴

تو کیا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے یا دلوں پر قفل لگ رہے ہیں۔

اس سے ہمیں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جیسے قرآنِ کریم اور علوم و معارف پر مشتمل ہے اسی طرح ضرورت کے مطابق ان جنسی مسائل پر بھی مشتمل ہے، جن سے ضروری مسائل اور لازمی امور کی وضاحت ہوتی ہے۔

ان جنسی مسائل و امور کا چھوٹوں بڑوں، جوانوں بوڑھوں، اور مردوں اور عورتوں سب کے لیے سمجھنا ضروری ہے۔

اس تعلیم کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ مسلمان آدمی جب اپنی جنسی خواہش پوری کرنا اور شہوت کی تکمیل کرنا چاہے گا تو اس کو حلال و حرام کا علم ہوگا، اور اسے یہ معلوم ہوگا کہ کیا کرنا چاہیئے اور کیا نہیں کرنا چاہیے۔

اس تعلیم کا یہ نتیجہ بھی نکلے گا کہ مسلمان جب ان آیات کو پڑھے گا جن میں انسان کی پیدائش و اس کے اطوار کا ذکر ہے اور یہ بیان کیا گیا ہے کہ وہ ماں کے پیٹ میں مرحلہ وار نطفہ (منی کے قطرے) سے علقہ (جما ہوا خون) اور پھر گوشت کا لوتھڑا اور پھر کامل و مکمل انسان کس طرح بنتا ہے تو اس سے اللہ کی قدرت اور انسان کی پیدائش کی عجیب تکوین پر اور زیادہ ایمان و یقین بڑھے گا۔

اس تعلیم کے ثمرات میں سے یہ بھی ہے کہ ہر روز مسلمان کا یقین کامل سے کامل تر ہوتا جائے گا کہ اسلام اور اس کے محیط و عمومی اصول و قواعد رہتی دنیا تک کے لیے انسان کی مکمل رہنمائی کی صلاحیت رکھتے ہیں، اور یہی ایک ایسا دین ہے جو انسانی نفوس کے تقاضوں کو پورا کرنے کے موقعے فراہم کرتا ہے، اور قیامت تک کے لیے ترقی و تہذیب کے مختلف اطوار و حالات کے ساتھ ساتھ چلنے کی پوری قدرت رکھتا ہے۔

۲۔ اور وہ قوی ادلہ جو اس بات پر صراحۃً دلالت کرتے ہیں کہ بچے کو جنسی معاملات کا سمجھانا ضروری ہے ان میں سے یہ بھی ہے کہ بچے کو سنِ تمیز کو پہنچنے پر بالغ ہونے اور قریب البلوغ ہونے کے احکام بتلا دینا چاہیے، تاکہ جب اس پر ان علامات کا ظہور ہو جائے تو اسے یہ معلوم ہو کہ اس کے لیے کیا کرنا ضروری ہے اور کس سے بچنا ضروری ہے؛ بلکہ وہ حلال و حرام سب کو سمجھتا ہو۔

اس کی تفصیل ہم سابقہ بحث میں "بچے کو بالغ ہونے اور اس سے قریب کی عمر کے احکام سکھانا" کے عنوان کے تحت بیان کر چکے ہیں، لہٰذا آپ اس کا مطالعہ کر لیجیے تشفی و سیرابی ہو جائے گی۔

۲۔ ان مضبوط دلیلوں میں سے جو اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ بچے کو جنسی معاملات کا بتلا دینا ضروری ہے، یہ بھی ہے کہ جب وہ بالغ ہو جائے اور شادی کی منزل میں قدم رکھ لے تو اسے جنسی اتصال اور خواہشات پوری کرنے کے آداب کی تعلیم دینا ضروری ہو جاتا ہے۔

ان مسائل کی تفصیل ہم ابھی کچھ صفحات قبل "شادی اور جنسی ملاپ" کے عنوان کے تحت بیان کر چکے ہیں، اس کی تفصیل و تشفی کے لیے بھی اس بحث کا مطالعہ کیجیے۔

بچے کو سنِ شعور میں قدم رکھنے پر جنسی مسائل اور خواہشاتِ نفس کے متعلقات کے بتلانے کے جواز کے سلسلہ میں یہ واضح دلیلیں ہیں۔

اس تفصیل کو پڑھ لینے کے بعد اے مربی صاحبان! آپ اپنے بچوں کو جنسی مسائل سمجھائیں، اس لیے کہ شریعت نے آپ پر یہ فرض کر دیا ہے کہ آپ ان کو یہ حقائق سمجھا دیں؛ تاکہ وہ جہالت کے دام اور گناہوں کی گندگی اور آزادی کی دلدل میں نہ پھنس جائیں۔

لیکن میں آپ کو دو اہم چیزیں یاد دلانا چاہتا ہوں:

۱۔ عمر کے ہر حصے سے متعلق احکام کی تعلیم اسی کی مناسبت سے دیجیے، لہٰذا یہ قطعاً نامعقول بات ہے کہ آپ دس سال کی عمر کے بچے کو جنسی ملاپ کے اصول بتلائیں، اور اسے بالغ ہونے سے قریب قریب کی عمر اور بالغ ہونے کے احکام نہ بتلائیں۔

۲۔ لڑکی کو یہ جنسی مسائل سکھانے کا کام ماں کو انجام دینا چاہیے، اس لیے کہ لڑکی ماں سے زیادہ عمدگی اور پختگی اور بہتری سے یہ چیزیں سیکھ سکے گی، لیکن اگر کسی لڑکی کی ماں موجود نہ ہو تو اس کی جگہ کوئی اور عورت یہ کام انجام دے دے۔

اے مربی صاحبان! یہ وہ اہم بنیادی اصول و خطوط ہیں جو اسلام نے بچے کی جنسی تربیت اور اس کے کردار کے درست رکھنے اور اس کی خواہشات کو دائرے میں رکھنے کے لیے مقرر کیے ہیں۔

اس لیے اربابِ فکر و تربیت و اصلاح کو اس بات کی سخت ضرورت ہے کہ وہ جنسی تربیت کے لیے اسلامی منہج اور طریقے پر عمل کریں، اور جذبات و خواہشات کے قابو میں رکھنے کے لیے قرآنِ کریم کے بتلائے ہوئے طریقے پر چلیں، تاکہ ہم اپنے معاصر اسلامی معاشرے اور قوم کو کامل شخصیت اور صاف و سلیم باطن اور اچھے اخلاق والا بنا سکیں، اور اس قوم کے قلوب و نفوس کو نفسیاتی الجھنوں اور معاشرتی برائیوں سے آزاد کر سکیں، اور پھر یہ امت اس قابل ہو جائے گی کہ اپنے فرض کو لے کر کھڑی ہو، اور اپنی ذمہ داری پوری کرے، اور انسانی وجود کے آسمان پر توحید کا جھنڈا اور اسلامی شعار بلند کر سکے۔

میں یہ چاہتا ہوں کہ ہر عقل و بصیرت والا یہ سمجھ لے کہ اس عظیم دینِ اسلام نے جب انسان کی مشکلات اور معاشرے کی آفات کا علاج کیا ہے تو یہ علاج ہر پہلو کو شامل اور ہر جہت کو محیط ہوگا۔ اس لیے کہ اسلام خدا برتر و بالا کا ابدی و دائمی قانون ہے جسے اس نے اس لیے نازل فرمایا ہے کہ وہ تمام عالم کے لیے ہدایت و بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنے، لہٰذا جو اس کے ذریعے فیصلہ کرے گا وہ عدل و انصاف کرے گا۔ اور جو اس سے رہنمائی حاصل کرے گا وہ نیک بخت ہوگا، اور جو اس کی

Marfat.com

طرف دعوت دے گا وہی سیدھے راستے کی طرف ہدایت دینے والا ہوگا۔

جذبات کے اس بے قابو سیلاب' اور بے راہ روی کے اس تباہ کن منجھدار سے پورے عالم کو آج دین اسلام کا نظریہ جنس ہی بچا سکتا ہے' اس لئے کہ جنس کے بارے میں اسلام کا نظریہ ہر چیز کو اس کہ جگہ پر رکھتا ہے' اور انسان کے لئے ایک ایسی کامل و مکمل اور متوازن زندگی کے مواقع فراہم کرتا ہے جو انسانیت کے لفظ کا مطلب ہے' اور جو انسان کے اشواق و رغبات اور خواہشات کو خوش کرنے والی ہے۔

شاید مسلمان اپنے دین کو سمجھ لیں اور اپنے دین کے سایے میں امن و سکون سے رہیں تا کہ دوسری قوموں میں اپنی اصلی جگہ پیدا کر سکیں' اور اپنی سلب شدہ کرامت و عزت دوبارہ حاصل کر لیں' اللہ کے لئے یہ کوئی مشکل کام نہیں ہے۔

بہر حال اے مربی حضرات:

کیا آپ نے اپنی اس عظیم و اہم ذمہ داری کو جان لیا ہے جو آپ کے کاندھوں پر ڈالی گئی ہے؟

کیا آپ اس بات کو سمجھ گئے ہیں کہ ایمانی تربیت ہی ایسی بنیادی اساس ہے جس پر آپ کو پوری توجہ دینا چاہیے

کیا آپ یہ سمجھ گئے ہیں کہ اخلاقی تربیت کی ذمہ داری اور اہم ذمہ داریوں میں سے ہے جس کا آپ کو خوب اہتمام و دیکھ بھال رکھنی چاہیے؟

کیا آپ نے یہ جان لیا کہ جسمانی تربیت کی ذمہ داری طاقت و قوت کے ان وسائل میں سے ہے جس پر آپ کو اپنی محنت و توجہ مرکوز کر دینا چاہیے؟

کیا آپ نے یہ پہچان لیا کہ عقلی تربیت کی ذمہ داری آپ کی امت اور آپ کے وطن کی عزت و تہذیب و تمدن کی اساس ہے؟

کیا آپ نے اسے محسوس کر لیا کہ نفسیاتی تربیت آپ کے بچوں کی شخصیت سازی اور ان کی تکمیل پختگی کی بنیاد ہے

کیا آپ نے سمجھ لیا کہ معاشرتی تربیت کی ذمہ داری آپ کے تمام ذمہ داریوں میں سے ممتاز ترین ایسی ذمہ داری ہے جو آپ کو اپنے جگر گوشوں کے سلسلہ میں پوری پوری ادا کرنا چاہیے؟

کیا آپ یہ سمجھ گئے ہیں کہ جنسی تربیت کی ذمہ داری اور عظیم و اہم ترین معاملات میں سے ہیں جن کا ان لوگوں کو تعلیم دینا آپ پر لازم ہے جن کی تربیت کی ذمہ داری آپ پر ہے؟

اگر آپ یہ سب پہچان اور جان گئے ہیں تو آپ کو چاہیے کہ تربیت کے میدان میں داخل ہو جائے اور اپنی ذمہ داری کے بار کو اٹھایئے اس میں کسی قسم کی سستی و کاہلی نہ برتئے تا کہ آپ اپنی زندگی کی کلیوں اور دلوں کے ثمرات و پھل کو پاکیزگی میں

Marfat.com

رشتوں کی طرح اور عزم میں صحابہ کی طرح اور بہادری میں شیروں کی طرح اور نور و چمکنے میں چاند کی طرح دیکھ لیں۔

جتنی آپ محنت کریں گے، وقت لگائیں گے، اور جدوجہد و کوشش کریں گے اور اپنی ذمہ داری کو محسوس کریں گے، اسی مقدار آپ کی قوم کے لیے بھلائی، اور آپ کی اولاد کے لیے فائدہ و نیکی، اور آپ کی قوم و معاشرے کے لیے اتنی ہی مثالی تربیت متحقق ہوگی۔

اے مربی صاحبان کیا آپ کو معلوم ہے کہ یہ سب کچھ کیسے ہوگا؟ اور بہترین تربیت کی بلندی تک کس طرح پہنچا جائے گا؟

میرا خیال یہ ہے کہ یہ سب کچھ دو بنیادی اور اہم امور کے وجود میں آنے سے متحقق ہوگا:

۱۔ مراقبہ اور نگرانی کو سخت کیا جائے۔

۲۔ فراغ اور خالی وقت سے استفادہ کیا جائے۔

دیکھ بھال و نگرانی سے بچے کی ایمانی تربیت ہوگی اور اخلاق درست ہوں گے اور جسم صحت مند و توانا، اور عقل و علم کامل پختہ ہوگا، اور بچہ نفسیاتی و معاشرتی لحاظ سے کامل و مکمل ہوگا۔

اور دیکھ بھال و نگرانی سے بچہ برے ساتھیوں اور بری صحبت اور آزاد و بے راہ رو ساتھیوں سے بچ جائے گا۔

اور دیکھ بھال کے طفیل بچہ تمام اُن چیزوں سے بچ جائے گا جو اسے کج رو اور خراب بنا دیتی ہیں، چنانچہ وہ سینما بینی و ٹیلی ویژن پر فحش مخرب اخلاق گندی فلموں اور مجرمانہ پولیس کارروائیوں اور فحش ڈراموں کے دیکھنے سے محفوظ رہے گا، اور ان رسالوں کے پڑھنے سے بچ جائے گا جو جذبات انگیز اور ہیجان خیز اور فحش ہوتے ہیں، اور اسی طرح ہیجان خیز جنسی قصے کہانیاں اور اخلاق سے گرے ہوئے اور اخلاق کو بٹہ لگانے والے اور شاندار اسلامی کردار کو مسخ کرنے والے ڈراموں سے بچ جائے گا۔

اور مراقبہ و دیکھ بھال کی وجہ سے بچہ گمراہ مادہ پرست ادیان اور ملحدانہ و کافرانہ فکری عقائد رکھنے والے مذاہب سے محفوظ رہے گا، اور اس کے برخلاف عقیدہ و فکر، کردار و طور طریقے کے لحاظ سے اس کا اسلام کے ساتھ کامل ارتباط ہو جائے گا۔

اور دیکھ بھال و نگرانی کی بدولت بچہ اسلامی تربیت کی بلند و بالا چوٹی تک پہنچ جائے گا، اور روحانی، عقلی اور اخلاقی و علمی طور پر پختہ ہو جائے گا۔ اور وہ دوسروں کے لیے حسنِ اخلاق میں بہترین نمونہ اور حسنِ معاملہ میں مقتدی ثابت ہوگا، بلکہ وہ آسمان پر چمکنے والے چودھویں رات کے چاند کی طرح اور زمین پر چلنے والے فرشتے کی طرح ہوگا۔

رہا فراغت سے فائدہ اٹھانا تو اس کا انحصار اس میں ہے کہ جب مربی گھر آئے، اور اپنے بیوی بچوں میں بیٹھے تو فراغت کے ان اوقات میں اسے اس بات کی پوری کوشش کرنا چاہیے کہ بچے کو عملی طور پر تیار کرنے، اور عقیدے کے لحاظ سے

Marfat.com

کامل ومکمل بنانے ،اور اخلاقی اعتبار سے رہنمائی کرنے میں اپنی پوری طاقت صرف کردے۔

ایسے ماں باپ کتنے اچھے ہوتے ہیں جو شام کو اپنے بچوں کے ساتھ وقت گزارتے ہیں، اور اپنے جگر گوشوں کی تلقین وتعلیم کے لیے مناسب نظام وپروگرام مقرر کرتے ہیں بلکہ اللہ کے یہاں اس وقت ان کو کتنا اجر وثواب ملتا ہوگا جب وہ اپنے بچوں کے پاس ان کا سبق سننے کے لیے بیٹھتے ہیں، یا ان کے لکھے ہوئے کسی مسألہ کو سمجھانے کے لیے وقت صرف کرتے ہیں، یا تعلیم کے لیے انہیں کوئی قصہ سناتے ہیں، یا کسی عمدہ اخلاق کی طرف متوجہ کرتے ہیں، یا عمدگی سے قراءتِ قرآن کی تربیت دیتے ہیں، یا کوئی ادبی دل لگی کی بات یا تفریح طبع کے لیے کوئی پہیلی یا قصہ سنا کر بچوں کو خوش کر دیتے ہیں، اور اس طرح ان میں نشاط پیدا کرنے کا ذریعہ بنتے ہیں۔

بخدا یہ صحیح طریقہ ہی درحقیقت بچے کے لیے خیر کا ضامن ہے۔ اور اس کو عزت کی بلندیوں اور مکارمِ اخلاق کی چوٹی تک پہنچاتا ہے، بلکہ اسے ـــ صحیح معنی میں ایک انسان اور حکیم آدمی اور فاضل وشریف مسلمان بنا دیتا ہے۔

اور بچے کو زندگی کے لمحات صحیح گزارنے کے لیے تیار کرنے، اور اس کو بہترین باکردار معاشرہ کی تعمیر کے لیے مضبوط و پائیدار اینٹ بنانے، اور نیک صالح مؤمن معاشرہ تیار کرکے مثالی تربیت کا درحقیقت یہی طریقہ ہے۔ باپ، ماں یا مربی بچے پر اس وقت کس قدر ظلم کرتا ہے اور اس کے حق کو برباد کرتا ہے اور اس کی انسانیت کا قاتل ہوتا ہے جب وہ اپنے فارغ اوقات کو اپنے دوستوں کے ساتھ لایعنی باتوں میں یا ہوٹل وکلبوں میں اپنے پڑوسیوں یا دوستوں کے ساتھ بیٹھنے یا کسی بے ہودہ قسم کے ڈرامے کے دیکھنے میں اپنے آزاد وبے راہ رو بداخلاق دوستوں کے ہمراہ برباد کردیتا ہے۔

ماں باپ کے علاوہ بچے کی ایمان اور صحیح عقیدہ پر اور کون تربیت کرسکتا ہے؟

ماں باپ کے علاوہ کون بچے کو اعلیٰ اخلاق وبہترین ادب کی تربیت دے سکتا ہے؟

ماں باپ کے علاوہ بچے کی عقلِ سلیم اور تندرست جسم اور طاقت وصحت کی درستگی کی ذمہ داری کون انجام دے سکتا ہے؟

ماں باپ کے علاوہ بچے کو علم اور اچھی تہذیب کون سکھا سکتا ہے؟

اور ماں باپ کے علاوہ بچے کی نفسیاتی اور عقل سمجھ کے بنیادی اصول وقواعد وضوابط پر کون تربیت کرسکتا ہے؟

ماں باپ کے علاوہ بچے کو یہ تربیت کون دے سکتا ہے کہ وہ دوسروں کے حقوق کا خیال رکھے، اور لوگوں اور معاشرے کے آداب کا پابند رہے؟

ان اچھے اوصاف کی بچے کو کون تربیت دے گا؟ اور اگر ماں باپ کھیل کود اور لہو ولعب میں مصروف ہوں تو بچے میں یہ فضائل ومناقب کون پیدا کرے گا؟

اللہ تعالیٰ شوقی پر رحم کرے وہ فرماتے ہیں:

Marfat.com

لیس الیتیم من انتھی أبواہ من ... ھم الحیاۃ وخلفاء ذلیلاً

وہ بچہ درحقیقت یتیم نہیں ہے جس کے والدین دنیا کے غم سے ... آزاد ہوکر اسے بے یار و مددگار چھوڑ گئے ہوں

إن الیتیم ھو الذی تلقی لہ ... أماً تخلت أو أباً مشغولاً

یتیم درحقیقت وہ بچہ ہے جس کو ایسی ماں ملے جو ... اس سے بے توجہ ہو اور اس کا باپ مشغول ہو (اسکی طرف توجہ نہ کرے)

اس لیے ماں باپ ہی اولاً وآخراً بچے کی ایمانی واخلاقی تربیت اور عقلی پختگی پیدا کرنے اور نفسیاتی وقار و بردباری پیدا کرنے کے حقیقی ذمہ دار اور اچھے علوم سے آراستہ کرنے اور مفید مختلف قسم کی ثقافت وتہذیب سے باخبر کرنے کے مسئول ہیں۔

اور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے واقعی برحق فرمایا ہے:

((والرجل راعٍ فی بیت أھلہ ومسئول عن رعیتہ... والمرأۃ راعیۃ فی بیت زوجھا ومسئولۃ عن رعیتھا...)).

مرد اپنے گھر کا ذمہ دار ہے اور اس سے اس کے اپنے ماتحتوں کے بارے میں بازپرس ہوگی: اور عورت اپنے شوہر کے گھر کی ذمہ دار ہے اور اس سے اس کی رعایا کے بارے میں بازپرس ہوگی۔

بخاری ومسلم

اور فرمایا:

((إن اللہ سائل کل راعٍ عما استرعاہ حفظ أم ضیع ...)).

اللہ تعالیٰ ہر ذمہ دار سے اس کے ماتحتوں کے بارے میں پوچھے گا کہ کیا اس نے ان کو ضائع کر دیا یا ان کی حفاظت کی۔

ابنِ حبان

نیز فرمایا:

((ما نحل والد ولداً أفضل من أدب حسن)).

کسی باپ نے کسی بیٹے کو اچھے ادب سے زیادہ بہتر عطیہ نہیں دیا۔

ترمذی

اس لیے والدین کو اپنی ذمہ داری پورے طور سے محسوس کرنا چاہیے، اور ان فرائض کو ادا کرنے اور ان ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لیے اپنے فارغ اوقات سے استفادہ کرنا چاہیئے۔

والدین کو یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ وہ ذمہ داریاں جن کے بارے میں ہم کلام کر چکے ہیں اور انہیں تفصیل سے بیان کر چکے ہیں اگر وہ ان میں سے کسی ذمہ داری کے ادا کرنے میں کوئی کوتاہی کریں گے تو اللہ تعالیٰ کے یہاں اس روز کی سزا کے مستحق بنیں گے جس روز نہ مال انسان کو فائدہ پہنچائے گا اور نہ اولاد و بیٹے سوائے اس شخص کے جو اللہ کے پاس صاف وصحیح قلب لے کر حاضر ہو۔

والدین کے لیے اتنا کافی ہے کہ وہ ہمیشہ اپنے سامنے اللہ تبارک وتعالیٰ کا درجِ ذیل فرمان رکھیں۔

Marfat.com

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝٦

التحریم-٦

اے ایمان والو بچاؤ اپنے آپ کو اور اپنے گھر کو آگ سے جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں اس پر تند خو بڑے مضبوط فرشتے (مقرر) ہیں وہ اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے کسی بات میں جو وہ ان کو حکم دیتا ہے اور جو کچھ حکم دیا جاتا ہے اسے فوراً بجالاتے ہیں۔

واقعی اگر والدین اگر اس آیت کو سامنے رکھیں اور اپنے دل میں اللہ کے مراقبے کو محسوس کریں تو تربیت کے لئے ان میں اور زیادہ جذبہ پیدا ہوگا اور اس کی ذمہ داری کو اور زیادہ عمدگی سے ادا کر سکیں' اس لئے تربیت کرنے والوں کو اپنی ذمہ داریاں سمجھ لینا چاہیے۔ اور اپنے فارغ اوقات کو بچوں کی تربیت میں صرف کرنا چاہیے اور انہیں چاہیے کہ وہ یہ سمجھ لیں کہ وقت کی مثال تلوار کی ہے اگر اسے نہیں کاٹیں گے تو وہ انہیں کاٹ دے گی اور ذمہ داریاں اوقات سے زیادہ ہیں اور عمر نہایت سرعت و جلدی سے گزر جاتی ہے اس لئے اگر انہوں نے اس امانت کو صحیح طور پر نہ سمجھا جو ان کو دی گئی ہے اور ان ذمہ داریوں کا جس طرح حق ہے اسی طرح پورا نہیں کیا تو پھر ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ انہیں اچانک موت آ جائے اور پتہ بھی نہ چلے' بلکہ اچانک ان پر عذاب خداوندی نازل ہوگا اور کوئی بھی ان کا ناصر و مددگار نہ ہوگا اور اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم نے بلکل برحق فرمایا ہے:۔

وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ۝٥٤ وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝٥٥ الزمر-٥٤،٥٥

اور اپنے پروردگار کی طرف رجوع کرو اور اسکی فرمانبرداری کرو قبل اس کے تم پر عذاب واقع ہونے لگے۔ جب تمہیں کوئی مدد کو نہ پہنچ سکے اور اپنے پروردگار کی طرف سے اترے ہوئے اچھے اچھے حکموں پر چلے قبل اس کے تم پر اچانک عذاب آ پڑے اور تم کو اس کا خیال بھی نہ ہو۔

اخیر میں میں تمام تربیت کرنے والوں کی ان کے درجات کے اختلاف اور ذمہ داریوں کے تنوع میں باوجود اس طرف توجہ مبذول کرنا چاہتا ہوں خصوصاً ماں باپ کی یہ طریقے جو میں نے تربیت کے لئے مقرر کیے ہیں خصوصاً معاشرتی تربیت کے سلسلہ میں یہ بڑوں چھوٹوں' جوانوں' بوڑھوں' مردوں' عورتوں سب کے لئے ہیں۔

اس لئے اے تربیت کرنے والے حضرات آپ کو چاہیے کہ تربیت کے سلسلہ میں اسلام نے جو طریقے مقرر کیے ہیں پہلے انہیں آپ خود اپنائیں اس کے بعد بچوں اور دوسروں کو ان کے تلقین کریں تاکہ جن کی تربیت و ذمہ داری آپ پر عائد ہوتی ہے آپ ان کے لئے خود بہترین نمونہ و مقتدیٰ بن سکیں اور پھر یہ اصول و طریقے اپنے بچوں کو سکھائیں اور اپنے جگر گوشوں کو ان کی تعلیم دینے میں اپنی پوری قوت صرف کر دیں تاکہ صحیح عقیدے اور کامل و مکمل اسلام اور اعلیٰ اخلاق

Marfat.com

پران کی نشو ونما ہو، اور آپ نے اس طرح گویا انہیں دنیاوی زندگی کی گہرائیوں میں داخل ہونے کے قابل بنا دیا ہوگا، اور وہ اس لائق ہو چکے ہوں گے کہ مؤمن قلوب، صابر نفوس، پاک صاف ارواح، پختہ عقول اور طاقتور وصحت مند اجسام کے سامنے سخت سے سخت ذمہ داری کے بوجھ کو اٹھا سکیں۔

اس لیے براہِ کرم اے مربی صاحبان اپنی کوششیں صَرف کیجیے، اور پوری توجہ کیجیے، اور اللہ تعالیٰ کا نام لے کر قدم اٹھائیے اللہ آپ کی حفاظت کر رہا ہے، اور آئندہ آنے والی نسلیں آپ کی جد وجہد و کارناموں کی برکت سے مستفید ہوں گی، اور اللہ تعالیٰ جل شانہ آپ کو جزاءِ خیر دیں گے، اور قیامت کے روز اجر وثواب کو آپ کے لیے ذخیرہ بنائیں گے،

ارشادِ باری ہے:

﴿وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ ، وَسَتُرَدُّوْنَ إِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝﴾۔

التوبہ - ۱۰۵

اور آپ کہہ دیجیے کہ عمل کیے جاؤ، پھر آگے اللہ اور اس کا رسول اور مسلمان تمہارے کام کو دیکھ لیں گے، اور تم جلد اس کے پاس لوٹائے جاؤ گے جو تمام چھپی اور کھلی چیزوں سے واقف ہے، پھر وہ بتا دے گا تم کو جو کچھ تم کرتے تھے۔

وآخر دعوانا أن الحمد لله رب العالمين

الحمد للہ آج بروز دوشنبہ بوقتِ مغرب اس جلد کے ترجمہ کا کام محض اللہ جل شانہ کی توفیق اور فضل وکرم سے مکمل ہوا

فلہ الحمد والشکر أولاً وآخراً والصلاۃ والسلام علی حبیبہ وخیر خلقہ دائماً وسرمداً۔

محمد حبیب اللہ مختار

۴-۸-۱۴۰۶ھ

۱۴-۴-۱۹۸۶م

Marfat.com

مطبوعات ۲ الجامعۃ الاسلامیہ (فیصل آباد)

جاہلیت اور قرآن

تالیف الامام شیخ الاسلام

محمد بن عبدالوہاب

توضیح و تشریح

علامہ العراق السید محمود السکری الآلوسی

ترجمہ و ترتیب

ناشر

الجامعۃ الاسلامیہ حاجی آباد فیصل آباد

ملنے کا پتہ

نعمانی کتب خانہ ○ حق سٹریٹ اردو بازار لاہور ۲ - پاکستان

علامہ شیخ احمد بن حجر قاضی محکمہ شرعیہ حکومت قطر کی معرکۃ الآراء کتاب

تحذیر المسلمین

عَن الابتداع والبدع فی الدّین

کا اُردو ترجمہ

اِعتصام

العلمی

اور اُن کا شرعی پوسٹ مارٹم

ترجمہ:

مولانا رئیس الاحرار ندوی

تقدیم و تصحیح:

مولانا مختار احمد ندوی

نعمانی کتب خانہ

حق سٹریٹ

اُردو بازار، لاہور

فون:

Marfat.com

اسلام میں والدین

کی تربیتی ذمہ داریاں

مشہور اخوانی عالم ڈاکٹر عبداللہ ناصح علوان مرحوم کی

معرکۃ الآراء کتاب تربیۃ الاولاد فی الاسلام کا اردو ترجمہ



ترجمہ:

ڈاکٹر حبیب اللہ مختار رحمہ اللہ

ملنے کا پتہ: نعمانی کتب خانہ اردو بازار لاہور

حق سلوٹیٹ

Marfat.com